بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب

مصباح اللغات

مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زائد عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ

مرتب

ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاویؒ

استاذ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

ناشر

۱۶- اردو بازار، لاہور

تقسیم کنندہ:

بک لینڈ

ہیڈ آفس: ۱۶- اردو بازار، لاہور

042-7124656, 7223210

برانچ آفس: سٹی پلازا، کالج روڈ، راولپنڈی

051-5773341, 5557926

صحتِ متن، کتابت، تصحیح، طباعت اور جلد بندی میں بدرجہ اتم احتیاط کے باوجود بہ تقاضائے بشریت، سہو وخامی کے امکانات موجود رہتے ہیں۔ برائے تصحیح و درستگی، غلطی کی نشاندہی پہ ادارہ ممنون ہوگا۔ جزاک اللہ خیراً

اراکین:

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

امّا بعد تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو، ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا، لیکن اپنی کم مائگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثنار میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی، پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انھوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اُس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہر حال مادری زبان نہیں ہے جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہر کیف اس احساس کیساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس، جمہرۃ اللغۃ، اقرب الموارد، قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ، تاج اللغات، مفردات امام راغب، مجمع البحار، نہایہ ابن اثیر، منتہی الارب المنجد، صراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامنِ عفو سے چھپائیں اور ہو سکے تو مجھے اطلاع کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے۔ چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لئے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے مصباح اللغات تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہار تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کر چکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کر لیا، ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اسکی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا، اس لئے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے، دہلی کے ۱۹۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرول باغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا، تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبد القدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن صاحب ندوی کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے موخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہونچایا خدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی غفرلہٗ

دار العلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸ مئی ۱۹۵۰ء

مصباح اللغات کے رموز و اشارات

فا	سے مراد	اسم فاعل	مص	سے مراد	مصدر	(س)	سے مراد باب سمع یسمع
مفع	〃 〃	اسم مفعول	(ض)	〃 〃	باب ضرب یضرب	(ک)	〃 〃 باب کرم یکرم
ج	〃 〃	جمع	(ن)	〃 〃	باب نصر ینصر	(ح)	〃 〃 باب حسب یحسب
بج	〃 〃	جمع الجمع	(ف)	〃 〃	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی احکام

لغتِ عربی کے متعلم کو فنِ صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا۔ یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اسکے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحوّل: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثلِ ماخذ ہونا۔

(۱۳) تخویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخیّل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول، دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخیّل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخیّل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) حینونت۔ کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہونچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا۔ چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کیلئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضا کے کام کا

اثر پایا جانا۔
(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اُس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل، کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔
(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)
(۱) ابتداء جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)
(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ = عراق میں پہونچا (۱۰)
(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)
(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)
(۵) تعریض: جیسے اَلْبَعْتُ الْحِمَارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)
(۶) حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔ (۲۲)
(۷) لیاقت: جیسے اَلْأَمَ الْفَرَعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)
(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی (۲۴)
(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)
(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اُسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)
(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اُسے بخیل پایا (۴)
(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلتہ یعنی فسخہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ = اُس نے کلام کیا (مجرد کلم = زخمی کرنا) (۵)
(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس: اُس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)
(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)
(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اُس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)
(۵) تخلیط: جیسے ذَیَّبَ = اُس نے سنہرا بنایا۔ (۱۴)
(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القوسَ = اُس نے کمان کو زہ دار بنایا (۲)
(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اُس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)
(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الابلَ = اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)
(۹) صیرورت: جیسے وَرَّقَ الشجرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)
(۱۰) قصر: جیسے ھَلَّلَ = اُس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہا۔ (۲۶)
(۱۱) مبالغہ: جیسے بَوَّلَ = وہ بہت گھومتا (۲۵)
(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اُس نے مجھے بدکار کہا (۳۲)

باب مفاعلۃ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)
(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدَتْہُ بمعنی اَبْعَدَتْہُ (۳۱)
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ = اُس نے کلام کیا۔ (۵)
(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحجرَ = اُس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)
(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اُس نے گناہ سے پرہیز کیا (۱۱)
(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا (۱۲)
(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اُس نے انگوٹھی پہنی (۱۹)
(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اُس نے گھونٹ کر کے پیا (۱۷)
(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)
(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا (۲۴)
(۹) مطاوعت فَعَّلَ جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ = میں نے اُسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتدا: جیسے تَبَارَکَ اللہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)
(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)
(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اُس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۲۶)
(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)
(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فَعَلَ: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا تو وہ بند ہوگیا۔ (۳۰)

فائدہ۔ باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِتَّخَذَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا (۶)
(۲) تخیر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اس نے اپنے لئے جو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کرکے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غَمَمْتُہٗ فاغْتَمَّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فَعَلَ: جیسے اجتذب بمعنی جذب
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تخاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمتہ = میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)
(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اسکو اچھا گمان کیا (۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ = اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہوگیا (۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ۔ (۳۱)
موافقت افعل: جیسے اَجَابَ واِسْتَجَابَ۔ (۳۱)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہوگئی (۲۹)
فائدہ۔ اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ۔ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب افعیعال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہوگیا۔ (۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التمر بمعنی حَلَا (۳۱)

باب افعوال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ = بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ، فَتَدَحْرَجَ = میں نے اسے لڑھکایا وہ لڑھک گیا (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کردیا گیا۔

اور ان ابواب مزیدفیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے، بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں۔ مصدر، اسم مرۃ۔ اسم نوع۔ ظرف مکاں وظرف زماں، اسم آلہ، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے۔ لیکن یوں ضبط میں لایا جاسکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالَۃ ہے جیسے زِرَاعَۃ، تِجَارَۃ، حِیَاکَۃ۔
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَال ہے۔ جیسے اِبَاء۔ شِرَاد، جِمَاع۔
(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان، جَوَلَان، خَفَقَان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعَال ہے جیسے صُدَاع زکام۔ دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعِیل ہے جیسے رَحِیل وذمیل۔

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُرَاخ، خُوَار، زَئِیر، تَئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَة، زُرْقَة، خُضْرَة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فَعْل کا مصدر فُعُولَة اور فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے سُهُولَة، نَبَاهَة، فصاحة۔

(۲) فَعِل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَجَحٌ۔

(۳) فَعَل لازمی کا مصدر فُعُولٌ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ، خُرُوجٌ، نُهُوضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ متعدی کا فَعْل کے وزن پر جیسے فَهْم۔ نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تفعلۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ، قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنَبُّئَة وطَأَ توطِئَة۔ ہنّأ تہنئۃ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حَلَّى تحلیۃ، زکّی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّم تقویماً، سوّد تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال و مفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَة لیکن جن مواد میں فا کلمہ یا ہو وہاں مفاعلۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَة، یَامَنَ مُیَامَنَة اور یَادَمَ مُیَادَمَة و یُوَامًا شاذ ہے۔

أَفْعَلَ کا مصدر إِفْعَالٌ ہے جیسے أَكْرَمَ إِكْرَامًا۔ اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اماتَ اماتَة، اغاثَ اغاثَة، اشارَ اشارَة۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأَنَّى تَأَنِّيًا، تَغَاضَى تَغَاضِيًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال، اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال، اِفْعَوْعَلَ کا اِفْعِيعَال اور اِفْعَلَّ کا اِفْعِلَال ہے جیسے اِشْتَرَكَ اِشْتِرَاكًا۔ اِنْطَلَقَ اِنْطِلَاقًا۔ اِحْدَوْدَبَ اِحْدِيدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَة۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَة اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَة و دِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وسوسۃ و وِسْوَاسًا۔

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَال اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلَال ہے جیسے تَدَحْرَجَ تَدَحْرُجًا۔ احرنجم احرنجاما۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا۔

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْظَر، مَضْرَب۔ مَرْمًى اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجًى، مَرْجِع، مَسِير، مَصِير، مَشِيب، مَرْفِق، مَقِيل مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْرِد، مَوْعِد۔ مَوْجِل۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر۔ مُصْطَبَر۔ مُزْدَحَم۔

اسم مرۃ و اسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔

ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تا کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَقَتُّ اِلْتِفَاتَةً۔ اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَةً۔

اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تا ہو تو اسم مرۃ لانے

کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضَرَبَتُہٗ ضَرْبَۃً واحدۃً۔ قَاتَلْتُہٗ مُقَاتَلَۃً لاغیر وما التفت الیہ۔ الا التفاتۃً واجبۃ اجابۃً فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فَعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفۃ الاسد ومشی مشیۃ المختال۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسُنَ الانطلاقۃ۔ قبیح المعاشرۃ۔

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر۔ مَفْتَح۔ مَطْلَع۔ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس، مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مَفْعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے۔ مَسْجِد۔ مَشْرِق۔ مَغْرِب۔ مَطْلِع۔ مَجْزِر۔ مَرْفِق۔ مَفْرِق۔ مَسْکِن۔ مَنْسِک۔ مَنْبِت۔ مَسْقِط۔

مثال سے ظرف زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد۔ مَوْحِل۔ مَطْوِیٌ۔ مَرْمًی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اُدْخِلَ سے مُدْخَل۔ اُخْرِجَ سے مُخْرَج۔ اُخْدِعَ سے مُخْدَع۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرہ = جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔

مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ۔ مِفْعَلَۃٌ جیسے مِکْنَسَۃ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔

مِنْخَل۔ مِدْہَن۔ مِکْحَلَۃ۔ مِدَق۔ مِسْعَط۔ مِنَارَۃ۔ مِسْط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم۔ سِکِّین۔ فَاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ۔ قَاتِلٌ۔ نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ۔ مُسْتَخْرِجٌ۔ مُصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے مَفْعُولٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُورٌ۔ مَضْرُوبٌ۔ مَفْتُوحٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدْحَرَجٌ۔

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَحْمَلُ سے مَاحِلٌ اَلْمَعُ سے مَالِحٌ۔ اَلْفَعُ سے یَافِعٌ۔ اَعْشَبُ سے عَاشِبٌ۔ اَحْبَبَ سے مَحْبُوبٌ۔ اَجَنَّ سے مَجْنُونٌ۔ حَمَّ سے مَحْمُومٌ۔ اَزْکَمَ سے مَزْکُومٌ۔ اَسَلَّ سے مَسْلُولٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بنا پر ہوتی ہے۔

صفتِ مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ۔ کَرِیْمٌ۔ لَیِّن۔ سَہْل۔ صَعْبٌ۔ لَقْیَان۔ غَضْبَان۔ کَسْوَل۔ عَطْشَی۔ رَؤُف۔

اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ - اَعْرَجُ - اَبْلَجُ - اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن - مستقیم -

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں - مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن - فعلیٰ کا مقرر ہے - اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے - وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعلُ کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اشد سواداً - اشد استخراجاً -

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "ہذا اسفرُ اخضرُ من ذاک" میں اخضرُ، اختُضِرَ سے ماخوذ ہے - اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "ما بالبادیۃ انوامۃ" میں انوامۃ، نوّمٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی بچھڑ کے ہیں -

خیر و شر اصل میں اَخیَر اور اشرّ تھے کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں -

اوزان مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں -

فَعَّال جیسے علّام - نجّار - فَعَّالَۃ جیسے علّامۃ و فہّامۃ فَعِّیل جیسے صِدّیق و سِکّیر - مِفْعِیل جیسے مِسکین و مِعْطِیر - مِفْعَال جیسے مِکْسَال و مِقدام - فُعَلَۃ جیسے ضُحَکَۃ و ضُجَعَۃ - فَعِلٌ جیسے شَرِہٌ - وَدِرٌ - فَعِیلٌ جیسے رَحِیمٌ و عَظِیمٌ - فَعُولٌ جیسے کَذُوبٌ - وَدُودٌ - فَاعِلَۃ جیسے رَاوِیَۃ - فُعَلٌ جیسے اُغَلٌ - فُعُولَۃ جیسے فَرُوقَۃ - مِفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ - فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ - فُعَالٌ جیسے کُبَّار

مبالغہ کے اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرّاک، اَدْرَک سے - مِعْطَار، اَعْطٰی سے - مِنْوَان اِحسان سے - مِحْسَان احسن سے - مِتْلَاف اَتْلَفَ سے - مِمْلَاق اَمْلَقَ سے - مِخْلَاف اَخْلَفَ سے اور مِسْمَع اَسْمَعَ سے - مِذْیر اَنْذَرَ سے - زَہُوق اَزْہَقَ سے شاذ ہیں -

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علّامہ فہّامہ -

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا - خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر" "امرأۃ نصیرۃ" "جاء نصیر و نصیرہ"

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے "زید قتیل" - "واتت المرأۃ جریحاً" اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائیگا جیسے جاء حبیب و حبیبۃ

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیی البتول - مریم البتول - اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا - جیسے جاء بتول و بتولۃ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ہذا رسول و ذلک رسولۃ - وجاء رسول و رسولۃ -

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں - مونث کی تین علامتیں ہیں - تا، جیسے ظلمۃ، قوۃ، نعمۃ، قدرۃ - الف مقصورہ جیسے عذریٰ، فضلیٰ، کبریٰ، عظمیٰ - الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء بیضاء - زرقاء -

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مونث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحۃ - نخلۃ ارطی وغیرہ -

مونث کی دو قسمیں ہیں مونث لفظی - مونث معنوی - مونث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے -

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہلِ زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقۂ اُناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لئے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد۔ مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمۂ لغت نے جمع کیا ہے[1]۔ یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں۔

اتان۔ اذن۔ ارض۔ ارنب۔ اروی۔ است۔ اصبع۔ افعیٰ۔ افق۔ بئر۔ بلع۔ بنصر۔ ثعلب۔ جحیم۔ جہنم۔ حرب۔ خنصر۔ دار۔ دبر ذراع۔ رجل۔ رحم۔ رحیٰ۔ ریح۔ سعیر۔ سقر۔ سن۔ ساق۔ شمس۔ شمال۔ ضبع۔ عروض۔ عصا۔ عقب۔ عین۔ غول۔ فاس۔ فخذ۔ فلک۔ قدم۔ قدوم۔ قوس۔ کاس۔ کتف۔ کرش کف۔ نار۔ نعل۔ ناب۔ ورک۔ ید۔ یمین۔ ینبوع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں۔ الریح مؤنثۃ لا یقال ہذا وکذلک سائر اسمائہا الا الاعصار فانہ مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں۔

ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع۔ دلو، روح، زقاق، سبیل، سُرریٰ، سراویل، سلاح، سکین، سلم سُلّم، سماء، سُوق، صاع، ضحیٰ، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، قہر، قِدر، قفا، قمیص کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وبار، انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی وجری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے جاء الرجلان، رایت الرجلین، مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے عبدالاحد، عبدالرحمان۔

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہینگے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مونث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا مدی کرب، ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رایم رامیان۔ داع داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اسکے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا، رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ جیسے عصا سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان۔ قہقہران، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقہریان خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کیلئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے۔ جیسے لألاء سے لألاءان۔ قراء سے قراءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے اب کہ اصل میں ابوان تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واؤ واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائیگا مثلاً سنۃ، ابن، اسم میں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے

[1] مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے۔

کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعا، کل، اور عرب، دیار۔ اور اسماءِ عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی وجری میں یا ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین ومررت بمسلمین"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لئے طلحۃ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئیگا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئیگا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو معدیکرب، ذو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو۔ اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں۔ جیسے جریح وصبور۔ اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون۔ عالمون۔ علیون۔ اہلون۔ بنون۔ سنون۔ اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واو نون سے آتی ہے جیسے عضون، سنون، مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف وتاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات وشجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات۔ شجرۃ سے شجرات امرأۃ، شاۃ، قلۃ، أمۃ، بلۃ، شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات۔ امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحاریٰ سے صحاوات، حمیٰ سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنیٰ میں ہو چکا اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے۔ جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات۔ سُرادقات، شمالات، امہات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، قناصل، بطارکۃ، کرادلۃ۔

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْل اور فَعْلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے ثَمَرۃ ثَمَرات۔ رَحْمۃ رَحَمات۔

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرۃ سے کِسْرات کِسَرات، کِسرات۔ حُجْرۃ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزۃ سے جَوْزات۔ بیعۃ سے بیعات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رَمْیۃ سے رَمْیات اور رُقْوۃ سے رُقْوات، رُقُوات۔ لیکن اگر یا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور مشکل فا بنانا جائز نہیں۔ جِرْوات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فکِ ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمۃ سے ضمات۔ عزۃ سے عزات۔

جمع مُکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں

کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رَسُول سے رُسُل۔ کتاب سے کُتُب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْث سے بُعُث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں۔ جمع قلت۔ جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:۔

اَفْعَال جیسے طِفل سے اَطْفَال۔ اَفْعُل جیسے نَہر سے اَنْہُر۔ اَفْعِلَۃ جیسے رَغِیف سے اَرْغِفَۃ۔ فِعْلَۃ جیسے فتی سے فِتْیَۃ۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع انایعم اور افعُل کی اَفَاعِل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں۔ اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یا وساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم۔ قناویل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراقی داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے اَیُّھَا الشُّیُوْخُ لَاتَحْزَنُوا کا لِفِتْیَۃ۔ اِحْفَظُوا اَنْفُسَکُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جنکا ذکر آگے آئیگا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں۔ اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت وکثرت کا لحاظ کئے ہوئے، جس کا مآل یہ ہے کہ قلت وکثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃ کی جمع جیسے عُلْبَۃ کی جمع عُلَب۔ صورت کی جمع صُوَر۔ ثمرۃ کی جمع ثُمَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃ کی جمع جیسے قِطْعَۃ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعْلَۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے جِلْسَۃ کی جمع جُلَس۔ لِحْیَۃ کی جمع لُحَی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بُلبل کی جمع بلابل۔ جندس کی جمع جنادس۔ اور خماسی مجرد ومزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج۔ اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعل۔ ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مونث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع جیسے اِصْبَع کی جمع اصابع اُنْمُلَۃ کی جمع اَنَامِل، اَجْدَل کی جمع اَجَادِل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اُس رُباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفْعَلَۃ کی جمع جیسے مِبْضَع کی مَبَاضِع۔ مِکْنَسَۃ کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل۔ مِفْعَال مِفْعِیل مفعول کی جمع جیسے مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین۔ مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کیلئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل۔ قوم۔ رہط۔ جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو شلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے، ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرُّوْمِی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رُفقۃ کی جمع رُفق، نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع ارواء۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ ۱۔ اسم فاعل۔ ۲۔ اسم مفعول۔ ۳۔ صفت مشبہ۔ ۴۔ اسم تفضیل۔ ۵۔ اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقۃ۔ عالم، عالمۃ، لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ۔ سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمآی۔ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے

ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں۔
البان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مصّان، موتان، ندمان، نصران،
اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تار کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانۃ۔ غضبان سے غضبیٰ اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اسکی تانیث فعلاء کے وزن پر جیسے ابیض سے بیضاء۔ اسمر سے سمراء

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کُرمیٰ۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے اعلیٰ سے عُلیا۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:-

(۱) فَعَالَۃٌ جیسے رَجُلٌ فَہَامَۃٌ اِمْرَأَۃٌ فَہَامَۃٌ

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، اِمْرَأَۃٌ مِفْضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیلٌ جیسے رَجُلٌ مِعْطِیرٌ، اِمْرَأَۃٌ مِعْطِیرٌ اور مسکینۃ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَۃٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعَلَۃٌ اور فُعَلَۃٌ جیسے رَجُلٌ ضُحَکَۃٌ اِمْرَأَۃٌ ضُحَکَۃٌ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہونگے جیسے ضَحِکَۃٌ = بہت ہنسنے والا۔ ہُمَزَۃ = بہت عیب لگانے والا ہُزَأَۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رَجُلٌ صَبُورٌ، غُلَامٌ قَتِیلٌ۔ اِمْرَأَۃٌ قَتِیلٌ۔ لیکن یہ اُس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تار کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں ندوۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونیکے مؤنث کو تار کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تار کے جیسے امراۃ عقیم۔ یُحیِ العِظَامَ وَہِیَ رَمِیمٌ۔

جو صفات کہ طبقہ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تار نہیں آتی جیسے طالق مرضع حامل۔ اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تار آتی ہے جیسے اَرْضَعَتْ فِیْ مُرْضِعَۃٍ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مونث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حُمر۔ ازرق کی زُرق، اعرج کی عُرج اعمیٰ کی عُمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فار کو کسرہ دیدیتے ہیں۔ عِیْد۔ بِیض۔ ہِیف۔ اعیَد۔ ابیض۔ ابیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فُعالیٰ یا فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری وحیاری سکران و حیران کی جمع اور جیاع وعِطاش جوعان اور عطشان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے دُعاۃ، رُماۃ، غزاۃ کہ اصل ان کی دُعوَۃٌ رُمیَۃٌ غزیَۃٌ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت یا دربدا شتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فَعْلیٰ کے وزن پر آتی ہو جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعیٰ۔ شتیت کی جمع شتیٰ۔ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو، اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ — یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنیٰ۔ یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکیٰ۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّل۔ فُعَّال۔ فُعَلَۃ۔ فُعَّل۔ فُوَاعِل۔ فُعَلَاءُ۔ اور افعلاءٌ

(۱) فُعَّال اور فُعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کَتَبَۃ ظالم کی جمع ظَلَمَۃ

فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کیلئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سائقۃ، بائعۃ، حائکۃ، صائغۃ کہ اصل میں سَوَّقَۃ، بَیِّعَۃ، حَیِّکَۃ، صَوَّغَۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّم نائم کی جمع جُوَّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فواعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرّام کریم کی جمع۔ عُلماء علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کبریات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغر، کُبر،

صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع افاضلون۔

نسبت

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کیلئے اسم کے آخر میں یا مشدد لاحق کرنیکا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یا کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجلٌ مِصْرِیٌّ

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائیگا۔ مثلاً فخذ میں فَخِذی اور ملک میں مَلِکی کہا جائیگا۔ اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مُشرِق میں مُشرِقی مغرب میں مغرِبی یثرب میں یثرِبی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اسکا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرۃ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واو سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عصَوِی۔ فتیٰ سے فتوِی۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مرمیٰ سے مَرْمَوِی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرْمِیّ

اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو خواہ تانیث کے لئے خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے جبلی اور ذِفری کہا جائے گا اور واو سے بدلدیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں جبلوی، ذِفروی کہا جائیگا۔ لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوِی۔ دنیاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِی اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائیگا مُصْطَفَوِی

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کیلئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا جیسے صفراء سے صفراوِی۔ بیضاء سے بیضاوِی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قرّاء سے قرّائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے ردّاء سے ردائی یا ردّاوی، سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یا تیسری جگہ میں ہو تو اسکو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضٍ سے قاضِی۔ ماضٍ سے ماضِی اور واو سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتحہ دیا جائیگا۔ کہا جائیگا۔ قاضوِی، ماضوِی

اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِی۔ معتدی سے معتدِی۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائیگا۔ اور دوسرے کو واو سے بدل دیا جائیگا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنیّ سے غنوِی علی سے علوِی۔

اور اگر فعیل کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائیگا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی،

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلہ کی نسبت میں کہا جائیگا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلہ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلہ میں بھی جاری ہوگا جیسے عُقَیل سے عُقَیلی۔ قصی سے قصوِی، قُلَیلہ سے قلیلی اُمَیمۃ سے اُمَیمی۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اسکے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قلنسی اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائیگا۔ اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حَیّ تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حیوی۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واو ہو جاویگی جیسے طی سے طَوِی۔

اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائیگا۔ جیسے اب سے ابوی۔ اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے

ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائیگا یدوی دموی۔ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدی۔ دمی۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور انبی و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائیگا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی۔ لغۃ سے لغوی۔ اور رِئۃ سے وَرْئی۔ اور صِلۃ سے وَصْلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائیگا جیسے عراقین سے عراقی۔ مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے اُن کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے اابیل وعبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاط، مناجذ۔ نساء۔ نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری، مناجذی نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباری، انصار سے انصاری۔ اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائیگا۔ اور اول جزء کیطرف نسبت کریں گے جیسے بعلی ومعدی جبکہ بعلبک اور معدیکرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی ومعدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امرأ القیس سے امرئی دیرالقمر سے دیرانی۔ عبدالاشہل سے اشہلی۔ ابوبکر سے بکری۔ عبدمناف سے مناف۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ جیسے عین ابل سے عین ابلی وادی آش سے وادی آشی۔ عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی۔ ذرحیا سے ذرحی۔

● حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کی تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں ●

الف کبیر	سے	اُنائی	حرور اء	سے	حَرُوری	رَوحاء	سے	رَوْحانی
اُمیۃ	〃	اُمَوی	حرمین	〃	حرمی	رے	〃	رَازِی
بادیۃ	〃	بَدَوِی	حضرموت	〃	حَضرمی	رباب	〃	رُبی
بحرین	〃	بَحْرَانی	خُزینۃ	〃	خُزَیْمی	سہل	〃	سَہلی
بہراء	〃	بَہْرانی	دَہر	〃	دُہری	سلیقۃ	〃	سَلیقی
تہامۃ	〃	تَہامی یا تِہام	دَیر	〃	دیرانی	سلیمۃ الازد	〃	سُلَیمی
تیم اللات	〃	تَیمَلی	دَارِیا	〃	دَارَانی	سُلَیم	〃	سُلَمی
ثقیف	〃	ثَقَفی	رب	〃	رَبانی	شام	〃	شَامی
جنۃ عظیمۃ	〃	جَمَانی	رقبۃ عظیمۃ	〃	رقبانی	شعر کثیر	〃	شعرانی
جذیمۃ	〃	جُذَمی	رامہرمز	〃	رامی	صدر کبیر	〃	صَدرانی
جلولاء	〃	جَلُولی	رزینہ	〃	رُدینی	صنعاء	〃	صَنعانی
بنی الجبلی	〃	جُبَلی	روح	〃	روحانی	طبیعۃ	〃	طبیعی

طیئ	سے	طائی	فُقیم کنانہ	سے	نُقمی	مرداالشاہجہانی	سے	مَروزی
عمیرۃ کلب	〃	عُمیری	فراہید	〃	فراہودی	امرؤالقیس	〃	مرئیسی
بنی عبیدہ	〃	عبدی	قویم	〃	قُوَیمی	ہجر	〃	ہاجری
عبدشمس	〃	عبشمی	قریش	〃	قُرَشی	ہذیل	〃	ہُذَلی
عبدالدار	〃	عَبدَری	کنت	〃	کُنتی	انباط	〃	نباطی یا نباطی
عبدقیس	〃	عَبقسی	لحیۃ عظیمۃ	〃	لحیانی	ناصرہ	〃	نصرانی
عبداللہ	〃	عَبدلی	مُلیح خزاعۃ	〃	مُلحی	یمن	〃	یمانی

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب۔ عبد سے عُبَید۔ رجل سے رُجَیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیِّل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر۔ سفرجل سے سُفَیرِج۔ اور اگر مدہ ہو تو فُعَیعِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مضراب سے مُضَیرِیب۔

اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل جو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا۔ جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثُمَیرۃ۔ بشری کی بُشَیری سمراء کی سُمَیراء۔ سکران کی سُکَیران۔ غضبان کا غُضَیبان۔

اگر کلمہ مونث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اُرَیضۃ۔ شمس سے شُمَیسۃ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کرینگے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عُوَیج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عُیَیِّد شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو یا بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سُوَیر۔ بیت سے بُیَیت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خُوَیلد مضارب سے ضُوَیرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یا تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ، دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیز کتاب سے کُتَیب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیل یا جُدَیوِل، ادور سے اُدَیر یا اُدَیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نصیر سے نُصَیر۔ جمیل سے جُمَیل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عُصفور سے عُصَیفِیر اور سُلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہُوَ اُحَیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ اُخَیّ دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آجائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینَۃ وُعَیدَۃ ہوگی اور اُخت اور بنت کی تصغیر اُخَیَّۃ بُنَیَّۃ آئے گی۔

مثنیٰ اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مومنان کی مُوَیمِنان، مومنون کی مُوَیمِنُون، مومنات کی مُوَیمِنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اُرَیغِفَۃ کی اُرَیغِفَۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی

صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غلیم بنا کر واو نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جُوَیْرِیات درہم کی جمع دراہم کی دُرَیْہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبد اللہ کی تصغیر عُبَیْد اللہ ہوگی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر مُعَیْدیکرب حضرموت کی تصغیر حُضَیْرموت، نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ، خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر، بعلبک کی بُعَیْلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ اُنْجُر، بحری۔ اُنَیسیان، انسان کی۔ رُوَیْجِل، رَجُل کی، اُصَیلال اصیل کی۔ عُشَیْشِیَۃ، عَشِیَّۃ کی۔ اُضَیْبِیَۃ، ضَبِیَّۃ۔ اُغَیْلِمَۃ، غِلْمَۃ کی۔ اسی طرح قُوَیس۔ دُرَیْع۔ حُرَیْب۔ نُعَیْل۔ عُرَیْس۔ ذویدکان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے اسمار، ابنار، اکرام، اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل، لافضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرت استعمال کی بناپر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائیگا۔

اور اگر ہمزۂ وصل ہو اور فا یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائیگا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فأتنی، واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائیگا۔ جیسے بأس بُؤس بِئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اشنار کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائیگا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل ائذن" اور "ہذا الذی اؤتمنت علیہ۔ اور ہمزہ متوسطہ متحرکہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سُئال۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ وکسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے سُؤال، رِئال، مؤنث

اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے بقاؤہ بقاءہٖ بقاءہٗ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے جُزْءٌ، شَیْءٌ فِیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے ہَیُؤَ، لَکَأَ، ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشأۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃ، لُؤلُؤَۃ۔

اور اگر ماقبل مثل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے خطیئۃ، بریئۃ قرأۃ، صلأۃ، مروءۃ، سوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضُوْرِبَ اور قَاتَلَ سے قُوْتِلَ۔

اگر یا و ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگی جیسے اَیْقَنَ سے مُوْقِنٌ۔ اَیْسَرَ۔ مُوْسِرٌ۔

اسی طرح اگر واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائیگا جیسے مِوْزَان سے مِیْزَان۔ مِوْعَاد سے مِیْعَاد۔

واو یا یاء متحرک ہوں، اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں، جیسے قَالَ، بَاعَ، بَابٌ، نَابٌ۔

البَجْدُ۔ مِنَ الناسِ: جماعت —— مِنَ الخيلِ: سوا دو سو سے زائد گھوڑے۔
بُجْدَةُ الأمرِ وبَجْدَتُهُ۔ وبُجْدَتُهُ حقیقت اصلیت۔ کہا جاتا ہے "عندَهُ بُجْدَةُ الأمرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وهو ابنُ بُجْدَةِ الأمرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البِجَادُ: دھاری دار کپڑا۔ ج بُجُد۔
بَجِرَ (س) بَجَرًا۔ الرجلُ: موٹی جڑ والی۔ اور بہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑی پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب ہونا۔ صفت (بَجِرٌ وأبجَرُ)
تَبَجَّرَ: النبيذَ: پینے میں زیادتی کرنا۔
البَاجِرُ: فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بُجْرٌ۔
البُجْرَةُ: ناف۔ چہرہ۔ عیب ج بُجَرٌ۔ کہا جاتا ہے "ذكرَ عُجْرَهُ وبُجْرَهُ" اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیئے۔
البُجُرُ۔ ج أباجِرُ وأباجِيرُ (البُجُرِيُّ) ج بجاری برائی مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لقيتُ منه البجاريَّ" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔
البَجْرَاءُ: سخت اور بلند زمین۔ زمین جس میں گھاس نہ اُگے۔
البَجَارِمُ۔ مصیبتیں۔
بَجَسَ (ن ض) بَجْسًا وبَجَسَ۔ المارُ: پانی جاری کرنا —— الجرحَ: زخم چیرنا —— بَجَسَ فلانًا: گالی دینا۔
بَجَسَ وانبَجَسَ وتبَجَّسَ۔ المارُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔
البَجْسُ والبَجِيسُ: بہنے والا۔ عينٌ بَجِيسٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ ماءٌ بَجِيسٌ: بہتا ہوا پانی۔
بَجَعَهُ (ف) بَجْعًا: تلوار سے کاٹنا۔
البَجَعُ۔ ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعۃ۔
بَجَلَ (ن) وبَجِلَ (س) بَجْلًا وبُجُولًا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجِل)
بَجُلَ (ک) بَجَالَةً وبُجُولًا: معزز ہونا۔ صفت (بَجِيل)
أبجَلَهُ: الشیٔ: کافی ہونا۔
بَجَّلَهُ: تعظیم کرنا۔
البَجَلُ۔ بہتان۔ تعجب۔ دنارت۔ دون ہستی
بَجَلِ۔ حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسبُ۔ تم کہتے ہو "بجلكَ" یعنی تمہارے لئے کافی ہے۔

البُجُل: بڑا بہتان۔
البَجِیل: وسیع و فراخ۔
الاَبْجَل: ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج اَبَاجِل۔
بَجَمَ (ض) بَجْمًا و بُجُومًا: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔
بَجَّمَ: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا منقبض ہونا۔
البَجْم: جھاؤ کا پھل۔ واحد بَجْمَۃ۔
البَجْم: بڑی جماعت۔
بَحَّ (س) بَحًّا و بُحُوحًا و بَحَاحًا و بُحُوحَۃً و بَحَاحَۃً: گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (اَبَحّ) مونث بحاء۔ ج بُحّ۔
اَبَحَّہٗ و بَحَّحَہٗ: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔
البُحَّۃ: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔
بَحْبَحَ و تَبَحْبَحَ: اچھی طرح ٹھہرنا۔ تَبَحْبَحَ الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ تَبَحْبَحَتِ العرب فی لُغاتِہا: توسع کرنا۔
بُحْبُوحَۃُ: الدار: وسط۔ درمیان
العیش: فراخی زندگانی۔
البَحْبَحَۃ: جماعت۔
البَحْبَاحَۃُ: بدخو عورت۔
بَحَتَ (ک) بُحُوتَۃً: خالص ہونا۔
بَاحَتَہٗ۔ الود: خالص دوستی کرنا ——— فلانًا: بتانا۔
البَحْت: محض خالص شَرَابٌ بَحْتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مسک بحت: خالص مشک۔ عربی بَحْتٌ: خالص نسب والا عربی مونث بَحْتَۃ۔ بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے لئے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مونث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔
البُحْتُرُ و البُحْتُرِیُّ: پست قد گٹھے بدن والا
بَحَثَ (ف) بَحْثًا۔ فی الاَرْض: کھودنا۔ اور اسی سے مثل ہے "کالباحث عن حَتْفِہٖ بظلفہ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے ——— عنہ: تفتیش کرنا۔
بَاحَثَہٗ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔
تَبَاحَثُوْا: باہم گفتگو کرنا۔
تَبَحَّثَ و ابْتَحَثَ و اسْتَبْحَثَ عَنْہُ: تفتیش کرنا۔
البَحْث: ہم۔ مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ج اَبْحَاث ——— ج بُحُوث: بڑا سانپ۔
البَحِیث: بھید۔ کہا جاتا ہے "بَدَا بَحِیثُہُمْ" ان کا بھید ظاہر ہو گیا۔
البَحَّاث: بہت بحث کرنے والا۔
المُبْحَث: بمعنی بحث۔ یا کھود کرید ج مَبَاحِث
مَبَاحِثُ البَقَر: غیر معلوم جگہ۔ بے آب و گیاہ زمین۔
المَبْحَثَۃ: بحث و تدقیق۔
بَحْثَرَ الشیءَ بَحْثَرَۃً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔
تَبَحْثَرَ۔ بکھرنا۔ جدا جدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔
بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِر)
بَحَرَ (ف) بَحْرًا۔ الاَرْضَ: شق کرنا ——— الناقۃَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرۃ) ج بَحَائِرُ و بُحُر۔
اَبْحَرَ۔ سمندر میں سفر کرنا ——— الماءُ: کھاری ہونا ——— الاَرْضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔
تَبَحَّرَ۔ فی العلم: بہت وسیع علم والا ہونا۔
اِسْتَبْحَرَ۔ فی العلم و المال: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔
البَحْر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر بُحَیْر۔ ج اَبْحُر: بُحُور و بِحَار۔ البحر المتوسط او بحر الرُّوم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ البحر المحیط: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بحر الظلمات: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔
البَحْرَۃ: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بُحَر۔
البَحْرِیّ: بحر کی جانب منسوب (——— والبحّار ملاح۔
البُحَیْرَۃ: جھیل۔
البَاحِر۔ مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔
البَاحُور و البَاحُورَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ البَاحُور: چاند۔
البُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوت مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
البَحْرَیْن: ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے (بحرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا۔ فی النوم: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخْ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لئے مستعمل ہے۔ اور تاکید کے لئے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ وا۔ آفریں شاباش۔
بَخْبَخَ۔ فی النوم: خراٹے لینا ——— البَعِیرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
——— الرَّجُلَ: کسی کو شاباشی دینا۔
بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ۔ الحُرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَہٗ (ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَہٗ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
البَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لئے فصیح لفظ الحظ ہے)
البَخِیت و المَبْخُوت: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَۃً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
البَخْتَرِیَّۃُ و التَّبَخْتُرِیَّۃُ: متکبرانہ چال
بَخَرَتْ (ف) بَخْرًا۔ القِدْرُ: جھاگ نکلنا۔
بَخِرَ (س) بَخَرًا۔ الفَمُ: گندہ دہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)

بَخَّرَ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَہٗ وبَخَّرَ عَلَیْہِ: دھونی دینا۔ دھونی دے کر خوشبودار بنانا۔
تَبَخَّرَ۔ دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
اَلْبُخَار۔ بھاپ ج ابخرہ۔
اَلْبَاخِرَۃ۔ اسٹیمر۔
اَلْبُخُوْر۔ ہر وہ چیز جس سے دھونی دیجائے ج اَبْخِرَۃ وبُخُوْرات۔
بَخُوْرُ مَرْیَمَ وبَخُوْرُ الْاَکْبَرَاد وبَخُوْرُ الْبَرِّ وبَخُوْرُ السُّوْدَان وبَخُوْرُ الْبَرْبَرِ۔ مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
اَلْمِبْخَرَۃ۔ عود سوز۔
اَلْمَبْخَرَۃ۔ باعث گندہ دہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اِیَّاکُمْ وَنَوْمَۃَ الْغَدَاۃِ فَاِنَّہَا مَبْخَرَۃٌ مَجْفَرَۃٌ مَجْعَرَۃٌ" صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس سے گندہ دہنی پیدا ہوتی ہے (مجفرۃ) بدن کے فساد کا سبب اور (مجعرۃ) طبیعت کی خشکی۔
بَخَزَ (ف) بَخْزًا۔ عَیْنَہٗ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَ (ف) بَخْسًا۔ گھٹانا اور اسی سے ہے "لَا تَبْخَسْ اَخَاکَ حَقَّہٗ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَیْہِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ۔ القومُ: ایک دوسرے کو نقصان پہونچانا۔
اَلْبَخْس۔ ہم۔ ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے۔ "وَشَرَوْہُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" انکو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا
اَلْبَخْس۔ وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اگائے۔
اَلْبَخْسِیَّۃ۔ مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
اَلْاَبَاخِس۔ انگلیاں۔
اَلْبَخْشِیْش۔ بخشش۔ انعام (اس کیلئے فصیح لفظ الراشن اور الحلوان ہیں۔
بَخَصَ (ف) بَخْصًا۔ عَیْنَہٗ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا۔ الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَص) مؤنث۔ بَخْصَاء ج بُخْص۔
تَبَخَّصَ۔ تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا اُلٹ جانا۔
اَلْبَخَص۔ قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبْخُوْصُ الْقَدَمَیْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ (ف) بَخْعًا۔ نَفْسَہٗ: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلکان میں ڈالنا۔ اَلشَّاۃَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا۔ لِلنَّصْحِ: خالص خیرخواہی کرنا۔ اَلرَّکِیَّۃ: کنواں پانی نکلتے تک کھودنا۔ فُلَانًا خَبَرَہٗ: تصدیق کرنا
بَخِعَ (س) بُخُوْعًا وبَخَاعَۃً۔ بِالْحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخْقًا وَاَبْخَقَ۔ عَیْنَہٗ: کانی کرنا پھوڑنا۔
رَجُلٌ اَبْخَقُ وبَاخِق وبَخِیْق ومَبْخُوْق) کانا مرد۔
عین (بَخْقَاء وبَاخِقَۃٌ وبَخِیْقَۃٌ ومَبْخُوْقَۃٌ۔ کانی آنکھ۔
اَلْبُخَاق۔ زہریلا۔
بَخِقَتْ (س) بَخَقًا۔ عَیْنُہٗ: بُری طرح کانی ہونا۔
بَخِلَ (س) بَخَلًا وبُخْلًا (ک) بُخْلًا بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِیْل ج بخلاء عَلَیْہِ وعَنْہُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت (باخل) ج بُخَّل۔
بَخَّلَہٗ: بخل کی جانب منسوب کرنا۔
اَبْخَلَہٗ۔ بخیل پانا۔
اَلْبَخَال والْبَخَّال والْمُبَخَّل والْبَخَل بہت کنجوس۔
اَلْمَبْخَلَۃ۔ باعث بخل۔ اور اسی سے ہے "اَلْوَلَدُ مَبْخَلَۃٌ مَجْبَنَۃٌ" لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
اَلْبَخْنُق۔ کنٹوپ۔ ایک قسم کا زنانہ سر بند۔
بَخَنَ (ن) بَخْنًا۔ غَضَبَہٗ: غصہ تھمنا۔
بَدَّ (ن) بَدًّا۔ رِجْلَیْہِ: ٹانگیں پھیلانا۔ اَلرَّجُلُ عن الشیٔ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدَّ (س) بَدَدًا۔ زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ۔ الشیٔ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا اَلرَّجُلُ: بھگنا
بَادَّ مُبَادَّۃً وبِدَادًا۔ مبادلہ کے طور پر بیچنا
۔۔۔ القومُ فی السفر: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر ملا کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ۔ الشیٔ بَیْنَہُمْ: ہر ایک کا حصہ دینا
۔۔۔ یَدَہٗ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تَبَدَّدَ۔ متفرق ہونا۔۔۔ القومُ الشیٔ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِبْتَدَّ۔ الرَّجُلَانِ فُلَانًا بالضَّرْبِ۔ دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔
تَبَادَّ۔ القومُ: باہم مقابلہ کے لئے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گذرنا۔
اِسْتَبَدَّ۔ بکذا: اپنے آپ کو ترجیح دینا
۔۔۔ اَلْاَمْرُ بِفُلَانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا
اَلْبَدُّ والْبَدِیْد۔ مثل ونظیر۔
اَلْبُدُّ۔ چارۂ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ ہم کہتے ہو "لَا بُدَّ مِنْ ہٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ
۔۔۔ والْبُدَّۃ والْبُدَاد۔ حصہ۔
اَلْبَدَاد۔ مقابلے کیلئے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَقُوْا بَدَادَہُمْ" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔ وبَدَادَ وبَدَادِ بِدَادِ۔ یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے اپنے قرین کو پکڑے۔ "وجاءت الخیل بِدَادٌ" گھوڑے متفرق متفرق آئے۔
اَلْبَدَد والْبَدَّۃ۔ طاقت۔ حاجت۔
اَلْاَبَدّ۔ وہ شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مؤنث بَدَّاء۔ کہا

جاتا ہے۔ ذَہَبُوا (اَبَادِیْدَ تَبَادِیْدَ) یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے۔ وَنَظِیْرُہٗ اَبَادِیْدَ وَتَبَادِیْدَ) متفرق پرندے۔

المُسْتَبِدّ - کام شروع کرکے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔

بَدَأَ (ف) بَدْءًا وابْتَدَأَ وتَبَدَّأَ - الشَّیْءَ وبہ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا بَدَأَ الشَّیْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔

بَدَأَ وَاَبْدَأَ - اللّٰہُ الخلقَ: پیدا کرنا۔

صفت (بَادِیْ وَمُبْدِیْ) اَبْدَأَ الرَّجُلُ: عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ مَا یُبْدِیْ وَمَا یُعِیْدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔

بَدَّأَ - شروع کرانا۔ پہلے کرنا۔ فضیلت دینا

البَدْءُ والبَدْأَۃُ والبِدَاءَۃُ والبِدَایَۃُ شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے "افعلہ بدءًا وبدرًا وبدرًا وأول بدیٍ وبادیٔ بدیٍ وبدأۃ ذی بدیٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا

والبَدَاءَۃُ: کسی جگہ کیلئے سفر کی ابتداء تم کہتے ہو "اکْتَرَیْتُ الفَرَسَ لِلْبَدَاۃِ والرَّجْعَۃِ" میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لئے کرایہ پر لیا۔ بدۃ کی جمع اَبْدَاء وبُدُوْۃ۔

المَبْدَأ - اصل۔ سبب۔ ج مبادیٔ۔

المُبْتَدَاء - پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔

بَدَحَ (ف) بَدْحًا: ہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا — بالسِّتْرِ: ظاہر کرنا۔

تَبَادَحُوْا - بالشَّیْءِ: باہم مل کر پھینکنا۔

البِدْح ج - بُدُوْح وبِدَاح و (البَدَاح) ج بُدُوْح و (البُدَحَۃ) وسیع زمین۔

بَدَحَ (ف ض) وبَدُحَ (ک) بَدَحًا و بَدَاحَۃً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَدِیْح) ج بُدَحَاء۔

تَبَدَّحَ - عَلَیْہِ: بڑا بننا۔

بَدَرَ (ن) بُدُوْرًا - اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا — ہ الی الشی: کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔

بَادَرَ مُبَادَرَۃً وبِدَارًا - الی الشَّیْءِ: جلدی کرنا — الشَّیْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔ بادر فلانًا الشَّیْءَ والیہ: کسی چیز کیلئے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَبَادَرَ - القَوْمُ: جلدی کرنا۔

تَبَادَرَ وابْتَدَرَ - القَوْمُ امْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لئے بڑھنا۔

اَبْدَرَ - ماہِ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔

البَدْر - ماہِ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق۔ ج بُدُور۔

البَادِر - جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنیوالا ج۔ بَوَادِر۔

البَدْرِیّ - جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش۔

البَدْرِیّ - مسابقت۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَبَقْنَا البَدْرِیّ" ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لیجانے کیلئے دوڑ کی۔

البَدْرَۃ - دس ہزار درہم — مِنَ المَالِ: بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی۔ ج بُدَر و بُدُوْر کہتے ہیں "فلان یَہَبُ البَدْرَۃَ" فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔

المِبْدَرَۃ: بکری کے بچہ کی کھال۔

البَادِرَۃ - تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی۔ ج بَوَادِر۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَتْ مِنْہُ بَوَادِرُ غَضَبٍ" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں البَادِرَۃ: تیر کی نوک۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہُ بَادِرَۃُ السَّہْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

بَدَارِ - اسم فعل بمعنی اسرع یعنی جلدی کر۔

البَیْدَر - کھلیان۔ ج بَیَادِر۔

بَدَعَ (ف) بَدْعًا - الشَّیْءَ: گھڑنا بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔

بَدُعَ (ک) بَدَاعَۃً وبُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔

بَدِعَ (س) بَدَعًا۔ موٹا ہونا صفت (بَدِیْع)

بَدَّعَہٗ - بدعت کی نسبت کرنا۔

اَبْدَعَ - کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا۔ — بہ چھوڑ دینا — وابْتَدَعَ) الشَّیْءَ: ایجاد کرنا الرَّجُلُ: بدعت نکالنا۔

تَبَدَّعَ - بدعتی ہونا۔

اِسْتَبْدَعَ - الشَّیْءَ: عجیب و نادر سمجھنا۔

البِدْع - انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے "فلان بِدْعٌ فی الامر" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع وبُدُوْع۔

البِدْعَۃ - بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جسکی کوئی اصل قرون ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع

البَدِیْع - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "اللّٰہُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ والارضِ" اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے انوکھی چیز۔ انوکھی چیز بنانے والا۔ موٹا۔ نئی مشک،

عِلْمُ البَدِیْع - وہ علم جس سے کلام کو محسناتِ لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں۔

المُبْتَدِعُوْن - بدعتی لوگ۔

بَدِغَ (س) بَدَغًا - زمین پر گھسٹنا۔

بالشَّرّ: دوبالا قدار: آلودہ ہونا۔

بَدَغَ (ف) بَدْغًا - الجوزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدَّغَ (ک) بَدَاغَۃً - پائخانہ میں پائخانہ کرنا صفت (بَدِغ)

بَدَلَ (ن) بَدْلًا وابْدَالًا وبَدَّلَ - الشَّیْءَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ (س) بَدَلًا - ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَلَ وابْدَلَ - الشَّیْءَ مِنْہُ: بدلہ میں لینا وبَدَّلَ الشَّیْءَ شَیْئًا - آخر - بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "بَدَّلَ اللّٰہُ الخَوْفَ اَمْنًا" اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَہٗ۔ بکذا: بدلہ دینا۔
تَبَدَّلَا وَتَبَادَلَا۔ فِیْمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدُّل: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔
تَبَدَّلَہٗ وَاسْتَبْدَلَہٗ۔ بِکَذَا: بدلیں لینا جیسے "تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِاُنْسِہَا وُحْشًا" مکان کی انسیت وحشت سے بدل گئی۔
البَدْلُ والبَدَلُ والبَدِیْلُ: بدلہ جانشیں۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَدْلٌ وَبَدَلٌ" ج اَبْدَال وبُدَلاء۔ البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد۔ اور اسی سے ہے۔ رُبَّ بَدَلٍ شَرٌّ مِنْ بَدَلٍ "بہت سے عوض ہڈی کے درد سے برے ہیں۔ الاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب اُن میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔
البَدَّال: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔
البَادِلَۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔
بَدَنَ (ن) بَدَنًا وبُدْنًا وبُدُوْنًا و بَدُنَ (ک) بَدَانَۃً وبَدَانًا۔ موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مونث (بَادِنَۃ) ج بُدْن و (بُدُن) ج بُدُن
بَدَّنَہٗ: زرہ پہنانا۔ وبَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا
البَدَن: جسم۔ ج ابدان۔ چھوٹی زرہ ج بُدُون
البَدَنَۃ: وہ گائے یا اونٹ جسکی قربانی مکہ میں حج کے موقعہ پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنَات وبُدُن
المِبْدَان والمِبْدَّان۔ موٹے جسم والا۔ تناور۔
بَدَہَ (ف) بَدْھًا وبَادِھَۃً۔ الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بَادِہ) مونث (بَادِہَۃ) ج بَوَادِہ۔
تَبَادَھُوْا۔ الشِّعْرَ والخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَرَہٗ۔ الخُطْبَۃَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِہ ومِبْدَہ)
البُدَاھَۃ والبَدَاھَۃ: ہر چیز کا آغاز کہا جاتا ہے "لَخَفَ فِیْ بَدَاہَۃِ جَرْیِہٖ" دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔
بَدِیْھًا وَعَلَی البَدِیْھَۃِ۔ فی البدیہہ
البَدِیْھَۃ: اچانک۔ فوری بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَی البَدِیْھَۃِ" اس نے بے غور و فکر جواب دیا۔ ج بَدَائِہ۔ کہا جاتا ہے "بَدَاءَۃٌ مَعْلُوْمٌ فِیْ بَدَائِہِ العُقُوْلِ" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے۔ وَلِفُلَانٍ بَدَائِہُ فِی الکَلَامِ "یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے۔
البَدِیْھِیّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کیلئے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو۔
المِبْدَہ: فی البدیہہ بولنے والا۔ اچانک آنے والا۔
بَدَا (ن) بُدُوًّا وبَدَاءً وبَدْوًا وبَدَاءَۃً ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُوْن وبُدًی وبُدِیّ ـــــ لَہٗ فِی اَمْرٍ: خیال سوجھنا۔
بَدَا (ن) بَدْوًا وبَدَاوَۃً وبِدَاوَۃً وتَبَدِّیًا: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا صفت (البَدَوِیّ وتَبَدِّیّ): ظاہر ہونا۔
اَبْدَی۔ الامرَ: ظاہر کرنا ـــــ فی کلامہٖ: جرأت دکھلانا۔ اسی سے ہے "اَبْدَی السُّلْطَانُ ذُوْ عَدْوَان وذُوْ بَدْوَان" بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے۔
بَادَی: بالعَدَاوَۃ: کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا ـــــ ہ: کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا کھلم کھلا مقابلہ کرنا۔
تَبَادِیْ: بدوی صفت ہونا۔
البَدْوُ والبَادِیَۃُ والبَدَاوَۃ: صحراء جنگل۔ ج بَادِیات وبَوَادٍ والبَدْو: خانہ بدوش عربی قبائل۔ اور بدو کی طرف نسبت کے لئے (بَدَوِیّ وبَدْوِیّ) مونث بَدَوِیَّۃ ج بَدَاوِیّ
البَدْوَۃ: وادی کا کنارہ
البَدَاۃ: کھجی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے ج بَدَوَات

بَدَاَوَۃ الاَمْرِ: آغاز معاملہ۔ والبداوات: مختلف رائیں۔
بَدَّ (س) بَدًّا وبَدَاذًا وبَدَاذَۃً و بُدُوْذَۃً: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَدٌّ وبَادٌّ) مونث (بَدَّۃٌ وبَادَّۃٌ)
بَدَہ (ن) بَدْءًا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَہٗ: سبقت کرنا۔
اِبْتَدَّ۔ منہ حَظٌّ: لینا۔
البَدِّ والبَدِیْد: مثل اور کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ بَدِیْدٌ" یگانۂ روزگار مرد۔
بَدَّ أَرَفَ) بَدًّا۔ الشیءَ: ناپسند کرنا ـــــ الشخصَ وعلی الشخص: حقارت کرنا۔ مذمت کرنا۔
بَدَّ أَفَ) وبَدِیءَ (س) وبَدُؤَ (ک) بَدَاءَۃً فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَدِیْ) ارضٌ بَدِیَّۃٌ: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْدَی۔ فحش گوئی کرنا۔
بَاذَاہُ۔ جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
البَدّ ج: بکری کا بچہ۔ ج بِدَان۔
بَدَّحَہٗ (ف) بَدْحًا۔ چیرنا ـــــ الجلدَ عن العرق: کھال ہٹانا۔
تَبَدَّحَ۔ السحابُ: برسنا۔
البَدّ ج۔ پٹھا۔ ج بُدُوْح۔ کہا جاتا ہے۔ "فِی رِجْلِہٖ بُدُوْحٌ" اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
البَدْخ: رانوں کی خراش۔
بَدَخَ (س) بَدْخًا وبَدَخَ (ف) بَدْخًا وبُدُوْخًا وتَبَدَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَادِخ) ج بَوَادِخ و (بَدَّخ) ج بُدَّخ۔
بَاذَخَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
البَذَّاخ: تکبر کرنیوالا ـــــ مِنَ الاِبِل: بہت بلبلانے والا اونٹ۔
البُذَاخِی: بڑا۔
البَیْذَخ: موٹے جسم والی عورت۔
بَذَرَ (ن) بَذْرًا۔ الحَبَّ: بونا ـــــ المالَ: فضول خرچی میں اڑانا ـــــ العِلْمَ: پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔

—— الارض: اُگانا۔
(ذہبوا شذر بذر و شذر بذر) وہ لوگ ہر طرف بکھر گئے۔
بَذَّرَ۔ المالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔
صفت (بذار و تبذار و تبذارۃ)
تَبَذَّرَ و انبذر: متفرق ہونا۔ تبذر الماء: رنگ بدل کر پیلا پڑ جانا۔
البَذْر: تخم ریزی کے لئے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "انہ بذر سوء" وہ بری نسل کا ہے ج۔ بُذُور و بِذار۔
البَذِر و البَیْذَر و البیذارۃ و التبذار: بہت بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے والا
البَذُور و البَذِیر: چغل خور۔ وہ شخص جو اپنے راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بُذُر۔
المُبَذِّر: فضول خرچی کرنے والا۔
البُذُرِّی: باطل۔ بہت فضول خرچ۔
المِبْذُور: بہت
بَذْرَق۔ المالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔
بذَعَہ۔ (ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا ڈرانا۔ بَذَعَ الاناءُ: برتن کا ٹپکنا۔
اَبْذَعَہ: ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
البَذْع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔
البَذَع: خوف۔ ڈر۔
المَبْذُوع: خوف زدہ۔
اِبْذَعَرَّ: متفرق ہونا۔ ابذعرت الخیلُ: کسی چیز کی طلب میں دوڑنا۔
البَاذَق و البَاذِق: انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا ہوا۔
البَیَاذِقۃ: پیادے۔
البَیْذَق: سفر کا رہنما۔ پیادہ۔ ج بَیَاذِق
المُبَذَّقۃ: وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر ہو۔

اِبْذَقَرَّ: متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے۔ "لا ابذقر الدم فی الماء" یعنی خون پانی میں نہیں ملا۔
بَذَلَ (ن ض) بَذْلًا۔ الشیءَ: دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ بذل نفسہ دون او عن فلان" اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔
صفت (باذل و بذول) اور صفت مفعولی (مبذول) بَذَلَ جُہْدَہٗ: پوری کوشش کرنا (—— وابتذل) الثوبُ: کام کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کلامٌ مُبْتَذَل: گھٹیا بات۔ کثیر الاستعمال۔ سیف صَدَقٌ المُبْتَذَل: تیز دھار والی تلوار۔
تَبَذَّلَ و ابْتَذَلَ: پھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔ اِبْتَذَلَ: روزانہ پہننے کے کپڑے استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البَذْل: عطا بخشش۔ رجلٌ بَذْلٌ: فیاض مرد۔
البِذْلَۃ۔ من الثیاب: روزانہ استعمالی کپڑے۔
البَذَّال و المِبْذَال: بہت فیاضی کرنیوالا
المِبْذَل و المِبْذَلَۃ۔ روزانہ استعمالی کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مَبَاذِل
بَذَخَ بَذْخًا و بِذَاخًا۔ قول کے مطابق عمل نہ کرنا صفت مُبْذِخ و بَذَّاخ
بَذُمَ (ک) بَذَامَۃً: کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
البُذْم: دور اندیشی۔ قوت طاقت۔ رائے کی عمدگی۔ مروت۔
المِبْذَم: مضبوط اونٹنی۔
بَذَأَ (ف) بَذْءًا و ابْذَأَ ابْذِئْآءً: علیہ: فحش بکنا۔
بَذُؤَ (ک) بَذَاءَۃً و بَذَاءً۔ فحش گو ہونا۔ صفت (بذی) ج اَبْذِیاء مونث (بذیۃ)
البَذَاءُ۔ بیہودہ کلام
بَرَّ (ن ض) بِرًّا و مَبَرَّۃً۔ والدہ: اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرّ) ج اَبْرَار و (بارّ) ج بَرَرَۃ
بَرَّ (س ض) بَرًّا و بَرَارَۃً و بُرُورَۃً۔ فی قولہ: سچ بولنا —— خالقہ: اطاعت کرنا۔ بَرَّتِ الیمینُ: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاۃُ: نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللّٰہُ الصَّلٰوۃَ: نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَہٗ: نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا
بَارَّہٗ: حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّہٗ: خشکی کا سفر کرنا —— علیہ: غالب ہونا۔ فائق ہونا —— اللّٰہَ حَجَّتَہٗ: قبول کرنا —— الیمینَ: قسم پوری کر دینا۔
تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا
تَبَرَّرَہٗ: اطاعت کرنا۔
تَبَارَّ۔ القومُ: ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا۔
ابْتَرَّ: ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا۔
البَرّ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ نیکوکار۔ خشک زمین۔ ج بُرُور۔ کہا جاتا ہے "جلست بُرًّا" میں گھر سے باہر بیٹھا۔ خرج برًّا" وہ بیابان کی طرف نکلا" واُرِید جوًّا و یُرِید برًّا" میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ علانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے۔
البِرّ۔ عطیہ۔ طاعت۔ صلاحیت۔ سچائی نیکی دل۔ لومڑی کا بچہ۔ چوہا۔ بڑا چوہا۔
البُرّ۔ گیہوں۔ واحد (بُرَّۃ)
البَرُّ و البَارُّ۔ نیکوکار۔ بھلائی کرنے والا۔ بہت نیکی کرنے والا۔ سچا۔ ج اَبْرَار و بَرَرَۃ۔
البَرِّی: ضد بحری —— من النبات: جنگلی —— من الحیوان: وحشی۔
البَرِّیَّۃ: جنگل بیابان۔ ج بَرَارِی
البَرَّانی: ظاہر۔ کہا جاتا ہے "من اصلح برّانیۃ" جو شخص اپنے باطن کو درست کرلے گا اللہ اس کے ظاہر کو درست کر دے گا۔
البَرِّیَّۃ: جنگل۔ بیابان۔ ج بَرَارِیّ۔
اَبَرّ: اسم تفضیل۔ عرب کے قول "اصلح

العَرَبِ أَبَرُّہم" کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔

البُرّی: اچھی بات۔

المَبَرَّۃ: جونکی پر ابھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرات ومَبار۔

المَبْرُور۔ مِنَ الأَفعال: شبہ۔ جھوٹ خیانت سے خالی۔

البَرِیر: درختِ پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِیرَۃ

بَرَأَہ (ف) بَرْءًا وبُرُوءًا: نیست سے ہست کرنا۔

بَرِئَ (س) بُرُوءًا وبَرْاءًا وبَرَاءَۃً۔ مِنَ العَیب والدَّین: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔

بَرِئَ (س) وبَرَأَ (ف) وبَرُؤَ (ک) بَرْءًا وبُرُوءًا۔ مِنَ المَرَض: شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا

بَرَّأَہ تَبْرِئَۃً۔ بری کرنا۔ پاک کرنا۔ من التہمۃ: دور کرنا۔

أَبْرَأَ۔ المَرِیضَ: شفا دینا۔ ہ من الدَّین: بری کر دینا۔ الرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔

بَارَأَ۔ شریکہ: شریک سے جدائی اختیار کر لینا۔

تَبَرَّأَ۔ مِنَ الذَّنب: گناہ سے بیزار ہونا۔

تَبَارَأَ۔ الزَّوجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

اِستَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برات طلب کرنا

البَرِی والبَرِیء: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج بَرِیئون وبُرآء وبُرَاء و أبرار وأبریاء۔ مؤنث بَرِیئَۃ وبَرِیَّۃ ج بَرِیئات وبَرِیّات وبَرایا۔

البَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ "اِبنُ البَرَاءِ" مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے "أنا بَرَاءٌ من کذا" میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لئے مؤنث ہے)

البُرْأَۃ: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَاء

البَرَاءَۃ: بَرِیَ کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ ج برارات۔

البَارِئ: پیدا کرنے والا۔ صحتیاب جس کی لاغری باقی ہو۔

البَرِیَّۃ: مخلوق۔ ج بَرَایا۔

البُرَائِل والبُرَائِلِی۔ پرندہ کی گردن کے پر۔

البُرَائِلی: مُرغ۔

بَرْأَلَ وتَبَرْأَلَ وابْرَأَلَّ۔ الطائرُ: پرندہ کا لڑنے کیلئے گردن کے پر کھڑے کرنا۔

البَرْبَخ: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَابِخ

بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبار)

تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔

البَرْبَرِی: قوم بربر کا ایک فرد۔

البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِرَۃ وبَرَابِرَۃ

المَبْرَبَر۔ شیر

بَرْبَسَہ: طلب کرنا۔

تَبَرْبَسَ: کتے کی مانند چلنا۔

البَرْبَاس: گہرا کنواں۔

بَرْبَصَ۔ الأَرضَ: سینچنا۔

البَرْبَط: بربط (باجہ)

بَرَتَ (ض) بَرْتًا۔ الشَّیءَ: کاٹنا۔

بَرِتَ (س) بَرَتًا: حیران ہونا۔

البُرْت والمِبْرَت۔ چینی۔ شکر سفید

البَرْت: کلہاڑا۔

البُرْت والبِرْتِیت: ماہر راہبر۔ ج أَبْرَات

البُرْتُقَان: نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد (بُرْتُقَانَۃ)

بَرْتَکَ بَرْتَکَۃً۔ الثَّوبَ: پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الشَّیءَ: چونٹی کی مانند کاٹنا

البَرَاتِکُ۔ چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

بَرِتَ (س) بَرَتًا: خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔

البَرْث: نرم وہموار زمین ج بُرُاث و أَبْرَاث وبُرُوث۔

البُرْثُن۔ مِنَ السِّبَاعِ والطَّیر: پنجہ۔ چنگل ج براثِن۔

البُرْثُنَۃ: شوکت وقوت۔

بَرِجَ (س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجَت عینُہ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (أَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجاء) ج بُرْج

بَرَجَ۔ الشَّیءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔

بَرَّجَ وأَبْرَجَ: برج بنانا۔

تَبَرَّجَتِ۔ المَرأَۃُ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔

البَرَج: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن ج أَبْرَاج۔

البُرْج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد ج بُرُوج وأَبْرَاج وأَبْرِجَۃ۔ البُرُج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی بُرج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔

البَارِج: ماہر کشتیبان۔

البَارِجَۃ: بڑی جنگی کشتی۔ ج بوارج۔ کہتے ہیں "مافُلانٌ الا بَارِجَۃٌ قَدْ جَمَعَ فِیہ کُلَّ الشَّر" یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ سَفِینَۃٌ بَارِجَۃ: کھلی ہوئی کشتی۔

تَبَارِیحُ النَّبَات: نباتات کے پھول۔

المِبْرَج: دودھ بلونے کا آلہ۔

البُرْجُل: موٹا دھاری دار کمبل۔

البُرْجُمِیس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

البُرْجُمَۃ۔ ج بَرَاجِم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔

البَرَاجِم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔

"ان الشقی داقد البراجم" امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سُوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنو تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بُو پا کر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔

بَرَحَ (س) بَرَاحًا وبَرْحًا۔ المکان ومنہ: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَرِحَ ولا برحتُ غَنِیًّا" بمعنی مازال ولا زلتُ۔

بَرَحَ الخفاءُ: ظاہر ہونا۔

بَرِحَ (ن) بَرَحًا۔ الرجلُ: غضبناک ہونا۔

(— بُرُوحًا) الصَّیدُ: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بارِح وبَرُوح وبَرِیح)

بَرَّحَ۔ بہ الأمرُ: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا — اللہ عنک: تکلیف دور کرنا۔

أَبْرَحَہٗ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا

بَارَحَ۔ المکانَ: جھاڑ دینا۔

البَرْح: ج أَبْراح (والتَّبْرِیح والبُرَحَاء) سختی۔ تکلیف۔ برائی۔

البَرْح: دہشت انگیز معاملہ۔

امر (بَرْح) تکلیف دہ معاملہ۔

البَرَاح: کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو۔ کہا جاتا ہے: "لَا بَرَاح" کوئی چارہ کار نہیں۔ وجَارَنَا الأمرُ بَرَاحًا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آگیا۔ "وجَارَ بالکفر بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا۔

بَرَاحِ: بروزن قطام: آفتاب کے لئے علم ہے۔

البَارِح والبَارِحَۃ: گزشتہ رات۔ البارحۃ الاولیٰ: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے ہذہ فعلۃ بارحۃ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔

بَرْحَیٰ: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَرْحَیٰ اس کے خلاف ہے

البَارِح: گرم ہوا۔ ج بَوَارِح۔

ابن بُرَیح۔ کوا۔

التَّبَارِیح: مشقتہائے زندگانی۔ کہا جاتا ہے "تَبَارِیحُ الشوق" سوز شہائے عشق۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا وبُرُودًا (ک) بُرُودَۃً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (بَرْدٌ وبارِدٌ وبَرُودٌ وبُرَادٌ) بُرِدَتِ الارضُ: اولے پڑنا۔ بَرَدَ الحقَّ علیہ اولہ: ثابت ہونا۔ بَرَدَ فلانٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ جَدَّ فِی الأمرِ ثم بَرَدَ" اُس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا۔ الحدیدَ: ریتی سے رگڑنا — الخبزَ: روٹی پر پانی ڈالنا — العینَ: ٹھنڈا سُرمہ لگانا۔

بَرَّدَہٗ (ن) بَرْدًا وتَبْرِیدًا۔ ٹھنڈا کرنا۔ — الوجعَ: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا — الحقَّ: ثابت کرنا۔ واجب کرنا۔ بردنا اللیل و بَرَّدَ عَلَیْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔

أَبْرَدَ۔ موسم سرمایا اولوں میں داخل ہونا۔ — إلیہ البریدَ۔ قاصد بھیجنا — الشیءَ: ٹھنڈا کرنا۔ أَبْرَدَہُ المرضُ: کمزور کر دینا۔

تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ فی المَاءِ یتبرد" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے پانی میں اُترا۔

تَبَارَدَ: کسی کام میں سُست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔

اِبْتَرَدَ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

اِسْتَبْرَدَہٗ: ٹھنڈا پانا۔ اِسْتَبْرَدَ عَلَیْہِ لِسَانہ: اس نے اس پر زبان درازی کی۔

البَرْد: سردی۔ نیند۔

البَرْدَانِ والأَبْرَدَانِ: صبح شام

البَرَدَۃ: ایک اولہ۔ بدھی۔

البُرُود: سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہونچے

ثَوْبٌ بُرُودٌ: وہ کپڑا جس کی درز اُبھری ہوئی ہو۔

البُرُود: پانی میں تر کی ہوئی روٹی۔

البُرْد: دھاری دار کپڑا۔ ج بُرُودٌ وأَبْرَادٌ

أَبْرُد۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ بَیْنَہُمْ قَدُّ بُرُودٍ یَمَانِیَۃٍ" یمنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں۔ یعنی سب آپس میں جھگڑے۔

البُرْد: کالکمبل۔ واحد بُرْدَۃ ج بُرُد۔

البَرْدِی: ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کیلئے استعمال کرتے تھے۔

البُرْدِی: ایک قسم کی عمدہ کھجور۔

البُرَادَۃ: ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے۔

البَرْدَاء: جاڑا بخار۔

البَرَّادَۃ: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔

البَرِیل: قاصد۔ ج بُرُد۔ تقریباً بارہ میل کی مسافت۔ ڈاک خانہ۔

البَارِد: فا۔ عَیْشٌ بَارِدٌ: خوشگوار زندگی۔ غَنِیْمَۃٌ بَارِدَۃٌ: بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت۔ حُجَّۃٌ بَارِدَۃٌ: کمزور دلیل۔ المُرْہَفَاتُ البَوَارِد: تیز کاٹنے والی تلوار۔

الأَبْرَد: چیتا۔ ج أَبَارِد۔ مونث الأَبْرَدَۃ

المِبْرَد: ریتی۔

المَبْرَدَۃ: وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنیوالی ہو۔ کہا جاتا ہے "ہذا مَبْرَدَۃٌ لِلْبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہونچانے والی ہے۔

البُرْدَعَۃ والبَرْذَعَۃ: پالان کے نیچے ڈالنے کا کمبل۔

البِرْذَوْن۔ ٹٹو۔ گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج براذین۔

بَرْذَنَ الفرسُ: ترکی گھوڑے کی طرح چلنا ٹٹو کی طرح چلنا — الرجلَ: مغلوب کرنا۔

بَرْزَنَ (ن) بُرُوزًا۔ میدان کی طرف نکلنا

بَرَزَ (ن) وبَرِزَ (س) بَرْزًا: گنامی کے بعد

مشہور ہونا۔صفت (بَارِزٌ)
بَرُزَ (ک) بَرَازَۃً۔فضل یا شجاعت میں اپنے ہمسروں سے بڑھ جانا۔صفت (بَرْزٌ) مونث (بَرْزَۃٌ)
اَبْرَزَہٗ: نکالنا ـــــ الکِتَابَ: شائع کرنا۔
ـــــ الرَّجُلُ: ارادۂ سفر کرنا۔
بَرَّزَ۔پائخانہ کرنا ـــــ الشَّیْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑ دوڑ کے میدان میں آگے بڑھ جانا ـــــ الرَّجُلُ فِی العِلْمِ: ہمسروں سے فائق ہونا۔
بَارَزَ مُبَارَزَۃً وَبِرَازًا: لڑائی کے لئے مقابلہ پر نکلنا۔
تَبَرَّزَ: قضائے حاجت کے لئے میدان میں جانا۔
تَبَارَزَا: مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔
اِسْتَبْرَزَہٗ: نکالنا۔
اَلْبِرَازُ: بارز کا مصدر۔آدمی کا پائخانہ۔
اَلْبُرَازُ: درختوں سے خالی کشادہ میدان۔ (اس کو قضائے حاجت کے لئے بطور کنایہ کے استعمال کرتے ہیں۔
اَلْمَبْرَزُ وَالْمُتَبَرَّزُ۔قضائے حاجت کی جگہ۔
ذَہَبٌ (اِبْرِیزٌ) خالص سونا۔
اَلْبَرْزَخ۔دو چیزوں کے درمیان کی روک مرنے کے وقت سے دوبارہ اُٹھنے تک کا زمانہ۔جو بَرَازِخ۔بَرَازِخُ الْاِیْمَانِ: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔یا شک و یقین کے درمیان کی حالت۔
اَلْبُرْزُغ وَالْبِرْزَاغ وَالْبُرْزُوغ: نشاط جوانی۔کڑیل جوان۔
تَبَرْزَقَ۔القَوْمُ: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
اَلْبَرَازِیق: لوگوں کی جماعتیں۔بڑی راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔واحد بَرْزِیق۔
بَرِسَ (س) بَرَسًا: مقروض پر سختی کرنا۔

بَرَّسَ۔الاَرْضَ: نرم بنانا۔
اَلْبُرْس وَالْبِرْس: روئی۔
اَلْبِرْسِیَان: ایک قسم کی کھجور۔
بَرْسَمَہٗ: برسام میں مبتلا کر دینا۔
اَلْبِرْسَام: ایک ذہنی بیماری۔
بُرْسِمَ۔برسام میں مبتلا ہونا۔صفت (مُبْرَسِم)
بَرِشَ (س) بَرَشًا وَاَبْرَشَ: سفید داغوں والا ہونا۔صفت (اَبْرَش وَمُبْرَش) مکان ابرش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔سَنَۃٌ بُرْشَارٌ: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
اَلْبُرْشَۃ وَالْبَرَش: سفید داغ۔
اَلْبَرْشِیش۔سفید داغوں والا۔
بَرْشَطَ۔اللَّحْمَ: کاٹنا۔
اَلْبِرْشِع وَالْبِرْشَاع: مخلوق۔
بَرْشَقَ۔اللَّحْمَ: کاٹنا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فلانًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِبْرَنْشَقَ: شادماں ہونا۔صفت (مُبْرَنْشِق)
ـــــ الشَّجَرُ: کلی نکلنا ـــــ النَّوْرُ: کھلنا۔
بَرْشَكَ الْجَزُورَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بَرْشَمَ بَرْشَمَۃً وَبِرْشَامًا۔الرَّجُلُ: غم کی وجہ سے خاموش ہونا ـــــ اِلَیْہِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
اَلْبُرْشُم: برقع۔
اَلْبُرَاشِم۔تیز نظر والا۔
بَرْشَنَ۔الرِّسَالَۃَ: کونڈے چپکانا۔
اَلْبِرْشَان: گوند۔لیئی۔
بَرِصَ (س) بَرَصًا۔برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت (اَبْرَص) مونث بَرْصَاء ج بُرْصٌ۔
اَرْضٌ بُرْصَاء۔مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین۔حَیَّۃٌ بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔
اَبْرَصَہٗ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرْصَ۔الاَرْضَ: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
اَلْبَرَص۔ایک بیماری جو برص کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سَامٌ اَبْرَص: چھپکلی۔تثنیہ کی صورت میں ہذان سَامَا اَبْرَص۔اور جمع کی صورت میں ہٰؤُلَاءِ سَوَامُّ اَبْرَص وَاَبَارِص بولتے ہیں۔
اَبُو بُرَیْص: چھپکلی۔
اَلْاَبْرَص۔چاند۔
اَلْبُرْصُوم: کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔
بَرَصَ (ن) بَرْصًا۔المَارِنَ العَیْنِ: تھوڑا نکلنا۔
بَرَضَ (ن) بُرُوضًا۔النَّبَاتُ: اگوا نکلنا۔
بَرَّضَ وَاَبْرَضَ۔المَکَانُ: بہت اگوا والی ہونا۔
تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔
ـــــ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا ـــــ المَائَ: چوسنا ـــــ الاَرْضُ: روئیدگی ظاہر ہونا۔
اَلْبَرْضَ۔تھوڑا جو بَرَاضٌ وَبُرُوضٌ وَاَبْرَاض کہا جاتا ہے۔"ہٰذَا بَرَضٌ مِنْ عَدَدٍ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
اَلْبُرْضَۃ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
اَلْبَارِض: اگوا۔
عَیْنٌ (بُرُوضٌ) تھوڑے پانی والا چشمہ۔
اَلْبُرَاض وَالْبُرَاضَۃ: تھوڑا۔
اَلْمَبْرُوض: کثرت داد و دہش کی وجہ سے تنگدست۔
اَلْمُبْرِطِس وَالْمُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال۔اَلْمُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
اَلْبُرْطَاش۔پتھر کی چوکھٹ۔فصیح عربی۔ اَلْاُسْکُفَّۃ۔
بَرْطَلَہٗ بَرْطَلَۃً: رشوت دینا
تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔
اَلْبُرْطُل۔ٹوپی۔
اَلْبِرْطِیل: رشوت۔لمبا پتھر۔جو بَرَاطِیل
بَرْطَمَ۔اللَّیْلُ: تاریک ہونا ـــــ الرَّجُلُ:

غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (ـــ وَبَرْطَمَ) غصہ سے پھولنا۔

البِرْطَام والبُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔

بَرَعَ (ن) وبَرِعَ (س) وبَرُعَ (ک) بَرَاعَةً وبُرُوعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت (بارِع)

بَرَّعَهُ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔ "بَرَّعَ الجَبَلَ": پہاڑ پر چڑھنا۔

تَبَرَّعَ: بالعطاء: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔

البَرِیع: عقل وجمال میں کامل۔ بَرْق" بَرِیْع": دور سے چمکنے والی بجلی۔

البُرْعُث: حلقۂ دبر

البِرْعِس والبِرْعِیس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ البرعیس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔

تَبَرْعَصَ الرَّجُلُ: کسی کے نیچے تلملانا۔

تَبَرْعَصَتِ الحَیَّةُ: کنڈلی مارنا۔

البُرْعُل: بجو کا بچہ۔

بَرْعَمَ بَرْعَمَةً وتَبَرْعَمَ۔ الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔

البُرْعُم والبُرْعُمَة: ج براعم و (البُرْعوم والبُرْعُومَة) ج براعیم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔

بَرِغَ (س) بَرَغًا: ناز ونعمت سے زندگی بسر کرنا۔

البَرْغ: لعاب۔

بَرْغَثَ۔ المکان: بہت پسوؤں والا ہونا

البُرْغُوث: پسو۔ ج براغیث۔

بُرْغُوثُ البَحْر: جھینگا۔

البَرَغِن والبُرْغُوز والبَرْغَاز: گائے یا نیل کا بچہ۔ ج براغز وبراغیز۔

البَرْغَش: مچھر۔ واحد (برغشہ)

البرغی والبُرْغِیّ: بیچ والی کیل۔ ج براغی فصیح عربی لوب ہے

البِرْفِیز: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔

بَرَقَ (ن) بَرْقًا وبُرُوقًا وبَرَقَانًا وبَرِیقًا البَرْقُ: ظاہر ہونا ـــ الشَّیْءُ: چمکنا۔ روشن ہونا ـــ السِّمَارُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا ـــ الرَّجُلُ: دھمکانا۔

بَرِقَت (ن) بَرَقًا وبَرَقَتْ وأَبْرَقَتْ۔ المرأة: آراستہ ہونا۔

بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔

بَرَّقَهُ۔ آراستہ کرنا۔ بَرَّقَ عَیْنَیْهِ وبِعَیْنَیْهِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔

أَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا ـــ بِسَیْفِهِ: چمکانا ـــ عَنْ وَجْهِهِ: ہٹانا۔ أَبْرَقَتِ السِّمَارُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔

البَرْق: بجلی ج بُرُوق۔ کہا جاتا ہے "بَرْقٌ خُلَّبٌ وبَرْقٌ خُلَّبٌ وبرقُ الخُلَّبِ" بے بارش کی بجلی۔

البَارِقَةُ: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔ سَحَابَةٌ (بَرَّاقَة) بجلی والی بدلی۔

البَرْقَة: دہشت۔ خوف۔

البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ ج أَبْرَاق وبُرْقان۔

البُرْق: گوہ۔

رَجُلٌ (بَرُوق) بُرُول۔

البُرْقَة: ج بُرَق و (الأَبْرَق) ج أَبَارِق: سخت زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر (أُبَیْرِق) ہے۔ الأَبْرَق: سیاہ سفید رنگ والا۔

البُرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

التَّبَارِیق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔

مَبْرَق۔ الصبح: صبح طلوع ہونے کی جگہ ج مَبَارِق ومَبَارِیق۔

بَرَغَ بَرْغَةً وتَبَرْقَعَ۔ وَجْهُهُ: بدصورت ہونا ـــ الثَّوْبُ: آلودہ ہونا۔

بَرْقَشَهُ بَرْقَشَةً: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا ـــ فی الکَلَام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔

تَبَرْقَشَ: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا

البِرْقِش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔

أَبُو بَرَاقِش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور پیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں

البَرْقَش: پرانا جوتا۔

بَرْقَطَ: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا ـــ الکَلَام: بے ترتیب بولنا۔

بَرْقَعَهَا: برقع اوڑھانا۔

تَبَرْقَعَتْ: برقع اوڑھنا۔

البُرْقُع: برقع۔

بَرْقَلَ: جھوٹ بولنا۔

البَرْقَلَة: قول جو عمل سے خالی ہو۔

البُرْقَیْل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔

البُرْقُوق: شفتالو۔

بَرَكَ (ن) بُرُوكًا وتَبْرَاكًا وبَرَّكَ و إِسْتَبْرَكَ۔ البَعِیرُ: بیٹھنا۔ بَرَّكَ بالمکان: اقامت کرنا۔

بَرَّكَ۔ فِیهِ: برکت کی دعا کرنا۔

بَارَكَ۔ الرَّجُلَ: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا بَارَكَ اللهُ لَكَ وَفِیكَ وعَلَیْكَ وبَارَكَ: برکت دینا۔ بولتے ہیں "بَارَكَ عَلَى الأَنْبِیَاءِ وَآلِهِمْ" یعنی انکی عزت وعظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ اور بُورِكَ فِیكَ اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

أَبْرَكَهُ: اونٹ کو بٹھانا۔

تَبَرَّكَ۔ بِهِ: برکت حاصل کرنا۔

تَبَارَكَ۔ بِهِ: نیک شگون لینا ـــ اللهُ:

مقدس ہونا۔
اِبْتَرَكَ۔ القوم: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَكُوا فی العَدْو: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا
—— فُلَانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا
—— فی عرضہ وعلیہ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔
اِسْتَبْرَكَ: برکت کی فال لینا۔
اَلْبَرْك۔ سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارک) مونث (بارِکَۃ) ج بُرُوک۔
اَلْبَرَكَۃ: زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو
اَلْبُرْكَۃ: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِرَک۔ دودھ دینے والی بکری۔ ج بُرُکات۔
اَلْبُرْكَۃ: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔
اَلْبَرِيك: اونٹ۔
اَلْبَارُوك: بزدل۔ کابوس۔
اَلْبَرَّاك: پسائی لینے والا۔ پینے والا۔
اَلْمَبْرَك: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے: "لَيْسَ بِفُلَانٍ مَبْرَكُ جَمَلٍ" یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔
اَلْبَرُوكَۃ۔ مادہ سیہی۔
اَلْبُرْكَار واَلْبَيْكَار۔ پرکار۔ (جدید)
اَلْبُرْكَان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالامکھی (جدید)
بَرْكَعَ: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَرْكَعَ الفَرَسُ: چارں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔
بَرْكَعَ وتَبَرْكَعَ۔ الرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔
اَلْبُرْكُع۔ پست قد مرد۔
جُوعٌ (بُرْكُوعٌ) سخت بھوک۔
بَرَمَ (ن) بَرْمًا وبَرَمَ۔ الحَبْلَ: دو لڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوم وبَرِيم) —— الامر: مضبوط کرنا۔
بَرِمَ (س) بَرَمًا۔ تنگدل ہونا۔ زچ ہونا۔
—— بِحُجَّۃٍ: دلیل کا نہ ملنا۔
اَبْرَمَ۔ الحَبْلَ: بمعنی برم الحبل۔ ہ: زچ کرنا۔ —— عَلَيْهِ فِي الجِدَالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔
تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔
اِنْبَرَمَ۔ الحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔
اَلْبَرَم۔ درخت غضاہ کا پھل (دیکھئے غضاہ)
بَخِيل لَئِيم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔
اَلْبُرْمَۃ: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم وبِرَام۔
اَلْبُرُم: بداخلاق لوگ۔
اَلْبُرَام: چیچڑی۔ ج اَبْرِمَہ۔
اَلْبَرَّام۔ رسّی بٹنے والا۔
اَلْبَرِيجُ واَلْبَرَام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسّی۔ البریم۔ لشکر۔
اَلْبَرِيمَۃ: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
اَلْمِبْرَم۔ تکلہ۔ ج مَبَارِم۔
اَلْمُبْرَم۔ مفع قضار۔ مُبْرَم: اٹل فیصلہ
اَلْبِرْمِيل۔ پیپہ۔ ج بَرَامِيل۔ (جدید)
اَلْبِرْنَامَج۔ میزانیہ۔ بجٹ (جدید)
بَرْنَسَ: برنس پہننا۔
تَبَرْنَسَ۔ برنس پہننا۔
اَلْبُرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
اَلْبُرْنِيطَۃ: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (جدید)
اَلْبَرْنِيَّۃ: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِيّ
بَرِهَ (س) بَرَهًا۔ بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا صفت (ابْرَہ) مونث (برہاء) ج بُرْہ۔
اَبْرَهَ۔ دلیل لانا۔
اَلْبُرْهَۃ واَلْبَرْهَۃ: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَہ وبُرْہات۔
اَلْبَرَاهِمَۃ: ہندوؤں کی ایک ذات مفرد (برہمن)
بَرْهَنَ۔ الشَّيْءَ وعلیہ وغنہ: دلیل قائم کرنا
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلْبُرْهَان: دلیل۔ ج براہین
اَلْبَرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لئے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔
اَلْبَرْوَاق واَلْبَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْكَرُ مِنْ بُرْوَقَۃ" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔
بَرَا (دن) بَرْوًا وابْرَى اِبْرَاءً۔ الناقۃ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلْبُرَۃ: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرًى وبُرَات وبُرُن وبِرَن۔ کہا جاتا ہے: "اَعْطَتْهُ الدُّنْيَا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔
بَرَى (ض) بَرْيًا واِبْتَرَى۔ السَّهْمَ او القَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِيٌّ ومَبْرِيٌّ)
—— الشَّخْصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَى۔ الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا —— اِمْرَأَتَهُ: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَى۔ مٹی لگنا۔
تَبَارَيَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّى۔ لِلْمَعْرُوفِ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَى: تراشا جانا —— لہ: پیش آنا۔
اَلْبَرِيَّ: مٹی۔
اَلْبَارِي۔ فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ القَوْسَ بَارِيهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام کو اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
اَلْبَرَايَۃ واَلْبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
اَلْبَرِيَّۃ: مخلوق۔ ج بَرَايَا۔
اَلْاِبْرِيَۃ واَلتِّبْرِيَۃ: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
اَلْبَرَّاءَۃ واَلْمِبْرَاءُ واَلْمِبْرَاۃُ: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّ (ن) بَزًّا وبِزَّيَى۔ چھیننا۔ غالب ہونا —— الشَّيْءَ منہ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ۔ منہ الشَّيْءَ: زبردستی چھین لینا۔

البَزُّ: کتان یا روئی کے کپڑے ہتھیار۔ ج بُزُوز۔
البِزَّۃ: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
البَزَّاز: پارچہ فروش۔
البِزَّازَۃ: پارچہ فروشی۔
البَرَّابُورْط: پاسپورٹ (جدید) پروانۂ راہداری۔ اس کیلئے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
البَزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جوفدار سلاخ۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ــ عَلٰی فُلَانٍ: بھڑکانا۔ اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا
بَزَّجَ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا: ظَهْرَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے پشت پر مارنا ــ فُلَانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ: عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔ تَبَازَخَتِ الْمَرْاَۃُ: بڑے سرین والی ہونا
بَزَّخَ ـ لَہٗ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا: الْحُبُوْبَ: بونا۔ بیج چھیٹنا (ــ وَبُزُرًا) الْقِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الْاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں فُلَانٌ بَزَرَ کَلَامَہٗ وَتَوَبَّزَ: فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا۔
البِزْر: بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَۃ) ج بُزُوْر۔ مسالہ۔ ج اَبَازِیر۔ ج اَبَازِیر کہتے ہیں مَشَی لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَبَازِیرُکَ یعنی مجھ جیسے پر تمہاری گیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البُزُر: رینٹ۔
المِبْزَار (البُزَّار) بہت اولاد والی عورت
البَزَّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔
البَیْزَر: سل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (ــ و البَیْزَر) دھوبی کی موگری۔
البَیْزَار: باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ ج بیازرۃ (معرب)
بَزَعَ (ک) بَزَاعَۃً۔ الْغُلَامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِیع) مؤنث (بَزِیعَۃ)
تَبَزَّعَ۔ الْغُلَامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔
ــ الشَّرُّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
البُزَاع: بغیر جھجھک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (ــ والبَزِیعُ) مِنَ الْغِلْمَانِ: تیز خاطر چرب زبان لڑکا۔ البَزِیعُ: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا وَبُزُوغًا۔ الشَّمْسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الْحَاجِمُ: نشتر لگانا دَمَہٗ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ: الرَّبِیعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔ نُجُومٌ (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے ستارے
المِبْزَغ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا تھوکنا ــ الارضَ: بونا
البُزَاق: تھوک۔
البُزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد۔ بُزَّاقَۃ
بَزَلَ (ن) بَزْلًا وَبَزَلَ۔ الشَّیْءَ: سوراخ کرنا ــ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ بَزَلَ الْاَمْرَ: کسی کام کو کر گزرنا ــ رَاْیَہٗ: کوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُزُولًا۔ الْبَعِیرُ: اونٹ کا جوان ہونا ــ نَابُ الْبَعِیرِ: کچلی کا نکلنا صفت مذکر و مؤنث (بَازِلٌ) ج بُوَازِل وبُزَّل وبُزُل
تَبَزَّلَ وَابْتَزَلَ: سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ وَابْتَزَلَ: الْخَمْرُ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا ــ الْجَسَدُ: جسم سے خون ٹپکنا
ــ السِّقَاءُ: مشک کا ٹپکنا۔
اِسْتَبْزَلَ۔ الشَّیْءَ: کھولنا ــ الْخَمْرَ: صاف کرنا۔
البَزْل۔ سختی۔
البُزْل: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
البِزَال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
البُزَال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
البَازِل: اونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد کہتے ہیں رُمِیَ بِاَشْہَبَ بَازِلٍ۔ وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
البَزْلَاءُ: بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے اِمْرَاَۃٌ بَزْلَاءُ الرَّاْیِ "عمدہ رائے والی عورت"۔ وَخُطَّۃٌ بَزْلَاءُ "صاف و واضح طریق کا"
المِبْزَل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
رَجُلٌ (تِبْزِلَّۃٌ وتِبْزِلَّۃٌ) مرد کوتاہ قامت
بَزَمَ (ن ض) بَزْمًا۔ عَلَیْہِ: اگلے دانتوں سے کاٹنا ــ بالشَّیْءِ: اٹھانا ــ فُلَانًا ثَوْبَہٗ: چھین لینا ــ الناقۃ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا ــ وتر القوس: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
البَزِیم: ساگ یا ترکاری وغیرہ کا مٹھا باندھنے کے لئے پتے یا چھلکا۔
المِبْزَم: دانت۔
بَزِمَ بَزَمَۃً۔ تکبر کرنا۔
بَزَّ (ن) بَزْوًا۔ علیہ: دراز دستی کرنا (بَزَاہُ وَاَبْزَاہُ وَاَبْزَی بِہٖ) غالب آنا (بَزَا وَبَزِیَ یَبْزَی بَزًا وَاَبْزَی اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَی) مؤنث بَزْوَاء۔
تَبَازَی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
البَزْو: مثل و نظیر
البَزِیّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ بَزِیُّ" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
البَزَاء۔ ڈینگ۔
البَاز والبَازِی: باز۔
بَسَّ (ن) بَسًّا وَاَبَسَّ۔ الْاِبِلَ: آہستہ آہستہ

ہانکنا اور بس بس کہنا۔ بَسَّ المالَ فی البلادِ: مال کا پھیلا دینا۔ بَسَّ السَّوِیقَ: گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا ــــ القومَ عنہ: دھتکارنا وأبَسَّ بالناقۃِ: دوہنے کے لئے چمکارنا۔

اِنْبَسَّ: زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔

البَسّ والبِسّ: بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس

البَسِیس: تھوڑا کھانا۔

البَسِیسَۃ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔

البَسُوس: اونٹنی جو بغیر بس بس کہے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس۔

بِسْ بِسْ وبُسْ بُسْ: بکریوں، اونٹوں بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لئے کلمہ۔

بَسْبَسَ: بالغنم او الابل: بس بس کہہ کے بلانا ــــ بہ کسی سے بس کہنا۔

البَسْبَس: بیابان بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس۔ ترجمہات البَسَابِس والتُّرَّہات البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔

البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتِین (جدید)

البُسْتَانِی: باغ والا۔ باغبان۔ البُسْتَانِی مِنَ النباتِ: لگائے ہوئے پودے۔

بَسَتَ (ن) بَسْتًا: چلنا۔ کشادہ قدم رکھنا دوڑنے میں سبقت کرنا۔

البَسْتَق: خادم

البُسْتُوقَۃ: مٹی کا مرتبان۔

بَسَرَہ (ن) بَسْرًا: جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا ــــ وأبْسَرَ) القرحۃ: پکوڑ کر باندھنا ــــ الحاجۃ: بے وقت طلب کرنا ــــ النخلۃ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا ــــ انبات: ترگھاس چرانا۔ وابْسَرَ النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَرَ (ن) بَسْرًا وبُسُورًا: ترش رو ہونا۔ صفت (باسِر) او۔ اسی وجہ سے شیر کو (البُسُور) کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ وابْتَسَرَ۔ الحاجۃ: بے وقت طلب کرنا۔ اِبْتَسَرَ بالأمرِ: شروع کرنا ــــ الشیءَ: تازہ لینا۔ اُبْتُسِرَ لَوْنُہٗ: بدل جانا۔

البُسْر: ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وَجْہٌ بُسْرٌ" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَۃ ج بِسَارٌ۔ البُسْرَۃ: طلوع کے وقت کا آفتاب

البَاسُور ج بَوَاسِیرُ: بواسیر کی بیماری۔

المَبْسُور: بواسیر کی بیماری والا۔

المُبَشِّرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ (ن) بَسْطًا۔ الثوبَ: پھیلانا ــــ الرجلَ: کسی کا دل بڑھانا ــــ الیدَ: ہاتھ کشادہ کرنا ــــ العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا ــــ المکانُ القومَ: وسیع ہونا ــــ فلانًا علیہ: فضیلت دینا ــــ السیفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَسَاطَۃً: بسیط ہونا۔ پُرمذاق ہونا۔

بَسْط۔ الثوبَ: پھیلانا۔

بَاسَطَہٗ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔

تَبَسَّطَ وانْبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِط: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاسِطَۃ: دور کی مسافت۔

یَدٌ (بَسْطٌ وبُسْطٌ) کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسْطَۃ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بَسْطَۃُ العَیْشِ: فراخی زندگانی۔

البِسَاط: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط

البَسَاط: کشادہ زمین۔

البَسِیط۔ مفرد۔ کشادہ زمین۔ پُرمذاق

بَسِیطُ الوَجْہِ: کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔

بَسِیطُ الیَدَیْنِ: فیاض) سخی۔ ج بُسَطَاء۔

البَسِیطَۃ۔ زمین۔ زمین کا ہموار حصہ

بَسَقَ (ن) بَسْقًا۔ تھوکنا۔

بَسَقَ (ن) بُسُوقًا۔ النخلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) ــــ أصحابَہٗ وعلی أصحابِہٖ: فضیلت میں بڑھ جانا ــــ فی علمہٖ: ماہر ہونا۔

بَسَّقَہٗ: لمبا کرنا۔

تَبَسَّقَ۔ لمبا ہونا۔

البَاسِقَۃ۔ مونث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج بَوَاسِق۔ وبَوَاسِقُ السَّحَاب: ابتدائی بادل۔

بَسُلَ (ک) بَسَالًا وبَسَالَۃً: بہادر ہونا صفت (بَسُولٌ وباسِلٌ)۔ ج بُسَّلٌ وبُسَلَاء وبُسْلٌ۔

بَسَلَ (ن) بُسُولًا۔ الرجلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَسْلٌ وبَسِیلٌ) ــــ النَّبِیذُ: نبیذ کا تیز ہونا ــــ اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

بَسَلَہٗ (ن) بَسْلًا۔ ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا ــــ عن حاجتہٖ: منع کرنا۔ روکنا

أبْسَلَہٗ: ہلاکت کیلئے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا ــــ اللہُ الشیءَ: حرام کرنا ــــ ہٗ لِکَذَا: پیش کرنا۔ أبْسَلَ نَفْسَہٗ لِلْمَوْتِ: مرنے کیلئے تیار ہو جانا۔

بَسَّلَہٗ: ناپسندیدہ بنا دینا۔ بَسَّلَ وابْتَسَلَ نفسَہٗ لِلْمَوْتِ: اپنے آپ کو موت کیلئے پیش کر دینا۔

بَاسَلَہٗ: لڑائی میں حملہ کرنا۔

تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کیلئے جنگ میں کود پڑنا۔

البَسْل: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مونث مساوی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ہذا بسلٌ علیک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بَسْلَاءُ" اس کیلئے خرابی ہو۔

البَاسِل۔ شیر۔ ج بَوَاسِل۔ اور کہا جاتا ہے "یومٌ باسِلٌ" سخت دن۔ وغضبٌ باسِلٌ

تیز غصہ۔
البَسُوْل: شیر۔
البَسَالَۃُ: دلیری۔ بہادری۔ کراہت۔
البِسِلّی: ایک قسم کی نباتات۔
البَسِیْلُ: حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔
البَسِیْلَۃ: لحمی۔ کسی چیز کا بقیہ۔
البُسْلَۃ: افسوس کرنے والے کی اُجرت
بَسَمَ (ض) بَسْمًا وتَبَسَّمَ وابْتَسَمَ: مسکرانا۔ صفت (بَاسِم ومُتَبَسِّم)
المَبْسِم: دانت۔ ج مَبَاسِمُ۔
البَسَّام والمِبْسَام: بہت مسکرانیوالا
بَسْمَلَ۔ بسم اللہ کہنا۔
اَبْسَنَ۔ خوش رنگ وخوش وضع ہونا۔
البَاسِنَۃ۔ کاریگروں کے آلات۔ ہل کا پھار۔ ج بَاسِنٌ۔
بَشَّ (س) بَشًّا وبَشَاشَۃً: ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رُو ہونا — للشیٔ: کسی چیز کو دیکھکر بشاشت ظاہر کرنا — بالصدیق: دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت (بَشٌّ وبَاشٌّ وبَشُوْشٌ وبَشَّاشٌ)
اَبَشَّتِ: الارض: نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔
بَشْبَشَ۔ الرَّجُلُ: بشاشت ظاہر کرنا۔
تَبَشْبَشَ۔ بہ: کسی سے کشادہ رُوئی سے پیش آنا۔
البِشْتَخْتَۃ۔ چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا۔ الجِلْدَ: چمڑا چھیل دینا۔ — الشَّارِبَ: مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر کردینا — الجِرَادُ الاَرْضَ: ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔
بَشَرَ (ض) وبَشِرَ (س) واَبْشَرَ واسْتَبْشَرَ بہ: خوش ہونا۔ اَبْشَرَتِ الاَرْضُ: اگھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے "بَشَرَنِی بِوَجْہٍ حَسَنٍ" وہ مجھ سے کشادہ رُوئی سے ملا۔
بَشَّرَہٗ: خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔
اَبْشَرَ: فُلَانًا: خوشخبری دینا۔ خوش ہونا۔ قرآن میں ہے۔ وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِی کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ — الاَمْرُ وجْہَہٗ: حسین پُر رونق بنا دینا — الشَّیْءَ: پھیلنا۔
بَاشَرَ۔ الاَمْرَ: کسی کام کو خود کرنا۔ باشَرَہُ النَّعِیْمُ: نعمتوں میں پلنا — المَرْأَۃَ: جماع کرنا
تَبَاشَرُوْا۔ بالاَمْرِ: ایک دُوسرے کو خوش خبری دینا۔
البِشْر: چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔
البَشِیْر: خوش خبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء
البَشَارَۃ: حسن وجمال۔
البُشَارَۃ: کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
البِشَارَۃ: خوشخبری۔ ج بِشَارَات وبُشَارٰی۔
بُشَارُ الوَجْہِ: چہرہ کی خوبیاں۔ بُشَارُ الصُّبْحِ: آغاز صبح۔
البُشَار: کمینہ آدمی۔
البَشَر: انسان (مذکر، مونث، واحد، جمع) اَبُو البَشَرِ: حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔
البَشَرَۃ: کھال کا اوپر کا حصہ، ساگ گھاس۔ ج بُشَرٌ۔
البَشَائِر: خوش خبری۔ ہر چیز کی ابتدا
البُشْرٰی: خوشخبری۔
المُبَشِّرَات: بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔
بَشِعَ (س) بَشَعًا وبَشَاعَۃً۔ الشَّیْءُ: بدمزہ ہونا — المَرْءُ: زشت رو ہونا — فُلَانٌ بِالاَمْرِ: ضیق میں ہونا۔
تَبَشَّعَ: بے مزہ ہونا، بدصورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔
اِسْتَبْشَعَہٗ۔ بے مزہ سمجھنا۔
بَشَقَہٗ (ض) وبَشِقَہٗ (س) بَشْقًا بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
البَاشِق: ایک شکاری پرندہ۔ ج بَوَاشِق
بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔
البُجَر: گھڑنا — الثَّوْبَ: دور دور سینا۔ — فِی عَمَلِہٖ: بُرے طریقہ سے کرنا۔
اِبْتَشَكَ: جھوٹ بولنا۔ الکلام: گھڑ لینا۔
البَشَّاك: بڑا جھوٹا۔
بَشِمَ (س) بَشَمًا۔ مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا — مِنَ الشَّیْءِ: اُکتا جانا۔ صفت (بَشِم)
البَشَام: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَۃٌ ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ البَلْسَان کہتے ہیں۔
بَصَّ (ض) بَصِیْصًا وبَصًّا: چمکنا روشن ہونا — المَارُّ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِیْ بِیَسِیْرٍ" اس نے مجھے تھوڑا دیا۔
بَصَّصَ: البَرْوُ: بچے کا آنکھیں کھولنا۔ — الارض: اگھوا نکلنا — الشَّجَرَۃُ: کونپل نکلنا
البَصَّاصَۃ: آنکھ۔
البَصِیْص۔ چمک کپکپی۔ اور اسی سے ہے "اَفْلَتَ وَلَہٗ بَصِیْصٌ"
بَصْبَصَ بَصْبَصَۃً۔ بمعنی بَصَّصَ۔
(— وتَبَصْبَصَ) الکَلْبُ: دُم ہلانا — فُلَانٌ: چاپلوسی کرنا۔
بَصُرَ (ک) بَصَرًا (س) بَصَارَۃً وبَصَارَۃً وبِہٖ: جاننا۔ دیکھنا۔
بَصَّرَ (ن) بَصْرًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
بَصَّرَہٗ: الاَمْرَ: پہچنوانا۔ معلوم کرانا۔ وبَصَّرَہٗ بصرہ میں آنا — البَرْوُ: بچے کا آنکھیں کھولنا۔
بَاصَرَ۔ الشَّیْءَ: دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَبْصَرَہٗ: دیکھنا۔ بینا بنانا — الرَّجُلُ: بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطَّرِیْقُ: واضح ونمایاں ہونا۔
تَبَصَّرَ: الشَّیْءَ: غور سے دیکھنا — فِی الشَّیْءِ: سوچنا غور کرنا۔
تَبَاصَرُوْا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

إستَبصَرَ - الأمرُ: ظاہر ہونا — الأمرَ: ظاہر کرنا - اچھی طرح دیکھنا — فیہ: سوچنا غور کرنا۔

البَصَر: دیکھنے کی قوت - آنکھ علم - ج ابصار کہا جاتا ہے "آتیتہ بین سمع الارض وبصرہا" میں اس کے پاس اُسوقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی۔

البَصرَۃ: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ وفرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے

البَصْرتان: بصرہ وکوفہ - والبَصْرۃ: سخت زمین لیسدار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں - ج بِصار

البَصِیر: دانا - بینا - ج بُصَراء -

البَصِیرۃ - عقل - زیرکی - دانائی - عبرت شاہد - حجت - کہا جاتا ہے "جوارحہ بصیرۃ علیہ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں - و "فراسۃ ذات بصیرۃ" سچی فراست۔

البَاصِرَۃ: آنکھ - ج بَواصِر - کہتے ہیں "خیر النشار بواصرہ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھا لیا جائے۔

البَاصِر: چھوٹا گول پالان - ج بواصر -

البُصر: کنارہ - روئی - چھال - بُصْرُ کلِّ شیٔ: موٹائی - حدیث میں ہے "بُصْرُ کلِّ سماءٍ مسیرۃ خمسمائۃ عام" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔

البُصر - نرم سفید پتھر -

المُبصِر والمبصِرۃ: واضح روشن دلیل -

المُبصِر: نگہبان - کہا جاتا ہے "رتبتُ علی بُستانی مُبصِرًا" میں نے اپنے باغ کیلئے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَہ (ف) بَصْعًا - جمع کرنا — الماءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

البِصْع: رات کا کچھ حصہ -

البَصْع - بے وقوف - انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ -

البَصِیع: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔

ج - بُصُع -

الأبصَع: بیوقوف - اسکو تاکید کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "أخذتُ حقی أجمعَ أبصعَ" مونث (بَصعاء) ج أبصَعُونَ و بُصْعٌ - اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔

بَصَقَ (ن) بَصْقًا - تھوکنا — الشاۃ: حاملہ بکری کو دوہنا۔

البُصَاق: تھوک - اور جب تک مُنہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں۔

البَصْقَۃ - بلند سنگلاخ زمین - ج بِصاق -

بَصَّلَہ وتبصَّلَہ - مِن ثیابہ: ننگا کرنا -

تبصَّلَ - القِشرُ: چھلکے کا موٹا ہونا -

البَصَل: پیاز - واحد بَصَلَۃ - البَصَلَۃ: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خرجوا کأنہم الأصلُ دعلی رؤوسہم البصل" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں - اس قول میں اصل جمع أصلۃ کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَصَلُ الفأرِ: جنگلی پیاز - عوام اس کو بِصِّیلۃ کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن) بَصْمًا - القماش: سامان پر علامت لگانا -

البُصْم - خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ - ثوب ذو بُصْم: موٹا غف کپڑا -

رجل ذو بصم: موٹا مرد -

البُصْمَۃ: علامت -

البُصَان والبُصّان - ماہ ربیع الآخر ج بُصانات وأبصنۃ -

بَصَأ (ن) بَصْوًا - عزیمہ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا -

البَصْوَۃ - چنگاری - انگارہ -

بَضَّ (ض، س) بَضاضۃ وبَضُوضۃ: موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا - صفت (بَضّ وباضّ وبَضِیض) مونث بَضّۃ وباضّۃ وبَضِیضۃ -

بَضَّ (ض) بَضًّا وبُضُوضًا وبَضِیضًا الماءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا — الحجرُ: پانی رسنا بخیل کیلئے کہا جاتا ہے "فلانٌ ما یَبِضُّ حجرُہ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

— العینُ: آنسو نکلنا کہا جاتا ہے "فلانٌ ما تَبِضُّ عینُہ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا - یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنیوالا ہے — أوتارَ العُودِ: بجانے کے لئے چھیڑنا۔

— لہ: دینا -

بَضَضًا وبُضاضَۃً - تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا -

أبَضَّ - لہ: تھوڑی سی چیز دینا -

بَضَضَ تبضیضًا: ناز ونعمت کی زندگی بسر کرنا -

إبتَضَّ - القومُ: ساری قوم کو تباہ کر دینا

تبَضَّضَ - فلانًا: سب کچھ لے لینا -

حقہ من فلانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا -

بئرٌ بَضُوضٌ: کم پانی والا کنواں - ج بِضاض

البَضَض والبُضاضۃ: تھوڑا پانی -

البَضّ: موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا - مونث بَضّۃ - البَضّ والبَضّۃ: کھٹا دودھ -

البَضِیضَۃ - جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو - کہا جاتا ہے "أخرجتُ لہ بَضِیضَتی" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اُسے دیدیں -

البَضَرَۃ: رائگاں - اور اسی سے ہے - "ذہبَ دمُہ بِضرًا مِضرًا" اس کا خون رائگاں گیا -

بَضَعَ (ف) بَضْعًا وبَضَعَ - الشیٔ: کاٹنا - چیرنا - نشتر لگانا -

بَضَعَ (ف) بُضُوعًا - الکلامَ: سمجھنا — الکلامُ: واضح ہونا — مِن فلانٍ: اُکتا جانا - تنگ دل ہونا -

أبضَعَہ - الکلامَ: واضح طور سے بیان کرنا

أَبْضَعَ الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا — المَرْأَةَ: نکاح کرنا — الماءُ فلانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ واسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا۔
الشَّيْءَ: سرمایہ بنانا۔ تَبَضَّعَ العَرَقُ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ اِسْتَبْضَعَ الرجلَ الشَّيْءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔
اِنْبَضَعَ: کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔
بَاضَعَ مُبَاضَعَةً وبِضَاعًا: المرأة: جماع کرنا۔
اَلْبَاضِعُ: لوگوں کے سامان کو اٹھانیوالا شمشیر بُراں۔
اَلْمِبْضَعُ: نشتر۔ ج مَبَاضِعُ۔
اَلْأَبْضَعُ: مِنَ الرِّجَالِ: لاغر۔
البِضْعَةُ والبَضْعَةُ: گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَعٌ وبَضْعٌ وبِضَاعٌ وبِضَعَاتٌ۔
البِضْعُ والبَضْعُ: رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے۔ بِضْعَ سِنِينَ وبِضْعَ عَشْرَةَ مِنَ النِّسَاءِ وبِضْعٌ وعَشْرُونَ امْرَأَةً اور مذکر کیلئے بِضْعَةَ عَشَرَ مِنَ الرِّجَالِ و بِضْعَةٌ وعِشْرُونَ اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لئے عِشْرُونَ وبِضْعٌ کہنا جائز نہیں۔
البَضِيعُ: گوشت۔ جزیرہ۔
البِضَاعَةُ: سرمایہ۔ پونجی۔ ج بِضَائِعُ۔
بَضَمَ (ن) بَضْمًا: الزَّرْعُ: موٹے دانہ والا ہونا۔
البُضْمُ: خوشہ۔ نفس۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَ كَرِيمُ البُضْمِ "وہ کریم النفس ہے"۔
بَطَّ (ن) بَطًّا: الجرحَ: زخم کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔
بَطَّطَ: عاجز ہونا۔ تھکنا۔
البَطُّ: واحد (البَطَّة) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوطٌ وبِطَاطٌ۔
البَطَّة: بطخ کے شکل کی شیشی۔
المِبَطُّ: ج مَبَاطُّ و (المِبَطَّة) نشتر۔ شگاف دینے کا اوزار۔

البَطَاطَا: آلو (جدید)
بَطْبَطَ: البَطُّ: آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا — الرَّجُلُ: کمزور رائے والا ہونا۔
بَطُؤَ (ک) بُطْأً وبَطَاءً وبُطُوءً او بَطْأً: دیر کرنا۔ صفت (بَطِيءٌ) مونث بَطِيئَةٌ۔ ج بِطَاءٌ
أَبْطَأَ وبَطَّأَ: علیہ بالأمر: دیر کرنا۔ موخر کرنا۔
بَاطَأَهُ: ٹال مٹول کرنا۔
تَبَطَّأَ وتَبَاطَأَ: فی سیرہ: پیچھے رہنا۔
اِسْتَبْطَأَهُ: دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا
المُبَطِّئَةُ: باعث دیری۔
بَطَحَهُ (ف) بَطْحًا: بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔
بَطَّحَ: البيتَ: سنگریزے بچھا کر ہموار کرنا۔
تَبَطَّحَ وانْبَطَحَ واسْتَبْطَحَ: الوادي: پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ اِنْبَطَحَ الرجلُ: منہ کے بل گرنا
البَاطِحُ: فا۔ منہ کے بل گرنے والا۔
البَطْحَاءُ ج بِطَاحٌ وبُطَحَاوَاتٌ و (الأَبْطَحُ) ج أَبَاطِحُ۔ والبَطِيحَةُ) ج بُطَاحٌ و (البَطْحُ) کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔
البَطْحَةُ: قد وقامت۔ مسافت۔
البُطْحَةُ: خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هذه بُطْحَةُ صِدْقٍ"
البُطَاحُ: ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے۔ اور اسی سے ہے (البُطَاحِيُّ)
بَطَخَهُ (ف) بَطْخًا: چاٹنا۔
أَبْطَخُ: بہت خربوزے والا ہونا۔
البِطِّيخُ: خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بِطِّيخَةٌ۔
المَبْطَخَةُ: خربوزوں کی فالیز۔ ج مَبَاطِخُ
بَطَرَهُ (ن ض) بَطْرًا: چیرنا۔ شگاف دینا۔ صفت مفعولی (مَبْطُورٌ وبَطِيرٌ)
بَطِرَ (س) بَطَرًا: زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا — الحقَّ: تکبر سے قبول نہ کرنا — الشيءَ: ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو — النِّعْمَةَ: جہالت یا تکبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔
صفت (بَطِرٌ)
أَبْطَرَهُ: دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے ہیں "أَبْطَرَهُ ذَرْعُهُ" اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا "ذَرْعَهُ أَبْطَرَهُ" کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔
بَطْرًا: رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بَطْرًا" اس کا خون رائگاں گیا۔
بَيْطَرَ: الدابَّةَ: جانور کا علاج کرنا۔ نعلبندی کرنا۔ صفت (مُبَيْطِرٌ وبَيْطَرٌ وبَيْطَارٌ) ج بَيَاطِرَةٌ۔
البَيْطَرَةُ: سالوتری کا پیشہ۔
البِطْرِيرُ: زبان دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مونث بطريرة۔
البَطْرَشِيلُ والبَطْرَشِينُ: ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔
البِطْرِيقُ: رومیوں کا جرنیل۔ ج بَطَارِقُ وبطاريق وبَطَارِقَةٌ۔
البُطَارِقُ: لمبا۔
البَطْرَكُ والبَطْرِيرَكُ والبَطْرِيكُ: پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بَطَارِكَةٌ وبَطَارِيكُ۔
بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا: بہ: سختی سے پکڑنا — عليه: حملہ کرنا، ٹوٹ پڑنا صفت (بَاطِشٌ) وبَطَّاشٌ وبَطِيشٌ) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَطَّاشٌ فِي العِلْمِ بِبَاعٍ بَسِيطٍ" یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کر لیتا ہے۔
بَاطَشَهُ: ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔
الأَبْطَحُ: وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔
البِطَاقَةُ: خط، پرچہ، پرزہ۔ بِطَاقَةُ الثَّوْبِ:

کاغذ کی وہ چٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق۔

بَطَل (ن) بُطْلاً وبُطُولاً وبُطْلاناً۔ فاسد ہونا۔ بیکار رہنا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (— بَطَالَۃٌ) فی کلامہ: تمسخر کرنا۔ — الفاعلُ من العمل: بیکار رہنا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَۃً وبُطُولَۃً: دلیر ہونا بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج اَبْطَال۔ مونث بَطَلَۃ۔ ج بَطَلات۔

بَطَّلَ: باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ: لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) — الشیءَ: ضائع کر دینا۔ باطل کرنا — الرجلُ: تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ: بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوا بَیْنَہُمْ" انھوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل امور کیے۔

البَطَالَۃ: بیکاری۔ کام سے فراغت

البَطَالَۃ۔ بہادری۔

البَاطِل۔ فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِیل شیطان جادوگر۔ ج بَطَلَۃ۔

البُطْل: باطل۔ جھوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہُ بُطْلاً" اس کا خون رائگاں گیا۔

البُطْلان: لغویات۔ فضولیات۔

الاَبْطَالَۃ والاُبْطُولَۃ: باطل۔

البُطْم والبُطُم۔ بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ف) بُطُوناً وبَطْناً۔ پوشیدہ ہونا صفت (بَاطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْناً: الوادیَ: داخل ہونا — ہ دلہ: پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الامرَ: کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (— بُطُوناً وبَطَانَۃً) بفلان ومنہ: کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِرَ (س) بَطَناً وبُطْناً (ک) بَطَانَۃً بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ وبَطِینٌ و مِبْطَانٌ)

بُطِنَ بَطَناً: مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُون۔

بَطَّنَ واَبْطَنَ۔ الثوبَ: استر لگانا۔ الدابۃَ: تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشیءَ: پوشیدہ کرنا

بَاطَنَہٗ۔ سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ: المکانُ: دور ہونا۔

تَبَطَّنَ واسْتَبْطَنَ: الشیءَ: اندر داخل ہونا — الامرَ: معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن: پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الاَرْض: زمین کا پست حصہ — من القوم: گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُون واَبْطُن وبُطْنان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَۃُ ذَا بَطْنِہَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ وصَاحَتْ عَصَافِیرُ بَطْنِہٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن: پیٹ کی بیماری۔

البَطِن: حریص جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَۃ: دبر۔

البِطْنَۃ: زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پری۔

البِطَان: ج اَبْطِنَۃ وبُطُن: تنگ، جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانیکے لئے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ عَرِیضُ البِطَانِ" فلاں غنی یا آسودہ حال ہے "وَالْتَقَتْ حَلْقَتَا البِطَانِ" معاملہ سنگین ہوگیا اور مصیبت سخت ہوگئی۔

بِطَانَۃ۔ الثوبَ: کپڑے کا استر۔

الرجل: اہل وعیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن: رازدار۔

البَاطِن: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ من الاَرْض: پست حصہ — من القدم: تلوا۔ ج اَبْطِنَۃ وبُطْنان۔

البَاطِنَۃ: بھید۔

البَطِین: دور۔ کہا جاتا ہے "شَاوٌ بَطِین" مسافت بعیدہ کیس بَطِین: بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِین: بڑے پیٹ والا۔

البُطَین: چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبْطِن: پتلے پیٹ والا۔

المُبْطَنَۃ: ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِیَۃ: بڑا پیالہ۔ شراب کیلئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطٍ۔

بَظَّ (ن) بَظّاً: العُودَ: بجانے کیلئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

اِبَظّ: الرجل: موٹا ہونا۔ صفت (بَظِیظ)

البَظّ۔ فظ "فظ" کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو فظ بظ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَراً۔ الرجلُ: غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر۔ مونث بَظْرَاء۔ ج بُظْر۔

البَظْر: انگوٹھی۔

البِظْر۔ رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ بِظْراً" اس کا خون رائگاں گیا۔

المِبْظَر۔ ختنہ کرنیوالا۔ مونث مِبْظَرَۃ۔

بَعَّ (ن ض) بَعّاً۔ المالَ: کثرت سے بہانا۔

البَعَاع۔ سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی السَّحَابُ بَعَاعَہٗ" بادل نے سارا پانی برسا دیا "اَلْقَی بَعَاعَہٗ عَلَیْہِ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

البَعْبَعَۃ۔ جلدی جلدی بولے جانا۔

البَعَابِعَۃ: فقرا جن کے پاس کچھ بھی مال وجائداد نہ ہو۔

بَعَثَہٗ (ف) بَعْثاً وتَبْعَاثاً۔ تنہا بھیجنا۔ — بہ دوسرے کیساتھ بھیجنا — ہ: برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بَعَثَہ من نومہ" اس نے اسکو نیند سے بیدار کیا۔ "بَعَثَہٗ عَلَی الشَّیءِ" اس نے اس کو فلاں کام کرنے پر اکسایا — المیتَ: دوبارہ زندہ کرنا۔ اور اسی سے

یَوْمُ البَعْثِ ہے بمعنی روزِ قیامت۔
بَعَثَ (س) بَعْثًا۔ نیند سے بیدار ہونا۔
تَبَعَّثَ۔ الشَّیْءُ: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــ الشَّعْرُ مِنہ: شعر کی آمد ہونا۔
تَبَاعَثُوا۔ علی الشَّیْءِ: ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْبَعَثَ۔ بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــ فی السیر: جلدی کرنا۔
اِبْتَعَثَہٗ۔ بھیجنا۔
البَعْث والبَعَث: فوج: ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُوث و بُعُوث۔
البَعُوث والبَعِیث۔ جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اُٹھا اٹھا دے۔
البَاعُوث: عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)
البَاعِث والبَاعِثَۃ: سبب۔ ج بواعث۔
البَعِیث والمَبْعُوث: بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔
یَوْمُ بُعَاث۔ ایک جنگ کا نام جو اوس وخزرج کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں ہوئی تھی۔
بَعْثَرَہٗ بَعْثَرَۃً۔ بکھیرنا ـــ المتاع: اُلٹنا پلٹنا۔
تَبَعْثَرَ۔ الٹا پلٹا جانا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَبَعْثَرَتْ نفسی" یعنی میرا نفس مضطرب ہوگیا اور متلی ہونے لگی۔
بَعَجَ (ف) بَعْجًا۔ البَطْنَ: پھاڑنا۔ صفت (باعج) صفت مفعولی (مَبْعُوج و بَعِیج) بعیج مذکر و مونث دونوں کیلئے مستعمل ہے۔ ج بُعْجٌ ـــ الأَرْضَ آبَارًا: بہت کنوئیں کھودنا ـــ المَطَرُ الارض بَعَّجَ فیہا: شدت وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کردینا ـــ بطنہ لہ: خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔
تَبَعَّجَ وانْبَعَجَ۔ السَّحَابُ: برس کر کھل جانا ـــ السَّیْلُ: سیلاب کا تیزی کیساتھ بڑھنا ـــ علی بالکلام: بہت زیادہ باتیں کرنا
البَاعِجَۃ: وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج۔
بَعُدَ (ک) بُعْدًا وبَعَدًا (س) بَعْدًا۔ دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد ج بُعَّد و بَعِید) مفرد وجمع دونوں کے لئے و (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدَان۔
اَبْعَدَ۔ دور ہونا۔ (اَبْعَدَہٗ وبَعَّدَہٗ وبَاعَدَہٗ) دور کرنا۔
تَبَاعَدُوا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَبَعَّدَ: دور ہونا۔
تَبَاعَدَ واِبْتَعَدَ واِسْتَبْعَدَ۔ عنہ: دور ہونا۔ اِسْتَبْعَدَ الشَّیْءَ: دور پانا یا سمجھنا۔
البُعْد والبَعْد والبُعْدَۃ۔ دوری۔ رائے و دُور اندیشی۔ بُعْدًا لہ: بددعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔
البُعَاد: بعید کی مانند صفت ہے۔ دور
بَعْدُ: ظرف زماں ہے بمعنی پیچھے۔ اور اس کے لئے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادۂ اضافت کی صورت میں مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔ اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ بَعْدُ و بَعْدًا ومِنْ بَعْدُ۔
الأَبْعَدُ۔ بہت دور۔ خیانت کرنیوالا۔ ج أَبَاعِد۔
رجل (بُعْدَۃٌ) بہت دور دور کا سفر کرنیوالا۔
بَعِرَ (س) بَعَرًا۔ الجَمَلُ: نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ ہونا۔
بَعَرَ (ف) بَعْرًا۔ مینگنی کرنا۔
بَعَرُ المِعْیٰ وأَبْعَرَہٗ وتَبَعَّرَہٗ: ساری مینگنی نکال دینا۔
البَعْر والبَعَر۔ ج أَبْعَار: مینگنی۔ واحد (بَعْرَۃٌ) ج بَعَرَات۔
البَعِیر: نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ یا اونٹنی۔ ج بُعْران وأَبْعِرَہ وج أَبَاعِر وأَبَاعِیر۔
المَبْعَر والمِبْعَر: مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔
بَعْزَقَہٗ بَعْزَقَۃً: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
بُعِصَ۔ الرِّجْلُ: پیروں سے تکلیف اٹھانا۔ صفت (مَبْعُوص)
بَعَّضَہٗ۔ حصے بنانا۔ جزر جزر کرنا۔
تَبَعَّضَ۔ جزر جزر ہونا۔
اَبْعَصَ۔ المکانُ: مچھر والی ہونا بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِص و مَبْعُوص)
بَعَضٌ۔ الشَّیْءُ: کسی چیز کا ایک جزء۔ اور کبھی ایک فرد کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "بَعْضُ اللَّیَالِی" یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج أَبْعَاض۔
البَعُوض۔ مچھر۔ واحد (بَعُوضَۃٌ)
بَعَطَ (ف) بَعْطًا۔ فی الجہل والشوم: مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا ـــ الحیوانَ: ذبح کرنا۔
اَبْعَطَ۔ فُلَانٌ: حد سے بڑھ جانا ـــ الرجلُ: طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا ـــ فی الجہل: زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا۔ المطرُ الارض: تڑپڑے سے پڑکر دراڑ ڈال دینا۔
(ـــ بُعَقًا) الجملَ: اونٹ ذبح کرنا ـــ البئرَ: کنواں کھودنا۔
بَعَّقَ۔ الزِّقَّ: مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ وانْبَعَقَ وابْتَعَقَ۔ فی الکلام: تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا ـــ السَّحَابُ: زور سے برسنا۔
البَاعِق: مؤذن۔
البُعَاق: زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔
مَبْعَقٌ: المَفَازَۃُ: بیابان میں کشادہ جگہ۔
البُعْقُط والبُعْقُوط: پست قد۔

البُعْقُوطَة: گبریلا کی گولی۔
بَعِكَ (س) بَعَكًا۔ الجسمُ: بدن کا خشک اور کھردرا ہونا۔
البَاعِكَ: بیوقوف۔
بُعْكُوكَةُ النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ـــ الصیف: گرمی ـــ البعکوکۃ: کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَةً وبُعُولَةً۔ الرَّجُلُ للمرأۃ: شوہر ہونا۔ بَعُلَتِ المرأۃ: شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلًا۔ بِأَمْرِهِ: متحیر ہونا صفت (بَعِل) مونث بَعِلَة۔
تَبَعَّلَتِ۔ المرأۃ: شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاعَلَ۔ القومُ قومًا: آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ: المکانُ: بارانی ہونا۔ الرجلُ للمرأۃ: شوہر ہونا۔
البَعْل۔ ج بُعُول وبِعال وبُعُولة: شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلة بھی کہتے ہیں۔ البَعْلُ: مالک۔ سردار کہتے ہیں "من بَعْلُ ہذہ الناقۃ" اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
البَعْلُ من الارض: بارانی زمین۔
بَعْلَبَكّ: ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے بعلبکی وبعلی۔
البَعِيم: ایک بُت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بعیم: شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَعَا يَبْعَى ويَبْعُو بَعْوًا وبَعَى يَبْعَى بَعْيًا گناہ کرنا۔ خطا کرنا ـــ ہ بالعین: نظر بد لگانا ـــ علیہم الشرّ: کسی کے ساتھ برائی کرنا ـــ الشیءَ: منگنی لینا۔
بَغَّ (ن) بَغًّا۔ الدمُ: خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً۔ البساطَ: بچھونا روندنا۔

المُبَغْبِغ: گفتگو میں گڑبڑی کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا وبَاغَتَهُ۔ اچانک آنا کہا جاتا ہے "لَسْتُ آمَنُ مِنْ بَغَاتِ العَدُوِّ" میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا۔ سبزی مائل سفید ہونا گرد آلود ہونا۔ صفت (أَبْغَث) مونث بَغْثاء۔
الأَبْغَثُ: ایک آبی پرندہ۔ ج بُغُث و أَبَاغِث۔ الأَبْغَث: شیر۔
البُغْثَة۔ سبزی مائل سفیدی۔
البَغْثَاء۔ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ دَخَلْنَا فِي البَغْثَاءِ "ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہوگئے"۔
البُغَاث: تثلیث الباء: سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سست ہوتا ہے۔ ج بِغْثان۔ عرب کے قول "إِنَّ البُغَاثَ بِأَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
البَغِيث: گیہوں۔
بَغَثَرَ۔ القومُ: جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَهُ: جدا جدا کرنا متفرق کرنا۔ بَغْثَرَتْ نفسه وتَبَغْثَرَتْ: جی متلانا۔
البَغْثَر: بیوقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
بَغْدَاد: عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینۃ السلام اور زوراء اور دار السلام بھی کہتے تھے۔
تَبَغْدَدَ۔ بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغَرًا وبَغْرًا: پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِر وبُغَر) ج بِغَار وبُغَارَى
بَغَرَتْ (ن) بُغُورًا۔ السمَاءُ: برسانا۔
ـــ النجمُ: ستارہ گرنا۔

بُغِرَتِ۔ الارضُ: بارش ہونا۔
البَغَر۔ پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (ـــ والبُغْر) سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہوگئے
البَغْرَة۔ پانی کی قوت۔
بَغَزَهُ (ف) بَغْزًا۔ لاٹھی سے مارنا۔
البَغْز: سرعت حرکت۔ چستی۔
البَاغِز: چست۔ فسق وفجور میں منہمک۔
البَاغِزِيَّة۔ حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوغَاز۔ آبنائے۔ ج بَوَاغِز۔
بَغَشَتْ (ف) بَغْشًا۔ السمَاءُ: ہلکی بارش برسانا ـــ الصبيُّ إلى أُمِّهِ: روانسا ہوکر متوجہ ہونا۔
بُغِشَتِ۔ الارضُ: ہلکی بارش پڑنا۔
البَغْشَة۔ ہلکی بارش۔
بَغَضَ وبَغُضَ (ن ک) وبَغِضَ (س) بَغَاضَةً۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ (البُغْضَى لَوْمًا البُغْضَ إِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم مَا البُغْضَى لَكَ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اسکے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب مَا البُغْضَ إِلَيَّ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔
بَغَضَّهُ إِلَيْهِ: نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔
أَبْغَضَهُ: دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔
تَبَغَّضَ۔ الیہ: دشمنی کرنا۔
تَبَاغَضُوا۔ ایک دوسرے سے دشمنی کرنا
البُغْض۔ نفرت۔ دشمنی۔
البِغْضَةُ والبَغْضَاءُ والبَغَاضَة: سخت دشمنی۔ البَغْضَة۔ دشمنی کرنے والے لوگ۔
البَغِيض۔ سخت دشمنی رکھنے والا۔
بَغَلَهُمْ (ف) بَغْلًا۔ باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔
بَغَلَ۔ بمعنی بَغِلَ ـــ فی الشیء: تھک جانا عاجز ہونا۔

البَغَل: خچر۔ ج بغال وابغال۔ مونث بَغلۃ۔ ج بَغلات وبِغال۔
البَغّال: خچر والا۔ یا خچر ہانکنے والا۔
بَغَمَتْ (ف ن ض) بُغُوْمًا وبُغَامًا و تَبَغْمَتْ۔ النَّظْبِیَۃُ: بہت نرم آواز نکالنا صفت (بَاغِمَۃٌ وبَغُوْمٌ) بَغَمَ الرَّجُلُ صَاحِبَہٗ: مبہم گفتگو کرنا۔
بَاغَمَہٗ۔ نرم آواز سے گفتگو کرنا۔
البُغَام۔ ہرن کی آواز۔
البُغْمَۃ۔ عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم۔
بَغَا (ن) بَغْوًا۔ الشَّیْءَ: غور سے دیکھنا۔ ــــ علیہ: تعدی کرنا۔ زیادتی کرنا صفت (بَغُوٌ) البَغُوَۃ۔ کچا پھل ــــ من النبات: شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔
بَغٰی (ض) بُغَاءً وبَغْیًا وبُغًی وبُغْیَۃً وبِغْیَۃً۔ الشَّیْءَ: طلب کرنا ــــ الرَّجُلُ: حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا ــــ علیہ: دراز دستی کرنا۔ ظلم کرنا۔ صفت (بَاغٍ) ج بُغَاۃ و بغیان ــــ السَّمَاءُ: سخت برسانا ــــ الامۃ: زنا کرنا ــــ الجرح: سوجنا، خراب ہونا۔ پیپ سے بھرنا۔
اِبْتَغٰی وتَبَغّٰی۔ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔
اَبْغَاہُ الشَّیْءَ: طالب بنانا۔ طلب کرنے میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِیْ ضَالَّتِیْ" میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔
بَاغَتِ الْاَمَۃُ بِغَاءً وَمُبَاغَاۃً۔ زنا کرنا
تَبَاغٰی: القومُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔
اِنْبَغٰی۔ سہل ہونا۔ آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَنْبَغِیْ لَکَ اَنْ تَفْعَلَ ذٰلِکَ" تمہارے لئے مناسب نہیں کہ ایسا کرو۔ (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)
اِسْتَبْغٰی: الشَّیْءَ: طلب کرنا ــــ القومَ: طلب کرنے میں مدد چاہنا۔
البَغْی: ظلم۔ جنایت۔ گناہ۔ بہت بارش فساد۔ کہا جاتا ہے "بُرِیَ جُرْحُہٗ عَلَی الْبَغْیِ" یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔
البُغْیَۃ: والبِغْیَۃ والبَغَاء۔ مرغوب ومطلوب۔ البُغْیَۃ: حاجت۔
البَغِیّ۔ بدکار وزنا کار عورت۔ ج بَغَایَا۔
بَغَایَا الْجَیْشِ: فوج کے ہراول دستے۔
المَبْغٰی والمَبْغَاۃ۔ طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَغَیْتُ الْمَالَ مِنْ مَبْغَاتِہٖ" میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتَیْتُ الْاَمْرَ مِنْ مَاتَاتِہٖ" میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہئے
المُبْتَغِی: شیر۔
فِئَۃٌ (بَاغِیَۃٌ) امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت۔
بَقَّ (ن) بَقًّا۔ المَاءَ مِنْ فِیْہِ: پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا ــــ لَنَا الْعَطَاءَ: بخشش وسیع کرنا ــــ مَالَہٗ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا ــــ الْجَرَابَ: پھاڑنا (ــــ بَقًّا وبُقُوْقًا) النَّبْتُ: اُگنا ــــ السَّمَاءُ: لگاتار کثرت سے بارش ہونا ــــ الْمَرْأَۃُ: بہت اولاد والی ہونا۔ ــــ البَیْتُ: بہت کھٹمل والا ہونا۔ (ــــ بَقَاقًا وبَقَقًا وبَاقًا) علی القوم: بہت بک بک کرنا۔
بَقَقَ۔ مَالَہٗ: متفرق کرنا۔ (ــــ وَبَاقَ) البَیْتُ: بہت کھٹمل ہونا۔ وَبَاقَ وَلَدُ فُلَانٍ: بہت ہونا۔ اَبَقَّتِ الْمَرْأَۃُ: بہت اولاد والی ہونا ــــ السَّمَاءُ: لگاتار بہت بارش ہونا۔
البَقّ۔ کھٹمل۔ پسو۔
البَقَاق۔ گھر کا ردی سامان۔ رَجُلٌ بَقَاقٌ وبَقَاقَۃٌ: بہت بولنے والا مرد۔
بَقْبَقَ بَقْبَقَۃً۔ الْکَوْثَرُ فِی الْمَاءِ: بق بق کی آواز نکلنا ــــ الْقِدْرُ: اُبلنا ــــ الرَّجُلُ: بہت بک بک کرنا۔
البَقْبَاق: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَقْبَاقٌ بَقْبَاقَۃٌ" بہت بکواس کرنے والا۔
البُقْجَۃ: کپڑے وغیرہ کی گٹھری۔ (جدید)
البَقْدُوْنس: ایک قسم کی نباتات۔
بَقَرَہٗ (ن) بَقْرًا: پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔
بَقِرَ (س) بَقْرًا: نگاہ کا پتھرا جانا۔
اَبْقَرَ۔ المَرْأَۃُ عَنْ جَنِیْنِہَا: پیٹ چیر کر بچہ نکالنا
اِبْتَقَرَ: پھٹنا۔ کھل جانا۔ وسیع ہونا۔
تَبَقَّرَ۔ الرَّجُلُ: علم یا مال میں زیادتی والا ہونا
البَقَر: گائے۔ بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرَۃٌ) ج بَقَرَات وبُقُر وبُقُرٌ وبُقُرٌ وبَقَارٌ وبَاقِرٌ وبَاقِیْرُ۔ بَقَرُ الْوَحْشِ او البَقَرُ الْوَحْشِیُّ: نیل گائے۔ جُوْعُ البَقَرِ: سخت بھوک۔ عُیُوْنُ البَقَرِ: ایک قسم کا انگور۔ بقر الماء: گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔
البُقَر والبُقَارَی۔ جھوٹ۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ بِالْبُقَرِ والبُقَارَی والبُقَارَمِیِّ" فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا۔ یعنی مصیبت کا سبب بنا۔
البُقَیْرَی: بچوں کا ایک کھیل۔
البَقَّار۔ گائے والا۔ گائے کا چرواہا۔
البَاقِر والبَاقُوْر والبَقُّوْر: گایوں کا ریوڑ۔ یہ اسماء جمع ہیں۔
فِتْنَۃٌ (بَاقِرَۃٌ) محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔
البَقِیْرَۃ والبَقِیْر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیص۔ نَاقَۃٌ بَقِیْرَۃٌ: اونٹنی جس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا گیا ہو۔
البَقَس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بقسہ)
بَقَطَ (ن) بَقْطًا۔ مَتَاعَہٗ: سفر کیلئے جمع کرنا۔ متفرق کرنا ــــ فُلَانًا بُسْتَانَہٗ: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا
بَقَطَ۔ فِی الْجَبَلِ: چڑھنا۔

—— الشیءَ : متفرق کرنا۔
تَبَقَّطَ : الشیءَ : تھوڑا تھوڑا لینا —— الخبرَ : تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
البَقَط : توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔
البُقاط : پنیر کا ٹکڑا۔
البُقْطَة : زمین کا ایک حصہ۔
بَقِعَ (س) بَقَعًا۔ الطیرُ : مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع) مونث بقعاء۔ ج بُقْع —— فلانٌ بالشیءِ : اکتفا کرنا —— الارضَ منہ : خالی ہونا۔
بَقَعَ (ف) بَقْعًا وبَقَّعَ۔ جانا۔ تم کہتے ہو "ما اَدْرِی اَیْنَ بَقَع" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
بَقَّعَ الثَّوْبَ : رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔
تَبَقَّعَ : داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَتِ الثِّیَابُ : کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی بچے ہوئے بے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔
اَبْقَعَ۔ تیز جانا۔
اُبْتُقِعَ۔ لونُہٗ : خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا (اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ فصیح ہے)
البُقْعَة والبَقْعَة : زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقاع وبُقَع۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَسَنُ البُقْعَةِ عند الامیر" فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ والبَقْعَة : پانی جمع ہونے کی جگہ۔
البَقِیع : وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ ابنُ بَقِیع : کتا۔
البَاقِعَة : البا قع کا مونث۔ ہوشیار و زیرک مرد جس کو فریب دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع کہا جاتا ہے "ما فلانٌ اِلَّا باقعةٌ من البواقع" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔
الاَبْقَع : سیاہ سفید داغوں والا۔ مونث بقعاء۔ ج بُقْع۔ گوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقْعان۔ سَنَةٌ بَقْعاء : سال جس میں سرسبزی وخشک سالی دونوں ہوں۔
الاَبْیَقِع۔ کم بارش والا سال۔
بَقَلَ (ن) بَقْلًا وبُقُولًا وابْقَلَ : ظاہر ہونا —— نابُ البَعِیر : نکلنا —— المکانُ : سبزی اُگنا صفت (باقِل وبَقِل وبَقِیل)۔ وجْهُ الغُلام : سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ بَعِیرُہٗ بَقَلًا : ساگ پات جمع کرنا۔ وابْقَلَ القومُ : سبزی پانا، قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔
بَقَّلَ : وجْهُ الغُلام : سبزہ آغاز ہونا۔
تَبَقَّلَ وابْتَقَلَ : سبزے کی تلاش میں جانا —— الماشیةُ : سبزہ چرنا۔
البَقْل : سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول وبُقُلات
البَقْلَة : البقل کا واحد۔ (بَقْلَةُ الحُمْقا، و بَقْلَةُ الرَّمْراء و بَقْلَةُ اللَّیْنَة) خرفہ کا ساگ۔
البَقْلَةُ البارِحَة : عشق پیچہ۔
بَقْلَةُ الاَنْصار : کرم کلا۔
البَاقِلَّاء والبَاقِلَّی والبَاقِلَی : لوبیا۔ ارض (بَقِلَة وبَقِیلَة وبَقَالَة ومَبْقَلَة) سبزی والی زمین۔
البَقَّال : سبزی فروش۔
المَبْقَلَة : سبزی کی جگہ۔
البُوقَال والبَاقُول : بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَوَاقِیل۔
بَقَمَ۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو بقم سے رنگنا۔
البَقَم : ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔
البُقَم : دھتورا۔
البُقَامَة : مِنَ الصُّوف : اون جو دھنے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔
بَقَا (ن) بَقَاوَةً وبَقِیَ (ض) بَقْیًا۔ فلانًا بِعَیْنِہٖ : دیکھنا۔ نظر ڈالنا —— ہ : انتظار کرنا۔
بَقِیَ (س) بَقَاءً وبَقِیَ (ض) بَقْیًا : ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔
اَبْقَی۔ علیہ : رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (ف) وبَقَّی واسْتَبْقَی ہ : ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ اِسْتَبْقَی منہ : کچھ باقی رکھنا۔ تَبَقَّی : باقی رہنا۔
البَاقِی : فا اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
البَاقِیَة : الباقی کا مونث۔ ج الباقیات والبَوَاقِی۔
البَقْوَی والبُقْوَی والبُقْیَا والبَقِیَّة : باقی ماندہ۔ ج بَقَایَا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بَقِیَّةُ قومہٖ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔
المُبْقِی۔ بقا۔ زندگانی۔ ج المَبَاقِی۔
بَکَّ (ن) بَکًّا۔ مزاحمت کرنا —— الشیءَ : پھاڑنا۔ فسخ کرنا —— الدابَّةَ : چلا کر تھکانا۔
بَکَّ الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔
تَبَاکَّ۔ القومُ : ہجوم کرنا —— الشیءُ : تو بر تو ہونا۔
البَاکّ : فا۔ بیوقوف۔
بَکَّة : مکہ معظمہ۔
بَکْبَکَ وتَبَکْبَکَ۔ القومُ علیہ : ہجوم کرنا جمع (بَکْبَاک) بہت بڑی جماعت۔ رجل بکباک : سخت مزاج مرد۔
بَکَأَتْ (ف) وبَکُؤَتْ (ک) بُکُوءًا وبَکَاءَةً وبَکَاءً وبُکَاءً۔ الناقةُ : کم دودھ والی ہونا۔ —— البئرُ : کم پانی والا ہونا —— العینُ : کم آنسو والی ہونا۔ صفت (اَبْکَأ وبَکِیئَةٌ وبَکِیٌّ وبَکِیَّةٌ) ج بُکَاء وبُکَایا۔ اَیْنِ بُکَاء۔ کم داد و دہش والے ہاتھ۔
بَکِیَ (س) بَکًا : اپنی حاجت سے محروم رہنا
اَبْکَأ۔ الدَّرّ : کم پانا۔
البَکْءُ والبَکَا : ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَکَاءَة۔
بَکَتَہٗ (ن) بَکْتًا۔ تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَکَتَہٗ حتی اَسْکَتَہٗ" وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔
بَکَّتَہٗ : بمعنی بَکَتَہٗ۔ زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔

جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے۔ تَبْکِیتُ الضَّمِیر۔
بَکَرَ (س) بَکْرًا۔ الی الشیٔ: جلدی کرنا۔
بَکَرَ (ن) بُکُورًا۔ آگے بڑھنا۔ علیہ والیہ: صبح کے وقت آنا۔ فی الشیٔ: صبح سویرے کرنا۔
اَبْکَرَ وبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔ فلانا: صبح کے وقت آنا۔ بَکَّرَہٗ عَلَیْہِم: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَکَّرَ المُصَلِّی: اوّل وقت میں نماز کے لئے آنا۔
بَاکَرَہٗ: صبح کے وقت آنا۔
تَبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔
اِبْتَکَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا۔ فلانا: صبح کے وقت آنا۔
البَاکِر: فا: اَتَاہُ بَاکِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
البِکْر: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر و مونث دونوں کیلئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اوّل۔ ج اَبْکَار۔ البِکْر: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الضَّرْبَۃُ البِکْر: تلوار کا وار جو قاتل ہو۔ کَرْمٌ بِکْرٌ: پہلا دانہ انگور کا۔ نَارٌ بِکْرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خَلٌّ بِکْرٌ: تیز سرکہ۔ الدُّرَّۃُ البِکْرُ: دُرِّ ناسفتہ۔
البَکْر۔ جوان اونٹ۔ ج اَبْکُرٌ وبُکْرَان و بَکَارٌ وبَکَارَۃ۔ مونث بَکْرَۃ ج بِکَار۔
البُکْرَۃ۔ صبح۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُہٗ بُکْرَۃً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
البَکْرَۃ والبَکَرَۃ: وزنی سامان اتارنے چڑھانے کی چرخی۔ ج بُکَر و بُکَرَات۔ کہا جاتا ہے "وَالبُکَرَاتُ شَرُّ بُنِ الضَّائِنَۃ" "چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں۔ البَکْرَۃ: جماعت اور اسی سے ہے "جَاءُوْا عَلٰی بَکْرَۃِ اَبِیْہِم" "وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔
البَکَارَۃ: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
البِکْرِیَّۃ۔ والبُکُوْرِیَّۃ۔ البکر کا اسم۔
البَاکُوْرَۃ: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاکِیر وبَاکُوْرَات۔
البَکِیر والبَاکُوْر والبَکُوْر۔ ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتدا کی بارش۔
البَکِیرَۃ: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَکَائِر۔
المُبْکِر: فا۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔
المِبْکَار۔ پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ: جلدی اُگانے والی زمین۔ ج مَبَاکِیر۔
بَکْسَہٗ (ن) بَکْسًا۔ مغلوب کرنا۔
بَکَعَہٗ (ف) بَکْعًا۔ بدن کے مختلف حصّوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا بدسلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ بَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ کہاں گیا۔
وبَکَعَ الشیٔ: بخش دینا۔
بَکَّعَہٗ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (اَبْکَعُ) ہاتھ کٹا مرد
بَکَلَ (ن) بَکْلًا وبَکَلًا۔ الشیٔ: ملانا۔ ـــ الرَّجُلُ: آٹا، ستو گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔
تَبَکَّلَ۔ فی الکلام: گڑبڑ گفتگو کرنا ـــ ہ د علیہ: گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا۔ ـــ الشیٔ: غنیمت سمجھ کر لینا۔ ـــ الرَّجُل: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا ـــ فی مشیتہ: نازسے چلنا۔
اِبْتَکَلَ۔ الشیٔ: غنیمت سمجھ کر لینا۔
اَلبَکْلَۃ: حال۔ ہیئت۔ شکل وصورت طَبِیْعَت۔ ج بِکَل۔
البَکَالَۃ والبَکِیلَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا، ستو گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ البَکِیلَۃ: غنیمت۔
بَکِمَ (س) بَکَمًا وبَکَامَۃً: گونگا ہونا۔ صفت (اَبْکَم) ج بُکْم و (بُکَم) ج بُکْمَان۔
بَکُمَ (ک) بَکَامَۃً: جان بوجھ کر خاموش ہونا
تَبَکَّمَ۔ الکَلَامُ عَلَیْہِ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
بَکٰی (ض) بُکَاءً بُکًی۔ رونا صفت (بَاکٍ) ج بُکَاۃ۔ مونث بَاکِیَۃ ج بَاکِیَات وبَوَاکٍ۔
بَکٰی وبَکّٰی۔ المَیِّتَ: میت پر رونا۔
بَکّٰی وأَبْکٰی واسْتَبْکٰی۔ الرَّجُلَ: رُلانا
تَبَاکٰی: رونے کی صورت بنانا۔ بتکلف
البَکَّاءُ والبَکِیّ: بہت رونے والا۔
التُّبَکَاء والتِّبَکَّاء: گریہ یا کثرتِ گریہ۔
المِبْکٰی: رونے کی جگہ ج مَبَاکٍ۔
بَلْ۔ حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کیلئے آتا ہے جیسے "مَا ذَہَبَ زَیْدٌ بَلْ عَمْرٌو" میں حکم عمرو کے لئے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔
بَلَّہٗ (ن) بَلًّا وبِلَّۃً وبَلَلًا۔ بالماء: تر کرنا
بَلَّہٗ یَبُلُّہٗ: دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلًا وبَلَالًا۔ بِکَذَا، فتحمند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا، جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمَتِہٖ یَدُہٗ" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہونچے۔
بَلَّ (ض) بَلًّا وبَلَالًا وبُلُوْلًا۔ من مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔ چنگا ہونا ـــ بَلَّا فی الارض: جانا ـــ بُلُوْلًا) الرِّیحُ: سرد ہوا کا چلنا۔
اَبَلَّ۔ الشجر: پھلدار ہونا ـــ العُودُ: لکڑی میں تری کا ہونا۔ مِنْ مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔
اَبَلَّہٗ فی الارض: لیجانا۔
بَلَّلَ۔ الثوب: تر کرنا۔
تَبَلَّلَ وابْتَلَّ۔ تر ہونا ـــ واسْتَبَلَّ مِن مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔
البِلّ: صحت وشفا۔ مباح۔ اور اسی سے حضرت عباس کا قول ہے لِاُحِلَّہَا لِلْغَتْسِلِ وہِیَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وبِلٌّ "میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کیلئے حلال ومباح ہے۔ چالاک کہا جاتا ہے "ہُوَ بِلُّ اَبْلَالٍ" وہ بڑا چالاک ہے۔
البَلَلَۃ: جوانی کی تر وتازگی۔
البِلَّۃ: تری۔ رزق۔ خیر۔
البَلَال والبِلَال والبُلَال: تری پانی

دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کر دے۔
البُلَالَۃ: اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جا سکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔
البُلَل: بیج۔
البَلِیلُ والبَلِیلَۃ: نمی کیساتھ ٹھنڈی ہوا۔ البَلِیلَۃ: صحت۔
ذو بِلًی وبِلٍی وبِلَیَانَ: دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہو بِذِی بِلٍی" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔
الأَبَل: بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔ مونث بَلَاء۔ ج بُل۔ اور کہا جاتا ہے "لا شَیْءَ أَبَلُ للجسم من کذا" جسم کے لئے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاۃ بَلَاء: چکنا پتھر۔
البَلَّان: حمام میں نہلانے والا۔ مونث بَلَّانَۃ۔ والبَلَّان ج بَلَّانَات: حمام۔
البَلَلَۃ: ہیئت وحال۔ کہا جاتا ہے "طَوَیْتُ البَقَّارَ عَلَی بَلَلَتِہِ وبَلَّتِہِ" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ وطویت فلانا عَلَی بَلَلَتِہِ وبُلَّتِہِ وبَلَّتِہِ وبُلَالَتِہِ "باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔
المِبَلّ۔ بروزن مِفعَل: مستقل کہا جاتا ہے "خُصُومٌ مِبَلٌّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔
البَالُول۔ تھوڑا پانی۔
البَلَّال والمُبَلِّل۔ بہت شور کرنیوالا مور۔ مُتَبَلِّل: شیر۔
بَلْبَلَ بَلْبَلَۃً وبَلْبَالًا۔ القَوْمَ: بھڑکا دینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کر دینا ــــ الألسنۃ: مخلوط کرنا ــــ الأمتعۃ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا ــــ الأمر: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
تَبَلْبَلَ۔ بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
البُلْبُل۔ بُلبل۔ ج بَلَابِل۔ بُلبل الأبریق: لوٹے کی ٹونٹی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ دَوَّامَۃ (لٹو) ہے۔
البَلْبَال: شدت غم۔ بیچینی۔

بَلَتَ (ض) بَلْتًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
بَلَتَ (ن) بَلْتًا وبَلِیتًا (س) بَلْتًا وانْبَلَتَ۔ کٹنا۔
بَلُتَ (ک) بَلَاۃً۔ فصیح ہونا۔
أَبْلَتَہُ: یَمِینًا: قسم دلانا۔ أَبْلَتَ الرَّجُلُ گفتگو سے رک جانا۔
البَلِیتُ والبِلِّیتُ۔ مختصر کلام کرنیوالا فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔
المُبَلَّتُ: آراستہ کلام۔
البَلَّتَۃ: ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔
البَلَّتِیَّۃ: زبان آور۔ فصیح۔
البَلِیثُ: دوسالہ پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔
بَلَجَ (ن) بُلُوجًا وأَبْلَجَ وتَبَلَّجَ وانْبَلَجَ وابْتَلَجَ۔ الصُّبْحُ: روشن ہونا۔
بَلِجَ (س) بَلَجًا۔ صَدْرُہُ: مطمئن ہونا۔ ــــ الحَقُّ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (ابلج) مونث بَلْجَاءُ والأبلج: علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا تَبَلَّجَ۔ الیہ: ہنسنا۔ خوش ہونا۔
إِبْلَاجَۃ وإِبْلَاجًا إِبْلِیجًا: ظاہر ہونا واضح ہونا۔
البُلْجَۃُ والبَلْجَۃ: سپیدۂ صبح (ــــ والبَلَج) ابروؤں کے درمیان کشادگی۔
البَلْجَۃ: دیر۔ اور بَلَجَۃ بالحاء افصح ہے
البَلَجُ والبَلِیج۔ کشادہ رو۔
بَلِجَ (ف) بَلَجًا۔ الثَّرَی: خشک ہونا۔ ــــ البِئْرُ: پانی ختم ہونا۔ صفت (بَلُوج) ــــ الرَّجُلُ بالأمر: انکار کرنا ــــ الغَرِیمُ: مفلس ہونا ــــ الرَّجُلُ بِشَہَادَتِہِ ــــ چھپانا۔ (ــــ بُلُوحًا وبَلَجًا وتَبَلُّجًا) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَلِجَ وبَجِحَ عَلَیَّ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔
أَبْلَجَ۔ النَّخْلُ: کچی کھجوروں والا ہونا۔
بَالَجَ۔ القَوْمُ: جنگ نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہو جانا۔

تَبَالَجَا: باہم انکار کرنا۔
البَالِج: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج بَوَالِج
البَلَح: کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں، پھر اس کے بعد خلال پھر بلح پھر بُسر، پھر رُطب، پھر تمر۔
البُلَح: ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج۔ بِلحان۔
البَلُوح: اندھا گنواں۔ قطع رحمی کرنیوالا
بَلِحَ (س) بَلَحًا وتَبَلَّحَ۔ تکبر کرنا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (أَبْلَح) مونث بَلْحَاء و(بَلِح وبَلَح)
البَلَخ والبَلَاخ۔ ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔
البَلَخَش۔ ایک قسم کا قیمتی جوہر۔
بَلَدَ (ن) بُلُودًا۔ بالمکان: اقامت کرنا شہر بنانا۔ صفت (بَالِد) ج بَلَدَۃ۔
بَلِدَ (س) بَلَدًا: کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (أَبْلَد)
بَلُدَ (ک) بَلَادَۃً۔ سست وکند خاطر ہونا۔ صفت (بَلِید و أَبْلَد)
بَلَّدَ۔ کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔ ــــ الفَرَسُ: آگے نہ بڑھنا ــــ السَّحَابَۃُ: نہ برسنا ــــ الرَّجُلُ: بخل کرنا ــــ ہُ فِی اصْطِلَاحِ البعض: مسکونہ جگہ کی آب وہوا کا عادی بنانا اور اسی سے ہے "حَدِیقَۃ التَّبْلِید" وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب وہوا کا عادی بنایا جائے۔
أَبْلَدَ: القَوْمُ: شہر میں ہمیشہ رہنا۔ أَبْلَدَہُ البَلَدُ: شہر میں ہمیشہ رکھنا۔
بَالَدَ: تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔
تَبَلَّدَ: سست وکند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا ــــ الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا ــــ الصُّبْحُ: روشن ہونا۔ ــــ القَوْمُ: غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

المبلود : متحیر۔
البلدۃ والبلد۔ ج بلاد وبلدان : ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ البلد : قبر۔ والبلدۃ : سینہ کہا جاتا ہے "ہو واسع البلدۃ" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضرب بلدۃ علی بلدۃ" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔
البلدان۔ بصرہ وکوفہ۔
البلور والبلور۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید وشفاف جوہر۔
تبلر وتبلور۔ بلور کے مشابہ ہونا۔
الابلیز وطین الابلیز : مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لاکر چھوڑ جاتا ہے۔
ابلس : بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا ـــ من رحمۃ اللہ : مایوس ہونا ـــ فی امرہ : متحیر ہونا۔ صفت (بلس ومبلس)
ـــ فلان : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔
ابلسہ : متحیر کر دینا۔
البلس : بے خیر آدمی۔
البلاس : ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بلس۔
البلاس : ٹاٹ بیچنے والا۔
ما ذقت علوسا ولا بلوسا۔ یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
ابلیس : شیطان کا علم جنس۔ ج ابالیس وابالسۃ۔
بلسم : مکروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔
بلسم وتبلسم۔ گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ وبلسم : مکروہ چہرہ والا بنا دینا
البلسم : گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔
البلسام : برسام (ایک بیماری کا نام)
البلسن : مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔
البلسان : ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے تلی کی مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البلشون۔ بگلا۔
بلص۔ فلانا من مالہ : لے لینا۔
بالصہ۔ کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔
تبلص۔ الشیٔ : پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔ تبلصت الغنم : کم دودھ والی ہونا۔
البلصوص : ایک قسم کا پرندہ۔ ـــ ج۔ بلصص۔
بلط (ن) بلطا وبلطا وابلط۔ الدار : پتھروں کا فرش لگانا۔ وبلط الرجل "چلنے میں تھکنا۔ بلط اذنہ : گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اذا بفا صبیک فبلط لہ" جب تمہارا بچہ کچے تو اس کی گوشمالی کرو۔
ابلط۔ اللص الرجل : سب کچھ چرا لینا۔ (ـــ وابلط) محتاج وفقیر ہونا۔
بالط وتبالط۔ القوم : تلوار سے لڑنا۔ وبالطہ : چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بالط فی امورہ : مبالغہ کرنا ـــ السابح : تیراکی میں کوشش کرنا۔
البلاط : ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش میں لگانے کے کام میں آتے ہیں۔ اور اسی سے بلاط الملک ہے یعنی محل شاہی اور مجازاً بمعنی مجلس شاہی۔
البلط۔ لشکر سے بھاگنے والے۔
البلوط : ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔
بلوط الارض : ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔
بلوط الملک : اخروٹ وشاہ بلوط : ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط۔ پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔
البلطی : ایک قسم کی مچھلی۔
بلطہ : اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا ـــ الشیٔ : چوڑا کرنا۔
تبلطح : چوڑا ہونا۔
بلع (ف) بلعا وابتلع۔ الشیٔ : نگلنا۔
بلعہ وابلعہ : نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے بلعہ ریقہ "اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مہلت دی۔ (ابلع وتبلع) : الشیب فی راسہ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔
وتبلغ : گھونٹ لینا۔
البلعۃ : چکی کا سوراخ۔ ج بلع
البلعۃ : بہت کھانے والا مرد۔
البلوع : بہت نگلنے والا۔
المبلع : حلق۔
المبلع : بہت کھانے والا۔
البالوعۃ والبلاعۃ والبلوعۃ ج بوالیع وبلاليع : موری۔ بدرو۔
بلغم : اللقمۃ : نگلنا۔
البلغم والبلغوم : حلق۔ ج بلاغم۔
البلغم : بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔
بلغ (ن) بلوغا : پہونچنا ـــ الثمر : پکنا ـــ الغلام : بالغ ہونا۔ صفت (بالغ) مونث (بالغۃ وبالغ) ـــ العلۃ : تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بلغ منی کلا یک" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔
بلغ۔ الرجل : مبتلائے مشقت ہونا۔
بلغ (ک) بلاغۃ : بلیغ ہونا۔ صفت (بلیغ) ج بلغاء۔
بلغہ وابلغہ۔ الیہ : پہنچانا۔ بلغ عنہ الرسالۃ الی القوم : پیغام رسانی کرنا۔ بلغ الفارس : تیز دوڑنے کے لئے لگام کو بڑھانا۔
بالغ۔ فی الامر : مبالغہ کرنا۔
تبلغ۔ بالشیٔ : اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا

— بہ العلۃ: تیز ہونا۔
تَبَالَغَ۔ فیہ المرض: سخت ہونا اور انتہا کو پہونچنا — الرجل فی الکلام: تکلف بلاغت سے کام لینا — الدباغ فی الجلد: دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔
البِلْغُ والبَلْغُ: بلیغ۔ خوش بیان۔ انتہا کو پہونچنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہو احمق بلغ" وہ انتہائی بیوقوف ہے۔ ایسا ہی "ہی حمقاء بلغۃ" اور کہا جاتا ہے "امر اللہ بلغ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے۔ وجیش "بلغ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔
رجل "بلغ" "بلغ" خبیث مرد۔
البَلْغَۃ۔ انتہائی بیوقوفی۔
البُلْغَۃ والبَلاغ والمَبْلَغ: گزارہ کی مقدار۔
البَلاغ: پیغام — کسی چیز تک پہنچنا۔ کفایت۔ کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے۔ ج بلاغات۔ البلاغات: چغلخوریاں
البالغ۔ سن بلوغ کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے "غلام بالغ وجارية بالغ وبالغة" — وامر بالغ: نافذ حکم۔
البالغاء: جانور کے پائے۔
البلاغی والبُلاغی۔ مافی الضمیر کو فصیح وبلیغ عبارت میں ادا کرنے والا۔
الأبلغ: ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہونچا دیا گیا ہو۔
المبلغ: روپئے پیسے کی مقدار۔ کسی چیز کی حد وانتہا۔ ج مبالغ
التبلغ والتبلغۃ: چھوٹی رسی جسکو بڑی رسی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہونچ جائے۔
البلغم۔ قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔
بَلَقَ (ن) بُلُوقًا: جلدی کرنا — و (بَلِقَ) الباب: چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کر دینا۔ بلق الجارية: بکارت زائل کرنا۔

بَلِقَ (س) وبَلُقَ (ک) بَلَقًا وابْلَقَ و ابْلَقَّ وابْلاقّ وابْلَوْلَقَ۔ سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (ابلق) مؤنث بلقاء۔ ج بُلْق۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا۔ متحیر ہونا۔ ششدر ہونا۔
اِبْلَقَّ: الباب: بالکل کھلنا۔
اِبْتَلَقَ: چمکنا۔
البَلَق: سنگ مرمر۔ بڑا خیمہ۔ بالوں کا خیمہ (— والبُلْقَۃ) سیاہی وسفیدی۔
الأبلق الفرد: سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے "طلب لابق العقوق" یعنی اس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا۔ اس لئے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔
البَلُوق والبَلُّوقَۃ: جنگل۔ زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اگے۔ ج بلالیق۔
البَأْلُوقَۃ: موری۔ بدرو (بالوعہ میں یک لخت ہے)
المُبَلَّق: سیاہ سفید داغوں والا۔
بَلْقَعَ: المکانُ: خالی ہونا۔ صفت (بَلْقَع) کہا جاتا ہے "دار بلقع" خالی مکان۔
البَلْقَع والبَلْقَعَۃ۔ خالی زمین۔ ج بَلاقِع (البلقع والمرأۃ البَلْقَعَۃ) ہر خیر سے خالی عورت۔
البَلْقَعِيّ: صاف۔ کہا جاتا ہے "سہم او سنان بلقعی" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ۔
بَلْهَمَ: الرجلَ: برائی بیان کرنا۔
أُبْلِمَتْ: شفتُہ: سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا۔ صفت (أبلم) البَلَمَۃ: ہونٹ کی سوجن
البَلَم: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
البَلْهاء: پورے چاند کی رات۔
بَلِهَ (س) بَلَهًا وبَلاهَۃً ضعیف العقل ہونا۔ کمزور رائے والا ہونا۔ صفت (أبلہ) مونث بلہاء۔ ج بُلْه۔
أَبْلَهَ۔ الرجلَ: بیوقوف پانا۔

تَبَلَّهَ: بیوقوف ہونا۔ حجت میں عاجز ہونا۔
— الطريقَ: بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا۔ گم شدہ چیز کو ڈھونڈھنا۔
بَالَهَ: فریب دینا۔
تَبَالَهَ: تکلف بیوقوف بننا۔
بَلَهْ: چھوڑ دے (اسم فعل ہے)
بُلْهِنِيَۃ: العیش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔
بَلْهَسَ۔ تیز چلنا۔
بَلْهَصَ۔ خوف سے بھاگنا۔
بَلَا (ن) بَلْوًا وبَلاءً۔ الرجلَ: آزمانا۔ تجربہ کرنا۔ امتحان لینا۔
بَلِيَ (س) بِلًى وبَلاءً۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔ صفت (بال وبَلٍ)
بَلَّى تَبْلِيَۃً وأَبْلَى إِبْلاءً۔ الثوبَ: بوسیدہ کرنا۔
بَالَى مُبَالاةً وبِلاءً وبَالَةً وبَالاً۔ الامرَ وبالامر: پروا کرنا۔
بَالَاهُ: مقابلہ پر فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو گھٹانا۔
أَبْلَى۔ فلانًا عذرَہ: کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا۔ ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا — فی الحرب بَلاءً حسنًا: میدان جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔
— ہ یمینًا: قابل اطمینان قسم کھانا۔
تَبَالَاهُ: آزمائش کرنا۔
اِبْتَلَى۔ قسم کھلانا — ہ: آزمائش کرنا۔
— الشیءَ: پہچاننا۔
اِسْتَبْلَى۔ ہ: آزمائش کرنا۔
اِبْلَوْلَى۔ العُشْبُ: دراز ہونا۔
البَلْوَى والبَلْوَۃ والبِلْيَۃ والبَلِيَّۃ: مصیبت۔ آزمائش۔ ج بلایا۔
البَلاء۔ غم جو جسم کو گھلا دے۔ آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔
البِلْو والبِلِيّ: پرانا، بوسیدہ۔ کہا جاتا ہے

ہُوَ بِہٖ اَسْفَارٌ وَبِلِیَّاتُہَا "وہ سفر اور تجربہ میں پرانا ہوا ہے۔ یعنی بڑا تجربہ کار ہے" وَہُوَ شَرٌّ وَبِلِیَّۃٌ "وہ شر میں مبتلا ہے اور اس پر غالب ہے۔ ج اَبْلاء۔

البَلِیَّۃُ۔ وہ اونٹنی جس کو اس کے مالک کی قبر پر زمانۂ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مرجاتی تھی۔

المُبَلِّیَاتُ: میت کے تابوت کے اِرد گرد نوحہ کرنے والی عورتیں۔

بَلٰی: حرف تصدیق ہے۔ بمعنی ہاں۔ اکثر استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔ اور ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے مثبت ہو یا منفی۔ جیسے "اَقَامَ زَیْدٌ" کیا زید کھڑا ہوا۔ اس کے جواب میں "بَلٰی" کا مطلب ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔ "اَمَا قَامَ زَیْدٌ" کیا زید نہیں کھڑا ہوا اس کے جواب میں "بَلٰی" کا مطلب یہ ہے کہ ہاں کھڑا ہوا۔

البَمُّ۔ من العُود: بربط کا موٹا تار۔ بربط کی موٹی آواز۔ ج بُمُوم (جدید)

بَنَّ (ض) بَنًّا وَاَبَنَّ۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ اَبَنَّتِ السَّحَابَۃُ: کئی روز تک برسنا۔

بَنَّنَ: الشاۃ: بکری کو موٹا کرنے کیلئے باندھنا۔

تَبَنَّنَ: جلدی نہ کرنا۔

البَنَانُ: پورے۔ انگلیوں کے اطراف انگلیاں۔

البَنَانَۃُ۔ البنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا پورا۔ ج بنانات۔

البُنَانَۃُ: سرسبز باغ۔

البُنُّ۔ ایک درخت کا دانہ ہے جس سے قہوہ بنایا جاتا ہے۔

مَکَانٌ (بِنٌّ) بدبودار جگہ۔ اِبِنٌّ: چربی فربہی

البَنَۃُ: خواہ اچھی ہو یا بُری۔

البَنِینُ: موٹا۔ دُور اندیش، عاقل۔

بَنَّتَ۔ عَنْہُ: خبر دریافت کرنا۔ ہٗ بِکَذَا: خاموش کر دینا۔

بَنَجَ (ن) بَنْجًا۔ اصل کی طرف لوٹنا۔

بَنَّجَہٗ: بھنگ پلا کر سُلا دینا۔

البَنْجُ: بھنگ۔

البِنْجُ: اصل۔ جڑ۔

البَنْجَکِشْت: لونگ۔ (جدید)

البَنْجَرَۃُ۔ توپ کا دہانہ ج بَنَاجِر (جدید)

البَنْدُ: بڑا جھنڈا جھیل۔ کتاب کی فصل یا فقرہ۔ قید۔ حیلہ۔ ج بُنُود۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَثِیرُ البُنُودِ" فلاں بہت حیلوں والا ہے۔ (جدید)

البَنْدَرُ۔ بندرگاہ سمندر کے کنارے کا شہر شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید) (اَلشَّاہُ بَنْدَرُ) سوداگروں کا رئیس۔

بَنْدَقَ۔ اِلَیْہِ: تیز نظر ڈالنا۔

البُنْدُقُ۔ بندوق کی گولی۔ ایک درخت کا نام۔ واحد بُنْدُقَۃٌ۔ بندق درخت کا پھل

البُنْدُقِیَّۃُ۔ بارود۔ اٹلی کے ایک شہر کا نام۔

بَنِسَ (س) بَنَسًا وَاَبْنَسَ۔ برائی سے گریز کرنا۔

بَنَسَ: عنہ: پیچھے ہٹنا۔

البِنْصِرُ۔ چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی انگلی۔ ج بَنَاصِرُ (مؤنث) خِنْصِرٌ۔

البَنَفْسَجُ: بنفشہ (البَنَفْشُ)

بَنَقَ (ن) بَنْقًا وَاَبْنَقَ وَبَنَّقَ۔ اِلَیْہِ: پہنچنا۔ بَنَّقَ الکَلَامَ: جمع کرنا۔ درست کرنا۔ ۔۔۔ الکَذِبَ: گھڑنا ۔۔۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔۔۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کا قلادہ ڈالنا ۔۔۔ ظَہْرَہٗ بالسوط: زخمی کرنا۔ ۔۔۔ لِقَمِیصِہٖ: گریبان لگانا۔

البَنِیقَۃُ وَالبَنِیقَۃُ: گریبان۔

طَرِیقٌ (مُبَنَّقٌ) کشادہ راستہ۔

البُنْقُوسُ۔ خربوزہ کا شگوفہ ج بَنَاقِیر

بَنْکَتَ الجَارِیَتَانِ۔ قبیلے سے باہر ہو کر دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی خبر بتانا۔

تَبَنْتَلَ۔ بالمکان وفیہ: اقامت کرنا۔

۔۔۔ فی غَزَّۃَ: جا کر یں ہونا۔

البُنْتُ: جڑ۔ رات کا حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مَضٰی بُنْتٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا حصہ گزر گیا۔

البَنْتُ: بینک۔ ج بُنُوک (اس کی عربی مصرف ہے۔

البَنَامُ: پورا (بنان کے نون کو میم سے بدل لیا گیا ہے)

بَنَّی (ض) بَنْیًا وَبِنَاءً وَبُنْیَانًا وَبِنْیَۃً وَبِنَایَۃً۔ البَیْتَ: تعمیر کرنا ۔۔۔ الارضَ: آباد کرنا۔ مکانات بنانا ۔۔۔ علیٰ اَہْلِہٖ وَبِہَا: پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بہتر سلوک کرنا ۔۔۔ الطعام بدنہ: موٹا کرنا ۔۔۔ الکَلِمَۃَ: مبنی بنانا ۔۔۔ علیٰ کلامہ: کسی کے کلام کی نقل کرنا۔

بَنَّاہُ تَبْنِیَۃً۔ بنانا۔ تشدید کثرت کیلئے ہے۔

اَبْنَاہُ۔ عمارت بخشنا۔ یا سامان تعمیر دینا۔ مکان بنوانا۔

بَانَاہُ۔ تعمیر میں مقابلہ کرنا۔

تَبَنَّی۔ ہٗ: بیٹا بنانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بنے ہوئے گھر کی مانند ہونا۔ اسی سے ہے "اِذَا جَلَسَتْ تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے۔

اِبْتَنٰی۔ بِنَاءً: بنانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بیٹوں والا ہونا ۔۔۔ الرَّجُلَ: احسان وسلوک کرنا۔ ۔۔۔ علیٰ اہلہ وبہا: پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا۔

اِسْتَبْنٰی۔ المَنْزِلَ: گرا کر بنانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: دلہن لانا۔

البِنَاءُ: عمارت۔ ج اَبْنِیَۃٌ وج اَبْنِیَات۔ اور کہا جاتا ہے "بِنَاءً عَلَیْہِ" نصب کے ساتھ اس وجہ سے کہ مفعول لہٗ ہے۔

البِنَایَۃُ: مصدر۔ شرف۔

البُنْیَۃُ وَالبِنْیَۃُ۔ عمارت۔ ج بُنًی وَبِنًی

والبِنْيَة: ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فلان صحیح البِنْيَة" فلاں صحیح الفطرت ہے
بِنْيَة الكلمة: صیغہ اور مادہ۔
البُنْيَان۔ مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے "كَأَنَّهُم البُنْيَانُ المَرْصُوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔
البَانِي: فا۔ ج بُنَاة۔ مونث بانِيَة ج بوانی
البَوَانِي۔ سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی تائیں اور اسی سے ہے "بَنَى البَيْتَ عَلَى بَوَانِيه" اسنے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔
البَنَّاء۔ معمار ج بَنَّاؤُون۔
الِابْن۔ بیٹا۔ ج بَنُون وابْنَاء۔ تصغیر بُنَيّ اور نسبت کیلئے اِبْنِی اور بنوی (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کرکے) مونث ابنۃ۔
اِبْنُ السَّبِيل: مسافر۔ اِبْنُ حَلَا: مشہور آدمی۔
ابن لیلیا: بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذَكَاء: صبح
اِبْنُ الكُدْر: آواز باز گشت "ہوا بِنْ یکومہ" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "ہو اِبْنُ بَطْنِه" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔
الِابْنَم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔
البِنْت: ج بَنَات: بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بِنْتِی وبنوی۔ بِنْتُ الشَّفَة: کلمہ۔ الارض: کنکری۔ الیمن: قہوہ۔ العین: آنسو۔ العُنْقُود والكَرْم: شراب۔ بَنَاتُ الدَّهْر: دَبَنَاتُ طَبَق: سختیاں۔ بَنَاتُ اللَّيل وبناتُ الصَّدْر: افکار۔ بَنَاتُ أَخْدَر: جنگلی گدھے۔
بنات المثال: عورتیں۔ بنات الارض: چھوٹی چھوٹی ندیاں۔
بَنَاتُ نَعْشِ الكُبْرَى: سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْشِ الصُّغْرَى ہیں۔
البَنِيَّة: عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البنیۃ الخضراء) آسمان۔

بُنَيَّات الطَّرِيق: چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دَعْ بُنَيَّاتِ الطَّرِيق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور مکر وفریب کو چھوڑ دو۔
المَبَانِي۔ شرافتیں۔ حروف المبانی: حروف تہجی۔
البُنُوَّة۔ فرزندی۔
بَهَأَ (ف) وبَهِئَ (س) وبَهُؤَ (ک) بَهْأً وبَهَاءً وبُهُوءً۔ بہ: مانوس ہونا ـــ لہ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ما بهات لہ" و"ما بَأَهْتُ لَہ" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔
بَهَأَ (ف) بَهْأً وأَبْهَأَ۔ البیت: سامان سے خالی کرنا۔
اِبْتَهَأَ۔ بہ: مانوس ہونا۔
بَهَتَ (س) وبَهُتَ (ک) وبُهِتَ بَهْتًا وبَهَتًا۔ ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہو کر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔
بَهَتَهُ (ف) بَهْتًا۔ اچانک پکڑنا۔ (ـــ ہ بَهْتًا وبُهْتَانًا) تہمت لگانا۔ صفت (بَهَّات) و (بَهُوت) ج بُهُت۔
بَهَتَهُ وبَاهَتَهُ۔ جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینا۔ بَاهَتَ الرجلُ: بہتان لگانا۔
البَهِيتَة: حیرانی (ـــ والبُهْت والبُهْتَان) جھوٹ تہمت۔
البَهُوت: جھوٹی تہمت لگا کر ہکا بکا کر دینے والا۔ ج بُهُت۔
البُهْت والبُهْتَان: جھوٹ۔
البُهْتُر: پست قد۔ ج بَهَاتِير۔
البُهْتُرَة: جھوٹ۔
البُهْتَة: جنگلی گائے۔
بَهَتَ (ف) بَهْتًا۔ الیہ: کشادہ روئی سے پیش آنا۔
بَهَجَهُ (ف) بَهْجًا وأَبْهَجَهُ۔ خوش کرنا
بَهِجَ (س) بَهَجًا۔ بہ: خوش ہونا صفت (بَهِج وبَهِيج)

بَهُجَ (ک) بَهَاجَةً وبَهَجَانًا: خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَهِيج) وصفت مؤنث (بَهَّاج)
بَهَّجَهُ۔ خوبصورت بنانا۔
بَاهَجَهُ۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا
أَبْهَجَ وتَبَاهَجَ۔ المكانُ: سرسبز ہونا۔
اِبْتَهَجَ وتَبَهَّجَ وتَبَاهَجَ واسْتَبْهَجَ بہ: خوش ہونا۔ تَبَهَّجَ: خوبصورت ہونا۔
البَهْجَة: خوبصورتی۔ تروتازگی۔ خوشی یا ظہور خوشی۔
البَهِج۔ خوش۔
البَوَاهِل: بلائیں۔ سختیاں۔
البَهْدَل: بچو کا بچہ۔ البَهْدَلَة: پستان کی جڑ۔
بَهَرَهُ (ف) بَهْرًا: غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا ـــ فلانًا: بہتان لگانا ـــ الحمل فلانًا: بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔
ـــ الرجل: ہمسروں سے فائق ہونا (ـــ القمرُ: ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (ـــ بَهْرًا وبُهُورًا) الشمس: روشن ہونا۔
بُهُر وانْبَهَر۔ سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بَهِير ومَبْهُور) وانْبِهَار: پوری کوشش کرنا۔
بَاهَرَهُ مُبَاهَرَةً وبِهَارًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
أَبْهَرَ۔ عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔
اِبْتَهَرَ۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا ـــ ہ: واقعی عیب لگانا ـــ السيفُ: تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔
اِبْهَارّ۔ الليلُ او النهارُ: آدھا ہونا ـــ علينا الليلُ: رات کا دراز ہونا (ـــ واسْتَبْهَرَ الليلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔
تَبَهَّرَ۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا ـــ السَّحَابَةُ: بادل کا چمکنا۔

البُهْر: تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُهْرًا لہ": اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لیلۃ البُهْر: مہینے کی ساتویں آٹھویں نویں رات۔

البُهْرة: من المکان والزمان: وسط۔ درمیان۔

البَهار: خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عین البقر" (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں

البُهار: بُت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔

البَهارة: موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بَهائر۔

الأبْهَر: پٹھہ۔ کہا جاتا ہے "فلان شدید الابہر" فلاں مضبوط پٹھے والا ہے۔ گردن کی شہ رگ و (الابہران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریانِ جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مازال یراجعہ الالم حتی قطع ابہرہ" اسکو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہاں تک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔

البَهُور: شیر

الأبَاهِر: پرندوں کے پر جو خوانی اور کلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قوادم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو منا کب اس کے بعد والوں کو اَبَاہر اور بالکل اخیر والوں کو کُلی کہتے ہیں۔

بَهْرَجَ۔ الدِّمَاءَ: رائگاں کرنا ــــ المکان: جگہ کو رفاہِ عام کیلئے کر دینا ــــ بهم الدلیلُ: رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔

تَبَهْرَجَ: تکبر کرنا ــــ المرأة: آراستہ ہونا۔ ــــ المکان: رفاہِ عام کیلئے ہونا۔

البَهْرَج: باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے۔ "لؤلؤ بَهْرَج" ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان بَهْرَجٌ: رفاہِ عام جگہ۔

تَبَهْرَسَ: تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔

بَهْرَمَ بَهْرَمَةً: شعرہ: مہندی کا خضاب لگانا۔

تَبَهْرَمَ: مہندی لگانے سے سُرخ ہونا۔

البَهْرَمَة: مص۔ برہمنوں کی عبادت۔

البَهْرَم: مہندی۔

بَهَزَهُ (ف) بَهْزًا وابْهَزَهُ: سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔

المِبْهَز: سختی سے بہت دھکیلنے والا۔

بَهَسَ (ف) بَهْسًا علیہ: دلیری کرنا۔

بَهَشَ الیہ (ف) بَهْشًا: خوشی سے متوجہ ہونا۔ مشتاق ہونا ــــ بیدہ الیہ: لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا ــــ للبکاء: رونے کیلئے آمادہ و تیار ہونا ــــ علیہ: کھود کرید کرنا۔

بَهَشَ وتَبَهَّشَ۔ القوم: اکٹھا ہونا۔

البَهَش: ترگوگل (گوگل ایک دوا کا نام ہے

رجلٌ بَهِشٌ: ہشاش بشاش مرد۔

بَهِصَ (س) بَهَصًا: پیاسا ہونا۔

البَهَص۔ پیاس۔

بَهْصَلَ وتَبَهْصَلَ: کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَهْصَلَ القومُ مِنْ مالِهم: علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔

البُهْصُم: بہت سخت۔

بَهَظَهُ (ف) بَهْظًا وابْهَظَهُ۔ الحملُ او الأمرُ: بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔

ابْهَظَ حوضَهُ: بھر دینا۔

البَاهِظَة: مونث۔ باعثِ مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔

المَبْهُوظ: طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔ القِرْنُ المَبْهُوظ: مغلوب

بَهَغَ (ف) بُهُوغًا۔ الرجلُ: سونا (صفت بابغ)

البَهَق: برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔

بَهَقَ الحجرُ: پتھر پر اگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔

بَهْكَتَ بَهْكَتَةً۔ فی العمل: جلدی کرنا۔

البَهْكَل: نازک اندام پر گوشت جوان۔ مونث بَهْكَلَة۔ شابٌّ بَهْكَلٌ: نئی جوانی۔

البَهْكَن: نازک اندام پر گوشت جوان۔ مونث۔ بَهْكَنَة۔ ج بہاکن۔ شابٌّ بَهْكَنٌ: نئی تر و تازہ جوانی۔

بَهَلَهُ (ف) بَهْلًا۔ اللہُ: لعنت کرنا۔ ــــ وابْتَهَلَ: چھوڑنا۔ (ــــ واسْتَبْهَلَ) الوالی رَعِیَّتَہ: بلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔

بَهَلَتِ۔ الناقةُ: اونٹنی کے تھن کو بند نہ کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔

اِبْتَهَلَ۔ الی اللہ: گڑگڑا کر دعا کرنا۔

بَاهَلَ۔ بَعْضُهُمْ بَعْضًا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

تَبَهْلَلُوا وتَبَاهَلُوا: باہم لعنت کرنا۔

اِبْتَهَلَا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔

البَهْلَه والبُهْلَة۔ لعنت۔

البَاهِل: بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار ناقہ

بابل: وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهُل وبُهَّل۔ مونث باہلۃ۔ البَابِلَة: بیوہ عورت۔

البُهْلُول: بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِیل۔

البَهْلَوان۔ مداری۔ رسّی پر چلنے والا۔

بَهْلَقَ بَهْلَقَةً: تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ رو در و گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔

تَبَهْلَقَ: جھوٹ بولنا۔

البَهَالِیق: جھوٹی باتیں۔

البَهْلَق۔ سختی (بلا)

بَهَمَ۔ بالمکان: مستقل اقامت کرنا۔ ــــ البَهْمَ: ں سے علیحدہ کر کے چرانا۔

اَبْهَمَ۔ البابَ: بند کرنا ــــ المکانُ: بہمی گھاس والی ہونا۔ (ــــ وتَبَهَّمَ واسْتَبْهَمَ) الامرُ علیہ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔

اُسْتُبْهِمَ علیہ: شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔

البَهْم والبَهْمَة والبُهَام: گائے بھیڑ،

بکری کے بچے۔ واحد (البُہْمَۃ والبَہْمَۃ)
البُہْمَۃ: دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُہَم۔
البُہَم: مشکل امور۔
البُہْمَی: جو کی مانند ایک قسم کی نباتات
البَہِیم: کالا۔ فرسٌ بَہِیم: ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لیل بہیم: پوری تاریک رات۔ ج بُہْم و بُہُم۔
البَہِیمَۃ: چارپایہ۔ ج بَہَائِم۔ البہیمۃ: ہر وہ جس میں قوتِ گویائی نہ ہو۔
الأَبْہَم: گونگا۔ ج بُہْم خاموش۔
الإِبْہَام: مذ۔ انگوٹھا (مونث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج أَبَاہِم وأَبَاہِیم۔
المُبْہَمَۃ۔ مذ۔ امر مُبْہَم: غیر معروف معاملہ کلامٌ مُبْہَم: غیر معروف کلام۔ طریقٌ مُبْہَم: غیر واضح راستہ۔ حَائِطٌ مُبْہَم: دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَہَنَ (س) بَہْنًا: بہت خوش ہونا۔
البُہَنَانَۃ: اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بہنانات۔
البَہْنَس: نسترن۔
تَبَہْنَسَ: ناز سے چلنا۔
البَہْنَس: شیر۔
بَہَا (ن) وبَہِیَ (س) وبَہُوَ (ک) بَہَاءً: حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا صفت (بَہِیّ) مونث بَہِیَّۃ۔ بَہَاہُ: خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَھِیَ (س) بَہًی۔ البَیْتُ: ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَہَّی۔ البیتَ: کشادہ کرنا۔
بَاہَاہُ۔ فی الحُسْن: حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
أَبْہَی۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا ــــ الإناءَ: خالی کرنا الخیلَ: جنگ کے لئے کام نہ لینا۔
اِبْتَہَی۔ بہ: فخر کرنا۔
تَبَاہَوْا: باہم فخر کرنا۔
البَہْو۔ مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج أَبْہَاء وبُہُوّ وبُہِیّ۔
بَاءَ یَبُوْءُ بَوْءًا۔ إِلَیْہِ: لوٹنا۔ بَاءَہٗ و بَوَّءَہٗ: لوٹانا ــ بِالحَقِّ او بالذَّنْبِ: اقرار کرنا۔ فلانٌ بفلانٍ بَوَاءٌ: بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دَمٌ بَوَاءُ دَمٍ" خون خون کے برابر۔ بوءہ: یعنی ان لوگوں میں سے ہو جو جان کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلہل کا قول بھی لیا گیا ہے۔ "بُوْءُ بِشِسْعِ نَعْلِ کُلَیْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسمے کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ۔ المکانَ: اترنا۔ نازل ہونا ــ الرُّمْحَ نحوہ: کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ بَوَّاہُ وبَوَّأَ لہ منزلاً: کسی کیلئے تیار کرنا۔
اِبَاءَ۔ منہ: بھاگنا ــ بالمکان: اقامت کرنا۔ الشیءَ وبالشیءِ إلیہ وعلیہ: لوٹانا ــ ومنزلاً فی المنزل: اتارنا ــ القاتلَ بالقتیلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
تَبَوَّأَ۔ المکانَ وبہ: اقامت کرنا۔
تَبَاوَأَ۔ الشیئانِ: مساوی ہونا۔
البَاءَۃ والبِیئَۃ والمَبْوَأ والمَبَاءَۃ۔ منزل۔ والبِیئَۃ: حالت۔ کہا جاتا ہے "انہ حَسَنُ البِیئَۃِ" وہ اچھی حالت والا ہے۔
حَاجَۃٌ (مُبِیئَۃٌ) شدید حاجت۔
بَابَ (ن) بَوْبًا۔ لہٗ: دربان ہونا۔
بَوَّبَ۔ الکتابَ: ابواب میں تقسیم کرنا۔
تَبَوَّبَ۔ الرجلَ: دربان بنانا۔
البَاب: دروازہ ــــ من الکتاب: کتاب کا باب۔ ج أَبْوَاب وبِیَبَان۔
البَابَۃ: فی الحساب والحدود: غایت، انتہا۔ شرط۔ قسم۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "ہذا شیءٌ مِنْ بَابَتِکَ" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لئے مناسب ہے۔ ج بَابَات۔ بَابَاتُ الکتاب: سطریں
البَوَّاب: دربان۔ ج بَوَّابُوْن۔
البَوَّابَۃ: دربانی۔ دربانی کی اُجرت۔
البُوْت: ایک پہاڑی گھاس کا نام۔
البُوْتَقَۃ والبُوْدَقَۃ: کٹھالی۔
بَاثَ (ن) بَوْثًا وأَبَاثَ وإِبْتَاثَ۔ الشیءَ وعن الشیءِ: کھود کر بید کرنا۔ باث المکان: کھود کر مٹی ملانا۔ باث التُّرَابَ: متفرق کرنا۔ باث الرمادَ: بکھیرنا۔
اِسْتَبَاثَ۔ التُّرَابَ: مٹی نکالنا۔ کہا جاتا ہے "ترک دارہم خُوْثٌ (بُوْثٌ) یعنی ان کے گھروں میں ہل چلا دیا اور ویران کر دیا۔
بَاجَ (ن) بُوْجًا۔ الشرُّ: "انا وعلیہ: نازل ہونا۔ پہنچنا۔ آپڑنا ــ البَرْقُ: چمکنا ــ البَعِیرُ: تھکنا۔
اِبْبَاجَ وتَبَوْجَجَ: البرق: زور سے چمکنا۔
اِبْبَاجَت: عَلَیْہِم الدَّوَاہِی: مصیبتوں کا آپڑنا۔
البَاج: دیکھئے لفظ باج۔
البَابَجَۃ: اختلاط۔
البَابِجَۃ: ران کی ایک رگ کا نام۔ ج۔ بوابج۔
البَابِجَۃ: مصیبت۔ ج۔ بوابج۔
البَابَجَۃ: کشادہ ریگستان۔
بَاحَ (ن) بَوْحًا وبُؤُوحًا وبُؤُوحَۃً۔ الشیءُ: ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا ــ الیہ بالسرّ: ظاہر کرنا۔
أَبَاحَ۔ السرَّ: ظاہر کرنا ــ شیئًا: جائز کرنا مباح کرنا۔
اِسْتَبَاحَ۔ الشیءَ: جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا۔ کسی چیز پر اقدام کرنا القومَ: تباہ و برباد کر دینا۔
الإِبَاحِیّ: ممنوعات کو کرنے اور مامورات کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا۔
البَاحَۃ: پانی یا اس کا بڑا حصہ۔ بہت سے

کھجور کے درخت۔ صحن۔ باحۃ الطریق: وسط راستہ۔

البواح۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "فعلہ بواحا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا۔

بوخ: کلمہ ترحم ہے مانند ویحک کے۔

البوذوح: دل کی بات ظاہر کرنے والا۔

البوحی۔ پھاڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ترکہم بوحی" بوح: آفتاب کے لئے علم ہے۔

البیاحۃ: مچھلی کا جال۔

المبیح: جائز ٹھہرانے والا۔ شیر۔

المباح: جائز۔ روا۔

باخ (ن) بوخا۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "عدا حتی باخ" دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا۔

الحر والغضب والنار: ٹھنڈا پڑنا۔ دھیما ہونا بجھنا (۔۔۔ بوخا) اللحم: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

اباخ۔ النار: بجھانا۔ اور اسی سے ہے۔ "اباخ عنک الظہیرۃ" ٹھہرو یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہو جائے۔

بادَ (ن) بوادا: ظاہر ہونا۔

البود: کنواں۔

بادَ یبود بودا۔ محتاج ہونا۔ فروتنی کرنا۔ لوگوں پر ظلم کرنا۔

بارَ (ن) بورا و بوارا۔ ہلاک ہونا۔۔۔ السوق او السلعۃ: کساد بازاری ہونا۔۔۔ العمل: باطل ہونا۔۔۔ الارض: غیر مزروعہ ہونا (۔۔۔ وابتار) الرجل: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا بور الارض: زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا۔ ابارہ۔ ہلاک کرنا۔ تبور۔ نفسہ: اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا۔

البائر: غیر مزروعہ زمین۔ ج بور۔ کہا جاتا ہے "حائر بائر" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے۔

البور: تباہ و ہلاک ہونیوالا۔ بے خبر۔ کہا جاتا ہے "امرأۃ بور وقوم بور" ہلاک ہونیوالی عورت یا قوم (مذکر مونث واحد جمع سب کے لئے یکساں) البور من الارض: غیر مزروعہ زمین

البوذ: غیر مزروعہ خراب زمین۔ آزمائش ہلاکی۔ کساد بازاری۔

البوار: ہلاکت۔ کساد بازاری۔

دار البوار: دوزخ۔

البورق: بورک۔ سہاگا۔ سوڈا۔

البوری: ایک قسم کی دریائی مچھلی۔ ج بواری

البوریۃ والبوریاء: چٹائی۔

البواری: چٹائی بیچنے والا۔

الباز: باز۔ ایک قسم کا شکاری پرندہ) ج بیزان وابواز۔

البوز والبوزۃ: دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف۔

باسَہ (ن) بوسا: بوسہ لینا۔

البوسیر۔ بواسیر۔

البوسطۃ: ڈاک خانہ (جدید)

باشَ (ن) بوشا وبوشا وتبوشا۔ القوم: مل جل کر شور مچانا۔

البوش والبوشۃ۔ لوگوں کی ملی جلی جماعت کہا جاتا ہے "ترکہم بوشا بوشا" اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا۔ اوباش اسی کی جمع مقلوب ہے۔

البوشی والبوشی۔ محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔

باصَہ (ن) بوصا: سابق ہونا۔ آگے بڑھنا۔۔۔ منہ: بھاگ کر چھپنا۔۔۔ فی الامر: اصرار کرنا۔

بوصَ: میدان میں آگے بڑھنا۔۔۔ الشیٔ: صاف رنگ والا ہونا۔

ابیاصَ: منقبض ہونا۔

البوص۔ دوری (۔۔۔ البوص) رنگ۔ صورت، شکل، چوڑا۔ ریشم یا کتان۔ ج ابواص

البوصی: ایک قسم کی کشتی۔

طریق (بالضم) دور کا راستہ۔

باضَ (ن) بوضا۔ جمائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا۔۔۔ بالمکان: اقامت کرنا۔

باطَ (ن) بوطا: دولتمندی کے بعد محتاجی یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔

البوطۃ: کٹھالی۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقشہ۔ ج بوط۔

باظَ (ن) بوظا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔

باعَ (ن) بوعا: عطیہ دینے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔۔۔ الفرس: دور دور قدم ڈالنا۔ (۔۔۔ وتبوع) الحبل: باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع) باعَ وتبوع للمساعی: باع پھیلانا۔

ابناعَ۔ العرق: بہنا۔۔۔ الحیۃ: اچھلنے کے لئے لمبا ہونا۔ الشجاع من الصف: بہادر کا صف سے نکلنا۔۔۔ الرجل الیہ: کشادہ روئی سے بڑھنا۔ ابناع لہ فی بضاعۃ: بیچنے میں سہولت برتنا۔

الباع: دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار کہا جاتا ہے "طویل الباع ورحب الباع" یعنی فیاض۔ وقصیر الباع وضیق الباع" یعنی بخیل عاجز۔ ج ابواع وباعات وبیعان۔

البوع: مص دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار۔ اور اسی سے مثل ہے "لا یعرف کوعہ من بوعہ" وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا پوری جہالت کیلئے ضرب المثل ہے۔

باعَۃ: الدار: گھر کا صحن۔

البیع: دور دور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فرس بیع" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔

بوعاء۔ الطیب: خوشبو کی مہک۔

باغَہ (ن) بوغا: غلبہ کرنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "انک لعالم لا تباغ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تبوغ۔ الدم بہ: جوش مارنا۔۔۔ فلان علیہ:

غالب ہونا۔
البَوْغَاء: خاک۔ غبار۔ بُوغَاءُ الطِّیب۔ خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن) بَوْقًا وبُؤُوْقًا: لڑائی جھگڑا برپا کرنا۔ القومَ: بیوفائی کرنا۔ چوری کرنا۔
بَاقَتِ النَّائِقَةُ القومَ: مصیبت پہونچنا۔
بَاقَ القومُ عَلَیْہِ: اکٹھے ہو کر ظلماً قتل کرنا۔
بَاقَتِ السَّفِیْنَةُ: ڈوبنا۔ بَاقَ الشَّیْءُ: غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔
بَوَّقَ۔ فی البُوْق: بگل بجانا۔
تَبَوَّقَ۔ جھوٹ بولنا ـــــ الوَبَارُ فی الماشِیَة: جانوروں میں وبا پھیلنا۔
اِنْبَاقٌ۔ علیہم الشرُّ: برائی و مصیبت پہنچنا ـــــ بہ: ظلم کرنا۔
البُوْق: بگل۔ ترہی۔ نرسنگھا۔ ج اَبْوَاق وبُیُقَان وبُوقَات۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ بالبُوْق ونَفَخَ فی البُوْق" اس نے ڈنکے کی چوٹ اعلان کیا۔ نیز اس معنی میں آتا ہے کہ بیہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔
البُوْقَة: بارش کی سخت بوچھار۔ ج بُوَق
البَاقَة۔ گل دستہ۔ ساگ پات کا مٹھا ج باقات۔
البَائِق۔ من المتاع: بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "متاع بائق" بے قیمت سامان۔
البَائِقَة۔ مصیبت۔ شر و فساد۔ کہا جاتا ہے "رُفِعَتْ عنک بَائِقَةُ فلانٍ" یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اٹھا دیا ج بَوَائِق۔
البَوَّاق۔ بگل بجانے والا۔
المُبَوَّق۔ کلام باطل۔
البُوْقِیْصَاء: ایک قسم کے درخت کا نام
بَاکَ (ن) بَوْکًا۔ المتاع: بیچنا یا خریدنا۔
ـــ الامرُ: مخلوط ہونا ـــ القومُ رَأْیُہُم: رائے میں گڑبڑی ہو جانے کی وجہ سے کوئی راستہ نہ پانا۔ الرجلَ: مزاحم ہونا۔
اِنْبَاکٌ۔ علیہ الامر: گڑبڑ ہو جانا۔
بَالَ (ن) بَوْلًا ومَبَالًا۔ پیشاب کرنا۔
بَوَّلَہ وأَبَالَہ۔ پیشاب کرانا۔
البَال: دل۔ کہا جاتا ہے "ما خَطَرَ الامرُ بِبَالی" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔ حال وشان۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ رَخِیُّ البَالِ" فلاں آسودہ حال ہے۔ خیال۔ کہا جاتا ہے "کَاسِفُ البَال" جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ہٰذا مِنْ بَالِی" یعنی ان چیزوں میں سے نہیں جن کی میں پرواکرتا ہوں "ذُوبَالٍ" یعنی ایسا کام جو قابلِ اہتمام ہو "ومَا بالُک" یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔
البَالُ: سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی۔ دبل مچھلی۔
البَالَة: شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔
البَوْل: پیشاب۔ بول: لڑکا۔ عدد کثیر ـــ لَوْلُ العَجُوْز: شراب۔
البُوْلَة: لڑکی۔
البُوَال: ایک بیماری جس میں پیشاب کثرت سے آتا ہے۔
البَوُّلَة: بہت پیشاب کرنے والا۔
المُبْوِلَة: وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو۔
المِبْوَلَة: پیشاب کرنے کا برتن۔
البُوْلِیْصَة اوالبُوْلِصَة: رسید۔ ہنڈی ج بُوَالِص۔
البُوْلِیس: پولیس۔ اسکی عربی شُرْطِی اور جلوّاز ہے۔
البُوم والبُوْمَة: اُلو۔ ج اَبْوَام (دونوں لفظ مذکر و مونث دونوں کے لئے مستعمل ہیں)
بَانَہ (ن) بَوْنًا۔ فضل وزیادتی میں غالب ہونا
البُوْن والبَوْن: دُوری۔ فصل۔ دو چیزوں کے درمیان فرق۔
البُوْنَة: چھوٹی بچی۔
البَان: ایک قسم کا درخت جس کے پتے بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے پھل سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل ہونے کے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
البَوَان والبُوَان: خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج اَبْوُنَة وبُوُن وبُوْن۔
بَاہَ (ف ن) بَوْھًا: الشیءَ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ما بِہْتُ وما بُہْتُ الامرَ: میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
بَاھَةُ: الدار: گھر کا صحن۔
البُوْہ: اُلو یا الو کی مانند ایک پرندہ۔
البُوْھَة: البُوْہ کا مونث۔ بیوقوف مرد۔ دوات میں ڈالنے کے لئے دھنکی ہوئی خشک اون۔ اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو "لِیْقَة" کہتے ہیں۔
البَوّ۔ اونٹنی کا بچہ۔ اونٹنی وغیرہ کے مردہ بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی ماں کے سامنے کر دیتے ہیں تاکہ دودھ دوہنے میں آسانی ہو۔
بَوَی یَبْوِی بَیًّا: دوسرے کے فعل کی نقل کرنا۔
البَوَی: تقلیہ۔ نقالی۔ آبدوطبیعت۔ الم
البَیْب: نابدان۔ حوض کی نالی۔
البَیَّاب: سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے
بَاتَ (ض س) بَیْتًا وبَیَاتًا وبَیْتُوْتَةً ومَبِیْتًا ومَبَاتًا۔ فی المکان۔ شب باشی کرنا۔ ـــ فلانًا وبہ وعندہ: کسی کے پاس رات میں آنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یفعل کذا" جبکہ کسی کام کو رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو کہا جاتا ہے "ظَلَّ یفعلہ کذا۔
بَاتَ یَبِیْت بَیْتًا۔ الرَّجُلُ: نکاح کرنا۔
ـــ الرجلَ: نکاح کرانا۔
بَیَّتَ۔ الشیءَ: رات میں کرنا ـــ العدوَّ: شبخون ڈالنا ـــ البیتَ: گھر بنانا ـــ رأیَہ: رات میں سوچ بچار کرنا۔
بُیِّتَ: الشیءُ: اندازہ کیا جانا۔
اَبَاتَہ۔ شب باشی کرانا۔ کہتے ہیں۔

أبانہ اللہ احسن ابینۃ" بمعنی ابانۃ۔
اِستَبَاتَ: رات کی خوراک مہیا کرنا۔
البَیْت۔ ج بُیُوت و اَبْیَات و ج بُیُوتات و اَبَایِیت۔ اور بقول بعض بُیُوتات اور اَبَایِیت اشراف کیلئے مختص ہیں۔ تصغیر بُیَیت: گھر مکان، شرافت۔ بَیْتُ الرجل: اہل و عیال بَیْتُ الشعر: وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔ بیت القصیدہ: قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔
بَیْتُ المَقْدِس او البَیْتُ المُقَدَّس: ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ بیتُ المَال: حکومتِ اسلامی کا خزانہ۔ بیت العَنکبُوت: مکڑی کا جالا۔ البیت العتیق او البیت الحرام: کعبہ معظمہ۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ جَارِی بَیْتَ بَیْتَ" وہ میرا پروسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔
البَیَات: شبخون ڈالنا۔
البَیت والبَیتۃ: رات کی خوراک۔ کہا جاتا ہے "لَہ بَیْتٌ لَیْلَۃٌ" اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔
البَائِت والبَیُوت۔ باسی۔ ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو کہا جاتا ہے "اَسقِنی من بَیُوتِ السقاء" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔
البَیُوت: ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحبِ معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔
سِن بَیُوتَۃ: مضبوط دانت۔
المَبِیت: رہنے کی جگہ۔ شب باشی کی جگہ
المُبَیَّتَۃ۔ مِنَ النِّسَاءِ: گھر اور شوہر والی عورت۔
المُستَبِیت: فقیر۔
بَیَّحَ تَبْیِیحًا۔ بہ: چپکے سے بھید بتلانا۔
— اللحم: کاٹنا اور تقسیم کرنا۔
البَیَاح والبَیَّاح۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی
البَیَّاحَۃ: مچھلی کا جال۔
البَیْحَان۔ راز ظاہر کرنے والا۔
بَادَ یَبِیدُ بَیْدًا او بَیَادًا او بُیُودًا او بَیْدُودَۃً۔ ہلاک ہونا۔ بَادَتِ الشمس یبودًا: غروب ہونا۔
اَبَادَہ: ہلاک کرنا۔
بَیْدَ: بمعنی غیر۔ اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر اَنَّ داخل ہوتا ہے جیسے "فُلَانٌ کَثِیرُ المَالِ بَیْدَ اَنَّہ بَخِیل۔ بمعنی غیر اَنہ بخیل۔
البَیْدَاء: بیابان۔ ج بِیَد و بِیَدَاوَات
البَیَّادَۃ: فوج کے پیادے۔ واحد (بَیَّادِی)
البَیْدَانَۃ: گدھی۔ جنگلی گدھی۔
بَیْدَرَ: الحِنطَۃَ: ڈھیر لگانا۔
البَیْدَر: کھلیان۔ خرمن۔
البَیْدَق: ایک شکاری پرندہ۔
البَیْذَق: سفر کا رہنما۔ پیدل چلنے والا اور اسی سے بیذق الشطرنج ہے۔ یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں۔ ج بَیَاذِق۔
البَیْرَق: جھنڈا۔ ج بَیَارِق۔ و (البَیْرَقدار) جھنڈا بردار۔
البَیْزَار: باز رکھنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَازِرَۃ۔
البَیْزَرَۃ: کاشتکاری۔ باز کی رکھوالی
بَیْشَ۔ اللہُ وَجْہَہ: خوبصورت بنانا۔
اَبَاشَ: الشجرۃ: جڑ بیٹھنے دینا۔
البَیْش: ایک قسم کی زہریلی گھاس۔
البَیْش: تھالہ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔ ج اَبَایِش۔
البَیْص والبَیَص۔ تنگی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِی حَیْصٍ بَیْصٍ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا۔ الطَّائِرُ: انڈا دینا صفت مذکر (بَائِض) مونث بَائِضَۃ۔ ج بَوَائِض اور اسم مبالغہ (بَیُوض) ج بُیُض و بِیض —
بَاضَ الحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔ فلانًا: سفیدی میں غالب ہونا — السَّحَابُ: بارش ہونا۔ — بالمکان: اقامت کرنا۔
بَیَّضَہ۔ سفید کرنا۔ اور اسی سے "تبییض الکتابت" ہے۔ یعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا اور تبییض الآیۃ بمعنی قلعی کرنا۔ اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللہُ وَجْہَہ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔
اَبَاضَت: المَرْاَۃُ: سفید بچے جننا۔
بَاضَہ: سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔
اِبْتَاضَ۔ خود پہننا — القومُ: فتح کر دینا۔ قوم کے میدان میں داخل ہونا۔
اِبْیَضَّ واِبْیَاضَّ۔ سفید ہونا۔
البَیَاض: سفیدی۔ دودھ۔ بَیَاضُ العَیْنِ: آنکھ کی سفیدی۔ بَیَاضُ البَیْضَۃِ: انڈے کی سفیدی۔ بَیَاضُ الجِلْدِ: بے بال چمڑا۔ بَیَاضُ الوَجْہِ: شہرت و نیک نامی۔ بَیَاضُ النَّہَار: دن کی روشنی — الیوم: تمام دن — الارض: عمارت سے خالی زمین — البطن: گردہ کی چربی۔ اور کہتے ہیں فلان یلبس السواد والبیاض" وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لئے اور بیاض کو صلاح کے لئے مثال قرار دیتے ہیں۔
البَیْضَۃ: البیض کا واحد۔ انڈا۔ ج بیضات اور بَیض کی جمع بُیُوض ہے۔ خصیہ۔ خود۔ بَیْضَۃُ القوم: چوپال۔ بَیْضَۃُ البَلَد: شہر کا سب سے بڑا آدمی۔ گنام نسب والا۔ بَیْضَۃُ الدِّیک۔ مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے، جیسے اردو میں ہینس کا انڈا)

— الحَرّ: گرمی کی شدت — الخِدر: لڑکی
— العُقر: آخری اولاد۔
الاَبْیَضُ: مونث بَیْضاء۔ ج بِیض: سفید۔ تلوار۔ الموتُ الاَبْیَض: ناگہانی موت والخیطُ الاَبْیَض: کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔
الیَدُ البَیْضاء: نعمت و احسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْہُ منّی بَیْضاءُ والقَیْظ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا "وکلّمتُہ فارَدّ عَلَیّ بیضاء ولا سَوْداء" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ اللیالی البیض: چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرھویں۔ چودھویں، پندرھویں راتیں۔ وایام البیض: انہی راتوں کے دن۔ الاَبْیَضان: دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ اور کہا جاتا ہے مارایتہ منذ ابیضان "میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور ہذا ابیض من ذاک "شاذ ہی۔ قیاس اشدّ بیاضا ہے۔ البَیْضاء: چاندی۔ گیہوں۔
البَیّاضَۃ: بہت انڈوں والی۔
البَیْضان۔ من الناس: سفید فام لوگ۔
بَاظَ (ض) بَیْظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
البَیْظ: چیونٹی کے انڈے۔
بَاعَ (ض) بَیْعًا و مَبِیْعًا۔ فلانًا کتابًا او من فلان کتابا: بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) جمع باعۃ۔ صفت مفعولی (مَبِیْع)
بَایَعَ۔ مُبَایَعَۃً: باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بایَعُوہُ بالخلافۃ و بُوْیِعَ لَہ بالخلافۃ" لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔
اَبَاعَ: الشیءَ: بیچنے کے لئے پیش کرنا۔
تَبَایَعَا: باہم خرید و فروخت کرنا۔
اِبْتَاعَ: الشیءَ: خریدنا۔
اِنْبَاعَ: الشیءُ: رائج ہونا۔

البَیْع: فروختگی۔ خرید۔
البَیْعَۃ: عہد و پیمان۔
البِیْعَۃ: کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادتخانہ ج بِیَع و بِیَعات و بُیُعات۔
البِیَاعَۃ: سامان فروختنی۔ ج بیاعات
البَیِّع والبَیَّاع۔ بیچنے والا۔ خریدار
بَاعَ یَبِیْعُ بَیْعًا وتَبَیَّعَ۔ الدمُ: جوش میں آنا۔
البَیْقَۃ: ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔
بَیْقَرَ۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا — فی مالہ: جلدی سے تباہ و برباد کر دینا — الدارَ: اُترنا۔
الاُبَیْقِر: بے خیر و بے فیض آدمی۔
البَیْقار۔ پرکار۔
البَیْلَسان والبَلَسان: ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البِیمارِسْتان والمارِسْتان: شفا خانہ۔ اس کیلئے عربی لفظ مستشفیٰ ہے۔
بَانَ (ض) بَیْنًا وبُیُوْنًا وبَیْنُوْنَۃً۔ عنہ: جدا ہونا۔
بَانَ (ض) بَیَانًا وتَبْیَانًا وتِبْیَانًا ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صنعت (بَیِّن وبائن) ج اَبْیِناء وبُیَنَاء وابْیان۔
اَبَانَ۔ الشیءَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا — الشیءُ: ظاہر ہونا، واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ فَاَبَانَ راسَہ مِنْ جَسَدِہ" اس نے اس کو مارا۔ اور اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔
بَیَّنَ۔ الشیءُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔
— الشجرُ: پتے نکلنا — الشیءَ واضح کرنا
— البنتَ: نکاح کر دینا۔
بَایَنَ۔ چھوڑ کر جدا ہونا۔
تَبَیَّنَ۔ الشیءُ: واضح ہونا — الشیءَ: واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔

تَبَایَنَا: ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تَبَایَنَ الشیئان: باہم متفاوت ہونا۔
اِسْتَبَانَ۔ الشیءُ: واضح ہونا — الشیءَ: کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔
بَیْنَ۔ درمیان (ظرف ہے)
بَیْنَ بَیْنَ (دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط۔ اور کہا جاتا ہے۔
"بَیْنَا اَوْ بَیْنَمَا نَحْنُ نَضْرِبُ"
البَیْن: جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے۔ "تقطع بَیْنَہُمَا" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہو گیا۔
ذاتُ البَیْن: نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "سَعیٰ فی اصلاح ذات بینہم" یعنی ان کے اصلاح حال میں کوشش کی۔
البَیْن: گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ہر بیٹوں لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں بین باشی کے معنی ہزار کا سردار۔
البَیَان: مع فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔
البَائِنَۃ۔ البائن کا مونث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)
البَائِنَۃ۔ گہرا کنواں۔
البَیِّنَۃ: البیّن کا مونث۔ دلیل و حجت ج بینات۔
بَاهَ یَبَاهُ بَیْهًا۔ لہ: مطلع ہونا، واقف ہونا جاننا
بَیَاكَ اللہ۔ بمعنی بوّاکَ اللہ۔ خدا تم کو مالک بنائے، تمہارے رتبہ کو بلند کرے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ہَیَّ بن بَیَّ" "یا ہَنْیان، بَیَّان" یعنی وہ مجہول النسب ہے، نہ وہ معلوم ہے نہ اسکا باپ "وَلَسْتُ اَدْرِیْ اَیُّ ہَیَّ بن بَیَّ ہو" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

(۴۰۰)

ت

التاء - حروف مبانی کا تیسرا حرف (مونث) جو تاوات - نسبت کیلئے تائی وتاوی وتیوی کہا جاتا ہے "قصیدۃ تائیۃ" وتاویۃ" وتیویۃ" اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے۔ فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے تُ وتَ وتِ وتُما وتُما وتُم وتُنّ - اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قائمۃ وذہبت، اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لئے جیسے شجرۃ۔

اور کبھی مبالغہ کیلئے جیسے فہامۃ - علامۃ۔ اور کبھی یہ حرف جر ہوتا ہے اور قسم کیلئے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے۔ جیسے تاللہ۔ اور کبھی کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبّی۔

اور کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لئے جیسے مہالبۃ۔

اور کبھی حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے زَنَادِقَہ زندیق کی جمع۔

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ واقْتَتَلَ، اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء۔ اور کبھی اوّل کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں جیسے عِظَۃ۔

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شفۃ۔

تا۔ مونث مفرد کے لئے اسم اشارہ ہے۔ اسکا مثنیٰ تانِ۔ جمع اُولاءِ اور اس پر ہا تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے ہاتا، ہاتانِ وہٰؤُلاءِ۔ خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں۔ جیسے تاک وتاکَ وتاکِ وتاکُما (تاک میں تاء کا فتحہ لغت رویہ ہے) مثنیٰ کیلئے تانک وتانِک اور جمع کے لئے اُولٰئک واولاک واُولالک اور تلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں ہا تنبیہ بھی داخل ہے۔

التَّابُوت: لکڑی کا صندوق۔ اور اسی سے تابوت میت ہے۔ کشتی۔ جمع توابیت

تَأْتَأَ تَأْتَأَۃً وتَأْتَاءً۔ بولتے ہوئے تتلانا

صفت تَأْتَار۔ الطِّفْلُ: چلنا — المحاربُ: لڑائی میں اظہار شجاعت کے لئے اکڑتے ہوئے چلنا۔

تَأْرَہُ (ف) تَأْرًا: جھڑکنا۔

أَتْأَرَ إِتْآرًا: دیکھنا۔ ٹکٹکی لگانا۔

— بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔

التَّأْرَۃ۔ ایک مرتبہ۔ ہمزہ کا ترک کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہا جاتا ہے "فعلت تَأْرَۃَ ہٰذا وتَارَۃَ ذاک" و"تَارَۃً بَعْدَ تَارَۃٍ" تارات وتیر وتیرۃ۔

تَأَرَّزَ (ف) تَأَرُّزًا۔ الجرحُ: زخم کا بھر جانا مندمل ہونا — القوم فی الحرب: لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا۔

تَئِقَ (س) تَأَقًا۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا — الرجلُ: غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَئِق ومِتْآق)

أَتْأَقَ۔ الأناءَ: برتن بھرنا۔

التَّأَقَۃ۔ غصہ کی تیزی۔ اور برائی کی طرف تیز قدمی۔

أَتْأَمَتِ۔ المرأۃُ: جڑواں جننا۔ صفت (مُتْئِم) اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِتْئام) کہتے ہیں۔ جمع مَتائِیم۔

تَأَمَ۔ اخاہ: جڑواں پیدا ہونا۔ صفت (تَئِم وتُؤَم وتَئِیم) الثوب: تانا بانا دونوں میں دوسوتی بننا۔ صفت مفعولی (مِتْئام)

التَّوْأَم: جڑواں۔ جمع توائم وتوام۔ مونث تَوْأَمَۃ: کہا جاتا ہے "ہذا توأمُ ہذا وہذہ تَوْأَمَۃُ ہذہ" اور جب دونوں جمع ہوں تو أَتْوَمان وتَوْأَم کہتے ہیں جیسے زوجان وزوج۔ التوأم: جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔ توائم النجوم او اللؤلؤ: ستارے یا موتی جو آپس میں گتھے ہوئے ہوں۔

تَبَّ (ن) تَبًّا۔ الشیءَ: کاٹنا — فلانًا ہلاک کرنا۔

تَبَّا وتَبَابًا وتَبِیبًا: ہلاک کرنا اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لہ" یعنی اللہ اس کیلئے خسران وہلاکت لازم کرے۔ وتَبَّتْ یَدَاہ" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تَبَّبَ۔ فلانًا: کسی سے تبالک کہنا۔ ہلاک کرنا

أَتْبَبَ۔ کمزور وضعیف کرنا۔

اِسْتَتَبَّ۔ الأمرُ: درست ہونا۔ درست طریقے سے جاری رہنا — الرجلُ: کمزور وعاجز ہونا — الطریقُ: چلتا ہوا ہونا۔

التَّبَاب: کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

التِّبَّۃ: سخت حالت۔

التَّابّ۔ بوڑھا اور کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "کُنْتُ شابًّا فَصِرْتُ تَابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا۔ جمع أَتْبَاب۔

تَبْتَبَ۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

تَبِرَ (س) تَبَرًا۔ ہلاک ہونا۔

تَبَّرَہ (ض) تَبْرًا۔ ہلاک کرنا۔ توڑنا۔

أَتْبَرَ۔ عن الامر: پیچھے ہٹنا، باز رہنا۔

تَبَّرَہ: ہلاک کرنا۔

التَّابُور: فوجی جماعت۔ جمع تَوَابِیر۔

التَّبَار: ہلاکت۔

التِّبْر: سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا۔ واحد تِبْرَۃ۔

التِّبْرِیَۃ: سرکی بھوسی (ہبریۃ میں ایک لغت ہے۔

المَتْبُور: ہلاک شدہ۔ ناقص۔

تَبَعَہٗ (س) تَبْعًا وتَبَاعًا وتَبَاعَۃً و اِتْبَعَہٗ: پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ فرمانبردار ہونا صفت (تَبِع) واحد اور جمع دونوں کے لئے آتا ہے۔ ج اَتْبَاع و (تَابِع) ج تَبَع وتَبَعَۃ وتَوَابِع وتُبَّع۔ التَّابِع: نوکر۔ خادم۔ جن۔ تَبِعَ و اتَّبَعَ الشَّیْءَ: پیروی کرنا۔ نشانِ قدم پر چلنا۔

تَبَّعَہٗ: پیروی کرنا۔ تَبَّعَ بہ کذا: لاحق کرنا

تَابَعَ۔ بین الاعمال: لگاتار کرنا۔ الحدیث: اچھی طرح بیان کرنا۔ العمل: محکم کرنا۔ مضبوط کرنا۔ فلانًا علی الامر: موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَابَعَنِی بمالہٗ عندی" یعنی اس کا جو کچھ میرے پاس تھا اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا۔

اَتْبَعَہٗ: پیروی کرنا۔ لاحق ہونا۔ اَتْبَعَہٗ کذا: لاحق کرنا۔

تَتَبَّعَ۔ الامر: دیر تک تلاش و بحث کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَبَّعْتُ احوالہٗ" میں اس کے احوال کو ٹٹولتا رہا۔

تَتَابَعَتِ الاخبارُ: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِسْتَتْبَعَہٗ: پیچھے چلنے کو کہنا۔

التِّبْع: تابع۔ عاشق۔ کہا جاتا ہے۔ ہو تِبْعُ الکرم" وہ فیاضی کا عاشق ہے۔

التَّبِع: بہت تابعداری کرنے والا۔

التَّبِعَۃ: ج تَبِعَات و (التَّبَاعَۃ) ج تَبَاعَات: تاوان۔ ڈانڈ۔ کہا جاتا ہے "لہٰذا لفعلِ تَبِعَۃٌ" یعنی اس فعل سے ضرر لاحق ہونے والا ہے۔

تُبَّع: یمن کے بادشاہوں کا لقب۔ ج التَّبَابِعَۃ والتُّبَّع: سایہ۔ شہد کی بڑی مکھی ج تَبَابِیع۔

التَّبِیع: مددگار۔ پیروی کرنے والا۔ ج تِبَاع وتَبَائِع۔

التَّابِعَۃ: تابع کا مونث۔ نوکرنی۔ خادمہ جنیہ

التَّابِعِی: تابع اور تابعہ کی جانب نسبت

وہ شخص جس نے بحالتِ ایمان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہو اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

التَّبَاع: تابع کا مصدر۔ اور کبھی صفت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے "شہدٌ تَبَاعٌ ایامًا تَبَاعًا"

الاتِّبَاع: مم کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ماقبل کے کلمہ کے موزن ہو جیسے کیثر بیثر۔ خبیث نبیث۔

التِّبْغ: تمباکو۔

تَبَلَہٗ (ن) تَبْلًا وأَتْبَلَہٗ: الحُبُّ او الدَّہْرُ بیمار کر دینا۔ عقل کو ضائع کر دینا۔ صفت مفعولی (مَتْبُول وتَبِیل) ہے۔

تَبَّلَ وتَابَّلَ وتَوَبَّلَ: الطعامَ: مسالہ ڈالنا۔

التَّبِیل: مم۔ کینہ۔ دشمنی۔ کہا جاتا ہے۔ "بینہما تَبِیل" "ان دونوں کے درمیان عداوت ہے ج اَتْبَال وتُبُول۔

التَّابَل والتَّابِل والتَّأْبَل۔ مسالہ

التَّبَّال۔ مسالہ والا۔ مسالہ بیچنے والا۔

التُّوبَال۔ من النحاس والحدید: ذرات جو کوٹنے میں گریں۔

تَبَنَ (ض) تَبْنًا۔ الدابۃ: بھوسہ کا چارہ دینا۔

تَبِنَ (س) تَبَنًا وتَبَانَۃً۔ سمجھ دار و ذکی ہونا۔ صفت (تَبِن)

تَبَّنَ۔ بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسہ رکھنا۔

— الرجلُ: باریک بین ہونا۔

اِتَّبَنَ۔ جانگھیا پہننا۔ لنگوٹ باندھنا۔

التِّبْن۔ بھوسہ واحد (تِبْنَۃ) ج اَتْبَان وتُبُون۔ بڑا پیمالہ۔

التِّبْنِی۔ بھوسہ کے رنگ کا۔

التَّبَّان۔ بھوسہ بیچنے والا۔

التُّبَّان۔ لنگوٹ۔ جانگھیا۔ نیکر۔

تَبَا (ن) تَبْوًا۔ غزوہ کرنا اور مالِ غنیمت حاصل کرنا۔

اَتْتَر۔ قوم تاتار۔ واحد (تَتَرِی) کہا جاتا ہے جاء القومُ (تَتْرَی وتَتْرَی) لوگ پے در پے آئے اس کی اصل وَتْرَی ہے۔

التُّتُن۔ تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے اس کے معنی دھوئیں کے ہیں۔

تَجَرَ (ن) تَجْرًا وتِجَارَۃً وتَاجَرَ واتَّجَرَ۔ واتْجَرَ۔ سوداگری کرنا۔

التِّجَارَۃ۔ سوداگری۔ سرمایہ۔

التَّاجِر۔ سوداگر۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے۔ ج تجار وتجار وتُجُر۔ اور کہا جاتا ہے "بضاعۃ تاجرۃ" رائج سامان۔ ج تَوَاجِر

المَتْجَر۔ سوداگری۔ سرمایہ۔ اور اسی سے ہے "وصنعتہ فی متجر الحمد رابحۃ"

المَتْجَرَۃ۔ منڈی۔ کہا جاتا ہے "ارض مَتْجَرَۃ" تجارتی ملک۔

تَحْتَ۔ نیچے۔ اس لفظ کے لئے اضافت لازم ہے اور جب اضافت سے علیحدہ کرتے ہیں تو مبنی بر ضمہ کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "جاء من تحتُ" ج تحوت۔

التَّحُوت۔ کمینے۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

التَّحْتَانِی۔ تحت کی جانب منسوب۔ نیچے کی چیز۔

تَحْتَحَہٗ۔ من مکانہ: حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "فلان لا یتحتحُ من مکانہ: جگہ سے حرکت نہیں کرتا۔

التَّحْتَحَۃ۔ حرکت۔ تسمہ کی حرکت کی آواز

اتْحَفَہٗ۔ الشیءَ وبالشیءِ و (اِتْحَفَہٗ) بہ: ہدیہ کرنا۔ تحفہ دینا۔

التُّحْفَۃ والتُّحَفَۃ۔ ہدیہ۔ نفیس قیمتی چیز۔ ہر وہ چیز جو کسی کے سامنے لطف و مہربانی کے طور پر پیش کی جائے۔ ج تُحَف۔

تَحَمَ (ن) تَحْمًا۔ الثوب: نقش و نگار کرنا۔

اِتْحَمَّ اِتْحِمَامًا۔ سخت سیاہ ہونا۔

التَّاحِمَۃ: جولاہہ۔

الأتحم - سخت سیاہ۔
التاجی : باغبان۔
تخ (ن) تخوخۃ۔ العجین : گندھے ہوئے آٹے کا ترش ہونا (— تخا) العجین او الطین : گندھے آٹے یا مٹی کو نرم ہونے کے لئے پانی بڑھانا۔
أتخ۔ العجین : کھٹا کرنا۔ نرم ہونے کے لئے زیادہ پانی ڈالنا۔
التخ۔ کھٹا خمیر۔ تل کا عصارہ۔
التخت۔ تخت۔ تخت الملک : تخت شاہی۔ تخت المملکۃ : دار السلطنت۔ جامہ دان۔ ج تخوت۔
التختخۃ۔ لکنت۔ ہکلاپن۔
التختاخ والتختانی۔ ہکلا۔
تخذہ (س) تخذا۔ لینا۔
تخمہ (ض) تخما۔ حد مقرر کرنا۔
تخم (س) تخما وتخمۃ۔ بدہضمی ہونا
أتخمہ۔ الطعام : متلائے بدہضمی کرنا۔
تاخم۔ ملکی ملک : سرحد میں متصل ہونا۔
التخم والتخم۔ سرحد۔ ج تخوم۔
التدرج والتدرج۔ ایک خوبصورت پرندہ جس کی دم لمبی ہوتی ہے۔ ج تدارج۔
ترر (ن ض) ترا وترورا۔ العظم : کٹ کر گرنا — عن قومہ : الگ ہونا۔ دور ہونا۔ (— ترارۃ) الرجل : موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تار)
أترہ۔ دور کرنا۔ أترۃ : ہاتھ کاٹ دینا
التر۔ اصل۔ جڑ۔ معمار کی ڈوری۔
الترى۔ من الایدی : کٹا ہوا ہاتھ۔
ترب (س) تربا۔ المکان : بہت مٹی والا ہونا — الشیء : مٹی لگ جانا۔
ترب (س) تربا ومتربا۔ الرجل : محتاج ہونا۔ صفت (ترب وترود) ج تراب۔ اور اسی سے ہے "ترب بعد ان اترب" وہ مالدار ہونے کے بعد محتاج ہو گیا۔

ترب واترب۔ مالدار ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ ترب واترب الشیء : خاک ڈالنا۔
تاربہ۔ ہمعصر ہونا۔ دوست ہونا۔
تترب : مٹی ہونا۔ خاک آلود ہونا۔
التراب۔ مٹی۔ ج اترب وترابان۔
الترآب۔ بکری کا دست۔
الترب والترب۔ مٹی۔
الترب۔ ہم عمر۔ اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لئے ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ہذہ ترب فلانۃ" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔
التربآء۔ مٹی۔ زمین۔ کہتے ہیں "بینہا۔ مابین الجربا والتربا" ان دونوں کے درمیان آسمان زمین جیسا فرق ہے۔
التربۃ۔ مٹی۔ قبرستان۔ ج تربات۔ تربۃ۔ الانسان : انسان کی قبر۔
الترب۔ فقیر۔ ربح تربۃ : خاک اڑانیوالی ہوا۔ لحم ترب : خاک آلود گوشت۔ مکان ترب : بہت مٹی والی جگہ۔
الترببۃ۔ ج ترب : ایک قسم کی گھاس — ج تربات : انگلیوں کے کنارے۔ سرانگشت۔
الترببۃ۔ سینہ کی ہڈی۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ترببۃ البعیر : اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ۔ ج ترائب۔
المتربۃ۔ فقر وفاقہ۔ کہا جاتا ہے "مسکین ذو متربۃ" یعنی خاک آلود مسکین۔
ترتر ترترۃ۔ جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔ گفتگو میں نرم ہونا۔ بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا — الشیء : خوب ہلانا۔
تترتر۔ ہل جانا۔
التراتر۔ سختیاں۔
ترجر (س) ترجرا۔ الرجل : دشوار پانا مشکل ومشتبہ پانا۔
ترجر (ن) ترجرا۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
الترجر۔ مضبوط پٹھوں والا۔ مونث ترجرۃ

اور کہا جاتا ہے "رتج ترجرۃ" تیز ہوا۔
ترجم۔ الکلام : ترجمہ کرنا۔ صفت (ترجمان وترجمان) ج تراجمۃ وتراجم — الرجل : عادات واخلاق بیان کرنا — عنہ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ترجمہ بالترکیۃ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
ترجمۃ۔ الکلام : مشتبہ ہونا۔
الترجمۃ : ترجمہ۔ سوانح عمری۔ ج تراجم وترجمۃ الکتاب : کتاب کا دیباچہ۔
ترح (ف) ترحا وترحۃ۔ غمگین ہونا
ترحہ وأترحہ۔ غمگین ہونا۔
الترح۔ غم۔ محتاجی۔ فقیری۔ ج اتراح
الترح۔ کم خیر والا۔ بہت غم والا۔
المترراح۔ من النوق : اونٹنی جسکا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔ ج مترارح۔
ترز (ض) وترزا (س) ترزا وترزا وترورا۔ الشیء : خشک ہونا۔ مضبوط ہونا۔ سخت ہونا الماء : پانی کا تم جانا۔
ترزہ (ض) ترزا۔ پچھاڑنا۔
أترزہ۔ الشیء : سخت کرنا۔ خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "الجری یترز لحم الدابۃ" دوڑ جانور کے گوشت کو سخت کر دیتا ہے۔
التارز۔ سخت وقوی۔ اور اسی سے ہے "ان عجیزکم لتارز" تمہارا خمیر سخت ہے خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔ مردہ۔
الترز۔ اچانک موت۔
ترس۔ ڈھال پہنانا یا دینا (— تترس) ڈھال لگانا یا ڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت (تارس) کہا جاتا ہے "لا یستوی الراجل والفارس والاکشف والتارس" پیدل اور سوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔
أترس۔ الباب : دروازہ بند کرنا۔
اترس۔ بالترس او غیرہ : ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔

التُّرس - ڈھال - ج اَتْراس وتِراس و تُرُوس وتِرَسَة - تُرْسُ الشمس: آفتاب کی ٹکیا - کہا جاتا ہے "غاب ترس الشمس"
المِتْراس والمِتْرَسَة - ج مَتارِس و (المِتْراس) ج مَتارِيس: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپکر دشمن سے بچیں -
التَّرّاس - ڈھال بنانیوالا - ڈھال والا
التِّراسَة - ڈھال سازی -
التَّرْسانَة والتَّرْشَخانَة - اسلحہ خانہ جہاز سازی کا کارخانہ -
تَرِشَ (س) تَرَشًا - بدخلق ہونا - صفت (تَرِش)
تَرِصَ (ک) تَراصَةً - الشیٔ: سیدھا ہونا - مضبوط ہونا - صفت (تریص)
تَرَّصَ واتْرَصَ - المیزانَ: سیدھا کرنا صفت مفعولی (تَرِیص ومُتَرَّص) کہا جاتا ہے اُتْرُصْ مِیزانک فانہ شائل "اپنی ترازو درست کرو اس لئے کہ وہ اٹھی ہوئی ہے -
المُتْرَصات - سیدھے کئے ہوئے نیزے
تَرِعَ (س) تَرَعًا - بُرائی کی طرف سبقت کرنا - صفت (تَرِع وتَرِیع) — الکوز و الحوضُ: بھر جانا - صفت (تَرِعٌ)
تَرَّعَ (ف) تَرْعًا - عن الامر: کسی کام سے پھیرنا - باز رکھنا -
تَرَّعَ - البابَ: دروازہ بند کرنا -
اَتْرَعَ: الاناءَ: برتن بھرنا -
تَتَرَّعَ - الیہ بالشر: کسی کو جلدی سے بُرائی پہنچانا -
اِتْرَعَ - الاناءُ: برتن کا بھر جانا -
التَّرْعَة - دروازہ - کہا جاتا ہے "فتح ترعة الدار" اس نے گھر کا دروازہ کھولا - باغ باغ کی طرف جانیوالی نالی - سیڑھی کا پایہ - منبر کے درجے - حوض کا دہانہ - دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر - ج تُرَع

التَّرّاس - دربان (— والاتْرَع)
من السیل: وہ سیلاب جو وادی کو بھر دے
التِّرْغَلَة - جنگلی کبوتر -
تَرِفَ (س) تَرَفًا وتَتَرَّفَ - خوشحال ہونا - آسائش سے زندگی بسر کرنا - صفت (تَرِف وتَرِیف)
تَرَّفَهُ واَتْرَفَهُ - المالُ: سرکش بنا دینا خراب کر دینا - اَتْرَفَ الرجلُ: سرکشی وبغاوت پر اصرار کرنا -
اِسْتَتْرَفَ - سرکشی کرنا - تکبر کرنا -
التُّرْفَة - نعمت وآسائش - خوش ذائقہ کھانا - پیدائشی طور پر اوپر کے ہونٹ کے درمیان میں ابھار -
الاَتْرَف - وہ شخص جس کے اوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ ابھرا ہوا ہو -
المُتْرَف والمُتَرَّف - ظالم - خوش حال نعمت میں پلا ہوا - وہ شخص جو بطور خود جو چاہے کرے اور کوئی روکنے والا نہ ہو -
التَّرْقُوَة - ہنسلی کی ہڈی - ج التَّراقِی و التَّرائِق - کہا جاتا ہے "تَرْقَاه تَرْقاةً" یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا - وبلغت رُوحُه التراقی "وہ قریب الموت ہوا -
تَرَكَهُ (ن) تَرْكًا وتِرْكانًا واتْرَكَهُ: چھوڑنا
تارَكَ - مُتارَكَة وتِراكًا - چھوڑنا — الرجلُ: مصالحت کرنا -
تَتارَكُوا - الامرَ بینہم: چھوڑنا -
التَّرِكَة والتَّرِيكَة - شتر مرغ کا چھوڑا ہوا انڈا - انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو - خود - وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے -
التِّرْكَة والتَّرِكَة - چھوڑی ہوئی چیز اور اسی سے ہے "ترکة المیت"
التَّرِيك - چھوڑا ہوا — من الکرم او النخل: خوشہ یا پھل جس میں سے کھا کر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو -

التَّرّاك - بہت چھوڑنے والا -
تَرْمَس: جنگ سے غائب رہنا -
ترمسَتِ الدابةُ: جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا -
التُّرْمُس - ایک قسم کا غلہ جو کڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے
التُّرْمُسَة - سرنگ - تہ خانہ -
التِّرامِس - چاندی کے مہرے -
التُّرامِس - گدھا -
التُّرُنْج - لیمو - لیمو کا درخت -
تَرِهَ (س) تَرَهًا - باطل چیزوں میں پھنسنا
التُّرَّهَة - باطل مصیبت - ج تُرّات
التُّرّات: چھوٹے راستے -
التُّرَّهُ - باطل - ج تَرارِیه -
تَرَّى (ض) تَرْيًا - فی الامر: دیر کرنا -
التِّرْياق - دوا جو دافع زہر ہو (— والتِّرْياقة) شراب -
تَسَعَ (ف ض) تَسْعًا - القومَ: نواں ہونا اپنے کو ملا کر نواں بنا دینا - قوم کے مال کا نواں حصہ لینا — المالَ: نواں حصہ لینا -
اَتْسَعَ - القومُ: نو ہونا -
التِّسْعَة - نو - مونث تِسْع کہا جاتا ہے تِسْعَةُ رِجال وتِسْعُ نِساء وتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا وتِسْعَ عَشْرَةَ امْرَأة - ج تِسْعات -
التُّسْع والتَّسِيعُ - نواں حصہ - تسع کی جمع اتساع -
التّاسِع - نواں -
تِسْعُون - نوے -
التُّسَع - مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں
تُساع - نو - کہا جاتا ہے "جاء القوم تُساع" قوم کے لوگ نو نو آئے (یہ غیر منصرف ہے)
التُّساعِی - نو والا -
التّاسُوعاء - مہینہ کا نواں دن - جبل (تَسُوع) نو لڑی کی بٹی ہوئی رسی -
تِشْرِين الاوّل - ماہ اکتوبر (ترکی مہینے

کا نام۔
تِشْرِینُ الثَّانِی۔ ماہ نومبر۔ ج تَشَارِین۔ تشارین کو فصل خریف پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔
تَعَّ (ن) تَعَّةً وتَعًّا۔ ڈھیلا ہونا۔ قے کرنا۔
تَعِبَ (س) تَعَبًا۔ مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت (تَعِبٌ)
اَتْعَبَهٗ۔ تھکانا۔ اَتْعَبَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ القومُ: تھکے ہوئے جانوروں والی ہونا۔
التَّعَبُ۔ مشقت۔ تھکن۔ ج اَتْعَاب۔
المَتْعَبُ والمَتْعَبَةُ۔ تھکن۔ تھکن کی جگہ باعثِ تھکن۔ کہا جاتا ہے "استخراج المعمّٰی مَتْعَبَةٌ لِلْخَوَاطِرِ" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ ج مَتَاعِب۔
تَعْتَعَهٗ۔ جھنجوڑنا۔ حرکت دینا۔ تَعْتَعَ فی الکلام: ہکلانا۔
التَّعَاتِیع۔ خوفناک جھوٹی خبریں۔
تَعِسَ (ف) وتَعِسَ (س) تَعْسًا و تَعَسًا۔ ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔ صفت (تَعِسٌ وتَاعِسٌ وتَعِیسٌ)
تَعَسَهٗ واَتْعَسَهٗ۔ اللہ: بدنصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعْسًا" یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔
التَّعْس۔ مع ہلاکت۔ بدی۔ تنزل۔
التَّعْسَة۔ سختی سے گرنا۔
المَتْعَسَة۔ سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا الامرُ مَنْحَسَةٌ مَتْعَسَةٌ" یہ معاملہ باعث نحوست وہلاکت ہے۔
تَعِصَ (س) تَعَصًا۔ زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔
التَّعَل۔ حلق کی سوزش۔
تَغِبَ (س) تَغَبًا۔ ہلاک ہونا۔
اَتْغَبَهٗ۔ ہلاک کرنا۔
التَّعَب۔ ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک۔ عیب وفساد۔

التَّغَبُ والتَّغَبَة۔ گناہ۔ قبیح۔ کہا جاتا ہے "مَافِیهِ تَغَبَةٌ" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کیجائے۔
تَغَتَّعَ۔ الکلامَ: واضح طریقہ سے نہ بولنا ـــــ الضحکَ: ہنسی کو چھپانا۔
التَّغْتَغَة۔ زیور کی جھنکار کی نقل۔ ہنسنے کی آواز کی نقل۔ زبان کی ثقافت۔
تَغَرَ (ف) تَغْرًا وتُغُورًا۔ اسحابةُ: پانی بہہ پڑنا۔ تَغَرَ العِرْقُ: کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَغْرَاءُ۔ القِدرُ: جوش مارنا۔ اُبلنا۔ جرح (تغار) کثرت سے خون بہانے والا۔ زخم۔
تَفَفَهٗ۔ کسی سے تھوتھو کہنا۔
التُّفُّ۔ ناخن کا میل۔ ج تِفَفَة۔
التِّفَّان۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "آتیتک بِتِفَّانِهٖ وعلی تِفَانِهٖ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
التُّفَّة۔ حقیر وذلیل عورت۔
التُّفَّفَة۔ ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
تَفِغَ (س) تَفَغًا۔ سخت غضبناک ہونا۔
تَفِیئَة وتَفِیَّة۔ الشیءُ: وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا۔ میل کچیل غالب ہونا صفت (تَفِث) کہا جاتا ہے "قضیٰ تَفَثَهٗ" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَتِ۔ الدمامُ مکانہ: آلودہ کرنا۔
التُّفَّاح۔ سیب۔ سیب کا درخت۔ واحد تُفَّاحَة۔ ج تفافح۔
التُّفَّاحَتَانِ۔ دونوں ران کے سرے
المَتْفَحَة۔ سیب کی پیداوار کی جگہ۔
اَتْفَرَ۔ الشجرُ: کونپلیں نکلنا ـــــ الرجلُ: ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الرجل (التَّافِر والتَّفِر والتَّفْرَان) میلا۔ گندا

التِّفْرَة والتُّفْرَة والتُّفْرَة۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفَرَةٌ۔ الشجر: کونپل۔ والتَّفَرة: درخت کے نیچے اُگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانو چر نہ سکے۔
التَّفَارِیج۔ چوتڑے کے پائے کے فاصلے انگلیوں کے درمیان کی کشادگی واحد تَفْرَاج
التَّفْرُوق۔ ذرا ذرا خرما۔
تَفَلَ (ن ض) تَفْلًا۔ تھوکنا۔
تَفِلَ (س) تَفَلًا۔ الرجلُ: تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مونث (تَفِلَة وتِفَال)
اَتْفَلَهٗ۔ بدبودار کر دینا۔
المِتْفَلَة۔ پیکدان۔ ج مَتَافِل۔
التَّتْفُل والتِّتْفِل والتُّتْفُل۔ لوٹڑی۔ مونث تُتْفُلَة۔
التَّتْفِن۔ میل
تَفِهَ (س) تَفَهًا وتُفُوهًا۔ الشیءُ: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَفِهَ عَطَاءُ فلان" فلاں کی داد ودہش کم ہے (ـــ تفاہَة) الطعامُ: بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِه وتافِه) (ـــ تُفُوهًا) الرجلُ: کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِه)
اَتْفَهَ۔ الشیءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُعْطِیتُ فَاَتْفَهْتُ" تم نے دیا اور کم دیا۔
التِّقْدَة والتَّقْدَة۔ دھنیا۔ زیرہ رومی۔ مسالہ۔
التَّقِر والتِّقِرَة۔ مسالہ۔ التِّقِرة: دھنیا۔ زیرہ رومی۔
تَقِعَ (س) تَقَعًا۔ بھوکا ہونا۔
التَّقِع۔ بھوک۔
جوعٌ (تَقِع) سخت بھوک۔
اَتْقَنَ۔ الامرَ: مضبوطی سے کرنا۔
تَقَنَ۔ الارض: پیداوار زیادہ ہونے

کے لیے سینچنا۔
التِقن: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفصاحۃ من تقنہ" فصاحت اسکی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی
رجل (تِقن وتَقِن) کام کو اچھی طرح کرنے والا کام میں ماہر۔ ج اتقان۔
التِقنۃ۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔
تقی۔ (دیکھئے مادہ۔ وق ی)
تکّہ (ن) تکّا۔ روند کر چپل دینا۔ تکّہ البنیۃ: مدہوش کر دینا۔
تکّ (ن) تکوکًا۔ الرجل: لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (تاک) ج تاکون و تکّکۃ۔ وتُکاک وتُکک۔
اِستتاک۔ التکّۃ: پائجامہ میں ازار بند ڈالنا۔
التکّۃ۔ ازار بند۔ ج تکک۔
المتاک۔ پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی سلائی
التکّی۔ ازار بند بیچنے والا یا بننے والا۔
تکا۔ (دیکھئے مادہ۔ وک ا)
تکتکہ۔ تکتکۃ۔ روند کر چپل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ السامۃ: ٹکٹک کرنا۔
تکل (دیکھئے مادہ۔ وک ل)
تلّہ (ن) تلًّا۔ پچھاڑنا۔ الشیٔ الیہ: دفع کرنا۔ الحبل فی البئر: کنوئیں میں رسّی لٹکانا۔ الشیٔ فی یدہ: رکھنا۔ کہا جاتا ہے۔ تلّہ (بتثلیۃ) سُوءٍ" اس نے اسے بُرے فعل کی تہمت لگائی۔ الیہ: عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
اتلّ۔ الدابۃ: باندھنا۔ کھینچنا۔ المانع: پکانا۔
التلّال والتلالۃ۔ گمراہی۔
التلّ۔ من الارض: چھوٹا ٹیلہ۔ ج تلال و تُلول۔ واحد تلّۃ۔
التِلّۃ۔ حالت (۔۔ والتلّۃ) لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فی خلقہ تلّۃ" اسکی عادت میں کاہلی ہے۔
التِلیل۔ ج اتلّۃ وتُلّ وتلائل: گردن۔
۔۔ ج تُلّی: پچھاڑا ہوا۔
المتِلّ۔ وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمح متلّ" سیدھا اور سخت نیزہ
قوی ومضبوط آدمی یا اونٹ۔
التُلّی۔ ذبح کی ہوئی بکری۔
اِتلأبّ اِتلئبابًا۔ الامر: درست ہونا۔۔ الجمار: سر و سینہ اُٹھانا۔ کہا جاتا ہے "قیاس مُتلئبّ" یعنی قیاس مطرود "طریق مُتلئبّ" سیدھا لمبا راستہ۔
التلب۔ نقصان۔ کہا جاتا ہے "تبًّا لہ و تبًّا" یعنی اللہ اس کیلئے نقصان وہلاکت کو لازم کرے۔
المتالب۔ ہلاکت کی جگہیں۔
التالب۔ پہاڑی بکرا۔ مونث تالبۃ۔
التولب۔ گدھے کا بچہ۔ ج توالب۔
اُمّ تولب: گدھی۔
التلج۔ عقاب کا چوزہ۔
تلد (ض ن) تُلودًا۔ المال: کا لابل و الغنم: خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔ صفت (تالد وتُلُد وتُلُدۃ وتلد وتلادٌ و تلیدٌ) اور اسکے خلاف طارفٌ وطریفٌ ہے۔
(۔۔ ن وتلد (س) فی القوم وبالمکان: اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تلد فلان عندنا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے
اتلد۔ الرجل: مورونی مال والا ہونا۔ مال حاصل کرنا۔
تلّد۔ مال جمع کرنا۔
التُلُد۔ عقاب کا چوزہ۔
التِلِسکوب۔ دوربین (جدید) اس کے لئے عربی مرقب ہے۔
التِلِیسْتُ۔ خصیہ۔
تلصّہ تتلیصًا۔ نرم وہموار کرنا۔
تلع (ن) تلعًا وتُلُوعًا۔ النہار: دن چڑھنا۔۔ الضحیٰ: چاشت کا وقت ہونا۔
۔۔ الرجل او الظبی: سر باہر نکالنا۔
تلِع (س) تلَعًا۔ الانا: بھر جانا۔
(۔۔ تلعًا وتلاعۃً) عنقہ: گردن لمبی ہونا۔
۔۔ الرجل: لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اتلع وتلیع)
اتلع وتتالع وتتلّع۔ فی مشیتہ: چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
التلِع۔ اردگرد بہت دیکھنے والا۔ انا: تلع: بھرا ہوا برتن۔
التلعۃ: بلند زمین۔ پست زمین۔ ج تلعات وتلاع وتلع۔
المتلِع۔ خوبصورت عورت۔
التلعۃ۔ کشتی کا بادبان۔ ج تلعات۔
تلف (س) تلفًا۔ ہلاک ہونا۔ برباد ہونا
اتلفہ۔ ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔
التلیفۃ۔ ہلاک ہونے والی چیز۔
المتلاف والتلاف۔ بہت تلف کرنیوالا
المتلف والمتلفۃ۔ ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت کا سبب۔ چٹیل میدان۔
تلك۔ مونث بعید کیلئے اسم اشارہ۔
التلم۔ زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج اتلام۔
التِلمِ۔ سبز خط لڑکا۔ کاشتکار۔ سُنار۔ سنار کی لمبی دھونکنی۔ ج تلام۔
التلمود۔ یہودیوں کے احکام کی کتاب
تلمّذ وتتلمذ۔ لفلان: شاگرد ہونا۔
تلمّذ وتتلمذ الولد: شاگرد بنانا۔
التلمیذ۔ شاگرد۔ ج تلامیذ وتلامذہ
التُلُنۃ والتُلُونۃ۔ حاجت۔
تلان۔ ابھی۔
تلِہ (س) تلَهًا۔ حیران ہونا۔۔ الشیٔ: تلف ہونا۔ تلِہ وتلِہ عنہ: بھولنا۔ اور کہا جاتا ہے "رجل تالہ العقل ومتلوہ العقل" مرد عقل زائل شدہ۔
اتلہ۔ الشیٔ: برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تَلَا (ن) تُلُوًّا - ہ: پیچھے چلنا — عنہ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَلَا بَعْدَ قَوْمِہٖ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔
(— تِلَاوَۃً) الکتاب: پڑھنا۔
تَلِیَ (س) تَلًی - من الشہر یومٌ: ایک دن باقی رہنا۔
اَلتَّلَاہ - آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ اَتْلَاہ فلانًا: پیچھے چلانا۔ اَتْلَاہ علی فلانٍ: حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتْلَیْتُ فُلَانًا ذِمَّتِیْ" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔ "اَتْلَیْتُ حَقِّیْ عِنْدَہٗ" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔
تَلَاہ تَتْلِیَۃً - پیچھے چلنا۔ تَلِیَ الرجلُ: تدبر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔
تَتَلَّی - ہ: پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَلَّیْتُ حَقِّیْ" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔ یہاں تک کہ پورا وصول کر لیا — الرجلُ: بہت مال جمع کرنا — حقہ عندہ: کچھ چھوڑ دینا
تَتَالَتِ: الامورُ او الخیلُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَائَتِ الخیلُ تَتَالِیًا" یعنی پے در پے آئے۔
تَالَاہُ - موافقت کرنا۔ تابعداری کرنا۔
اِسْتَتْلَاہ - الشیءَ: پیچھے کرنے کو کہنا۔
— ہ: انتظار کرنا۔
التَّالِی - پیچھے چلنے والا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ ج تَالِیَات۔
التَّالِیَۃ - التالی کا مونث۔ ج التَّوَالِی۔
التَّوَالِی: سرین۔ توالی الخیل - گھوڑے کے پچھلے حصے۔ یعنی دُم اور ٹانگ۔
التَّلَاء - ذمہ۔
التِّلْوُ - وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ ج اَتْلَاءٌ۔ مونث تِلْوَۃٌ
التَّلُوُّ - ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔
التَّلِیُّ - بہت مال والا۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

التِّلَاوَۃ والتَّلِیَّۃ - بقیہ جیسے "تِلَاوَۃُ الدین" یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَّۃُ الشباب" جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے "فلان بقیۃ الکرام وتَمِیَّۃ الاحرار" "فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔
المُتَالِی - تابع - گوبنے کے سُرمیں سُرمہ ملانے والا۔
التَّلُّوی - ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔
تَمَّ (ض) تَمًّا وتَمَامًا وتَمَامًا وتُمَامًا وتُمَامًا وتَمَامَۃً وتِمَامَۃً - پورا ہونا — باشیءٍ وعلیہ: پورا کرنا — علی امرہ: جاری و نافذ کرنا — الی موضع کذا: پہونچنا — عنہ العین: تعویذ لگا کر نظر بد دور کرنا۔
تَمْتَمَ - وَاَتْمَمَ - پورا کرنا۔ مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَّمَ علی الجَرِیْحِ" یعنی اس نے زخمی کو مار ڈالا۔ تَمَّ الموْلُوْدُ: تعویذ لٹکانا۔
اَتَمَّ علی المحل: ارادہ کرنا اور جانا۔ اَتَمَّتِ الحُبْلٰی: ولادت کا زمانہ قریب ہونا — القمرُ: بدر کامل ہونا۔
تَتَامَّ - القومُ: سب کا آنا۔
اِسْتَتَمَّ - الشیءَ: پورا کرنا — الشیءَ: پورا کرنے کو کہنا۔
التَّمُّ - بلہ کی ایک قسم جسکی گردن لمبی ہوتی ہے
التَّمُّ - کھمبڑا۔ البدر التم: ماہ کامل۔
التَّمَامُ - بتثلیث التا دوالا غلب الفتح: کمال۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے اور اسی معنی میں (تَمَّ وتَمَّ وتِمَّ وتَمَامَۃ وتُمَامَۃ) ہو۔ چاند کے پورا ہونے کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "بدرٌ تمام وبدرٌ تَمَّامٌ" لیکۂ التمام: جاڑے کی لمبی رات۔
التُّمَامَۃ - بقیہ۔
التَّمِیْمَۃ - جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے
التَّمِیْم - مضبوط۔ پورے قد و قامت والا۔
التَّمِیْمَۃ - تعویذ ج تمائم وتمیمات۔ اور "اِمَاطَۃُ التمائم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔

تَمْتَمَ - تَمْتَمَۃً - فی الکلام: جلدی جلدی بات اور واضح نہ کرنا۔ صفت (تمتام، مونث تمتماۃ)
تَمَّرَہٗ (ن) تَمْرًا وتَمْرَۃً - کھجور کھلانا۔
— الحمُّ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔ اور خشک کرنا۔
اَتْمَرَ وتَمَّرَ - الرطبُ: خشک کھجور ہونا۔
— النخلۃ: پھلدار ہونا۔ اَتْمَرَ القومُ: بہت کھجوروں والا ہونا۔
تَتَمَّرَ - الحمُّ: خشک ہونا۔
التَّمْر - خرما۔ واحد تمرۃ۔ ج تمرات وتُمُوْرہ تُمران۔ التمرۃ چابک کے سرے کی گرہ۔
التَّمْرُ الهِنْدِی - املی۔
التَّمَّار - خرما فروش۔
التَّامِر - بہت کھجور والا۔ کھجور والا۔
المُتَمَّر - کھجور کا توشہ دیا ہوا۔
التَّمْرِیّ - کھجوروں کا شائق۔
التَّامُوْرِیّ والتَّامُوْرِی - انسان۔ کہا جاتا ہے "مَا بالدار تامورا وتُمُوْرٌ" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔
تَمُّوْز وتَمُّوْز - ترکی مہینہ۔ مطابق ماہ جولائی۔
التِّمْسَاح - گھڑیال۔ ج تماسیح۔
تَمِہَ (س) تَمَهًا وتَمَاهَۃً - الطعامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔ صفت (تَمِہ)
تَأَتَّمَ - بینهما: مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
اَتَنَّ - المرضُ الصبیَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعول (مَتِنَ) — الرجلُ: دُور ہونا۔
التِّتِنّ - شخص۔ مثل۔ ہمسر۔ ج اَتْنَان۔
التِّتِّیْن - مچھلی۔ اژدہا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ ج تَتَانِین۔
تَتَأْتَأَ تَتْأَاءً - بالکلام: اقامت کرنا صفت (تَأْتَاء ج تُتْأَار)
التَّتْبَک والتُّتْبَاک - تمباکو۔
التِّتْبَل والتِّتْبَال والتُّتْبُول والتِّتْبَالۃ - پست قد۔ کند ذہن سست

ج تنابیل وتنابلۃ۔
التنبل والتنبول۔ پان۔
التنجرۃ۔ ہانڈی۔ دیگ (جدید)
تنخ (ن) تنوخا وتنخ وتنتخ۔ بالمکان: اقامت کرنا۔
تنخ (س) تنخا۔ بدہضمی ہونا۔
اتنخہ۔ مبتلا بدہضمی کرنا۔
التنوب۔ صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تنوبۃ۔
التنور۔ تنور۔ ج تنانیر۔
التنار۔ تنور بنانے والا۔
التنضب۔ (دیکھئے مادہ نضب)
التنوفۃ والتنوفیۃ۔ بے پانی کا جنگل ج تنائف۔
التنک۔ ٹین (جدید)
التنکجی۔ ٹین بنانے والا۔ (جدید)
تنہنہ۔ لغویات میں مشغول ہونا۔
التنہنات۔ لغویات، باطل باتیں۔
تہم (س) تہما۔ اللحم: خراب ہونا۔ صفت۔ (تہم)
اتہم وتاہم وتتہم۔ سرزمین۔ تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔
التہمۃ۔ بدبو۔
تہامۃ۔ مکہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کیلئے تہامی وتہامم۔ ج تہامیون وتہامون۔
اتہمد وتہمد (دیکھئے مادہ وہم)
تہن (س) تہنا۔ سونا۔ صفت (تہن)
تہا (ن) تہوا۔ غافل ہونا۔
التہواء۔ رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مضی تہواء من اللیل" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔
التو۔ اکیلا۔ ایک لڑکی کی بٹی ہوئی رسی۔ ج اتوار۔ کہا جاتا ہے "جاء توا" وہ قصد کر کے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔

تاب (ن) توبا وتوبۃ وتابۃ ومتابا وتئوبۃ۔ الی اللہ: گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم وپشیمان ہونا۔
صفت (تائب) ـــ اللہ علیہ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (توآب)
استتابہ۔ توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔
التوت۔ توت کا درخت۔ توت کا پھل
التوتیا۔ یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔
تاج (ن) توجا۔ تاج پہننا۔
توجہ۔ تاج پہنانا۔
تتوج۔ تاج پہننا۔
التاج۔ تاج والا۔
التاج۔ شاہی ٹوپی۔ ج تیجان۔ تاج الجبا: ستارے۔ تاج العمود: ستون کے بالائی حصہ کے نقش ونگار۔
تاح یتوح توحا۔ لہ الشئ: تیار ہونا۔
تاحت (ن) توخا وتوحا۔ الاصبع فی الجسم الوارم او الرخو: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔
التودری والتوذری۔ ایک دوا کا نام
تار (ن) تورا۔ المائ: جاری ہونا۔
اتارہ اتارۃ۔ بار بار لوٹانا۔
التور۔ جھوٹا برتن۔ قاصد۔
التارۃ (دیکھئے تار)
التوراۃ والتوریۃ۔ آسمانی کتاب جو حضرت سیدنا موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج تورات و توریات۔
تاز (ن) توزا۔ الشئ: سخت ہونا۔
التوس۔ طبیعت۔ اصل۔ کہا جاتا ہے۔ "ہو من توس صدق"

تاع (ن ض) توعا۔ روٹی کے ٹکڑے سے مکھن یا گھی اٹھانا۔
التیوع۔ ہر ایک پودہ جس کو کاٹنے پر دودھ نکلے
تاف (ن) توفا۔ البصر: نگاہ کا چندھیا جانا
التافۃ والتوفۃ والتوفۃ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مافیہ توفۃ" اس میں کوئی عیب نہیں۔ گناہ۔
تاق (ن) توقا وتوقا وتوقانا وتوقانا وتیاقۃ۔ ہ والیہ: شائق ہونا۔ الی الغایۃ: جلدی کرنا۔ صفت (تائق وتواق ـــ عینہ بالدموع: بہنا۔ تاق منہ: ڈرنا۔ بنفسہ: جان دینا۔
تتوق۔ الی الشئ: آرزومند ہونا۔ شائق ہونا
تال یتول تولا۔ جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا
التولۃ والتولۃ۔ مصیبت۔ ج تولات۔
التولۃ والتولۃ۔ جادو وغیرہ۔
التومۃ۔ موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شترمرغ کا انڈا۔ ج تؤم وتوم۔ توم کو عوام تؤم (ہمزہ) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔
المتوم۔ مالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہننے والا
تاون وتتاءن۔ الصید: کبھی دائیں۔ کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔
التون۔ الحمام: حمام کی بھٹی۔
تاہ (ن) توہا۔ ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فاسد العقل ہونا۔
التوہ والتوہ۔ ہلاکت۔ فلاۃ توہ: گمراہ کردینے والا بیابان۔ ج اتواہ وج اتاوہ۔
توہہ واتاہہ۔ ہلاک کرنا۔
توی (س) توی۔ المال: برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (توو تاو) کہا جاتا ہے۔ لاتوی علیہ "اسے کوئی نقصان نہیں۔
اتواہ اتواء۔ اللہ: ہلاک کرنا۔
امتواۃ۔ باعث ہلاکت۔ باعث نقصان کہتے ہیں "الشح متواۃ" بخل باعث نقصان ہے۔ ج متاو ومتویات۔

التَّيَاتِرُ - تیھتر۔ اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مُسَرَّح۔

تَاحَ (ض) تَيْحًا۔ لہ: مقدر ہونا۔ تیار ہونا ـــــ فی مشیہ: جھکنا۔

أَتَاحَهُ إِتَاحَةً۔ تیار کرنا۔ مقدر کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَتَاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لئے شر کو مقدر کر دیا۔

المُتَاح والمُتَاح۔ امر مقدر فیصل شدہ

التَّيَّاح والتِّيحَان والتَّيْحَان و التَّيْحَان والمِتْيَح۔ لایعنی امور میں مشغول ہونے والا۔ اور کہا جاتا ہے "رجل تِيح" ہمیشہ بلاؤں میں مبتلا رہنے والا مرد۔

تَاخَهُ (ض) تَيْخًا۔ کھجور کی چھڑی سے مارنا

المِتْيَخَة۔ کھجور کی چھڑی۔

التَّيْخ۔ نرمی، کہا جاتا ہے "تَيْخَكَ زَيْدًا" زید سے نرمی کر۔

تَارَ (س) تَيَرَانًا۔ البحر: جوش میں آنا۔

التَّيَّار۔ جوش مارنے والے سمندر کی لہر مغرور۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ عِرْقًا تَيَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا۔ "فَرَسٌ تَيَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔

التِّيرُ۔ تکبر و غرور۔

تَارَةٌ۔ (دیکھئے تَارٌ)

تَازَهُ (ض) تَيْزًا وتَايِزَةً۔ غلبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَازَ السَّهْمُ فِي الرَّمِيَّةِ" شکار میں تیر نے حرکت کی۔

التَّيَّاز۔ پست قد سخت جوڑوں والا۔

تَاسَ يَتِيسُ۔ الجَدْيُ: بکرا بن جانا۔

تَيَّسَ۔ فرسَهُ: سدھانا ـــ هُ عن كذا: باز رکھنا۔

تَايَسَ۔ مدافعت کرنا۔

تَتَايَسَ۔ الماءُ: موجوں کا ٹکرانا۔

(ـــ واسْتَيْسَتْ) العنز: بکری کی طرح ہو جانا

التَّيْس۔ بکرا جنگلی بکرا۔ نر ہرن۔ جنگلی گائے

وأتياس وتَيِسَة۔ تَيْحَة التيس: ایک قسم کی نباتات

التَّيْسِيَّة والتَّيُوسِيَّة: بکرے جیسی طبیعت۔ کہتے ہیں۔ فی فلان تَيْسِيَّة وتَيُوسِيَّة

التَّيَّاس: بکری والا۔

الأَتْيَس: بکری جیسا۔

تَاعَ (ض) تَيْعًا وتَيَعَانًا وتَيْعَانًا۔ الماءُ: بہنا اور زمین پر پھیلنا۔

ـــ إليه: جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔

(ـــ تَيْعًا) الطريق: طے کرنا ـــ السمن: روٹی کے ٹکڑے سے گھی اٹھانا۔

أَتَاعَ۔ ما أكله: الٹی کر دینا۔ الشيءَ: لوٹانا

تَتَيَّعَ۔ إلى الشر (تَتَايَعَ) فی الشر: برائی کیطرف سبقت کرنا۔ صفت (تَيِّع وتَيْعَان)

ـــ الرَّيْحُ بالورق: اڑا لیجانا۔ تَيَّعَ فی الامر: اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "انه يَتَايَعُ فی الامور" وہ اپنے آپکو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔

تَاكَ (ض) تُيُوكًا۔ بیوقوف ہونا صفت (تَائِك) احمق تَائِك: بہت بیوقوف

أَتَاكَ۔ الشعرَ: اکھیڑنا۔

تِيتَك۔ مونث کیلئے اسم اشارہ۔ اس کی تصغیر (تَيَّاك) ہے اور اس پر ھا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے (ھَاتِيتَك)

تَامَهُ (ض) تَيْمًا وتَيَمَانًا۔ الحبُّ: غلام بنا دینا۔ ذلیل کر دینا۔

التَّيْم۔ مع عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی غلام: کہا جاتا ہے "تَيْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔

التَّيْمَة والتَّتِيمَة: بکری جو گھر میں چارہ دے کر دوہی جائے۔ بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔

التَّيْمَاء: بیابان۔ نام ایک مقام کا۔

التِّين۔ انجیر۔ انجیر کا درخت۔ واحد (تِينَة)

المَتْأَنَة: وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ مَتْأَنَةٌ" بہت انجیر والی سرزمین۔

التَّيَّان۔ انجیر بیچنے والا۔ انجیر خشک کرنیوالا

تَاهَ (ض) تَيْهًا۔ تجبر کرنا (ـــ تَيْهًا وتَيَهَانًا) سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَيَّاه وتَيْهَان)

تَيَّهَ وأَتَاهَ۔ ہ: گمراہ کرنا۔ ضائع کرنا۔

التَّائِه والتَّيْهَان والتَّيَّاه والتَّيْهَاء متکبر۔ مغرور۔

التِّيه۔ ڈینگ۔ غرور۔ گمراہی۔ چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ جمع أَتْيَاه وأَتَايِه وأَتَاوِيه۔

أَرْضٌ تَيْهَاء ومَتْيَهَة ومَتِيهَة و مَتِيهٌ ومَتِيهٌ۔ راستہ بھٹکانیوالی سرزمین۔

ث

ثَئِبَ (س) ثَأَبًا وثُئُوبًا وتَثَائَبَ: جمائی لینا۔ صفت (ثَئُوب) وتَثَاءَبَ الاخبازُ: جست بھرنا۔

الثَّأْب والثُّؤَبَاء والتَّثَاؤُب۔ جمائی

ثَأَثَ۔ پیاسا رکھنا۔ سیراب کرنا النارَ

ـــ الرجلُ او المكانُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (ثَئِد وثَئِيد)

الثَّأْد والثَّأَد۔ نمناک مٹی۔ تری۔ سبزی

براکام۔ نرم و سرسبز خیالات۔

الثَّأْدَة۔ مولی

الثَّأْدَاء - لونڈی۔ "انا ابن ثَأْدَاوَ" میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔
الثَّآدَة - موٹاپا۔
ثَأَرَ (ف) ثَأْرًا - القتیل وبالقتیل: خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔ صفت (ثَائِر) کہا جاتا ہے "ثَارَہ بکذا" یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلا لیا و "ثَأَرَ زَیْدٌ" زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔
اَثْأَرَ وَاِثَّأَرَ - منہ: خون کا بدلہ لینا۔
اِسْتَثْأَرَ - خون کا بدلہ لینے کے لئے فریاد کرنا۔
الثَّأْر والثُّؤْرَة - خون کا بدلہ۔ جرم کا بدلہ ج اُثَار وآثَار وثَارِر۔ کہا جاتا ہے "ہو ثارک" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ ویا ثارات فلان "اے فلاں کے قاتلو! و "ثَارُ المُنْعِم" خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سو رہے۔
ثَئِطَ (ف) ثَأَطًا - اللحم: خراب ہونا بگڑنا
ثُئِطَ - الرجلُ: نکما ہونا صفت (مَثُوط)
الثُّؤَاط - نکما۔
الثَّأْطَة: بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے مثل ہے: ثَأْطَةٌ مُدَّت بماءٍ" اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔ جیسے اردو میں "مفلسی میں آٹا گیلا" ج ثَأَط۔
الثَّاطِلَاء - بیوقوف عورت۔
ثُؤْلِلَ وتَثَأْلَل - جسدہ: سے والا ہونا
الثُّؤْلُول - مسہ - پستان کا سرا۔ پھنسی۔ ج ثآلیل۔
ثَأَى (ف) ثَأْيًا وَاَثَاى - الشئ: چیز پھاڑنا۔ کمزور کرنا۔ فاسد کرنا۔ واثأى فی القوم کشت وخون کرنا۔
ثَئِيَ (س) ثَأًى - الشئُ: پھٹ جانا۔
الثَّأْي - زخم کے نشان۔
الثَّأْي مع - کہا جاتا ہے "فلان یرأب الثأی" فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔
ثَبَّ (ن) ثَبًّا - جم کر بیٹھنا۔ وقار سے بیٹھنا ـــ الأمرُ: پورا ہونا۔
ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً وثُبُوتَةً - بہادر ہونا۔ صاحب عزم ہونا۔
ثَبَتَ (ن) ثَبْتًا وثُبُوتًا - فی المکان: ٹھہرنا۔ قیام کرنا ـــ علی الامر: مداومت کرنا۔ صفت (ثابت وثَبِیت وثَبْت) ـــ الامرُ عندہ: ثابت ہونا۔ موکد ہونا۔
ثَبَّتَ وَاَثْبَتَ: ثابت کرنا ـــ الحق: دلائل سے موکد کرنا۔ نام درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَاَثْبَتَ فِيهِ الرُّمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا۔
اَثْبَتَ وثَابَتَ - الامرَ: پوری طرح سے پہچاننا۔
اِسْتَثْبَتَ وتَثَبَّتَ - فی الامر والرأی: جلدی نہ کرنا۔ مہلت سے کام لینا۔ مشورہ کرنا اور حقیقت کی جستجو کرنا۔
الثَّبَت - ثابت ہونا۔ حجت۔ دلیل۔ کہا جاتا ہے "لا حکم الا بثبت" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔
الثِّبَات: برقع کے بند۔ کجاوہ باندھنے کے تسمے۔
الثُّبَات - ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔
الاِثْبَات - ایجاب۔ نفی کی ضد۔
الأَثْبَات - قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبْت کہا جاتا ہے "فلانٌ ثَبْتٌ مِنَ الأَثْبَاتِ" یہ مجازی ہے جیسے کہ "فلانٌ حُجَّة" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔
الثَّوَابِت مِنَ النُّجُوم: سیاروں کے علاوہ ستارے۔ واحد ثَابِتَة۔
المُثْبَت مفع - تسموں سے بندھا ہوا۔ مریض مُثْبَت: زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدا نہ ہونے والا۔
ثَبَجَ (ن) ثَبْجًا وثَبَّجَ الکلامَ: ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا ـــ الخط: تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔
ثَبَجَ (ض) ثَبْجًا وثُبُوجًا - پاؤں کی انگلیوں پر بیٹھنا۔
ثَبَّجَ وتَثَبَّجَ الراعی بالعصا: لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔
اِثْبَأَجَّ - السقاءُ: بھر جانا ـــ الرجلُ: موٹا اور ڈھیلا ہونا۔
الثَّبَج - کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ
الثَّبَج مِن کُلِّ شئ: درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ۔ بلند حصہ۔ ج "اثباج وثُبُوج" کہا جاتا ہے۔ "یرکبون ثبج ہذا البحر" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار ہوئے۔ و "تسنمت الامر اثباج الآکام" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے۔
الأَثْبَج - چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑا۔
رَجُلٌ مُثْبَجٌ - لمبا بے ڈول مرد۔
المُثْبَجَة - آلو۔
ثَبَرَهُ (ن) ثَبْرًا - لعنت کرنا۔ دھتکارنا محروم کرنا۔ ہلاک کرنا ـــ عن کذا: روکنا ہٹانا۔ (ـــ ثُبُورًا) ہلاک ہونا۔
ثَبِرَت (س) ثَبَرًا - القرحةُ: پھٹنا اور بہنا۔
ثَابَرَ ثِبَارًا ومُثَابَرَةً - علی الامر: مداومت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔
ثَبَّرَ - فلانًا بالشئ: کسی کو کسی چیز پر روک دینا ـــ اللہ فلانا: ہلاک کرنا۔
تَثَابَرُوا - ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
الثَّبْرَة: نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ کا گڑھا
المَثْبَر - بوچڑخانہ۔ عورت یا اونٹنی کے جننے کی جگہ۔
المُثَبَّر - روکا ہوا۔ محروم۔
الثُّبْرَة - کھلیان میں صاف کئے ہوئے غلہ کا ڈھیر۔

ثَبَطَهٗ (ن) ثَبْطًا وثَبَّطَهٗ۔ عن الامر: روکنا باز رکھنا ــــ علی الامر: کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔
اَلْثَبَطُ۔ المرضُ: بیماری کا جُدا نہ ہونا۔
تَثَبَّطَ۔ عن الامر: دیر لگانا۔ رُکنا۔
الثَّبِط۔ کمزور۔ بیوقوف۔ ج اَثْباط وثِباط مونث۔ ثَبِطَة۔
ثَبَقَ (ض) ثَبْقًا وتَثْباقًا۔ النہرُ: پانی کی زیادتی سے تیز بہنا ــــ العینُ: جلدی آنسو بہانا۔
الثُّبُل والثِّبِل۔ برتن کی تلی کا باقی ماندہ
ثَبَنَ (ض) ثَبْنًا وثِبانًا۔ الثوبَ: کنارہ موڑ کر سینا۔ (ــــ وتَثْبِین) الشیءَ: پھانٹ میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔
الثُّبَنَة۔ ج ثُبَن و (الثِّبان) ج ثُبُن: پھانٹ۔
التِّبِّین: چادر کا کنارہ جبکہ اُسکو موڑ لیں
المِثْبَنَة: تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثابِن۔
ثَبَى (ض) ثَبْيًا۔ الشیءَ: جمع کرنا۔
ثبّى۔ الشیءَ: جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثبّی اللہ لہ النِّعَم" اللہ تعالیٰ نے اُسے نعمتوں کے انبار دیئے۔
علی الامر: ہمیشہ رہنا ــــ علیٰ فلانٍ: کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔
الثُّبَة: حوض کے درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت۔ ج ثُبات وثُبُون۔
الاُثْبِیَّة: بڑی جماعت۔ ج اَثابِی۔
الثَّبِی۔ لوگوں کی بہت تعریف کرنیوالا۔
ثَبِنَ (س) ثَبَنًا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔
اللَّثَبَة: ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَبِنَة۔
ثَجَّ (ن) ثَجًّا وثُجُوجًا۔ الماءُ: بہنا (ــــ ثَجًّا) الماءَ: بہانا۔
اِنْثَجَّ۔ الماءُ: بہنا۔
الثَّجَّة: باغ میں حوض ہو۔ ج ثَجّات

مطر (ثَجّاج) بہت برسنے والی بارش۔
عین (ثَجُوج) بہت پانی والا چشمہ۔
الثَّجِیج: زبردست سیلاب۔ الثَّجُوجَة: دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔
المِثَجّ: زبان آور خطیب۔
ثَجْثَجَ۔ المائَ: بہانا۔
تَثَجْثَجَ۔ بہنا۔
ثَجَرَ (ن) ثَجْرًا۔ التمرَ: کھجور کو بسر کی کھل کے ساتھ ملانا۔
ثَجَّرَهٗ۔ کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔
الثُّجْرَة۔ درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "اَقامُوا فی ثُجْرَةِ الوادی" انھوں نے وادی کے درمیان اقامت کی ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد۔ ج ثُجَر۔ کہا جاتا ہے "طعنوہم فی الثَّغْرِ والثُّجَر"
الثَّجَر والثَّجَر والاَثْجَر۔ من الورق ونحوہ: موٹا اور چوڑا۔
ثَجِلَ (س) ثَجَلًا۔ بڑے پیٹ والا ہونا صفت (اَثْجَل) مونث ثَجْلاء ج ثُجْل۔ کہا جاتا ہے "مَزادَةٌ ثَجْلاءُ" کشادہ توشہ دان۔
ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا واَثْجَمَتْ۔ السماءُ: جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَهٗ عنہ: جلدی سے باز رکھنا
ثَجَأَ (ن) ثَجْأً۔ خاموش رہنا۔
اَثْجَأَهٗ۔ خاموش کرنا۔
ثَخُنَ (ک) ثَخْنًا وثَخانَةً وثُخُونَةً: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِین) ج ثُخَناء
اَثْخَنَ۔ فی الامر: مبالغہ کرنا ــــ فی العَدُوِّ: خونریزی میں مبالغہ کرنا ــــ فی الارض: سخت خونریزی کرنا۔ اَثْخَنَهُ الجراحُ: سُست وکمزور کرنا۔
اِسْتَثْخَنَ۔ سُست وکمزور ہونا۔
اِسْتَثْخَنَ۔ منہ المرضُ او النومُ: غالب آنا
ثَدَغَ (ف) ثَدْغًا۔ اِسَّهٗ: کچلنا۔ پھوڑنا۔
اِنْثَدَغَ: کچلا جانا۔
ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا۔ المطرُ: بارش ہونا۔

ــــ السحابُ: برسنا۔ صفت۔ ثادق۔
الثَّدِق: بے وقوف۔
اِنْثَدَقَ۔ الناسُ علیہ: حملہ کرنا۔
ثَدَمَ۔ الابریقَ: چھننا لگانا۔
الثَّدَم۔ گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف سُست۔ مونث ثَدْماء۔
الثِّدام۔ چھننا۔
ثَدِنَ (س) ثَدَنًا۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔
(ــــ وثَدُن) الرجلُ: پُرگوشت اور بھاری ہونا صفت (ثَدِن وثَدُن)
اَثْدَنَ۔ الشیءَ: چھوٹا کرنا۔
ثَدَّاهُ (ف) ثَدْوًا۔ ترکرنا۔
ثَدِیَ (س) ثَدًی۔ تر ہونا۔
الثَّدْیاء والثَّدْی۔ پستان۔ (مذکر و مونث) ج ثُدِیّ وثِدِیّ واثْدٍ۔
الثَّدْیاء۔ بڑی پستان والی عورت۔
ثَرَّ (ض) ثَرًّا وثُرُورًا وثُرُورَةً وثَرارَةً الشیءُ: کشادہ ہونا ــــ السحابةُ او العینُ: بہت پانی والا ہونا۔ صفت مونث (ثَرّة وثَرُور) صفت مذکر (ثَرّ) ج ثُرّار۔ کہا جاتا ہے "مطرٌ ثَرّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "فرسٌ ثَرّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا "شاةٌ ثَرّة" کشادہ سوراخ پستان اور زیادہ دودھ والی بکری
ثَرَّهٗ (ن) ثَرًّا۔ متفرق کرنا ــــ السحابةُ ماءَها: برسانا۔
ثَرْثَرَ۔ المکانُ: تر کرنا۔
الثَّرّ: بہت بولنے والا۔
الثَّرْثارة: بہت بولنے والی۔
الثَّرْثارة۔ من العیون: بہت پانی والا چشمہ
ثَرَّبَهٗ (ض) ثَرْبًا وثَرَّبَهٗ وثَرَّبَ عَلَیْهِ واَثْرَبَهٗ۔ ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔
اَثْرَبَ۔ الفَرَسُ: زیادہ پردے کی چربی والا ہونا صفت (اَثْرَب) مونث ثَرْباء۔
الثَّرْب: پردے کی چربی۔ ج ثُرُوب و اَثْرُب۔ ج اَثارِب۔

المُثْرِب: گڑبڑی کرنیوالا فساد انگیز۔
الثَّرْبَات: انگلیاں۔
ثَرْثَرَ ثَرْثَرَةً۔ الشیٔ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا
—— الکلام: واہی تباہی بک بک کرنا۔
صفت (ثَرْثَار)
ثَرَدَ (ن) ثَرْدًا و اَثْرَدَ و اَثْرَدَ۔ الخبز: روٹی توڑ کر شوربے میں تر کرنا صفت مفعولی (ثَرِید و مَثْرُود) ثرید طیار کرنا۔ ثَرَدَ الثوب: کپڑا رنگ میں بھگونا۔
ثَرْدٌ و ثُرْدٌ۔ مِنَ المعرکۃ: میدانِ جنگ سے زخمی اٹھایا جانا۔
الثَّرْد۔ ہلکی بارش۔
الثَّرْد۔ ہونٹوں کی پھٹن۔
الاَثْرَد۔ پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔
الثَّرِیْد والثَّرِیْدَۃ۔ شوربے میں تر کی ہوئی روٹی۔ ج ثرائد و ثُرُود۔
ارض (مَثْرُودَۃٌ و مُثْرَدَۃٌ۔ زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
الثَّرْط۔ سرپش۔
ثَرِعَ (س) ثَرَعًا۔ الرجلُ: بزدل ہونا۔
الثُّرْعُلَۃ۔ مُرغ کی گردن کے پر۔
الثُّرْعُل۔ مادہ لومڑی۔
الثُّرْعُوْل۔ ایک قسم کی گھاس۔
ثَرِمَہٗ (ض) ثَرَمًا و اَثْرَمَہٗ۔ جڑسے دانت توڑنا۔
ثَرِمَ (س) ثَرَمًا و اِثْرَامًا۔ ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔ صفت اَثْرَم۔ مونث ثَرْمَاء۔ ج ثُرْم
الثَّرْمَان۔ ایک درخت کی اُشنان کی مانند جس کو اونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔
الاَثْرَمَان۔ شب و روز۔ زمانہ و موت۔
ثَرَا (ن) ثَرَاءً و ثَرِیَ (س) ثَرًی۔ الرجلُ: بہت مال والا ہونا۔ ثَرَاہ: مال دولت میں بڑھ جانا۔ ثَرَّاہُ القومُ: زیادہ کرنا۔
اَثْرَی اِثْرَاءً۔ بہت مال والا ہونا۔ صفت (ثَرِیّ و مُثْرٍ و اَثْرَی) مونث ثَرَّاء و ثَرْوَاء

الثَّرَاء والثَّرْوَۃ۔ مال یا قوم کی کثرت۔
الثُّرَیَّا۔ مالدار عورت (ثَرْوَاء کی تصغیر) ستاروں کے مجموعہ کا نام۔ جھاڑ۔
الثَّرْوَان۔ بہت مال والا۔
ثَرِیَ (س) ثَرًی و اَثْرَی۔ التُّرَابُ: خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا صفت (ثَرٍ و اَثْرَی) مونث ثَرِیَّۃ۔ و ثَرْیَاء۔ اَثْرَتِ الارض: زمین کا نمناک ہونا۔
ثَرَّی۔ ہ: تر کرنا —— المکان: چھڑکنا۔
الثَّرَی۔ تری۔ (—— والثَّرَاء) نمناک مٹی۔ خیر ہ اَثْرَاء۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الثَّرَی وَبَیْنَہٗ" یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔ و "فُلَانٌ قَرِیْبُ الثَّرَی" یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔
الثَّرِیُّ والثَّرِیُّ۔ من المال: بہت مال۔ رِمَاحٌ ثَرِیَّۃٌ: بہت نیزے۔
الثَّرْیَاطَۃ۔ کیچڑ۔
ثَطَّ (ن) ثَطًّا۔ الصبیُّ: پائخانہ کرنا (ض ن) الرجلُ ثَطًّا و ثَطَاطَۃً و سُطُوطَۃً: باریک ابرو والا ہونا۔
رجل (ثَطّ) کوسج۔ داڑھی اور ابرو میں کم بال والا رجل" (ثَطُّ الحاجبین) باریک ابرو والا مرد (حاجبین کا ذکر ضروری ہے) ج اَثْطَاط "ثَطّ، ثُطَّان ثِطَاط، ثُطَطَۃ۔ عَلٰی ہٰذَا القیاس" اِمْرَأَۃٌ ثَطَّۃُ الحاجبین و ثُطَّاءُ الحاجبین۔
الثَّطَّاء۔ عورت جس کے پیڑو پر بال نہ ہوں
ثَطَأَ (ف) ثَطْأً۔ روندنا۔
ثَطِئَ (س) ثَطَأً۔ الرجلُ: بیوقوف ہونا۔
ثَطَعَ (ف) ثَطْعًا۔ الشیٔ: ظاہر ہونا۔
ثَطِعَ۔ الرجلُ: زکام زدہ ہونا۔
الثُّطَاع۔ زکام۔
الثُّطَاعِی۔ زکام زدہ۔
الثَّطَف۔ کھانے پینے میں فراخی۔
ثَعَّ (ض) ثَعًّا۔ کھایا ہوا قے کر دینا۔
اِنْثَعَّ۔ الآکل من فیہ والدم من انفہ او جرحہ:

قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔
ثَعَبَ (ن) ثَعْبًا۔ الماءَ: جاری کرنا۔
عَلَیْہِمُ الغَارَۃَ: لوٹ ڈالنا۔
اِنْثَعَبَ۔ المارُ: نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا
الثَّعْب۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج ثُعْبَان۔ تا، اَوْدِیَۃٌ (ثُعُبٌ و ثِعَابٌ و اَثْعُبٌ) بہتا ہوا پانی یا خون۔
الثُّعُوْب۔ پت۔
الثُّعْبَۃ والثَّعْبَۃ۔ خبیث قسم کا گرگٹ۔
المِثْعَب۔ نالی یا پرنالہ۔
الثُّعْبَان۔ نر سانپ۔ اژدہا۔ ج ثعابین۔
ثَعِطَ (س) ثَعَطًا۔ اللحمُ او المارُ: بدبودار ہونا —— الشفۃَ: سوجنا اور پھٹنا۔
الثَّعْطَۃ۔ گندہ انڈا۔
ثَعِلَتْ (س) ثَعَلًا۔ اَسْنَانُہٗ: ایک دوسرے کے اوپر دانتوں والا ہوا۔ صفت (اَثْعَل) مونث ثَعْلَاء ج ثُعْل۔
اَثْعَلَ۔ الامرُ: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے ——
الضیفُ: بہت ہونا۔
الثَّعْل۔ اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں باکھ کی زیادتی۔ ج ثُعُوْل۔
الثَّعْل۔ ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بودار ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔
الثَّعْلُوْل۔ غضبناک۔
ثُعَالَۃ۔ مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)
اَرْضٌ (مُثْعَلَۃٌ) بہت لومڑیوں والی زمین
ثَعْلَبَ و تَثَعْلَبَ۔ لومڑی کی طرح مکر و فریب کرنا
الثَّعْلَب۔ لومڑی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے ہے "دار الثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثَعْلَبَۃ اور نر کو ثُعْلُبَان کہتے ہیں اور ثَعْلَب کا اطلاق مذکر و مونث دونوں پر ہوتا ہے ج ثَعَالِب و ثَعَالِل۔ الثَّعْلَبُ: بھالے کا سرا جو چھل کے اندر داخل ہو۔

الثَّعْلَبَة - دم کی ہڈی - سرین -
عِنَبُ الثَّعْلَب - کوے -
کہا جاتا ہے "مکان مُثْعَلِبٌ" وارض "مُثْعَلِبَةٌ" بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین -
ثَغَبَ (ض) ثَغْبًا - ابھرنا - پھلنا - الدم: بہنا
ثَغَبَتْ - لثتہ بالدم: مسوڑھے سے خون بہنا
الثَّغْب - ج ثِغَاب و اَثْغَاب و (الثَّغَبُ) ج ثِغْبَان و ثُغْبَان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہنچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو
ثَغْثَغَ یُثَغْثِغُ - کلامہ: گفتگو میں خلط ملط کرنا
صفت (ثَغْثَغ و ثَغْثَاغ) کہا جاتا ہے "فلان یُثَغْثِغُ فی کلامہ" فلاں گفتگو میں گڑبڑی کرتا ہے -
ثَغَرَ (ف) ثَغْرًا - الاناء: سوراخ کرنا یا توڑنا
- سنہ: کھیرنا - الثنیۃ: بند کرنا - الجدار: گرا دینا - الرجل: دانت توڑنا - کہا جاتا ہے "ثَغَرَهم وثَغَّرَ علیہم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کر دیا
ثَغِرَ و اَثْغَرَ - منہ کھلا جانا - الصبی: دانت ٹوٹنا یا نکلنا -
اِثْغَرَّ و اِثَّغَرَ - الصبی: دانت ٹوٹنا یا نکلنا -
الثَّغْر - اگلے دانت - منہ - سرحد - پہاڑ یا وادی کی کشادگی - ج ثغور - کہا جاتا ہے - "اَمْسَوا ثُغُورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے -
الثَّغْرَة - رخنہ - ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا - آسان راستہ - اور اسی سے ہے "ہُوَ یَخْتَرِقُ ثُغُرَ المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے -
الثَّغْرُور - ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ
المَثْغَر - منفذ -
الثَّغْرَب - زرد دانت -
اَثْغَمَ - الوادی: درخت ثغامہ والی ہونا -
- الرأس: سفید ہونا - الرجل: غضبناک بنانا - متلاربد ہضمی کرنا -
ثَاغَمَہ - بوسہ دینا -
الثَّغِم - کاٹنے والا کتا -
الثَّغَام - ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامۃ -

الثَّاغِم - سفید -
ثَغَتَ (ن) ثُغَاءً - الشاۃ: ممیانا - کہا جاتا ہے "مَا لَہ ثَاغِیَۃٌ وَلَا رَاغِیَۃٌ" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی - وَمَا بِالدَّار ثَاغٍ وَلَا رَاغٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں -
اَثْغَى اِثْغَاءً - الشاۃ: ممیانے پر اکسانا - کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہ فَمَا اَثْغَى وَلَا اَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی -
الثَّغْیَۃ - بھوک اور قبیلہ کا خالی ہونا - کہا جاتا ہے "اَصَابَ الحَیَّ ثَغْیَۃٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلا ہے
ثَفَأَ (ن) ثَفْأً - القدر: جوش ٹھنڈا کرنا -
الثُّفَاء - رائی - واحد (ثُفَّاءَۃ)
ثَفْر - الدرع: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا
الثَّفَافِیل - اوپر تلے سفید بادل (- و المَثَافِیر) کپڑوں کے استر - واحد مِثْفَر -
اَثْفَرَ و ثَفَرَ - الحمار: پیچھے سے ہانکنا -
اِسْتَثْفَرَ - الکلب بذنبہ: دم دبانا -
- المصارع بثوبہ: لنگوٹ کسنا -
الثَّفْر و الثَّفَر - زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اَثْفَار -
ثَفَلَ (ن) ثَفْلًا و ثُفُولًا - الرحی: چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا - الشیء: یکبارگی بکھیر دینا -
اَثْفَلَ - الخمر: نتھرنا - الشراب: میٹھا ہونا -
ثَافَلَہ: ہم نشینی کرنا -
تَثَفَّلَ - مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا - کہا جاتا ہے "ثَفَلَہ عِرْقُ سُوءٍ" اس کو بد اصلی نے مجد و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا - استہ: بیٹھنا -
الثِّفَال - سست رفتار اونٹ وغیرہ -
الثِّفَال - چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا -
(- و اَثْفَال) چکی کا نچلا پاٹ -
الثُّفْل و الثَّافِل - تیٹھ - الثافل: گوبر
الثَّفِل - تلچھٹ کھانے والا -
ثَفِنَتْ (ض) ثَفَنًا - الناقۃ: گھٹنے رگڑنا -
ثَفَنَہ: دفع کرنا - مارنا - ثَفِنَ الشیء: لازم ہونا -

ثَفِنَتْ (س) ثَفَنًا - یدہ: کام کرنے سے سخت ہونا -
اَثْفَنَ - الرجل یدہ: سخت کر دینا -
ثَافَنَہ - ہم زانو ہو کر بیٹھنا - کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کر لینا -
- علی کذا: مدد کرنا -
الثَّفِنَۃ - من البعیر: اونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہو گیا ہو - کہا جاتا ہے "ثَوَى البَعِیرُ عَلَى ثَفِنَاتِہ" یعنی اونٹ بیٹھ گیا - من الانسان: زانو - من الخیل: گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ - ج ثِفَنَات
الثَّفِنَۃ: لوگوں کی جماعت -
ثَفَأَ (ن) ثَفْوًا - ہ: تابع ہونا - پیروی کرنا - پیچھے جانا -
اَثْفَى - الرجل: تین عورتوں سے نکاح کرنا (- و ثَفَّى) القدر: ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا
المُثَفَّى - وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کر چکا ہو -
المُثَفَّاۃ: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مر چکے ہوں -
ثَقَبَ (ن) ثَقْبًا - الشیء: سوراخ کرنا - چھیدنا - (- ثُقُوبًا) النار: روشن ہونا - النجم: چمکنا - الطائر: اونچا اڑنا - الناقۃ: بہت دودھ والی ہونا - رایۃ: نافذ ہونا - الرائحۃ: پھیلنا -
ثَقُبَ (ک) ثَقَابَۃً - سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا
صفت (ثَقِیب) مؤنث ثَقِیبَۃ -
ثَقَّبَ و تَثَقَّبَ - الشیء: سوراخ کرنا - چھیدنا - ثَقَّبَ الشیبُ و ثَقَّبَ فِی الشیبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا - (ثَقَبَ و اَثْقَبَ) النار: روشن کرنا (تَثَقَّبَ و اِثْقَبَ) سوراخ ہونا -
الثَّقْب - سوراخ - ج اَثْقُب و ثُقُوب -
الثُّقْبَۃ - چھوٹا سوراخ - ج ثُقَب و ثُقْب
الثِّقَاب و الثُّقُوب - چھینی - چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو عوام شطا یا لفط کہتے ہیں -

الثاقب - رائی ثاقبٌ: عمدہ رائے عقلٌ ثاقبٌ: عقل کامل - حسبٌ ثاقبٌ: مشہور حسب کہا جاتا ہے "نحن اثقبُ الناسِ احساباً" ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں۔

الاثقوب - امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا۔

المثقب - برما - سوراخ کرنیکا اوزار۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مثقبٌ" یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا۔

المثقب والمثقب - بڑا راستہ - سخت و دشوار راستہ - کہا جاتا ہے "ہو طلاع المثاقب" یعنی وہ بہادر ہے۔

المثقب - سوراخ کیا ہوا۔

ثقف (س) وثقف (ک) ثقفاً وثقافاً و ثقافۃً - زیرک دسبک چالاک ہونا صفت (ثقفٌ وثقفٌ وثقفٌ وثقیفٌ)

ثقفہ (س) ثقفاً - کامیاب ہونا - فتحمند ہونا پالینا (ثقفاً وثقافۃً وثقوفۃً) الکلام: جلدی سے سمجھ لینا۔

ثقفہ (ن) ثقفاً - دانائی میں غالب ہونا۔

— بالرمح: نیزہ مارنا۔

ثقف - الرمح: سیدھا کرنا — الولد: مہذب بنانا - تعلیم دینا۔

ثاقفہ - ہتھیاروں سے باہم کھیلنا - دانائی میں غالب ہونیکی کوشش کرنا - جھگڑا کرنا - کہا جاتا ہے "ثاقفتہ فثقفتہ" یعنی میں نے اس پر غالب آنیکی کوشش کی اور غالب ہوگیا۔

تثاقفا - باہم جھگڑا کرنا - دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا۔

الثقاف - جھگڑا - نیزوں کے سیدھا کرنیکا اوزار۔

امراۃ (ثقاف) ذکی وذہین عورت۔

الثقیف - بہت زیرک وچالاک - خل ثقیف: بہت کھٹا سرکہ۔

المثقف - شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ۔

ثقل (ک) ثقلاً وثقالۃً - بھاری ہونا۔ صفت (ثقیلٌ وثقالٌ وثقالٌ) ج ثقلاء وثقال

وثقل — اسمع: کچھ بھرا ہونا — القولُ: سننا ناگوار ہونا — المراۃ: حمل ظاہر ہونا۔

ثقلہ (ن) ثقلاً - وزن معلوم کرنیکے لئے ہاتھ میں اٹھانا۔

ثقل (ک) ثقلاً - المریضُ: سخت بیمار ہونا۔

ثقلہ - بوجھل کرنا — الحرفُ: تشدید دینا — علیہ: بھاری بوجھ لادنا — المرضُ: سخت ہونا۔ اثقلت المراۃ: حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا۔

تثاقل - بتکلف ثقل ظاہر کرنا — عنہ: دیر لگانا — القومُ: باوجود مدد طلب کئے جانے کے مدد کے لئے نہ اٹھنا۔

اثاقل - الی الدنیا: مائل ہونا۔

استثقل - الشیءُ: بوجھل ہونا — الشیءَ: بوجھل پانا — بفلان: بوجھ کو محسوس کرنا۔

الثاقل - بوجھل - مرضٌ ثاقلٌ: سخت مرض دینار ثاقلٌ: پورا دینار - ج ثواقل - کہا جاتا ہے "اصبح ثاقلاً" یعنی اسکو مرض نے بوجھل کردیا

الثقل - مسافر کا سامان اور اسکے نوکر چاکر کہا جاتا ہے "اعطہ ثقلہ" اسکو اس کے برابر دیدو ج اثقال - والاثقال - زمین کے خزانے اور دفینے - مُردے - قرآن مجید میں ہے "واخرجت الارضُ اثقالہا" اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی۔

الثقل - گرانبہاری۔

الثقلۃ والثقلۃ والثقلۃ والثقلۃ و الثقلۃ - کل ساز وسامان - کہا جاتا ہے "دار تحلوا بثقلتہم" وہ لوگ مع اپنے پورے ساز وسامان کے چلے گئے - الثقلۃ: پیٹ میں خوراک کی گرانی اونگھ - کہا جاتا ہے "وجدتُ ثقلۃً فی جسدی" میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی۔

المثقال - تولنے کے اوزان - مثقال الشیء: چیز کا وزن یا چیز کی ترازو - ج مثاقیل - اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے - اور کبھی کم اور کبھی زیادہ۔

ثکل (س) ثکلاً وثکلاً - ابنہ: گم کرنا صفت (ثاکل وثکلان) مونث ثاکل وثاکلۃ وثکلی - ج ثواکل وثکالی۔

اثکلہ - الامّ ولدہا واثکل الولدُ امّہ: بچے سے ماں کو گم کرا دینا - اور ماں کے سامنے بچے کا مرجانا

الثکول والمثکال - بچے کو بہت گم کرنیوالی عورت - جمع مثاکیل - کہا جاتا ہے "نساء الغزاۃ مثاکیل غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنیوالی ہیں

المثکلۃ - سبب گم شدگی فرزند - کہا جاتا ہے "رُمِّحَ بلوالدات مثکلۃ" اس کا نیزہ ماؤں کیلئے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے۔

ثکمہ (ن) ثکماً - الامرُ والطریقُ: کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا — الآثارَ: پیروی کرنا — لہ الامرَ: واضح طریقہ سے بیان کرنا۔

— وثکمہ (س) ثکماً - بالمکان: اقامت کرنا

ثکمہ - الطریق وثکمتہ - راستہ کا درمیان

الثکنۃ - کبوتروں کی ڈار - فوجوں کا مرکز: لوگوں کی جماعت - چوپایوں کا گلہ - گردن بند جھنڈا - ج ثکن - کہا جاتا ہے "حمام ثکن" یعنی اکٹھے کبوتر۔

ثل (ن) ثلاً - البئرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا

— الوعاءَ: برتن سے سب کچھ نکال لینا۔

(— ثلاً وثلالاً) القومَ: ہلاک کرنا — الیتَ: گرا دینا - ڈھا دینا - کہا جاتا ہے "ثلّ اللہ عرشہم" یعنی اللہ نے انکے ملک کو برباد کردیا "وثلّ عرشہم" اُن کی عزت ضائع ہوگئی — الترابَ: گرانا - ڈالنا — بذنبی غافرہ: لید کرنا۔

اثلہ اثلالاً - مرمت کرنے کا حکم دینا — الرجلُ: بہت بھیڑوں والا ہونا — فوہ: بے دانت والا ہونا۔

تثلل - البیتُ: آہستہ آہستہ گرنا۔

اِنْثَلَّ: ڈھے جانا۔ گر جانا۔
الثَّلَل: ہلاکت۔ دانتوں کا گرنا۔
الثِّلَّة: ہلاکت۔ جمع ثِلَل۔
الثَّلَّة: بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے "کِسَاءٌ جَیِّدُ الثَّلَّة" عمدہ اون کا کمبل۔ کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ جمع ثِلَل وثلال۔ اون بال اور اونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُّلَّة: لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَّلَّة وَالثُّلَّة" "فلاں بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں کرتا۔
الثِّلَّة: پستی وہلاکی۔ جمع۔ ثِلَل۔
المَثْلَة: بیابان میں سائبان۔
ثَلَبَہ (ض) ثَلْبًا: عیب لگانا۔ ملامت کرنا غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا ــــ الشیٔ: رخنہ ڈالنا۔
ثَلَبَ۔ الرجلُ: بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گر جانا۔
ثَلِبَ (س) ثَلَبًا۔ الشیٔ: رخنہ دار ہونا۔ ــــ الجلدُ: سکڑنا۔
الثَّلِب: بوڑھا اونٹ جس کے دانت گر گئے ہوں۔ جمع ثَلِبَہ وأثلاب۔
والثَّلِب۔ عیب دار۔ ذلیل۔ رُمح ثَلِب: رخنہ دار نیزہ۔
الاثلب والاثلب: مٹی یا پتھر کا چورہ۔ جمع أثالب۔
المِثْلَب: وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے کی ہو۔
المَثْلَبَة: عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے "مَا عَرَفَتْ فِیہِ مَثْلَبَةً" میں اس کے اندر کوئی عیب نہیں جانتا۔ جمع مثالب۔ مَثَالِبُ الأمرِ: کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ (ن) ثَلْثًا۔ الشیٔ: تہائی لینا۔ ــــ القومَ: تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ۔ الاثنین: اپنے کو ملا کر تین کر دینا۔ ــــ الشیٔ: مثلث بنانا ــــ الشراب: تہائی باقی رہنے تک پکانا ــــ الشیٔ: تین مرتبہ کرنا۔
أَثْلَثَ۔ القومُ: تین ہونا تیس ہونا۔ مثلاً کَانُوا تِسْعَةً وعِشْرِینَ فَأَثْلَثُوا "وہ لوگ انتیس تھے تیس ہو گئے۔
الثَّلَاثَة: تین۔ مونث ثَلَاث۔
ذُو الثَّلَاث: تین لٹ والی رسی۔ اور تم کہتے ہو "فَعَلَہ ثَلَاثًا" "اس نے اس کو تین مرتبہ کیا۔
الثِّلْث: اونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے "سُقِیَ زَرْعُہ الثِّلْث" "اس نے اپنے کھیت کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُّلُث والثُّلُث۔ تہائی۔ جمع أثلاث اور اسی معنی میں (الثِّلِث) ہے۔
الثَّلَاثَاء والثُّلَاثَاء ویَوْمُ الثَّلَاثَاء۔ منگل۔ اس کا تثنیہ ثُلَاثَاءَان اور جمع ثَلَاثَاوات وثُلَاثَاءَات وأثالِث۔
الخطّ الثُّلُثِّی۔ موٹے حرفوں والا خط۔
اتوار ثُلَاثُ أَوْ مُثَلَّثُ۔ وہ تین تین آئے۔ یہ غیر منصرف ہے اور مذکر ومونث دونوں کے لئے یکساں ہے۔
الثِّلْقَان والثَّلْغَان۔ مکوئے کا پودہ۔
الثَّلَاثُون۔ تیس (مذکر ومونث)
الثَّالُوث۔ تین سے مرکب۔
المِثْلَث۔ جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔ ربط باجہ کا تیسرا تانت۔ جمع مثالث۔
المُثَلِّث والمُثْلِث: بادشاہ کے پاس چغل خوری کرنے والا۔
المُثَلَّث: من الاحرف: تین نقطوں والا یا تین حرکتوں والا۔ والمُثَلَّث فی الہندسة: تین ضلعوں والی شکل۔
المَثْلُوث۔ تین سے مرکب۔ وہ چیز جسکی تہائی لے لی گئی ہو ــــ من الحبال: تین لٹوں کی بٹی ہوئی رسی۔ کِسَاءٌ مَثْلُوث: اون بال در اونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
المَثْلُوثَة: تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثَلَجَتْ (ن) ثَلْجًا وأَثْلَجَتِ السَّمَاءُ: برف گرانا۔ تم کہتے ہو "ثَلَجَتْنَا السَّمَاءُ" یعنی ہمارے اوپر برف پڑی۔
ثَلِجَتْ (ن) ثُلُوجًا۔ نفسی بہ والیہ: خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔
ثُلِجَتْ (س) ثَلَجًا وأَثْلَجَتْ۔ نفسی بہ: مطمئن ہونا۔ خوش ہونا۔
ثَلِجَ فؤادُہ: بلید الطبع ہونا۔ صفت (مَثْلُوجُ الفؤاد۔ ثَلِجَتِ الأرضُ وأَثْلَجَتْ: برف پڑنا۔
أَثْلَجَہ: خوش کرنا۔ أَثْلَجَ القومُ: برف میں داخل ہونا۔ أَثْلَجَتْ عنہ الحمّی: زائل ہونا۔ أَثْلَجَ ماءُ البئر: ختم ہونا۔
الثَّلْج۔ برف۔ جمع ثُلُوج۔ واحد ثَلْجَة۔ ماء ثلج: ٹھنڈا پانی۔
الثُّلَاج: عقاب کا چوزہ۔
الثَّلَّاج: برف بیچنے والا۔
الثُّلَاثِیّ: بہت سفید۔ کہا جاتا ہے۔ "فصلٌ ثلاثیّ"
المَثْلَجَة: برف کی حفاظت کی جگہ۔
المَثْلُوج۔ برف پڑی ہوئی چیز۔ رجلٌ مَثْلُوجُ الفؤاد: بلید الطبع مرد۔ ماءٌ مَثْلُوج: برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَخَ (ف) ثَلْخًا۔ البقرُ: گوبر کرنا۔
ثَلِخَ (س) ثَلَخًا۔ الضبُّ: پتلا پائخانہ کرنا۔
ثَلَدَ (ض) ثَلْدًا۔ الضبُّ: پتلا پائخانہ کرنا۔
ثَلَطَ (ض) ثَلْطًا۔ الثورُ والبعیرُ: پتلا پائخانہ کرنا۔
ثَلَعَ (ف) ثَلْعًا۔ راسَہ: کچلنا۔ توڑنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا۔ راسَہ: کچلنا۔ توڑنا۔
المُثْلَغ۔ من التمر: پھٹ کر زمین پر گری ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو "ثَارَتِ الثِّمَارُ فَثَلِغَتْ" پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔
ثَلَمَ (ض) ثَلْمًا وثَلَّمَ۔ الحائطَ: رخنہ ڈال دینا ــــ الإناءَ: کنارے سے توڑنا۔
ثَلِمَ (س) ثَلَمًا وثَلِّمَ وانْثَلَمَ۔ رخنہ پڑنا
ثَلِمَ ثَلَمَةً۔ فی مالہ: کچھ ضائع ہونا۔

الثَّلْمَة - ج أثلام و (الثَّلْمَة) فی الحائط و نحوہ: شگاف - رخنہ - خلل - ٹوٹی ہوئی جگہ۔
الأَثْلَم - ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔ مٹی پتھر۔
ثَمَّ (ن) ثَمًّا - الشیءَ: درست کرنا تم کہتے ہو "ثَمَّمْتُ أُمُورِی" میں نے اپنے امور کو درست کر لیا۔ ثَمَّتِ الشَّاةُ النَّبْتَ بفمها: بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے صاف کر لیا۔
اِنْثَمَّ: الجسمُ: کھلنا - کمزور ہونا ــــ الشیخ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثَمَّة)
ثَمَّ وثَمَّة - وہاں - اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔
الثَّمّ - ثم کا مصدر بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "ہم أهل ثَمَّة ورَمَّة" ہم اصلاح و مرمت کے اہل تھے۔ اور کہا جاتا ہے "ہو ثَمَّة ورَمَّة أو ثَمَّة ورُمَّة أو ثَمَّة ورِمَّة" وہ اس کا جید و ردی قلیل و کثیر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "مالہ ثَمٌّ ولا رَمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں
ثُمَّ - حرف عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لئے مستعمل ہے۔ اور اس پر تا بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ ثُمَّتَ۔
الثُّمَّة - سوکھی گھاس کا مٹھا۔
الثُّمَام: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمَامَة۔
المِثْمَم - من الناس: اچھا برا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔
ثَهَأَ (ف) ثَهْأً - چربی کھلانا ــــ الراس: کچلنا توڑنا ــــ الانف - کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔
اِنْثَمَأ - الراس: کچلا جانا۔ ٹوٹنا۔
الثَّمُوت - وہ شخص جو جماع کے وقت پاخانہ کر دے۔
ثَمَجَه (ض) ثَمْجًا - باہم ملانا۔
المُثَمِّج - مختلف رنگوں سے رنگنے والا مؤنث مثمجۃ۔

ثَهَّدَ (ن ض) ثَهْدًا و اَثْمَدَ و اِسْتَثْمَدَ الماءُ: جمع ہونے کیلئے حوض کی مانند بنانا۔
ثَمَّدَ الشیءُ فلانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔
ــــ الناقةَ بالحلب: دودھنے میں اونٹنی کا دودھ کو سوکھ لینا۔
اِثْهَدَّ و اِتْهَدَّ و اِثْمَدَّ - تھوڑے پانی کی طرف جانا۔
اِسْتَثْمَدَه - بخشش طلب کرنا۔
الثَّمْد والثَّمَد - تھوڑا پانی جو جاڑوں میں رہ جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثِماد
الإِثْمِد والأُثْمُد - ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ طیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیموان کہتے ہیں۔
رجلٌ (مَثْمُود) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔
ثَمَرَ (ن) ثُمُورًا و اَثْمَرَ - الشجرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثامر و مُثْمِر) - اَثْمَرَ الشجرُ الثمرَ: پھل لانا - اثمر القومُ: پھل کھلانا۔
ثَمَّرَ: مالہ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔
اِسْتَثْمَرَ: الشیءَ: نتیجہ خیز بنانا ــــ الرجلُ: پھل پانا۔
الثَّمَر - پھل - واحد ثَمَرَة - ج ثِمَار وثُمُر - الثمرة: نسل - اولاد - ثمرة اللسان: زبان کا کنارہ ــــ السَّوط: چابک کے سرے کی گرہ - اور اسی سے ہے "أمر الجلاد ان يُدَق ثَمَرَةَ سَوْطِه" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل دے۔ ثَمَرَةُ القلب: دوستی محبت - اور اسی سے ہے "خصنی بثَمَرَةِ قلبه" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کیلئے خاص کیا۔
الثَّامِر - لوبیا۔
شجرة (ثَمْرَاء) پھل دار درخت - ارض ثَمْرَاء: بہت پھلوں والی زمین۔
ثَمِلَ (س) ثَمَلًا - مست ہونا۔ صفت (ثَمِل)

ثَمَلَه (ن ض) ثَمْلًا - فریاد رسی کرنا - کھلانا پلانا - غمخواری کرنا۔
اَثْمَلَه - مدہوش کرنا - اَثْمَلَ اللبنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔
ــــ وثَمَّلَ) اللبنَ: جھاگ اٹھنے کے لئے اچھالنا۔
تَثَمَّلَ - مانی الاناء: پینا۔
الثَّمْلَة - ج ثُمُول و (الثِّمْلَة) ج ثِمَل (الثَّمِيلَة) ج ثَمِيل وثَمَائِل و (الثُّمَالَة) ہر ثُمَال: حوض یا برتن میں باقیماندہ پانی وغیرہ - الثُّمَالَة: جھاگ
الثُّمَال والمُثْمِل - زہر قاتل۔
ثُمَالُ - القوم: قوم کا فریاد رس۔
الثَّمِيل - کھٹا دودھ۔
المَثْمَلَة - حوض - تالاب۔
المِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ - چرواہے کا تھیلا جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔
ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا - الرجلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا ــــ الشیءَ: آٹھواں حصہ لینا ــــ القومَ: آٹھواں ہونا۔
ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً - الشیءُ: قیمتی ہونا۔
ثَمَّنَ: الشیءَ: قیمت کا اندازہ کرنا - آٹھ ضلعوں والی بنانا۔
اَثْمَنَ - القومُ: آٹھ ہونا - اَثْمَنْتُ المالَ زيدًا و لزيد - قیمت دینا۔
الثَّمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ - قیمت - ج اَثْمَان و اَثْمِنَة و اَثْمُن۔
الثُّمُن والثُّمْن - آٹھواں حصہ - ج اَثْمَان اسی معنی میں ثُمُن ہے - اور الثَّمِين - قیمتی۔
اَثْوَار ثِمَان و مَثْمُون - وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)
الثَّمَانِيَة - آٹھ - مونث ثَمَان اور تم کہو گے ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا و ثَمَانِي عَشْرَةَ امْرَأَة
الثَّامِن - آٹھواں۔
الثَّمَانُون - اسّی۔
المُثَمَّن - وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ

کیا گیا ہو۔ شست پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز
الثُّنَّة۔ گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصہ کے بال ج ثُنَن۔
الثُّنْدُوَة والثَّنْدُوَة۔ مرد کا وہ حصہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثَنادٍ
الثُّنْطُب۔ پنجرا بنانے والوں کی چھری۔
ثَنَیٰ (ض) ثَنْیًا۔ الشیٔ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کر دینا۔ روکنا ــــ زیدًا: حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "ہٰذا واحِدٌ فاثْنِہ" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے ثَنَیٰ علیہ بضربۃ ثانیۃ "اس نے اسکو دوبارہ مارا۔ وفلانٌ لا یَثْنِی ولا یَثْنُتُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ وثَنَیٰ صَدْرَہٗ یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔
ثَنَّی الشیٔ تَثْنِیَۃً۔ دوہرا کرنا ــــ بالامر: ایک کام کیساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمۃ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔
اِثْنَیٰ۔ الرجلُ: دوسرا ہونا ــــ علیہ: تعریف کرنا ــــ علیہ بالضرب: دوبارہ مارنا۔
تَثَانَوْا۔ علیہ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔
اِسْتَثْنَیٰ۔ الشیٔ: حکم عام سابق سے نکالنا ــــ فلانًا وعلی فلانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔
اِثْنَوْنَیٰ۔ صدرُہٗ علی البغضاء: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔
الثِّنْی۔ من الثوب: پیچ۔ لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُ ثِنْیَ کتابی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا ــــ من الوادی: موڑ ــــ من اللیل: وقت ــــ من الحبۃ: کنڈلی ج اَثْناء
اَثْناءُ الکلام: دورانِ گفتگو۔ تم کہتے ہو "جاؤدُوا فی اَثْناءِ الامرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔
الثِّنْیٰ۔ دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنًی (والثِّنْیان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔
الثَّناء۔ تعریف۔ ج اَثْنِیَۃ۔
الثِّناء۔ اونٹ کے زانو باندھنے کی دُہری رسی۔
اَتَوا ثُناءً ومَثْنیٰ۔ وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے۔ اور مذکر و مونث کیلئے یکساں ہے)
الثَّنِیّ۔ ج ثَنایا وثُنِیان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔
الثَّنِیَّۃ: سامنے کے اوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنایا۔ استثناء کہا جاتا ہے۔ حَلَفَ یَمِینًا لَیْسَ فیہا ثَنِیَّۃ "اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ فلان طَلَّاعُ الثَّنایا "یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔
تَثْنِیَۃُ الاِسْتِثْناء۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔
الثُّنائی۔ من الالفاظ: دو حرفوں والا
اِثْنانِ۔ مونث ثِنْتانِ واِثْنَتانِ: دو۔
الاِثْنانِ ویَوْمُ الاِثْنَیْنِ۔ پیر کا دن۔ سوموار۔
الثّانی۔ مونث الثانیۃ: دوسرا۔
الثّانِیَۃ۔ سکنہ۔ ج الثَّوانی۔
الثَّنْوَی والثُّنْیا۔ من الجزور: ذبح کئے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا۔
والمَثْنیٰ: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد الاتار
ثَنِیُّ الوادی: وادی کا موڑ۔ ج المَثانی۔ المثانی: قرآن کی آیتیں۔ مَثانِی الشیٔ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔ والمثانی من الدابۃ: زانو اور کہنیاں۔
المَثْناۃ۔ اون اور بال وغیرہ کی رسی کجی لپیٹ ج مثانِیَۃ۔
ثابَ (ن) ثَوْبًا وثُؤُوبًا۔ لوٹنا ــــ الناسُ: اکٹھا ہونا ــــ الماءُ: حوض میں جمع ہونا (ــــ ثَوْبانًا واَثْوَبَ اِثْوابًا) المریضُ: چنگا ہونا۔
ثَوَّبَہٗ۔ من کذا: بدلہ دینا ــــ الرجلُ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ ر ــــ وتَثَوَّبَ) المُصَلّی: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔
اَثابَ اِثابَۃً۔ الرجلُ: چنگا ہونا ــــ الرجلَ: بدلہ دینا ــــ وجزاہ: دینا۔
ــــ الحوضَ: بھرنا۔
تَثَوَّبَ۔ ثواب حاصل کرنا۔
اِسْتَثابَ۔ المالَ: لوٹانا ــــ الرجلَ: بدلہ مانگنا۔
الثّائِب۔ فا۔ بارش سے پہلے کی تیز ہوا ــــ من البحر: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔
الثَّوْب۔ کپڑا ج ثِیاب واَثْواب واَثْوُب کہا جاتا ہے "طاہِرُ الوَدَکِ الثیاب" پاک نفس یا خبیث النفس۔
الثَّواب والمَثُوبَۃ والمَثُوبَۃ۔ اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عموماً خیر کیلئے مستعمل ہے
الثَّواب: شہد۔ شہد کی مکھی۔
الثَّوّاب۔ بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔
الثِّیابی۔ کپڑوں کا محافظ۔
المَثاب والمَثابَۃ: جمع ہونے کی جگہ۔
مَثابُ البِئْرِ ومَثابَتُہا: کنوئیں کے ارد گرد کے اوپچے پتھر۔
الثَّوْجُ۔ مٹی چونہ اٹھانے کی ٹوکری۔
ثاجَت (ن ض) ثَوْجًا وثَیْجًا۔ الاسَنُّ فی الورم او الرجلُ فی الوحل: انگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔
ثارَ (ن) ثَوْرًا وثَوْرانًا وثُؤُورًا۔ جوش میں آنا۔ بھڑکنا اور اسی سے ہے ثارَتِ الفِتْنَۃُ بَیْنَہُمْ ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اٹھا۔
ــــ الغُبارُ او الدُّخانُ: بلند ہونا ــــ الجرادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا ــــ غضبًا: جی کا متلانا
ــــ الیہ وبہ: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔
ثَوَّرَہٗ مَثْوَرَۃً وتَوْثِیرًا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
ثَوَّرَہٗ واثارَہٗ واسْتَثارَہٗ۔ جوش دلانا۔
ثَوِّرِ الامرَ: کھود کرید کرنا ثَوِّرِ الکِتابَ: معانی

میں بحث کرنا۔
تَثَوَّرَ۔ جوش میں آنا۔
ثَوَرَانُ۔ الشفق وثَوْرَةُ۔ شفق کی سُرخی
الثَّوْر: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام
ج ثیران۔ واثوار وثیار وثیرة وثورة۔ الثَّوْر: پنیر کا بڑا ٹکڑا۔ ج اثوار وثورة۔ الثَّوْر: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
الثَّوْرَة۔ گائے۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "ثورة رجال اور مال" لوگوں کی یاریت کی کثرت جوش وہیجان۔ بغاوت۔
الثَّائِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے "ثَارَ ثَائِرُهُ فَارَ فَارَّهُ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ "وَرَايَتُهُ ثَائِرَ الرَّاسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا۔
الثَّائِرَة: شور۔ چیخ۔ ج ثوائر۔
المَثْوَرَة: بہت بیلوں والی زمین۔
ثَاعَ (ن) ثَوْعًا۔ المائع: بہنا۔
ثَوِلَتْ (س) ثَوَلًا وثَالَتْ (ن) ثَوْلًا الشاة خاصة: دیوانی ہونا — الرجل: بیوقوف ہونا صفت (اَثْوَل) مونث ثَوْلاء۔ ج ثُوْل۔ جو اَثْوَلِيَّة
تَثَوَّل۔ النحل: اکٹھا ہونا — علیه القوم: بُرا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا۔
اِنْثَالَ اِنْثِيَالًا۔ علیه التراب: گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْثَالَ علیه الناس مِنْ كُلِّ وَجْهٍ" لوگ اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے — علیه القول: زبان پر خود بخود آجانا۔
الثُّوَل: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
الثُّوَيْلَة: قبیلے کے جمع ہونے کی جگہ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتى ثُوَيْلَةٌ من الناس" لوگوں کی جماعت آئی۔
الثُّوم: لہسن۔
الثُّومَة۔ ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَيْفِي ثُومَةٌ مِنْ فِضَّةٍ" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔
تَثَاوَنَ۔ مکر وفریب کرنا۔
الثُّوَيْنِي۔ آٹے میں لگانے کی خشکی سپلیتھن
ثَوَى (ض) ثَوَاءً وثُوِيًّا۔ المكان وفيه وبه: اقامت کرنا — الرجل: مرنا۔
ثُوِيَ: دفن کیا جانا۔
ثَوَّاه تَثْوِيَةً۔ فی المكان: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
اَثْوَى: اقامت کرنا۔ اَثْوَاه: مہمانی کرنا۔
اثواه فی المكان۔ ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
تَثَوَّاه: مہمان بننا۔
الثُّوَة: گھر کا سامان۔ راستے کے نشان کے پتھر ج ثُوًى
الثَّاوِيَة والثَّايَة: اونٹوں کا باڑہ۔
الثَّوِيّ۔ مہمان۔ مہمان خانہ۔ قیدی ج اَثْوِيَاء مونث ثَوِيَّة۔ الثَّوِيَّة: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هذه ثَوِيَّةُ فلانٍ" یہ فلاں کی بیوی ہے۔
الثَّوِيَّة۔ پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تاکہ چرواہے کیلئے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔
المَثْوَى۔ منزل۔ ج مَثَاوٍ۔ ابو المَثْوَى: مہمان۔ ابو مَثْوَاه: میزبان۔ اُمّ مَثْوَاه: میزبان کی بیوی۔
تَثْيِيبَتِ وتَثْيِيبَتْ۔ المرأة زوجها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔
صفت (ثَيِّب) والثَّيِّبُ: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ مذکر ومؤنث۔ دونوں کیلئے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رجل ثَيِّب" شادی شدہ مرد "امرأة ثَيِّب" شوہر سے جدا شدہ عورت۔ ثیب جو عورتوں کیلئے ہے اس کی جمع ثیبات ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "بِئْرٌ ثَيِّبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔
المُثَيِّب۔ خاوند سے جدا شدہ عورت۔
الثَّيْتَل۔ پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔
ثَيْتَلَ وتَثَيْتَلَ۔ الرجل: عقلمندی کے بعد بیوقوف بننا
الثِّيل والثَّيْل: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔
الثِّين: موتی نکالنے کی جگہ۔ موتی میں سوراخ کرنیوالا۔ موتی میں سوراخ کرنیکا آلہ (الثِّيَّة) بکریوں کا باڑہ۔

ج

جَأَبَ (ن) جَأْبًا۔ مال کمانا۔ گیروی بیچنا۔
الجَأْب۔ گیروی۔ سخت اور اُجڈ آدمی۔
شیر۔ ج جُؤُوب۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ جَأْبُ الصَّبْرِ" فلاں امور میں بڑا صابر ہے۔ الجَأْب: موٹا گورخر۔
جَأْبَةُ البَطْنِ۔ ناف۔
جَأْبَزَ جَأْبَزَةً: بھاگنا۔
جَثَثَ (س) جَثًّا۔ الرجل: اُٹھنے یا بوجھ اُٹھانے میں سُست ہونا۔
جُثِثَ جَثًّا وجُثُوثًا: گھبرانا صفت (جَثُوث)
اَجْثَثَهُ۔ الحمل: گرانبار کرنا۔
الجَأْثَاث: بدخو۔ سُست رفتار۔
جَاجَأَ (ن) جَاجَأً: بزدلی سے کھڑا ہونا۔
جَاجَأَ جَاجَأَةً۔ بالابل: جی جی کہہ کر پانی پلانے کے لئے بلانا۔
تَجَاجَأَ: عن كذا: رکنا۔ باز رہنا۔
الجُؤْجُؤ۔ من الطائر: پرند کا سینہ — من السفينة: جہاز کا اگلا حصہ۔ ج جَآجِئ۔
جَاذَ (ن) جَاذًا۔ مُنہ لگا کر پینا۔
الجَاذِئ: مُنہ لگا کر پینے والا۔
جَأَرَ (ف) جَأْرًا۔ وجُؤُورًا الى الله: دعا کرنے میں آواز بلند کرنا۔ گڑگڑانا — الثور: ڈکارنا۔ — النبات: بلند ہونا — الارض: لمبی گھاس والی ہونا۔

الجَأْس۔ مص ـــ من النبت: یبس اور تر و تازہ نباتات (ـــ والحجر والجآر) مٹوا مرد۔ من الغیث: بہت بارش۔

جَبَرَ (س) جَأْرًا۔ بالمطر: اچھو لگنا پھندا لگنا۔

الجَأْر۔ اچھو۔ حلق کا پھندا۔

جَأَشَ (ف) جَأْشًا۔ قلبہٗ: غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا ـــ الیہ: متوجہ ہونا۔

الجَأْش۔ قلب۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "رَابِطُ الجَأْشِ" یعنی بہادر۔ ج جُؤُوْش۔

الجَائِشَة۔ نفس۔

جَاصَ (ف) جَأْصًا۔ المطر: پینا۔

جَأَفَہٗ (ف) جَأْفًا وجَأَفَہٗ تَجْئِيْفًا۔ پچھاڑنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ جَأَفَ الشجرۃ: جڑ سے اکھیڑنا۔

اِنْجَأَفَتِ۔ الشجرۃ: جڑ سے اکھڑنا۔

جَئِلَ (س) جَأَلًا۔ لنگڑا ہونا۔

جَأَلَ (ف) جَأْلًا۔ الصوف: اکٹھا کرنا۔ الصوف: اکٹھا ہونا۔

جَيْأَل وجَيْأَلَۃ۔ بجوار یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں۔

جَيْأَلَۃ الجَرْح: پیپ۔ زخم کا مواد۔

الجَادِرس۔ باجرہ۔

جَأَى (ف) جُؤَّۃً وجُؤُوْدَۃً۔ الفرس: سرخ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَجْأَ) مونث جَاءَاء

جَأَى (ف) جَأْيًا۔ الشیٔ: روکنا چھپانا ـــ الثوب: سینا ـــ علیہ: دانتوں سے کاٹنا

جَبَّہٗ (ن) جَبًّا۔ کاٹنا۔ غالب ہونا۔ (ـــ جَبَابًا) النخلۃ: گابھا دینا۔

جَبَبَ۔ الفرس: زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا۔ صفت (مُجَبَّب) تیز چلنا۔

جَابَہٗ مُجَابَۃً وجِبَابًا۔ غالب آنا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔

تَجَابَبَ۔ الرجلان: ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا۔

اِجْتَبَّ۔ جبہ پہننا ـــ الشیٔ: کاٹنا۔

الجُبّ۔ گہرا کنواں۔ کچا کنواں۔ گڑھا۔ ج اَجْبَاب وجِبَاب۔ وجُبَبَۃ۔

الجُبَّۃ۔ جبہ۔ زرہ ـــ من الانسان: چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو۔ آنکھ کے گرد کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔ ج جُبَب وجِبَاب۔

الجِبَاب والجُبَاب۔ قحط۔

بَعِيْرٌ (اَجَبّ) کوہان کٹا ہوا اونٹ۔

جَبَأَ (ن) جَبْأً وجِبَاءً وجُبُوْءًا وجُبُوْءَۃً۔ البصر: نگاہ کا کمزور ہونا ـــ السَّيْفُ: اچٹ جانا ـــ الرجلُ: خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا۔ صفت (جَبَأٌ وجُبَأٌ) یعنی بزدل

جَبَأَتْ علیہ الحَيَّۃُ: سوراخ سے نکل کر گھبرا دینا۔

جَبَأَ علی القوم: اچانک نمودار ہونا۔

جَبِئَ (س) جَبَأً۔ چھپنا ـــ عنہ: باز رہنا اور ڈرنا۔

اَجْبَأَ۔ الشیٔ: چھپانا۔ اَجْبَأَتِ الارض: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا۔ اَجْبَأَ علی القوم: بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا۔

الجُبّ۔ سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج اَجْبُبٌ وجِبَابَۃ۔ گیرو۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ٹیلہ۔

ارض (مَجْبَأَۃ) بکثرت سُرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین۔

جَبْجَبَ۔ الرجلُ: سفر کرنا۔ موٹا ہونا۔

الجُبْجُبَۃ۔ چمڑے کا تھیلا۔ ڈھول۔ موٹی اونٹنی۔ ج جباجب۔

مار (جَبْجَاب وجُبَاجِب۔ بہت پانی

الجبت۔ بُت۔ جادو۔ جادوگر بے برکت

جَبَحَہٗ (ف) جَبْحًا۔ تکبر کرنا۔ جبح القداح: الکعاب فی القمار: پانسہ پھینکنا۔

الجَبْجَبَانَۃ۔ میگزین (جدید) اس کیلئے عربی لفظ مستعمل ہے۔ بارود کا رتوس۔

جَبَذَہٗ (ض) جَبْذًا واجْتَبَذَہٗ: کھینچنا۔

جَبَذَ العُنْبُ: چھوٹا اور خشک ہونا۔

جَبَاذِ۔ مبنی علی الکسر: موت۔

جَنْبَذَ۔ الکیل: لبالب بھر دینا۔

الجُنْبُذَۃ۔ بلند۔ گول بلند زمین۔ قبہ ج جنابذ۔

الجُنْبُذ۔ غنچہ نا شگفتہ۔

جَبَرَ (ن) جَبْرًا وجُبُوْرًا وجَبَارَۃً وجَبَّرَ۔ العظم: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا۔

جَبَرَ (ن) جُبُوْرًا وجَبْرًا وانْجَبَرَ و تَجَبَّرَ وانْجَبَرَ) ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا ـــ الفقیرُ: غنی بنانا۔ جَبَرَہٗ علی الامر: مجبور کرنا۔

اَجْبَرَہٗ۔ علی الامر: مجبور کرنا۔ مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا۔

اِجْتَبَرَ واسْتَجْبَرَ۔ فقر کے بعد مستغنی ہونا

تَجَبَّرَ۔ تکبر کرنا۔ سرکش ہونا۔ صفت (جَبِيْر) حالت گذشتہ کا واپس آنا ـــ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اگنا۔ تَجَبَّرَ المریضُ: درست حالت والا ہونا۔

الجَبْر۔ مص ٹوٹے ہوئے کی درستی۔ غرور۔ مجبوری۔ قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبوراً اعتقاد کرنا۔ الجبار: بہادر مرد۔

الجِبَارَۃ۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنیکا پٹہ (ـــ والجَبِيْرَۃ) ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی۔ ج جَبَائِر۔ الجبائر: کنگن۔ بازو بند

الجَبَرُوْت والجَبْرُوْت والجَبَرُوْت۔ قدرت۔ طاقت۔ عظمت۔

جَابِر۔ فا۔ ابو جابر: روٹی۔ اُمّ جابر: ہریسہ

الجُبَار۔ بیکار بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُہٗ جُبَارًا" اُس کا خون رائگاں گیا۔ یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ "وانا منہ خلاوۃ وجُبَارٌ" میں اس سے پاک و بری ہوں۔

جُبَار: منگل کا دن۔

الجَبَّار۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قابض۔ تسلط والا۔ قاہر۔ مغرور سرکش۔

برج جوزا۔ کہا جاتا ہے "طلع الجبار" "برج جوزا طلوع ہوا۔ نخلۃ جبارۃ: لمبا کھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہونچ سکے۔
الجبریۃ والمجبرۃ۔ فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے۔
جبرائیل وجبریل۔ ایک فرشتہ کا نام جو وحی الٰہی لانے پر موکل تھے۔
جبرہ (ن) جبرا۔ کاٹنا۔
جبز (ن) جبازۃ۔ الجبز: خشک ہونا۔ صفت (جبیز)
الجبز۔ بخیل۔
الجبزۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "جبزہ من مالہ جبزۃ" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا۔
الجبیز۔ خشک روٹی۔
تجبس۔ فی مشیتہ: ناز و تکبر سے چلنا۔
الجبس۔ بزدل۔ کمینہ۔ کند خاطر۔ فاسق فاجر۔ ریچھ کا بچہ۔ ج۔ اجباس۔
الجبیس۔ ریچھ کا بچہ۔ (— والجبوس والاجویس) کمینہ۔ ناکارہ۔
الاجبس۔ کمزور۔ بزدل۔
جبش (ض) جبشا۔ الشعر: مونڈنا۔
جبہ (ض ن) جبلا۔ اللہ: پیدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "جبلہ اللہ علی الکرم" اللہ نے شرافت و کرم اس کی فطرت میں رکھ دی۔ جبل التراب: پانی ڈال کر گارہ بنانا۔
جبلہ۔ مختلف ٹکڑے کرنا۔
اجبلہ۔ بخیل پانا۔
اجبل وتجبل وجابل۔ المسافر: پہاڑ کی طرف جانا۔ پہاڑ میں داخل ہونا۔ پہاڑ میں رہنا۔ کہا جاتا ہے "طلب حاجۃ فاجبل" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا۔ وجبل مافندہ "اس نے اس کا سب کچھ لے لیا
الجبلۃ والجبلۃ والجبالۃ والجبلۃ۔ جتھہ جسم کا ساتھ کا حصہ۔ فطرت۔ طبیعت۔ اصل قوت۔ زمین کی سختی۔ کہا جاتا ہے "فلان ذو جبلۃ" فلاں سخت طبیعت ہے۔ وجبلۃ علی الخیر: اسکی طبیعت میں نیکی ہے۔
الجبل والجبلۃ۔ لوگوں کی جماعت۔
الجبلۃ: کوہان۔
الجبل۔ مکان کا صحن۔ بہت بڑا۔ کہا جاتا ہے "حی جبل" "بڑا قبیلہ۔
الجبل۔ بڑا پیالہ۔
الجبل۔ پہاڑ۔ ج جبال واجبال واجبل اور کہا جاتا ہے "جبل جبل" یعنی بخیل مرد۔ وہو جبل الوجہ "وہ بھدے چہرہ والا ہے۔ وفلان جبل قومہ" فلاں اپنی قوم کا سردار و عالم ہے۔
الجبلۃ: سانپ۔ مصیبت۔ آواز۔ بازگشت
الجبلی۔ طبعی۔
الجبال۔ بدن۔ کہا جاتا ہے "فلان خطیر الجبال" فلاں تنومند ہے۔
الجبیل والمجبال۔ بدصورت۔ کہا جاتا ہے "جبل جبیل الوجہ" بدصورت مرد۔ وامرأۃ مجبال "بدصورت عورت"۔ سیف مجبال: موٹی دھار کی تلوار۔
الجبلۃ۔ خشک سال۔ ہر چیز کی کثرت۔ اصل
المجبول۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
جبن (ن) جبنا وجبنا وجبانۃ۔ بزدل ہونا۔ صفت (جبان) ج جبناء۔ مؤنث جبانۃ وجبان۔ ج جبانات۔
جبن۔ اللبن: پنیر بنانا۔ — الرجل: بزدلی پر اکسانا۔ (— واجبن واجتبن) الرجل: بزدلی کی طرف منسوب کرنا۔ بزدل پانا۔ اور اسی سے ہے "فقاتلناکم فما اجبناکم" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا۔
تجبن۔ اللبن: پنیر بنایا پنیر کی طرح جم جانا۔ — الرجل: موٹا ہونا۔
الجبن والجبن والجبن۔ پنیر۔
الجبنۃ۔ پنیر کا ٹکڑا۔
الجبین۔ پیشانی۔ پیشانی کا کنارہ۔ ج الجبن وجبنۃ۔ الجبین: بزدل (مذکر و مونث)
الجبان۔ پنیر بیچنے والا۔ یا پنیر والا۔ بہت بزدل۔ مؤنث جبانۃ (— والجبانۃ) بے درخت کے بلند و ہموار زمین۔ قبرستان۔ صحرا۔ جبابین
المجبنۃ۔ باعث بزدلی۔ پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو۔ عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنا دیا کرتا ہے۔
جبہ (ف) جبہا۔ الرجل: پیشانی پر مارنا۔ اچانک آنا۔ حاجت سے باز رکھنا۔ جبہہ بالمکروہ: برائی سے پیش آنا — الشتاء القوم: اسباب سرما طیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا — الرجل: بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔
جبہہ۔ سرنگوں کر دینا۔
اجتبہ۔ الماء وغیرہ: پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا
الجبہۃ۔ پیشانی کی چوڑائی و خوبصورتی۔
الجبہۃ۔ پیشانی۔ ج جباہ وجبہات۔
جبہۃ القوم: سردار قوم۔ جبہۃ من الناس: لوگوں کی جماعت۔ ذلت۔ تم کہتے ہو "لقیت منہ جبہۃ" مجھے اس سے ذلت حاصل ہوئی۔
الجبہۃ: گھوڑے۔ اس کے لئے واحد نہیں۔ اور اسی سے ہے "لیس فی الجبہۃ صدقۃ" یعنی گھوڑوں میں زکوۃ نہیں۔
الاجبہ۔ خوبصورت پیشانی والا۔ مؤنث جبہاء۔
الجبہل۔ اجڈ، اکھڑ آدمی۔
جبا (ن) جبا وجبوا وجبیا وجبوۃ و جباوۃ وجبی (ض) جبایۃ۔ الخراج: جمع کرنا — الماء فی الحوض: جمع کرنا۔
جبی تجبیۃ۔ سجدہ کے وقت ہاتھوں کو گھٹنے یا زمین پر رکھنا۔
اجبی۔ زرعہ: پکنے سے پہلے بیچنا اور اسی سے ہے "من اجبی فقد اربی" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربوا کا معاملہ کیا۔
اجتبی۔ ہ: پسند کرنا۔ چن لینا۔

الجِبَاء ج اَجْبَاء و (الجَابِيَة) ج جَوَاب: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔ الجَبَا: کنوئیں کی من۔
الجَابِی۔ فا۔ ٹڈی۔
المَجْبَی۔ خراج، ٹیکس۔
جَثَّہٗ (ن) جَثًّا و اجْتَثَّہٗ۔ جڑ سے اکھیڑنا
الجَثّ والجُثّ۔ مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجُثّ: موم۔
الجُثَّۃ۔ جسم انسانی، لاش۔ ج جُثَث۔
الجَثِیث۔ من النخل: کھجور کا پودہ۔ واحد (جثیثہ)
المِجَثَّۃ والمِجْثَاث۔ کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار۔
اِجْتَأَلَ۔ الطیرُ: پر جھاڑنا ــــ النبتُ: لمبا اور پھیلا ہونا۔
جَثَلَہٗ (ض) جَثْلًا۔ الریحُ: اڑا لیجانا۔ بکھیر دینا۔
جَثِل (س) وجَثُل (ک) جَثَالَۃً و جُثُولَۃً۔ الشعرُ والشعرُ: گنجان و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل وجَثِیل)
الجَثْلَۃ۔ چونٹی۔ ج جُثَل۔
الجُثَال۔ چنڈول۔
الجُثَالَۃ۔ بکھرے ہوئے پتے۔
الجِثْلِیق والجَاثَلِیق۔ لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَۃ (جدید)
جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا و جُثُوْمًا۔ اللیلُ: آدھی رات ہونا ــــ الرجلُ او الطائر والحیوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جاثم) ج جُثَّم۔
الجَاثُوم والجُثَام۔ کابوس۔
رجل (جُثَمَۃ وجُثَامَۃ وجُثُم وجُثُوم۔ بہت سونے والا یا بہت سونے والا۔
الجُثَمَۃ۔ ٹیلہ۔ پشتہ۔
الجُثْمَۃ۔ راکھ وغیرہ کا تودہ۔
الجُثْمَان۔ بدن۔ شخص۔

المَجْثَم۔ بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم۔
المُجَثَّمَۃ۔ وہ پرندہ یا غیر گوشخص کو باندھکر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔
جَثَا (ن) جُثُوًّا و جِثِیًّا (ض) جَثْیًا و جُثِیًّا زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جاثٍ) ج جُثِیّ وجِثِیّ۔ مونث جاثیۃ۔
جَاثَی۔ ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔
اَجْثَی۔ ہ: زانو کے بل بٹھانا۔
تَجَاثَوْا۔ باہم زانو پر بیٹھنا۔
الجُثْوَۃ والجُثُوَّۃ والجِثْوَۃ۔ پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثِیّ وجِثِیّ۔ شعلہ
جُثْوَۃ۔ الرجل: بدن۔
جَحْجَحَ۔ الشیءَ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا عن الامر: ہٹ جانا۔ رک جانا۔
الجَحْجَح والجَحْجَاح۔ فیاض کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح وجحاجیح و جَحَاجِحَۃ۔
جَحَدَہٗ (ف) جَحْدًا وجُحُودًا۔ کفر کرنا۔ جھٹلانا ــــ ہ حقہ وجَحَّدَ بحقہ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جاحد)
جَحِدَ (س) جَحَدًا۔ الشیءُ: کم ہونا ــــ النبتُ: چھوٹا رہ جانا ــــ الارضُ: خشک ہونا ــــ الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحِد و جَحِد وأجحد) کہا جاتا ہے "عامٌ جَحِدٌ" کم بارش والا سال۔ "ارض جَحِدَۃ" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاۃ: لام جو ما نافیہ اور کان کے بعد تاکید نفی کیلئے آئے جیسے وما کان ربک لیہلک القریٰ۔ خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔
الجَحْدَب۔ پست قد۔
جَحْدَرَہٗ۔ پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔
تَجَحْدَرَ۔ الطائرُ: پر تول کر اڑنا۔
اِجْحَدَرَّ۔ پست قد۔
جَحْدَلَہٗ۔ پچھاڑنا ــــ الانائَ: بھرنا۔ ــــ المالَ: جمع کرنا۔

تَجَحْدَلَ۔ لڑھکنا۔
تَجَحْدَمَ۔ تیز دوڑنا۔
جَحَرَ (ف) جَحْرًا و تَجَحَّرَ و اِنْجَحَرَ۔ الضبُّ او السبُع: سوراخ میں داخل ہونا۔
فَجِرت العینُ: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو۔ "جَحِرَ الخَیرُ عنّا" "خیر ہم تک نہ پہونچی۔
اَجْحَرَ وجَحَّرَ۔ السبُع: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ وأجحرت السمائُ: بارش نہ ہونا۔
اجحر القومُ: قحط وسختی میں پڑنا ــــ ہ: تنگ کرنا ــــ ہ الی کذا: مجبور کرنا۔
اِجْتَحَرَ۔ سوراخ بنانا۔
تَجَحَّرَتِ۔ العینُ: اندر کو دھنسنا۔ اور اسی سے ہے عین (جحراء) گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔
الجَحْر۔ گہرا گڑھا۔
الجَحْرَۃ والجَحَرَۃ۔ خشک سال۔
الجُحْر۔ سوراخ۔ بل۔ ج اَجْحَار وجُحَرَۃ و اَجْحِرَۃ۔
الجَاحِر۔ پیچھے رہ جانیوالا جو قافلہ کو نہ پاسکے
الجَوَاحِر۔ وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔
المِجْحَر۔ چھپنے کی جگہ، جائے پناہ۔ ج۔ مجاجر۔
الجَحْرَط۔ بوڑھی عورت۔
رَجُلٌ (جَحْرَم) تنگ خو و بدخلق مرد۔
الجَحْرَظ۔ بوڑھی عورت۔
جَحَسَ وجَحَشَ (ف) جَحْسًا و جَحْشًا۔ الجلدَ: چھیلنا۔ کھرچنا۔
جَاحَسَ وجَاحَشَ۔ عن نفسہ وعن غیرہ: مدافعت کرنا ــــ ہ: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔
الجَحْش۔ گدھے کا بچہ۔ تشبیہاً گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش وجِحْشَان و جَحَشَۃ
الجَحْشَۃ۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔
الجَحْوَش۔ چھوٹا بچہ۔
المَجْحُوش۔ وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت (س) جُحُوظًا۔ عینہ: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا، کہا جاتا ہے۔ رجل (جاحظ العینین: اُبھری ہوئی آنکھوں والا مرد۔
جَحَظَ۔ ایہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
الجاحِظتان۔ دونوں آنکھوں کے ڈھیلے
جَحَفَہٗ (ف) جَحْفًا۔ پھیلنا۔ بہالیجانا برباد کردینا ــــ ہ برجلہ: لات مارنا۔ جحف معہ ولہ علی غیرہ: مائل ہونا ــــ لہ الطعام: کھانا نکالنا۔
جُحِفَ۔ الرجل: مبتلائے ہیضہ ہونا۔
اَجْحَفَ۔ السیلُ: بہالیجانا ــــ الدہر بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا ــــ فلانٌ بعبدہٖ: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا اجحاف کا استعمال بطور استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔
جَاحَفَہٗ۔ مزاحمت کرنا۔ جاحف عنہ: مدافعت کرنا۔
تجاحَفُوا۔ لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔ ــــ بالکرۃ: بلے سے باہم دگر گیند چھیننا۔
اِجْتَحَفَہٗ۔ چھیننا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ــــ ماءُ البئر: تمام پانی نکال دینا ــــ السیلُ الوادیَ: کھود کر بہالیجانا۔
الجَحْفَۃ والجُحْفَۃ۔ حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السیلُ والموت (الجُحاف) ہمہ گیر و تباہ کن۔ الجُحاف: ہیضہ کے امہال
المَجْحُوف۔ مُبتلائے ہیضہ۔
الجِحاف۔ جنگ۔ لڑائی۔
المُجْحِفَۃ۔ مصیبت۔
جَحْفَلَہٗ جَحْفَلَۃً۔ پھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔
تَجَحْفَلُوا۔ جمع ہونا۔
الجَحْفَل۔ بڑا لشکر۔ ہ جَحافِل۔ رجل جَحْفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔
الجَحْفَلَۃ۔ کھُردار جانور کا ہونٹ۔
جَحْلَہٗ (ف) جَحْلًا وجَحْلَۃً۔ پھاڑنا۔

الجَحْل۔ ہ جُحُول وجِحْلان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبرلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ــــ ہ جِحال: بڑی مشک۔ اور کہا جاتا ہے رجل جَحْل: موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔
الجُحال: زہر
الجَحْجَحَۃ: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز
جَحْجَمَہٗ (ف) جَحْمًا۔ النارُ: بھڑکانا ــــ العینَ: کھولنا ــــ ہ عن الامر: روکنا۔
جَحْجَمَت (س) جَحْمًا وجَحْمًا وجُحُومًا (ک) جُحُومًا۔ النارُ: بھڑکنا۔
جَحْمَۃ: بعینیہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا
اَجْحَمَ۔ عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔ اَجْحَمَتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔
تَجَحْجُمَ: تنگ ہونا۔ جلنا۔
الجَاحِم۔ فا۔ بھڑکتی ہوئی چنگاری ــــ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ۔ اور کہا جاتا ہے "نارٌ جاحِمَۃٌ" "تیز آگ" "عَیْنٌ جَاحِمَۃٌ" اُٹھی کی اُٹھی رہ جانے والی آنکھ۔
الجَحِیم۔ دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔
جُحْمَۃ۔ النارِ: آگ کی بھڑک۔ ہ جُحَم۔
الجُحام۔ آنکھوں کی سوجن۔
الاَجْحَم: بہت سُرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْماءُ۔ ہ جُحْم وجُحْمٌ وجُحَمٌ
الجَحْجَام۔ بخیل۔
الجَحْجَرِش۔ بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ہ جَحاجِر۔ تصغیر جُحَیْمِر۔
الجَحْمَش والجَحْمُوش: بہت بوڑھی عورت۔
الجَحْمَظَۃ۔ گہوارہ میں بچہ کے اوپر پہننے کا کپڑا۔ ذبح کرنے کے وقت جانور کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسّی۔
جَحِنَ (س) جَحَنًا۔ الصبیُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)

جَحَنَ (ف) جَحْنًا واَجْحَنَ وجَحَّنَ۔ فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔
اَجْحَنَہٗ: بری خوراک دینا۔
الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا ــــ من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔
الجَحِن والجُحْنَۃ: چھپڑی۔
جَحَا (ن) جَحْوًا۔ چلنا ــــ بالمکان: اقامت کرنا۔
اِجْتَحَاہ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَحْوَۃ: ایک قدم۔
جَحَّ (ض) جَحًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ــــ برجلہ: خاک اڑانا۔
اُبُو جَحَاوَۃ: ٹڈی۔
جَحَرَہٗ (ف) جَحْرًا۔ البئرَ: کشادہ کرنا۔
جَحِرَ (س) جَحَرًا۔ جوف البئر: کشادہ ہونا
اَجْحَرَ وجَحْرَرَ۔ البئر: کشادہ کرنا۔
تَجَحْرَرَ۔ الحوضُ: پانی کے خشک ہوجانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔
الجَحْرَز: بہت کھانے والا۔ بزدل۔
جَحَفَ (ن ض) وجَحِفَ (س) جَحَفًا وجَحِيفًا۔ اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَحَّاف)
الجَحْفِیف۔ مہ۔ بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس وروح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلک فی جحفلی" میرے دل میں یہ واقع ہوا۔
جَحَرَ (ن) جَحْوًا۔ الکلبُ: سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا
جُحِیَ وتَجَحَّی۔ الکلبُ: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا ــــ الشیخ: خمیدہ کمر ہونا۔ جَحَا اللیلُ: گذر جانا۔
جَدَّ (ض) جَدًّا۔ فی اعین القوم: علی مرتبہ ہونا
جَدَّ (ض) جِدَّۃً۔ الثوبُ: نیا ہونا (۔ جَدًّا) الشیءَ: کاٹنا (ض ن) جِدًّا: کوشش کرنا ــــ فی الامر: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا ــــ بہ الامرُ: سخت ہونا۔
جَدَّ (س) جَدًّا۔ الثدیُ او الضرعُ: تنگ

ہونا صفت (أَجَدّ) اور ناقہ کی صفت (جَدَاء) ہو اور کہا جاتا ہے "سَنَةٌ جَدَاءُ" قحط کا سال۔
جَدَّ (س) جَدًّا و جُدُوْدًا انصیب لا ہونا صفت (مَجْدُوْد) کہا جاتا ہے "جُدِدْتَ یا فلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ وَاَجَدَّ۔ الشیءَ: نیا کرنا۔ اَجَدَّ ثَوْبًا: نیا پہننا۔ اَجَدَّ الاَمْرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا۔ ـــ فی الاَمر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا اَجَدَّ الطریقُ: سخت و ہموار ہونا ـــ الرجلُ: سخت و ہموار زمین پر چلنا۔
جَادَّهُ مُجَادَّةً۔ فی الامر: کسی تحقیق کرنا
اِسْتَجَدَّ۔ الشیءُ: نیا ہونا ـــ الشیءَ: نیا کرنا یا نیا پانا ـــ الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجَدّ۔ مع۔ دادا۔ نانا۔ ج اَجْدَاد و جُدُود وجُدُودَة۔ مونث جَدَّة۔ ج جَدَّات۔ الجَدّ: نصیبہ بزرگی عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَنْ جَدُّهُ اَوْعَسَ جَدَّهُ" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔
الجِدّ۔ مع۔ کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ "فلانٌ عالمٌ جِدَّ عالمٍ" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ "وَعَظِيمٌ جِدًّا" بہت ہی بڑا۔ "جِدًّا" کا نصب مصدر یت کی وجہ سے ہے۔
الجُدّ۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ذُوْ جُدٍّ فی کذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (ـــ والجُدِّیّ) بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد۔ ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَارَ" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج اَجْدَاد۔
الجَدَّة۔ دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ وجَدَّةُ الثوبِ: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّة۔ علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ جُدَّةَ الاَمْرِ وجُدَّةَ مِنَ الاَمْرِ" اس نے رائے قائم کی۔ ج جُدَد۔
ناقة (جَدَاء) خشک تھن والی اونٹنی۔ سنة جَدَاء: قحط کا سال۔
الجَادّ۔ کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
الجَادَّة۔ الجادہ کا مونث۔ سڑک کا درمیان۔ ج جَوَادّ۔
الجَدَاد والجِدَاد۔ کھجور توڑنا۔
جُدَادَة۔ النخل وغیرہ: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔
الجُدَاد۔ اُلجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجَدِيْل۔ نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ ج جُدُد
الجَدِيْد والمَجْدُوْد۔ نصیبہ ور۔ کٹا ہوا
الجَدِيْدَان والاَجَدَّان: دن رات تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اَجَدّ نہیں کہتے۔
المُجَدَّد۔ مفـ ـــ مِنَ الاَكْسِيَة: مختلف دھاریوں والا۔
جَدَبَ (ن ض) جَدْبًا و جُدُوْبًا (ک) جُدُوْبَةً و تَجَدَّبَ۔ المكانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت (جَدْبٌ و اَجْدَبُ و جَدِيْبٌ و جُدُوْبٌ و مَجْدُوْبٌ) جَدَبَ فلانا: عیب لگانا۔
اَجْدَبَ۔ المكانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا ـــ القومُ: قحط زدہ ہونا ـــ لارض: خشک پانا ـــ فلانا: مہمان داری نہ پانا۔
جَدَّبَهُ: کمزور کرنا۔
تَجَدَّبَ۔ عیب دار ہونا۔
الجَدْب۔ مع۔ خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مكان جَدْب" قحط زدہ مقام۔ مونث جَدْبَة۔ ج جُدُوْب۔ کہا جاتا ہے "اَرْضُوْنَ جُدُوْبٌ و اَرْضُوْنَ جَدْبٌ" قحط زدہ زمینیں۔
الجَدُوْب والجَدِيْب۔ قحط زدہ۔ اَرْضٌ (جَدْبَاء) قحط زدہ زمین۔
المِجْدَاب۔ من الاراضی: بنجر زمین۔ ج مَجَادِب۔
الاَجَادِب۔ وہ زمینیں جن میں پیداوار نہ ہو۔ مکان (مَجْدُوْب) قحط زدہ۔
الجَدَث۔ قبر۔ ج اَجْدَاث واَجْدُث۔
الجَدْثَة۔ گھوڑے کے کھُر کی آواز۔ گوشت چبانے کی آواز۔
اِجْتَدَثَ۔ قبر بنانا۔
الجُدُجُد۔ سخت ہموار زمین جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ ج جَدَاجِد۔
جَدَحَ (ن) جَدْحًا و اَجْدَحَ واجْتَدَحَ السَّوِيْقَ: گھولنا۔ جَدَحَ السَّوِيْقَ فی اللبن: ملانا کہتے ہیں "جَدَحَ جُوَيْنٌ من سويق غيره" (دوسرے کے ستو کو جُوَین نے گھولا) "حلوائی کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔
جَدَّحَ۔ ملانا۔
المِجْدَح۔ ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔
المِجْدَاح۔ سمندر کا کنارہ۔ ج مَجَادِح۔
مَجَادِيْح۔ السماء: بکھرے۔ واحد۔ مَجْدُوْح۔ کہا جاتا ہے "اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ مَجَادِيْحَ الغَيْثِ" آسمان نے بارش کیلئے بکھروں کو آزاد چھوڑ دیا۔
جَدَرَ (ن) جَدْرًا و جُدُوْرًا و جُدِرَ۔ چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُوْر و مُجْدَر)
جَدَرَهُ (ن) جَدْرًا۔ لائق و مناسب بنانا ـــ الجدارَ: دیواروں سے گھیرنا ـــ الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔
جَدَرَ و جَدَرَ (ک ن) جَدَارَةً و

اَجْدَرَ - النبتُ: کونپل نکلنا۔
جَدُرَ (ک) جَدَارَۃً - بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جدیر) کہا جاتا ہے ہو جدیر بکذا ولکذا۔ ج جَدِیرُون وجُدَرَاء۔ مونث جَدِیرَۃ۔ ج جَدِیرات وجَدائِر۔
جَدَّرَ وَاجْتَدَرَ - الحائطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔
الجُدَرِی والجَدَرِی - پھنسیاں۔ مارکا نشان زخم کا نشان۔
الجَدِیر - بالشیٔ ولہ: لائق۔ مناسب ج جَدِیرُون۔
الجَدّ - ج جُدُران والجِدَار ج جُدُر وجُدُر: دیوار۔
الجَدْر والجِدْر - ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور۔ واحد (جَدْرَۃ وجِدْرَۃ)
الجُدَرِی والجَدَرِی - چیچک۔
المِجْدَار - دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کیلئے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔
المَجْدَرَۃ - لائق۔ کہا جاتا ہے "انہ مَجْدَرَۃ لان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مونث واحد جمع سب کیلئے یکساں ہے)
ارض مَجْدَرَۃ: بہت چیچک والی سرزمین۔
المَجْدُور - چیچک زدہ۔ کم گوشت والا اور کہا جاتا ہے "انہ مجدور ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
الجَادِس والجَادِسَۃ: غیر آباد زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔ الجادس: خشک خون۔
جَدَشَ (ض) جَدْشاً - لینے کا ارادہ کرنا۔
الجَدْش - سخت زمین۔ ج اَجْداش۔
جَدَعَ (ف) جَدْعاً - الانفَ وناشاکلہ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لَاَجْدَعَنَّ انفَ ماجدع قصیرٌ انفہ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جدع فلانا: قید کرنا۔ مار رکھنا۔
الرجلُ عیالَہ: نان نفقہ روک لینا۔
(— وجَدِعَ واجْدَعَ) الولدُ: بُری خوراک دینا
جَدِعَ (س) جَدَعاً - بُری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع) — الرجلُ: کان ناک کاٹ جانا۔ صفت (اَجْدَع) مونث جَدْعاء۔ ج جُدْع۔
جَدَّعَہٗ - کسی سے "جد عالک" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کردے اور تجھ سے خیر کو منقطع کردے۔
جَادَعَہٗ مُجَادَعَۃً وجِدَاعاً - گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تَجَادَعَا - باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا اسی سے عرب کا قول ہے "تَرَکْتُ البلادَ تَجَاوَعُ افاعیُہا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جارہے تھے۔
الجَدْعَۃ - کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔
جَدَاعِ - بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "واَخْفَتْ بِہِم جَدَاعٌ" انکو قحط کے سال نے برباد کردیا۔
المِجْدَع - عضو کاٹنے کا اوزار۔
الجُدَاع - موت۔
جَدَفَ (ض) جُدُوفاً - الطیرُ: کٹے ہوئے پروں سے اُڑنا — الظبیُ: چھوٹے قدم سے چلنا — الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَدَفَ (ض) جَدْفاً - الشیٔ: کاٹنا۔ الملاح السفینۃ: چپو سے چلانا — السماء بالثلج: برف گرانا۔
جَدَّفَ - نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاتَجْدِفُوا بِنِعَمِ اللہِ" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو — الملاح: چپو سے ڈونگی چلانا — علی اللہ: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا
جُدِّفَ - علیہ: تنگی میں مبتلا کیا جانا۔ اور اسی سے ہے "دانہ لَمُجَدَّف علیہ العَیش" وہ تنگدست ہے۔
اَجْدَفَ - القومُ: چلانا، شور مچانا۔
الجَدَفَۃ - شور وشغب۔
رَجُلٌ (مَجْدُوفٌ) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بخیل۔ مَجْدُوفُ الإزارِ والقَمِیص: چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجْدَاف - چپو۔ مجدافا الطیرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَادِیف۔
التَجْدِیف - کلمہ کفر۔ ج تَجَادِیف۔
الجُدَافی والجُدَاءِ - غنیمت۔
الجَدَف - قبر۔ ج اَجْدَاف۔
جَدَلَ (ن ض) جَدْلاً - الحبل: بٹنا
جَدِلَ (س) جَدَلاً - الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
(— وجَدَلَ (ن) جَدْلاً - الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا — الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَلَہٗ (ض ن) جَدْلاً وجَدَّلَہٗ: زمین پر پٹک دینا۔ جدل الشعر: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جَادَلَہٗ مُجَادَلَۃً وجِدَالاً - جھگڑا کرنا۔
تَجَادَلَا - ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَجَدَّلَ وانْجَدَلَ - زمین پر ٹپکا جانا۔
الجَدْل - مضـ - سخت۔ ٹھوس۔ عضو۔ ج جُدُول۔ قبر۔
الجَدَلَ - جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدْلَۃ - ہاون کا دستہ۔
الجَدَالَۃ - زمین۔ جَدَالَۃ الخَلق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیل - بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل۔
جُدُل الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوڑ اور ہڈی۔
الجَدِیلَۃ - طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عمل علی جَدِیلَتِہ" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ۔

گوشہ۔ کنارہ رائے کی پنچلی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
الاَجْدَلِیّ والاَجْدَل: شکرا۔ ساعد اجدل: خوبصورت گٹھی ہوئی کلائی۔ ج اَجَادِل۔ درع جُدَلَاء: مضبوط زرہ۔ ج جُدُل۔
الجَدَال والجِدَال والجُدَال والجُدَال: بہت جھگڑالو۔ الجُدَال: کابک بیچنے والا۔
المَجْدَل۔ محل۔ ج مَجَادِل۔
المَجْدَل۔ لوگوں کی جماعت۔
المَجْدُول۔ بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
الجَدْوَل والجِدْوَل۔ نالہ۔
جَدَمَہ (ن) جَدْمًا۔ کاٹنا۔ جَدَمَتِ الفِضَّۃُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جادم)
اِنْجَدَمَ۔ کٹ جانا۔
الجَدَمَۃ۔ پست قد۔
—— والجُدَامَۃ۔ وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گابنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَلجَدَم۔ پست طبقہ کے لوگ۔
اَجْدَنَ اِجْدَانًا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا
الجَدَن۔ خوش آوازی۔
جَدَا (ن) جَدْوًا۔ علیہ: عطیہ دینا۔
واجْتَدَی اِسْتَجْدَی۔ فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجْدَی اِجْدَاءً۔ عطیہ پانا —— فلانًا: عطیہ دینا —— الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں۔ مَا یُجْدِی عَنْکَ ہٰذَا: تم کو یہ فائدہ نہیں دیگا۔
اِجْتَدَاہ۔ عطیہ دینا۔
الجَدَا۔ عام بارش (—— والجَدَائر) نفع علیہ
الجَادِی۔ مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِی۔ زعفران۔
الجَدْوِی۔ عطیہ۔
الاَجْدَی۔ زیادہ نافع۔
الجَدِیّ۔ سخی۔
الجَدْوَۃ۔ گلہ۔ ریوڑ۔
جَدَی (ض) جَدْیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔
اَجْدَی اِجْدَاءً۔ الجرحُ: بہنا۔

الجَدْی۔ پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ و جِدَار و جِدْیَان، قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو جَدِیُ الفَرْقَدِ بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدْیَۃ۔ زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدِی وجَدِیَات۔
الجَدَایَۃ والجُدَایَۃ۔ ہرن کا بچہ۔
الجُدَاءُ۔ عدد کا مربع جیسے نو تین کا۔ سولہ چار کا۔
جَذَّہ (ن) جَذًّا۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ جَذَّ فی سیرہ: تیز چلنا۔
جَذَّ۔ قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنْجَذَّ۔ کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَذَّذَ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذَاذ والجَذَاذ والجِذَاذ۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الجَذَاذَۃ۔ ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جُذَاذَۃُ عَلَیْہِ کَذَا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذَاذَات۔ ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی جُذَاذَاتٌ مِنَ الفِضَّۃِ: میرے پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجِذّ۔ کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "ثُرِیْتُ اِلَی الصَّنَمِ فَکَسَرْتُہ اَجْذَاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجُذَاذَۃ۔ ٹکڑا۔
الاَجَذّ۔ ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذَّاء۔
جَذَبَہ (ض) جَذْبًا واجْتَذَبَہ۔ الیہ: کھینچنا۔ جَذَبَ الشَّہْرُ: اکثر حصہ گذر جانا۔ جَذَبَتِ النَّاقَۃُ: کم دودھ والی ہونا ——
الہِرّ عن امہ: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَہ۔ الشیءَ: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا
تَجَاذَبَا۔ الشیءَ: کسی چیز کے بارے میں باہم کشمکش کرنا۔

تَجَذَّبَ۔ اللبنَ: پینا۔
اِنْجَذَبَ۔ کھنچ جانا۔ اِنْجَذَبَ فی السیر: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنْجَذَبَ بِہِمُ السَّیْرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجَاذِب۔ فا۔ کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جواذب وجذّاب۔
الجَذْبَۃ۔ دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ "بَیْنَہ وبَیْنَ المَنْزِلِ جَذْبَۃٌ" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَابٌ۔ موت کے لئے علم۔
الجَاذِبِیَّۃ۔ کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَۃ۔ چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کپڑا۔
جَذَرَہ (ن) جَذْرًا۔ کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا
جَذَّرَ۔ العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہ واجْذَرَّہ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَذْر۔ جڑ سے اکھڑنا۔
الجِذْر والجَذْر۔ جڑ۔ جَذْرُ النَّبَات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُور۔ مربع کا جذر۔ جذر البقرۃ: گائے کے سینگ
الجَذْرِیَّۃ۔ وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو
الجَذْوَر۔ عدد کا مربع۔
الجَوْذَر والجُوْذُر والجُوْذَر۔ نیل گائے کا بچہ۔ ج جَاذِر وجَآذِر۔
المُجَذَّر۔ بہت پست قد۔
جَذَعَ (ف) جَذْعًا۔ الدابۃَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا —— بین البعیرین: ایک رسی میں باندھنا
الجَذَع۔ من البہائم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذَاع و جُذْعَان۔ اور اسی سے ہے "جُذْعَانُ الجِبَال" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی ہٰذَا الاَمْرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نوآموز ہے۔
"اَجْذَعَتِ الاَمْرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے: ذَہَبُوا جِذَاعًا بَذَاعًا مبنی بر فتحہ: یعنی متفرق ہو گئے۔
الجِذْع۔ درخت کا تنہ۔ ج جُذُوع واجْذَاع۔

جذعُ الإنسان: دھڑ۔ سر اور ہاتھوں۔ اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المجذَّع والمجدَّع۔ بے اصل بے ثبات
جَذَفَ (ض) جذفًا وأجذفَ۔
الطائرُ: تیز اڑنا۔ جذفتِ المرأةُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ۔ القارب: چپو سے چلانا۔ الشيء: کاٹنا۔
تجذَّفَ۔ فی مشیہ: تیز چلنا۔
المِجذاف۔ کشتی چلانے کا چپو۔
المجذوف۔ کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذَلَ (س) جذلًا واجتذلَ۔ خوش ہونا۔ صفت (جذِل وجذلان) ج جُذلان مونث جذلة وجذلى۔
جَذَلَ (ن) جُذولًا واستجذلَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔
أجذلَه۔ خوش کرنا۔
تجاذلَ۔ القومُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔
الجِذل۔ من الشجرة: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ ٹھنٹھ۔ کہا جاتا ہے "عاد الشيءُ إلى جِذْلِه" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن رگڑنے کیلئے کھڑا کیا جائے۔
جُذَيل اسکی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "أنا جُذَيلها المحكَّك" میں تجربہ کار و واقفکار ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "جَذْلُ مالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذال وأجذال وجُذُول وجُذُولة۔
الجاذِل۔ فا۔ شادماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ سقاءٌ جاذِلٌ: دودھ کو بدمزہ کر دینے والی مشک۔
جَذَمَ۔ (ض) جذمًا وجَذَّمَه۔ جلدی سے کاٹنا۔
جَذِمَ (جذَمًا۔ کے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ۔ کوڑھی ہونا۔ صفت (أجذم ومُجذوم ومُجذَّم۔
أجذمَ۔ عن الشيء: باز رہنا۔ علیہ: پختہ ارادہ کرنا۔ فی سیرہ: تیز چلنا۔ یدہ: کاٹنا
انجذمَ وتجذَّمَ۔ کٹ جانا۔
الجِذْم والجَذْم۔ اصل۔ جڑ۔ ج جُذوم وأجذام۔
الجَذْمة والجُذامة۔ ہاتھ میں کٹنے کی جگہ
الجُذامة۔ ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔
الجُذام۔ ٹنڈاپن۔
الأجذم۔ ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مونث جَذْماء وجذماء۔ اور کہا جاتا ہے "هو أجذمُ الحجة" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس دلیل نہ زور بیان۔
الجُذامة۔ کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجذام والمِجذامة۔ امور میں جلدی فیصلہ کرنیوالا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔
جَذَأ (ن) جَذْءًا وجُذُوءًا وأجذأ علی الشيء: اچھی طرح کھڑا ہونا۔
تجاذأ۔ الحجر: اٹھانا۔
الجَذاة۔ بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جذاء
الجُذوة والجَذوة والجِذوة۔ بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُذًى وجِذًى وجِذاء۔ کہا جاتا ہے "فلان جُذوةُ شرٍّ" فلاں شر کا بانی اور اسے ہوا دینے والا ہے
جَذِيَ (ض) جذيًا وأجذى۔ فلانا عنه: منع کرنا۔
تجاذى تجاذِيًا۔ کھسک جانا۔
الجِذْية والجَذْية۔ من الشجرة: جڑ۔
جَرَّهُ (ن) جرًّا وجرَّبه۔ کھینچنا۔ جرَّ الإبلَ: آہستہ ہانکنا۔ الكلمةَ: زیر لگانا۔ علی نفسه جريرةً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جَرْجَرَهُ وجَرْجَرَبه۔ سختی سے کھینچنا۔
جارَّهُ۔ رسنہ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ مال مثول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جارَّهُ الدَّيْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں مال مثول کی۔
اِجْتَرَّ۔ کھینچنا۔
جَرَّ واجْتَرَّ۔ البعيرُ: جگالی کرنا۔
أجَرَّ۔ البعيرُ: جگالی کرنا۔ الفصيلَ: دودھ پینے سے روکنے کیلئے زبان چیر دینا۔
۔۔۔ لسانَه: غفلو کرنے سے منع کرنا۔ أجرَّه رسنه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ أجرة الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ أجرَّهُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔
اِجْتَرَّ واجْدَرَّ۔ الشيءَ: کھینچنا۔
اِسْتَجَرَّ۔ الشيءَ: کھینچنا۔ المالَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔ فلانٌ: مطیع و فرمانبردار ہونا۔
الجَرُّ۔ م اور اسی سے ہے "كان ذلك عام كذا وكم جرًّا إلى اليوم" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔ جَرُّ الجُبَل: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔ اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔
الجِرَّة۔ کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔ (۔۔۔ والجَرَّة) جگالی۔
الجَرَّة۔ جَرّ کا اسم مرۃ۔ گھڑا۔ ج جَرٌّ وجِرار۔
الجُرَّة۔ بھوجل کی پکی ہوئی روٹی۔
الجُرَّة۔ غلہ بونے کیلئے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لئے لکڑی کا پھندا ج جُرَّ۔ کہا جاتا ہے۔ فعلت۔ ذلك من (جرّاك وجُرّانك وجَرّاك وجَرّانك) میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِرِّيَّ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو ہام کہتے ہیں
الجِرِّيَّة والجِرِّيَّة۔ پرندے کا پوٹا۔
الجارُود۔ پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ۔۔۔ فی اصطلاح المولدین: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔
بئرٌ (جَرُور) گہرا کنواں۔ فرسٌ جَرُورٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا امرأة جرور: لمبی عورت۔
الجَرِيرة۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلك من جريرتك" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
الجَرّار۔ بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار۔ بہت بڑا لشکر عوام چھوٹی صندوقچی کے لئے لفظ جرار کو استعمال

کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔
الجَرَّارَۃ۔ زرد رنگ کا کیچوا جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔
الاَجرَان۔ انسان وجنات۔
المَجَرّ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔
المَجَرَّۃ۔ کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانہ" کہتے ہیں۔
جَرْوٌ (ک) جَرَاءَۃً وجُرْأَۃً وجُرَّۃً و جَرَائِیَۃً۔ علیہ: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِیٌ) ج اَجْرَاءُ واَجْرِیَاءُ۔
جَرَّأَہٗ تَجْرِیئًا۔ جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔
اِجْتَرَأَ ــــ دلیر ہو جانا۔
اِسْتَجْرَأَ۔ تکلف جرأت دکھلانا۔
الجَرِیئَۃ۔ درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج الجرائی۔
الجِرِّیئَۃ۔ پوٹا۔ حلق۔
جَرِبَ (س) جَرَبًا۔ خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب وجَرْبان واَجْرَب) ج جراب وجَرْبی واَجَارِب وجُرْب۔ جَرِبَ السیفُ: زنگ آلود ہونا۔
جَرَّبَہٗ تَجْرِیبًا وتَجْرِبَۃً۔ آزمانا۔
اَجْرَبَ۔ القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔
الجَرَب۔ عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔
الجَرْبَاء۔ اجرب کا مونث۔ قحط زدہ زمین ستاروں بھرا آسمان۔
الجِراب۔ تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَۃ وجُرُب وجُرُبٌ۔
الجَرَاب۔ خالی کشتی۔
الجَرِیبَۃ۔ سخت وقوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور نکے اہل وعیال۔
الجِرْبِیَاء۔ شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک
الجِرْبِیَّان والجُرْبُیَّان۔ من السیف: میان پر تلہ۔ دھار ــــ من القمیص: گریبان

المُجَرَّب۔ آزمودہ۔ دراہم مجربۃ: کھری درہم
الجَوْرَب۔ پاتابہ (فارسیۃ) ج جَوَارِب و جَوَارِبَۃ۔
جَوْرَبَہٗ۔ پاتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ۔ پاتابہ پہننا۔
الجِرِّیث۔ ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی
تَجَرْثَمَ واِجْرَنْثَمَ۔ اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آرہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چٹ کر رہ جانا
الجُرْثُوم والجُرْثُومَۃ۔ من الشیٔ: جڑ۔ یا درخت کی جڑیں جمع شدہ مٹی۔ ج جَرَاثِیم۔
جُرْثُومَۃ النمل: چیونٹیوں کی بستی۔ اور عصری زبان میں جراثیم "(Garms) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِحَ (س) جَرَحًا۔ الخاتمُ فی اصبعہ: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جَرِح)
الرجلُ: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَح۔ سخت زمین۔
الجُرْجَۃ۔ توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرُج۔
جَرْجَرَ۔ الجملُ: بلبلانا ــــ الماءُ فی حلقہ: گڑگڑ کرنا (ــــ وجَرْجَرَ) المائرُ: غٹ غٹ پینا۔
الجَرْجَر۔ غلہ کی دائیں کرنیکا آہنی آلہ۔ حلق۔ جَرَاجِر۔
الجَرْجَرُ والجَرْجَرُ۔ لوبیا۔ چنا۔
الجَرْجَارَۃ۔ چل۔
الجَرْجِیر۔ ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔
جَرَحَہٗ (ف) جَرْحًا۔ زخمی کرنا۔ ہ بلسانہ: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشہادۃ" اس نے گواہی کو باطل کر دیا ــــ الرجلُ: کمانا۔ صفت (جارح) اور اسی سے ہے "مالہ جارحۃ" اس کیلئے کوئی کمانیوالا نہیں۔
جَرِحَ (س) جَرَحًا۔ زخمی ہونا۔
جَرَّحَہٗ۔ بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشہادۃَ

رد کرنا۔
اِجْتَرَحَ۔ الشیٔ: کمانا ــــ الاِثْمَ: ارتکاب کرنا
اِسْتَجْرَحَ۔ الشیٔ: فاسد ہونا۔
الجُرْح۔ زخم۔ ج جُرُوح واَجْرَاح۔
الجُرْحَۃ۔ جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔
الجِرَاحَۃ۔ زخم۔ ج جِرَاح وجِرَاحَات۔ جراح کا پیشہ۔ گناہ۔
الجَرَّاح والجِرَاحِیّ۔ زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔
الجَارِحَۃ۔ جارح کا مونث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصاً ہاتھ
ج جَوَارِح۔ جَوَارِحُ النہار: کنایہ ہے مصائب سے اور اسی سے ہے "نعوذ باللہ من طوارق اللیل و جوارح النہار" ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجَوَارِحُ من الطیر" شکاری پرندے۔
المَجْرَح۔ ج مَجَارِح (الجَرْح) ج جُرُحٌ (الجَرْحٰی)
جَرَدَ (ن) جَرْدًا وجَرَّدَ۔ الوبرَ: چھیلنا۔
ــــ الجلدَ: بال اُتارنا ــــ السیف: سنگی کرنا ــــ القطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَّدَہ من ثوبہ وجَرَّدَہٗ ثوبَہٗ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الکتابۃ: اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجَرِیدَۃَ۔ پھینکدینا۔
جَرِدَ (س) جَرَدًا۔ چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا۔
ــــ المکانُ: ٹڈی زدہ ہونا ــــ الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔
جُرِدَ۔ الارضُ: ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہو جانا۔
تَجَرَّدَ۔ ننگا ہونا ــــ الامر: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا ــــ الفرسُ: گھوڑ دوڑ میں آگے بڑھ جانا۔
اِنْجَرَدَ۔ ننگا ہونا ــــ بنا السیر: بغیر دوسری طرف التفات کئے ہوئے چلتے رہنا ــــ الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔
اِجْتَرَدَ۔ القطنَ: دُھننا۔

الجَرْد مع۔ مکان جَرْدٌ: بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرْد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔ مال کا بقیہ ج جُرُود۔

الجَرَد والجَرِد۔ بغیر نباتات والی جگہ۔ الجَرَد: بال کا چھوٹا ہونا۔

الجُرْدَة۔ برہنگی۔

الجَرْدَة۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔

الجَرَاد۔ ٹڈی۔ واحد (جَرَادَة)

الجُرَادَة۔ لکڑی کا چھلکا۔

الجَرِيدُ۔ کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کرلی گئی ہو۔ واحد (جَرِيدَة)

الجَرِيدَة۔ سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ مال کا بقیہ۔ رجسٹر۔ اخبار۔ ج جَرَائِد۔

الأَجْرَد۔ بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال چھوٹے بالوں والا۔ مونث جَرْدَاء۔ ج جُرْد۔ الأَجْرَد من الخيل: گھوڑ دوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔

لَبَنٌ أَجْرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَخْرَةٌ جَرْدَاء: صاف چکنی چٹان۔ ثَمَرَةٌ جَرْدَاء: شرابِ صافی۔ والجَرْد: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "نَارَأَيْتُهُ مُنْذُ أَجْرَدَيْنِ" میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا و "شَهْرٌ أَجْرَد" پورا مہینہ۔

سَنَةٌ (جَارُودٌ وجَارُودَة) سخت قحط والا سال۔

التَجْرِيدَة۔ فوج کا دستہ۔

المِجْرَد۔ دانتوں کے صاف کرنے کا برش روئی دھننے کا آلہ۔

الجَرَّاد۔ تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کٹھائی کرنے والا۔ قلعی گر۔

المُتَجَرِّد۔ چھوٹے بالوں والا۔

الجَرْدَق والجَرْدَقَة۔ روٹی۔ ج جَرَادِق

الجَرْدَم۔ سبز سر والی سیاہ ٹڈی بہت بولنے والا۔

جَرَذَ (ن) جَرْذًا۔ الجرحُ: زبان زخم کا بستہ ہو کر سوجنا۔

جَرَذَ۔ الشجرةَ: گانٹھیں اتارنا۔

أَجْرَذَهُ۔ نکالنا۔ علیٰ کرنا۔ ہ الیہ: مجبور کرنا

الجَرَذ۔ جانور کے کوچ کا ورم۔

الجُرَذ۔ ایک قسم کا چوہا۔ ج جُرْذَان۔ کہا جاتا ہے تَقَرَّتْ جُرْذَانُ بَيْتِهِ "اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔

ارض (جَرِذَة) بہت چوہوں والی زمین۔

المُجَرَّذ۔ آزمودہ کار۔

الأَجْرَذ۔ وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دُور دُور۔

أُمّ جِرْذَان۔ ایک قسم کی کھجور۔

جَرَزَ (ن) جَرْزًا۔ کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

ہ الزمانُ: ہلاک کرنا ــــ ہ بالشتم: گالی دینا کہا جاتا ہے "جَرَزَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ" دسترخوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔

جَرِزَ (ک) جَرَازَةً) پیٹو ہونا۔

جَرِزَت (س) جَرَزًا۔ الارضُ: بنجر ہونا صفت (جَارِزَة) ج جَوَارِز۔

جَارَزَهُ جَرَازًا ومُجَارَزَةً۔ گالی کے مشابہ ناخوش طبعی کرنا۔

أَجْرَزَ۔ البَعِيرُ: لاغر ہونا ــــ المكانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مُجْرِز)

تَجَارَزَ۔ القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

الارض (الجَرْز والجَرَز والجُرُز)۔ بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو۔ ج أَجْرَاز۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ جُرُزٌ وأَرَضُونَ أَجْرَازٌ وأَرَضُونَ أَجْرَاز۔

الجَرْز۔ عورتوں کا ایک لباس۔

الجُرُز۔ لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج أَجْرَاز وجُرُزَة کہا جاتا ہے "طُوتِ الْحَيَّةُ أَجْرَازَهَا" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "طَوَى فُلَانٌ أَجْرَازَهُ" فلاں نے سستی کی۔

الجَرَز۔ خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔

الجَرْزَة۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللهُ بِجَرْزَةٍ" اللہ اس کو ہلاک کرے۔

الجُرْزَة۔ گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرَز

الجُرَاز۔ شمشیر براں۔

الجَرُوز۔ بہت کھانے والا جو دسترخوان کو صاف کردے۔

المَجْرُوز۔ من الأمكنة: نباتات بریدہ جگہ۔

الجَرْزَم۔ بے سالن کی خشک روٹی۔

جَرَسَ (ض) جَرْسًا۔ بولنا۔ آواز سنانا۔ ــــ الكلامَ: ترنم سے پڑھنا ــــ الشيءَ: زبان سے چاٹنا۔

أَجْرَسَ: الطائرُ: اڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا ــــ الحادي: حدی گانا ــــ الجرسَ: بجانا (ــــ والجَرَسَ) الحلیُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔

جَرَّسَهُ۔ الدهرُ: تجربہ کار بنانا۔ جَرَّسَ بهم: بدنام کرنا۔

تَجَرَّسَ۔ بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔

اِجْتَرَسَ۔ المالَ: کمانا۔

الجَرْس والجِرْس۔ آواز۔ آہستہ آواز۔

الجِرْس: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ خَيْرِ جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج أَجْرَاس۔

الجَرَس۔ گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج أَجْرَاس۔ ذات الأَجْرَاس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔

الجَارِسَة۔ گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جَوَارِس

الجُوَارِس: شہد کی مکھیاں۔

الجَرْسَة۔ آزمودہ کاری۔

المُتَجَرِّس۔ تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مُجَرَّسَة" سدھائی ہوئی اونٹنی۔

جَرَشَ (ن) جَرْشًا۔ الحَبَّ والقمحَ: دلنا۔ (ــــ وجَرَّشَ) الرأسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔

اِجْتَرَشَ۔ لعیالہ: کمائی کرنا ــــ الشيءَ: اچک لینا۔

الجَارُوش والجَارُوشَة۔ غلہ دلنے کی چکی۔ ج جَوَارِيش۔

الجَرْش۔ سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز

والجِرْش والجُرْش والجَرْش۔ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى جِرْشٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ ج أَجْرَاش وجُرُوش۔

جُرَاشَةٌ - الحَبّ: دَلا ہوا غلہ - سر کی بھوسی
الجَوَارِش - جوارش - (دوا)
الجَرِیْش والمَجْرُوْش - دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا - بریقہ: فکر یا غم کی وجہ سے تشکل سے تھوک نگلنا ــــ ریقہ: بیمار کی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَجْرَضُ علیک ریقہ غیظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے
جَرَضَہ (ن) جَرْضًا - گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "ہو یَجْرَضُ نفسہ" وہ مرنے والا ہے۔
أَجْرَضَہ - بریقہ: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَرِیْض - تھوک جس سے پھندا لگ جائے۔ اور اسی سے مثل ہے "حالَ الجَرِیْضُ دُوْنَ القَرِیْض" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الجَرِیْض: غمگین - ج جُرَضٰی - اور کہا جاتا ہے "فُتَّ فلانٌ جَرِیْضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے
الجَرَّاض والجَرْیَاض والجَرْآض بہت غمگین۔
الجَرْضَمُ والجَرْضَمُ والجَرْضَمُ بہت کھانے والا ناقہ (جَرْضَمٌ وجَرْضَمٌ) مونث تازی اونٹنی
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرَعًا (س) اجْتَرَعَ اجْتِرَاعًا - المائَ: بیمار گی پی لینا
جَرَّعَہ - المائَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تَجَرَّعَ - المائَ: تھوڑا تھوڑا پینا ــــ الغیظَ: غصہ پی جانا۔
أَجْرَعُ - الناقۃ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِیع)
الجَرْعَۃ والجُرْعَۃ والجِرْعَۃ - گھونٹ
الجَرَعَۃ - ج جَرَع وجِرْعَان و (الجَرْعَار) ج جَرْعَادَات و (الأَجْرَع) ج أَجَارِع: ہموار ریتیلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔
جَرَفَ (ن) جَرْفًا وجَرَّفَ وتَجَرَّفَ و اجْتَرَفَ - الشیئَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا۔ ــــ الطینَ: کھرچ لے جانا۔
أَجْرَفَ - المکانُ: سیلاب زدہ ہونا۔
الجُرْف - مہ - بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ سرسبزی - وہ داغ جو اونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔
الجُرُف - ج جُرْفَۃ و (الجُرْف) ج أَجْرُف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو - اور اسی سے ہے "فلان مبنی علی جُرُفٍ ہارٍ لائیدری مائیل" من نہار" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں۔
الجُرَاف - من السیل: تمام چیزوں کو بہا لیجانے والا سیلاب - اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُرَافٌ" تمام کھانا کھا جانے والا مرد۔
(ـ - والجِرَاف) ایک قسم کا پیمانہ۔
الجَارِف - فا - طاعون - عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)
الجَارُوْف - بہت کھانیوالا - تیز بہا لیجانے والا - منحوس - مونث جَارُوْفَۃ۔
الجَرَّاف - بہت تیز بہا لے جانے والا
المُجَرَّف والمُجْتَرَف - وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔
المِجْرَف والمِجْرَفَۃ - بیلچہ - پھاوڑہ۔
جَرْفَسَہ - پھاڑنا ــــ الشیئَ: بہت حرص سے کھانا۔
الجِرْفَاس والجُرَافِس - شیر۔
جَرِلَ (س) جَرَلًا - المکانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔
الجَرَل - سخت اور پتھریلی زمین - ج أَجْرَال
الجَرْوَل - پتھریلی زمین - ج جَرَاوِل۔
الجَرْیَال والجَرْیَالَۃ - شراب یا اس کا رنگ
جَرَمَ (ض) جَرْمًا - الشیئَ: کاٹنا - پورا کرنا ــــ الناقۃ: اُون کترنا (ــــ جَرًّا وجُرَامًا و جِرَامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا۔
جَرَمَ (ن) جَرْمًا واجْتَرَمَ - لاہلہ: کمانا
جَرُمَ (ض) جَرَامَۃً واجْرَمَ واجْتَرَمَ الیہ وعلیہ: گناہ کرنا۔
جَرِمَ (س) جَرَمًا - گری ہوئی کھجوریں کھانا۔ ــــ لونُہ: صاف ہونا۔
جَرُمَ (ک) جَرَامَۃً - عظیم الجرم ہونا - بڑا گناہ کرنا۔
جَرَّمَہ - کاٹنا۔
جَرَّمَہ وتَجَرَّمَ - علیہ: گناہ کی تہمت لگانا۔
تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا - کہا جاتا ہے "عامٌ مُجْرِم" پورا سال۔
الجَرَم - مہ (ـ - والجُرْم) گناہ - ج جُرُوْم و اجْرَام - اور کہا جاتا ہے "لاجَرَمَ ولاجُرْمَ" یعنی ضروری یقیناً - اور کبھی قسم کے معنی میں آتا ہے - جیسے "لاجَرَمَ لأفعلنّ کذا" میں بخدا ایسا کرونگا۔
الجَرْم - مہ - ڈونگی - گرم ملک - ج جُرُوْم۔
الجُرُوْم: گرم ممالک اس کے مقابلہ میں "الصُّرُود" ہے یعنی سرد ممالک۔
الجِرْم - جسم - رنگ - باصطلاح فلسفہ ستارہ و آسمان - ج اجرامٌ وجُرُمٌ وجُرُوْم
الجَرَام والجُرَام والجُرَامِ - خشک کھجور پھوہارہ۔
الجَرِیْم - بڑے جسم والا - گنہگار - مونث۔
جَرِیْمَۃ: ج جرام۔
الجَرِیْمَۃ - جرم - گناہ - گٹھلی - شجر جَرِیْمَۃ: گابھا ہوا درخت - الجَرِیْمَۃ: آخری بچہ - کہا جاتا ہے "ہُوَ جَرِیْمَۃُ اہلہ" وہ اپنے اہل کیلئے کمانیوالا ہے "والعقاب جَرِیْمَۃُ فرخہا" عقاب اپنے بچوں کی خوراک لانے والا ہے۔
الجُرَام - مچھلی۔
الجِرْمَان - بدن۔
جَرْمَزَ واجْرَمَّزَ - الرجلُ: سمٹنا - لوٹنا بھاگنا - جواب میں غلطی کرنا۔
الجُرْمُوْز - چھوٹا - حوض - کوٹھری - کنواں بھیڑیے کا نر بچہ - ج جَرَامِیز - الجَرَامِیز من الحیوان: جانور کی ٹانگیں - کہا جاتا ہے "ضَمَّ الثورُ جَرَامِیزَہ" بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں - "وأخذہ بجرامیزہ" - اس نے سب لے لیا۔
الجُرْمُوْق - موزہ - وہ چیز جو موزہ کے اوپر

اس کی حفاظت کیلئے پہنی جاتی ہے۔ عوام اس کو "کاوش" کہتے ہیں۔

جَرَنَ (ن) جُرُوْنًا۔ الثوبُ: بوسیدہ و نرم ہونا ـــ علی الامر: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَرُنَتْ یدُہ علی العَمَلِ" اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہوگیا۔

ـــ جَرَانًا۔ الحبَّ: پیسنا۔

اَجْرَنَ۔ الحبَّ: کھلیان میں جمع کرنا۔

اِجْتَرَنَ۔ کھلیان بنانا۔

الجَارِن۔ سانپ کا بچہ مٹے ہوئے نشان والا راستہ ـــ من المتاع: استعمال شدہ بوسیدہ سامان۔ سقاءٌ جَارِنٌ: سخت چمڑے والی مشک۔ درعٌ جَارِنَۃٌ: نرم زرہ۔ ج جَوَارِن وجَارِنَات۔

الجَرْن۔ پانی وغیرہ کیلئے کھدا ہوا پتھر۔ ج اَجْرَان وجِرَان۔ (ـــ والجَرْن) ج جُرُن: کھلیان کھجور وغیرہ خشک کرنے کی جگہ۔

الجِرَان۔ من البعیر: اونٹ کی گردن کا اگلا حصہ۔ ج جُرُن واَجْرِنَۃ۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَی البعیرُ جِرَانَہٗ" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ والقی فلانٌ علی ہذا الامر جِرانہ" یعنی فلاں نے اس مقصد پر اپنی نظر جمادی۔ وضَرَبَ الاسلامُ بجِرانہٖ" اسلام نے جڑ پکڑلی۔ وضَرَبَ اللیلُ بجِرانہٖ" رات آگئی والقی علیہ جِرَانَہٗ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈالدیا۔

المِجْرَن۔ کھلیان۔ رجلٌ مِجْرَن: بہت کھانے والا مرد۔

المُجَرَّن۔ من السیاط: نرم اور چکنا کوڑا

جَرَّہٗ یَجُرُّہٗ۔ الامرَ: ظاہر و آشکارا کرنا۔

تَجَرَّہٗ۔ الامرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔

الجَرَاھِیَۃ۔ ظاہر و آشکار۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ جَرَاھِیَۃَ القوم" میں نے قوم کی چیخ پکار سنی۔

جَرْھَدَ واجْرَھَدَّ۔ فی السیر: تیز چلنا

الجَرْھَد والجَرْھُد۔ پھرتیلا چلنے والا۔

الجِرْھَاس۔ بڑا قوی شیر۔

الجَرْھَام والجُرَاھِم۔ شیر۔ الجُرَاھِم: بڑا پہاڑ۔ بڑا اونٹ۔

اَجْرَتْ اِجْرَاءً۔ الکلبۃُ: پلوں والی ہونا۔

الجُرُد۔ بتثلیث الجیم: ہر چھوٹی چیز یہاں تک کہ انار اور خربزہ بھی۔ اور عموماً کتے اور شیر کے بچہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج جِرَار واَجْرُد وجُرْد اِجْرِیَۃ۔

الجُرْدَۃ۔ بتثلیث الجیم: جرد کا مونث۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ علی الامرِ جِرْدَتَہٗ" اس نے اس کام میں صبر و استقلال سے کام لیا۔ و "ضرب جرودتہ عنہ" اس نے صبر کرلیا۔

کلبۃٌ (مِجَرٌّ و مِجَرِّیَۃٌ) پلوں والی کتیا۔

جَرَیٰ (ض) جَرْیًا وجَرَیَانًا وجَرْیَۃً الماءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "نَہْرٌ سَرِیْعٌ الجَرْیَۃ" تیز بہنے والی ندی ـــ الفرسُ: دوڑنا ـــ الامرُ: واقع ہونا ـــ الی الشیٔ: قصد و ارادہ کرنا۔

جَرَّیٰ واَجْرَیٰ۔ الماءَ: جاری کرنا۔ بہانا

اَجْرَیٰ الحسابَ: کسی کا حساب درج رجسٹر کرنا۔

ـــ علیہ الحساب: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔

جَرَّیٰ فلانا: وکیل بنا کر بھیجنا۔ اَجْرَیٰ الامرَ: نافذ کرنا۔ جاری کرنا۔ اَجْرَیٰ الامرَ الی فلان: سپرد کرنا یا نسبت کرنا۔ اَجْرَیٰ الی الشیٔ: قصد و ارادہ کرنا

اجری علیہ الرزقَ: جاری کرنا۔ معین کرنا۔

اَجْرَیٰ القِصَاصَ: قصاص لینا۔ اجری الکلمۃَ: منصرف کردینا۔

جَارَاہُ۔ کسی کے ساتھ چلنا (تجاریا) ساتھ ساتھ دوڑنا۔ چلنا۔ کہا جاتا ہے "الدَّیْنُ والرَّہْنُ یَتَجَارَیَانِ" قرض اور رہن ایک ہی طرح کے ہیں۔ جَارَیٰ فی الامرِ: موافقت کرنا۔

اِسْتَجْرَیٰ۔ فلانًا: کسی سے دوڑلنے یا چلنے کے لئے کہنا۔ وکیل بنانا۔

الجَرِی۔ وکیل۔ پیغامبر۔ مزدور۔ ضامن کہا جاتا ہے "ھُوَ جَرِیُّ لَہٗ" وہ اس کا ضامن ہے ج اَجْرِیَاء۔ کہا جاتا ہے "من جَرَّاکَ او من جَرَّاکَ" یعنی تمہاری وجہ سے۔

الجَرَایَۃ۔ وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ۔

ـــ والجَرَاء والجَرَاءَۃ۔ جوانی۔ کہا جاتا ہے۔ جَارِیَۃٌ بَیِّنَۃُ الجَرَایَۃ" اچھی جوان لڑکی۔

الجِرَایَۃ والجَرَایَۃ۔ وکالت

الاِجْرِیَّا والاِجْرِیَّاء۔ کام کا طریقہ جبلی طبیعت۔ کہا جاتا ہے "جَرَیٰ علی اَجْرِیَّاہ واَجْرِیَّائہ" وہ اپنی فطرت پر چلا۔

الجِرِیَّۃ والجِرِّیْت۔ ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔ بام۔

الجِرِّیَّۃ۔ پوٹا۔

الجَارِی۔ فا۔ "نہر جارٍ" وہ دریا جو خشک نہ

الجَارِیَۃ۔ الجاری کا مونث۔ بچی۔ باندی آفتاب کشتی۔ سانپ۔ ج جَارِیَات وجَوَارٍ

المَجْرَی۔ پانی بہنے کی جگہ۔ گذرگاہ ج مَجَارٍ

المَاجَرِیَات۔ واقعات وحوادث۔ جَرَی یا جَرِیَ سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے "کانت بینھم مُنَاظَرَاتٌ ومَاجَرِیَاتٌ یطول شرحھا"

جَزَّ (ن) جَزًّا وجَزَزًا واجْتَزَّ۔ الصوفَ او العشبَ او النخلَ: کاٹنا۔

جَزَّ واَجَزَّ واسْتَجَزَّ۔ الغنمُ او البُرُّ او النخلۃُ: کترنے یا کاٹنے کا وقت۔ قریب آنا۔ اَجَزَّ التمرُ: خشک ہونا۔ اَجَزَّ القومُ: کتری ہوئی بھیڑوں والی یا کٹی ہوئی کھیتی والی ہونا۔

الجَزَّۃ۔ کتری ہوئی اون۔ ج جَزَزٌ وجُزَازٌ۔

الجَزَز۔ غیر مستعمل اون۔

الجُزَاز والجُزَازَۃ۔ اون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے۔ جُزَازٌ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔

الجَزَاز والجِزَاز۔ کھیت کی کٹائی۔ کترنے یا کاٹنے کا وقت۔

الجَزُوْزَۃ۔ من الغنم: بھیڑ جو کتری جائے۔ ج جُزُز۔

الجَزِیز۔ کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

الجَزِیزَۃ۔ اون کا گچھا۔

الجَزَّاز۔ کترنے یا کاٹنے والا۔
المِجزَز۔ کترنی۔ قینچی۔
جَزَّ (ف) جَزًّا۔ الشیٔ: اجزا میں تقسیم کرنا ایک جز لینا۔ (۔ وتجزّ أو اجتزّ) بالشیٔ: اکتفا کرنا۔
جَزَّأَ تجزئۃً و تجزیئًا۔ الشیٔ: تقسیم کرنا۔ (جزّاہ واجزّاہ) بالشیٔ: قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے "جزّأ الماشیۃ بالرَّطب عن الماء" جانور کو تر گھاس کھلائی اور پانی پلانے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اجزأ عنہ: مستغنی ہونا۔
تجزّأ۔ تقسیم ہونا۔
الجُزء۔ مہ یعلض۔ کفایت۔ کہا جاتا ہے "لک فی ہذا غناء وجزء" تمہارے لئے اتنا بس ہے
الجُزء۔ چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجزاء اور اسی معنی میں جزر و جُزار بھی ہے۔
الجُزئی۔ جز کی جانب منسوب۔ کُلی کی ضد
الجُزئیۃ۔ ضد کلیت۔ ج جزئیات۔
الجُزأۃ۔ چھری چاقو وغیرہ کا دستہ۔
المِجزأۃ والمِجزأۃ والمُجزأۃ۔ کسی چیز کا اتنا حصہ جو کافی ہو۔ کہا جاتا ہے۔ "اجزأ أجزأ فلان ومجزاہ ومجزأتہ ومجزأتہ" وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔
الجَزئی والمُجزِئی۔ من الطعام: آسودہ کرنے والا۔
الجَوازی۔ نیل گائے جو صرف گھاس چرتی ہے اور زیادہ پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔
جَزَرَہ (ف) جَزْرًا۔ لہ من المال: حصہ دینا۔ الرجلُ: اپنے کام کیلئے جانا۔ الطیرُ: اپنی جھاڑی میں داخل ہونا۔
الجَزْر۔ مہ۔ عطیہ۔
الجُزدان۔ جزودان۔ بستہ۔ تھیلی۔
جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا و جَزَرًا و جِزَارًا و اجتزرہ۔ الشاۃ: ذبح کرنا۔ جزر النخلۃ جزرًا: کاٹنا۔
جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا۔ البحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا۔ الماءُ: خشک یا کم ہو جانا۔
أجزرہ۔ النخلُ: کاٹنے کا وقت آنا
الشیخ: مرنے کا وقت آنا۔ فلانًا: ذبح کرنے کیلئے بکری دینا۔
تجازرا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
تجزّرہم واجتزرہم۔ فی القتال: میدانِ جنگ میں دشمن کو درندوں کی خوراک بنا دینا۔
الجَزر۔ مہ۔ ذبح کرنا۔ بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اُتار۔
الجَزور۔ ہر وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو واحد جَزُرَۃ۔ ذبیحہ۔ جزر السباع: وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے "ترکوہم جَزَرًا" یعنی انھوں نے ان کو صحرا میں قتل کر دیا
الجُزُر: وہ زمین جہاں سے مدر (جوار) لوگے۔
و (الجزر) گاجر۔
الجَزّار والجازِر۔ ذبح کرنے والا۔
الجَزُور۔ ذبح کیلئے اونٹنی یا بکری۔ ج جُزُر و جَزُورات و جزائر۔
الجُزارۃ۔ ذبح کئے ہوئے جانور کے اطراف (یعنی سری پائے) اس لئے کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کرنے کی اجرت میں لیتا ہے۔ وہ چیز جس کو ذبح کرنے والا ذبح کرنے کی اجرت میں لے
الجَزارۃ۔ ذبح کرنے کا پیشہ۔
الجَزیرۃ۔ ج جزائر و جُزُر و جُزُر: زمین کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف پانی ہو، دوآبہ کے ممالک جزیرۃ العرب: ملک عرب۔ (اور یہی الحقیقۃ جزیرہ نما ہے۔ الجزائر: شمالی افریقہ میں ایک ملک کا نام۔ الجزائر الخالدات: بحر محیط (اٹلانٹک) کے مغربی حصہ میں چھ جزیرے۔
المِجزر۔ مذبح۔ بوچڑخانہ۔ عوام اس کو مسلخ کہتے ہیں۔
جَزَعَ (ف) جَزْعًا۔ الوادی: پار کرنا۔ لہ من مالہ جزعۃ: ایک حصہ دینا۔
جَزِعَ (س) جَزَعًا و جُزُوعًا۔ منہ: بے صبری کرنا۔ علیہ: ڈرنا۔ صفت (جزعٌ و جازعٌ و جَزُوعٌ و جزاعٌ و جُزُوعٌ)
جَزَّعَہ۔ تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔
جَزَّعَ الشیٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الحوضُ: تھوڑے پانی والا ہونا۔
أجزعہ۔ گھبرا دینا۔ (أجزع منہ جزعۃ: ایک حصہ باقی چھوڑ دینا۔
انجزع و تجزّع۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا
اجتزعہ۔ کاٹنا۔ توڑنا۔
الجازِع۔ فا۔ ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کر کے اس پر کوئی چیز رکھیں۔ مونث جازعۃ۔
الجَزَع۔ مہ۔ مہرہ جس میں سفیدی سیاہی ہوتی ہے۔ واحد جَزَعۃ۔
الجِزع۔ لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ جِزعُ الوادی: وادی کا موڑ ج أجزاع۔
الجُزع والجَزع۔ ریت کا ڈھیر۔
الجِزعۃ والجُزعۃ۔ تھوڑی چیز۔ بقیہ ج جزع۔ الجُزعۃ: چھری کا دستہ۔
الجَزِیعۃ۔ بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ ج جزائع۔
المِجزاع۔ بہت بے صبر۔ ج مجازیع۔
المَجزَع والمُجزَع۔ من الرُّطب: نیم پکی کھجور۔ وہ چیز جس میں سفیدی و سیاہی ہو
حوض مجزّع: تھوڑے پانی والا حوض۔
جَزَفَ (ن) جَزْفًا و اجتزفہ۔ الشیٔ: اُکل سے بیچنا یا خریدنا۔ و (المجزاف) بتثلیث المیم و (الجُزاف) اُکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے۔ "بیع جُزاف و بیع جُزاف"
جَازَفَہ مُجازَفۃ۔ اُکل سے خرید و فروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے جَازَفَ فی کلامہ اس نے بے تکی باتیں کیں۔ جازف بنفسہ: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔
الجَزَفۃ۔ چوپایوں کا گلہ۔

الجزّاف - شکاری۔
الجزوف - من الحوامل: حد ولادت سے گزرنے والی۔
المِجزَفة - مچھلی کا جال۔
جَزَلَ (ک) جَزالَة - الشیٔ: بڑا ہونا۔ موٹا ہونا — المنطق: فصیح ہونا۔ صفت (جزل) ج جزّال و (جَزِیل) ج اَجزال وجزّال — الرجل: صائب الرائے ہونا۔
جَزَلَ (ض) جَزْلاً - الشیٔ: دو ٹکڑے کرنا۔ — القتبُ غاربَ البعیرِ: کاٹ دینا۔ زخمی کر دینا۔
اَجزَلَ - العطاءَ وفی العطاء ومن العطاء لفلان وعلیہ: بہت دینا۔
اِستَجزَلَہ - کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ اِستَجزَلَ رایَہ: کسی کو صائب الرائے پانا۔
الجَزل - مع۔ موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ
الجَزْل: خشک لکڑی۔
الجَزّال والجَزّال - کھجور کے پھل اتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "ہذا زمن الجزّال" یہ کھجور کے پھل اتارنے کا زمانہ ہے۔
الجَزّال والجَزِیل - بہت بڑی۔
الجَوزَل - کبوتر کا بچہ۔ ج جوازل۔
جَزَمَہ (ض) جَزْمًا - کاٹنا۔ جَزَمَ الحرفَ: ساکن کرنا — الفعلَ: جزم دینا یا حرفِ علت یا تثنیہ وجمع سے نون گرا دینا — الیمینَ: پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "حلف یمینا جَزْمًا" — الامرَ: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "امرتہ امرًا جَزْمًا" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ و "ہذا حکم جزمٌ" یہ لازمی و قطعی حکم ہے۔ جزم الی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ جزم علیہ الشیٔ: واجب کرنا — الرجلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ (— واجتزم) النخلۃ: پھلوں کا اندازہ کرنا۔ (— وجزم) عنہ: بزدل ہونا عاجز ہونا — علیہ: خاموش ہونا — القربۃ: بھرنا۔
تَجَزَّمَ - العودُ: پھٹنا۔
اِنجَزَمَ - العظمُ: ٹوٹنا — الحرفُ: ساکن ہونا۔
الجَزْم - مع۔ کہا جاتا ہے "قلم جَزْم" برابر قط والا۔ و "امر جَزْم" وقت سے پہلے آنیوالا معاملہ
الجِزْم - حصہ۔
الجازِم - فا۔ جزم کا عمل کرنیوالا۔ جیسے لَمْ۔ سِقاءٌ جازِم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازِم: سیراب اونٹ۔ ج جَوازِم۔
الجَزْمَة - دن رات میں ایک مرتبہ کھانا
الجِزْمَة - بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ سِقاءٌ او اِناءٌ (مجزم) بھری ہوئی مشک یا برتن
جَزَی (ض) جَزاءً - الرجلَ بکذا وعلی کذا: بدلہ دینا۔ جزی فلانًا حقہ: ادا کرنا۔ جزاہ الشیٔ: کافی ہونا (— واجزی) الامرُ منہ او عنہ: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو "ہو یجزی ہذا من او عن ذاک" یہ اس کے قائم مقام ہے۔
جَازاہ مُجازاۃً وجِزاءً - بدلہ دینا۔
تجازی تجازیًا - دینہ وبدینہ علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔
اِجتَزاہ - بدلہ مانگنا۔
الجِزاء والجَزاء والجازِیۃ والمُجازاۃ کسی چیز کا بدلہ۔ الجازیۃ کی جمع الجوازی۔ کہا جاتا ہے "جزتک الجوازی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔
الجِزیۃ - زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جزی وجزیٌ وجزاء۔
الاَجزَی - بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین اجزی من المہزول" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔
جَسَّ (ن) جَسًّا واجتَسَّہ - معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے چھونا — الارضَ: روندنا۔ — ہ بعینہ: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔
جَسَّ وتجسَّس واجتَسَّ - الاخبارَ او الامورَ: تفتیش کرنا۔
الجَسِیس ج اَجِسّۃ (الجاسوس) ج جواسیس (والجَسّاس) جاسوس۔ برائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔
جَواسّ - الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جاسّۃ)
المَجَسّ والمَجَسّۃ - چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المجس او المجسّۃ" فلاں تنگ دل ہے۔ المجسّۃ: نبض۔ کہا جاتا ہے "مجسّۃ حارۃ" اس کی نبض گرم ہے۔ ج مجاسّ و مجسّات
جَسَأَ (ف) جَسْأً وجُسُوءًا وجَسْأۃً - الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جاسئۃ وجَسْأاء)
الجَسْأ - سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔
الجَاسِئ - من النبات ونحوہ: خشک
جَسِدَ (س) جَسَدًا - الدمُ بہ: چپکنا۔ جسد وجاسد)
جَسَدَہ - زعفران سے رنگنا۔
تَجَسَّدَ - تنا در ہونا۔
الجَسَد - بدن انسانی۔ زعفران۔ خشک خون ج اَجساد۔ نسبت کے لئے (جَسَدی وجُسْدانی)
الجَسّاد - زعفران۔
الجُسّاد - پیٹ کا درد۔
الجَسِید - خشک خون۔
المِجسَد - کرتہ جو بدن سے متصل ہو۔ بنیان
جَسَرَ (ن) جَسارَۃً وجُسُورًا علی الامر: اقدام کرنا (— وتجاسر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔
جَسَرَ (ن) جَسْرًا - پل بنانا (واجتسر المفازۃ: عبور کرنا۔
جَسَّرَہ - بہادر بنانا۔
الجَسْر والجِسْر - پل۔ ج جُسُور واَجسُر۔
الجَسْر من الابل: بڑا اونٹ — من الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مونث جَسْرۃ۔
الجَاسِر - ج جُسّار وجَاسِرون و (الجُسُور)

ج جُسُر و جُسَر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مونث جاسِرۃ و جَسُورۃ۔ ج جَوَاسِر۔
الجَسَارَۃ۔ دلیری۔ بہادری۔
الجَسَّار۔ بہت دلیری کرنے والا۔
جَسَعَ (ف) جُسُوعًا۔ عن العطاء: باز رہنا رک جانا۔
الجَاسِع۔ من السفر: لمبا سفر۔
جَسُمَ (ک) جَسَامَۃً۔ تنا ور ہونا صفت (جُسَام و جَسِیم) ج جِسَام۔ مونث (جَسِیمَۃ و جُسَامَۃ)
جَسَّمَہٗ۔ تنا ور و موٹا کرنا۔
تَجَسَّمَ۔ تنا ور و موٹا ہونا۔ تَجَسَّمَ فی عینی کذا: خیال میں آنا ــــ الامر: کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا ــــ الرمل: ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کر لینا ــــ فلانًا من بین القوم: انتخاب کرنا ــــ الامر عن: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجسم فلانٌ من الکرم" فلاں بڑا فیاض ہے گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔
الجِسْم۔ بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض عمق ہو۔ ج اَجْسَام و اَجْسُم و جُسُوم۔ نسبت کے لئے۔ (جسمی و جسمانی)
الجُسْمَان۔ بدن۔
الجُسُم۔ بڑے بڑے امور۔
الاَجْسَم۔ تنا ور اور بڑا۔
المُجَسَّم۔ وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو عرض و عمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر وہ چیز جس میں طول عرض عمق ہو۔
جَسَأَ (ن) جَسْوًا و جُسُوًّا۔ بمعنی جَسَا۔
جَاسَاہُ مُجَاسَاۃً۔ دشمنی کرنا۔
جَشَّہٗ (ن) جَشًّا۔ کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ المکان: جھاڑو دینا۔ صاف کرنا ــــ ہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا ــــ دَمْعَہٗ: بہانا ــــ القومُ: کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔
اَجَشَّ۔ الشیٔ: کوٹنا۔ توڑنا۔ البُرّ: موٹا پیسنا۔ صفت مفعولی (مَجْشُوش و مَجْشُوش)
اَجَشَّ و اِجْتَشَّ۔ المکانُ: گنجان گھاس والی ہونا۔
الجَشّ۔ مم۔ مُوضِعٌ جَشٌّ: سخت پتھریلی جگہ
الجُشّ۔ پہاڑ۔ ج جِشَاش۔
الجَشَّۃ و الجُشَّۃ۔ لوگوں کا ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھدی آواز۔
الاَجَشّ۔ بھدی آواز والا آدمی۔ مونث جَشَّاء۔
المِجَشّ و المِجَشَّۃ۔ چکی۔
جَشَأَ نفسُہٗ۔ (ف) جُشُوءً او جُشَأً و جَشَأً۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا ــــ المکانُ: خوب پیداوار ہونا ــــ من المکان: نکلنا ــــ البحرُ: جوش میں آنا۔
جَشَأَ نَجْشَۃً و نَجَشَأً تَجَشُّؤًا۔ ڈکار لینا
اِجْتَشَأَ۔ البلادَ و اجْتَشَأَتْہُ البلادُ: موافق ہونا۔
الجُشَاء۔ ڈکار۔ واحد جُشَاءَۃ و جُشَاۃ۔
جَشَبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشْبًا و جَشُبَ (ک) جَشَابَۃً۔ الطعامُ: مُوٹا و بدمزہ ہونا۔ صفت (جَشِبٌ و جَشِیبٌ و مُجْشَابٌ و مُجْشُوبٌ) و جَشُبَ الرجلُ: بدغذا ہونا۔
المِجْشَب۔ موٹے جسم والا بہادر۔
جَشَرَ (ن) جَشْرًا و جُشُورًا۔ المواشی: چرانے کیلئے لیجانا۔ و جَشَرَ الاناءَ: خالی کرنا۔
جَشَرَ (ن) جُشُورًا۔ المصبحُ: پو پھٹنا ــــ الرجلُ: سفر کرنا۔
جَشِرَ (س) جَشَرًا و جُشِرَ۔ کھانسنا۔ آواز بیٹھنا۔ صفت (اَجْشَر) مونث جشراء۔ ج جُشْر۔
الجَشَر و الجُشَار۔ مویشی جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں رات گذاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔
الجُشَارِیّ۔ چرواہا۔
المِجْشَر۔ حوض۔ ج مجاشر۔
الجَشِیر۔ چمڑے کا تیر دان۔
الجُشَار۔ کھانسی۔
الجُشَرَۃ۔ سینہ کی سختی۔ خشک کھانسی۔
جَشِعَ (س) جَشَعًا و تَجَشَّعَ۔ بدترین قسم کا لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُون و جِشَاع علی وُجُشَاع، و جِشَاع۔
تَجَاشَعَا۔ المارّ: باہم تنگی کرنا اور پیاسا رہنا۔
جَشِمَ (س) جَشَمًا و جَشَامَۃً و تَجَشَّمَ الامر: مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَشِمْتُ الیک عرق القربۃ" تمہاری وجہ سے بڑی مصیبت جھیلی۔ و تَجَشَّمَ اہل "ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ و تَجَشَّمَ فلانًا من بین القوم" اس نے قوم سے فلاں کا انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔
جَشَّمَہٗ و اَجْشَمَہٗ الامر: کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا۔ "مہما تجشمنی فانی جارشم" جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔
الجَشَم و الجُشْم۔ بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا جاتا ہے "القی علی کَلْکَلِہٖ" اس نے میرے اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا ــــ من بعیر: سینہ۔
الجَشِیم و الجَشِیم۔ موٹا۔ بھاری۔
الجَوْشَن۔ سینہ۔ زرہ۔ جوشن اللیل: آدھی رات۔
جَصَّ (ض) جَصًّا و جَصِیصًا۔ سخت بندھ جانے کی وجہ سے کڑا ہونا۔
جَصَّصَ۔ البناءَ: گچ کرنا ــــ الجرحُ: آنکھیں کھولنا ــــ العنقودُ: پھوٹنا ــــ علی العدو حملہ کرنا۔
اِجْتَصَّ و تَجَاصَّ۔ القومُ: قریب قریب اکٹھا ہونا۔
الجِصّ و الجَصّ۔ گچ۔ چونہ۔
الجَصَّاص۔ گچ والا یا گچ بیچنے والا۔
الجَصَّاصَۃ۔ گچ بنانے کا کارخانہ۔
الجَصِیص۔ فریاد و نالہ۔
الجَصِیصَۃ۔ آواز۔ شور و غوغا۔ پاس پاس رہنے والا گروہ۔
جَصَّ (ن) جَصًّا۔ علیہ بالسیف: حملہ کرنا
جَعَبَہٗ (ض ع) جَعْبًا و جَعَّبَہٗ تَجْعِیبًا و

جَعْبَاہُ جَعْبَاۃً وَجِعْبَاءً - اُلٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔ جَعَبَ (الجَعْبَۃ) ترکش بنانا۔
تَجَعَّبَ وَانْجَعَبَ وَتَجَعْبَی - پچھڑ جانا
تَجَعْبَی الجیشُ: لشکر کے ساتھ جمع ہونا۔
الجَعْبَۃ - ترکش۔ ج جِعاب۔
الاَجْعَبُ - بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں مست ہو۔ مونث جَعْبَاء۔ ج جُعْب۔ الجَعْبَاءُ: دُبر۔
الجَعَّاب - ترکش بنانے والا۔
الجِعَابَۃ - ترکش بنانے کا پیشہ۔
الجُعْبُوب - پست قد بدشکل۔ ج جعابیب
الجِعْبِیّ والجِعْبَاۃ - حلقۂ دُبر۔
المِجْعَب - ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔
جَعْجَعَ - البعیر: بٹھانے یا اُٹھانے کے لئے حرکت دینا۔ بٹھانا ـــ البعیرُ: بیٹھنا ـــ بالعزیم: سختی سے مطالبہ کرنا ـــ فی المکان: غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔
تَجَعْجَعَ - درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔
الجَعْجَعَۃ - مم - اکٹھے ہونیوالے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اَسْمَعُ جَعْجَعَۃً وَلَا اَرَی طَحْنًا" چکی کی آواز سنتا ہوں اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اُس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔
الجَعْجَاع - تنگ اور سخت جگہ۔ معرکۂ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔
جَعُدَ (ک) جَعَادَۃً وَجُعُودَۃً - الشعرُ: گھنگریالے ہونا۔
جَعَّدَ - الشعرَ: گھنگریالے بنانا۔
تَجَعَّدَ - الشعرُ: گھنگریالے ہونا۔ وتَجَعَّدَ الشیءُ: سکڑنا۔
الجَعْدُ - من الشعر: گھنگریالا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ جَعْدُ الید" وہ بخیل ہے۔ وجَعْدُ القفا: جس کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعاد۔ تراب جَعْدٌ: نمناک مٹی۔ وَجہ جَعْدٌ: کم ملاحت والا گول چہرہ
زُبَدٌ جَعْدٌ: تہہ بر تہہ مکھن۔ (ابو جَعْدَہ وابو جَعَادَۃ ابو جُعَادَۃ) بھیڑیے کی کنیت۔
جَعَرَ (ن) جَعْرًا وانْجَعَرَ - السبعُ: پاخانہ کرنا۔
تَجَعَّرَ - کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسی باندھنا۔
الجَعْر - مم - درندے کا پاخانہ۔ ج جُعُور
الجِعَار - رسی جس کو کنوئیں میں اُترنے کے وقت کمر سے باندھ لیں اور اس کا دوسرا کنارہ کسی کھونٹے سے۔ تاکہ گرنے سے محفوظ رہیں۔
جانور کی رانوں کے داغ۔
جَعَارِ - بروزن قطام ودابو جَعَارِ وام جَعَارِ بجو۔
اَبُو جِعْرَان - گبریلا۔
اُمّ جِعْرَان - بڑا گدھ۔
الجَاعِرَتَان - دونوں ران کے وہ حصے جہاں پر دُم ہلانے میں پہونچتی ہے۔
الجَعْرَاء والمَجْعَر - دُبر۔
جَعَسَ (ن) جَعْسًا - الرجلُ: پاخانہ کرنا
تَجَعَّسَ - گھن کھانا۔ گھن بکنا۔
جَعِظَ (س) جَعْظًا - غضبناک و بدخلق ہونا۔ صفت جَعْظ وجَعِظ۔
جَعَظَہٗ (ن) جَعْظًا واَجْعَظَہٗ - دفع کرنا۔ ہٹانا
جَعَفَہٗ (ن) جَعْفًا واَجْعَفَہٗ - پچھاڑنا۔
جَعَفَ واجْتَعَفَ - الشجرۃ: جڑ سے اکھیڑنا۔
اِنْجَعَفَت - الشجرۃ: جڑ سے اکھڑ جانا۔
سیلٌ (جَاعِفٌ وجُعَّاف) تمام چیزوں کو بہالے جانے والا سیلاب۔
الجَعْف - مم - تھوڑی روزی جس سے کچھ بچ نہ سکے۔
الجَعْفَر - نالہ - ندی - بہت دودھ والی اونٹنی۔
جَعْفَلَ جَعْفَلَۃً - زین سے زمین پر گرا دینا۔
جَعَلَ (ف) جَعْلًا - بنانا۔ پیدا کرنا۔ جیسے "جعل اللہ الظلمات" رکھنا۔ تبدیل کرنا جیسے "جَعَلَ الحَسَنَ قبیحًا" گمان کرنا جیسے "جعل الحق باطلا" اس نے حق کو باطل گمان کیا۔ مقرر کرنا جیسے "جعلہ حاکمًا" اس نے اُسے حاکم مقرر کیا ـــ لہ کذا علی کذا: شرط باندھنا۔ شروع کرنا۔ جیسے "جعل یکتب" وہ لکھنے لگا۔ اور دینے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "اِجْعَلْ لِی لِسَانَ صِدْقٍ" مجھ کو نیک نامی دے۔
جَعِلَ (س) جَعَلًا - الماءُ: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہو جانا۔ الغلامُ: موٹائی کے ساتھ پست قد ہونا ـــ الرجلُ: جھگڑالو ہونا۔
جَاعَلَہٗ مُجَاعَلَۃً - رشوت دینا۔
اَجْعَلَ - لہ: مزدوری مقرر کرنا ـــ الماءُ: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہونا ـــ اُجْعُلَہٗ جُعْلًا: مزدوری دینا۔
تَجَاعَلُوا - الشیءَ: آپس میں کر لینا۔
اِجْتَعَلَہٗ - گھڑنا ـــ الشیءَ: بنانا۔ لینا۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ الشیءَ فَاجْتَعَلَہٗ" اس نے اسکو ایک چیز دی اور اس نے لے لی۔
الجُعَل - گبریلا کی ایک قسم۔ ج جِعْلان۔
الجُعَل: سیاہ فام بدصورت مرد۔ یا جھگڑالو۔
نگہبان۔ ماءٌ اجْعَل وجَعِل) وہ پانی جس میں کیڑے بہت ہوں۔
الجِعَال ج جُعُل و(الجُعْل) ج اَجْعَال و(الجُعَالَۃ) بتثلیث الجیم و(الجُعَیلَۃ) ج جَعَائِل: اُجرت۔ مزدوری۔ جنگ کرنے والے کا وظیفہ
الجِعَال: چولھے سے دیگ اُتارنے کا پیتھڑا۔ صانی۔
الجُعَّال - شتر مرغ کا بچہ۔
جَعَمَہٗ - (ف) جَعْمًا - جانور کے منہ پر توبڑا چڑھانا۔
جَعَمَ وجَعِمَ (س ن) جَعْمًا - کھانے کی خواہش نہ ہونا۔ کھانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَعِمَ الی اللحم" وہ گوشت کھانے کا بہت

خواہش مند ہے۔ جَعِمَ وتَجَعَّمَ فی الشیٔ: طمع کرنا۔ صفت۔ (جَعِمٌ وجَعِمٌ)
اَجْعَمَ۔ الشجر: درخت کے سارے پتے چر لینا
الشیٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجُعْم۔ بھوک۔
الجَعْجَعَۃ۔ بھوکا جو ہر چیز کو دیکھ کر کھانے کی خواہش کرے۔
المَجْعَم۔ جائے پناہ۔
الجُعْمُوس۔ گوبر۔
جَعَا (ن) جَعْوًا۔ البعیر ونحوہ: ڈھیر لگانا۔
الجِعَۃ۔ جو کی شراب۔
الجَعْو۔ مم۔ ہاتھوں سے جمع کیا ہوا ڈھیر کچرا۔ چوتڑ۔
الجُغْرَافِیَۃ۔ جغرافیہ۔
جَفَّ (ض) جَفَافًا وجُفُوفًا۔ خشک ہونا صفت (جَافّ وجَفِیف) کہا جاتا ہے "جَفَّ لبّہ" یعنی اس نے اقامت اختیار کرلی اور سفر کرنا چھوڑ دیا۔
جَفَّ (ن) جَفًّا۔ المالَ: جمع کرکے لیکے چل دینا۔
جَفَّفَ۔ تَجْفِیفًا وتَجَفَّافًا۔ خشک کرنا۔
جَفَّفَ الفرسَ: پاکھر پہنانا۔
تَجَفَّفَ۔ خشک ہونا۔
اِجْتَفَّ۔ مانی الاناء: برتن کا سب کچھ کھا جانا۔
الجَفّ والجَفَّۃ والجُفّ والجُفَّۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جاء القومُ جُفَّۃً" ساری قوم آئی۔ الجُفّ: کھوکھلی نالی والی چیز۔ بوڑھا۔ کہا جاتا ہے "ہو جُفّ مالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔ الجُفَّۃ: بڑا ڈول۔
الجَفَف۔ سخت وخشک زمین۔
الجَفِیف۔ خشک گھاس۔
الجُفَاف۔ سوکھی ہوئی چیز۔
التَجَفَّاف والتَجَفَّاف۔ بڑ کستوان۔ پاکھر ج۔ تجافیف۔
جَفَرَ (ن) جَفْرًا۔ النہرُ: جھاگ پھینکنا۔
۔۔۔ القدرُ: ابلنا۔۔۔ القدرَ: اونڈیل دینا۔
جَفَرَ الرجلَ وجَفَأَ بہ الارض: پٹک دینا۔
اَجْفَرَ۔ بہ: پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔۔۔
الناقۃ: چلا کر تھکا دینا۔۔۔ الباب: بند کردینا
اَجْفَرَت وتَجَفَّرَت۔ البلادُ:۔۔۔ بے برکت ہونا۔
اِجْتَفَرَ۔ الشیٔ: اکھیڑ کر پھینکنا۔
الجُفَاء۔ سیلاب کی خس وخاشاک۔ بیکار۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ جُفَاءً" "راکھاں گیا
جَفْجَفَ۔ الابلَ: تیزی سے ہانکنا کہ ایک دوسرے کے اوپر چڑھنے لگیں۔
تَجَفْجَفَ۔ الطائرُ: انڈے سینا۔
۔۔۔ الثوبُ: خشک ہونا اور کچھ نمی باقی رہجانا
الجَفْجَف۔ بلند زمین۔ پست زمین۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔
الجَفْجَفَۃ۔ نئے کپڑے کی آواز۔ جَفْجَفَۃ الموکب: سواروں یا پیادوں کے چلنے کی آواز
الجَفَاجِف۔ ہیئت ولباس۔
جَفَخَ (ن ض) جَفْخًا۔ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ صفت (جَفَّاخ)
جَافَخَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
جَفَرَ (ن) جَفْرًا وتَجْفِیرًا واسْتَجْفَرَ۔ ولدُ الشاۃ: بڑا ہونا اور بڑے پیٹ والا ہونا۔
۔۔۔ الشیٔ: کشادہ ہونا۔ جَفَرَ من المرض: صحتیاب ہونا۔ جفرہا کان فیہ: چھوڑنا۔ جفر صاحبَہٗ: قطع تعلق کرنا۔
الجَفْر۔ مم۔ کشادہ کنواں۔ ج جِفَاء۔ کہا جاتا ہے "فلان مُنْہَدِمُ الجَفْر" فلاں بے عقل ہے وفَعَلْتُ ذٰلک من جَفْرِہٖ وجَفْرِ کذا" میں نے اسکو اس کی وجہ سے کیا۔ علم الجفر: علم جفر ایک علم ہے جس میں اسرار حروف سے بحث کی جاتی ہے۔
الجُفْرَۃ۔ من الشیٔ: وسط۔ درمیان۔۔۔ من الارض: گول کشادہ زمین۔
الجَفِیر۔ لکڑی کا ترکش جس میں چمڑا نہ ہو یا چمڑے کا جس میں لکڑی نہ ہو۔
الجُفْرِی۔ شگوفہ خرما کا غلاف۔
المَجْفَرَۃ۔ بے تعلقی کا سبب۔
جَفِسَ (س) جَفَسًا وجَفَاسَۃً۔ بدہضمی ہونا۔
اَلجَفْس والجَحْفَس والجَحْفِیس۔ کمزور۔ لئیم۔ کمینہ۔
جَفَظَ (ن) جَفْظًا۔ الاناءَ: بھرنا۔
اِجْفَأَظَّ واجْفَأَظَّ اِجْفِئْظَاظًا۔ المقتولُ: پھول جانا۔ صفت (جَفِیظ)
المُجْفَئِظّ۔ قریب بہ ہلاکت۔
جَفَعَ (ن) جَفْعًا۔ پچھاڑنا۔
جَفَلَ (ن) جَفْلًا۔ الطائرُ: ہشکانا۔ کہا جاتا ہے "جَفَلَ القَنَاصُ الوحشَ عن مراعیہا" شکاری نے وحشی جانوروں کو ان کی چراگاہوں سے ہشکا دیا
۔۔۔ البحرُ السمکَ: کنارہ پر ڈال دینا۔ الریحُ: السحاب: اڑا لیجانا۔۔۔ وپچھاڑ دینا۔۔۔ الطینَ: ملبہ سے کھرچ لینا۔۔۔ المتاعَ: بعض کو بعض پر رکھنا۔۔۔ الفیلُ: لید کرنا۔
جَفَلَ (ن ض) جُفُولًا وجَفْلًا وأَجْفَلَ البعیرُ: بدکنا بھاگنا۔ صفت (جَافِل وجَفَال
۔۔۔ النعامۃُ: بھاگنا۔۔۔ الریحُ: تیز چلنا۔
(۔۔۔ وأَجْفَلَ وتَجَفَّلَ) القومُ: تیز بھاگنا۔
حَذَقَ (ض) حَذْق (س) حَذْقًا وحِذْقًا وحَذَاقًا وحِذَاقًا وحَذَاقَةً وحِذَاقَةً۔ ماہر ہونا۔ صفت (حَاذِق) ج حُذَّاق وحِذَاق ـــ الکتاب: پوری پڑھ لینا ـــ العمل: ماہر ہونا۔

حَذَقَ (ض) حُذُوْقًا۔ الخَلُّ: بہت کھٹا ہونا۔

حَذَقَ (ض) حَذْقًا۔ الشیٔ: کاٹنا۔ ـــ الخَلُّ فاہ: چرپراہٹ لگنا۔

حَذَّقَ۔ ماہر بنانا۔

تَحَذَّقَ۔ ماہر ہونا۔ وتَحَذَّقَ علیہ: مہارت ظاہر کرنا۔

اِنْحَذَقَ۔ کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقَتْ الحَبْلَ فَانْحَذَقَ" میں نے رسی کو کوٹا پس وہ کٹ گئی۔

الحِذْقَة۔ ٹکڑا۔ ج حِذَق وحُذَاق۔ (آخری جمع شاذ ہے۔)

الحَاذِق۔ فا۔ ج حُذَّاق وحِذَاق ـــ من الخیل۔ بہت تیز سرکہ۔

الحَذِیْق۔ کٹا ہوا۔

الاَحْذَاق۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے۔ جبل "اَحْذَاق" کٹی ہوئی رسی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوب "اَخْلَاق" میں)

الحِذَاق۔ بچے کا ختم قرآن ختم قرآن کی دعوت۔

الحُذَاقَة۔ تھوڑا کھانا۔

الحُذَاقِیّ۔ فصیح زبان والا۔ تیز چھری گدھے کا بچہ۔

حَذِلَتْ (س) حَذَلًا۔ العینُ: گری ہوئی پلکوں والی ہونا۔ صفت (حَذْلَاء)

اَحْذَلَ۔ العینَ: پلک گرا دینا۔

تَحَذَّلَ۔ علیہ: مہربان ہونا۔

الحَذَل (ـــ والحُذَال الحُذْل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔

الحُذَالَة۔ ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔

حَذْلَقَ وتَحَذْلَقَ۔ حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنَّہٗ یَتَحَذْلَقُ فِیْ کَلَامِہٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔

حُذْلِقَ۔ الشیٔ: تیز کیا جانا۔

رَجُل (حُذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا گپی۔

حَذْلَمَ۔ جلدی کرنا ـــ العودَ: چھیل کر تیز کرنا ـــ السقاءَ: بھرنا۔

تَحَذْلَمَ۔ جلدی کرنا۔ باادب ہونا۔

الحُذْلُوْم۔ ہلکا پھلکا جلد باز۔

حَذَمَ۔ (ف) حَذْمًا۔ کاٹنا۔ (ـــ حَذَمَانًا) فی مشیہ: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔

الحَذِم والحِذْیَم والمِحْذَم۔ من السیوف: شمشیر براں۔

الحَذَم۔ بازو کٹے ہوئے پرندہ کی اڑان

حَذَامِ۔ ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی

الحُذَام۔ سست کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَشْرٰی عَبْدُ اُحْذُمِ الْمَشْیِ" اس نے سست رفتار غلام خریدا

حَذَا (ن) حَذْوًا وحِذَاءً۔ النعلَ بنعلہٖ: پر کاٹنا۔ حَذَا النَّعْلَ بالنَّعْلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذَاہُ وحَذَا حَذْوَہٗ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا (حَذَاہُ وحَذَالَہٗ واحْتَذَاہُ) نَعْلًا: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشَّرَابُ لِسَانَہٗ: زبان کو چھیل دینا ـــ التُّرَابَ فی وجوہھم: خاک ڈالنا۔ ـــ زیدًا شیئًا: کسی کو کچھ دینا۔

حَذَاہُ وحَاذَاہُ مُحَاذَاۃً وحِذَاءً: مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔

تَحَاذَیَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَنُوْفُلَانٍ یَتَحَاذَوْنَ الْمَاءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔

اِحْتَذَی۔ جوتہ پہننا ـــ مثال فلان و علی مثالہ: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔

اِسْتَحْذَاہُ۔ جوتہ طلب کرنا۔

الحِذَاء والحِذَاءَة والحُذْوَة والحُذْوَة والحُذْوَة۔ مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ حِذَاءَ دَارِہٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے وجلس حِذَاءَہٗ وبِحِذَائِہٖ" وہ اس کے مقابل بیٹھا

الحِذْوَة والحُذْوَة۔ عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا

الحُذَاوَة۔ ہیئت۔

الحِذَاء۔ جوتہ۔ اونٹ یا گھوڑے کا سُم جس پر پڑے۔ ج اَحْذِیَة۔

الحُذَّاء۔ جوتہ بنانے والا۔ ج حُذَّاؤُوْن۔ کہا جاتا ہے۔ ھُوَ مُحَاذِیْکَ (مُحَاذَاکَ) وہ تمہارے مقابل ہے

حَذَی (ع) حَذْیًا۔ الخَلُّ لِسَانَہٗ: زبان کو چھیل دینا ـــ یَدَہٗ: کاٹنا ـــ ہ بلسانہٖ گالی دینا۔ عیب کرنا۔

اَحْذَاہُ اِحْذَاءً۔ مال غنیمت کا حصہ دینا

أَحْذَاهُ طَعْنَةً: نیزہ مارنا۔
الحُذْيَا والحُذَيَّا والحُذَايَةِ و الحُذَيَّةِ۔ مالِ غنیمت کا حصہ۔ والحُذَيَّا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحِذْيَةِ۔ ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحْذَاءِ۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنیوالا۔
حَرَسَ) حَرَارًا۔ العَبْدُ: آزاد ہونا د حُرِّيَّةٌ) شریف الاصل ہونا۔ (— حَرَّةً) پیاسا ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا وحَرَّةً وحُرُورًا وحَرَارَةً۔ گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا۔ النارَ: گرم کرنا
النارَ: ہموار کرنا۔
حَرَّرَ۔ العبدَ: آزاد کرنا — الولدَ او الشيءَ: خدا تعالیٰ کی عبادت کیلئے وقف کرنا
الكتابَ: خوبصورت و درست لکھنا
الوزنَ: غور کر کے ضبط کرنا — المعنى: حشو و زوائد سے پاک کرنا۔
أَحَرَّ۔ النهارُ: گرم ہونا — أَحَرَّ صَدْرَهُ: پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ۔ العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ۔ القتالُ: سخت جنگ ہونا۔
الحَرّ۔ گرمی۔ ج حُرُور و أَحْرَار (خلاف قیاس)
الحَرُور۔ گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارَة۔ گرمی۔
الحُرِّيَّة والحَرُورِيَّة والحَرُورِيَّة۔ (بضم الحا فیہما): آزادی۔
الحُرِّيَّة: خالص ہونا۔ حُرِّيَّة القوم: قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "ہو من حُرِّيَّة قومہ" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِير۔ ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا۔ (— والحَرُور۔ غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِيرَة۔ ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا دودھ روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرّ۔ آزاد۔ شریف — من کل شیء: عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فرسٌ حُرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "طينٌ حُرٌّ" بغیر ریت کی خالص مٹی۔
حُرُّ الدار: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارض: زمین کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوجه: رخسارہ۔ کہا جاتا ہے "نظر على حُرِّ وجهه" اس نے اس کے رخسارہ پر طمانچہ مارا۔ ج أَحْرار وحِرَار۔ أَحْرَارُ البُقول: وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرّ: کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ سانِ حُرّ: نرمی عَيْنٌ حُرّ: ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّة۔ حر کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرَائِر وحُرَّات۔ أَرْضٌ حُرَّةٌ: بغیر ریت والی زمین۔ رَمْلَةٌ حُرَّةٌ: ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَيْلَةُ الحُرَّة أو لَيْلَةُ الحُرَّة: ہر مہینے کی پہلی رات۔
الحَرَّة۔ سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات وحِرَار وأَحْرُون وحُرُون۔
الحِرَّة: پھنسی۔ دردناک عذاب۔ بہت تاریکی۔
الحِرّ۔ اندام نہانی۔ فرج۔
الحِرَّة۔ پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاهُ اللهُ بالحِرَّةِ تحت القِرَّةِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کردے۔
الحَارّ۔ گرم — من الاعمال: دشوار کام
الحَرَّان۔ بہت پیاسا۔ مونث حَرَّى۔ ج حِرَار وحَرَارَى۔
الحَرِيرِيّ۔ ریشم بنانیوالا۔ ریشم بیچنے والا مقامات مشہورہ کے مصنف کا لقب۔
المَحْرُور۔ وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہوگئی ہو
حَرَبَ (ن) حَرْبًا۔ الرجلَ: سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعولی (حَرِيب) ج حَرْبَى وحُرَبَاء (محروب)
حُرِبَ۔ الرجل مالَهُ: چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا۔ کتے کے کاٹے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا صفت (حَرِب) یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبَى وحَرِب الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور واحَرْبَاهُ کہنا
حَرَّبَهُ۔ غضبناک بنانا۔ حَرَّبَ لسانَهُ: تیز کرنا۔
حَارَبَهُ حِرَابًا ومُحَارَبَةً۔ لڑائی کرنا۔
أَحْرَبَ۔ الحَرْبَ: جنگ بھڑکانا فلانًا: دشمن کے مال کے لوٹنے کے لئے رہنمائی کرنا۔
— النحلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ واحْتَرَبَ۔ القومُ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبَى اِحْرِنْبَاءً۔ آمادۂ غضب ہونا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں اٹھانا — المكانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْب۔ لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعت بينهم حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی کلمہ مونث ہی کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔ اس کی تصغیر حُرَيْب۔ ج حُرُوب۔ رجل حَرْبٌ: بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "أنا حَرْبٌ لمن يُحَارِبُنِي" میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے
دَارُ الحَرْب: مشرکین کا ملک اور وہاں کے رہنے والوں کو (الحربیون) کہتے ہیں۔
الحَرْبَة۔ چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب۔ الحَرْبَة نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن ج حَرَبَات وحَرْبَات۔
الحَرَّاب۔ چھوٹے نیزے کو اٹھانیوالا چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَة۔ ہیئت جنگ۔
الحُرْبَة۔ گون یا بورے کی مانند ایک مستن چرواہے کا تھیلا۔
الحِرْبَاء والحِرْبَاءَة۔ گرگٹ۔ اسکو تون مزاج کے لئے بطور مثال کے بولا جاتا ہے ج حَرَابِي
الحِرْبَاء۔ زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت
الحَرَب۔ مص۔ ہلاکت و ویل۔
وَاحَرَبَاهُ۔ کلمہ ہے جو میت پر رونے کے موقعہ پر بولا

جاتا ہے اور افسوس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
المِحْرَب والمِحْراب۔ جنگجو۔ بہادر۔
المِحْراب: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کچھار
مِحْرَابُ المَسْجِد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحَارِیب۔ کہا جاتا ہے "اِنہ یکرہ المَحَارِیب" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
المُحَرَّب والمُتَحَرِّب۔ شیر۔
الحُرْبُث۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج حَرَابِث
الحُرْبُش والحِرْبِش۔ بڑا سانپ ازدہا
حَرْبَصَ۔ الارضَ: پانی دینا یا ہل چلا کر پانی دینا۔
حَرْبَظَ حَرْبَظَةً۔ القوسَ: سخت چلہ کھینچا
حَرَتَ (ن) حَرْتًا۔ الشیءَ: سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا۔ الرجلُ: بدخلق ہونا۔
الحَرْت۔ مع۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔
الحَرِیت۔ ایک قسم کی مچھلی
الحُرْتَة۔ رائی کی چرپراہٹ جس کا اثر ناک میں محسوس ہو۔
الحَرْتَة۔ بہت کھانے والا۔
الحَرَات۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحَرْتَك۔ دُبلے جسم والا۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا۔ الارضَ: ہل چلانا کھیتی کرنا۔ صفت (حَارِث) ج حُرَّاث۔ حَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا ـــ النارَ: کریدنا۔ ـــ الشیءَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا الامرَ: یاد کر کے بھڑک اٹھنا ـــ الخُبزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (واَحْرَثَ واحْتَرَثَ) الدَّابَّةَ: تھکانا۔ دُبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حَرِیثَة) ج حَرَائِث۔
اِحْتَرَثَ۔ الارضَ: کھیتی کرنا المالَ: کمائی کرنا۔
الحَرْث۔ مع۔ کھیتی۔
الحَارِث۔ فا۔ ج حُرَّاث۔ الحَارِث۔ و ابو الحارث: شیر کی کنیت۔
الحَرِیثَة۔ کمائی۔ ج حَرَائِث۔
الحِرَاثَة۔ کھیتی۔ کاشتکاری۔
المِحْرَث۔ ج مَحَارِث و (المِحْرَاث) ج مَحَارِیث: ہل۔ کرلینی۔
حَرِجَ (س) حَرَجًا۔ الشیءُ: تنگ ہونا ـــ الرجلُ: گنہگار ہونا ـــ العینُ: اندر دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا
علیہ الشیءَ: حرام ہونا۔ الیہ: پناہ لینا۔
ـــ الغبارُ: تنگ جگہ میں گھٹنا۔
حَرَجَ (ن) حَرْجًا۔ انیابَہ: غصہ سے دانت پیسنا۔
حَرَّجَہ۔ تنگ کرنا۔ حَرَّجَہ عَلَیہ۔ کسی سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
اَحْرَجَہ۔ گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔ تنگ جگہ کیلئے مجبور کرنا فلانًا الیہ: مضطر کرنا۔ اَحْرَجَ عَلَیہِ الامرَ: حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ۔ گناہ سے بچنا۔
الحَرَج۔ گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ مُردہ لیجانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لَاحَرَجَ عَلَیکَ" تمہارا کوئی قصور نہیں۔ یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں۔ وحَدِّث عَنِ البَحرِ ولَاحَرَج "سمندر کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔
الحِرْجَة۔ گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا حصہ۔ درندوں کے شکار کے لئے پھندا بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَحْرَاج وحِرَاج۔
الحَرِج۔ تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف کھائے۔
الحَرَجَة۔ درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا اونٹوں کا گلہ۔ ج حَرَج وحَرَجَات۔
الحُرْجَة۔ ڈولچی۔
الحَرِیجَة۔ تنگ۔
المُحْرَاج۔ من المیالی: بہت سرور رات
المُحْرِج۔ تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "حَلَفَ بالمَحَارِج" اس نے تنگی میں مبتلا کرنیوالی قسمیں کھائیں۔
الحَرْجَف۔ ٹھنڈی ہوا جو تیز چلے۔ ج حَرَاجِف۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَةً۔ لمبا ہونا۔ دائیں بائیں دوڑنا۔
الحَرْجَلَة۔ مع۔ لنگڑاپن۔ (ـــ والحُرْجُل) گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا حَرَاجِلَةً" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحُرَاجِل۔ لمبا۔
حَرْجَمَ۔ الابلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔
اِحْرَنْجَمَ۔ القومُ والابلُ: اکٹھا ہونا۔ عن الامر: ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔
الحِرْجِر۔ اندام نہانی۔
حَرِدَ (س) حَرَدًا و حُرُودًا۔ علیہ: غضبناک ہونا۔ صفت (حَارِد وحَرِد وحَرُدان) ـــ الوتر: کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرُد)
حَرَدَہ (ض) حَرْدًا۔ منع کرنا۔ ارادہ کرنا ـــ الخشبَ: سوراخ کرنا۔ (ـــ حُرُودًا) قوم سے علیحدہ و اکیلا ہونا۔ صفت (حَرُود وحَرِد) ج حُرُد و حُرَّاد۔
حَرَّدَ۔ جھونپڑی میں پناہ لینا ـــ الشَّعرَ: ایک بال کا تنہا اگنا ـــ ہ: روکنا۔ حَرَّدَ الحَبلَ بٹنے سے گول ہو جانا ـــ الشیءَ: ٹیڑھا کر دینا
اَحْرَدَہ۔ الگ کر دینا۔ اکیلا کر دینا۔
اَحْرَدَنِی المشیُ: تیز چلنا۔
تَحَرَّدَ۔ الادیمُ: بالوں سے پاک صاف ہونا۔
حَارِدَة۔ الناقةُ: کم دودھ والی ہونا

صفت (حَرُوْدٌ مُحَارِدٌ) — السنۃ: کم بارش والا ہونا۔ حَارَدَ الرَّجُلُ: دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا
اِنْحَرَدَ۔ اکیلا ہونا — النجم: ٹوٹنا۔
الحَرَدُ۔ مص۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔
الحَرُوْدُ۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الحَرِیْلُ۔ دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَدُ۔ اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن والا ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد۔
المِحْرَادُ۔ بے بارش کا سال جمع۔ مَحَارِد۔
الحَرْدَبَۃ۔ سبکی بے عقلی۔
الحِرْذَوْنُ۔ نرگوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
حَرَزَ (ن) حَرْزًا۔ المال: حفاظت کرنا اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ (س) حَرَزًا۔ پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ (ک) حَرَازَۃً وَحَرَازًا۔ المکان: مضبوط ہونا۔
حَرَّزَ۔ الشیٔ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔ (— وَاَحْرَزَ) المکان الرجل: جائے پناہ ہونا
اَحْرَزَ الشیٔ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا
تَحَرَّزَ وَاحْتَرَزَ۔ منہ: بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ۔ محفوظ جگہ میں آجانا۔
الحِرْزُ۔ مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ حَرِیْزٌ وَحَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَہٗ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف ہونے سے بچائے۔ فی اصطلاح المعوذین: تعویذ ج اَحْرَاز۔
الحَرَزُ۔ مص۔ پنجوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ ج اَحْرَاز۔

الحَرِیْزُ۔ جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَاَحْرِیْزَنَّ مِنْ بَیْعِیْ" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دیدی تو میں بیچ دوں گا۔
الحَرِیْزَۃ۔ من الابل: اونٹ جنکو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِز۔
حَرْزَمَۃ۔ اللہ: لعنت کرنا — الاناء: بھرنا
حَرَسَہٗ (ن ض) حَرْسًا۔ حفاظت کرنا۔
صفت (حَارِس) ج حُرَّاس وحَرَسَۃ وحُرُس و اَحْرَاس۔ حَارِسُ السَّمَاءِ و حَارِسُ السَّمَاکِ: دو ستاروں کے نام۔
حَرَسَ (ض) حَرْسًا وَاحْتَرَسَ۔ الشیٔ: رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ (س) حَرَسًا۔ زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔
اَحْرَسَ۔ بالمکان: حفاظت کیلئے قیام کرنا۔
تَحَرَّسَ وَاحْتَرَسَ۔ منہ: محفوظ رہنا۔ بچ کر رہنا۔
الحَرَسُ۔ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَیْہِ حَرَسٌ" اس پر ایک زمانہ گذر گیا۔ ج اَحْرَاس۔
الحَرَسُ۔ حفاظت کرنیوالے۔ وحَرَسُ المَلِکِ شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیّ)
الحَرَسَان۔ رات دن۔
الحِرَاسَۃ۔ حفاظت۔
الحَرِیْسَۃ۔ بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس۔
الاَحْرَسُ۔ پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گذر گیا ہو۔
الحِرْسَان۔ ٹڈی کی ایک قسم۔
الحَرْسَم۔ گوشہ۔
الحَرْسِم۔ زہر و موت۔
الحَرَاسِن۔ ایک قسم کی مچھلی۔
الحَرَاسِیْن۔ دبلے اونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔
حَرَشَ (ض) حَرْشًا وَتَحْرَاشًا۔ الضبَّ: شکار کرنا — البعیر: تیز چلنے کے لئے رسی سے پیٹھ کو رگڑنا — الرجل: خراش لگانا۔
حَرِشَ (س) حَرَشًا۔ سخت ہونا صفت (اَحْرَش) — الرجل: دھوکا دینا۔
حَرَّشَ۔ بین القوم وبین الکلاب السباع: ایک کو دوسرے کیخلاف برانگیختہ کرنا۔
تَحَرَّشَ۔ بہ: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضبَّ وبالضبِّ: شکار کرنا۔
اِحْتَرَشَ۔ الشیٔ: جمع کرنا — القوم: اکٹھا ہونا — الرجل: دھوکا دینا — احیاء: کمائی کرنا — الضبَّ: شکار کرنا۔
الحَرْش۔ مص۔ اثر۔ دھوکا۔ فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاش۔
الحَرِش۔ کھردرا۔ وہ شخص جسکو نیند نہ آئے
الحُرْشَۃ والحَرَش۔ کھردرا پن۔
الحَرِیش۔ کنسلائی۔ ج حُرُدُش۔ کنجوس
الحَرْنَش: ایک دریائی جانور۔ گنیڈا ایک قسم کا چتی دار سانپ۔
الحَرِنْشَۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَہٗ حَرْنَشَتِیْ" میں نے اس کیلئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔
الحَرَّاش۔ من الحیات: پرانا سیاہ سانپ
الاَحْرَش۔ کھردری گوہ۔ دینار احرش: نئے ہونیکی وجہ سے کھردرا دینار۔ ج حُرْش
الحَرْشَف۔ مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پر نئے ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ثَمَّۃَ غَیْرُ حَرْشَف رِجَال" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِف۔
الحُرْشُف۔ سخت زمین۔
حَرَصَ (ن) حَرْصًا۔ الجلدَ: چھیلنا۔ القصار الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا
حَرِصَ (ض) وحَرِصَ (س) حِرْصًا وَاحْتَرَصَ۔ علی الشیٔ: لالچ کرنا صفت (حَرِیص)

ج حُرَضاء و حِراض و حُرَّاض مونث حَرِیضَۃ۔ ج حِراض و حَرائِض۔

حُرِضَ - المرعیٰ: چر کے بالکل صاف کیا جانا۔

حَرَّضَہٗ - علی الشیٔ: لالچ دلانا۔

تَحَرَّضَ - بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار کرنا۔ اور اسی سے ہے "یتحرض غداہم وعشاہم" وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔

الحُرْض - مص - لالچ۔

الحُرْضَۃ والحَارِضَۃ والحَرِیضَۃ - زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحارضۃ و الحریضۃ: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔

حَرَضَ (ن ض) **حُرُوضًا و حَرَضَ** (س) **حَرَضًا و حَرِضَ** (ک) **حَرَاضَۃً** - مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت (حَرِضٌ و حَرَضٌ و حَارِضٌ و حَارِضَۃٌ) کہا جاتا ہے "ناقۃ حَرَضٌ" دبلی اونٹنی۔

حَرِضَ (ض) **حَرَضًا** - نفسہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

حَرَّضَہٗ - علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دُور کرنا۔

— الشیٔ: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

اَحْرَضَہٗ - گرانا — ہ الحزنُ او المرضُ: بدن کو گھلا دینا — ہ علی الشیٔ: برانگیختہ کرنا — الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

حَارَضَ - علی العمل: مداومت کرنا۔ فلانًا: تیر کی چھڑے ایک دوسرے کو مارنا۔

تَحَارَضُوْا - علی العمل: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

الحَرَض - مص - بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی **حَرَضُ الثوب**: کپڑے کا کنارہ۔ **الحرض**: قریب ہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جسکو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بُری گفتگو۔ ج اَحْراض و حَرَضان و حِرَضَۃ۔

اَحْتَرَفَ - پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا — لاہلہ: کمائی کرنا۔

الحَرْف - ج حِرَف: کنارہ۔ دھار۔ جانب "حَرْفُ الجبل" پہاڑ کا تیز مرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ من اَمْرِہٖ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔

الحَرْف: پانی پینے کی جگہ۔ **حرفُ السَّفِینۃ او النہر**: کشتی یا دریا کا کنارہ۔ **الحَرْف** ج حُرُوف **و اَحْرُف**: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حرف المبنیٰ" ہے — فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حرف المعنیٰ" ہے۔ کلمہ۔ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔

الحُرُف - رائ - واحد (حُرُفَۃ)

الحُرُف: محرومی - بدبختی۔

الحِرْفَۃ - پیشہ۔

حَرِیفٌ - الرجل: ہم پیشہ - ج حُرَفاء۔

الحُرْفَۃ - محرومی - کم نصیبی - بدبختی۔

الحَرَافَۃ - چرپراہٹ۔

الحَرِیف - چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ہذا بصل حریف" یہ تیز پیاز ہے۔

المُحْتَرِف - پیشہ ور۔

المِحْرَف والمِحْرَاف - زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

المُحْرَف - وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو

المُحَارَف - محروم - کم نصیب۔

الحَرَافِی - بہت سے اصیل اونٹ۔

الحَرْفَۃ - اصیل لاغر اونٹنی۔

اِحْرَنْفَرَ - اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْرَنْفَرُوا لِلرَّوَاح" جانے کیلئے اکٹھا ہوئے "اَبْیَاتٌ مُحْرَنْفِرَاتٌ" عمدہ اشعار۔

اِحْرَنْفَشَ - سوجنا۔ غصہ سے پھولنا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔

الحِرَنْفِش والحُرَافِش - اژدہا۔

حِرْفَۃ۔

الحُرْض والحُرُض - اُشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔

الحُرْضَۃ - جوئے بازوں کا امین - وہ شخص جو گوشت نہ خریدے نہ کھائے مگر اس صورت میں کہ مفت مل جائے۔

الحِرْضَۃ - گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے۔ ج حَرَضٌ۔

المِحْرَض - اشنان کا برتن۔

الحَرَّاض - چُونا یا چونہ بنانے کیلئے پتھر کو آگ میں جلانے والا۔

الحَرَّاضَۃ - اشنان کا بازار۔

المُحَرَّض - وہ شخص جس کو غم گھلا دے (— والحَرِیض) گرا ہوا شخص جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔

حَرَفَ (ض) **حَرْفًا** - الشیٔ عن وجہہ: پھیرنا۔ جھکانا — عن الشیٔ: مائل ہونا لعیالہ: اِدھر اُدھر سے کمائی کرنا۔

حَرِفَ - فی مالہ **حَرْفَۃً**: کچھ ضائع ہو جانا۔

حَرَّفَ - القولَ: قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا — القلمَ: ٹیڑھا قط لگانا۔ — الشیٔ: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔

حَارَفَہٗ - معاملہ کرنا اور اسی سے ہے۔ "فقد علموا انی الغزو کیف تُحَارِفُ" انھوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کیساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں — الرجلُ: شر یا خیر کا بدلہ دینا — الجرحَ: سلائی سے اندازہ کرنا۔

اَحْرَفَ - فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا

الناقۃ: لاغر کرنا — الرجلُ: خیر و شر کا بدلہ دینا۔

تَحَرَّفَ عنہ و انْحَرَفَ و احْرَوْرَفَ۔ ایک جانب کو جھکنا۔ **تَحَرَّفَ لِعِیالِہٖ**: ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔

تَحَرْنَصَ - سکڑنا۔ سمٹنا۔
الحِرْنِصَة - اصیل اونٹنی۔ ابل (حَرَنْفَص) بہت سے دُبلے اونٹ۔ اس کا واحد نہیں
حَرَقَ (ن) حَرْقًا - بالنار: جلانا۔ بالمبرد: ریتی سے رگڑنا — الشیٔ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔
حَرِقَ (ن ض) حَرَقًا وحَرِيقًا وحُرُوقًا - نابہ علیہ: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یحرق ویحرق علی الأرم" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدتِ غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔
حَرِقَ (س) حَرَقًا - شعرہُ: کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِقٌ) الشعرُ۔
حَرِقَ وحُرِقَ - پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔
حَرَّقَ وأحْرَقَ - بالنار: جلانا۔
حَرَّقَ المرعى الابلَ: پیاس لگانا۔
تحرَّقَ واحترَقَ - جلنا۔
حَارَقَ مُحَارَقَةً - المرأة: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔
الحَرَقُ والحُرْق - مص - جلن - الحُرْق: دھوبی کے پٹکنے سے کپڑے کی پھٹن۔ الحُرُوق کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔
الحَرِق - سخت چمک والا بادل - بال جو دراز نہ ہوں۔
الحُرْقَة والحَرْقَة - گرمی - کہا جاتا ہے "فی جوفہ حُرْقَة" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔
الحُرْقَة والحَارُوقَة والحُرَّاقَة - شمشیر بُرّاں۔
الحُرَاق والحِرَاق - ہر چیز کو بگاڑنے والا۔
الحُرَاق: بہت کھاری پانی - بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الحَرِيق - آگ کی بھڑک - آگ کا شعلہ جلا ہوا - سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حُرُق۔

الحُرَاق - بہت کھاری پانی۔
الحَرَّاقَة - کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے - ج حَرَّاقَات - عوام کے نزدیک حَرَّاقَة اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اُٹھ آئے۔
الحَرُوق والحَرُّوق - چقماق کا سوختہ۔
الحَرِيقَة - گرمی (— والحُرُوقَة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔
المِحْرَق - ریتی۔
المُحَرِّقَة - ذبیحہ جس کو اظہارِ عبودیت کیلئے جلا دیا کرتے تھے - ج مُحَرِّقَات۔
الحَارِق - درندہ کا دانت۔
الحَارِقَة - پیر کی رگ یا پٹھا۔
الحُرْقَان - چلنے میں رانوں کی رگڑ۔
عمامة (حُرْقَانِيَّة) خاکستری رنگ کا عمامہ
الحَرْقُوَة - حلق کے کوے کا اعلیٰ حصہ سُرین کے سرے کی ہڈی۔
الحِرْقِد - زبان کی جڑ - ج حَرَاقِد۔
الحَرْقَدَة - نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَصَ - فی المشی: تریب قریب قدم رکھنا — الکلامَ: جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص - پستو کی مانند ایک کیڑا۔ چابک کا سرا - ج حَرَاقِيص۔
الحَرْقَفَة - سُرین کی ہڈی کا سرا - ج حَرَاقِف وحَرَاقِيف۔
الحُرْقُوف - دُبلا جانور۔
الحَرْقَلَة - ایک قسم کی چال۔
الحَرَاقِص - سُرخ چمڑا - ایک قسم کا سُرخ رنگ جس سے چمڑے کو رنگتے ہیں۔
حَرَكَ (ن) حَرْكًا - حق ادا کرنے سے باز رہنا - حَرْكَ: دونوں کندھوں کے درمیان مارنا - حَرَكَ حَارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا — ہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔

حَرِكَ (س) حَرَكًا - کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا - نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيك) مؤنث حَرِيكَة۔
حَرُكَ (ک) حَرَكًا وحَرَكَةً - ہلنا۔
حَرَّكَهُ - ہلانا - کہا جاتا ہے "حَرَّكَ منی الأمرُ": مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِك - فا - دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔
الحَرَاك - حرکت۔
الحَرِك - سبک و تیز خاطر - کہا جاتا ہے "غلامٌ حَرِكٌ" سُبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك - حرکت دینے کا آلہ - کرلینی۔
المَحْرَك - گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْكَتَ حَرْكَتَةً - الریحُ الاشجارَ: ہلانا
الحَرْكَلَة - سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے - ج حَرَاكِل کنیک۔
الحُرْكُوك - کندھوں کے درمیان کا حصہ
حَرْكَلَ - الصائدُ: شکار سے محروم واپس آنا
الحَرْكَلَة - ایک قسم کی رفتار پیادے۔
حَرَمَهُ (ض) وحَرِمَهُ (س) حِرْمًا و حَرِيمًا وحِرْمَانًا وحَرِمًا وحِرْمَةً وحَرِيمَةً الشیٔ: منع کرنا - روکنا - محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا وحَرُمَ (ک) حُرْمًا حُرُمًا وحُرْمَةً وحُرْمَانَةً و حَرَامًا - علیہ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا - فی القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ - الشیٔ: حرام کرنا - حَرَّمَ الصلوٰة: نماز کا تحریمہ باندھنا۔ (— وأحْرَمَ) ماہِ حرام میں داخل ہونا - حَرَّمَ وأحْرَمَ فی القتال: غالب ہونا۔ وأحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔ أحْرَمَ الشیٔ: حرام کرنا - أحْرَمَ عن الشیٔ: رکنا۔ باز رہنا۔
تحرَّمَ - منہ بحُرْمَة: کسی کے ذمہ میں آکر

محفوظ ہونا۔ تحرّم بہ: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہوجانا۔ کہا جاتا ہے "تحرّمتُ بطعامک و مجالسک" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لئے جائز تھا وہ ممنوع ہوگیا۔

اِحترَمَ۔ ڈرنا۔ حرمت وعزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشیٔ: محروم ہونا۔ "لاتحترم فتحرم" میں دونوں معنی جمع ہوگئے ہیں۔ یعنی ڈرو مت ورنہ خیر سے محروم رہوگے۔

اِستحرَمَ۔ الشیٔ: حرام سمجھنا۔

الحِرم۔ مص۔ حرام۔ ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم۔ احرام کا زمانہ۔

الحُرُم۔ مص ج کا احرام۔

الحَرَم۔ مص۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جسکی طرف سے مدافعت کی جائے مقدس۔ ج اَحرام۔ الحَرَمُ الاقصیٰ: بیت المقدس

الحَرَمان۔ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ۔

الحِرمان۔ محرومی۔

الحُرمَة والحُرمَة۔ ذمہ ہیبت ہر وہ چیز جس کی ادائگی ضروری ہو۔ اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرمَةُ الرجل: بیوی ج حُرَم وحُرمات وحُرُمات۔

الحَرَمة۔ حفاظت۔

الحَرِیم۔ مص۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونیکی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حریم الرجل: جسکی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم واَحرُم واَحارِیم

الحُرُم۔ ایک شخص کی بیویاں۔ الاشہر الحرم اربعۃ: ذوالقعدہ وذوالحجہ ومحرم ورجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل وقتال کو حرام سمجھتے تھے۔

الحَرِیمَة۔ مص۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہوجائے

الحَرام۔ مص۔ ضد حلال۔ ج حُرُم۔ کہا جاتا ہے "حرامُ اللہ لا افعل ہذا" قسم کیلئے جیسے یمینُ اللہ لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرامٌ وقومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد کی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الشہرُ الحرامُ: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ معظمہ۔ المسجدُ الحرام: مسجد کعبہ۔

الحَرامی۔ حرام کا کرنے والا۔

مُحَرَّم۔ قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرّم: جس کے لئے ذبح ہو۔ جلد محرم: بے کمائی ہوئی کھال سوط محرّم: کوڑا جو زم نہ کیا گیا ہو۔ اعرابی مُحرِم: اجڈ دیہاتی۔

المَحرَم۔ حرام۔ ج مَحارِم۔ مَحارِم اللیل: رات کے خطرات۔

المُحرِم۔ احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انہ لمحرِمٌ عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔

المَحرُوم۔ خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کرسکتا ہو۔

المَحرَمة والمُحرُمة۔ ہر وہ چیز جسکی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج محارم۔

الحَرَمة۔ چھوٹا ٹیلا جس پر کچھ نہ اُگے۔

الحَیرَم۔ گائے۔ واحد (حَیرَمة)

الحَوزَم۔ بہت مال۔

حَرزَمَ۔ فی الامر: اصرار کرنا۔

الحِرزِمُ والحِرزَمُ۔ رنگ بو بدلا ہوا۔ اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔

حَرزَمَہٗ۔ لعنت کرنا۔

تَحَرزَمَ۔ ذکی ہونا۔

الحِرمَاس۔ چکنا۔ کہا جاتا ہے "بلدٌ حِرماس و ارضٌ حِرماس" یعنی سخت۔ "سنون حَرامِس" سخت قحط کے سال اس کا واحد حِرمِس ہے۔

الحَرمَل۔ کالا دانہ۔

حَرَنَ وحَرُنَ (ن ک) حُرُونًا وحُرانًا وحِرانًا۔ البغلُ: اُڑ جانا۔ صفت مذکر وتونث (حَرُون) ج حُرُن۔ وحَرِنَ فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُنَ (ک) حُرُونة: بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا۔ العسلُ فی الخلیۃ: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکالنے میں دشواری ہونا۔ وحَرِنَ القطن: دُھننا۔

المِحرَن۔ دُھننے کی کمان۔

المِحرَان۔ شہد۔ ج مَحارِین۔

المَحارِین۔ بنولے۔

الحَرا۔ گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نَزَلتُ بِحَراہُ" میں اس کے صحن میں اُترا۔ آواز۔ گرہ۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحراء۔ الحَرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "ہو الحَرا اَن یکون ذاک"

الحَرادَة۔ رائی وغیرہ کی تیزی۔

الحَرُوقة۔ گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ

حَرِیَ (رض) حَرًی۔ الشیٔ: گھٹنا کم ہونا

اَحرَیٰ۔ الشیٔ: گھٹانا۔ کم کرنا۔

تَحَرَّیٰ۔ قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا ـــــ الامر: قصد کرنا اور فضیلت دینا ـــــ بالمکان: ٹھہرنا۔

المَحرَی والمَحراۃ۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامر محرٍ اومحراۃ لذلک او بذلک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔

الحَرِیّ۔ ج حَرِیّون واَحریاء مونث حَرِیّۃ ج حَرِیّات وحَرایا۔ وذالحَری (ج اَحراء والحَریٰ) لائق۔ سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "انہ لحَرِیٌّ اوحَرٍ اوحَریٰ بکذا وان یفعل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنیکے لائق ہے (اَحَر کلمہ کے تثنیہ وجمع نہیں آتے)

الحَارِیَة۔ بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہوگیا ہو۔

الاحری۔ زیادہ لائق زیادہ مناسب زیادہ بہتر۔
حَزَّہٗ (ن) حَزًّا واحتَزَّہٗ۔ کاٹنا۔
حَزَّ العود: شگاف ڈالنا۔
تحزّز۔ شگاف پڑنا۔
حَزَّ واحَزَّ۔ علی کرم فلان: بڑھ جانا۔
حَزَّزَ۔ اسنانہ: کناروں کو تیز کرنا۔
حَازَّہٗ مُحَازَّۃً وحِزَازًا۔ پوری کوشش کرنا۔ اچھی طرح سے تلاش وجستجو کرنا۔
الحَزّ۔ مع۔ وقت۔ سخت گفتگو والا لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّۃ)
الحَزَّۃ۔ درد دل۔ وقت۔ کہا جاتا ہے۔ "اِتِیْ حَزَّۃَ اَتَیْتُنِیْ قَضَیْتُ حَاجَتَکَ" میں نے اُس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت۔
الحَزَاز والحَزَازَۃ۔ سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کے لئے قوبار ہے۔
الحَزَازَۃ: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزَازَات۔
الحَزَاز والحُزَاز۔ ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔
حَوَازّ۔ القلب: دل کو الم پہنچانے والے امور۔ واحد (حَازَّۃ)
الحَزِیز۔ سخت عمل کرنے والا۔ ج حُزُز و وحُزّان وحِزَان وحَزَزَۃ۔
الحَزَازِی۔ سخت عمل کرنے والا تیز ہانکنے والا۔
المَحَزّ۔ کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "قطع فاصاب المَحَزّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔
المِحَزّ۔ کاٹنے کا آلہ۔ ج محاز۔ سخت گفتگو والا
الحَزَنّ۔ سختی۔
الحَزَّۃ۔ نیفہ۔
حَزَأَ (ف) حَزْأً۔ الابل: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ — السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا — المرأۃ: جماع کرنا۔
اِحْزَوْزَأَ۔ الطائرُ۔ پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا — الابلُ: اکٹھا ہونا۔
حَزَبَہٗ (ن) حَزْبًا۔ الویلُ والغمُّ: پہنچنا لاحق ہونا۔ سخت ہونا۔ حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کر کے پڑھنا۔
حَزَّبَ۔ القومَ: پارٹی پارٹی کر کے جمع کرنا۔
حَازَبَہٗ۔ کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہونچانا۔
تحزّب۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔ پارٹی پارٹی ہونا
الحَازِب۔ ج حَوَازِب و (الحَزَبِیّ) ج حُزْب وحُزُبٌ: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نزلت بہ حَوَازِبُ الخُطُوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ و "ہٰذا امرٌ حَزَبِیٌّ" یہ دشوار امر ہے
الحِزْب۔ لوگوں کی جماعت ہتھیار۔ پارٹی۔ حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج اَحْزَاب۔ ہر وہ قوم جس کے خیالات وافکار ایک ہوں۔ اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔
الحَزَابِی والمحزابیۃ۔ من الرجال: گٹھے بدن والا۔ پست قد۔
الحَیْزَبُون والحَیْزَبُور۔ کھوسٹ بڑھیا۔
حَزَرَہٗ (ن ض) حَزْرًا وحَزَّرَہٗ۔ الشیٔ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَزَرْ قدرہٗ یوم کذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ (— وحَزُرَ (ک) حَزْرًا وحُزُوْرًا) النبیذُ او اللبنُ: کھٹا ہونا۔ صفت (حَازِر)
الحَزْرَۃ۔ ج حَزَرَات و (الحَزِیرَۃ) من کل شی: عمدہ حصہ۔
الحَازِر۔ جو کا آٹا جس میں بُو پیدا ہو گئی ہو۔
الحَازِرَۃ۔ حازر کا مونث مضبوط قوی اونٹنی
الحَزُور والحَزَوَّر۔ طاقتور لڑکا۔ ج حَزَاوِرَۃ کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔
الحَزْوَرَۃ۔ معمہ چیستاں پہیلی (عوام کالانعام ہے۔ فصیح لفظ "الاجیۃ" ہے۔

المَحْزُور۔ غضبناک۔
الحَزُورَۃ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حَزَاوِر وحَزَاوِرَۃ
الحَزْوَارَۃ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حَزَاوِیر۔
حَزِیرَان۔ ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ
حَزْفَرَ۔ القومُ للقوم: جنگ کیلئے آمادہ ہونا۔ حَزْفَرَ الاناءَ: بھرنا — المتاعَ: باندھنا
الحَزْفَرَۃ۔ پتھریلی ہموار زمین۔
حَزَقَ (ض) حَزْقًا۔ الوترَ والرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا — الشیٔ: دبا کر نچوڑنا
الحمارُ: گوز کرنا — بالحبل: رسی سے باندھنا
اَحْزَقَہٗ۔ منع کرنا۔ روکنا۔
تحزّق۔ سکڑنا۔
الحِزْق والحِزْقَۃ والحَازِقَۃ والحَزَازِقَۃ والحَزِیقَۃ۔ آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حَزِیقَۃ کی جمع حَزَائِق وحَزِیق وحُزُق۔ الحِزْقَۃ: ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحَازُوقَۃ۔ چکی۔ (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفواق ہے)
الحَزَق والحُزُق والحُزْقَۃ والحُزُقَّۃ والاُحْزُقَّۃ۔ پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم رکھ چلے۔ (— والمُتَحَزِّق) بدخلق۔ بخیل۔
المَحْزُوق۔ من ابریق ونحوہ: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حَزَکَہٗ (ض) حَزْکًا۔ لپیٹنا اور دبانا۔
ہ بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔
اِحْتَزَکَ۔ بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔
اِحْزَأَلَّ۔ الشیٔ: اکٹھا ہونا — القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا — الجبلُ: پہاڑ کا سراب کے بلند ہونا — البعیرُ فی السیر: چلنے میں بلند ہونا۔
الحَوْزَل والحَوْزَلَۃ۔ پست قد۔
حَزَمَہٗ (ض) حَزْمًا وحَزَمَہٗ۔ باندھنا
حَزِمَ (س) حَزَمًا۔ سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حَزُمَ (ک) حَزْمًا وحَزَامَۃً۔ ہشیاری اور

دُور اندیشی سے کام لینا۔ صفت (حازِم) ج حَزَمَۃ وحُزّم واحْزَام و (حَزِیم) ج حُزَماء۔ (اُحْزِم) الفرس: تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ وِاحْتَزَمَ - رسّی وغیرہ سے کمر کسنا کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ فی الاَمْر" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہشیاری سے کام لیا۔
اِحْزَوْزَمَ اِحْزِیزَامًا - الشیٔ: اکٹھا ہونا ـــ المکان: سخت و بلند ہونا۔
الحِزَام - ج حُزُم و (الحِزَامَۃ) ج حَزَائِم و (المِحْزَم والمِحْزَمَۃ) جانور کا تنگ - کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَ حِزَامَ الطَّرِیق" وہ وسطِ راستہ پر چلا۔
الحَزْم - مص - سخت و بلند زمین - ج حُزُوم
الحَزَم - کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا سینہ میں پھنسا لگنا۔
الحُزْمَۃ - لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزَامَۃ - پست قد۔
الحَزِیم - جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ کہا جاتا ہے "شَدَدْتُ لِہٰذَا الاَمْرِ حَزِیمِی" میں نے اس معاملہ کیلئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط - ج حُزُوم و اَحْزِمَۃ
الاَحْزَم - چوڑے سینہ والا - بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاَحْزَام - پاڑیاں۔
الحَیْزُوم - سینہ کا وسط - سخت و بلند زمین - ج حَیَازِم وحَیَازِیم "شَدُّ الحَیَازِیم" کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المِحْزَم - من الدابۃ: تنگ باندھنے کی جگہ
حَزَنَہٗ (ن) حُزْنًا - غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا - لہٗ وعلیہ: غمگین ہونا صفت (حَزِین) ج حُزَنَاء وحَزَانَی وحَزَانَی و (حَزِنٌ وحَزُونٌ وحُزُونٌ و مُحْزَنٌ ومَحْزَانٌ ومَحْزَانٌ)
حَزُنَ (ک) حَزُونَۃً - المکانُ: سخت ہونا
اَحْزَنَ - سخت زمین میں چلنا۔ (ـــ و حَزَّنَ) الرجل: غمگین بنانا۔ حَزَّنَ القَارِئُ: باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ وتَحَازَنَ واحْتَزَنَ - غمگین ہونا۔ تحزن علیہ ولامرہ: دردمند ہونا۔
الحُزْن والحَزَن - غم - ج اَحْزَان۔
الحَزْن - سخت و بلند زمین - ج حُزُون و حُزُون۔
الحَزْنَۃ - من الارض: سخت زمین۔
الحُزْنَۃ - سخت پہاڑ - ج حُزَن۔
الحُزَّان: سختیاں۔
الحُزَّانَۃ - اہل وعیال جن کی وجہ سے آدمی فکرمند رہتا ہے۔
الحُزُونَۃ - زمین کی سختی۔
الحَزَنْبَل - بیوقوف عورت - گٹھے بدن کی پست قد عورت - کھوسٹ بڑھیا - کڑوے مزہ کی ایک قسم کی نباتات۔
حَزَا (ن) حَزْوًا وحَزًی (ض) حَزْیًا و تَحَزَّی) الشیٔ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
الطیر: شگون معلوم کرنے کے لئے اڑانا
حَزَا (ن) وحَزَّی - السرابُ الشیٔ: نمایاں کردینا۔
اَحْزَی اِحْزَاءً - الشیٔ: بلند و نمایاں ہونا ـــ بالشی: جاننا۔
الحَازِی - فا - وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "عَلَی الحَازِی ہَبَطْتُ" یعنی میں دانا اور واقف کار کے پاس پہنچا۔
الحَزَی والحَزَاءَ - ایک قسم کی نباتات واحد حَزَاۃ وحَزَاءَۃ۔
الحَزَّاء - نجومی وستارہ شناس۔
حَسَّہٗ (ن) حَسًّا - قتل کرنا - جڑ سے اکھیڑنا
حَسَّ الدابۃ: کھرید کرنا البردُ الزرعَ: جلانا اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے لئے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا واَحَسَّ - الشیٔ و بالشیٔ: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ واَحَسَّ منہ خبرًا" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسِّ (س ض) حِسًّا وحِسَّا۔ بالخبر: یقین کرنا لفلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّسَہٗ - معلوم کرانا۔
تَحَسَّسَ - سننا - دیکھنا الخبرَ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا الشیٔ: حواس سے پہچاننا تَحَسَّسَ مِنْہُ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنْحَسَّتْ - اِنْسَانُ: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِحْتَسَّ - الشیٔ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الحِس - مص - حرکت - آہستہ آواز - کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَہٗ حِسًّا" میں نے اس کی آہستہ آواز نہیں سنی - آہٹ - بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد۔
حِسُّ الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحَسّ - مص - جیلۃ - شور۔
الحَسَّۃ والحِسَّۃ - حالت - کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ فِی حِسَّۃِ سَوْءٍ" وہ بُری حالت میں ہے۔
الحَاسَّۃ - الحاس کا مونث - معلوم کرنے کی قوت - ج حَوَاسّ الحَوَاسُّ الخَمْس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں (سُننا - دیکھنا - سونگھنا - چکھنا - چھونا) "حَوَاسُّ الاَرْضِ خَمْس" زمین کے لئے پانچ آفتیں - سردی - اولے - ہوا - ٹڈی مویشی - کہا جاتا ہے "مُرَّتْ بِالقَوْمِ حَوَاسُّ" لوگوں پر سخت سال گزرے۔
الحَسِیس - آہستہ آواز - حرکت - متحرک۔
حِسَاس - الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسِّیتِی - وہ چیز جس کا ادراک قوتِ حاسہ سے ہو - اور اس کا مبنیٔ عقلی ہے۔
الحُسَاس - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے - پتھر کے چھوٹے ٹکڑے - واحد (حُسَاسَۃ) بدھی - بدھلی۔
الحُسُوس - سخت قحط کا سال۔
حُسَاسَاتٌ - الحیا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔

المَحْسُوس۔ جس ظاہری سے معلوم کیا ہوا۔ بدبخت۔ اَرض مَحسُوسَۃ" ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین۔
المِحَسَّۃ۔ کھریرا۔
الحَاسُوس۔ جاسوس۔
حَسَبَہٗ (ن) حَسْبًا وحِسَابًا وحِسْبَانًا و حُسْبَانًا وحِسْبَۃً وحِسَابَۃً۔ شمار کرنا۔
حَسِبَہٗ (س ح) حِسَانًا و مَحْسَبَۃً و مَحْسِبَۃً۔ گمان کرنا۔
حَسُبَ (ک) حَسَبًا وحَسَابَۃً۔ شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیب) ج حُسَّاب۔
حَسَّبَہٗ۔ تکیہ دینا ــــ المیت: کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ (ــــ واَحْسَبَہٗ) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اُٹھے کہ بس۔ کہا جاتا ہے "اَعطٰی فَاَحْسَبَ" یعنی اُس نے دیا اور بہت دیا۔
حَاسَبَہٗ مُحَاسَبَۃً وحِسَابًا۔ حساب کی جانچ کرنا۔
تَحَسَّبَ۔ قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا ــــ الخبر: دریافت کرنا ــــ ہ پہچاننا۔ قصد کرنا۔
تَحَاسَبَا۔ ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔
اِحْتَسَبَ۔ الامر: گمان کرنا۔ شمار کرنا۔ ــــ ماعند فلان: آزمائش کرنا۔ اِحْتَسَبَ علیہ الامر: امر منکر سے منع کرنا ــــ بہ: قناعت کرنا ــــ عنہ: رک جانا باز رہنا۔ احتَسَبَ وَلَدًا لہٗ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مرجائے تو اس کے لئے افرطہ آتا ہے) ــــ عند اللہ خیرًا ثواب کی اُمید رکھنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یُحْتَسَبُ بہٖ "یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں و "فلانٌ استعطانی فَاحْتَسَبْتُہٗ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا۔ اور میں نے اس کو کافی دیا۔
الحَاسِب۔ فا۔ حساب داں۔ ج حَسَبَۃ
الحَسْبُ۔ مص۔ کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ حَسْبُکَ درہم" اور بار کی زیادتی سے "بِحَسْبِکَ درہم" بھی کہا جاتا ہے۔ یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے۔ وہذا رجل "حَسْبُکَ مِن رجلٍ" یہ مرد تمہارے لئے اس مرد سے کافی ہے۔ وزید صدیقی فَحَسْبُ او فَحَسْبِی "زید میرا دوست ہو اور میرے لئے کافی ہے۔
الحَسَبُ۔ حَسُبَ کا مصدر۔ عدد۔ اندازہ کہا جاتا ہے "ہٰذا بِحَسَبِ ذاک" یہ اسکے موافق ہے و "اِعْمَلْ عَلٰی حَسَبِ ما اَمَرتک" یعنی کرو اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ "وحَسَبَما ذُکِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا۔
خاندانی شرافت آباء واجداد کے مفاخر۔
المَحْسُوب: شمار کیا ہوا۔
الحِسَاب۔ مص۔ شمار۔ کافی۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاہُ عَطَاءً حِسَابًا" اس نے اسکو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی جماعت کہا جاتا ہے "اَتَانِی حِسَابٌ مِنَ النَّاسِ" جیسا کہ کہا جاتا ہے "جَاءَنِی عَدَدٌ مِنہُم" و "یَرْزُقُ اللہُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کمی و تنگی کے رزق دیتا ہے۔ حِسَابُ الجُمَّل: حروف ابجد کا حساب۔ یَومُ الحِسَاب: قیامت کا دن۔
الحِسَابِی۔ حساب داں۔
الحِسْبَۃ۔ مص میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا۔ ثواب۔ جزا۔ ج حِسَب۔
الحَسِیب۔ خاندانی شرف والا۔ حساب جانچ کرنیوالا۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللہِ حَسِیبًا"
الحُسْبَان۔ حساب۔ چھوٹے تیر۔ واحد (حُسْبَانَۃ)
الحُسْبَانَۃ۔ کڑک۔ بادل۔ اولے۔ چیونٹی (ــــ والمِحْسَبَۃ) چھوٹا تکیہ۔
مُحْتَسِبُ۔ البلد: شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لئے جو مقرر ہو۔
حَسْبَلَ۔ حسبی اللہ کہنا۔
حَسْحَسَ۔ لہٗ: درد مند ہونا ــــ اللحم: گوشت کو انگاروں پر ڈال کر الٹنا پلٹنا۔
تَحَسْحَسَ۔ لِلقِیَام: حرکت کرنا ــــ اوبارُ الابل: متفرق و پراگندہ ہونا۔ گر جانا۔
حَسَلَہٗ تُ (ن ض) حَسْلًا و حِسَالَۃً وحَسْلَۃً۔ فلانا نعمۃ وعلی نعمۃ: زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لئے حصول کی تمنا کرنا۔
صفت (حَاسِد) ج حُسَّاد وحَسَدَۃ وحُسَّد۔
اَحْسَدَ۔ حاسد پانا۔
تَحَاسَدَا۔ ایک دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرنا۔
الحَسُود۔ وہ شخص جو طبعًا حاسد ہو (مذکر و مونث) ج حُسُد۔
الحَسَّاد۔ بہت حسد کرنے والا۔
المَحْسَدَۃ۔ باعث حسد۔
الحَسْدَل۔ چیچڑی۔
حَسَرَ (ن ض) حُسُورًا۔ البصر: نگاہ کا تھک جانا ــــ الشیٔ: کھل جانا ــــ المائر: نیچے اُتر جانا (ــــ حَسَرًا) الرجل والدابۃ: تھکنا۔
حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا۔ الشیٔ: کھولنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَرَ کُمَّہٗ عن ذِرَاعِہٖ" یعنی اس نے آستین چڑھائی۔ و "حَسَرَتِ الجاریۃ خِمَارَہَا عن وجہِہَا" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرہ سے ہٹادی
صفت مونث (حَاسِر) ج حُسَّر و حَوَاسِر۔
الحُسَّی: میدان جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں۔ یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں ــــ الفصنَ: چھیلنا ــــ البیت: جھاڑو دینا ــــ الدابۃ: چلا کر تھکا دینا۔
حَسِیَ (س) حَسًا۔ تھکنا۔ (ــــ حَسْرًا و حَسْرَۃً) افسوس کرنا۔
حَسَّرَ۔ الطیر: پروں کا گرنا۔ حَسْرَۃ: افسوس کرانا۔ افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا حقارت کرنا۔
اَحْسَرَ۔ الدابۃ: چلا کر تھکانا۔
تَحَسَّرَ۔ علیہ: افسوس کرنا ــــ الشعر او الریش:

گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأةُ: برہنہ رُو ہو کر بیٹھنا۔
اِنْحَسَرَ۔ الشیٔ: کھلنا الطیرُ: پُرانے پر گر کر نئے نکلنا۔
اِسْتَحْسَرَ۔ تھکنا۔
اَلْحَاسِرُ۔ فا۔ بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔
اَلْحَسِیرُ۔ تھکانیوالا۔ افسوس کرنیوالا۔
اَلْحَسِیرُ۔ تھکا ہوا۔ مکرر۔ افسوس کرنیوالا تھکانے والا۔ ج حُسْرَیٰ۔
اَلْحَسْرَانُ۔ فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس وحسرت کرنے والا۔
اَلْحَاسِرُ۔ مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (حَسِیرٌ)
اَلْمَحْسِرُ وَالْمَحْسَرُ۔ چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ تَمِیمُ المَنْظَرِ وَکَرِیمُ المَحْسَرِ۔ فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم الطبیعت۔ ج مَحَاسِر۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَارِیَةُ المَحَاسِرِ" بغیر نباتات والی زمین۔
اَلْمِحْسَرَةُ۔ جھاڑو۔
اَلْمَحْسُورُ۔ البصر: تھکی ہوئی نگاہ والا۔
حَسَفَتْ (ض) حَسْفًا وَحَسِیفًا۔ الحَیَّةُ: پھنکارنا (حَسَفَ (ض) حَسْفًا) السحابُ: چلنا الغنمُ: ہانکنا التمرَ: صاف کرنا القرحةَ: چھیلنا۔
(حَسْفًا وَحُسَافًا) الزَّرْعَ: کاٹنا۔
حَسِفَ (س) حَسَفًا۔ لہ: کینہ رکھنا غضبناک ہونا۔
اَحْسَفُ۔ التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔
حَسَّفَ۔ التمرَ: ردی کھجوروں سے صاف کرنا
تَحَسَّفَ۔ الجلدُ: پھٹنا ادبارُ الابلِ: اونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔
اِنْحَسَفَ۔ الشیٔ نَدیٰ: ریزہ ریزہ ہونا۔

اَلْحُسَاف۔ کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔
اَلْحُسَافَة۔ ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے۔ فلان لا یعطی من البُرِّ الا نسافۃ و من التمر الا حُسافۃ" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔ حُسَافَةُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ (اَلْحُسَافَةُ وَالْحَسِیفَةُ۔ دشمنی غصہ کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَسِیفَةِ نَفْسِہٖ" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔
اَلْحَسْفَةُ۔ پتلا بادل۔
اَلْحِسْفِلُ وَالْحَسْفِلُ۔ ردی۔ چھوٹے لڑکے۔
اَلْحِسْفَلُ۔ کشادہ پیٹ والا۔
اَلْحِسْقِلُ۔ چھوٹے بچے۔
حَسِكَ (س) حَسَكًا۔ علیہ: غضبناک ہونا۔ صفت (حَسِکٌ) الدابةُ: چارہ کھانا۔ دانہ چبانا۔
اَحْسَكُ۔ الدابةَ: چارہ دینا
النباتُ: کانٹے دار ہونا۔
اَلْحَسَكُ۔ مص۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (حَسَكَةٌ)
اَلْحَسِیكَةُ۔ جانور کا دانہ۔ سیہی۔
(وَالْحَسَكَةُ وَالْحَسَاكَةُ) دشمنی۔ کینہ
اَلْحَسِیكُ۔ پست قد۔
حَسْكَلَ حَسْكَلَةً۔ چھوٹے دانتوں کو ذبح کرنا۔
اَلْحَسْكَلُ۔ ردی۔
اَلْحِسْكِلُ۔ چھوٹا بچہ۔ ج حَسَاكِلَة۔ وَحَسَاكِل چنگاری۔ جو گرم لوہا کوٹتے وقت اڑے۔
حَسَلَ (ن) حَسْلًا۔ الشیٔ: ذلیل کرنا
الدابةَ: تیز ہانکنا۔
حُسِلَ۔ بہ: ذلیل کیا جانا۔
حَسَّلَ۔ بنفسہٖ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔
تَحَسَّلَ وَاحْتَسَلَ۔ گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔

اَلْحِسْلُ۔ گوہ کا بچہ۔ ج حِسْلَة۔ وَاحْسَال و حُسُول وحِسْلَان۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِیکَ سِنَّ الحِسْلِ" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤنگا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا۔ اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدۃ بقاء سن الحسیل ہے۔ ابو حِسْل وابو حُسَیْل: گوہ۔
اَلْحُسَالَة۔ چاندی۔ چاندی کے ذرات جو وغیرہ کی بھوسی۔ (وَالْحُسَیْلَة۔ قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
اَلْحَسِیل۔ گائے کے بچے۔ واحد (حَسِیلَة) گھٹیا چیز۔ ج حُسُل۔
اَلْمَحْسُول۔ گھٹیا۔ ردی۔
حَسَمَهٗ (ض) حَسْمًا۔ جڑ سے کاٹنا حَسَمَ العِرْقَ: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا الدائَ: مرض کو دوا سے دور کرنا۔
حَسَمَ الشیٔ: روکنا۔ منع کرنا۔
اِنْحَسَمَ۔ جڑ سے کٹنا۔
اَلْاَحْسَم۔ باخبر فیصلہ کن مرد۔
اَلْحُسُوم۔ نامبارک۔ نحوس۔ کہا جاتا ہے "اَیَّامُ حُسُومٌ" (علی الوصف) اَیَّامُ حُسُومٍ" (علی الاضافۃ) یعنی نامبارک ونحوس دن۔
اَلْحُسَام۔ شمشیر برّاں۔ حُسَامُ السیف: تلوار کی دھار۔
اَلْمَحْسَمَة۔ کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَحْسَمَةٌ لِلدَّاءِ" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے
اَلْمَحْسُوم۔ دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔ وہ بچہ جس کو بڑی خوراک دی گئی ہو۔
اَلْحَیْسُمَان۔ گندمی رنگ کا موٹا مرد۔
حَسُنَ وَحَسَنَ (ک۔ ن) حُسْنًا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَنٌ ج حِسَان و حُسَان) ج حُسَانُون و (حَاسِن وحَسِین) مؤنث حَسَنَةٌ وحَسْنَاءُ ج حِسَان وحَسَنَات اور مبالغہ

کے لئے (حُسَّان) مؤنث حُسَّانۃ۔
حَسَّنَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
حَاسَنَہٗ مُحَاسَنَۃً۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُحَاسِنُ بِکَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔
اَحْسَنَ۔ نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
— الشَّیْءَ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا کہا جاتا ہے "فلان یُحْسِنُ القِرَاءَۃَ" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے — الیہ وبہ: نیک سلوک کرنا نیکی کرنا
تَحَسَّنَ۔ خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
بِکَذَا: آراستہ ہونا۔ مونڈنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فَتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَہٗ۔ اچھا جاننا۔
اَلْحُسْن۔ جمال و خوبصورتی۔ ج محاسن (خلاف قیاس) المَحَاسِن: بدن کے خوبصورت مواقع
حُسْنُ سَاعَۃٍ: ایک قسم کی نباتات ہے جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اسکی خوشنمائی تھوڑی دیر کیلئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ سِتُّ الحُسْن: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔ الحُسْن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
الحَسَن۔ مض۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔
بلند ٹیلہ۔ الحَسَنَان: سیدنا حضرت حسن و سیدنا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔
الحَسَنَۃ۔ نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنَات۔
الاَحْسَن۔ حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنَی اور کبھی شاذ طریقہ سے اسکی تصغیر اُحَیْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "مَا اُحَیْسِنَ زَیْدًا" — احَاسِنُ القَوْم: قوم کے خوبصورت لوگ۔
الحُسْنٰی۔ اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَیَات و حُسَن — الاسماء الحُسْنٰی: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

الحُسْنَیَان۔ فتحمندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "حُسِیْنَاہ وحُسِیْنَاہُ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کیلئے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنیکی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔
الحَسُّون۔ ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔
المُحْسِن۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
التَّحَاسِین۔ اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْدَعَ تَحَاسِینَ الطَّاوُوسِ وَتَزَایُنَہٗ" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادر اور عجیب ہے
المَحْسَنَۃ۔ سبب حُسن۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا طَعَامٌ مَحْسَنَۃٌ لِلْجِسْمِ" یہ خوراک جسم کیلئے باعث حُسن ہے۔
الحِسْنَۃ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔
حَسَا (ن) حَسْوًا وتَحَسَّی واحْتَسَی المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پینا — الطَّائِرُ المَاءَ: چونچ سے پانی پینا۔
حَسَّی واَحْسَی وحَاسَی۔ الرَّجُلَ المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پلانا۔
تَحَاسَیَا۔ ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
الحَسْو والحَسَاء والحَسْوَۃ۔ ہر رقیق چیز جو پی جاسکے اور اسی سے ہے "یَوْمٌ حُسْوَۃُ الطَّیْرِ" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الحَسُوّ: بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا
الحَسْوَۃ۔ حسا کا اسم مرۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات۔
الحُسْوَۃ۔ ایک مرتبہ گھونٹ لگانیکا اندازہ کہا جاتا ہے "فِی الاِنَاءِ حُسْوَۃ" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے ج اَحْسِیَۃ واَحْسُوَۃ و ج اَحَاسٍ۔
الحَسِیَّۃ۔ وہ چیز جو پی جاسکے۔
حَسِیَ (ض) حَسْیًا واحْتَسَی۔ نرم دلدلی زمین۔
المِحْسَاۃ۔ پانی کھینچنے کا بیل۔

حَشَّ (ن) حَشًّا۔ العُشْبَ: کاٹنا۔
النَّارَ: سلگانا اور کریدنا — الحَرْبَ: بھڑکانا
الفَرَسَ: گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَحُشُّکَ وتَرُوثُنِی" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے — المَالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا — الصَّیْدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیَدُ: شل ہونا — الوَلَدُ فِی بَطْنِ النَّاقَۃِ: پیٹ میں خشک ہونا۔
— الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔
اَحَشَّ۔ الکَلَأُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا — الاَرْضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔ اَحَشَّہٗ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا
اَحَشَّتِ النَّاقَۃُ اَوِ المَرْأَۃُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) اَحَشَّہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: جلدی کرانا۔
اِحْتَشَّ۔ الحَشِیْشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَحَشَّ۔ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا — الغُصْنُ: لمبی ہونا — الیَدُ: شل ہونا۔
— العَظْمُ: باریک ہونا۔
الحَشِیش۔ خشک گھاس۔ واحد (حَشِیشَۃ) الحَشِیشَۃ: بھنگ۔
الحُشَاشَۃ والحُشَاش۔ مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہو کہ تم ایسا کرو۔
الحَشّ والحُشّ والحِشّ۔ باغ کھجور کا جھنڈ۔ پائخانہ۔ ج حُشُوش وحُشُون۔
الحُشّ بالضم: ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔
الحِشّ بالکسر: کچھ۔ الحَشّ بالفتح: چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حِشَان۔
الحُشَّۃ۔ بڑا قبہ۔
الحِشَاش۔ گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کچرا۔ ج اَحِشَّۃ۔

الحَشَّاش - گھاس کاٹ جمع کرنیوالا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُون وحَشَّاشَة۔
الاُحْشُوش والمَحْشُوش - ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔
المَحَش والمَحْشَة - بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاش۔ المَحْشَة: دیر۔
المِحَشّ - گھاس کاٹنے کی درانتی۔
(- والمِحْشَة) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلنی
المَحِش: دلادر۔
حَشَأَ (ف) حَشْأً - النار: روشن کرنا — ہ بسہم: کسی کے جوف میں تیر مارنا — ہ بسوط: پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔ المرأة: جماع کرنا
المِحْشَأ - موٹا کمبل۔ ج مَحَاشِئ۔
اَحْشَبَه - غضبناک کرنا۔
اِحْشَبَبُوا - اکٹھا ہونا۔
الحَوْشَبَة - لوگوں کی جماعت۔
الحَوْشَب - خرگوش۔ بچھڑا۔ نرلومڑی۔ دبلا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)
حَشْحَشُوا وتَحَشْحَشُوا - اُٹھنے کیلئے حرکت کرنا۔ حَشْحَشَة النار: جلانا۔ تَحَشْحَش القومُ: متفرق ہونا۔
حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا - الشیءَ: جمع کرنا۔ (حُشُودًا) الزرعُ: پوری طرح اُگنا — الناقة: تھن میں دودھ جمع کرنا — القومُ پکار کا جلدی جواب دینا۔
حَشَّدَ - الشیءَ: جمع کرنا۔
اَحْشَدَ وتَحَشَّدَ وتَحَاشَدَ واحْتَشَدَ القومُ: ایک مقصد کیلئے جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَدَ لنا فی الضیافة" اس نے مہمانی میں دریادلی سے کام لیا۔ و"اِحْتَشَدَ لِفلان فی کذا" اس نے فلاں کیلئے تیار کیا۔
الحَشْد - مہ - (— والحُشَّد) جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندی حَشْدٌ من الناس" میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ ج حُشُود۔
الحَاشِد - فا - بغیر کوتاہی کے اونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔ بہت دانوں والا کھجور کا گچھا۔ مستعد وتیار۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَافِدٌ حَاشِدٌ" فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنیوالا ہے
الحَشِد - وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے ج حُشُد۔ عین حُشُد: چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔
الحَشُود - تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی۔
المَحْشُود - وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔
المَحَاشِد - محفلیں۔ مجلسیں۔
حَشَرَ (ن ض) حَشْرًا - الناسَ: جمع کرنا — ہ عن وطنه: جلاوطن کرنا۔ حَشْرُ الجمع: ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا — العودَ: چھیلنا اور باریک کرنا — السنةُ الشديدةُ المالَ: مال یعنی اونٹوں کو لاغر کردینا۔ اور ہلاک کردینا۔
حُشِرَ واُحْتُشِرَ - فی راسه: بڑی مُرّالا ہونا۔ علیٰ ہذا القیاس۔ حَشَرَ فی بَطْنه: بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کیساتھ مستعمل ہے
حُشِرَتِ الوُحُوشُ: مرنا وہلاک ہونا۔
الحَشْر - مہ — من الآذان: باریک کان کہا جاتا ہے۔ اُذُنٌ حَشْرٌ واُذُنَانِ حَشْرٌ واٰذَانٌ حُشْرٌ۔ ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔ اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الحشر من الاسنة: باریک نیزہ۔ ج حُشُر۔ یوم الحشر: قیامت کا دن
الحُشَارَة - معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الحُشَارَة" کی تصحیف ہے)
الحَاشِر - فا - ج حَاشِرُون وحُشَّار۔
الحَشَرَة - پھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ ج حَشَرٌ
الحَشَرَة - ج حَشَرَات: کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور۔
الحُشَر - بھوسی۔
الحَشُور - بڑے پیٹ والا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔ لطیف قد وقامت والا۔ کہا جاتا ہے "فرس حَشُور" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔
المَحْشَر والمَحْشِر - لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
حَشْرَجَ حَشْرَجَةً - جاں کندنی کے وقت گھنگرو کا بولنا۔
الحَشْرَج - آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔
حَشَطَ (ض) حَشْطًا - الاناءَ: ڈھکنا کھولنا — الجُلَّ عن الفرس: جھول اُتارنا — الجلدَ: کھال اُتارنا۔
حَشَفَ (ض) حَشْفًا - الضرعُ: دودھ خشک ہوجانا۔
اَحْشَفَت - النخلةُ: ردی کھجور والا ہونا — ضرعُ الناقة: سُکڑنا۔ سمٹنا۔
حَشِفَ - عینَه: آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔
تَحَشَّفَ - پرانا کپڑا پہننا۔
اِسْتَحْشَفَ - اُذُنُ الانسان: خشک ہوکر سمٹنا — ضرعُ الأنثی: سکڑنا۔ سمٹنا۔
الحَشَف - ردی کھجور "اَحْشَفُ وشُوَّرَكِيَّة" (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اُس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بُری عادتیں جمع ہوں۔ جیسے اردو میں "کربلا اور نیم چڑھا۔ خشک پستان۔
الحَشَفَة - ڈنٹھل جو کھجور کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔ خشک خمیر۔ کول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج حِشَاف۔
الحَشَفَة - عضو تناسل کی سپاری۔ بہت بڑھیا عورت۔
الحُشَافَة - تھوڑا پانی۔
الحَشِيف - پرانا کپڑا۔
حَشَكَ (ض) حَشْكًا وحُشُوكًا - الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا — السحابُ: بہت پانی والا ہونا — النخلةُ: بہت پھلدار ہونا۔ صفت (حَاشِك) — الوادی پانی کو باہر پھینکنا۔

— القومُ: جمع ہونا — الزرعُ: مختلف جہات سے چلنا — الناقۃُ لبنہا: تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حُشُوک) — الناقۃ: دودھ جمع ہونیکے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت مفعول (مَحْشُوکۃ)

حَشَکَتْ (س) حَشْکًا۔ الدابۃُ: جو وغیرہ چبانا۔ حَشَکَ اللبنُ فی الضرع: جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَکَ۔ الدابۃَ: جو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّکَ۔ الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشَکۃ۔ بارش کی بوچھار۔

الحَشْکۃ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا بِحَشْکَتِہِم۔ لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے

الحَشِیْکۃ۔ جانوروں کے کھانے کیلئے جو وغیرہ (الریاح الحواشک) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حَاشِکۃ)

الحُشَاکۃ والحُشَاک۔ لکڑی جو جانور کے بچے کے مُنہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔

حَشَلَ (ن) حَشْلًا۔ الشیءَ: حقیر وذلیل کرنا۔

الحَشْل۔ حقیر وذلیل چیز۔

حَشِمَہٗ (ن ض) حَشْمًا۔ ناپسندیدہ بات سنا کر غضبناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔

— الشیءَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا حَشَمَ الصَّیْدَ" اس نے شکار کو نہیں پایا۔ "وَمَا حَشَمَ مِن طَعَامِنَا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشِمَ (ض) حُشُوْمًا۔ تھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا منہ: منقبض ہونا۔

حَشِمَ (س) حَشَمًا۔ غضبناک ہونا

حَشَّمَہٗ: غضبناک کرنا۔

حَشَّمَہٗ وَاَحْشَمَہٗ۔ غضبناک کرنا شرمندہ کرنا۔ وحشّمہٗ: تکلیف پہونچانا۔

حَاشَمَہٗ: غضبناکی پر برانگیختہ کرنا۔

تَحَشَّمَ۔ من فلان: شرم کرنا۔ مذمت سے بچنا۔

اِحْشَمَّ۔ منہ وعنہ: غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔

حَشَمٌ۔ الرجل: نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں۔ یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل وعیال قرابت۔ ج اَحْشَام۔

الحَشْمَۃ۔ غضب۔

الحِشْمَۃ۔ شرم وحیا۔ انقباض۔ غصہ وغضب۔

الحُشْمَۃ۔ عورت۔ قرابت۔ ذمہ داری

الحَشِیْم۔ کامل حیادار۔ پڑوسی۔ مہمان ج حُشَّار۔

حَشِنَ (س) حَشَنًا۔ السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔

اَحْشَنَ۔ السقاءَ: بدبودار کرنا۔

حَاشَنَہٗ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَحَشَّنَ۔ میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔

الحَشَن۔ مص۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔

الحِشْنَۃ۔ کینہ۔

حَشَا (ن) حَشْوًا۔ الوِسَادَۃَ بِالقُطْنِ: تکیہ میں روئی بھرنا الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھیے لفظ الحشا)

الخَرُوس۔ زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔

الاَخْرَس - گونگا - ج خُرس وخَرسان و اَخارِس مؤنث خرساء - لبن اَخرس: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے "دلانی عُرضاً اَخرسَ اَمرس" یعنی اس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔

الخَرساء - مصیبت - بغیر گرج وچمک کے بادل - رجل (خِرس) رات کو نہ سونیوالا مرد۔

خَرشہ (ض) خَرشاً وخَرشہ وخَارشہ مُخارشۃً وخِراشاً واختَرشہ - خراش لگانا — ہ الذبابُ: کاٹنا - خَرشَ وخَرشَ الغصنَ: ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔

خارشُ الکلبُ: برانگیختہ کرنا - خَرشَ واختَرشَ بعیالہ: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔

اِختَرشَت الجِرارُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا خارشہ الشئَ واختَرشَ منہ الشئَ: زبردستی لے لینا۔

تَخارَشَت - الکلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔

الخَرش - مکھی - واحد (خَرشۃ) گھر کا ردی سامان - ج خُرُوش۔

الخُراشۃ - برادہ سر

الخِرشاء - سانپ کی کینچلی - انڈے کا چھلکا - غبار - خِرشاءُ العسَلِ: موم - شہد کہ جس میں مُردہ مکھیاں پڑی ہوں - ج خراشی

المِخرَش والمِخراش - مُڑے ہوئے سر کا ڈنڈا - عوام اس کو بَعکُورَۃ کہتے ہیں۔

خَرشَبَ - العملَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا

الخَرشَعَۃ - پہاڑ کی چھوٹی چوٹی - ج خَرشَع وخَراشِع۔

الخَرشَفَۃ - گفتگو کی گڑبڑی - حرکت - — (الخِرشاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔

الخُرشُوف - ایک قسم کی نباتات۔

الخَرشُوم - وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک - بڑا پہاڑ - ج خَراشِیم۔

خَرَصَ (ن ض) خَرصاً - جھوٹ بولنا - فی الامر: اٹکل سے کہنا - قیاس کرنا - اندازہ کرنا - کہا جاتا ہے "خَرَصَ النخلۃَ" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا۔

خَرِصَ (س) خَرَصاً - بھوک وسردی والا ہونا - صفت (خَرِص وخَارِص)

تَخَرَّصَ واختَرَصَ - تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا - توشہ دان میں رکھنا۔

الخَرْص - اندازہ - تم کہتے ہو "کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان - چھوٹا نیزہ - بھالا - ٹہنی - لونگری

الخِرْص والخُرْص - ج خِرصان وخُرصان سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ — ج خِراص و اَخراص: درخت خرما کی شاخ۔

الخُرْص والخُرُص والخُرَص - شہد نکالنے کی لکڑی - ج اَخراص۔

الخُرْصَۃ - حصہ - زچہ کا کھانا۔

الخَرِیص - ٹھنڈا پانی - درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی - نہر کی ایک جانب۔

الخَرّاص - جھوٹا۔

المِخرَص - نیزہ - ج مَخارِص۔

خَرَطَ (ن ض) خَرطاً - الورقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا — العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا — الشجرۃَ: کھینچ کر پتے جھاڑنا — العُودَ: خراد سے ہموار کرنا — الحدیدَ: عمود کی مانند لمبا کرنا — الجواہرَ: تھیلے میں جمع کرنا۔ — الناقۃَ: شکار پر چھوڑنا — الرجلَ: فی الامر: کسی کام میں لگانا — الرجلُ: جھوٹ بولنا — الدلوَ فی البئر: لٹکانا — الابلَ فی الرعی: چرنے کے لئے چھوڑنا — جاریتہ: جماع کرنا — بالسّتہ: گوز کرنا — عبدہ علی الناس: ایذا رسانی کیلئے مقرر کرنا۔

خَرطَۃ (ن) وخَرَّطَۃ - الدواءُ: اسہال لانا۔

خَرِطَت (س) خَرَطاً واَخرَطَت۔ الشاۃُ اوالناقۃُ: بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا — خرط بالطعام: پھندا لگنا۔

تَخَرَّطَ - فی الامور: دلیری وخود سری کرنا۔

اِنخَرَطَ - الجسمُ: لاغر ہونا - اِنخَرَطَت الخَرُوزۃ فی السِّلک: پرویا جانا - اِنخَرَطَ فی المکان: جلدی سے داخل ہونا — من: نکلنا — الصقرُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

بطنُ الانسان: پیٹ چلنا - کہا جاتا ہے۔ "اِنخَرَطَ عَلَینا بالقبیح" وہ ہمارے اوپر بُرائی گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔

اِختَرَطَ - السیفَ: سونتنا — العنقودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔

اِستَخرَطَ - فی البکاء: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔

الخَرّاط - خراد کا کام کرنیوالا - بڑا جھوٹا۔

الخَرَط - سارے جسم کی کمزوری - جانوروں کی ایک بیماری جو اُن کے تھن میں ہوتی ہے - اور اُس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔

الخَرُوط - مُنہ زور جانور - ج خُرُط - بے عقلی ونادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔

الخِراطۃ - خراد کے کام کا پیشہ۔

الخُراطۃ - برادہ۔

الخَرِیطۃ - تھیلا - مُلک کا نقشہ - اٹلس خَرِیطہ کو خارطہ بھی کہتے ہیں - اور عربی مُصوّر یا مُخطّط ہے۔

المُخرِط - وہ بکری یا اونٹنی جس کو خرط کی بیماری لاحق ہو - ج مَخارِیط۔

المِخرَطۃ - خراد کرنے کا اوزار - ج مَخارِط

المَخرُوط - مفع - کم داڑھی والا - لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو — عند اہل المساحۃ: گاؤدُم - گاجر کی شکل کا



مخروط

بئر مخروطۃ: تنگ منہ کا کنواں۔
الخِرْطِیط۔ منقش پروں والا پروانہ۔ ج خراطیط۔
الخِرْطَل۔ ایک قسم کا غلہ۔
الخُرْطُوم والخُرْطُمۃ۔ سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو نچلنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سرداران قوم۔
خَرْطَمَہ۔ سونڈ پر مارنا۔
اِخْرَنْطَمَ۔ ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
الخِرْطِمَان۔ لمبا۔
الخِرْطِمَانی۔ لمبی ناک والا۔
الخُرَاطِین۔ کینچوا۔
خَرَعَہ (ف) خَرْعًا۔ پھاڑنا۔
خَرِعَ (س) خَرَعًا۔ الشیءُ: ٹوٹنا۔
وانْخَرَعَ وتَخَرَّعَ) الرجلُ: سست ہونا ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔ انخرعت القناۃ: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خَرَعَ (ک) خَرَاعَۃً وخُرْعًا وخُرُوعًا ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَرِعٌ وخَرِیعٌ
خَرَّعَ۔ الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِخْتَرَعَ۔ الشیءَ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (اختراع) ہے۔
—— فلانا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
—— الدابۃَ: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الخَرَاعَۃ۔ مص۔ بیباکی۔
الخِرْوَع۔ ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹر آئل تیار ہوتا ہے —— ہر وہ پودہ جو نرمی سے دہرا ہو جائے۔ واحد خِرْوَعَۃ۔
الخُرَاع۔ اونٹنی کی دیوانگی۔ اونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الخُرُوع والخَرِیع والخِرْوَع۔ من النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت ج خَرَائِع وخُرُوع۔ عیشٌ خُرُوع۔ آسودہ زندگی۔ رجلٌ خَرِیعٌ: کمزور مرد۔ ناقۃٌ خَرِیعٌ وخُرُوعَۃٌ: اونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
الخَرْعَب والخُرْعُوب والخُرْعُوبۃ۔ کیسالہ درخت کی نرم و نازک شاخ۔ جوان خوبصورت نازک عورت یا سفید نازک اندام پُرگوشت عورت۔ الخَرْعَب: لمبا پُرگوشت مرد۔
الخُرْعُوب: لمبی۔ بڑی۔ زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ک) خَرَفًا۔ بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث خَرِفَۃ۔
خَرَفَ (ن) خَرْفًا وخِرَافًا وخَرَافًا و مَخْرَفًا۔ الثمرَ: چننا۔
خُرِفَتِ۔ الارضُ: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخْرُوفَۃ) —— البَهَائِمُ: موسم خریف کا آنا یا اُن کے چرنے کے لائق گھاس اُگانا۔
خَرَّفَہ۔ خَرَف (فساد عقل) کی نسبت کرنا
خَارَفَہ مُخَارَفَۃً وخِرَافًا۔ موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
اَخْرَفَہ۔ بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ اَخْرَفَتِ الشاۃُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ اَخْرَفَ الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا —— الثمرُ: پھل توڑنے کا وقت آ پہونچا۔
اِخْتَرَفَ۔ الثمرَ: چننا —— فی مکان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الخَرَاف والخِرَان۔ پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الخَرَافَۃ: بے عقل کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الخَرُوف۔ بکری کا بچہ۔ ج خِرَاف وأَخْرُفَۃ وخِرْفان۔
الخَرُوفَۃ۔ بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الخُرْفَۃ۔ چنا ہوا میوہ۔
الخَرِیف۔ موسم خریف گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش۔ اور نسبت کے لئے (خَرِیفِی وخَرَفِی و خَرَفِی۔ چنی ہوئی کھجور۔
الخَرِیفَۃ۔ درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الخُرَافَۃ۔ باطل بات۔ ج خُرَافَات۔ چنا ہوا پھل۔
المِخْرَف۔ چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
المَخْرَفَۃ۔ درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخَارِف۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخَارَف۔ من الرجال: محروم۔
خَرْفَجَۃ۔ بہت پسنا۔
الخُرْفِی والخُرَافِی والخِرَفِّی ہو الخِرْفِیجِی۔ فراخی زندگی۔ الخِرْفِیج: تر و تازہ ونرم۔
الخُرْفِی۔ موٹا۔
خَرْفَشَ۔ الشیءَ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خَرَقَ (ن ض) خَرْقًا۔ الثوبَ: پھاڑنا۔
—— فلانًا بالرمح: نیزہ مارنا —— الکذبَ: جھوٹ گھڑنا —— المفازۃَ: طے کر کے انتہا تک پہونچنا —— العادۃَ: عادت کے خلاف کرنا —— البناءَ وفی البناء: روشن دان کھولنا۔
—— الریحُ: تیز چلنا —— الرجلُ: جھوٹ بولنا
خَرَقَ (ن) خُرُوقًا۔ فی البیت: لگاتار قیام کرنا۔
خَرِقَ (س) خَرَقًا۔ خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق) —— فی البیت: لگاتار قیام کرنا —— الغزالُ اوالطائرُ: اُٹھنے یا اُڑنے سے عاجز ہونا۔
خَرِقَ (س) خَرَقَ (ک) خَرَاقَۃً۔ بیوقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (أَخْرَق) مؤنث خَرْقَاء۔

خَرَّقَ - پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرجلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
اَخْرَقَ - دہشت زدہ کرنا۔
تَخَرَّقَ واِنْخَرَقَ واِخْرَوْرَقَ - پھٹنا
تَخَرَّقَ الکذب: جھوٹ گھڑنا۔ تَخَرَّقَ فی الکرم: بیحد فیاضی کرنا۔ تَخَرَّقت واِنْخَرَقت الریح: تیز چلنا۔
اِخْتَرَقَ - الارضَ: زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا ـــــ القومَ: قوم کے درمیان سے چلنا ـــــ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔
الخَرْق - مص۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق۔
الخِرْق - ج اَخراق وخِرَاق وخُرُوق و (الخَرِیق) فیاض۔ سخی۔
الخُرْق والخَرَق والخُرْقَة - رائے کی کمزوری۔ نادانی و بیوقوفی۔ سختی۔ نومَةُ الخُرْق: چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومَة الخُرْق اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے غباوت بڑھتی ہے۔
الخِرْقَة - کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق۔ چیتھڑا۔ دھجی۔
الخَارِق - فا۔ وہ چیز جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خَوَارِق۔
الخَرِیق والخَرُوق - ٹھنڈی تیز ہوا۔
الخَرِیق: نرم ہوا۔ ج خُرُق: وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔
الخَرْقَاء - اَخْرَق کا مؤنث۔ کشادہ زمین تیز ہوا۔
المَخْرَق - بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخَارِق۔ مَخَارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے نتھنہ ناک وغیرہ پر ہوتا ہے
المَخْرَقَة - جھوٹ۔
المِخْرَاق - خوبصورت بدن والا۔ فیاض تجربہ کار۔ ج مَخَارِیق۔ المَخَارِیق: وہ کپڑا جس کو بچے کھیلا کرتے ہیں۔
المُنْخَرِق - تیز رفتار۔
المُخْتَرَق - گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرِّیاح: ہوا کے چلنے کی جگہ اور کہا گیا ہے "مکانٌ خادِیُ المُخْتَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔
الخُرَق - ایک چھوٹا سا پرندہ۔ ج خَرَارِق
خَرَمَهُ (ن) خَرْمًا۔ شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخزَمَةَ: توڑنا ـــــ ہ: ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا ـــــ الابرةَ: ناکہ توڑ دینا ـــــ عن الطریق: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْهُ الخَوَارِمُ" یعنی وہ مرگیا وما خَرَمْتُ منہ شیئًا: میں نے اس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔
خَرِمَ (س) خَرَمًا۔ نتھنوں کے بیچ کی چھدی ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرَم)
خَرُمَ (ک) خَرَامَةً۔ شوخ و بیباک ہونا۔ صفت (خَارِم وخَرِیم)
خَرَّمَ - الخَزَمَةَ: سوراخ کرنا۔
تَخَرَّمَ - ٹوٹنا۔
تَخَرَّمَهُ واِخْتَرَمَهُ - ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھڑنا۔ اِخْتَرَمَهُ المرضُ: لاغر کرنا۔ تَخَرَّمَتْهُ و اِخْتَرَمَتْهُ المَنِیَّةُ: اس کو موت نے لے لیا۔
اُخْتُرِمَ - عنّا: مرنا۔
اِنْخَرَمَ - انفُه: نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذٰلِکَ القَرْن" یہ زمانہ ختم ہوگیا۔
الخَرْم - مص۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم۔
الخُرْمَان - جھوٹ۔
الخَرْمَة - ناک میں چھدنے کی جگہ۔
الخَرْمَاء - چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء: بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔
الخَرْمَة - انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔
الاَخْرَم - مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔ الاَخْرَمان: اوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔
المَخْرِم - پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخَارِم۔ مَخَارِمُ اللیل: رات کے ابتدائی حصے
الخِرْمِس - اندھیری رات۔
خَرْمَشَ - الکتابَ: مٹانا۔ بگاڑنا۔
اِخْرَمَّصَ - خاموش ہونا۔
تَخَرْمَلَ - الثوبُ: پارہ پارہ ہونا۔
الخِرْمِل - بیوقوف عورت۔ جوان عورت بڑھیا۔ لوگوں کا گروہ۔
الخَرَامِل - پرانے کپڑے۔
الخِرْوَص - سؤر کا بچہ۔
خَرْنَفَهُ - بالسیف: تلوار سے مارنا۔
الخِرْنِف - روئی۔ بہت دودھ والی اونٹنی
الخُرَافِیف - لمبا۔
الخِرْنِق - جوان خرگوش۔ ج خَرَانِق۔
الخَوَرْنَق - بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ نعمان اکبر ابن امرأ القیس کے محل کا نام جو عراق میں تھا۔ ایک نباتات۔
خَزَرَ (ن) خَزًّا۔ الحائطَ: دیوار پر کانٹے رکھنا ـــــ خَزَرَ المَرَضُ یَخْزَرُ: کچھ کھٹا ہونا۔ صفت (خَازِر)
(ـــــ واِخْتَزَرَهُ) بالرمح: نیزہ مارنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَرَهُ واِخْتَزَرَهُ بِبَصَرِه: اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔
الخَزّ - ریشم۔ ریشم اور اون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوز۔
الخَزَر - زرگوش۔ ج خَزَرَان واَخْزَزَة۔
الخَزِیز - بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)
الخَزَّاز - ریشم فروش۔
المَخَزَّة - خرگوشوں کی جگہ۔
خَزَبَ (س) خَزَبًا وتَخَزَّبَ - الجلدُ: بغیر درد کے سُوجنا۔ صفت (خَزِب)

—— الشاۃ: سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (خزباء وخزبا)۔
الخَیزَب والخَیزَبان۔ نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَیزَبۃ وخَیزَبانۃ) کہتے ہیں۔
الخَیزَبان: شترمرغ کا نربچہ۔
الخُزَیبۃ۔ سونے کی کان۔
الخِزبَاز والخَازِبَاز۔ مبنی علی الکسرۃ: ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
خَزَرَ (ن) خَزرًا۔ کنکھیوں سے دیکھنا چالاک ہونا۔ صفت (خازر)
خَزِرَ ث (س) خَزَرًا۔ عینٌ: تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخزَر) مؤنث خَزراء ج خُزرٌ۔ خَزِرَ الرجلُ: بھاگنا۔
خَزَّرَ۔ الشیءَ: تنگ کرنا۔
تَخَازَرَ۔ نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو سمیٹنا۔
الخَزَر۔ آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ اور اسی سے ہے "بَحرُ الخَزَر" یعنی بحر کسپین۔
الخُزَیرَۃ والخُزَیرَۃ۔ پیٹ کا درد۔
الخُزَیرَۃ۔ بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔
الخَیزُران۔ بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔ واحد (خَیزُرانۃ) ج خَیازِر۔
الخَیزُور۔ نرکل۔
الخَوزَرِی والخَیزَرِی۔ ایک قسم کی چال ناز وانداز کے ساتھ۔
خَزرَبَ وخَزبَرَ۔ بیہودہ بکنا۔
الخَزبَر۔ ٹھنڈی ہوا۔ جنوبی ہوا۔ شیر
خَزرَفَ۔ فی مشیتہ: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
الخَزرَفَۃ۔ مکڑی۔
الخُزرَانِق۔ کپڑا یا سفید کپڑے۔
خَزَعَ (ف) خَزعًا وتَخزِیعًا۔ الشیءَ: کاٹنا
—— عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خزع منہ شیئًا: لینا۔ تَخَازَعُوا الشیءَ: باہم تقسیم کرنا۔
خَزَّعَ۔ الشیءَ: کاٹنا —— الشیءَ بینہم: تقسیم کرنا۔
اِنخَزَعَ۔ الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔
—— الرجلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔
اِختَزَعَہٗ۔ لینا —— ہ عن القوم: جُدا کرلینا۔
الخُزَاع۔ موت۔
الخَزعَۃ۔ ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔
الخِزعَۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الخُزَاعَۃ۔ ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے
الخَوزَعَۃ۔ بڑھیا۔
الخَوزَعَۃ۔ ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جُدا ہو۔
الخَزُوع۔ وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اُڑالے۔
الخَزعَبَل والخُزَعبِل والخُزَعبِیل۔ خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔
الخُزَعبَلَۃ۔ خوش طبعی ومذاق۔
خَزعَلَ۔ فی مشیتہ: لنگڑانا —— الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔
الخَزعَل۔ بجو۔
الخُزعَالَۃ۔ خوش طبعی وکھیل کود۔
خَزَفَ (ض) خَزفًا۔ فی مشیتہ: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا —— الثوبَ: پھاڑنا —— الشیءَ: چیرنا۔
الخَزَف۔ واحد (خزفۃ) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔
الخَزَّاف والخَزَفِی۔ مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔
خَزَقَہٗ (ض) خَزقًا۔ آہستہ نیزہ مارنا۔
خَزَقَہٗ بالسہم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا —— الشیءَ فی الارض: گاڑنا۔
تَخَزَّقَ وانخَزَقَ۔ چھدنا۔
اِختَزَقَ۔ السیفُ: نسلی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔
الخَازُق۔ فا۔ نیزے کا پھل۔
الخَازُوق۔ نیزے کا ایک لمبا ٹکڑا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور اس پر مرجایا کرتا تھا۔ ج خَوازِیق۔ مولدین نے اسی سے فعل "خَوزَقَ" بنایا ہے۔
المِخزَقَۃ۔ چھوٹا نیزہ۔
الخَیزَقَۃ۔ ایک ترکاری کا نام۔
خَزَكَ (س) خَزكًا۔ اصرار کرنا۔
خَزِلَ (س) خَزَلًا۔ شکستہ پشت ہونا۔ صفت (اَخزَل وخَزلَاء)
خَزَلَ (ض) خَزلًا۔ الشیءَ: کاٹنا۔
—— ہ عن حاجتہ: روکنا۔
تَخَزَّلَ۔ کٹنا۔ بوجھل چلنا —— السحابُ: اِنخَزَلَ۔ گرانباری سے چلنا —— فی کلامہ: رک جانا —— عن الجواب: لاپروائی کرنا۔
—— عن المکان: علیحدہ ہونا۔
اِختَزَلَ۔ الشیءَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔
—— ہ: عیب لگانا —— برایہ: علیحدہ رائے رکھنا —— ہ: عن قومہ: علیحدہ کرنا —— الوَدِیعۃَ: واپسی سے روک کر خیانت کرنا۔
الخُزَالَۃ۔ شکستگی پشت۔
الخُزَالَۃ۔ مراد سے روکنے والا۔
الخَوزَلَی والخَیزَلَی۔ ایک قسم کی چال جس میں ناز وانداز ہو۔
خَزَمَ (ض) خَزمًا۔ اللآلی: پرونا۔
—— وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "صَکَّ فی اَنفِہِ الخِزَامَۃ" فلان کی ناک میں نکیل ڈال دی یعنی تابع ومسخر کرلیا۔

خَازَمَہٗ مُخَازَمَۃً - الطریق: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔
تَخَزَّمَ - الشوکُ فی رجلہ: چبھنا۔
تَخَازَمَ - الجیشانِ: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الخُزَامَی - ایک درخت جس کی چھال سے رسی بناتے ہیں۔
الخُزَامَی والخَزَام - ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔
الخِزَامَۃ - باریک چمڑا جس سے دو دستوں کو باندھا جائے۔ ج خَزَائِم۔
الخَزُوْمَۃ - گائے - یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔
الاَخْزَم - نرسانپ۔
المَخْزَم - پہاڑی راستہ - ج مَخَازِم۔ شراک (مَخْزُوْم) کٹا ہوا تسمہ۔
خَزَنَ (س) خَزْنًا واِخْتَزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا — السِّرَّ: چھپانا اللسانَ: زبان روکنا۔ اِخْتَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔
خَزَنَ (ن) خَزْنًا وخُزُوْنًا وخَزَنَ (س) خَزْنًا وخَزْنًا (ک) خَزَانَۃً۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِیْنٌ)
اَخْزَنَ - محتاجی کے بعد مال دار ہوا۔
اِسْتَخْزَنَ - المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔ اِسْتَخْزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔
الخِزَانَۃ والخِزِیْنَۃ - ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن۔ الخِزَانَۃ: خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن - فا۔ ذخیرہ کرنے والا۔ خازنُ الأمیرِ: خزانچی۔ ج خَزَنَۃ وخُزَّان۔ الخازن: زبان۔
الخَزِنَۃ والخَزِیْنَۃ - خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان - زبان۔
المَخْزَن - ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن
مَخَازِنُ الطریقِ - مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔
خَزَاہ (ن) خَزْوًا - غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہشِ نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔
خَزَّ الدابَّۃَ: سدھانا۔
خَزِیَ (س) خِزْیًا وخَزًی۔ ذلیل ہونا مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَزِیَۃٌ وخَزِیَۃٌ مرۃً خَزَایَۃً وخَزًی: شرم کرنا۔ صفت (خَزْیَان) مؤنث خَزْیَۃ وخَزْیَانَۃ (خَزْیَان) مؤنث خَزْیَاء ج خُزَایَا۔
خَزَیَ (ض) خَزْیًا۔ ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔
خَازَاہُ مُخَازَاۃً - شرمندگی میں ڈالنا۔
اَخْزَاہ اِخْزَاءً - شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "اَخْزَاہُ اللّٰہُ مَا اَشْعَرَہ" جیسے کہ کہتے ہیں "قَاتَلَہُ اللّٰہُ مَا اَشْجَعَہٗ" ان جیسی دعاؤں میں معنی کا اعتبار نہیں ہوتا۔
اِسْتَخْزَی - شرم محسوس کرنا۔
اَلْخِزْیُ - ذلت - رسوائی - عذاب - دوری
اَلْخِزْیَۃُ والخَزْیَۃ - بلاء مصیبت - ذلیل کن عادت۔
المَخْزَاۃ - باعثِ رسوائی و شرمندگی۔
خَسَّ (س) خَسَاسَۃً وخُسُوْسَۃً وخِسَّۃً - رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِیْس) ج خِسَاس واَخِسَّۃ۔
خَسَّ (ن) خَسًّا وخَسَّسَ۔ نَصِیْبَہٗ: حصہ کم کرنا۔
اَخَسَّ - گھٹیا کام کرنا — ہ: رذیل پانا حقارت کرنا۔ اَخَسَّ حَظَّہٗ: حصہ کم کرنا۔
تَخَاسَّوْا - الشیءَ: کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔
اِسْتَخَسَّہٗ - رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
اَلْخَسَّ - خس۔ خَسُّ الحمارِ وخَسُّ البقرِ: دو جنگلی گھاس کے نام۔
اَلْخَسَّاس - ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دیں لیں۔
الخُسَاسَۃ - تھوڑا مال۔
الخَسِیْسَۃ - الخَسِیْس کا مؤنث - ج خَسَائِس وخَسَائِسُ الاُمُوْر: حقیر باتیں - شیءٌ (خُسَاسٌ وخُسُوْس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخُسَّان - ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔
خَسَأَ (ر) خَسْأً - الکلبَ: دھتکارنا (— خَسْأً وخُسُوْءًا) البصرُ: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (— وخَسِیَ (س) خَسًا واِنْخَسَأَ) الکلبُ: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔
خَاسَأَ مُخَاسَأَۃً وتَخَاسَأَ وتَخَاسَؤُوْا) القومُ: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخَسِیْئ - گھٹیا اون وغیرہ۔
الخَاسِئ - فا — مِنَ الخَوَازِیر والکِلَاب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخَسِیْج - خیمہ - اون کا بنا ہوا کمبل۔
خَسِرَ (س) خَسَرًا وخُسْرًا وخُسْرَانًا وخَسَارًا وخَسَارَۃً وخُسْرَانًا - نقصان اٹھانا - گمراہ ہونا - ہلاک ہونا۔ صفت (خَاسِر وخَسِیْر وخَسْرَی)
خَسَرَ (ض) خَسْرًا وخُسْرَانًا۔ المِیْزَانَ: کم کرنا - گھٹانا — المالَ: ضائع کرنا
خَسَّرَہٗ واَخْسَرَہٗ - نقصان کرانا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ اَخْسَرَ الرجُلُ: نقصان میں پڑنا۔ اَخْسَرَ المِیْزَانَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخَاسِر - فا۔ کرۃ خَاسِرَۃ: غیر مفید حملہ۔
الخَسْرَ والخَسَارِیّ - وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خَسَارَی۔
خُسِعَ خَسْعًا - عنہ کذا: کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خَاسِعُ القَوْمِ وخَسِیْعَتُہُمْ - قوم کا خسیس ترین فرد۔
خَسَفَ (ض) خُسُوْفًا - المکانُ: دھنس جانا — القمرُ: گہن لگنا — العَیْنُ: آنکھ کا

کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا — السَّقْفُ: گرنا — الشَّیْءُ: کم ہونا — الرَّجُلُ: دبلا ہونا خَسَفَ فِی الْاَرْضِ وَخُسِفَ بِہٖ: زمین میں دھنسنا (— خَسْفًا) الشَّیْءَ: کاٹنا — العَیْنَ: پھوڑنا — اللّٰہُ الْاَرْضَ: مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا — اللّٰہُ الْاَرْضَ بِفُلَانٍ: زمین میں دھنسا دینا — البِئْرَ: پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے — فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خَسَفَ الشَّیْءَ فَانْخَسَفَ ہُوَ: پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی متعدی) اِنْخَسَفَتْ وَاِنْخَسَفَتْ۔ عَیْنُہٗ: — اندھی ہونا — الْاَرْضُ: مع ساری چیزوں کے دھنس جانا — البِئْرُ: گر جانا۔

الخَسْف۔ مص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سَامَہٗ خَسْفًا وَخُسْفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔

الخُسْف: کنوئیں کا سوت۔

الخَاسِف۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ دبلا بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج خُسُف۔

الخَسْف والخُسْف۔ اخروٹ۔ واحد (خَسْفَۃ) کہا جاتا ہے "بَاتُوْا عَلَی الْخَسْف" انھوں نے فاقہ سے رات گذاری۔ وَشَرِبْنَا عَلَی الْخَسْفِ "بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا

الخَسِیف۔ ج اَخْسِفَۃ وَخُسُف و (الخُسُوف) ج خُسُف۔ مِنَ الْآبَار: کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو وَالْخَسِیْفُ مِنَ الْعُیُوْن: دھنسی ہوئی آنکھ مِنَ النُّوْق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے مِنَ السَّحَاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔

الاَخَاسِف والاَخَاسِیف۔ نرم زمینیں

الخَیْسَفُوْج والخَیْسَفُوْجَۃ۔ تیوار۔ الخَیْسَفُوْج: بنولہ۔ پرانی لکڑی۔

خَسَقَ (ض) خَسْقًا وَخُسُوْقًا۔ اسہم: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔

الخَسَّاق۔ بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ذُوْ خَسَقَاتٍ فِی الْبَیْعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے۔ کبھی فسخ کرتا ہے۔

خَسَلَہٗ (ن) خَسْلًا۔ رذیل کرنا۔ دور کرنا۔

الخِسَالَۃ والخُسَالَۃ۔ ہر چیز کا ردی حصہ

الخَسِیْل۔ فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال و خَسَائِل۔

الخَسِیْل والخُسَّال۔ کمینے و کمزور لوگ

المُخَسَّل والمَخْسُوْل۔ رذیل حقیر

خَاسَیْ مُخَاسَاۃً وَاَخْسَی اِخْسَاءً خَسْیًا تَخْسِیَۃً ہ: اخروٹ سے باہم طاق وجفت کھیلنا۔

الخَسَا۔ طاق۔ ج الاَخْسَاء (خلاف تیاں) کہا جاتا ہے "خَسًا اَوْ زَکًا" یعنی طاق یا جفت

الخَسِیّ۔ اون کا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا۔ فِیہِ: داخل ہونا — السَّحَابُ: تھوڑی بارش برسنا — زَیْدًا: نیزہ مارنا — البَعِیْرَ: اونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنْخَشَّ۔ فِیہِ: داخل ہونا — بَیْنَ الْقَوْمِ: گھل مل جانا۔

الخَشّ۔ مص۔ تھوڑی بارش۔ شگاف کھردری چیز۔ پیادے۔

الخُشّ۔ ٹیلہ۔

الخَاشّ۔ فا۔ الخَشّ کا واحد بمعنی پیادہ

الخَشَاش۔ کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی ساپ ایک قسم کی لکڑی جس کو اونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خَشَاشَۃٌ) غضب۔ کہا جاتا ہے "حَرَّکَ خَشَاشَہٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔

خَشَاشَا الشَّیْءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج اَخِشَّۃ

الخُشَاش۔ ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشْخَاش۔ کارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشَّاوَات وخَشَاشِیّ۔

الخُشَاء۔ کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی

المِخَشّ۔ دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخَشْش والخُشَیْش۔ ہرن کا بچہ جو چلنے لگے

خَشَبَ (ض) خَشْبًا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا — الشَّیْءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا — السَّیْفَ: صیقل کرنا (— وَاخْتَشَبَ) الشِّعْرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِخْتَشَبَ السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ۔ الشَّیْءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تَخَشَّبَ۔ چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔

السَّیْفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ۔ لکڑی کی مانند سخت ہونا۔

فِی عَیْشِہٖ: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب۔ موٹی لکڑی۔ ج خَشَبٌ وخُشُبٌ وخُشَّان۔

الخَشِب والاَخْشَب۔ موٹا کھردرا۔

عَیْشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب۔ لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَۃ

الخَشْبَاء۔ سخت زمین جس میں پتھر کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِیب۔ من السُّیُوْف: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی۔ گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز — مِنَ الْقِسِیِّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خُشُب وخُشَّاب۔

المَخْشُوْب۔ مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم وتربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المِخْشَاب۔ موٹا پست قد۔

الخَشْبَل۔ سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق۔ کتان۔ ریشم۔ چوبغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَۃً وتَخَشْخَشَ۔ السِّلَاحُ او الحُلِیُّ: جھنکار ہونا — فُلَانٌ بَیْنَ الشَّجَرِ وبَیْنَ الْقَوْمِ: داخل ہو کر غائب ہو جانا

الخَشْخَاش۔ پوست کا پودہ۔ واحد (خشخاشۃ)

خَشَّ (ض) خَشًّا - دسترخوان پر روٹی چیز چھوڑنا — الشیٔ: کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا۔
خَشِرَ (س) خَشَرًا - بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔
الخُشَارُ والخُشَارَۃ - ہر چیز کا ردی حصہ دسترخوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہو رذیل لوگ۔
خَاشِرَۃ - النّاس: رذیل لوگ - واحد (الخَاشِر)
خَشْرَبَ خَشْرَبَۃً - ادھورا کام کرنا۔
خَشْرَمَتِ - الضَّبُّ: کھانے میں چٹر چٹر کرنا
الخَشْرَم - شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت - شہد کی مکھیوں کی ملکہ - شہد کی مکھیوں کا چھتہ - نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں - ج خُشَارِمَۃ۔
الخُشَارِم - موٹی آواز - بڑی ناک۔
خَشَعَ (ن) خُشُوعًا - لہ: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِعٌ) ج خُشَّع و خُشَّعَۃ وخَاشِعُون — ببَصَرِہٖ: پست کرنا — بَصَرُہٗ: نگاہ کا پست ہونا — الصوتُ: آواز کا پست ہونا — الشمسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا — الوَرَقُ: پتے مرجھانا — الارضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔
اَخْشَعَہٗ - کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا
تَخَشَّعَ - فروتنی کرنا (— وتَخَاشَعَ) فروتنی دکھانا۔
اِخْتَشَعَ - لہ: کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔
الخَاشِع - نا - مَکَانٌ خَاشِعٌ: وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے - بَلْدَۃٌ خَاشِعَۃٌ: وہ شہر جس میں اترنے کی کوئی جگہ نہ ہو - جِدَارٌ خَاشِعٌ: دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔
الخُشْعَۃ - بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَۃ - پست ٹیلہ - ج خُشَع۔
خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا وخَشْفًا۔ ملک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا الماءُ: جمنا — البردُ: تیز ہونا (— والخَشْف) فی الشیٔ: داخل ہونا۔
خَشَفَ (ض) خَشَافَۃً - بالقوم: ساتھ چلنا اور رہبری کرنا (— خَشْفًا وخَشَفَۃً) — الجلیدُ: برف پر چلنے سے آواز نکلنا — فی السیر: تیز چلنا۔
خَشِفَ (س) خَشَفًا - البعیرُ: پورے بدن پر خارش والا ہونا صفت (اَخْشَف) مؤنث خَشْفَاء - ج خُشْفٌ
خَشَّفَ - راستہ بتلانا۔
خَاشَفَ - اِلی الشرّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فی ذِمَّتِہٖ" اُس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔
خَاشَفَ السَّہْمُ: سنسناہٹ سنائی دینا۔
اَخْشَفَتِ - الظَّبْیَۃُ: بچہ والی ہونا۔
الخَاشِف - نا - سَیْفٌ خَاشِفٌ: تیز تلوار مَاءٌ (خَاشِفٌ وخُشْفٌ)، جما ہوا پانی۔
الخَشْف - تثلیث الخاء: ہرن کا نوزائیدہ بچہ - ج خِشْفَۃٌ (— والخُشْف) سبز رنگ کی مکھی - واحد (خِشْفَۃٌ)
الخَشْف والخَشَفَۃ والخَشْفَۃ - آواز - حرکت - آہٹ - الخُشْف: ذلت الخُشْف والخُشْف: گھٹیا قسم کا اون۔
الخَشَف والخَرْشَف - سخت برف - نرم یخ۔
الخَشُوف - معاملات میں دخل دینے والا — من الرجال - رات کے وقت چلنے میں دلیر - تیز تلوار - من السُّیُوف: تیز۔
الخَشَّاف - چمگادڑ۔
المَخْشَف - وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔
المِخْشَف - راہبر - معاملات میں دخل دینے والا - رات کے وقت چلنے میں دلیر - تیز

خَشَلَہٗ (ن) خَشْلًا وخَشَلَہٗ: حقیر بنانا
خَشَلَ الشرابَ: صاف کرنا۔
خَشِلَ (س) خَشَلًا - الثوبُ: بوسیدہ ہونا
تَخَشَّلَ - ذلیل ہونا - سر جھکانا - ردی چیز لانا
الخَشْل والخَشَل - ردی - الخَشِل: ہر جوفدار چیز - خالی کیا ہوا انڈا - واحد (خَشْلَۃ) کہا جاتا ہے - رجلٌ (خَشْلٌ فَشْلٌ وخَشِلٌ فَشِلٌ) کمزور مرد۔
خَشَمَہٗ (ض) خَشْمًا - ناک کی جڑ توڑنا۔
خَشِمَ (س) خَشَمًا وخُشُومًا - چوڑی ناک والا ہونا — الانفُ: بدبودار ہونا۔
خَشِمَ (س) خَشَمًا وخَشِمَ واَخْشَمَ وتَخَشَّمَ - اللحمُ: بدبودار ہونا - خَشَّمَہ الشرابُ: ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہونچ کر مست کر دینا
الاَخْشَم - چوڑی ناک والا - بو محسوس نہ کرنے والا - اَنْفٌ اَخْشَم: بدبودار ناک - مؤنث خَشْمَاء - ج خُشْم۔
الخَیْشُوم - ناک کی جڑ - ج خَیَاشِیم - الخَیَاشِیم: ناک کے اندر کی رگیں - خَیَاشِیم الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں - کہا جاتا ہے - اَشْرَفَتْ خَیَاشِیمُ الجبال۔
الخَشَّام - شیر - بڑی ناک والا - بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔
رَجُلٌ (مَخْشُومٌ) مست مرد۔
خَشُنَ (ک) خُشْنَۃً وخَشَانَۃً وخُشُونَۃً ومَخْشُنَۃً - سخت وکھردرا ہونا صفت (خَشِن) ج خِشَان۔
خَشَّنَہٗ - سخت وکھردرا بنانا کہا جاتا ہے۔
خَشَّنَ صَدْرَہٗ - اس نے اسکو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔
خَاشَنَہٗ - سختی کا برتاؤ کرنا۔
تَخَشَّنَ - سخت کھردرا ہونا - سخت زندگی بسر کرنا - موٹا کھردرا پہننا۔
تَخَاشَنَ - بتکلف سختی برتنا۔
اِسْتَخْشَنَ - الشیٔ: کھردرا سمجھنا۔

إِخْشَوْشَنَ - سخت کھردرا ہونا — عَلَيْهِ صَدْرُهُ: غضبناک ہونا۔
الْخَشِنُ - سخت طبیعت والا۔
الْأَخْشَنُ - سخت وکھردرا - مؤنث خَشْنَاءُ - جمع خُشْنٌ - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَخْشَنُ" بُرے حال والا - وَهُوَ أَخْشَنُ الْجَانِبِ" وہ دشوار طبیعت سے زیادہ ہے - کَتِيبَةٌ خَشْنَاءُ: بہت ہتھیار والی فوج۔
خَشِيَهُ (س) خَشْيًا وَخِشْيًا وَخَشْيَةً وَخَشَاةً وَخَشْيَانًا وَمَخْشِيَةً وَمَخْشَاةً - ڈرنا۔
خَشَاهُ تَخْشِيَةً وَخَشَّاهُ - ڈرانا - خَشَّاهُ فُلَانًا: کسی سے خوف دلانا۔
الْخَشِيُّ وَالْخَاشِي وَالْخَشْيَانُ وَالْخَشِيُّ - ڈرنے والا - مؤنث خَاشِيَةٌ وَخَشِيَةٌ وَخَشْيَانَةٌ وَخَشْيَا - جمع خَشَايَا - الْخَشِيُّ وَالْخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ: خشک گھاس - کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ أَخْشَى مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔
الْخَشْيَةُ - خوف - ڈر - کلیات میں ہے کہ خشیۃ میں خوف سے زیادہ مبالغہ ہے اس وجہ سے کہ خشیۃ "شَجَرَةٌ خَاشِيَةٌ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں سوکھا درخت اور خوف "خَوْفَاءُ" سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں بیمار اونٹنی - اور ظاہر ہے کہ سوکھے درخت میں درخت کا بالکل خاتمہ ہو جاتا ہے بخلاف بیمار اونٹنی کے کہ اس میں اونٹنی کا خاتمہ نہیں ہوتا، نقصان ہوتا ہے - اور خوف کے معنی نقصان ہی کے ہیں - اور خوف خائف کی کمزوری کی وجہ سے ہو جاتا ہے بخلاف خشیۃ کے کہ جس سے ڈرا جائے اس کی عظمت کی وجہ سے ہوتا ہے۔
خَصَّ (ن) خَصًّا وَخُصُوصًا وَخُصُوصِيَّةً وَخُصُوصِيَةً وَخَصَّةً وَخِصِّيصَةً وَخِصِّيصَى وَخِصِّيصَاءَ - فلانا بالشیٔ: خاص کرنا - خصوصیت دینا - کہا جاتا ہے "خَصَّهُ بِالْوُدِّ" یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (— خُصُوصًا) الشَّيْءُ: خاص ہونا — الشَّيْءُ لِنَفْسِهِ: اپنے لئے چھانٹ لینا۔
خَصَّصَ (وس) خَصَاصَةً وَخَصَاصًا وَخَصَاصَاءَ - محتاج ہونا۔
خَصَّصَ - الشَّيْءَ: خاص کرنا - ہ بالشَّيْءِ: کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا — الْغُلَامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لیکر گھمانا: بیٹھی گھمانا
اِخْتَصَّ - محتاج ہونا — بالشَّيْءِ: خاص ہونا — ہ بالشَّيْءِ: خاص کرنا - اور اسی سے ہے "اَللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کیساتھ خاص کر لیتا ہے۔
تَخَصَّصَ - بالشَّيْءِ: خاص ہونا - تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔
اِسْتَخَصَّ - الشَّيْءَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔
الْخُصُّ - بانس یا لکڑی کا جھونپڑا - شراب بیچنے والے کی دوکان - جمع أَخْصَاصٌ وَخُصُوصٌ وَخِصَاصٌ - شہر (خصی) ناقص مہینہ۔
الْخَاصُّ - فا - عام کی ضد - یکتا۔
الْخَاصَّةُ - عَامَّةٌ کی ضد - وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو - خَاصَّةُ الْمَلِكِ: بادشاہ کے مقرب لوگ - خَاصَّةُ النَّبَاتِ: نباتات کی قوت داثرہ - جمع خَوَاصُّ (— وَالْخَوَاصُّ وَالْخُصَّانُ وَالْخِصَّانُ) مِنَ الْقَوْمِ: برگزیدہ اور بڑے لوگ - کہا جاتا ہے "إِنَّمَا يَفْعَلُ هٰذَا خِصَّانُ النَّاسِ" اسکو بڑے بڑے ہی لوگ کرتے ہیں۔
الْخَاصِّيَّةُ - خاصہ کی جانب نسبت - جمع خَاصِّيَّاتٌ وَخَصَائِصُ۔
الْأَخَصُّ - افضل - کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي أَطْبَائِهِ أَخَصُّ مِنْ هٰذَيْنِ"
الْخُصَاصَةُ - انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے - تھوڑا قلیل - جمع خُصَاصٌ۔
الْخَصُوصُ وَالْخُصُوصُ علیحدگی میں کے مقابلہ میں عموم ہے - انحصار - اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے - اور کہا جاتا ہے "عَلَى الْخُصُوصِ وَخُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے - لَنْ يُصْقَلَ الْخَاطِرُ وَيُشْطَبَ الْفَاتِرُ كَقَابِلَةِ الْهَوَاجِرِ وَخُصُوصًا فِي شَهْرِيٍّ نَاجِرٍ"
الْخَصَاصُ - مم - دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ - کہا جاتا ہے "بَدَا الْقَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الْغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا - وَأَنْحَتُّ مِنْ خَصَاصِ الْبَابِ" میں نے اسکو دروازہ کی جھری سے دیکھا - مکان وغیرہ میں شگاف - واحد (خَصَاصَةٌ) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔
خُوَيْصَّةُ - الْإِنْسَانِ: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لئے مخصوص ہو۔
خَصَبَ (ض) وَخَصِبَ (س) خَصْبًا الْمَكَانُ: سرسبز ہونا - زرخیز ہونا - صفت (خَصِبٌ وَخَصِيبٌ وَمُخْصِبٌ وَمُخْصَابٌ)
أَخْصَبَ - الْمَكَانُ: سرسبز ہونا - اللّٰهُ الْمَكَانَ: سرسبز کرنا — الشَّاةُ: سرسبزی میں پہونچنا — الْقَوْمُ: سرسبزی پانا - کہا جاتا ہے "أَخْصَبَ جَنَابُ الْقَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔
الْخَصْبُ - شگوفہ خرما - بہت پھل دار درخت خرما - واحد (خَصْبَةٌ)
الْخِصْبُ - سبز گھاس کی کثرت - فراخی زندگانی - جمع أَخْصَابٌ - کہا جاتا ہے "بَلَدٌ خِصْبٌ وَأَخْصَابٌ" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر - اور کہا جاتا ہے "أَرْضٌ خَصِيبَةٌ" وَأَرْضُونَ خُصْبٌ" وَأَرْضٌ خَصْبَةٌ" وَخَصِيبَةٌ"
الْخُصْبُ - جانب - ایک قسم کا پہاڑی سفید سانپ۔
الْخَصَابُ - بہت پھل دار درخت خرما۔

واحد (خصابۃ)
(رجل خصیب) بہت فیض والا مرد۔
خَصِرَ (س) خَصَرًا۔ الیوم: ٹھنڈا ہونا۔
— الرجل: ٹھنڈک کی وجہ سے اطراف اعضاء میں تکلیف پہونچنا۔
اَخْصَرُ۔ القُرَّانَاۃ: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کردینا۔
خَاصَرَہٗ مُخَاصَرَۃً۔ ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا۔ یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔
اِخْتَصَرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الکلام: مختصر کرنا — الطریق: قریب کا راستہ چلنا۔
فی الشیٔ: زائد چیزیں حذف کرنا —
الرجل: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا — بالعصا: ٹیک لگانا۔
تَخَاصَرَ۔ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا — القوم: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔
تَخَصَّرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا
بالخُصْرَۃ۔ لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔
الخَصَر۔ کمر۔ خَصَرُ القَدَم: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُور۔
الخَصَر۔ سردی۔
الخَصِر۔ ٹھنڈا۔
الخِصَار۔ ازار۔
الخَاصِرَۃ۔ من الانسان: پہلو۔ ج خَوَاصِر
پہلو کا درد۔
المِخْصَرَۃ۔ ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جسکو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر۔
مَخَاصِرُ الطَّرِیق: اقرب ترین راستہ۔
المُخْصِر۔ باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مُخْصِرُ القَدَمَیْن" وہ ایسا شخص ہے جس کا توازن سے نہیں لگتا۔
رجل (مَخْصُور) کمر یا پہلو میں درد والا۔
اَخْصَر۔ مختصر۔ اختصر کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (من خَصَفًا وَاَخْصَفَ و اِخْتَصَفَ۔ النعل: جوتہ سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا الشیٔ علی الشیٔ: چپکانا کہا جاتا ہے "ھُمْ یَخْصِفُونَ اَقْدَامَ القَوْمِ بِاَقْدَامِھِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔
خُصِف۔ پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خَصَّفَ۔ بدخلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اسکے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے خَصَّفَ الشَّیْبُ "بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کردیئے۔
الخَصْف۔ مم۔ جوتا۔
الخَصَف۔ سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔
الخَصَفَۃ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خُصَف وخِصَاف۔
الخَصَف والخَصَفَۃ۔ چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔
الخُصْفَۃ۔ جوتہ وغیرہ کا سوراخ۔
الخَصَّاف۔ بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخَصِیف۔ راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے۔ (— و الاَخْصَف) سفید وسیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔ الاَخْصَف: شتر مرغ۔ مؤنث خَصْفاء۔
المِخْصَف۔ سُتالی۔ ج مَخَاصِف۔
شَاۃ (مَخْصُوفَۃ) سفید وسیاہ رنگوں والی بکری۔
خَصَلَ (ن) خَصْلًا۔ الشیٔ: کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خَصَلَ (ن) خَصْلًا وخِصَالًا) القوم: فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خَصَّلَ۔ ٹکڑے کرنا — الشجر: چھانٹنا
خَاصَلَہٗ خِصَالًا وَمُخَاصَلَۃً۔ تیر انداز میں شرط لگانا۔
اَخْصَل۔ الرامی: نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تَخَاصَلَ۔ القوم: تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخَصْل۔ مم۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے کہا جاتا ہے۔ اَحْرَزَ خَصْلَہٗ وَاَصَابَ خَصْلَہٗ یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُول۔
الخَصْلَۃ۔ عادت (حسنہ یا قبیحہ۔ غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (— والخَصْلَۃ) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ ترکاری کا کنارہ۔ ج خُصَل۔ الخُصَل: لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخُصْلَۃ۔ بالوں کا گچھا۔ گوشت کا عضو
الخَصِیلَۃ۔ بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِیل وخَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُہٗ وَاضْطَرَبَتْ خَصَائِلُہٗ" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا۔ اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا۔
المِخْصَل۔ شمشیر بُراں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المِخْصَال۔ درانتی۔
خَصَمَہٗ (ض) خَصْمًا۔ جھگڑے میں غالب آنا۔
خَاصَمَہٗ خِصَامًا وَمُخَاصَمَۃً۔ جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُومَۃ) ہے۔
اَخْصَمَہٗ۔ جھگڑا کرنے کیلئے دلیل سمجھانا۔
تَخَاصَمَ واخْتَصَمَ۔ القوم: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخَصْم۔ مم۔ مدمقابل۔ مخالف جھگڑا کرنیوالا۔ تثنیہ۔ جمع اور مؤنث کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُمَا دُھْمٌ وَھِیَ خَصْمٌ" ج خُصُوم وخِصَام واَخْصَام۔
الخُصْم۔ جانب۔ گوشہ۔ ج اَخْصَام و خُصُوم۔
الخَصِیم۔ جھگڑالو۔ ج اَخْصَام وخُصَمَاء وخُصَمَان۔
الخَصِم۔ ج اَخْصَام وخَصُومُون (والخُصُوم)

بھگڑا لو۔ مخالف۔ مدمقابل۔
الخَصِیْن۔ کلہاڑی۔ ج خُصُن و اَخْصُن (مؤنث ہی کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے)
خَصَی (ض) خِصَاءً۔ ہ: خصی کرنا۔
الخَصِی۔ فوطوں میں درد والا۔
الخَصِیّ۔ وہ شخص جس کے فوطے نکال لئے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خِصْیَۃٌ و خِصْیَان
الخُصْیَۃ۔ فوطہ۔ ج خُصًی۔ خُصْیَۃُ البَحْر وُخُصْیَۃُ الثَّعْلَب وخُصْیَۃُ الذِّئْبِ وُخُصْیَۃُ الکَلْب: مختلف نباتات کے نام۔
خَصْخَص۔ الجَارِیَۃ: سفید مہرے پہنا کر سنوارنا۔
خَاضَہٗ مُخَاضَۃً۔ بیع بالعوض کرنا۔
الخَصْخَص۔ سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بیہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خصخص"
الخَصَاص۔ کم حیثیت زیور۔ روشنائی قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ رجلٌ خَصَاص وخَصَاصَۃٌ: بیوقوف مرد مکان (خَصِیص) پانی سے تر جگہ۔
خَضَبَ (ض) خَضْبًا وخَضَّبَ۔ الشیٔ: رنگین کرنا۔
خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوْبًا وخُضِبَ واخْضَبَّ۔ الشَّجَرُ او المکانُ: سرسبز ہونا۔
تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ۔ بالحنا: رنگین ہونا۔ صفت: خَضِیْب) ج خُضُب و (مُخَضَّب و مُخَضَّب)
اِخْضَوْضَبَ اِخْضِیْضَابًا۔ الشجر: سرسبز ہونا۔
الخَاضِب۔ شتر مرغ جس کے پنجے پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں۔
الخَضْب۔ مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی۔ ج خُضُوْب۔

الخِضَاب۔ رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز
الخَضُوْبَۃ۔ بہت خضاب لگانیوالی عورت۔
الخَضُوْب۔ بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی۔
الخَضِیْب۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے کَفٌّ خَضِیْبٌ و امْرَأَۃٌ خَضِیْبٌ "رنگی ہوئی ہتھیلی خضاب لگائی ہوئی عورت ج خُضُب۔
الکَفُّ الخَضِیْب: ایک ستارے کا نام۔
المِخْضَب۔ کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔
خَضْخَضَ خَضْخَضَۃً۔ الماءَ ونحوہ: ہلانا۔
تَخَضْخَضَ۔ ہلنا۔
الخُضَاخِض۔ من الاماکن: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (— والخُضْخُض) پچھوائی اور پُروائی کے درمیان کی ہوا۔
خَضَدَ (ض) خَضْدًا۔ العودَ: بغیر جُدا کئے ہوئے توڑنا۔ موڑنا — الشجرَ: کاٹنے کاٹنا — الرجلُ: لکڑی گاجر وغیرہ کی مانند ترچیز کھانا۔
خَضَّدَہٗ۔ کاٹنا۔
تَخَضَّدَ و اِنْخَضَدَ۔ العودُ: ٹوٹنا۔
اِنْخَضَدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔
الخَضَد۔ کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔
خَضَدُ البَدَن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خَضَدُ السَّفَر: تکان سفر۔ (— و الخَضَاد) اعضا کا درد۔
الخَضِد والمَخْضُوْد۔ اٹھنے سے عاجز کمزور۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مَخْضُوْدٌ"۔ ذلیل سے عاجز مرد۔
الاَخْضَد والمُتَخَضِّد۔ دوہرا ہونیوالا
المِخْضَد۔ بہت کھانے والا۔

خَضِرَ (س) خَضَرًا۔ سبز ہونا — الزَّرْعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَرَ (ن) خَضْرًا۔ النَّخْلَ: کاٹنا۔
اَخْضَرَ۔ الریُّ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔
خَضَّرَ۔ الشیٔ: سبز کرنا۔
خَاضَرَہٗ مُخَاضَرَۃً۔ درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔
اِخْضَرَّ واخْضَوْضَرَ۔ سبز ہونا۔ واخْضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔
اِخْتَضَرَ۔ الفاکہۃَ: وقت سے پہلے کچا کھانا — العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا۔
الخَارِیَۃ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔
اُخْتُضِرَ: جوان مرنا۔
الخِضْر والخَضِر۔ اس ذات گرامی کا نام جن سے حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔
الخَضِر۔ سبز۔ ٹہنی کھیتی۔ سبز ترکاری سبزہ زار۔
الخَضَار۔ نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔
الخَضِیْر۔ سبز۔ سبز ترکاری۔
الخُضَیْرَۃ۔ سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و تازگی کہا جاتا ہے غُصْنٌ فِیْہِ خُضَیْرَۃٌ "ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضُر و خُضُرٌ و خُضْرَۃُ الدِّمَن "کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضْرَۃُ فِی الوَانِ الابِلِ والخَیْلِ: میلا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو — فی الوَانِ الناس: گندم گونی۔
الخَضَّار۔ سبزی فروش۔
الخُضَارَۃ۔ سبز ترکاریاں۔ خَضَارَۃ: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الخُضَارِیّ والخُضَیْرِیّ - ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں ج خَضَارِیّ۔
الخَضْرَاء - اَخْضَر کا مؤنث - القُبَّۃ الخَضْرَاء: آسمان - وخَضْرَاءُ القوم: قوم کا بڑا حصہ - ج خَضْرَاوَات - الخَضْرَاوَات: ترکاریاں - میوے
الأَخْضَران - گھاس و درخت -
الأَخَاضِی - سونا - گوشت و شراب -
الأُخَیْضِر - مکھی - آنکھ کی ایک بیماری
المَخْضَرَۃ - سبزہ زار -
خَضْرَب خَضْرَبَۃً - الماءُ: لہریں مارنا (خَضَارِب - لہر لینے والا پانی -
المُخَضْرِب - فصیح و بلیغ مرد -
الخُضَیْرِیّ - کگڑی خربوزہ وغیرہ کی فالیز
الخُضَارِع والمُتَخَضْرِع - بخیل جو تکلف سے سخاوت کرے -
خَضْرَم - الأُذُن: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا -
الخِضْرِم - بہت پانی والا کنواں - بہت بڑا سمندر - کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ" بہت پانی والا سمندر و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت فیاض مرد - (— والخَضَارِم) ج - خِضْرِمُوْن وخَضَارِمَۃ:
الخُضْرُم - میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی - گوہ کا بچہ -
المَخْضُوْم - غیر ممتون - وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو - وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو - وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو
مُخَضْرَمُ الدَّوْلَتَیْن: وہ شاعر جو بنو اُمیہ اور بنو عباس دونوں کی حکومتوں میں رہا ہو - ناقۃ مُخَضْرَمَۃ: اونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو
ماءٌ مُخَضْرَم: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی -
خَضَعَ (ف) خُضُوْعًا وخَضْعًا و خُضُعَانًا - عاجزی کرنا - فروتنی کرنا - سرفگندہ ہونا -
صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوْع) ج خَضُوع — لہ: تابع و فرمانبردار ہونا — النجمُ: مائل بغروب ہونا — الرجلُ: ساکن کر دینا -
خَضِعَ (س) خَضَعًا - الرجلُ: جھکا ہوا ہونا - صفت (اَخْضَع) مؤنث خَضْعَاء -
خَضَّعَہٗ - عاجز کرنا — اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا -
اَخْضَعَ - عاجز ہونا — ہ: عاجز کرنا - کہا جاتا ہے "اَخْضَعَتْنِیْ اِلَیْکَ الحَاجَۃُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا
الکِبْرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا -
خَاضَعَہٗ - نرمی سے گفتگو کرنا -
تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ - بتکلف عاجزی ظاہر کرنا -
اِخْتَضَعَ - عاجز ہونا — الفَقَرُ: ٹوٹ پڑنے کیلئے سر جھکانا — فی سَیْرِہٖ: تیز چلنا -
الخَضَع - مص - پیدائشی گردن کی پستی -
الأَخْضَع - ذلت پر راضی - دبی ہوئی گردن والا -
الخُضَعَۃ - ہر ایک عاجزی ظاہر کرنے والا - اپنے ہمسر پر غالب آنیوالا - ج خُضَع -
الخَضْعَۃ والخَضَعَۃ - تلواریں - کوڑے تلواروں اور کوڑوں کی آواز - کہا جاتا ہے - "سَمِعْتُ لِلسِّیَاطِ خَضْعَۃً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی -
الخَضِیْعَۃ - آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے - سیلاب کی آواز -
الخَیْضَعَۃ - لڑائی کا شور - میدانِ جنگ اور اس کا غبار -
الخَیْضَع - مِنَ الرِّجَالِ: ذلت پر راضی ہونے والا -
خَصَفَ (ض) خُصَافًا وخَصْفًا - گوز کرنا - صفت (خَصِیْف وخَصُوْف وخَصَّاف)
الخَصَف - چھوٹا کدو یا لکڑی یا خربوزہ
الأَخْصَف - سانپ -
المُخْصِفَۃ - شراب -
خَصِلَ (س) خَصَلًا وأَخْصَلَ و اِخْصَلَّ واخْصَوْصَلَ - تر ہونا - نمناک ہونا - صفت (خَصِل وغَاصِل) کہا جاتا ہے "عَیْشٌ خَصِلٌ" شاداب زندگی - وشَوَاءٌ خَصِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت وسِنَانٌ خَصِلٌ" خون سے تر نیزہ -
خَصَّلَ واخْصَلَّ - الشیءَ: تر کرنا -
اِخْصَالَّ واخْصَالَّ - تر ہونا -
— الشجرُ: بہت ٹہنی اور بکثرت پتے ہونا -
الخَصَل والخَصْل - صاف موتی - ایک قسم کے مہرے - واحد (خَصْلَۃ)
الخُصُلَّۃ - تروتازگی - آسودگی - نعمت زندگی کا آرام و آسودگی -
الخَضِیْلَۃ - سرسبز و شاداب باغ -
المُخْصَل والمُخْصَلّ - آسودہ زندگی والا -
الخَصْلَاف - گوگل کا درخت -
خَضَمَ (ض) وخَضِمَ (س) خَضْمًا - الطعامَ: انتہائی داڑھ سے کھانا - منہ بھر کے کھانا -
أَخْضَمَ - لہ فی العَطَاء: زیادہ دینا -
الخِضَمّ - بڑا سمندر - سردار - بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت
سان رکھنے کا پتھر - سَیْفٌ خِضَمّ: شمشیر بُراں -
الخُضَام والخِضَامَۃ - وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے -
الخَضِیْمَۃ - سبز نباتات - بہت نباتات والی زمین - اُبلا ہوا گیہوں -
الخُضْمَۃ - درمیان - چیز کا بڑا حصہ -
المُخْضَم والمُخْضَم - آسودہ زندگی والا
خَطَّ (ن) خَطًّا - بالقَلَم: لکھنا
الخَطَّۃ - لِنَفْسِہٖ: نشان لگا کر اپنے لئے مخصوص کرنا

— الشیٔ: قلم وغیرہ سے لکھنا — علی الشیٔ: نشان لگانا۔ علامت لگانا — الغلام: سبزہ آغاز ہونا — عذارہ: رخسارہ پر بال نکلنا القبر: کھودنا — الرياح الرمل: دھاری ڈالنا — فی الارض: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جارا ہ فی خط غبارہ" اس نے اس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہونچا۔ اور کہا جاتا ہے "فلان یخط فی الارض" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خط الطعام وفی الطعام: تھوڑا کھانا — فی نوبہ: خراٹے لینا۔

خَطَّطَ۔ لکیریں کھینچنا — الخطوط نقش کرنا — البلاد: حدود مقرر کرنا۔

اِخْتَطَّ۔ الوجہ وغیرہ: دھاری دار ہونا — الغلام: سبزہ آغاز ہونا — الارض اوالدار: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا — خطۃ: معین کرنا علامت لگانا۔

الخَاطّ۔ فا۔ جادوگر۔

الخَطّ۔ تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔

خَطُّ الاِستِوَاء: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط و خُطُوط الکف: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطّ والخَطّ۔ راستہ۔ سڑک۔ محلہ

الخِطّ والخِطّۃ۔ وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کرلے۔ ج خِطَط۔

الخُطّۃ۔ کام۔ کہا جاتا ہے۔ تلک خُطّۃ لیست من بابی "یہ کام میری شان کا نہیں ہے" وفی رأسہ خطۃ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے خصلت۔ جہالت مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہا جاتا ہے" فلان یبنی خُطَط المکارم" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطِّی۔ نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔

اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ ج خَطِیَّۃ۔

الخَطُوط۔ زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے

الخَطَّاط۔ بہت لکھنے والا۔

المِخَطّ۔ کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی

المُخَطَّط۔ دھاری دار۔ خوبصورت۔

خَطِئَ (س) خَطَأً۔ غلطی کرنا — فی دینہ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا (— خِطْأً وخِطَأَۃً) گناہ کرنا صفت (خاطی) ج خَطَأَۃٌ۔ مؤنث خَاطِئَۃٌ ج خَوَاطِئ۔

خَطَأَت (ف) خَطْأً۔ القِدرُ بزبدہا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَأَہٗ تَخْطِیئاً وتَخْطِئَۃً۔ غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخْطَأَ إِخْطَاءً وخَاطِئَۃً۔ غلطی کرنا — الطریق: چوک جانا — الرجل: غلطی میں ڈالنا — الرامی الغرض: نشانہ پر نہ لگنا — فی عملہ: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطَّأَ وتَخَاطَأَ۔ غلطی کرنا۔ تَخَطُّأ و تَخَاطُؤ: غلطی میں ڈالنا — السہم الرمیۃ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَہٗ فی المسئلۃ وبہا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔

الخِطْء۔ گناہ۔

الخَطَء والخَطَأ والخَطَاء۔ گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء۔ بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِیئَۃ۔ گناہ۔ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خطایا و خَطِیئَات۔

خَطَبَ (ن) خُطْبَۃً وخَطْباً وخَطَابَۃً وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے۔ خَطَبَ القومَ وفی القوم" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَۃً۔ واعظ ہونا مقرر ہونا۔ لکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْباً وخِطْبَۃً وخِطْبَۃً الفَتَاۃَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے خَطَبَ الفَتَاۃَ عَلَی فلان" اس نے فلاں کے لئے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَباً۔ الشیٔ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔

خَاطَبَہٗ خِطَاباً ومُخَاطَبَۃً وتَخَاطُباً باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے خَاطَبَہٗ فی فلان" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَبَ۔ الصیدُ فلاناً: قریب ہونا — المخطۃ: رنگین ہونا — الخُثْلُ: زرد ہونا۔ اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ۔ الفَتَاۃَ: منگنی کرنا — القومُ فلاناً: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا علی المنبر: خطبہ دینا۔

الخَطْب۔ مہم۔ حالت۔ کہا جاتا ہے۔ ما خَطْبُکَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب۔

الخِطَاب۔ گفتگو۔ فصل الخطاب: فصاحت حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اما بعد کہنا۔

الخُطْبَۃ۔ تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَۃُ الکتاب: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَۃ: تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْب۔ منگنی کرنیوالا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے" ہو خِطْبُہا وہی خِطْبَۃُہ" ج۔ اَخْطَاب۔

الخِطْبَۃ۔ مہم۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب۔ منگنی کرنیوالا۔ بہت تقریر کرنیوالا۔

الخَطَّابَۃ۔ بہت تقریر کرنیوالا (مذکر مؤنث)

الخطاب کا مؤنث۔
الخَطِیب۔ منگنی کرنیوالا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء۔
الخِطِّیب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا ج خِطِّیبُون۔
الخِطِّیبَیٰ۔ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔
الاَخْطَبُ۔ شِکرا۔ مِنَ الْحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندراین۔ الاَخْطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکْتَبُ اور شعر سے اَشْعَر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ اَخْطَبَ اَہْلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔
خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وَخَطِیرًا۔ فی مَشْیَتِہٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا الرُّمْحُ: ہلنا۔ بِسَیْفِہٖ اور بِرُمْحِہٖ: تحرد وغرور سے ہلانا۔ ۔۔۔ بِیَدِہٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا (۔۔۔ خَطْرًا وَخَطَرَانًا وَخَطِیرًا) الْجَمَلُ بِذَنَبِہٖ: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔
خَطَرَ (ن ض) خُطُورًا۔ الاَمْرُ: سوجھنا خَطَرَاتُ الْحَوَادِثِ: پیش آنا۔ خَطَرَ الاَمْرُ بِبَالِہٖ وَعَلٰی ذِہْنِہٖ بِبَالِہٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔
خَطُرَ (ک) خَطَرًا وَخُطُورَۃً) عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیر) ج خُطُرٌ
خَاطَرَ مُخَاطَرَۃً۔ بِنَفْسِہٖ: خطرہ میں ڈالنا ۔۔۔ ہٗ عَلٰی کَذَا: شرط لگانا۔
اَخْطَرَ۔ الشَّیْءَ فِی اَوْ عَلٰی اَوْ بِبَالِہٖ: یاد دلانا ۔۔۔ ہٗ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا۔ ۔۔۔ الْمَالَ: مال کو شرط پر رکھنا ۔۔۔ الْمَرِیضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)
تَخَطَّرَ۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ اِلٰی شَرِّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَرَ۔ الْقَوْمُ عَلَی الشَّیْءِ: شرط لگانا۔

الخَطَر۔ غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (۔۔۔ والخَطْر) اونٹ کے سرینوں پر سینگنی اور پیشاب ملکر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔
الخِطْر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جسکو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار۔
الخَطَر۔ قریب ہلاکت ج اَخْطَار۔ کہا جاتا ہے "رَکِبُوا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِی ظِلِّ عَیْشٍ خَطِیرٍ "مالہ خطر" شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار۔ ج خُطُر۔
الخَطْرَۃ۔ ایکبار۔ تم کہتے ہو "مَا بَقِیَتْ اِلَّا خَطْرَۃٌ" میں اُس سے ایک بار ملا۔
الخَاطِر۔ فا۔ امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازًا اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں واقع ہوا۔ وفلان سَرِیعُ الْخَاطِرِ فلاں تیز طبیعت ہے۔ وَجَاشَ الشِّعْرُ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خواطر۔
الخَطَّار۔ الخاطر کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل ج شیر۔
الخَطَّارَۃ۔ اونٹوں کا باڑہ۔
الخَطِر۔ عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسی ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
المَخَاطِر۔ خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)
الخُطُرُّب والخُطَارِب۔ افترا پرداز۔ جھوٹا۔
خَطْرَفَ وتَخَطْرَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیف وخُطْرُوف) خَطْرَفَۃ بالسَّیْفِ "تلوار سے مارنا۔
خَطِفَ (س) خَطْفًا۔ الشَّیْءَ: اچک لینا ۔۔۔ البَرْقُ الْبَصَرَ: چندھا کر دینا ۔۔۔ السَّمْعَ: چوری سے سُننا۔
خَطِفَ (س) وخَطَفَ (ض) خَطَفَانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خَطِیف وخَیْطَف) خَطَفَ۔ اچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)
اَخْطَفَہٗ۔ خطا کرنا ۔۔۔ ہ المرضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ۔۔۔ الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے چنگا ہونا۔
تَخَطَّفَ واخْتَطَفَ۔ الشَّیْءَ: جھپن لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔
الخُطْف والخُطُف۔ لاغری اور پہلوؤں کا دُبلا پن۔
الخَطْفَۃ۔ جھپٹا۔ عضو جسکو درندہ جھپٹا مار کر آمارلے۔ یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخَاطِف۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑکر نشانہ پر لگے۔ ج خواطف۔
اَخْطَفُ۔ الْحَشَا: دُبلا۔
الخَاطُوف۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخَطَّاف۔ الخاطف کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخُطَّاف: انکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیف وخَطَاطِیف السِّبَاع: درندوں کے چنگل۔
الخَطَفَّی والخَیْطَفَّی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمْشِی الْخَطَفَّی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخَطِیفَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خَطِلَ (س) خَطَلًا وَاَخْطَلَ۔ فی کَلَامِہٖ:

بہت بولنا اور فحش بولنا — فی منظرہ اور رایہ غلطی کرنا۔ جیسے "اصالۃ الرای صانتنی من الخطل" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔

تخطل - فی المشی: ناز انداز سے چلنا

الخاطل - باطل۔

الخطل - مم - بیوقوفی - سبکی - سرعت بہت ردی گفتگو - کہا جاتا ہے۔ "اری فی مشیتہ خطلا" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگوئے پریشان۔

الخطل - بیہودہ گفتگو والا - بیوقوف

سہم خطل: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔

ثوب خطل: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر گھسٹے۔ ج اخطال۔ اور کہا جاتا ہے رجل خطل الیدین "سخت ہاتھوں والا مرد" درع خطل "بے ڈول لمبا زیرہ۔

الخطل: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "اخوص فی الہیجا بالرمح خطل" شجاع وبہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ خطل بالعروف: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔

الاخطل - لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خطلاء ج خطل

الخیطل - کتا۔ بلی مصیبت عطر فروش ٹڈی دل۔

خطمہ، (ض) خطما وخطمہ۔ بالخطام: نکیل لگانا۔ خطمہ بالکلام: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خطم الرجل: ناک پر مارنا۔ (خطما وخطاما) القوس: کمان پر تانت چڑھانا۔

اختطم - الخطام: نکیل لگانا۔

المخطم والمخطم - ناک۔

الخطم - مم - ناک کا اگلا حصہ - چونچ۔

— من الدابۃ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ امر عظیم: پہاڑ کی چوٹی۔

الخطام - مہار - نکیل - کمان کی تانت ج خطم۔

الخاطم - فا - کہا جاتا ہے "فلان خاطم امر بنی فلان" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخطام - اسم مبالغہ - مشک خطام: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الاخطم - لمبی ناک والا - کالا - مؤنث خطماء - ج خطم۔

الخطمی - ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے - واحد (خطمیۃ)

خطا (ن) خطوا - قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔

خطا واخطی - الرجل: قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خطی عنہ الشیء: زائل کیا جانا۔ تخطی تخطیا واختطی اختطاء۔

ہ الی کذا: پھاندنا - تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا

الخطوۃ - چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ - عوام اسے فسحہ کہتے ہیں - مسافت - کہا جاتا ہے۔ "قرب اللہ علیک الخطوۃ" اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کر دیں - ج خطی وخطوات وخطوات وخطوات۔

الخطوۃ - بمعنی خطوۃ - خطا کا اسم مرۃ

— فی المساحۃ: چھ قدم۔

الخطیۃ - گناہ۔

خطا یخطو خطوا - لحمہ: گٹھا ہونا۔

اخطی - الرجل: موٹا ہونا - اخطاہ: موٹا کرنا۔

الخطی - گٹھے بدن والا - کہا جاتا ہے۔ "امرأۃ خطیۃ بطیۃ" گٹھیلی بدن کی عورت۔

الخیعل - بھیڑیا - چھلاوہ - بغیر آستینوں کی قمیص - کہا جاتا ہے "تخیعل" یعنی اس نے اسکو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی اور (تخیعل) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی۔

خف (ض) خفا وخفۃ وخفافۃ - ہلکا ہونا خفیف العقل ہونا - کم مال والا ہونا۔

— المطر: کم ہونا (— خفا وخفۃ وخفوفا)

الی العدو: جلدی کرنا — القوم: جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔

الرَّبِیع۔ ج اَربِعَۃ و رِبَاع و اَربِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار سبزہ چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِیعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ہے۔ ج اَربِعَاء و رُبُعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ ہے۔ ج رُبُع چوتھائی
الرَّبِیعِی۔ مِنَ المَسَاکِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔
الرَّبِیعَۃ۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔ باغ لوہے کا خود۔ توشہ دان خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔
الرَّدِیع۔ کمزور۔ کمینہ۔
الرَّدِیعَۃ۔ پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری
اَربَعَۃ۔ چار۔ مؤنث اَربَع۔ الرِّیَاحُ الاَربَع:

پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔
ذَوَاتُ الاَربَع: چار پائے۔
اُمُّ اَربَعٍ وَاَربَعِین۔ ایک قسم کا کیڑا۔
الاَربِعَاء۔ مثلثۃ الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَربِعَاوَان۔ ج اَربِعَاوَات و اَربِعَاوَات۔ قَعَدَ الاُربِعَاء والاَربِعَاوِیٰ) وہ چار زانو بیٹھا
الاُربُعَاء: ستون خانہ۔
اَربَعُون۔ چالیس۔
المُربِع۔ موسم بہار کی بارش (۔۔۔ والمُربَع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔
المُربِع والمُربِعَۃ۔ لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔
المُربِع۔ موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی
المُربِع۔ چوتھیا بخار والا۔
المُربَع۔ چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴ = ۴ × ۴ = ۱۶
المِربَاع۔ وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائے موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔
(۔۔۔ والمُرتَبِع والمَربُوع) درمیانہ قد۔
المَرَابِیع۔ ابتدائے موسم بہار کی بارشیں
اللَّربُوع۔ ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج رَرَابِیع۔
رَبَعَ (ف) رَبعًا۔ القَومُ فِی النَّعِیم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَبِعَ (س) رَبَعًا۔ عَیشُہ: فراخ و آسودہ ہونا۔۔۔ الرَّجُل۔ بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِع)
رَبُعَ (ک) رَبَاعَۃً۔ بہت ہونا۔
الاَربَع۔ کثیر دکشادہ۔
رَبَقَہ (ن ض) رَبقًا و رَبَقَہ۔ پھندے سے باندھنا۔۔۔ ہ فِی الاَمر: کام میں ڈالنا۔

رَبَّقَ الکَلَام: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ اَشنَاۃَ جِلدِہ وَاَربَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسی کا پھندا بنایا۔
تَرَبَّقَہ۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقَت اَشیَاءُ فِی عُنُقِی" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرتَبَقَ۔ فِی الحِبَالَۃِ: لٹکانا۔۔۔ فِی الاَمر: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرتَبَقَت فِی حِبَالَتِہ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِّبق۔ پھندوں والی رسی۔
الرَّبِیقَۃ والرِّبِیقَۃ۔ رسی کا پھندا۔ ج رِبَق و رِبَاق و اَربَاق۔ کہا جاتا ہے۔ حُلَّ رِبقَتَہ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ وَنَقَضُوا الحِبَالَ وَاکلُوا الرِّبَاقَ" انھوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَّبِیق۔ پھندے سے باندھا ہوا۔ یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
المُرَبَّقَۃ۔ چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
التِّربِیق۔ بکری باندھنے کی رسی۔
اُمُّ الرَّبِیق۔ بلا۔
رَبَکَ (ن) رَبکًا۔ الشَّیءَ: ملانا۔
الرَّبِیکَۃ: گارا بنانا۔۔۔ ہ: کیچڑ میں گرانا۔
رَبَکَ (س) رَبَکًا۔ پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِک و رَبِیک)
اِرتَبَکَ۔ فِی الوَحل: کیچڑ میں گرنا۔۔۔ فِی الاَمر: پھنس کے رہ جانا۔۔۔ فِی کَلَامِہ: رُک رُک کے گفتگو کرنا۔۔۔ الصَّیدُ فِی الحِبَالَۃ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا۔۔۔ الاَمر: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرتَبَکَ اِرتِبَاکًا۔ رَایُہ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا۔۔۔ الرَّجُل عَنِ الاَمر: کام سے رک جانا۔
الرَّبِیکَۃ۔ گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِرَبِیکَۃ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (۔۔۔ والرَّبِیک والرُّبُوک) ایک قسم کا کھانا جو پنیر کھجور گھی ملا کر

تیار کرتے ہیں۔ اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں
الاَرْبَلُ۔ مِنَ الابِلِ: کالا اونٹ۔
رَبَلَ (ن مض) رَبْلاً۔ القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِیُ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَلَ وَاَرْبَلَ۔ المَکَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ۔ بدکار ہونا اور بُرائی کا منتظر رہنا
تَرَابَلَ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا۔ جسمہ: پھولنا
—— الاَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ۔ مَالُہٗ: بہت ہونا۔
الرَّبَلُ۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھولے
ج رُبُوْل۔
الرَّبِیْل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔
الرَّبَلَۃ والرُّبْلَۃ۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رُبَلات۔
الرَّبِیْل۔ تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَّبَالَۃ والرُّبَیْلَۃ۔ گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَۃ "وہ موٹاپے کے بعد دبلا ہوگیا۔ الرُّبَیْلَۃ: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرُّبَیَّال۔ لمبی پھیدہ نباتات۔ شیر ج رَبَابِیْل۔
المُرَبَّال۔ بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرَّبَیْبَل۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت، موٹا اونٹنی۔

الرَّبَجُ۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔
اَرْبَنَہٗ۔ بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ۔ جہاز کا کپتان ہونا ——
السَّفِیْنَۃَ: کشتی چلانا۔
الرَّبُوْن اوالاُرْبُوْن والاُرْبَان۔ بیعانہ۔
الرُّبَّان والرُّبَّانِی۔ جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَۃ ورَبَابِیْن۔ رُبَّانُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِہٖ اَوْ بِرِبَّانِہٖ" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا یَرْبُوْ اِرْبَاءً وَرُبُوًّا۔ المَالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا —— الرَّابِیَۃ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبُوَ) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (—— رَبُوَ اَوْ رَبُوَّ) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَیْتُ وَرَبِیْتُ رَبَاءً وَ رَبَایَۃً" میں نے نشوونما پائی۔
رَبَّی تَرْبِیَۃً وَتَرَبَّی۔ الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّی التُّفَّاحَ بِالسُّکَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَی مُرَابَاۃً۔ سود پر مال دینا
الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَی اِرْبَاءً۔ سود لینا —— الشَّیْءُ: بڑھانا —— ہ: اُمَیْدِ دلانا (—— عَلَیْہِ فِی کَذَا وَارْتَبَا اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔
الرِّبَا۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے۔ رِبَوِیّ۔
الرِّبَا۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے۔ "لِفُلَانٍ عَلَیَّ رِبَاءٌ" فلاں کا میرا دوپرا احسان ہے۔
الرَّابِیَۃ۔ ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَۃ والرِّبْوَۃ) ج رُبًی ورُبٍی: ٹیلہ۔
الرَّبْوَۃ۔ عِنْدَ الحُسَّابِ: دس لاکھ۔
الرِّبْوَۃ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًی۔
الرُّبَیَّۃ۔ حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاۃ والرَّبَاوَۃ۔ بالتثلیث: ٹیلہ۔
الرَّبْو۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت ج اَرْبَاء۔ الرَّبْو والرُّبُوَّۃ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔
الاِرْبِیَّۃ۔ اہل خاندان۔ چچازاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اَرْبِیَّۃِ قَوْمِہٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔
الاِرْبِیَان۔ جھینگا۔
رَتَّ (ض) رَتًّا۔ ہکلانا۔ تتلانا صفت مذکر (اَرَتّ) وصفت مؤنث (رَتَّاء ورُتَّی) ج رُتّ۔
اَرَتَّہٗ اِرْتَاتًا۔ اللّٰہُ: ہکلا کر دینا۔
الرَّتّ۔ سخت۔ زبردست۔ جنگلی سور۔ ج رِتَّۃ۔ الرَّتّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوْت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ رُتُوْتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔
الرَّتَّۃ۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی سستی (کَاَرَتّ) رُتُوْءًا۔ گلا گھونٹنا —— العُقْدَۃَ: گرہ مضبوط کرنا —— فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔
—— الرَّجُلُ: چلا جانا۔
اَرْتَأَ۔ رک رک کر ہنسنا۔
رَتَبَ (ن) رَتْبًا ورُتُوْبًا۔ الشَّیْءُ: قائم وثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِی الصَّلٰوۃِ" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔
رَتَّبَہٗ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔
اَرْتَبَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا —— الغُلَامُ الکَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔
تَرَتَّبَ۔ ترتیب دار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا

الرَّتَب - سختی و تنگی - بلند زمین، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں - (— والرَّتب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ - چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ -
الرَّتَبَة - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ
الرُّتْبَة - مرتبہ - ج رُتَب -
الرُّتُب والرُّتَب - قائم و ثابت چیز - ہمیشگی - مٹی - غلام جس کے بعد دیگرے تین مالک ہوں - کہا جاتا ہے "جَاءُوا تُرُبًا" وہ سارے آئے -
الرُّتْبَة - راستے کے مانند جس پر آدمی چلے -
الرَّاتِب - فا - عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم والرَّاتِبُ عند المحدثین: تنخواہ - وظیفہ - ج رَوَاتِب - الرَّوَاتِب: سنن موکدہ -
المَرْتَبَة - درجہ - اعلیٰ درجہ - ج مَرَاتِب
رَتَجَ (ن) رَتْجًا - البَابَ: دروازہ بند کرنا (— رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا -
رَتَّجَ (س) رَتَّجًا - الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -
أَرْتَجَ - البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا — الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا -
— الخَصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا -
— الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا -
— البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا -
أُرْتِجَ وَارْتَجَّ وَاسْتُرْتِجَ - الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -
الرَّتَج والرِّتَاج - پھاٹک - بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو -
سکۃ (رَتَجٌ) بند گلی - مَالٌ رَتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو -
الرِّتَاجَة - چٹان - ج رَتَائِج -
(— والمَرْتَج) تنگ راستہ - ج مَرَاتِج -
المِرْتَاجَة - تنگ راستہ - کنجی -

مکان (مُرْتَجٌ) بہت نباتات والی جگہ -
رَتَّخَ (ف) رُتُوخًا - العَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا
— بِالمَكَانِ: اقامت کرنا — مِنَ الخَيْرِ: پیچھے رہنا -
الرَّتَخَة - سخت کیچڑ -
جلد (أَرْتَخ) خشک کھال -
رَتْرَتَ - حرف تایا را کے بولنے میں ہکلانا -
رَتَعَ (ف) رَتْعًا ورُتُوعًا ورِتَاعًا - آسودہ زندگی بسر کرنا — فی المكان: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا - صفت (رَاتِع) ج رُتَّع ورُتَّع ورِتَاع ورُتُوع و رَاتِعُون - رَتَعَ فِي مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا -
فِي لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا -
أَرْتَعَ - القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا — الأَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا — الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا -
الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا -
الرَّتْعَة - سرسبزی کی کثرت - اور اسی سے "أَسْمَنَنِي القَيْدُ وَالرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا -
الرَّتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو - كَلَأٌ رَتِعٌ: چرنے والے کے لئے کافی گھاس -
الارْتِتَاع - مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ - کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ أَرْتَعًا مِنَ النَّاسِ" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا -
الرَّتَّاع - سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا -
المُرْتَع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو -
المَرْتَع - چراگاہ -
رَتَقَ (ن) رَتْقًا - الثَّوْبَ: جوڑنا —

الفَتْق: درست کرنا - کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے - وَرَتَقَ فَتْقَهُمْ "اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی
— الشَّيْءَ: بند کرنا -
ارْتَتَقَ - الشَّيْءُ: جڑ جانا -
الرِّتَاق - دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں -
الرَّتَقَة - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ ج رَتَق -
الرُّتُوق - عزت و شرف -
رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا ورَتَكًا ورَتَكَانًا البَعِيرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا -
أَرْتَكَ - البَعِيرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا - أَرْتَكَ الضَّحِكَ: آہستہ ہنسنا -
المِرْتَك - مرد اسنگ -
رَتَلَ (س) رَتْلًا - الشَّيْءَ: عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا - صفت (رَتِل)
رَتَّلَ - الكَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا -
— القُرْآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا -
تَرَتَّلَ - فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا -
الرَّتَل - مص - عمدہ گفتگو - کہا جاتا ہے "كَلَامٌ رَتَلٌ" خوبی - آراستگی - ہر چیز کی خوبی
ثَغْرٌ رَتَلٌ: خوبصورت ہموار دانت -
الترتیل - پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا - آواز کو عمدہ بنانا - مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں -
الأَرْتَل - اچھی ترتیب والا - تلانے والا
الرُّتَيْلَاء - کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ - ج رُتَيْلَاوَات - ایک قسم کی

نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔

رَتَمَہٗ (ض) رَتْماً۔ توڑنا یا کوٹنا — فی بَنِیْ فُلَانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَتَمَ بِکَلِمَۃٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (— رَتِیْماً) رَتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔

اَرْتَمَ وَتَرَتَّمَ وَارْتَتَمَ۔ یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا

الرَّتَمُ۔ ایک قسم کا درخت جس کے دانے سورکی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَۃٌ) الرَّتِمُ: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیا۔ آہستہ گفتگو راستہ۔

الرِّتَامُ۔ بوسیدہ۔

الرَّتِمَۃُ۔ بہ رَتِمٌ وَرِتَامٌ و (الرَّتِیْمَۃُ) بہ رَتَائِمُ: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔

الرَّتِیْمُ۔ آہستہ چال۔ وہ شخص جسکو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ بہ رُتَامِیٌّ

رُتَمٌ (رَتِمٌ وَرِتَمٌ) دائمی فساد۔

رَتَنَ (ن) رَتْناً۔ الشَّحْمَ بِالْعَجِیْنِ: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

رَتَا یَرْتُوْ رَتْواً۔ ڈھیلا کرنا۔ باندھنا

الرَّتْبُ: دل کو قوی کرنا — ہ اِلَیْہِ: ملانا

الرَّتْوُ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (— رَتْواً وَرُتُوّاً) برا سر: سر سے اشارہ کرنا — الرِّجْلُ: قدم رکھنا۔

رَتِیَ۔ فی فَرْجِہٖ: سست باز و ہونا

الرَّتْوَۃُ۔ قدم بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا وَبَیْنَہُمْ رَتْوَۃٌ" ہمارے اور اُن کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بقدار حد نظر کے ہے۔

الرَّاتِی۔ دوسروں سے زائد علم والا۔

رَثَّ (ض) رَثَاثَۃً وَرُثُوْثَۃً۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) بہ رِثَاث

اَرَثَّ اِرْثَاثاً۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔

اُرْتُثَّ۔ زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)

الرَّثُّ۔ مع۔ گھر کا ردی سامان۔ بہ رِثَاث کہا جاتا ہے "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔

الاَرَثُّ۔ بوسیدہ پرانا۔

الرَّثِیْثُ۔ بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مُردہ

الرِّثَّۃُ۔ گھر کا ردی سامان۔ بہ رِثٌّ و رِثَاث۔ کمزور لوگ۔

الرَّثَاثَۃُ۔ مع۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔

رَثَأَ (ف) رَثْأً۔ اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا — غَضَبُہٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

اَرْثَأَ وَارْتَثَأَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرْتِثَائِی رَایِہٖ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَأَ عَلَیْہِمُ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْثَاءٌ۔ الرَّثِیْثَۃُ: دہی پینا۔

الرَّثْءُ وَالرَّثَاءَۃُ۔ بیوقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔

الرَّثِیْثَۃُ۔ رَثْءُ اللَّبَنِ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

رَجُلٌ (مَرْثُوْثٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔

رَثَدَ (ن) رَثْداً وَارْتَثَدَ۔ الْمَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰی اَرْثَدَ" اُس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ الْقَوْمُ: جماعت ہونا۔

الرِّثْدُ وَالرِّثْدَۃُ۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الرَّثَدُ۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ الْبَیْتِ: گھر کا ردی سامان

المَرْثَدُ وَالمَرْثِدُ۔ فیاض و سخی مرد۔ المَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوْطاً وَارْثَطَ وَتَرَثَّطَ۔ فِی قُعُوْدِہٖ: نشست میں جمے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعاً۔ بہت حریص و لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) بہ رَثِعُوْنَ۔

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَاناً۔ المَطَرُ: لگاتار برسنا۔ — فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا — الشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَہٗ (ض) رَثْماً۔ الانف: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْمٌ و مَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ (س) رَثَماً وَارْثَمَّ۔ الفَرَسُ: ناک کے کنارہ پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ وَاَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثْمَاءُ وَرَثْمَاءُ) بہ رُثْمٌ

الرَّثَمُ وَالرِّثْمَۃُ۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَّثْمَۃُ۔ ہلکی بارش۔ بہ رِثَام۔

المِرْثَمُ وَالمِرْثَمَۃُ۔ ناک۔ بہ مَرَاثِمُ۔

رَثَنَ تَرْثِیْناً۔ اچھی طرح سے بارش ہونا

الرَّثَانُ۔ لگاتار بارش۔

اَرْضٌ (مَرْثُوْنَۃٌ وَمُرَثَّنَۃٌ) بارش شدہ زمین

رَثَا یَرْثُوْ رَثْواً وَرَثِیَ یَرْثِیْ رِثْیاً وَرَثَاءً وَرَثَایَۃً وَمَرْثَاۃً وَمَرْثِیَۃً۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔

رَثِیَ لَہٗ: رحم کرنا۔

رَثَی یَرْثِیْ رِثَایَۃً۔ عَنْہُ حَدِیْثاً: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثَیْ رَثًی وَرَثْیاً۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثِیَ وَتَرَثَّیَ۔ المَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَاءَۃُ وَالرَّثَایَۃُ۔ نوحہ کرنیوالی عورت

الرَّثْیَۃُ۔ جوڑوں کا درد (— وَالرَّثِیَۃُ) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاۃُ وَالمَرْثِیَۃُ۔ وہ اشعار وغیرہ۔

جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔
مَرَاثِ و مَرَاثِی السَّبْعُ عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔
الرَّثْوُ۔ دہی۔
رَجَّهُ۔ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَرَ (ن) و رَجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ۔ البَحْرُ: موج مارنا —— الکَلَامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّةُ۔ حرکت۔ رَجَّةُ القَوْمِ: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجُ۔ الغَنَمِ او النَّاسِ: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَةٌ" لاغر بھیڑ۔
نَاقَةٌ (رَجَّاءُ) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ۔ الأَمْرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَاتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا
الصَّائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ (ن) رَجْبًا۔ مِنْهُ: شرم کرنا۔
رَجَبَهُ بِكَلَامٍ سَيِّئٍ: تہمت لگانا —— رُجُوبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَهُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَهُ۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جَذَلُهَا المُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَيْل جذل کی اور عُذَيْق عذق کی تصغیر ہے جذل کے معنی تنہ اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹیکی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا —— الرَّجُلُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَبٌ۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ ج اَرْجَاب و رُجُوب و رِجَاب۔ کہا جاتا ہے۔ "اَعْجَلْتُكَ اِلَى سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھکو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔
الرُّجْبَةُ۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔
الرَّاجِبَةُ۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب
الاَرْجَاب۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّب۔ مفخم۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوحًا۔ المِيزَانُ: جھکنا —— الرَّأْيُ: غالب ہونا۔ —— هُ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔ —— دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا —— هُ بِيَدِهِ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا —— رَجَاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهُ وَاَرْجَحَهُ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجِّحْ وَاَرْجِحْ لَهُ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَهُ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ۔ الرَّأْيُ عِنْدَهُ: غالب و برتر ہونا —— فِي القَوْلِ: مائل ہونا —— الشَّيْءُ: ہلنا —— الأُرْجُوحَةُ بِهِ: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ۔ فِي الأُرْجُوحَةِ: جھولے میں جھکنا —— الإِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُّجُحُ۔ مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے —— مِنَ الكَتَائِبِ: لشکر گراں
الأُرْجُوحَةُ۔ ج اَرَاجِيحُ (الرُّجَاحَةُ و الرُّجَاحَةُ و المِرْجُوحَةُ) جھولا۔
الاَرَاجِيحُ۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَةٌ (رَجَاحٌ) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجَادًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّادٌ)

رُجِدَ رَجَدًا اور رُجِدَ وَارْتَجَدَ۔ کانپنا
رَجْرَجَ۔ بیقرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَهُ: حرکت دینا —— المَاءَ: کھود کر پانی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔ —— الشَّيْءُ فِي مَحَلِّهِ: آنا جانا۔
الرَّجْرَجُ۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔
الرِّجْرِجُ۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔
الرُّجْرُجُ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الرَّجْرَاجُ۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔
الرِّجْرِجَةُ۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت تھوک۔ بے عقل۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ و رَجَّازٌ و رَجَّازَةٌ) رَجَزَ بِهِ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَزَهُ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَهُ۔ صَاحَبَهُ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا —— الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا —— السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا —— الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا —— بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا —— الرَّجَزَ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْزُ و الرِّجْزُ۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجْزُ: گناہ۔
الرَّجَزُ۔ اوزانِ شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام
الرَّجَازَةُ۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی

ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈالکر بوجھ برابر کرنیکے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الرَّجُوزَة۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَراجیز۔

الرَّجَز۔ رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْساً۔ البَعِیرُ: اونٹ کا آواز کرنا — السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔ — فلاناً عَنِ الأَمْرِ: روکنا (— — وَارْجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) وَرَجُسَ (ک) رَجَاسَةً: بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ۔ السَّمَاءُ: گڑگڑانا — البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْس والرَّجَس والرِّجَس۔ گندی پلیدی۔ الرِّجْس: بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے۔ بَعِیرٌ وَسَحَابٌ رَجَّاسٌ "بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔ بَعِیرٌ رَجُوسٌ وَمِرْجَسٌ "تیز آواز نکالنے والا اونٹ

المِرْجَاس۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجُوسَة۔ فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوعاً وَمَرْجَعاً وَمَرْجِعَةً۔ وَرُجْعَى وَرُجْعَاناً۔ واپس آنا۔ لوٹنا — رَجْعاً وَمَرْجَعاً وَمَرْجِعاً) الكَلَامُ فِيهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ إِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں — العَلَفُ فِي المَاشِيَةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے رَجَعَ عَوْدُهُ عَلَى بَدْئِهِ "وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا — الشَّيْءَ عَنْهُ وَإِلَيْهِ: پھیرنا واپس کرنا۔ رد کرنا (— رُجُوعاً وَرِجَاعاً) الظِّلُّ: گرم گست سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ۔ فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (— وَرَجَّعَ) فِي المُصِيبَةِ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَّابَّةُ: قدم رکھنا۔ رَجَّعَ النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَهُ۔ فِي الأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا — هُ الكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرنا — الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

أَرْجَعَهُ۔ رد کرنا۔ پھیرنا — الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا — الرَّجُلُ فِي المُصِيبَةِ: — إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہنا — اللّٰهُ بَحِيلَةٍ: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ۔ النَّاقَةَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ إِلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔

المَرْأَةُ جَبِيَّهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔

اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بَاعَ خَيْلَهُ فَارْتَجَعَ مِنْهَا رَجَعَةً صَالِحَةً "اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ۔ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا — القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ۔ مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا — فِي المُصِيبَةِ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ کہنا۔ الحَمَامُ فِي عُشِّهِ: کبوتری کا گٹکری کرنا۔

الرَّجْع۔ مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع وَرُجْعَان وَرِجْعَان۔ الرَّجْعُ: لید۔ مِنَ الأَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو — مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کو مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز باز گشت۔

الرَّجِيع۔ مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ

ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيرٌ رَجِيعٌ۔ سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِعُ وَإِبِلٌ رَجِيعٌ أَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع۔ فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِعُ

الرَّجَعَة۔ رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت کو دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَة۔ واپسی۔

والرُّجْعَة والرُّجْعَى والرُّجْعَان و الرُّجُوعَة۔ خط کا جواب۔

المَرْجِع۔ لوٹنے کی جگہ۔ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوع والمَرْجُوعَة۔ خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ هٰذَا البَيْعُ مَرْجُوعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع۔ مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔

الرِّجَاع۔ مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج أَرْجِعَة وَرُجُع۔

رَجَفَهُ (ن) رَجْفاً وَرَجَفَاناً وَرَجِيفاً۔ تیز ہلانا۔ ہلنا۔ (لازمی و متعدی — الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا الأَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔

القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا — الرَّعْدُ: گڑگڑانا — الأَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔

أَرْجَفَ۔ لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا — القَوْمُ: بالشَّيْءِ وفيه: — گھسنا — الرِّيحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔ أَرْجَفَتِ الأَرْضُ۔ زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ وَارْتَجَفَ۔ بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ۔ رَاسَہ: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا یَسْتَرْجِفُوْنَ الْاَرْضَ نَجْدَۃً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انھوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَّجْفَۃ۔ اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَّاجِف۔ فا۔ جوڑی والا بخار۔

الرَّاجِفَۃ۔ قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ

الرَّجَّاف۔ بہت کانپنے والا۔ سمندر قیامت کا دن۔

الاَرَاجِیْف۔ گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِیْفُ کَثُرَتِ الْاَرَاجِیْف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔

التَّرَجُّف۔ اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا۔ الْفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا الشَّاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَہٗ: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا۔ پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا — الدَّابَّۃ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعَرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا — الْفَصِیْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑنا۔

رَجَّلَہٗ۔ قوی کرنا — الشَّعَرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَہٗ۔ مہلت دینا۔ پیدل چلانا الْفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ۔ سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔ — الْمَرْأَۃُ: مرد جیسی ہونا — الشَّمْسُ: — آفتاب کا بلند ہونا — الْبِئْرَ وَفِی الْبِئْرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اترنا — الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ۔ دیگچی میں پکانا الشَّاۃَ: ٹانگیں باندھنا — ہ: پاؤں سے پکڑنا — الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا — الْکَلَامَ: فی البدیہہ کہنا — برایہ: منفرد ہونا — الرَّجُلُ: پیدل چلنا — النَّہَارُ: دن کا چڑھنا — الْفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رَجَلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجُل۔ مم۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعَرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِّجْل۔ ج اَرْجُل: پاؤں — ج اَرْجَال۔ کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلُ دِفَاعٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرِّجْل: پاجامہ۔ سفید کوڑا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پائخانہ بہت سونیوالا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو۔ "اَنَا مِنْ اَمْرِیْ عَلٰی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ الْبَحْرِ۔ کھاڑی خلیج۔ رِجْلَا السَّہْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الْغُرَابِ وَرِجْلُ الْجَرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الْجَبَّارِ وَرِجْلُ الْجَوْزَاءِ وَرِجْلُ قَنْطُوْرُس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یُقَدِّمُ رِجْلًا وَیُؤَخِّرُ اُخْرٰی" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَّجُل۔ مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال رَجَلَۃ وَرِجْلَۃ وَاَرَاجِل وَرَجَالَات۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ رُجُلٌ فِی الرِّجَال "فلاں کامل مرد ہے

الرَّجَل۔ مم — مِنَ الشَّعَرِ: کم گھنگھریالے بال۔ ج اَرْجَال وَرَجَالٰی۔

الرَّاجِل۔ پیدل چلنے والا۔ الرَّجِلُ مِنَ الشَّعَرِ: کم گھنگھریالے بال۔

الرَّاجِل۔ فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل وَرَجَّالَۃ وَرُجَّال وَرِجَال وَرُجَّالٰی وَرَجَالٰی وَرُجْلَان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَیَّالَۃُ وَالرَّجَّالَۃُ" سوار و پیادے سب آئے۔ "وَاَغَارَ عَلَیْہِمْ بِخَیْلِہٖ وَرَجْلِہٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں کو لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد

الرِّجْلَۃ۔ خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اگنے کی جگہ۔ ج رِجَل۔

الرُّجْلَۃ۔ چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَۃ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجُلَۃ۔ عورت۔

الرَّجِیْل۔ ج۔ اَرْجِلَۃ وَاَرَاجِیْل وَاَرَاجِل: پیدل چلنے والا — ج رَجْلٰی وَرُجَالٰی وَرَجَالٰی بہت چلنے پر قادر۔ کَلَامٌ رَجِیْل: فی البدیہہ کلام۔ رُجُلٌ رَجِیْلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مکان رَجِیْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فرس رَجِیْل: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جسکو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِیْل۔ شکاری لوگ۔

الرُّجُولَۃ وَالرُّجُولِیَّۃ وَالرَّجُولِیَّۃ وَالرِّجْلِیَّۃ۔ مردی۔ مردانگی۔

الرَّجْلَان۔ پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰی وَرَجَالٰی وَرُجْلٰی۔ مؤنث رَجْلٰی۔ ج رِجَال رُجَالٰی

الاَرْجَل۔ مِنَ الدَّوَابِّ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رُجُلٌ اَرْجَل۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلَاءُ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "ہُوَ اَرْجَلُہُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَّرْجِیْل۔ مم۔ جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَّرَاجِیْل۔ کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل۔ دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔

المِرْجَل۔ مِنَ النَّسِیْجِ وَنَحْوِہٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔ مِنَ الثِّیَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَاَۃٌ مُرْجِل (مُرْجِلٌ) لڑکے ہی جننے والی عورت

رَجَمَہٗ (ن) رَجْمًا۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔ — الْقَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَّجْلُ: اکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ رَجْمٌ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔
رَجَمَ۔ اکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَمَ بِالْغَيْبِ" اس نے اکل پچو باتیں کیں
قبر: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
رَاجَمَهُ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھر اؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهِ: مدافعت کرنا ــــ ہ
فِي الْحَرْبِ اوِ الْكَلَامِ اوِ الْعَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالکلام: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ۔ الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّجْمُ۔ مص۔ دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوْم۔ الرَّجْمُ: اکل کی گفتگو کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالْغَيْبِ" اکل پچو۔ وصَارَ فُلَانٌ رَجْمًا" فلاں حقیقتِ حال سے واقف نہیں
الرَّجَمُ۔ کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔
الرُّجُمُ۔ ستارے کی مانند جو آسمان کو لڑتے ہوئے معلوم ہوں کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رَجْم)
الرَّجْمَةُ الرَّجْمَةُ۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بچو کا بھٹ ج رَجْم ورِجَم
الرَّجِيْمُ۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرَّجَامُ۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجَامَةٌ)
الرِّجَامَانِ۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔
الْمَرْجَمَةُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط قوی مرد۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔
حَدِيْثُ الرَّجْمِ) ظنی بات۔ بات جسکی حقیقت معلوم نہ ہو۔
الْمِرْجَامُ۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔
مِنَ الْاِبِلِ: مضبوط اونٹ۔
الْمُرَاجَمَةُ۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالْمَرَاجِمِ" انھوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ (ن) ورَجِنَ (س) ورَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بالمکان: اقامت کرنا ــــ الْحَيَوَانُ: مانوس ہونا۔
رَجَنَ (ن) رَجْنًا ورَجَّنَ وأَرْجَنَ الدَّابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فُلَانًا: شرم کرنا۔ وأَرْجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا
اِرْتَجَنَ۔ بالمکان: اقامت کرنا ــــ
الزُّبْدُ: پرنے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ــــ عَلَى الْقَوْمِ اَمْرُهُمْ۔ گڑبڑ و فاسد ہونا
الرَّجِيْنُ۔ مہلک زہر۔
الرَّجِيْنَةُ۔ جماعت۔
الْمَرْجُوْنَةُ۔ ٹوکرا۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَهَ (ض) رَجْهًا۔ ہلنا ــــ بالشَّيْءِ: دانتوں سے پکڑنا۔
أَرْجَهَ۔ الْأَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔
رَجَا (ن) رَجَاءً ورَجْوًا ورَجَاةً ومَرْجَاةً ورَجَاوَةً ورَجَاءَةً۔ پُرامید ہونا ــــ الشَّيْءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا ــــ الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔
رَجِيَ (س) رَجًا۔ کلام سے رُک جانا۔
رُجِيَ۔ عَلَيْهِ: کلام منقطع ہونا۔
رَجَّى وتَرَجَّى وأَرْجَى۔ الشَّيْءَ: امید کرنا
رَجَّى وأَرْجَى فُلَانًا: امید لگانا۔ وأَرْجَى الشَّيْءَ: خوف کرنا۔
أَرْجَى۔ الْأَمْرَ: مؤخر کرنا ــــ الصَّيْدَ: نہ پانا
أَرْجَى الْبِئْرَ: کنوئیں کا من بنانا أَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہونچنا۔
الرَّجَا والرَّجَاءُ۔ کنارا۔ رَجَوَا الْبِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاءُ: جھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِيَّةُ۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِي فِي فُلَانٍ رَجِيَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔
الْأُرْجِيَّةُ۔ جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے
الرَّجَّةُ۔ سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو
الرَّجَحُ۔ کھرکی چوڑائی۔
الرُّجُحُ۔ چوڑے پیالے۔
الْأَرْجَحُ۔ بھرے تلوے والا۔ مؤنث رَجْحَاءُ ج رُجْحٌ۔
رَحُبَ (س) رَحَابًا ورَحُبَ (ک) رُحْبًا ورَحَابَةً۔ المکانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ ورَحِيْبٌ ورُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَ بِكَ الْأَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے۔ (اور یہ شاذ ہے)
رَحَّبَ۔ المکان: کشادہ کرنا (ــ بہ مرحبا) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
أَرْحَبَ۔ المکانُ: کشادہ ہونا ــــ المکانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "أَرْحِبْ يَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاحَبَ۔ کشادہ ہونا۔
الرَّحْبُ۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ رَحْبٌ وأَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ ورَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ ورَحْبُ الْفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ ورَحْبُ الْبَاعِ اوِ الذِّرَاعِ" فیاض۔ سخی
الرُّحْبَى۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَيَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحْبَةُ والرُّحْبَةُ۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو۔ اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ــــ مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن ــــ مِنَ الْوَادِي وادی کی دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب ورُحُب ورَحَبَات ورُحَبَات
الرَّحِيْبُ۔ بہت کھانے والا۔
التَّرْحَابُ۔ خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد

رَحِيبَةٌ۔

المَرْحَب۔ کشادگی۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ "وَمَرْحَبَكَ اللّٰهُ" "مَسْهَلَكَ اللّٰهُ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "أَهْلًا وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ "لَا مَرْحَبًا بِكَ"

رَحْرَحَ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا — الشَّيْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا — بِالْكَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَح وَالرَّحْرَاح وَالرَّحْرَحَان۔ پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ وَرَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ (ف) رَحْضًا وَأَرْحَضَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ۔ المَحْمُومُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ۔ الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحِيضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک پرانا توشہ دان۔

الرُّحَاض۔ پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَة۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِيض۔ دھویا ہوا۔

المِرْحَاض۔ غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِحْباط کہتے ہیں) پائخانہ جو مَرَاحِيض۔

المِرْحَضَة وَالمِرْحَاضَة۔ کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

أَرْحَفَ إِرْحَافًا۔ السِّكِّينَ: چھری تیز کرنا

الرُّحَاق وَالرَّحِيق۔ شراب۔ الرَّحِيق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِيقٌ: بے داغ حسب — مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ (ف) رَحْلًا وَرَحِيلًا وَتَرْحَالًا۔ عَنِ المَكَانِ: ترکِ وطن کرنا — إِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا — البَعِيرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَكَ نَفْسِي" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا — هـ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا — البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَهُ۔ کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا — الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اِرْتَحَلَ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا — الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا — هـ: سواری دینا۔ — الإِبِلَ أَوِ النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ۔ القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا فلانا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا

اِرْتَحَلَ۔ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا — البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ — الأَمْرُ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ۔ سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا — النَّاسَ نَفْسَهُ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل۔ مع۔ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ إِلَى رَحْلِهِ" مسافر اپنے قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامانِ سفر۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَهُ وَأَلْقَى رَحْلَهُ" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ جر رِحَالٌ وَأَرْحُلٌ۔ الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَة۔ کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔

الرُّحْلَة۔ جہتِ سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہتِ سفر دمشق ہے۔ سفر

عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِيرٌ ذُو رُحْلَةٍ وَرِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔

الرَّحِيل۔ مص۔ کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جمل رَحِيلٌ وناقة رَحِيلَةٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل۔ فا۔ جر رَاحِلُونَ۔ وَرَحَّلٌ وَرُحَّالٌ۔

الرَّاحِلَة۔ مِنَ الإِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) جر رَوَاحِل۔

الرِّحَالَة۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کی زین۔ جر رَحَائِل۔

الأَرْحَل۔ مِنَ الخَيْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال۔ کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ جر رَحَّالَةٌ۔

الرَّحَّالَة۔ بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُول۔ بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُول۔ کجاوہ۔

المَرْحَلَة۔ مسافر کے ایک دن کا سفر۔ جر مَرَاحِل۔

المُرْحِل۔ بہت سواری کے جانور والا۔ (۔۔۔ والمِرْحَل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل۔ مِنَ الإِبِلِ: کجاوہ کسا ہوا اونٹ — مِنَ الثِّيَابِ۔ کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَل۔ البَعِيرُ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ

رَحِمَهُ (س) رَحْمَةً وَمَرْحَمَةً وَرُحْمًا وَرُحْمًا۔ نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) وَرَحُمَتْ (ک) رَحَامَةً

رَحِمَا و رَحَامَۃٌ و رُحْمَتٍ - المَرْأَۃُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْم و رَحِمَۃ و رَحْمَاء)

رَحِمَہٗ و تَرَحَّمَ - عَلَیْہِ: کسی کے متعلق "رحمۃ اللہ" کہنا۔

تَرَاحَمَ - القَوْمُ: ایک دوسری پر مہربانی کرنا

اِسْتَرْحَمَہٗ - مہربانی طلب کرنا۔

اَلرَّحِم والرِّحْم (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوالرَّحِم" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحَام۔

اَلرُّحَام - بچہ دانی کے ایک مرض کا نام

اَلرَّحْمَۃ و الرَّحْمٰی و الرُّحْم - نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔

اَلرَّحُوْمِیَّۃ - بڑی مہربانی۔

اَلرَّاحِم و الرَّحُوْم - مہربانی کرنے والا۔

اَلرَّحِیْم - مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَمَاء۔ اَلرَّحِیْم - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلرَّحْمٰن - مہربانی کرنیوالا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔

اَلْمَرْحَمَۃ - مہربانی۔ ج مَرَاحِم۔

اَلْمَرْحُوْم - جس پر مہربانی کی جائے (— و المَرْحُوْم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

اَلرَّحَامِس - دلاور مرد۔

رَحَا یَرْحُو رَحْوًا و رَحِیَ یَرْحَی رَحْیًا و تَرَحَّی - الیَدُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَّحٰی: چکی چلانا۔

اَلرَّحٰی (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَوَان و رَحَیَان ج اَرْحَاء و اَرْحِیَۃ و اَرْحٍ و رِحِیٌّ و اَرْحِیٌّ۔ اَلرَّحٰی: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَحَی قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے و دافع۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَہُمْ بِاَرْحَائِہٖ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ باوں۔ وہ قبیلہ جو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحَاء۔

اَلْمِرْحَی - چکی ساز۔

اَلْمِرْحَی - گھمسان کا رن۔

رَخَّ (ن) رَخًّا - پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا — الشَّرَابَ: پانی ملانا۔

رَخَّ (ض) رَخًّا - العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔

اَرَخَّ - فی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا — العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرْتَخَّ - الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔

اَلرَّخَّۃ - نرمی۔ سہولت۔

اَلرُّخّ - ایک خیالی بڑے جانور کا نام (واحد) رُخَّۃ - شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخَاخ و رِخَّۃ۔

اَلرَّخَاخ - نرم گھاس۔ عَیْشٌ رَخَاخٌ: آسودہ زندگی۔ رَخَاخُ العَیْش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین۔ اَرْضٌ (رَخَاء) نرم زمین۔ ج رُخُوْت۔ (جدید) اَلرَّخْرَخ و الرَّخْرَاخ - پتلا گارا۔

تَرَخْرَشَ و اِرْتَخْرَشَ - ہلنا مضطرب ہونا

اَلرَّخْرَشَۃ - اضطراب۔ حرکت۔

رَخُصَ (ک) رُخْصًا - الشَّیْءُ: سستا ہونا صفت (رَخِیْص) (— رَخَاصَۃٌ و رُخُوْصَۃٌ) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخُصٌ و رَخِیْصٌ) مؤنث رَخُصَۃٌ۔ ج رَخَائِص۔

رَخَّصَ - السِّعْرُ: بھاؤ سستا کرنا — لَہٗ کَذَا و فِی کَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا

اَرْخَصَہٗ - سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا

تَرَخَّصَ - فی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا — فِی کَذَا: اجازت دیا جانا۔

فِی حَقِّہٖ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرْتَخَصَہٗ - سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔

اِسْتَرْخَصَ - الشَّیْءَ: سستا سمجھنا۔

اَلرُّخْصَۃ و الرُّخْصَۃ - تخفیف، آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَکَ فِی ھٰذَا الاَمْرِ رُخْصَۃٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ پیسے کی بارش۔

مَوْتٌ رَخِیْص - جلدی آنے والی موت۔

رَخَفَ (ن) رَخْفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا و رَخُفَ (ک) رَخَافَۃً و رُخُوْفَۃً - العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ و رَاخِفٌ)

اَرْخَفَ - العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔

اَلرَّخْف و الرَّخْفَۃ - پتلا کھن گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخَاف۔

اَلرَّخُفَۃ و الرَّخِفُ - نرم و پتلا پتھر۔

اَلرِّخْل و الرَّخِل و الرِّخْلَۃ - بھیڑ کا مادہ بچہ ج اَرْخُل و رُخَال و رِخَال و رِخْلَان و رِخْلَۃ و رِخَلَۃ

اَلْمُتَرَخِّل - بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا

رَخَمَ (ن) رَخْمًا و رَخَمَ (ک) رَخَامَۃً - الصَّوْتُ او الکَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِیْم) — الجَارِیَۃُ: نرم گفتگو والی ہونا صفت (رَخِیْمَۃ و رَخِیْم)

رَخِمَتْ (ن) رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمَۃً - الدَّجَاجَۃُ البَیْضَ و عَلَی البَیْضِ (اَرْخَمَتْ) عَلَی البَیْضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِمٌ و مُرْخِمٌ و مُرْخِمَۃٌ)

رَخِمَتْ (ض ن) رَخْمًا و رَخَمَۃً و رَخَمَۃً - المَرْأَۃُ وَلَدَہَا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا و رَخَمَہٗ: مہربانی کرنا۔

رَخِمَہٗ - رَحِمَہٗ میں ایک لغت ہے۔

رَخَمَہٗ تَرْخِیْمًا - الشَّیْءَ: دُم کاٹ دینا۔ اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔ نرم آواز کر دینا — الدَّجَاجَۃَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

اَلرَّخَم - ہم۔ گدھ۔ واحد (رَخَمَۃ) ج رُخَم نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

اَلرُّخَام - سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخَامَۃ) کہتے ہیں۔

الرُّخَامیٰ - نرم ہوا - ایک قسم کی نباتات -
الأَرْخَم - مِنَ الخَیل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو - مؤنث رَخماء، جمع رُخم -
التَّرَخُّم والیَرْخُم والیَرْخُوم - نرگدھ
رَخِیَ (س) رَخاوَۃً ورُخُوَّۃً ورَخُوکَ (ک) رَخاوَۃً - نرم ہونا - آسان ہونا - آسودہ زندگی والا ہونا - صفت (رَخُو ورُخُو ورَخْو)
رَخَا (ن) ورَخِیَ (ف) ورَخِیَ (س) ورَخُوَ (ک) رَخاء) العَیْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا - صفت (رَاخٍ ورَخِیٌّ)
رَاخَاہُ مُراخَاۃً - دور کرنا - جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرارَ یُراخِی الأَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی — الشَّیْءَ: نرم کرنا — العُقْدَۃَ: گرہ کھولنا - کہا جاتا ہے "رَاخَی خَنَاقَہٗ وَرِبَاقَہٗ" یعنی اُس نے اُسے مہلت دی - رَاخَتِ المَرْأَۃُ: بچہ جننے کے قریب ہونا -
أَرْخَی إِرْخَاءً - الشَّیْءَ: نرم کرنا — الفَرَسَ وَلِلفَرَسِ: گھوڑے کی رسّی ڈھیلی کرنا کہا جاتا ہے "أَرْخِ لَہُ الحَبْلَ" اس کی رسّی ڈھیلی کر دو - یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو — السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "أَرْخَی عِمَامَتَہٗ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا — دَابَّۃَ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا — زِمَامَ النَّاقَۃِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا -
رَخَّی - الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا -
تَرَاخَی تَرَاخِیًا - عَنْہُ: دور ہونا: پیچھے ہٹنا - دیر کرنا - کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ": یعنی بارش میں دیر ہوئی - تَرَاخَی الفَرَسُ: گھوڑی کا دوڑنے میں سُست ہونا - کہا جاتا ہے "إِنَّ فِی الأَمْرِ تَرَاخِیًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے -
اِرْتَخَی وَاسْتَرْخَی - نرم ہونا -
استرخت بہ حالہٗ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی -
الرَّخَاء - مص - فراخی زندگی -
الرُّخَاء - نرم ہونا -
الأُرْخِیَّۃ - ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے - جمع أَرَاخِیّ -
المِرْخَاء - تیز دوڑنے والا جانور - جمع مَرَاخِیّ (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے - "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ وَأَتَانٌ مِرْخَاءٌ"
رَدَّہٗ (ن) رَدًّا ومَرَدًّا ومَرْدُودًا ورَدِیدَی - عَنْ کَذَا: پھیرنا - واپس کرنا - لوٹانا رَدَّ فُلَانًا: خطا کار ٹھہرانا — البَابَ: بھیڑ دینا — عَلَیْہِ الشَّیْءَ: پھیر دینا - قبول نہ کرنا -
— إِلَیْہِ جَوَابًا: جواب بھیجنا — ہ إِلَی بَیْتِہٖ" لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یَرُدُّ ہٰذَا عَلَیْکَ شَیْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا — الشَّیْءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُورَہُنَّ السُّودَ بَیْضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا - رَدَّدَ القَوْلَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا
تَرَدَّدَ - القَوْلُ: بمعنی رَدَّدَ القَوْلَ (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّہٗ - الشَّیْءَ: واپس کر دینا — ہ فِی الکَلَامِ: بحث کرنا -
أَرَدَّ - البَحْرُ: جوش میں آنا — الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا — الشَّاۃُ: تھن والی ہونا - صفت (مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ - رد ہونا — فِی الأَمْرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا — إِلَیْہِ: بار بار آنا (— وتَرَادَّ فِی الجَوَابِ - زبان کا لڑکھڑانا -
تَرَادَّا - البَیْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا - تَرَادَّ المَاءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا -
اِرْتَدَّ - الشَّیْءَ: واپس کرنا - واپس کرنے کو کہنا — عَلَی أَثَرِہٖ أَوْ عَنْ طَرِیقِہٖ: لوٹنا — عَنْ دِینِہٖ: دین کو چھوڑنا - دین سے پھر جانا - عَنْ ہِبَتِہٖ: ہبہ کو لوٹا لینا — إِلَی الصَّوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا -
اِسْتَرَدَّ - الشَّیْءَ: واپس کرنے کو کہنا — ہ الشَّیْءَ: واپسی چاہنا — الہِبَۃَ: ہبہ کو لوٹا لینا -
الرَّدّ - مص - زبان کی لڑکھڑاہٹ - نباتات کی کثرت - کہا جاتا ہے "ضَیْعَۃٌ کَثِیرَۃُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائداد - شَیْءٌ رَدٌّ: ردی چیز - امر مخالف سنت کام - دِرْہَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم - کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنِی مِنْ رُدُودِ الدَّرَاہِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو -
الرِّدّ - چیز کا سہارا -
الرُّدَیْ - طلاق دی ہوئی عورت -
الرَّدَّۃ - ردّ کا اسم مرۃ - کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی - کہا جاتا ہے "فِی وَجْہِہٖ رَدَّۃٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے
الرِّدَّۃ - اِرتداد کا اسم - ٹھوڑی کا پچکنا، بہار کی گونج - بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا - کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الإِبِلُ رِدَّۃً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا -
الرَّدَاد والرِّدَاد - واپسی -
الرَّادِیُن - بادل جو برس چکا ہو -
التَّرْدَاد - رد - تکرار -
الأَرَدّ - نافع تر -
الرَّادَّۃ والمَرَدَّۃ - فائدہ - کہا جاتا ہے "لَا رَادَّۃَ أَوْ لَا مَرَدَّۃَ فِیہِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں -
المُرِدّ - فا - مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا - غضبناک - سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی - اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو جمع مَرَادٰی -
المِرَدّ - مِنَ الرِّجَالِ: بہت رد کرنے والا بہت حملہ کرنے والا -
المَرْدُود - مفع - مص - زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا - یا مدت تک سفر میں رہنے والا -
المَرْدُودَۃ - مردود کا مؤنث - استر -
المُرَدَّد - حیران و سرگشتہ -
رَدَأَ (ف) رَدْءًا - الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگا

— الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ رَدَاءَۃً: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاعَۃً: ردی ہونا۔ صفت (رَدِیٌ) ج اَرْدِیَاءُ وَاَرْدِیَۃٌ۔
اَرْدَأَ: برا کام کرنا یا بری چیز پر پہونچنا — ہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا — البِسْتَرَ: لٹکانا — الحَائِطَ: دیوار کو تھم لگانا — فُلَانًا: تسکین دینا برقرار رکھنا — ہ عَلٰی مَائِۃٍ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ۔ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ: مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج اَرْدَاءٌ۔
تَرَدَّبَہٗ۔ نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْبُ۔ راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الرِّدَبُ۔ چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ سطح زمین پر پہنے والی۔ ج اَرَادِبُ۔
الرِّدَبَّۃُ۔ چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَجَ۔ (ن) رَدْجًا۔ جانا۔ گذرنا۔
الرَّدْجُ۔ نوپید میمنے کی مینگنی۔ نوپید بچھڑے کی لید۔
الرَّدَاجُ۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا۔ ثابت قدم رہنا الشَّیْءَ: زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔ (وَاَرْدَحَ) البَیْتَ: گاڑھا گاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ۔ الشَّیْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْحُ۔ مص۔ ہلکا درد۔
الرَّدَحُ۔ لمبی مدت۔ کہا جاتا ہے "اَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّہْرِ" اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاحُ۔ بہت بڑا لشکر۔ تار کی بڑا درخت بڑا پیالہ — مِنَ الکِبَاشِ: بڑی چکتی والا دنبہ ج۔ رُدُحٌ۔
الرَّدْحَۃُ۔ خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔
الرُّدَحَۃُ الصَّائِدُ: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے ارد گرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَۃُ والرِّدَاحَۃُ۔ بچوں کے شکار کے لئے مکان۔

المِرْتَدَحُ۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدَحِیُّ۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ (ف) رَدْخًا۔ رَاسَہٗ: سر توڑنا۔
رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا۔ القَوْمَ: پتھر مارنا — الحَائِطَ: گرانا ڈھانا — الرَّجُلَ: ذلیل کرنا — الاَرْضَ: ہموار کرنا — بالشَّیْءِ: لیجانا — الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَہٗ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ۔ مِنْ مَکَانِہٖ: گرنا۔
المِرْدَسُ والمِرْدَاسُ۔ پتھر توڑنے کا آلہ سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوْسٌ وَرِدِّیْسٌ) بہت دفع کرنے والا
رَدَعَہٗ (ف) رَدْعًا۔ عَنْ کَذَا: روکنا ہٹانا — ہ بالشَّیْءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ فَرَدَعَ بِہِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر ٹپک دیا۔ — السَّہْمُ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا — المَرْاَۃُ: جماع کرنا —
رُدِعَ۔ رَدْعَۃً: خاموش ہونا اور چہرہ کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِہٖ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَہٗ۔ بِالزَّعْفَرَانِ: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ۔ لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا
اِرْتَدَعَ۔ باز رہنا — بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا — السَّہْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْعُ۔ مص۔ گردن۔ زعفران جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ رَدْعَہٗ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ وَرَکِبَ البَعِیْرُ رَدْعَہٗ جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اسکے جوف میں داخل ہو جائے۔
قَمِیْصٌ (رِدَاعٌ) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاعُ۔ کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاعُ۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی
الرَّدِیْعُ۔ پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیْعٌ: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَہْمٌ (رَدِیْعٌ وَمُرَدَّعٌ) تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَعُ۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعِلُ۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ (ف) رَدْغًا۔ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِہِ الاَرْضَ: پٹک دینا۔
اَرْدَغَ۔ المَکَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدُوْغٌ)
اِرْتَدَغَ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغُ والرِّدَاغُ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدَغَۃُ والرَّدْغَۃُ۔ سخت کیچڑ ج رُدُوْغٌ رَدْغٌ وَرِدَاغٌ وَرَدَغَاتٌ۔ مَاءٌ رَدْغَۃٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیْعُ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَۃُ۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پُررونق باغ۔ ج مَرَادِغُ۔
رَدَفَہٗ (ن) وَرَدِفَ لَہٗ (س) رَدْفًا۔ پیچھے ہونا۔ رَدَفَہٗ وَرَدِفَ لَہٗ: پیچھے سوار ہونا۔ رَدِیْف بننا۔ رَدِفَ الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَہٗ۔ ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّۃٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کرتا۔ اَرْدَفَ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ وَعَلَیْہِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "اَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلٰی خَیْلٍ" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ اَرْدَفَ لَہٗ: پیچھے آنا — الاَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادُفٌ، اِرْتِدَافٌ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔

اِرْتَدَفَ: پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ الْعَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا۔ ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا
تَرَدَّفَ: پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَ: پیچھے سوار کرنیکی درخواست کرنا۔
الرِّدْف: پیچھے سوار ہونیوالا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر۔ فِی الْجَاہِلِیَّۃِ: زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا۔ اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا۔ اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔
ج اَرْدَاف۔ الرِّدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِّدْفَان: رَاْدِن
الرِّدْف والرِّدَاف: مِنَ الدَّابَّۃِ: جانور کا چوتڑ۔
الرَّدِیْف: سوار کے پیچھے سوار ہونیوالا۔ ج رِدَاف وردُفَاء: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِیْف فِی اصْطِلَاحِ الْجُنْدِیَّۃِ: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بُلا لیا جائے۔
الرَّادِفَۃ والرَّادُوْف: رَدَاف کا واحد ہے اور رَوَادِف درخت خرما کے اُس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَہُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ وَرَوَادِفَ"
الرَّوَادِف: سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم
الرَّادِفَۃ: بادشاہ کی قائم مقامی۔
الرَّدَافَی: مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُدَافَی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔
الرَّدَق: جانور کے نوزائیدہ بچہ کا پائخانہ جو کچھ کھانے سے پہلے کرے۔

رَوْدَکَہٗ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
الرَّوْدَک: خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَکَۃ
رَدَمَ (ن) رَدْمًا: الثَّوْبَ: پیوند لگانا۔ ہ: دروازہ بند کرنا۔ القَوْسَ: کمان کو کھینچکر آواز نکالنا۔ البَعِیْرَ: چھونا۔
رَدَمَ (ن) رَدْمًا: الشَّیْءُ: بہنا۔ السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا۔ الحُمّٰی: ہمیشہ بخار رہنا۔ الشَّجَرَۃُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ رُدِمَ الشَّیْءُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔
اَرْدَمَ: السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا۔ الحُمّٰی عَلَیْہِ: ہمیشہ بخار رہنا۔
رَدَّمَ: الثَّوْبَ: پیوند لگانا۔ النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِہَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔
تَرَدَّمَ: ثَوْبَہٗ: کپڑے میں پیوند لگانا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا
الخُصُوْمَۃُ: جھگڑے کا طویل ہونا ہ: در پے ہو کر حقیقت معلوم کرنا۔ النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِہَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔ القَوْمُ الْاَرْضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔
الرَّدْم: مم۔ دیوار کا طبہ۔ کمان کی آواز۔ (۔ والرُّدَام والمُرْدَام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو
الرَّدَم: رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم۔
الرَّدِیْم: مِنَ الثِّیَاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم۔
الاَرْدَم: ماہر ملاح۔ ج اَلْاَرْدَمُوْن۔
ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ مُرْتَدَمٌ) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔
المُتَرَدِّم: پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "ہَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدِّمٍ" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانیکی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔
رَدَنَ (ض) رَدْنًا: الاشیاء: تہ بتہ رکھنا۔ المَرْأَۃُ: تکلے پر کاتنا۔ النَّارَ: آگ سلگانا
رَدِنَ (س) رَدَنًا: الجِلْدُ: سکڑنا۔

رَدَنَ وَاَرْدَنَ: القَمِیْصَ: آستین لگانا۔
اَرْدَنَتِ الحُمّٰی: بخار کا مدت تک رہنا۔
اِرْتَدَنَتْ: المَرْأَۃُ: تکلا بنانا۔
الرُّدْن: آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثَقُلَ رُدْنُہٗ" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدَان۔
الرَّدْن: مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔
الرَّدَن: سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان۔
الرَّادِن: فا۔ زعفران۔
اَحْمَر رَادِنِی: سُرخ جس میں زردی ملی ہو۔
الاَرْدَن: ایک قسم کا سُرخ رنگ کا ریشم۔
الرُّدَیْنِی: نیزہ۔ رُدَیْنَہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔
المِرْدَن: تکلا۔
المُرْدِن: تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔
خَیْطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔
رَدَهَ (ف) رَدْهًا: فلانا بجر: سنگسار کرنا
۔ البَیْتَ: بڑا مکان بنانا۔
رَدَهَ: الرَّجُلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔
الرَّدْهَۃ: پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے۔ سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْہ ورَدَاہ ورُدَہ۔
رَدَی (ض) رَدْیًا وَرَدَیَانًا: الشَّیْءَ: ہ: دھکا دینا۔ ہ بحجر: پتھر مارنا۔
الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا
الجَارِیَۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا۔ فُلَانٌ: جاتا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَیْنَ رَدَی" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ فِی البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ فلان: بلند پہاڑ سے گرنا۔ عَلَی الحُسَیْنِ بْنِ عَمْرٍو: زائد ہونا۔
رَدِیَ (س) رَدًی: ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّی۔ الرَّجُلَ: ہلاک کرنا: چادر اُڑھانا۔ ــــ ہ فی البئر: کنوئیں میں گرانا ــــ مالَہٗ: زیادہ ہونا ــــ علی الخمسین: زائد ہونا ــــ الفرسَ: کُدانا۔

رَادَی مُرَادَاۃً۔ الرَّجُلَ: پھسلانا: نرمی برتنا ــــ عن القوم: کسی قوم کی جانب سے دشمنوں پر پتھراؤ کرنا۔

تَرَدَّی۔ چادر اُڑھانا۔ تَرَدَّی فی البئر: کنوئیں میں گرنا۔

اِرْتَدَی۔ چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا

اِرْتَدَتِ الجاریۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا۔

الرِّدَاء۔ چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش جمیل۔ تلوار۔ کمان عقل۔ نادانی باعثِ زینت۔ باعثِ عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَاب: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْس: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَمْرٌو الرِّدَاء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے "وَخَفِیْفُ الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِیَۃٌ۔

الرِّدَاءَۃ۔ بڑی چادر۔

الرَّدَاۃ۔ چٹان۔ ج رَدًی۔

الرَّدِی۔ ہلاک ہونے والا۔

الرَّادِی۔ گوبنے والا شیر۔

المِرْدَاۃ۔ لڑائی کا چکر۔ اور اسی سے ہے "طَحَنَتْہُ مِرْدَاۃُ طَحُوْنٍ" "لڑائی کے چکر نے اسے پیس کر رکھ دیا" (ــــ والمِرْدَی) بڑی چادر۔ ازار پتھر توڑنے کا پتھر ج مَرَادِی۔ المِرْدِی: گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو پٹکنے والا گھوڑا المِرْدِی: ہاتھی۔

المِرْدِیَۃ۔ ملاح کا چپو۔ ج مَرَادِی۔

رَدَتْ (ن) رَدْأً وارْتَدَتْ۔ السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وارْتَدَتِ القَرْبَۃُ: بہہ پڑنا۔

الرَّدَاذ۔ پھوار۔

الرَّوْدَق۔ اتری ہوئی کھال۔ بھوننے کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ۔ مسالہ ملا کر پکا ہوا گوشت۔ ج رَوَادِق۔

الرَّوْدَکَۃ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔ ج رَوَادِک۔

رَذُلَ (ک) رَذَلَ (س) رَذَالَۃً۔ قابلِ حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرْذَال و رُذُوْل و رُذُوْلُوْن و (رَذِیْل) ج رُذَلَاء و رِذَال

رَذَلَہٗ (ن) رَذْلًا و اَرْذَلَہٗ۔ حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

اَرْذَلَ۔ برا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا ــــ ہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا

الدَّرَاہِم: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔

اِسْتَرْذَلَہٗ۔ حقیر سمجھنا۔

الرُّذَال۔ حقیر و کمینہ (ــــ والرُّذَالَۃ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔

الرَّذِیْلَۃ۔ نالائق۔ بُری عادت۔ ج رَذَائِل

الاَرْذَل۔ اسمِ تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَرَاذِل و اَرْذَلُوْن۔

المُرْذِل۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔

رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذْمَانًا و رَذَمَ (س) رَذَامًا و اَرْذَمَ۔ الاناءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذُوْم) و اَرْذَمَ عَلَی الخمسین مِنْ عُمُرِہٖ: زائد ہونا۔

الرَّذَم والرَّذَمَان۔ مِنَ النَّاس: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رَذَمًا مِنَ النَّاس" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاس" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔

الرُّذَام والرَّذَم۔ کمزور جس میں مروت نہ ہو۔

الرَّذُوْم۔ بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے ج رُذُم و رَذُم۔

رَذِیَ (س) رَذَاءَۃً و اَرْذِیَ۔ بیماری سے نڈھال ہونا صفت (رَذِیٌّ) رُذَاۃ۔ مؤنث رَذِیَّۃ۔

اَرْذَاہُ۔ نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذًی)

المِرْذِیَّۃ۔ بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔

رَزَأَ (ن ض) رَزْأً۔ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا ــــ البَابَ: دروازہ میں کُنڈی لگانا۔ السَّہْمُ فی الحائط: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔

اَرْزَأَتْ۔ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔

رَزَّزَ۔ الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا ــــ الاَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔

اِرْتَزَّ۔ السَّہْمُ فی الحائط: تیر کا دیوار میں گڑ جانا

اِرْتَزَّ البَخِیْلُ عِنْدَ المَسْئَلَۃِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔

الرُّزّ۔ چاول (اَرُزّ میں ایک لغت ہے)

الرِّزّ والرِّزِّیْزَی۔ دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔

الرِّزَّۃ۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے کُنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز و رِزَزَات و رُزَز۔

الرَّزَّۃ۔ پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔

الرَّزَّاز۔ سیہ۔

الرَّزَّاز۔ چاول کا سوداگر۔

الاَرْزِیْز۔ کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔

الرَّزِیْز۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیْزُ الرَّعْد: گرج کی آواز۔

المُرَزَّز۔ مِنَ الطَّعَام: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔

المَرْزَّۃ۔ چاول اُگنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کیا جائے۔ یا جہاں چاول بہت ہو

رَزَأَ (ف) رَزْأً و رُزْأً و مَرْزَأَۃً۔ الرَّجُلَ مَالَہٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں (ــــ ورَزِیَ (س) رَزًا و رُزَاءً۔ الرجل: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَأَ الشَّیْءَ: کم کرنا۔ و

اِرْتَزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الرُّزْءُ۔ جو اَرْزَاء و (الرَّزِیَّۃُ والرَّزِیَّۃ) جو رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المُرْزِئُ۔ فیاض سخی۔ جو مُرْزُوْنَ۔
والمَرْزُوْنُ: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرْزِئَۃ۔ بڑی مصیبت۔
رَزَبَہٗ (ن) رَزْبًا۔ چمٹے رہنا۔
الرِّزَبُّ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَّۃ والمِرْزَبَۃ۔ لوہے کی سلاخ لُہار کا ہتھوڑا۔ جو مَرَازِب۔
المِرْزَاب۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ جو مَرَازِیْب۔
المَرْزُبَان۔ فارسیوں کا رئیس جو مَرَازِبَۃ و (المَرْزَبَۃ) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ف) رَزْحًا و رُزُوْحًا و رَزَاحًا۔ الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا صفت (رَازِح) جو رُزَّح — الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا — الرَّجُلَ بِالرُّمْحِ۔ نیزہ مارنا (— وَاَرْزَحَ) العِنَبُ: گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحَتْ وتَرَازَحَتْ) حَالُہٗ: برا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحَی ورَزْحَی ورُزَّح ورَوَازِح) لاغر دگر در اونٹ۔
المَرْزَح۔ ہموار زمین۔
المِرْزَح والمِرْزَحَۃ۔ انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کیلئے لکڑی۔ جو مَرَازِح۔ المِرْزَح: آواز۔
المِرْزَاح۔ مِنَ الاِبِلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ جو مَرَازِیح۔
رَزَخَہٗ (ف) رَزْخًا۔ بالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا
الرَّزْدَق۔ لوگوں کی صف۔ درختِ خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاق۔ دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ جو رُزْدَاقَات ورَزَادِیْق۔

اَرْزَغَ۔ المَاءُ: پانی کم ہونا — المَکَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا — المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا — المَطَرُ الاَرْضَ: بارش کا زمین کو تر کر دینا — الرَّجُلَ: عیب سے آلودہ کرنا — فُلَانٍ: بہت تکلیف پہنچانا حقارت کرنا۔ عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَہٗ۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَہٗ۔ کمزور سمجھنا۔
الرَّزْغَۃ۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ جو رَزَغ و رِزَاغ۔ الرَّزْغ: تری۔
الرَّزِغ والرَّازِغ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزْفًا و اَرْزَفَ اِلَیْہِ: آگے بڑھنا — الجَمَلُ: اونٹ کا ہلبلانا دوڑنا۔ رَزَفَ الاَمْرُ: قریب ہونا۔ اَرْزَفَ النَّاقَۃَ: دُلکی چلانا۔ اَرْزَفَ القَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَۃٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم تیز رفتار اونٹنی۔
رَزَافَاتٌ۔ البَلَدِ: شہر کے قریب کی جگہیں
رَزَقَہٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے۔ رَزَقَہُ اللّٰہُ الغِنٰی "اللہ اُسے تونگری دے۔
رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا
اِرْتَزَقَہٗ۔ روزی مانگنا — الجُنْدُ: روزی لینا۔
اِسْتَرْزَقَہٗ۔ روزی مانگنا۔
الرِّزْق۔ روزی۔ جو اَرْزَاق۔ بارش۔
الرِّزْقُ الحَسَنُ: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (— والرِّزْقَۃ) جو رَزَقَات۔ سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے اَخَذْتُ رِزْقَۃَ ھٰذَا الشَّھْرِ او ھٰذَا العَامِ "میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِی۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرَّازِقِیَّۃ۔ کتاں کے سفید کپڑے شراب
الرَّزَّاق۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
المُرْتَزِق۔ مفع جس سے فائدہ اٹھایا جائے
المُرْتَزِقَۃ۔ وہ لوگ جنھوں نے اپنی روزی حاصل کر لی ہو۔
المَرْزُوْق۔ مفع۔ خوش نصیب۔
رَزَمَہٗ (ن) رَزْمًا۔ الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا — بالشَّیْءِ: پکڑنا — عَلٰی عَدُوِّہٖ: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا — الرَّجُلُ: مرنا — اللّٰہُ: ہلاک کرنا۔
رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اُٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) جو رُزَّام (— رُزَمَۃٌ) الشِّتَاءُ: سرد ہونا۔
رَزَّمَ۔ الثِّیَابَ: کپڑوں کی گٹھری باندھنا — القَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ بَیْنَہُمَا: جمع کرنا — فِی المَطْعَمِ: بدلکر کھانا کھانا — الدَّارَ: دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ۔ الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ اَرْزَمَتِ النَّاقَۃُ: بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "لَا اَفْعَلُہٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جبتک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا
اِرْزَأَمَّ اِرْزِیْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔
الرِّزْمَۃ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِّزْمَۃ۔ مِنَ الثِّیَابِ غیر رباعی: گٹھری جو رزم
الرَّزْمَۃ۔ بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر بہن ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز۔ اور اسی سے مثال ہے "لَا اَخِیْرُنِیْ رَزْمَۃٍ لَا دِرَّۃَ فِیْھَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہونچائے۔
غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔
الرِّزَام۔ سخت مرد۔ جو رُزَّم۔

اَسَدٌ (رَزَامَۃٌ وَرَزَامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔
الرَّزِیْمُ۔ شیر کی گونج۔
الرَّزَّامُ والْمُرْزِمُ۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے رَزَمَتْہُ بِالْمُرْزِمِ۔
المِرْزَمُ۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی
اُمُّ المِرْزَمِ: باد شمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمَانِ۔ دو ستارے جو دونوں شعریٰ کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَیْرَ فِی الزَّمَانِ اِذَا طَلَعَ المِرْزَمَانِ" یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشَّیْءَ: ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ــــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا
رَزُنَ (ک) رَزَانَۃً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِیْنٌ) صفت مؤنث (رَزَانٌ) رزینہ نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ۔ الرَّجُلَ: دوست ہونا۔ ساتھ اترنا
تَرَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَرَزَّنَ۔ فِی الْاُمُوْرِ فِی مَجْلِسِہٖ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الوَزْنُ والوِزْنُ۔ بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ جمع رُزُنٌ ورِزَانٌ وأَرْزَانٌ۔
الزُّنُ: کنارہ۔
الرَّزْنَۃُ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ جمع رِزَانٌ۔
الأَرْزَنُ۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الرَّزِیْنُ۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ رَزِیْنُ الرَّأْیِ"
الرَّوْزَنَۃُ۔ روشن دان۔ جمع رَوَازِنُ۔
رَزِیَ (ض) رَزْیًا۔ فُلَانًا: احسان قبول کرنا
أَرْزَی اِرْزَاءً۔ اِلَیْہِ وأَرْزَی اِلَیْہِ ظَہْرَہٗ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البِئْرَ: کنواں کھودنا ــــ الشَّیْءَ: دھنسانا ــــ لَہُ الخَبَرَ: بیان کرنا ــــ المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا ــــ خَبَرَہٗ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا بَیْنَہُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا۔
(ضد) (ــــ رَسًّا ورَسِیْسًا وأَرَسَّ) السُّقْمُ فِی جَسَدِہٖ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہٗ مُرَاسَّۃً۔ بالأَمْرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتدا کرنا۔
تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ: رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِی النَّاسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا
الرَّسُّ۔ مم۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن ہر چیز کی ابتدا۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ رَسُّ حُمَّۃٍ" اُسے بخار کی ابتداء ہے۔
رَسُّ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثرِ محبت کہا جاتا ہے "بَلَغَنِی رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہونچا۔
الرَّسَّۃُ۔ مضبوط ستون۔
الرُّسَّۃُ والأُرْسُوْسَۃُ۔ ٹوپی۔
الرَّسِیْسُ۔ مم۔ ثابت۔ عاقل غیر صحیح خبر۔ ریح رَسِیْسٌ: نرم ہوا۔ رَسِیْسُ الحُمَّی: بخار کی ابتداء۔ رَسِیْسُ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثرِ محبت۔
الرَّسِّیُّ۔ ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ (ن وک) رُسُوْبًا و رَسَبًا۔ الشَّیْءُ فِی المَاءِ: تہ نشین ہونا ــــ العَیْنُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔
أَرْسَبَہٗ: نیچے اُتارنا۔
الرَّاسِبُ والرَّسُوْبُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرَّسَبُ والرَّسَبُ والرَّسُوْبُ والمِرْسَبُ۔ مِنَ السُّیُوْفِ: اندر کو دھنس جانے والی تلوار۔
الرَّوْسَبُ۔ بلا۔ مصیبت۔
الرُّسْتَاقُ۔ دیہات۔ جمع رَسَاتِیْقُ۔
رَسِحَ (س) رَسَحًا۔ دبلے چوڑا اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (أَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاءُ) جمع رُسْحٌ۔ اِمْرَأَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
أَرْسَحَہٗ۔ لاغر کرنا۔
رَسَخَ (ن) رُسُوْخًا۔ گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الخَبَرُ فِی الصَّحِیْفَۃِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ وَرَسَخَ العِلْمُ فِی القَلْبِ "علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ وفُلَانٌ رَاسِخٌ فِی العِلْمِ "فلاں مضبوط علم والا ہے ــــ الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی نیچے اُتر گیا۔
أَرْسَخَہٗ۔ گاڑ دینا ثابت کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ۔ فِی التُّقَی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الرَّسْدَقُ والرَّسْدَاقُ۔ بمعنی الرَّزْدَقُ والرُّزْدَاقُ۔
رَسَعَ (ف) رَسَعًا۔ العُضْوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا ــــ عَیْنُہٗ: چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا ــــ الصَّبِیَّ: بچہ کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ (س) رَسَعًا۔ خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (أَرْسَعُ) ــــ عَیْنُہٗ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْحَاءُ) ــــ بِہِ الشَّیْءُ: چمٹنا۔
رَسَغَ۔ خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا ــــ الشَّیْءُ: چپکانا ــــ السَّیْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اُس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا ــــ الصَّبِیَّ: بچہ کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرَّسَاغَۃُ۔ جمع رَسَاغٌ: تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَّسُوْغُ۔ کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَّسِیْغُ۔ چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔
رَسَغَ (ن) رَسْغًا: البَعِیْرُ: اگلی ٹانگوں

کے گٹے میں رسی باندھنا۔
رَسَغَ - المَطَرُ: ٹخنے تک برسنا ـــ العَیْشُ: وسیع کرنا ـــ الکَلَامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَغَ - گائے کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسَغَ - عَلٰی عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا
اَلرُّسْغ والرُّسْغ - گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ وَاَرْسُغ۔
اَلرَّسِیْغ - مِنَ الْعَیْشِ: کشادہ زندگی مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔
اَلرِّسَاغ - وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
اَلْمُرْسَغ - مِنَ الْآرَاءِ: کمزور و نادرست رائے۔
رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا وَرَسِیْفًا وَ رَسَفَانًا - پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا
اَرْسَفَ - الدَّابَّۃَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔
اِرْتَسَفَ - الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
رَسِلَ (س) رَسَلًا وَرَسَالَۃً - الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ـــ البَعِیْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔
رَسَّلَ - فِی الْقِرَاءَۃِ: خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا۔ ـــ الْفَصِیْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔
رَاسَلَہٗ - فِی وَعَلٰی وَبِالْاَمْرِ: خط و کتابت کرنا۔ رَاسَلَہُ الْغِنَاءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسَلَہٗ - بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ الْقَوْلَ: بلاقیہ بولنا ـــ فُلَانًا عَلَیْہِ: مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بِہٖ اِلَیْہِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا ـــ قَوْلًا مَثَلًا: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔
تَرَسَّلَ - نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونیکا دعویٰ کرنا ـــ فِی الرُّکُوْبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈالکر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ـــ فِی الْقُعُوْدِ: اِرد گرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈالکر چار زانو بیٹھنا۔
تَرَاسَلَ - الْقَوْمُ: باہم خط و کتابت کرنا
اِسْتَرْسَلَ - الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا لٹکنا ـــ الشَّیْءُ: نرم ہونا ـــ اِلَیْہِ: بے تکلفی برتنا ـــ فِی الْکَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔
اَلرَّسْل - مِنَ السَّیْرِ: نرم چال ـــ مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال ـــ مِنَ الْاِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔
اَلرِّسْل - نرمی - آسودگی - دودھ - گھوڑے کے بازو کا کنارہ - ج رِسَال - اَلرِّسَال: اونٹ کی ٹانگیں (اَلرِّسْل واَلرِّسْلَۃ) آہستگی، نرمی - کہا جاتا ہے "عَلٰی رِسْلِکَ یَا رَجُلُ": یعنی اے شخص آہستہ و باوقار رہ - اَلرِّسْلَۃ: جماعت کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رِسْلَۃً": یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔
اَلرَّسَل - مص - جماعت - گروہ - ریوڑ - ج اَرْسَال۔
اَلرَّسْلَۃ - کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ رَسْلَۃٌ" "نَاقَۃٌ رَسْلَۃٌ": نرم چال والی اونٹنی - کہا جاتا ہے "ھُمْ فِیْ رَسْلَۃٍ مِنَ الْعَیْشِ" وہ لوگ نرمی و آسودگی میں ہیں - اَلرَّسْلَۃ: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں
اَلرِّسَالَۃ والرِّسَالَۃ - پیغام - پیغامبری خط - ج رَسَائِل وَرَسَالَات۔
اَلرَّسُوْل - بھیجا ہوا - پیغامبر - پیغامبری تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو - ج رُسُل وَرُسُل واَرْسُل وَرُسَلَاء - اَلرُّسُل: چھوٹی پکی جوار بھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔
اَلرَّسِیْل - بھیجا ہوا - پیغام بر - پیغامبری - پیغام بھیجنے والا - تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو - گھوڑا دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا - کشادہ - ساٹھ - میٹھا پانی - ج اَرْسُل وَرُسُل وَرُسَلَاء۔

اَلرُّسَیْلَۃ - اَلرِّسْلَۃ کی تصغیر - کہا جاتا ہے "اَلْقَی الْکَلَامَ عَلٰی رُسَیْلَاتِہٖ" یعنی اس نے بے التفاتی کی۔
اَلْمُرْسَلَۃ - لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو - ج مُرْسَلَات - اَلْمُرْسَلَات: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔
اَلْمِرْسَال - چھوٹا تیر - پیغامبر - ناقۃ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی - ج مَرَاسِیْل
رَسَمَ (ن) رَسْمًا - اَلْمَطَرُ الدِّیَارَ: مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا ـــ لَہٗ کَذَا: حکم دینا ـــ عَلٰی کَذَا: لکھنا ـــ اَلْکِتَابَ: لکھنا ـــ نَحْوَہٗ: دوڑتے ہوئے جانا ـــ ہ الْاَسْقُفُ: گرجا کا کوئی عہدہ دینا - اسم اَلرِّسَامَۃ ہے
رَسَمَ (ض) رَسِیْمًا - اَلْبَعِیْرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا - تیز چلنا - صفت (رَسُوْم)
رَسَّمَ - اَلثَّوْبَ: دھاری دار بنانا۔
وَاَرْسَمَ) اَلنَّاقَۃَ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا
تَرَسَّمَ - اَلدَّارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ـــ الشَّیْءَ: یاد کرنا ـــ اَلْبَانِیْ وَالْحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔
اِرْتَسَمَ - الْاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَہٗ کَذَا فَارْتَسَمَ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجا لایا ـــ لِلّٰہِ تعالیٰ: تکبیر کہنا اور دعا کرنا ـــ اَلرَّجُلُ: گرجا کے کسی عہدہ پر پہونچنا۔
اَلرَّسْم - مص - گھر کے مٹے ہوئے نشانات مٹی میں دبا ہوا کنواں - کسی چیز کا خاکہ - علامت غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَی وُدَّکُمْ رَسْمًا وَوُدِّیْ حَقِیْقَۃً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں - ج رُسُوْم واَرْسُم - معاملہ ـــ عِنْدَ اَھْلِ الْجِبَایَۃِ: ٹیکس۔
اَلرَّاسِم - فا - بہتا ہوا پانی۔
اَلرَّسِیْم - رفتار کی خوبی۔

الرَّامُوْم - جر رَوَامِیْم و الرُّوْسُم) جر رَوَاسِم: مہر۔ مٹی وغیرہ پر مہر کرنیکی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلّہ کے ڈھیر پر مہر کی جائے۔ الرُّوْسُم: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِم: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم و رَاسِمَۃ) المَرْسُوْم - مفع۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ جر مَرَاسِم و مَرَاسِیْم۔

الرَّسَّام - نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانیوالا

الرَّسَمَان و المِرْسَم - زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا و اَرْسَنَ - الدَّابَّۃ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ و اَرْسَنَ الدَّابَّۃ: جانور کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمٰی بِرَسْنِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اسکے کندھے پر اس کی رسّی ڈالدی یعنی اُسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ المِہْرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سر دے دینا۔

الرَّسَن - جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسّی جر اَرْسَان و اَرْسُن۔

المَرْسِن و المِرْسَن - مِنَ الدَّابَّۃ: رسّی ڈالنے کی جگہ جر مَرَاسِن - ناک۔

رَسَا یَرْسُوْ رَسْوًا و رُسُوًّا - ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راسٍ) صفت مؤنث (راسِیَۃ) جر رَوَاسٍ و رَاسِیَات - رَسَتِ السَّفِیْنَۃُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَیْنَ القَوْمِ: صلح کرانا — عَنْہُ حَدِیْثًا: کسی سے روایت کرنا لَہُ الحَدِیْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا — الصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔

رَاسَیٰ - ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَیٰ اِرْسَاءً - الشَّیْءُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا استوار ہونا — السَّفِیْنَۃَ: کشتی کو لنگر انداز کرنا۔ — الوَتِدَ فِی الاَرْضِ - کھونٹے کو زمین میں گاڑنا

الرَّسْوُ - خبر کا ایک حصہ۔

الرَّاسِی - فا - قِدْرٌ رَاسِیَۃٌ: ایک جگہ پر رہنے والی بڑی دیگ۔

الرَّوَاسِیُ - مضبوط پہاڑ۔

الرَّسِیُّ - ثابت - خیمہ کے درمیان کا تھم۔

المَرْسٰی - بندرگاہ - جر مَرَاسٍ۔

المُرْسٰی - مفع - باری تعالیٰ کے قول۔ یَسْأَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰہَا کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی۔

المِرْسَاۃ - کشتی کا لنگر - جر مَرَاسٍ - کہا جاتا ہے "اَلْقٰی مَرَاسِیَہٗ" یعنی اُس نے اقامت کی و اَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِیَہَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا - المَاءُ: پانی چھڑکنا — السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا۔ — الشَّیْءَ: دھونا۔

اَرَشَّتِ - السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا۔ — الطَّعْنَۃُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا — الشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا — الفَرَسُ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ - عَلَیْہِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا

الرَّشّ - مم - پھوار - جر رِشَاش - تکلیف دہ مار

الرَّشَّاش - پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّۃ - پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأَ (ف) رَشْأً - الظَّبْیُ: ہرن کا قوی ہوکر ماں کے ساتھ چلنا — الظَّبْیَۃُ: ہرن کا جننا۔

الرَّشَأ - ہرن کا بچہ - یا وہ جو چلنے لگے یا ارشاد

الرُّشْبَۃ - مغز سے خالی ناریل جس سے پانی نکالیں۔

المَرَاشِب - مٹی جس سے مشکوں کا مُنہ بند کردیں۔

رَشَحَ (ف) رَشْحًا و رَشَحَانًا و اَرْشَحَ و اِرْتَشَحَ - الاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا — الجِسْمُ: بدن کا پسینہ والا ہونا و رَشَحَ الظَّبْیُ: ہرن کا اُچھلنا - کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ یَرْشَحْ لَہٗ بِشَیْءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔

رَشَحَتِ النَّاقَۃُ وَلَدَہَا رَشْحًا و اَرْشَحَتْہُ و رَشَّحَتْہُ - اونٹنی کا اپنے بچہ کی دُم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر جانا تاکہ بچہ اُس سے لاحق رہے۔ صفت (رَاشِح مُرَشِّح و مُرَشِّح)

رَشِحَ - پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ - المَالَ: بہتر انتظام کرنا — اَوْلَدَہٗ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "ہُوَ یُرَشِّحُ لِوِلَایَۃِ العَہْدِ" وہ ولیعہدی کیلئے تیار کیا جارہا ہے۔ الظَّبْیَۃُ وَلَدَہَا: جننے کے وقت آلائش چاٹنا — النَّاقَۃُ وَلَدَہَا: بمعنی رَشَحَتْہُ۔ — الغَیْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا

تَرَشَّحَ - وَلَدُ النَّاقَۃِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا — الظَّبْیَۃُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا — المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔

— الرَّجُلُ لِاَمْرٍ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ - النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔ — النَّبَاتَ: چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا

الرَّشْح - مم - پسینہ۔

الرَّاشِح - فا - پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ — مِنَ الفُصْلَانِ: چلنے میں قوی - پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو - زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ جر رَوَاشِح۔

الرَّشِیْح - پسینہ - ایک قسم کی نباتات۔

المِرْشَح و المِرْشَحَۃ - زمین کے نیچے کا خوگیر۔

الرَّشِیْح - بہت ذہین - ذکی - کہا جاتا ہے "ہُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا و رَشَادًا و رَشِدَ (س) رَشَدًا - ہدایت پانا۔ راہِ راست پر چلنا — اَمْرُہٗ: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَہٗ و اَرْشَدَہٗ - اِلٰی کَذَا و عَلَیْہِ وَکَذَا: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَہُ القَاضِی: سیدھے راستہ پر چلنا۔

اِسْتَرْشَدَ - لِاَمْرِہٖ: راہِ راست پانا۔

—— ہ: ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْد - مص - ہدایت۔ راہِ راست پر ہونا۔
الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔
الرَّشْدَی - ہدایت۔
الرَّشِید - سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشاد والرَّشَد - ایک قسم کی نباتات
الرَّشادَة - چٹان - مٹھی بھر کا پتھر ج رَشاد
المَرَاشِد - سیدھے و متوسط راستے۔ (جمع ہے واحد نہیں)
أُمّ (رَاشِد) چوہیا۔
رَشْرَشَ رَشْرَشَةً - الشَّیْءُ: ڈھیلا ہونا۔
—— البَعِیرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ - الماءُ: بہنا۔ خُبْزٌ اَدْعَظُ (رَشْرَشٌ وَرَشْرَاشٌ) نرم روٹی یا بڈی۔
رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا وَرَشِیفًا وَ تَرْشَافًا وَرَشْفٍ (س) رَشْفًا وَرَشَفَانًا الماءَ ونحوَہٗ: چوسنا —— الاناءَ: پی کر خالی کرنا۔
رَشَّفَ وَارْتَشَفَ وَتَرَشَّفَ وَارْتَشَفَ الماءَ: خوب چوسنا۔
الرَّشْف والرَّشَف - حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض
الرَّشّاف - بہت چوسنے والا۔
المِرْشَف - پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف
المَرَاشِف: ہونٹ۔
رَشَقَہٗ (ن) رَشْقًا - بالسَّہْمِ: تیر مارنا —— بِبَصَرِہٖ: گھور کے دیکھنا —— ہ بِلِسَانِہٖ: طعن و تشنیع کرنا۔ اور اسی سے ہے "اِیَّاکَ وَرَشَقَاتِ اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپکو بچاؤ۔
رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً - الغُلَامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابکدست ہونا۔ پھرتیلا ہونا
صفت (رَشِیق) ج رَشْقَی۔
رَاشَقَہٗ مُرَاشَقَةً - ہمراہ چلنا۔
ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
تَرَاشَقَ - القَوْمُ: باہم تیر اندازی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بِاَلْسِنَتِہِمْ وَتَرَاشَقُوا بِاَعْیُنِہِمْ" انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا
تَرَشَّقَ - فِی الأَمْرِ: تیز ہونا۔
اَرْشَقَ - النَّظَرَ إِلَیْہِ: تیز نظر سے دیکھنا
القَوْمُ بِبَصَرِہٖ: نگاہ ڈالنا —— الظَّبْیَةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا —— الرَّامِی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِی مَقْصَدِی": اُس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا۔ "مَا اَرْشَقَ ہٰذِہِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
اَلرَّشَق - تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِیق کی جمع۔
الرَّشْق والرِّشْق - قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِہٖ" میں نے اسکے قلم کے چلنے کی آواز سُنی۔ الرِّشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق۔
الاَرْشَق - سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِیْدٌ اَرْشَقُ" کھڑی گردن۔
الرَّشِیق: نازک اندام خوبصورت
مِنَ اللَّفْظِ والخَطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط
الرِّشْك - گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا۔ بچھو۔
رَشَمَ (ن) رَشْمًا - بَیْدَرَ الحِنْطَةَ: گیہوں کے کھلیان پر مہر کرنا۔ (—— وَرَشَمَ) لکھنا۔
رَشِمَ (س) رَشَمًا - کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)
اَرْشَم - الشَّجَرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔
الاَرْضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا —— البَرْقُ: بجلی چمکنا —— المَاشِیَةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔
(—— وَارْتَشَمَ) الاناءَ: برتن پر مہر کرنا۔
الرَّشَم - ابتدائی سبزی۔ بچھو کی مُنہ کی سیاہی (—— والرَّشْم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر
الاَرْشَم - داغدار۔ کتا (چونکہ اسکے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) —— مِنَ الغَیْثِ: تھوڑی بارش۔ عَامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں اُرزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَم والرَّاشُوم - غلہ کے انبار پر مہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرَّشْمَة - بچھو کے مُنہ کی سیاہی۔
رَشَنَ (ن) رَشْنًا وَرَشُونًا - بن بُلائے مہمان بننا —— الکَلْبُ فِی الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَّشَن والرَّشْن - پانی نکلنے کا دہانہ
الرَّاشِن - فا - بن بُلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "اُلُوان" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن - روشن دان - ج رَوَاشِن۔
رَشَاہُ (ن) رَشْوًا - رشوت دینا۔
رَاشَی مُرَاشَاةً - فلانًا: رشوت دینا۔ و کرنا۔
اَرْشَی - الدَّلْوَ: ڈول میں رسّی لگانا —— الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا —— القَوْمُ فِی دَمِہٖ: کسی کے خون میں شریک ہونا۔ اَرْشُوا بِسِلَاحِہِمْ فِیْہِ: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشَّی - الرَّجُلُ: باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَشَی - رشوت لینا —— مِنْہُ رِشْوَةً: رشوت لینا۔
اِسْتَرْشَی - فِی حُکْمِہٖ: رشوت مانگنا —— الفَصِیلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا —— نَابُ الفَرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُّشْوَة والرَّشْوَة والرِّشْوَة - رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔
الرِّشَاء - رسّی۔ ڈول کی رسّی۔ ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتْبَعَ الدَّلْوَ رِشَاءَہَا" ڈول کے پیچھے رسّی بھی کر دو۔ اُس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔

وارِثَۃُ النَّبات: نباتات کی بیلیں۔
الرِّشَاۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ جو رشا۔
الرِّشْوَۃ۔ اونٹ کا بچہ۔
الرِّشَاء۔ ڈول کی رسّی۔
رَضَّ (ن) رَضًّا۔ الشَّیْءَ: ایک کو دوسرے سے چپٹانا۔ جوڑنا — الدَّجَاجَۃُ بَیْضَتَہَا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے چونچ سے درست کرنا
رَصَّصَہٗ۔ ایک کو دوسرے سے چپٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا —
الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَصَّصَ وارْتَصَّ۔ باہم چپٹنا۔ جڑنا
الرَّصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَۃ)
الرَّصَاصِی۔ سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِیص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیصَۃٌ۔ جو رَصَائِص۔ کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی الْقَبْرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر تہ لگائے گئے۔ الرَّصِیص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔
الأَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء۔ جو رُصّ۔ فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسری سے ملی ہوئی ران۔
الأُرْصُوصَۃ۔ خرپزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔
الرَّصْرَاصَۃ۔ بخیل۔ جاری چشمہ کا اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَانٌ (مُرْصُوصٌ) مضبوط عمارت۔
الرَّصَب۔ انگشت شہادت۔ اور بڑی (انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (أَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء۔
رَصَحَ۔ فی الْأَمْرِ: بمعنی رَسَخَ۔
رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا و رَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رَصَلَ۔ المکانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُول)
رَاصَدَہٗ: نگہبانی کرنا۔

أَرْصَدَ۔ الرَّقِیبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا — لَہٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا — لَہٗ خَیْرًا او شَرًّا: بدلہ دینا — الْحِسَابَ: پیش کرنا ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ و تَرَصَّدَہٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصُّدٌ: گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ۔ الرِّجْلَانِ: ایک دوسری کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِدُ۔ فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ جو رُصَّد و رَصَد۔
الرَّصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ جو أَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے) اور کبھی جمع کیلئے (رِصَاد بولتے ہیں)
الرَّصَدَۃ۔ بوچھار جو رِصَاد۔
الرُّصَدَۃ۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُود۔ پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَّصِید۔ گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد۔ راستہ (— والمَرْصَد) گھات۔ جو مَرَاصِید و مَرَاصِد۔ مِرْصَادُ الْحَیَّات: — سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ أَرْضٌ (مُرْصِدَۃٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ۔ البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا — فی المکانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَۃ۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ: تھپڑ مارنا — بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فی المَطْعُونِ: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا۔ — الْحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (— رُصُوعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشَّیْءِ: چکنا — بالطیب: مہک اٹھنا — المرأۃَ رَصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ۔ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بنانا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّہٗ بِالْقُضْبَانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بنا
الذَّہَبَ بِالْجَوَاہِرِ: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بِالْجَوَاہِرِ" جواہر کا جڑا ہوا تاج — الْعِقْدَۃَ بِالْجَوَاہِرِ: ہار میں جواہر پرونا۔
أَرْصَعَہٗ۔ بالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ۔ الْحَبُّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا — بِہٖ: چپکنا — الأَسْنَانُ: دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔
تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ۔ الْعَصَافِیرُ: جفتی کرنا۔
الرَّصِیعَۃ۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ جو۔ رَصَائِع۔
الأَرْصَع۔ لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ أَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع۔ بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع۔ لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو جوڑا کریں۔
الرُّصْغ۔ بند دست۔ گٹا۔
الرِّصَاغ۔ بمعنی الرِّسَاغ۔
رَصَفَ (ن) رَصْفًا۔ الْحِجَارَۃَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا — الْمُصَلِّی قَدَمَیْہِ او بَیْنَ قَدَمَیْہِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذَا الْأَمْرُ لَا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافَۃً۔ الْعَمَلُ: مضبوط ہونا
رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا
الأَسْنَانُ: دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔
أَرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا
تَرَصَّفَتْ و تَرَاصَفَتْ و ارْتَصَفَتْ
الْحِجَارَۃُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔

—— القومُ فی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑے ہونا —— اَنسانُہٗ: دانتوں کا ترتیب دار ہونا۔

الرَّصَف۔ پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کیساتھ جُڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃ) الرَّصَفَتان: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے۔ گھٹنے۔ الرَّصَف: پانی کا بند۔ مادُّ الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَاف۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رُصُف ورُصُف۔

الرَّصِیف۔ نظیر۔ دوست عَمَلٌ رَصِیفٌ: مضبوط کام۔ اور مولدین کے نزدیک رَصِیف کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔

الرُّصَافَۃ۔ پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے اطراف شہر کا سبزہ زار۔ اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوفَۃ۔ ثابت قدمی۔

المِرْصَافَۃ۔ ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف۔ شیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الأَسنان: قریب قریب دانتوں والا مرد۔

اِرْتَصَقَ اِرْتِصَاقًا۔ چپک کر مضبوط ہونا۔

رَصِمَ (س) رَصَمًا۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔

رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الأمرَ: پورا کرنا مضبوط کرنا —— الدابَّۃ: داغ لگانا —— ہ بلسانہ: گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَۃً۔ العَقلُ وغیرُہٗ: سنجیدہ ہونا مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِینٌ)

رَصَّنَ۔ الشیءَ مَعْرِفَۃً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے۔ رَصِّنْ لِی ہٰذا الخبرَ "میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَہٗ۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔

الرَّصَن۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِین۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔

المِرْصَن۔ جانوروں کو داغ لگانیکا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشیءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصَی۔ بالمکانِ: جمکے رہنا۔

رَضَّہٗ (ن) رَضًّا۔ کوٹنا۔ دلنا۔

رَضِضَ۔ الشیءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضَّضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ۔ سُست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا —— فی الأرضِ: جانا۔ النَّعْبُ العَرَقَ: پسینہ بہانا۔

اِرْتَضَّ۔ الشیءُ: ٹوٹنا۔

الاَرِضّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیض والمَرْضُوض۔ کوٹا ہوا

الرُّضَاض۔ ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّۃ والمِرَضَّۃ والرَّضّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔

المِرَضَّۃ: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ (ن) رَضْبًا وأَرْضَبَ: المطرُ: زور سے بارش ہونا —— السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا (رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِّیقُ: تھوک چوسنا۔

الرَّاضِب۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَاب۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مادُّ رُضَابٌ: میٹھا پانی۔

المَرَاضِب والمَرَاضِیب۔ خوش مزہ تھوک۔

رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوَی او الحَصَی: گٹھلی یا کنکری توڑنا —— رَأسَہٗ بالحَجَر: کچلنا۔

تَرَضَّحَ۔ الحَصَی: کنکری کا ٹوٹنا

الخُبْزُ: روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوا۔ بالنُّشَّاب: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

اِرْتَضَحَ۔ مِنَ الأمرِ: عذر کرنا۔

الرَّضْح۔ مم۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْحٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُّضْح۔ شکستگی۔

الرَّضِیح۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِیحَۃ۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضِیحَۃٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رَضَائِح۔

المِرْضَاح۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا آلہ۔

رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوَی او الحَصَی: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا —— النُّؤُوسُ: باہم سینگ مارنا۔ اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَہٗ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔

رَاضَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا —— الشیءَ: بادلِ ناخواستہ دینا —— مِنْہُ شَیْئًا: یا اس سے حاصل کرنا۔

اِرْتَضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بالحِجَارَۃِ: باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ۔ الحَصَی: کنکری کا ٹوٹنا۔

الخُبْزَ: توڑ کر کھانا —— الخَبَرَ: سُن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخ۔ مم۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِیخ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِیخَۃ والرَّضَاخَۃ۔ تھوڑا عطیہ

المِرْضَاخ۔ ج مَرَاضِیخُ (المِرْضَخَۃ) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعُ: سامان ترتیب سے رکھا جانا۔

رَضْرَضَہٗ۔ توڑنا۔ چورہ کرنا۔
تَرَضْرَضَ۔ الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔
الرَّضْرَاض۔ چھوٹی اور باریک کنکریاں۔
بہت گوشت والا مرد۔ مؤنث رَضْرَاضَۃ۔
رَضَعَ (س) ورَضِعَ (ض) رَضْعًا و رَضَاعًا و رَضَاعَۃً و رِضَاعَۃً و ارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
رَضُعَ (ک) رَضَاعَۃً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔
اَرْضَعَہٗ رِضَاعًا و مُرَاضَعَۃً۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا۔ اِبْنَہٗ: دائی کو دینا۔ الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔
اَرْضَعَہٗ۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْاَۃُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) (اس کلمہ میں تا علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے کہ یہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَۃ) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِع)
اِسْتَرْضَعَ۔ دائی پلائی طلب کرنا۔ یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعَتِ المَرْاَۃُ وَلَدِیْ" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔
الرَّضَع۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَۃ)
الرَّاضِع۔ فا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔
الرَّاضِعَۃ۔ راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ بچہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع۔
الرَّضِیع۔ ج رُضَعَاء و الرَّضَع ج رُضَّع دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِیعَک: تمہارا رضاعی بھائی۔ اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اسلئے کہ اللہ کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَۃ۔ مع۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (۔ والرِّضَاعَۃ) اِرْضَاع کا اسم۔
الرَّضُوعَۃ۔ اپنے بچہ کو دودھ پلانیوالی عورت
الرَّضَّاع۔ بہت دودھ پلانیوالا۔ کمینہ۔
المَرَاضِیع۔ کمینے۔
رَضَفَہٗ (ض) رَضْفًا۔ داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا ۔۔۔ اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔
رَضَفَہٗ۔ سخت غضبناک کر دینا۔
الرَّضْف۔ گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَۃ) کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلَی الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضْف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں۔ اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَۃِ مَا عَلَیْہَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔
الرَّضِیفَۃ۔ گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا۔ داغ۔ ج رَضَف و رَضَفَات۔
الرَّضِیف۔ گرم پتھر (۔۔۔ والرَّضِیفَۃ) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ۔ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِیفَۃَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔
الرَّضِیف والمَرْضُوف۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔
الرَّضِیفَۃ والمَرْضُوفَۃ۔ اوجھ جس کو دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹ کر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔
المِرْضَافَۃ۔ داغ کرنے کا آلہ۔
مُظْفِئَۃُ (الرَّضْف) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گذرے۔
اَرْضَکَ۔ عَیْنَہٗ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا

رَضَمَہٗ (ض) رَضْمًا۔ الاَرْض: زمین کو جوتنا۔
۔۔۔ البِنَاءَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِیم و مَرْضُوم)
المَتَاع: سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّیْءَ: توڑنا عَلَیْہِ الصَّخْرَ: ڈالنا۔ (۔۔۔ رَضْمًا و رَضْمَانًا) فِی الشَّیْءِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا
۔۔۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
اِرْتَضَمَ۔ المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔
الرَّضْم والرِّضَام۔ بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں رَضْم کا واحد (رَضِیمَۃ)
الرِّضَمَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔
رَضَاہُ یَرْضُوہُ رُضُوًّا۔ پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِیْ فَرَضُوتُہٗ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا
رَضِیَ (س) رُضًی و رِضًی و رُضُوًّا و رِضْوَانًا و رِضًا و رِضَاۃً۔ عَنْہُ و عَلَیْہِ: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُونَ و رُضَاۃٌ و رُضًی) ج رَضُونَ و (رُضَّی) ج اَرْضِیَاء و رُضَاۃ
رَضِیَ۔ الشَّیْءَ و رَضِیَ بِہٖ و فِیْہِ: پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِی و مَرْضُوٌّ) کہا جاتا ہے "رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ فُلَانٍ و رَضِیَ عَنْہُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے "رُضِیَتْ مَعِیْشَتُہٗ": اس کی زندگی پسندیدہ ہے
رَاضَی رِضَاءً و مُرَاضَاۃً۔ الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا
اَرْضَی و رَضَّی۔ الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔
تَرَضَّی۔ الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔
تَرَاضَی۔ القَوْمُ الشَّیْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔
اِرْتَضَاہُ۔ لِنَفْسِہٖ او لِصُحْبَتِہٖ: پسند کرنا۔
اِسْتَرْضَاہُ۔ رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَانِیْہِ: کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ وامْرَأَةٌ (رِضًى) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے)
عَيْشَةٌ (رَاضِيَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)
رَضْوَى - مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام۔ اور نسبت کے لئے رَضَوِيّ۔
الرِّضَاءُ - خوشنودی۔
الرِّضْوَةُ - خوشنودی۔ کہا جاتا ہے: "مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ إِلَّا عَنْ رِضْوَتِهِ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔
الرَّضِيُّ - عاشق۔ دُبلا۔ چھریرا۔
ارْتَاطَ ارْتِيَاطًا - بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِي مَقْعَدِهِ: جم کے بیٹھنا۔
اِسْتَرْطَ - بے وقوف سمجھنا۔
الرَّطِيطُ - شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف جو رُطاط۔
الرَّطَائِطُ - بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)
رَطَأَ (ف) رَطْأً - القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا — بِسِلْحِهِ: پائخانہ کرنا — المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأَ - الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا — الرَّجُلَ: بیوقوف سمجھنا۔
الرَّطَأُ - بیوقوفی۔
الرَّطِيءُ - بے وقوف۔ جو رِطاء مؤنث رَطِيئَةٌ ورُطاء۔
رَطَبَ (ن) رَطَابَةً - البُسْرُ: پختہ ہونا بسر کھجور کا رطب ہونا۔
رَطَبَ (ن) رَطْبًا ورُطُوبًا - الدَّابَّةَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوبَةً ورَطَابَةً - تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔
رُطِبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ وأَرْطَبَ - الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: تر کرنا۔
رَطَّبَ وأَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ وأَرْطَبَتِ الأَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ أَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ أَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ - تر ہونا۔ اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِي بِذِكْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَّطْبُ والرَّطِيبُ - تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَطِيبٌ" خوش حال زندگی۔
الرُّطْبُ والرُّطَبُ - سبز چارہ۔
الرُّطَبُ - پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَةٌ) جو رِطَابٌ وأَرْطَابٌ۔
المَرْطَبَةُ - کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔
الرَّطَابُ - بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔
الرَّطْزُ - کمزور بال وغیرہ۔
الرُّطَازَاتُ - خرافات۔
رَطَسَ (ن ض) رَطْسًا - تھپڑ مارنا۔
اِرْتَطَسَتْ - عَلَيْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تربتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا - الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
الرَّطْعُ - زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا - الشَّيْءَ: ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا — الرَّجُلُ: دوڑنا۔
رَطَلَ - الشَّعْرَ: تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا — الشَّيْءَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا (— وأَرْطَلَ) الرَّجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ - رطل سے بیچنا۔
الرَّطْلُ والرِّطْلُ - بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ جو أَرْطَالٌ۔ الرَّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ: بیوقوف سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام قریب البلوغ لڑکا۔ سُبک رفتار گھوڑا۔
الرَّطْلَةُ - سبک رفتار گھوڑی۔
الرَّطْلَاءُ - رُتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرْطِلُ - مِنَ الرِّجَالِ: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهُ (ن) رَطْمًا - کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسانا۔
رَطَمَ وأَرْطَمَ - فِي قُعُودِهِ: جم کے بیٹھنا۔ وأَرْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ - البَعِيرُ: اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا
تَرَطَّمَ - السَّلِيعُ: پائخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ - کیچڑ میں گرنا۔ یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا — فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا — عَلَيْهِ الأَمْرُ: مشتبہ ہونا — الشَّيْءُ: ڈھیر لگنا۔
الرُّطْمَةُ - پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُّطَامُ - قبض۔
الرُّطُومُ - بیوقوف مرد۔
الرَّاطِمُ - کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأَةٌ (مَرْطُومَةٌ) بدی کیساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهُ (ن) رَطَانَةً ورَطَانَةً ورَاطَنَهُ مُرَاطَنَةً - عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ - القَوْمُ وتَرَاطَنُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُّطَيْنَى - کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَا رُطَيْنَاكَ هٰذِهِ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے
رَطَا (ن) رَطْوًا - الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
رَعَتْ (ن) رَعًا - الرِّيحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرَّعَاعُ - کمینے و رذیل لوگ۔
الرَّعَاعَةُ - شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا ورُعْبًا - خوف کرنا۔
الرَّجُلُ: خوف دلانا (— رَعْبًا) الإِنَاءَ ونَحْوَهُ: برتن یا حوض کا بھرنا — السِّنَامَ ونَحْوَهُ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَامِلَةُ:

کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَبَ تَرْعِیْبًا وَتَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا — الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔
الرَّعْبَلَۃُ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا — فُلَانًا: کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اَلرَّعَبُ: ڈرنا۔
اَلرُّعْبُ: جادو کا منتر۔ مقفیٰ نثر۔ بُرا دعدہ
اَلرُّعْبُ وَالرُّعُبُ: گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعْبَۃٌ۔
اَلرَّعِیْبُ: خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِیْبُ الْعَیْنِ وَمَرْعُوْبُ الْعَیْنِ" بزدل۔ جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
اَلرَّعَّابُ: جادو کرنے والا۔ مقفیٰ نثر بولنے والا۔
اَلرَّعَّابَۃُ: لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
اَلرُّعْبُوْبُ: بزدل۔ ج رَعَابِیْبُ (— اَلرُّعْبُوْبَۃُ وَالرَّعِیْبُ) مِنَ الْجَوَارِیْ: نازک اندام لڑکی۔
اَلْمُرْعَبُ: موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
اَلتُّرْعِیْبَۃُ: کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِیْبُ
اَلْمَرْعَبَۃُ: ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے اوپر بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
رَعْبَلَ: اَللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹنا۔ — اَلثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ — اَلرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ: اَللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا — اَلثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا
اَلرَّعْبَلُ: مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جمل "رَعْبَلٌ": بڑا اونٹ۔
اَلرَّعْبَلَۃُ وَالرُّعْبُوْلَۃُ: پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِیْلُ وَرَعَابِیْلُ۔ اور کہا جاتا ہے۔ ثَوْبٌ رَعَابِیْلُ "یعنی پرانا کپڑا۔

اَلرَّعْبَلَۃُ وَالرُّعْبُلَۃُ: مِنَ الرِّیَاحِ: ایک رُخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
اَلرُّعْبُوْلَۃُ: پھٹا ہوا چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا
رَعَثَتْ (ف) رَعْثًا وَرَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ اَلْغُنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وَارْتَعَثَتْ۔ اَلْمَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
اَلرَّعْثُ وَالرَّعَثُ۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
اَلرَّعْثَۃُ وَالرَّعَثَۃُ۔ بالی۔ مُرغ کی کلغی مُرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاثٌ وَجج رُعُثٌ۔
اَلرَّعْثَاءُ۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں۔ لمبے دانہ والا انگور۔
اَلرَّاعُوْثَۃُ۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔ یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَ (ف) رَعْجًا وَرَعَجًا وَارْعَجَّ۔ غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال و مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) رَعَجًا۔ اَلْمَالُ اَوِ الْعَدُوُّ: بہت ہونا — اَلْوَادِیْ: وادی کا بھر جانا۔
اِرْتَعَجَ۔ اَلرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَرَجُوْا وَلَهُمْ اِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا — اَلْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — الوادی بھر جانا — اَلْمَالُ: بہت ہونا۔
اَلرَّعْجُ۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا وَرُعُوْدًا۔ اَلسَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَعَدَلِیْ فُلَانٌ وَبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ "رَعَدَتِ الْمَرْأَۃُ وَبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگار کے سامنے آئی۔
اِرْعَدَّ۔ اَلرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا
گڑگڑاہٹ سننا — زَیْدًا: دھمکی دینا — ہ الْخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا لرزا دینا۔
اُرْعِدَّ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعْدَدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَّ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
اَلرَّعْدُ۔ مع۔ بادل کی گرج۔
"کہا جاتا ہے" جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ وَالصَّیَاصِلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
اَلرَّعْدَۃُ۔ اَلرِّعْدَۃُ۔ کپکپی۔
اَلرَّعَّادُ۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ اور اس کو "سَمَکَۃُ الرَّعْدَۃِ" بھی کہتے ہیں۔
اَلرَّعَّادَۃُ۔ بہت بولنے والا۔
اَلرَّاعِدَۃُ۔ گرجنے والا بادل۔ حَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَۃِ "اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِدُ۔ ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: مصیبت۔
اَلرُّعَیْدَاءُ۔ گیہوں کا پچھوڑن۔
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
اَلرِّعْدِیْدُ وَالرِّعْدِیْدَۃُ۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِیْدٌ: نرم و نازک نباتات۔ ج۔ رَعَادِیْدُ۔
رَعْرَعَ۔ اَلْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا — اَلْفَرَسَ: گھوڑے پر سدھائے کے لئے سوار ہونا — ہ النَّوْمُ: اُگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ اَلصَّبِیُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ — اَلْمَاءُ اَوِ السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا — اَلسِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
اَلرَّعْرَعُ وَالرُّعْرُعُ وَالرُّعْرُعَانُ۔ اچھے قد

اور اچھی جوانی والا۔ جمع رَعَارِیع و رَعَارِیع۔
الرَّعْرَاع: بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَنَ (ف) رَعْنًا: الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
رَاعَنَ مُرَاعَنَۃً: سکڑنا۔
المِرْعِزّ والمِرْعِزَّی والمِرْعِزَاء: بھیڑ کے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں۔
ثَوْبٌ (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا۔
مُرَاعِز: غضبناک۔
رَعَسَ (ف) رَعْسًا: کانپنا تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (— رَعْسًا و رَعَسَانًا
رَائِسُہٗ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
اَرْعَسَہٗ: کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ: کانپنا۔
ناقَۃٌ (رَاعِسَۃٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوس: خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِیس: چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس: نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المِرْعَس: خسیس آدمی جو کوڑی کوڑی میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ: کانپنا۔ صفت (رَعِش و رَعِیش)
اَرْعَشَہٗ و رَعَّشَہٗ: کپکپا دینا۔ لرزا دینا عاجز کرنا۔
الرَّعِش والرِّعْشِیش: بزدل۔ جلد باز
الرِّعْشَۃ: جلد بازی۔
الرُّعَاش: مرض کی وجہ سے کپکپی۔
ناقَۃٌ (رَعُوش) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاء: من النَّعَام: تیز رفتار شتر مرغ
— من النُّوق: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمُرْعَشّ: ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔

الرَّعْشَن: کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا و اَرْعَصَ: الشَّیْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا — عَلَیْہِ جِلْدَہٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ: عَلَیْہِ جِلْدُہٗ: کھال کا پھڑکنا — الجَدْیُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا: السَّہْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَہٗ: عَنْ کَذَا: سست کر دینا۔ جلدی کرانا — الوَتَدَ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ: السَّہْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔
— فُلَانًا: سست کر دینا۔
الرُّعْظ: تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ جو اَرْعَاظ۔ کہا جاتا ہے "کَسَرَ عَلَیْہِ اَرْعَاظَ النَّبَال" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا: الفَرَسُ الخَیْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعَفًا: الدَّمُ: بکسیر پھوٹنا (— ورَعَفَ (ف ن) رَعْفًا و رُعَافًا) الرَّجُلُ: بکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِہِ البَابُ: یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔
اَرْعَفَہٗ: جلدی کرانا — القِرْبَۃَ: مشک کو لبالب بھرنا — القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ: آگے بڑھنا۔
واسْتَرْعَفَتِ الحَصَی رِجْلَہٗ: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرَّعَفُ: مص۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَاف: بکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّاف: بہت بکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔

الرُّعَافِی: بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے)
الرَّاعِف: فا۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑی پر گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ جمع رَوَاعِف
الرَّوَاعِف: نیزے۔
الرَّعُوف والرَّاعُوف والرَّاعُوفَۃ و الأُرْعُوفَۃ: مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُّعُوف: ہلکی بارشیں۔
المَرَاعِف: ناک اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہٗ عَلَی الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِہٖ" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف: مِنَ الخَیْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِیقًا: بطن الدابۃ جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا: الشَّیْءَ: کشادہ پھاڑنا
— فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا: بیوقوف ہونا۔ النَّبَاتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ: الکَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَہٗ: سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَتْ: الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔
الأَرْعَل: بیوقوف۔ مؤنث رَعْلَاء جمع رُعْل
لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضرب
اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکانے والی تولہ کی ضرب۔
الرَّعْل: پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْلُ الرَّجُل: کپڑے۔
الرَّعَل: شہد کی نر مکھی۔
الرُّعَال: رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعَالَۃ: بیوقوفی۔
الرَّعْلَۃ: شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے بچان

کھلے جنے کا کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔
تھوڑے گھوڑوں کا یا گایوں کا گلہ۔ ج رِعَال و اَرْعَال و اَرَاعِیل۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الْخَیْلُ رِعَالًا وَاَرَاعِیْلَ" اَرَاعِیْلُ الرِّیَاحِ اَوِ السَّحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَة۔ انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعُل۔
رُعْلان وآس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
اَبُو رِعَلَة۔ بھیڑیا۔
الرَّعِیل۔ آگے آگے رہنے والی جماعت گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال
المِرْعَل۔ شمشیر براں۔
المِرْعَل۔ عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل۔ گلہ سے نکلا ہوا جانور۔
گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَان (ن) رَعْمًا۔ الشَّیْءَ: نگہبانی کرنا۔
۔ الشَّمْسُ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعِمَتْ (ف) وَرَعِمَتْ (ک) رَعَامَةً و اَرْعَمَتْ۔ الشَّاةُ: بہت رطبی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوم)
رَعَّمَه۔ الشَّاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔
الرَّیَّان۔ سیراب۔ سرسبز۔ تہنی وغیرہ مؤنث رَیَّا۔ جمع رِوَاء۔ وَجْہٌ رَیَّانُ: پُرگوشت چہرہ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَیَّانُ مِنَ العِلْمِ وَہُمْ رِوَاءٌ مِنْہُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں
الرِّوَاء۔ جمع اَرْوِیَۃ (المَرْوِیّ) جمع مَرَاوٍ و مَرَادِیّ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔
الرَّوَّاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔
الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَہٗ رُوَاءٌ۔ مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہو
الرَّاوِیَۃ۔ حدیث یا اشعار کو نقل کرنیوالا تاءِ مبالغہ کے لئے ہے جمع رَوَایَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔
الأَرْوِیَّۃ وَالإِرْوِیَّۃ۔ پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ جمع اَرَاوٍ وَاَرَاوٍ وَاَرْوِیٌّ۔
یَوْمُ (التَّرْوِیَۃ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لئے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے۔ یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔
رَابَہٗ یَرِیْبُہٗ رَیْبًا۔ شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسندیدہ بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْبُہٗ اَحَدٌ بِشَیْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے تعلق میں نہیں ڈال سکتا۔
اَرَابَہٗ اِرَابَۃً۔ شک میں ڈالنا تہمت لگانا۔ بیقرار کرنا — الرجلُ او الامرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَہٗ مِنْہُ اَمْرٌ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔
تَرَیَّبَ تَرَیُّبًا۔ مِنْہُ: خوف کرنا۔ ڈرنا۔

— بِہٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔
اِرْتَابَ اِرْتِیَابًا۔ مِنَ الشَّیْءِ: شک کرنا بضمان: تہمت لگانا۔
اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَۃً۔ شک میں پڑنا
— بِہٖ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔
الرَّیْب۔ تہمت۔ شک۔ حاجت۔
رَیْبُ المَنُوْن: گردش زمانہ۔
الرِّیْبَۃ۔ شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ جمع رِیَب۔
اَمْرٌ (رَیَّاب) ڈرانے والا معاملہ۔
رَاثَ یَرِیْثُ رَیْثًا وَتَرْیِیْثًا۔ تاخیر کرنا دیر کرنا۔
رَیْث۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَیْثَ مَا کَانَ عَلَیْہِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی — الشیءَ: نرم کرنا۔
اَرَاثَہٗ اِرَاثَۃً۔ دیر کرانا۔
اِسْتَرَاثَہٗ اِسْتِرَاثَۃً۔ دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔
الرَّیْث۔ مقدار مہلت۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَیْثَمَا) صَلَّیْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ وَمَا قَعَدْتُ عِنْدَہٗ اِلَّا رَیْثَ اَغْفَدَ شِعْرِیْ میں اس کے پاس تم سے باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ رَیْث بغیر ما کے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ یُرِیْدُ یَفْعَلُ بجائے یُرِیْدُ اَنْ یَّفْعَلَ کے ہے۔
الرَّیِّث۔ سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَیِّثٌ) العینین: کمزور نظر والا۔
رَاخَ یَرِیْخُ رَیْخًا وَرَیَخَانًا وَرُیُوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔
رَیَّخَہٗ۔ کمزور کرنا۔
المِرْیَخ۔ سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ جمع اَمْرِخَۃ۔
الرَّیْل۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ جمع رُیُوْل۔

رِیْشٌ (رَیْدَۃٌ وَرَادَۃٌ وَرَیْدَانَۃٌ) نرم ہوا۔ رِیْشٌ۔ القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔ رَیَّشَ۔ القَوْمَ: موٹا یا غالب ہونا۔ رَیَّشَتِ البِلَادُ: ارزانی وفراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّرَ القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہونچنا۔ الرِّیْرُ۔ رال جو بچہ کے منہ سے نکلے۔ (الرِّیْر والرِّیْرَۃ والرَّار) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے گھل چکا ہو۔

الرَّائِرَۃ۔ زانو کی ہڈی کا مغز۔

رَاشَ یَرِیْشُ رَیْشًا وَرَیَشَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا ــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا ــــ القَوْمَ: برتر ہونا غالب ہونا۔

الرَّیِّس۔ سردار قوم۔

رَاشَ یَرِیْشُ رَیْشًا۔ مال ومتاع جمع کرنا ــــ ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ــــ وَمَالًا: دینا ــــ مِنْ حَالِہٖ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَرِیْشُ وَلَا یَبْرِی" فلاں نہ نقصان پہونچاتا ہے نہ فائدہ۔ وَلَا تَرِیْشُ عَلَیَّ نَبْلِی (نَبْلِی میں دخل مت دو) وَاَرَاشَ وَرَیَّشَ) السَّہْمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ القَوْمُ فُلَانًا: کمزور کرنا۔ اِرْتَاشَ۔ السَّہْمُ: تیر میں پر لگانا (ــــ وَتَرَیَّشَ) خوش حال ہونا۔

الرِّیْش۔ پرندے کے پر۔ واحد (رِیْشَۃٌ) ج رِیَاش وَاَرْیَاش۔ الرِّیْش: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔

الرَّاش۔ پرندے کے پر۔ ج اَرْیَاش جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مؤنث رَاشَۃٌ۔ فَلَاۃٌ رَیْشٌ وَرَیِّشٌ) بہت پتیوں والی گھاس

الرَّیْش۔ کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔

الرَّیَّاش۔ مِنَ النُّوْقِ: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔

الرِّیَاش۔ عمدہ لباس وسامان۔ سرسبزی معاش۔ مال۔

الرَّیَّاش۔ تیروں پر پر لگانے والا۔

الرَّائِش۔ فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پر دار تیر۔

الاَرْیَش۔ کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مؤنث رَیْشَاء۔ ج رِیْش وَرَجُلٌ اَرْیَش: مال ولباس والا مرد۔

المِرْیَش والمِرْیَش۔ مِنَ السِّہَام: پر لگایا ہوا تیر۔ والبُرُدُ المِرْیَش: پروں کے نقش والی چادر۔ المِرْیَش۔ بہت بالوں والا کم گوشت والا۔ کمزور پٹھے والا۔

المُرَیَّش مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔

الرَّیْطَۃ۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَیْط وَرِیَاط۔

الرَّائِطَۃ۔ ایک پاٹ کی چادر۔

رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا وَرُیُوْعًا وَرِیَاعًا وَرَیَعَانًا۔ الشَّیْءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا۔ ــــ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا۔ (ــــ رَیْعًا) السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ــــ مِنْہُ: ڈرنا ــــ عَنْہُ وَاِلَیْہِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "ہَرَبَتِ الاِبِلُ فَصَاحَ بِہَا الرَّاعِیْ فَرَاعَتْ اِلَیْہِ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آگئے۔ وَ"فُلَانٌ لَا یَرِیْعُ لِکَلَامِکَ" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔

ــ رَیَّعَ۔ القَوْمُ: جمع ہونا ــــ الطَّعَامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا ــــ الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ کرنا۔

اَرَاعَ اِرَاعَۃً۔ الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا ــــ اللّٰہُ الزَّرْعَ: کھیتی کو بڑھانا ــــ القَوْمُ: بڑھی ہوئی کھیتی والی ہونا ــــ الاِبِلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔

تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا۔ ــــ المَاءُ: بہنا۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ــــ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔

ــــ بِمَاءٍ یَا بِالوُجُوْدِ: فیاضی کرنا۔

اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَۃً۔ حیران ہونا ــــ بِمَاءٍ یَا بِالوُجُوْدِ: فیاضی کرنا۔

الرَّیْع۔ مع۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ــــ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔ مِنَ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ــــ مِنَ الدِّرْعِ: دامن وآستین کی زیادتی۔ الرَّیْع: ہر چیز کی زیادتی۔ اور کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَہٗ رَیْعٌ" اس کے لئے پیداوار نہیں۔

الرِّیْع۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاع وَرُیُوْع وَاَرْیَاع۔

الرِّیْعَۃ۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔

الرَّیْعَان۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل اَرْضٌ (مَرْیَعَۃٌ) سرسبزی والی زمین۔ مَطَرٌ (مُرْیِعٌ) سرسبزی لانے والی بارش۔ نَاقَۃٌ (رَیْعَانَۃٌ وَمِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

رَاغَ یَرِیْغُ رَیْغًا۔ بھاگنا۔

رَیَّغَ تَرْیِیْغًا۔ الثَّرِیْدَۃَ: گھی میں تر کرنا۔

تَرَیَّغَتْ۔ الثَّرِیْدَۃُ: گھی میں تر ہونا۔

الرِّیْغ۔ گرد وغبار۔ مٹی۔

المُرَیَّغ۔ خاک آلود۔

رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا وَاَرْیَفَ اِرْیَافًا وَتَرَیَّفَ۔ سبزہ زار میں آنا۔ رَافَتِ المَاشِیَۃُ: سبزہ چرنا۔

رَایَفَ مُرَایَفَۃً۔ لِلْمَاءِ: تہمت کے قریب ہونا

اَرَافَ اِرَافَۃً وَاَرْیَفَ اِرْیَافًا۔ المَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔

الرَّان۔ سراب۔

الرِّیْف۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین ج اَرْیَاف وَرُیُوْف۔ الرِّیْف: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّف) سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَۃٌ

رَاقَ یَرِیقُ رَیْقًا۔ المَاءُ عَلَی وَجْہِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا ــــ الشَّیْءُ: چمکنا۔ ــــ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا (ــــ رَیْقًا وَرُیُوقًا) بِنَفْسِہٖ: جان دینا۔

رَیَّقَہٗ۔ السَّرَابُ: نہار منہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَۃً۔ المَاءُ: گرانا۔

تَرَیَّقَ۔ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔ اور نمایاں ہونا۔

الرَّیْقُ۔ مص۔ باطل۔ پانی بغیر رُیْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (ــــ والرِّیقُ والرِّیْقَۃُ) مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول وافضل۔

الرِّیْقُ۔ جر اَرْیَاق وَرِیَاق وَ(الرِّیقَۃ) تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں "وَشَرِبْتُ عَلَی الرِّیْقِ وَعَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْ رِیْقَۃِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا الرِّیْقُ: قوت۔ بقیہ جان۔

الرَّائِقُ۔ فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔ المَاءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔

الرَّیِّقُ۔ نہار منہ والا۔

رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا۔ الصَّبِیُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِّیَال۔ رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)

دَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا۔ حَمْلُ البَعِیْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا ــــ المَکَانَ وَمِنْہُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا ــــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ عَنْہُ: ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَارَامَ بِفِعْلِ کَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔ اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَا یَرِیْمُ تَیَمَّمَا" بمعنی لَا یَزَالُ مُتَیَمِّمًا۔ (ــــ رَیْمًا وَرَیَمَانًا) الجُرْحُ: زخم کا انگور بندھنا۔

رِیْمَ۔ بہ: چھوڑ دیا جانا۔

رَیَّمَ تَرْیِیْمًا۔ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ ــــ عَلٰی کَذَا: بڑھنا ــــ السَّحَابَۃُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّیِّمُ۔ مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو۔ فِیْ ہٰذَا الْعَدْلِ رَیِّمٌ عَلَی الْآخَرِ" اس کھڑی میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھونی پہاڑی۔ قبر قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (ــــ والرِّیْمُ) خالص سفید اونٹنی۔

رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا وَرُیُوْنًا۔ الشَّیْءُ فُلَانًا وَعَلَیْہِ وَبِہٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو۔ رَانَ بِہِمَا عَلٰی قَلْبِہٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نَفْسُہٗ: جی متلانا۔ رَانَ المَوْتُ عَلَیْہِ وَبِہٖ: موت کا آجانا۔

رِیْنَ۔ بہ: لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَۃً۔ القَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْنَ)

الرَّان۔ موزہ کی طرح جوتا۔

الرَّیْن۔ میل کچیل۔

الرَّیْنَۃ۔ شراب۔ جر رَیْنَات۔

رَجُلٌ (مَرِیْنٌ) عَلَیْہِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہو گئے ہوں۔

رَاحَ یَرِیْحُ رَیْحًا۔ الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔

رَیَّحَ تَرْیِیْحًا۔ آمد و رفت کرانا۔

تَرَیَّحَ۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْبَی اِرْبَاءً۔ الرَّایَۃَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَبَّی۔ الرَّایَۃَ: جھنڈا بنانا۔

الرَّایَۃ۔ علامت جو پہچان کے لئے لگائی جائے۔ جھنڈا۔ اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے۔ اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ جر رَایَات وَرَایٰی

الرَّیّ۔ مملکت ایران میں ایک شہر کا نام نسبت کے لئے (الرازی)

الرِّیّ۔ خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ" فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ رَیَّۃٌ: میٹھا پانی والا چشمہ۔

ز

(۷)

زَأَبَ (ف) زَأْبًا۔ ڈگڈگا کے پینا ——
الزَّئِبَرِیَّۃ: زمانہ کا اُلٹنا —— المَاشِیَۃ: مویشی
کا بھگانا: بوجھ لپیٹنا (—— وازدأب ازدیابا
القربۃ: مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔
زَأَبَرَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
—— الثوب: کپڑے سے رُواں نکالنا۔
الزِّئْبَر والزُّؤْبُر والزُّوْبَر۔ کپڑے کا رُواں
کہا جاتا ہے "ذَہَبَتِ الْاَیَّامُ بِنَضَارَتِہٖ وَنَفَضَتْ
بِزُؤْبُرِہٖ زمانہ: اس کی رونق کو لے گیا اور اسکے
رُویں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اُس کا زمانہ پرانا ہوگیا۔
زَأَبَقَ۔ الشَّیْءَ: پارہ کی قلعی کرنا۔
الزِّئْبَق والزِّئْبِق۔ پارہ۔
زَأَجَہٗ (ف) زَأْجًا۔ بَیْنَہُمْ: بھڑکانا۔ اکسانا
ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔
زَأَدَہٗ (ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤُدًا و
زُؤُودًا۔ گھبرا دینا۔
الزُّؤُد والزُّؤُود۔ گھبراہٹ۔
لَیْلَۃٌ مَزْؤُودَۃٌ خوف وگھبراہٹ کی رات۔
زَأَرَ (ن ض) وزَئِرَ (س) زَئِیرًا وزَأْرًا و
زَآرًا وزَأْرَۃً وتَزْآرًا۔ الْاَسَدُ: شیر
کا دھاڑنا۔ صفت (زَئِرٌ وزَاءِرٌ ومِزْئَرٌ)
الْمِعْیٰ: آمز کو گڑگڑانا۔
الزَّاْرَۃ۔ زَأَرَ کا اسم مرۃ جنگل، جھاڑی۔
زَأَرَ الرَّجُلُ الْغَنَمَ: اونٹوں بکریوں کا گنجان ریوڑ۔
زَأَزَأَ۔ سر اور دم اُٹھا کر تیز چلنا —— ہ:
خوف دلانا —— الشَّیْءَ: ہلانا حرکت دینا۔
تَزَأْزَأَ۔ ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں
کو ہلاتے ہوئے چلنا —— مِنْہُ: ڈر کر خاکساری
کرنا —— الشَّیْءُ: ہلنا۔
زَأَطَ (ن) زَأْطًا۔ بہت شور مچانا۔
زَأَفَہٗ (ف) زَأْفًا۔ جلدی کرانا۔
اَزْأَفَ اِزْآفًا۔ عَلَیْہِ: ادھ مری کو مار ڈالنا۔
اَزْأَفَہٗ بَطْنُہٗ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔
الزُّؤَاف۔ جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ:
جلدی کی موت۔
زَأَکَ (ن) زَأْکًا۔ ناز سے چلنا۔
تَزْاءَکَ تَزَاْؤُکًا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔
زَأَمَ (ن) زَأْمًا وزُؤَامًا۔ جلدی مرنا۔
خوب ڈٹ کے کھانا —— ہ: گھبرا دینا۔
—— ہ البَرْدُ: کپکپا دینا —— بِی کَلِمَۃً: ایسی
بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو۔
اور کہا جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس
نے کچھ نہیں کہا۔
زُئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ (س) زَأَمًا و
اِزْدَأَمَ۔ بہت گھبرانا۔ زَئَمَ بِفُلَانٍ: چلانا۔
آواز دینا۔
زَأَمَہٗ تَزْئِیمًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
اَزْأَمَہٗ۔ عَلَی الْاَمْرِ: کسی کام پر مجبور کرنا۔
الجُرْحَ: زخم کا اچھے ہوتے تک علاج کرنا
المَوْت (الزُّؤَام) مکروہ موت۔ جلدی کی
موت۔
الزِّئْم۔ آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے۔
"طَعَنُوْا فِی زِئْمِہٖ" لوگوں نے اُس کی حسب کے
متعلق طعن وتشنیع کی۔
الزَّئِم۔ بہت خوف زدہ۔
الزَّأْمَۃ۔ حاجت۔ بہت کھانا پینا۔
ہوا۔ سخت آواز۔ کلمۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا
یَعْصِیْہِ زَأْمَۃٌ" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی
مخالفت نہیں کرتا۔ الزَّأْمَۃُ مِنَ الطَّعَامِ:
کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔
الزُّوَان۔ ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں
کے کھیت میں اگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ
مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے
کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُوَانَۃٌ)
زَأَی (ف) زَأْیًا۔ تکبر کرنا۔
اَزْأَی۔ فُلَانًا بَطْنُہٗ: پیٹ بھر جانے کی
وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔
زَبَّ (ض) زَبًّا۔ چہرے اور کانوں پر
بہت بال ہونا —— الشَّمْسُ: آفتاب کا
ڈوبنے کے قریب ہونا۔
زَبَّتَ (ن) زَبْتًا۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
—— الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔
زَبَّبَتِ۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے
قریب ہونا —— العِنَبَ: انگور خشک کرنا۔
الرَّجُلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے
"تَکَلَّمَ فُلَانٌ حَتّٰی زَبَّبَ فُوْہُ" فلاں نے گفتگو
کی یہاں تک کہ اس کے مُنہ سے جھاگ آنے لگا۔
اَزْبَتَ اِزْبَابًا۔ العِنَبُ: انگور خشک کرنا
—— الشَّمْسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔
تَزَبَّبَ۔ العِنَبُ: انگور خشک ہونا۔
الرَّجُلُ: غصہ سے بھر جانا —— فِی الکَلَامِ: زیادہ
بولنے سے جھاگ نکلنا۔
اِزْدَبَّتْ۔ اِزْدِبَابًا القِرْبَۃُ: مشک کا
بھر جانا۔
الزَّبَب۔ مع۔ بالوں کی زیادتی ولمبائی۔
الزَّبَابَۃ۔ ایک قسم کا بڑا جوہر ہوتا ہے
اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں۔
اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَۃٍ"
الزَّبِیب۔ خشک انگور یا انجیر بیچنے والے
کو "زَبَّاب" کہتے ہیں۔ سانپ کے منہ کا زہر۔
الزَّبِیبَۃ۔ زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم
جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ منہ کے جھاگ۔ الزَّبِیبَتَان:
سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے۔

اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِیْبَتَیْنِ" کہتے ہیں۔

الأَزْبَبُ - چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاء۔ عامٌ أَزْبُّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثلہ عرب میں ہے "کُلُّ أَزَبَّ نَفُوْرٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

دَاهِيَةٌ زَبَّاءُ: بڑی مصیبت۔

الزَّبِیْبُ - کشمش بیجنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المُزِبُّ والمُزَبِّبُ - فا۔ بہت مال والا

الزَّبَنْتَى - پستہ قد۔

زَبَنَ (ن) زَبْنًا - مکھن کھلانا — السِّقَاءُ مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلونا۔

زَبَنَ (ض) زَبْنًا - السَّوِیْقَ: ستو میں مکھن ملانا — لَهُ: مکھن دینا۔

زَبَنَ - اللَّبَنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا۔ شَدْقُهُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا — القُطْنَ: روئی دُھننا۔

أَزْبَنَ - البَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "أَزْبَى الرَّجُلُ وأَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی - الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا — السِّدْرُ وغیرُهُ: شگوفہ نکلنا۔

تَزَبَّنَ - الشِّدْقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا - الزُّبْدَةَ: مکھن لینا — الشَّیْءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا - نکلنا — الیَمِیْنَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُّبْدَةُ والزُّبْدُ - مکھن۔ جو زُبَدٌ وزُبْدَةٌ الشَّیْءِ: چیز کا عمدہ و افضل حصہ۔ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِكَارِثَةٍ" ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَّبَدُ - داد و دہش۔

الزَّبَدُ - جو أَزْبَادٌ و الزَّبَدَةُ) جو زَبَدٌ: جھاگ۔ میل - اور اسی سے مثل ہے "مَرَّحَ الْمَخْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزَّبَادُ - ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَّادُ و ستور الزَّبَّادُ اور قِطُّ الزَّبَّادُ کہا جاتا ہے

الزُّبَّادُ - ایک قسم کی نباتات - زُبَادُ اللَّبَنِ: غیر مفید چیز - اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَّادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِّبْدِیَّةُ - مٹی کا پیالہ - جو زَبَادِیُّ -

المِزْبَدُ - مکھن نکالنے کا آلہ - جو مَزَابِدُ -

المُزْبِدُ - فا۔ جھاگ پھینکنے والا - بَحْرٌ مُزْبِدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزْدَبِنُ - مکھن والا۔

زَبَرَهُ (ن ض) زَبْرًا - عَنِ الأَمْرِ: کام سے منع کرنا۔ روکنا — السَّائِلَ: جھڑکنا — الرَّجُلَ: پتھرمارنا — البِنَاءُ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا — عَلَیْهِ: صبر کرنا — وزَبَّرَ و ازْدَبَرَ) الكِتَابَ: لکھنا۔

زَبْرَكَ (ک) زَبَارَةً - بڑے جسم کا ہونا صفت (زَبِیْر)

أَزْبَرَ - الرَّجُلُ: دلیر ہونا - بڑی جسم کا ہونا۔ الكَبْشُ: موٹا کرنا۔

ازْبَأَرَّ ازْبِئْرَارًا - الكَلْبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا — الشَّعْرُ: بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ: آمادۂ شرارت ہونا — النَّبَاتُ و الوَبَرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اُگنا۔

الزَّبْرُ - مع - عقل - قوی - مضبوط پتھر تحریر - کلام۔

الزَّبُوْرُ - کتاب - جو زُبُرٌ - عقل - کہا جاتا ہے "مَالَهُ زَبُوْرٌ" اس کو عقل نہیں۔

أَخَذَهُ (زَبْرَهُ او بِزُبْرَهِ او بِزُبْرَتِهِ) یعنی اس سے اس کو پورا لے لیا۔

الزَّبَرُ - بہت قوی۔

الزُّبْرَةُ - لوہے کا بڑا ٹکڑا - کاندھا اور پٹھے ایال (شیر وغیرہ کی) نہائی - جو زُبَرٌ وزُبُرٌ -

الزَّبُوْرُ - فرشتہ - گروہ - کتاب - جو زُبُرٌ حضرت داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب

الزَّبِیْرُ - لکھی ہوئی چیز - قوی مرد - مصیبت ظریف - ہوشیار مرد - کیچڑ۔

الأَزْبَرُ - بڑے کندھے والا - ایال دار شیر مؤنث زَبْرَاءُ - جو زُبْرٌ -

التَّزْبِیْرُ - زَبَّرَ کا مصدر - تحریر - کتابت۔

المِزْبَرُ - قلم۔

المُزْبِرُ - بڑے کندھے والا۔

أَرْضٌ (مَزْبَرَّةٌ) بہت جھڑوں والی زمین۔

أَسَدٌ (مَزْبَرَانِيٌّ) بہت ایال والا شیر۔

بِئْرٌ (مَزْبُوْرَةٌ) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں

زَبْرَجَ - الشَّیْءَ: خوبصورت بنانا - مزین کرنا - آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِجُ - نقش و نگار کی زینت - ہر خوبصورت چیز - سونا - سُرخ پتلا بادل - جو زَبَارِجُ -

الزَّبَرْجَدُ - زمرد کے شابہ ایک قیمتی پتھر جو زَبَارِجُ -

زَبْرَقَ - الثَّوْبَ: سُرخ یا زرد رنگنا۔

الزِّبْرِقَانُ - پوری رات کا چاند - سرخ داڑھی والا مرد۔

زَبْزَبَ - غضبناک ہونا - شکست کھانا۔

الزَّبْزَبُ - بلی کی مانند ایک جانور - ایک قسم کی کشتی - جو زَبَازِبُ -

زَبَطَ (ض) زَبْطًا و زَبِيْطًا - البَطَّ: کڑکڑانا

الزَّبَاطَةُ والزَّبَاطَةُ - بط -

تَزَبَّعَ - بدخلق ہونا - غضبناک ہونا - جھگڑالو ہونا۔

الزَّبِیْعُ - غصہ ور جھگڑالو -

الزَّوْبَعُ - حقیر - پستہ قد -

الزُّبَعَة - بگولہ - اس کو اُمّ زُوبَعَة اور اَبُو زُوبَعَة بھی کہا جاتا ہے - جمع زَوابِع - الزَّوابِع: مصیبتیں -

الزُّبَاعَة - چمڑی موزے یا جوتے کی نوک -

الزَّبَعْبَق والزَّبَعْبَاق - بدخلق -

الزَّبَعْبَك والزَّبَعْبَكِی - شوخ چشم و بیباک مرد -

زِبَعْرَا - الزِّبَعْرَی: بدخلق - سخت - چہرے اور (اور) پر زیادہ بالوں والا - مادہ مگرمچھ - اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھا لیتا ہے -

الزِّبَعْرِی - لمبے پر والا تیر -

زَبَقَ (ض) زَبْقًا - شَعْرُہٗ: بال اکھیڑنا - — فی الحبل: قید کرنا - تنگی ڈالنا - — ہ فی الشَّیْءِ: داخل کرنا - — الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: مخلوط کرنا - ملانا - — القفل: تالا کھولنا - — المرأۃ یولدہا: پھینک دینا -

اِنْزَبَقَ - فی البیت: گھر میں داخل ہونا - — فی الحبالۃ: جال میں پھنسنا - چھپنا -

الزَّابُوقَة - من البیت: مکان کا گوشہ -

الأَزْبَق - بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے -

المَزْبُوقَة والزَّبِیقَة - من اللحیۃ: نوچی ہوئی داڑھی -

زَبَلَ (ض) زَبْلًا و زَبَّلَ - الأرض: زمین میں کھاد ڈالنا (— واِزْدَبَلَ) الشَّیْءَ: اٹھانا -

الزَّابِل والزَّابِل - پستہ قد -

الزِّبَال والزُّبَال - وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے - کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْہُ زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا -

الزَّبِیل والزَّبِیلَة والزُّبَیل - توبرہ - کھاد الزَّبِیل والزُّبَیل - خشک گوبر اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں -

الزُّبَیلَة - لقمہ -

الزُّبَالَة - تھوڑا پانی - کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے -

الزُّبَیْل - جمع زُبَل و زُبْلَان و (الزَّبِیل) جمع زَبَابِیل و (الزُّبَیْل) و (الزُّبَیْل) جمع زُبَانِیل: ٹوکرا - برتن - توشہ دان -

المَزْبَلَة والمَزْبُلَة - کوڑا خانہ جمع مَزَابِل

زَبَنَہٗ (ض) زَبْنًا - دفع کرنا - ٹکر لگانا - علیحدہ کرنا - زَبَنَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دوہنے کے وقت زانو سے مارنا - کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوفَہٗ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا - زَبَنَ الثَّمَرَ: درخت پر پھل بیچنا -

اَزْبَنَ - بَیْتَہٗ عَنِ الطَّرِیقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا -

زَابَنَہٗ - مُزَابَنَۃً - ایک دوسرے کو ہٹانا - ایک دوسرے سے ٹکرانا - درخت پر پھل بیچنا -

تَزَابَنَ - القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا -

اِنْزَبَنَ - القَوْمُ: علیحدہ ہونا - کنارہ پر ہونا

تَزَبَّنَہٗ - زبردستی غلبہ کرنا -

اِسْتَزْبَنَہٗ - غالب ہونا -

الزَّبَن - مصم - بَیْتٌ زَبَن: گھروں سے علیحدہ گھر مقام زَبَن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں -

الزَّبَن - گوشہ -

الزَّبِن والزُّبُن - بہت دفع کرنے والا

زُبْنَتَا - النَّاقَۃ: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں

الزِّبْیَن - پیشاب پاخانہ کو روکنے والا -

الزُّنْبِیَۃ - سخت - جن و انسان میں سے سرکش - سپاہی جمع زَبَانِیَۃ -

الزَّبَانِیَۃ - عِنْدَ العَرَبِ: سپاہی - ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے -

الزَّبُون - من النُّوق: دوہنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی - حَرْبٌ زَبُونٌ: سخت لڑائی - الزَّبُون: بیوقوف بھی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزَّبُونَة والزَّبُونَة - گردن - اور کہا جاتا ہے "بِفِیہِ زَبُونَۃٌ" اس میں تکبر ہے -

زُبَانَی - العَقْرَب: بچھو کا ڈنک -

زُبَانِیَا - العَقْرَب: بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں

المُزَابَنَۃ - مع - اندازہ سے بیع کرنا -

الزَّبَنْتَرَی - پست قد مرد - بدصورت و پست قد بلا و مصیبت -

الزَّبَنْتَرَی - بلا و فتنہ -

زَبَی (ض) زَبْیًا و اِزْدَبَی - ہ: اٹھانا ہانکنا - زَبَاہُ بِشَرٍّ: تہمت لگانا -

اَزْبَاہُ اِزْبَاءً - اٹھانا -

زَبَّی - فُلَانًا: ہانکنا — اللَّحْمَ: شکار کے گڑھے میں گوشت بچھرنا -

زَبْیٌ و تَزْبِیَۃٌ - الزُّبْیَۃ: شکار کا گڑھا کھودنا - تَزَبَّی فِی الزُّبْیَۃِ: شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا -

تَزَابَی تَزَابِیًا - تکبر کرنا -

الزُّبْیَۃ - درندوں کے شکار کا گڑھا - پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے - جمع زُبًی - کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبَی" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا -

الأَزَبِّی - جلدی - نشاط - ایک قسم کی چال - بڑا معاملہ - جمع اَزَابِّی -

زَجَّ (ن) زَجًّا - آراستہ کرنا -

تَزَجَّجَت - العَرُوسُ - دلہن کا آراستہ ہونا -

زَجَخَ (ن) زُجُوخًا - الفَرَسُ: گھوڑی لگنا -

زَجَجَ (ن) زَجًّا - دوڑنا - ہ: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا - زَجَّہٗ بِالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا - — شَیْئًا: کوئی چیز پھینکنا -

زَجَّ (ض) زَجًّا و اِزْدَجَّ - حَاجِبُہٗ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا - صفت (اَزَجّ) مؤنث زَجَّاء جمع زُجٌّ (ایسی بھوں کو بھی اَزَجّ کہتے ہیں)

زَجَجَ - الحَاجِب: ابرو کو لمبی اور باریک

بنانا۔ — الموضع: درست وہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقر خشبۃ ثم زجج موضع النقر" اس نے لکڑی کو کھود اپھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔
اَزَجَّ۔ الرُّمْحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔
الزُّجّ۔ نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل "جعل الزُّجَّ قُدّام السِّنان" یعنی اس نے ادنی کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ بہ زِجاج وأزِجّۃ وزُجَجۃ۔ اور کبھی الزِجاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔
الزَجاجۃ والزُجاجۃ والزِجاجۃ۔ شیشہ (زَجاجۃ زِجاجۃ زُجاجۃ) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ خَشَیْشَۃُ الزُجاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔
الزُجاجی۔ شیشہ بیچنے والا۔
الزَجّاج۔ شیشہ بنانے والا۔
الزِجاجۃ۔ شیشہ گری کا پیشہ۔
الزُجُج۔ پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے سدھائے ہوئے گدھے۔
الزَنزَج۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شترمرغ۔ مؤنث زَجاء بہ زُجّ۔
المِزَجّۃ۔ چھوٹا نیزہ۔ رُمح (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔
المُزَجَّجۃ۔ وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔
الزُجَبۃ۔ کلمۃ۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ منہ زُجَبۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
زَجَرَہٗ (ن) زَجْرًا۔ عن کذا: روکنا منع کرنا ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا۔ — الریحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا۔ — الکلبُ: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا۔ — الطیرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت أن یکون کذا وکذا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔
اِزدَجَرَہٗ۔ منع کرنا روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (— وانزجر) رک جانا۔
تَزاجَرَ۔ القومُ عن الشرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔
الزَجْر۔ مص۔ (— والزَجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ جر زُجُور۔
الزاجِر۔ فا — زاجِرُ الإنسانِ: ضمیر۔ أبو زاجِر: کوا۔
الزَجّار۔ بہت ڈانٹنے والا۔
ناقۃٌ (زَجُور) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔
المِزجَر۔ ڈانٹنے کی جگہ (— والمِزجَرۃ) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِکرُ اللہ مِزجَرۃٌ للشیطان" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔
زَجَلَ (ن) زَجْلًا۔ ہ وبہ: تیر مارنا۔ دفع کرنا۔ — ہ: بالرُمح: نیزہ مارنا۔ — الحمامُ: کبوتر کو دور جانے کیلئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمامُ الزاجِل یا حَمامُ الزَجّال کہتے ہیں
زَجِلَ (س) زَجَلًا۔ خوش ہونا۔ گانا۔ شور وفریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزاجِل)
التَزاجُم: کھیل کود کرنا۔
الزَجَل۔ شعر کی ایک قسم۔ سَحابٌ ذُو زَجَلٍ: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنّ: — جنوں کی گنگناہٹ۔
الزَجَلۃ۔ لوگوں کا شور۔ بہ زَجَلات۔
الزُجلۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ بہ زُجَل۔
مسافۃٌ (زُجُول) دور کی مسافت۔
الزاجِل والزاجَل۔ حلقہ کی مانند لکڑی جو رسی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزہ کے نچلے حصہ کو ہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ بہ زَواجِل
الزَجّالۃ۔ چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔
المِزجَل والمِزجال۔ چھوٹا نیزہ۔
المَزجَل۔ کبوتروں کے روانگی کی جگہ۔
ناقۃٌ (زَجُلاء) تیز رفتار اونٹنی۔
المِزجَیل۔ کمزور بدن والا مرد۔
الزَواجِل۔ کمزور سست بدن والا۔
الزَجَنجَل۔ آئینہ۔
زَجَمَہٗ (ن) زَجْمًا۔ آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سکتَ فما زَجَمَ بحرفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
الزُجَم۔ ایک قسم کا پرندہ۔
الزَجْمَۃ والزُجْمَۃ۔ آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لم أسمع لہ زَجْمَۃً" میں نے اس کی ایک بات بھی نہیں سنی۔ وہو لا یُخالِفُ بزَجْمَۃٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَجْمَۃ: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔
قَوسٌ (زَجُوم) کمزور آواز والی کمان۔
الزَجْنَۃ۔ نرم وخفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ لہ زَجْنَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
زَجا (ن) زَجْوًا وزَجًی تَزجِیَۃً و أزجَی إزجاءً وازدَجَی۔ ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کیف تُزجِی أیّامَک" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "زَجّی فلانٌ حاجَتی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کردیا۔ أزجَی الأمرَ: مؤخر کرنا۔ أزجَی الدراہمَ: دراہم کا رائج کرنا۔
زَجا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجاءً۔ الأمرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا۔ — الخراجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا — فلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔
تَزَجّی تَزَجِّیًا۔ بالشیءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔
المُزجَی۔ تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث

مُزَاحَفَةٌ۔
الْاَزْحَى۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَزْحَى مِنْ فُلَانٍ بِهٰذَا الْاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے
اَلْمُزْحِیُّ۔ کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہو۔
زَحَّهٗ (ن) زَحًّا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ یا جلدی سے کھینچنا ــــ عَنْ مَکَانِهٖ: علیحدہ کرنا۔
زَحَبَ (ف) زَحْبًا وَزُحُوْبًا۔ اِلَیْهِ: نزدیک ہونا۔
زَحَرَ (ض) زَحِیْرًا وَزُحَارًا وَزُحَارَةً پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِهِ اُمُّهٗ: جننا۔ زَحَرَهٗ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔
زُحِرَ۔ مبتلائے پیچش ہونا۔
زَحَرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔
زَاحَرَهٗ۔ دشمنی کرنا۔
تَزَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا ــــ عَنْهُ اُمُّهٗ: جننا۔
اَلزِّحَارُ وَالزَّحِیْرُ۔ پیچش۔
اَلزُّحَرُ وَالزَّحَارُ وَالزَّحْرَانُ۔ بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے
زَحْزَحَهٗ۔ عَنْ مَکَانِهٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔
تَزَحْزَحَ۔ دور ہونا۔ ہٹنا۔
اَلزَّحْزَحُ۔ دُوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بَزَحْزَحٍ مِنْهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔
اَلزَّحْزَاحُ۔ دور۔
زَحَفَ (ف) زَحْفًا وَزَحَفَانًا وَزُحُوْفًا آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا ــــ اِلَیْهِ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "زَحَفَ الْعَسْکَرُ اِلَی الْعَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا ــــ الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔ ــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت نذیر۔ زَاحِفٌ وَزَاحِفَةٌ (تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث) جمع زَوَاحِفُ وَزُحُوْفٌ)

جو زُحَفٌ ــــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زاحف) جمع زَوَاحِفُ۔
اَزْحَفَ۔ اپنے انتہائی مطلوب پر پہونچنا۔ ــــ هُ طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا ــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا ــــ الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ اَزْحَفَ بِنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔
زَاحَفَنَاهُمْ۔ ایک دوسری کی طرف گھسٹنا
تَزَحَّفَ وَازْدَحَفَ۔ اِلَیْهِ: چلنا۔
تَزَاحَفَ۔ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔
اَلزَّحْفُ۔ مع۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ جمع زُحُوْفٌ۔
اَلزُّحْفَةُ۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔
اَلزِّحَافُ۔ فِی الْعَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو بسبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔
اَلزَّحَّافُ۔ گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَةٌ۔
اَلزَّحَّافَاتُ مِنَ الْحَیَوَانِ: رینگنے والے جانور۔
اَلْمَزْحَفُ۔ گھسٹنے کی جگہ جمع مَزَاحِفُ۔
مَزَاحِفُ الْحَیَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ
مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔
بَعِیْرٌ (مزحاف) اونٹ جس کو تھک جانیکی عادت ہو۔ جمع مَزَاحِفُ و مَزَاحِیْفُ۔
زَحَكَ (ف) زَحْكًا۔ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ بِهٖ: قریب ہونا ــــ عَنْهُ: بعید ہونا۔
اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔
اَزْحَكَ۔ تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔
زَاحَكَهٗ۔ عَنْ نَفْسِهٖ: دور کرنا۔
تَزَاحَكَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)
زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا۔ عَنْ مَکَانِهٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زاحل و

وزحل)
زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا۔ تھکنا۔
اَزْحَلَهٗ۔ اِلَیْهِ: پناہ لینا۔
اَزْحَلَهٗ وَزَحَّلَهٗ۔ دُور کرنا۔
تَزَحَّلَ۔ عَنْ مَکَانِهٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔
زُحَلُ۔ ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بُعد کے لئے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں ــــ وَرَجُلٌ زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا بُرا۔
اَلزُّحَلَةُ۔ کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں رہنے والا جانور۔
مَسَافَةٌ (زُحُوْلٌ) دُور کی مسافت۔
اَلزِّحْلِیْلُ۔ تیز۔ علیحدہ رہنے والا ــــ وَالزُّحْلُوْلُ) تنگ پھسلنے کی جگہ۔ اَلزُّحْلُوْلُ: ہلکے پھلکے جسم والا۔
اَلْمَزْحَلُ۔ وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلٌ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذَا لَمْ یَکُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّیْفِ مَزْحَلٌ" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔
زَحْلَفَ۔ الشَّیْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا ــــ الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِی الْکَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔
تَزَحْلَفَ۔ لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔
تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا دوپہر میں ڈھلنا۔
اَلزُّحْلُوْفَةُ۔ چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ جمع زَحَالِیْفُ وَزَحَالِیْفُ۔
اَلزَّحَالِفُ۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔
زَحْلَقَ وَزَحْلَكَ وَتَزَحْلَقَ وَتَزَحْلَكَ وَالزُّحْلُوْقَةُ وَالزُّحْلُوْكَةُ۔ بمعنی زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ وَالزُّحْلُوْفَةُ۔
اَلزُّحْلُوْقَةُ۔ لمبے تختے کا جھولا جسکے دونوں

جانب بیٹھ کر جھولیں۔
الزِّحْلِق۔ تیز و تند ہوا۔
زَحَمَہٗ (ف) زَحْمًا و زِحَامًا۔ تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
زَاحَمَہٗ۔ تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الخَمِیْسُ: قریب ہونا
اِزْدَحَمَ وتَزَاحَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو ڈھکیلنا
الأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
الزَّحْم۔ مم۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔
الزَّحْمَۃ۔ بھیڑ۔ تنگی۔
الزِّحَام۔ مم۔ یَوْمُ الزِّحَام: قیامت کا دن
المِزْحَم۔ بہت بھیڑ کرنیوالا (اَبُوْ مِزْحَمٍ) ہاتھی۔
زُحْمَر۔ القِرْبَۃ: مشک بھرنا۔
زَحَنَ (ف) زَحْنًا۔ دیر کرنا ــــ ہ عَنِ المَکَانِ: دور کرنا۔
تَزَحَّنَ۔ دیر کرنا۔ سمٹنا ــــ عَنْ مَکَانِہٖ: ہلنا ــــ عَلَی الشَّیْءِ وعَنْہُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔
رَجُلٌ زُحَنٌ۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث زُحَنَۃٌ
الزَّحْنَۃ۔ سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کا قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَہُمْ زَحْنَۃٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے "وَلَا زَحْنَۃَ بَعْدُ" جبکہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔
الزُّحْنَۃ۔ وادی کا موڑ۔
زَخَّ (ن) زَخًّا۔ غضبناک ہونا ــــ بالإِبِلِ: اونٹوں کو تیز چلانا ــــ ہ: گڑھے میں ڈھکیلنا۔
ــــ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
زَخَّ (ن) زَخًّا و زَخِیْخًا۔ الجَمَرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔
الزَّخّ۔ مم۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔
الزَّخَّۃ۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب (۔ والمَزَخَّۃ والمِزَخَّۃ) بیوی۔
زَخْزَخَ۔ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ (ف) زَخْرًا و زُخُوْرًا و تَزْخَارًا۔ البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا ــــ الوَادِی: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا ــــ القَوْمُ: جنگ یا روائگی جنگ کیلئے پُرجوش ہونا ــــ الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا ــــ ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا ــــ بِمَا عِنْدَہٗ: فخر کرنا۔
زَاخَرَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَہٗ فَزَخَرَہٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَزَخَّرَ۔ البَحْرُ او الوَادِی: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔
تَزَخْوَرَ۔ بِمَا عِنْدَہٗ: فخر کرنا۔
الزَّاخِر۔ فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا ــــ مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔
زَوَاخِرُ۔ الوَادِی: وادی کی گھاس۔
الزَّخَّار۔ زَخَرَ کا اسم مبالغہ۔
نَبَاتٌ (زَخُوْرٌ و زُخَارِیٌّ و زَخُوْرِیٌّ۔ لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِیُّ النَّبَاتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ أَخَذَتِ الأَرْضُ زُخَارِیَّہَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔ کَلَامٌ زَخُوْرِیٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔
الزَّخْرِیّ۔ لمبا۔
زَخْرَفَہٗ۔ خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ــــ الکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا
تَزَخْرَفَ۔ الرَّجُلُ: مزین ہونا۔
الزُّخْرُف۔ سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔
زُخْرُفُ الکَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو
زُخْرُفُ الأَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔
ج زَخَارِف۔ الزَّخَارِف: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔ زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔
زَخَفَ (ف) زَخْفًا و زَخِیْفًا۔ تعمیر کرنا۔
زَخَّفَ۔ فِی القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ۔ مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔
المِزْخَف۔ فخر کرنے والا متکبر۔
زَخَمَہٗ (ف) زَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔
زَخِمَ (س) زَخَمًا و أَزْخَمَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)
اِزْدَخَمَ۔ الحِمْل: بوجھ اٹھانا۔
الزَّخْمَۃ۔ بدبودار گوشت۔
الزَّخْمَاء۔ بدبودار عورت۔
الزِّدْب۔ حصہ۔ ج أَزْدَاب۔
زَدَرَ۔ لوٹنا۔ (صَدَرَ میں ایک لغت ہے)
أَزْدَرَ۔ لوٹانا (أَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)
الأَزْدَرَان۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَضْرِبُ أَزْدَرَیْہِ" یعنی وہ خال ہاتھ آیا۔
اِزْدَرَمَ۔ نگلنا۔
زَدَعَ (ف) زَدْعًا۔ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
المِزْدَع۔ کاموں کو جلدی سرانجام دینے والا۔
تَزَدَّغَ۔ تکیہ لگانا۔ تکیہ بنانا۔
المِزْدَغ۔ تکیہ (مِصْدَغ میں ایک لغت ہے)
أَزْدَفَ۔ اللَّیْلُ: تاریک ہونا (أَصْدَفَ میں ایک لغت ہے)
الزِّدْق۔ پیخانہ (الصدق میں ایک لغت ہے)
زَدَا (ن) زَدْوًا۔ الصَّبِیُّ الجَوْزَ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔
المِزْدَاۃ والمِزْدَاء۔ اخروٹ کے کھیلنے کا گڑھا۔
أَزْدَی إِزْدَاءً۔ سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا
زَرَّ (ن) زَرًّا۔ القَمِیْصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا ــــ الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا
ــــ المَتَاعَ: سامان کو پھاڑنا ــــ الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔
عَیْنَہٗ: آنکھ تنگ کرنا۔
زَرَّ (س) زَرًّا۔ الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا

کو اصلاح پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔
زَرَّ (ض) زَرِیْدًا۔ سنانُ الرُّمح: نیزے کے پھل کا چمکنا ـــ العَیْنُ: آنکھ کا چمکیلی ہونا۔
اَزَّ۔ اَلْقَمِیْصَ: بٹن لگانا۔
زَرَّرَ۔ ثَوْبَہٗ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔
تَزَرَّرَ۔ اَلْقَمِیْصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔
اَلزِّرُّ۔ گھنڈی۔ بٹن۔ جمع اُزْرَار وَزُرُوْر۔
اَلزِّرُّ۔ کوے کے بچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی
زِرُّ السَّیْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّیْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔
وَاَعْطَاہُ الشَّیْءَ بِزِرَّتِہٖ "اس نے اسکو ساری چیز دیدی۔ وَجَاءَ فُلَانٌ بِزِرَّتِہٖ" فلاں شخص بڑا آیا۔
اَلزِّرَّۃُ۔ دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار
اَلزُّرَّۃُ۔ دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل
اَلزُّرَازِرَۃُ۔ ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے۔ اور وہ اسے چمٹ جائے۔
اَلزُّرَازُ وَالزُّرَیْزُ۔ سریع الفہم۔ تیز خاطر۔
زُرَیْرَۃُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زُرَیْرَۃٌ)
اَلزُّرَازَۃُ۔ جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
زَرَّامٌ (مزر) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرْأَمَ اِزْرِأَمَّ اِزْرِمَّامًا وَاِزْرَأَمَّ۔ اِزْرِمَّامًا۔ کلامہ اودمہ او بولہ: گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ (ن) زَرْبًا۔ المَوَاشِیَ۔ جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ (س) زَرَبًا۔ المَاءُ: پانی کا بہنا۔
اَلزَّرْبُ۔ باڑہ میں داخل ہونا۔
اَلزَّرَبُ۔ النَّبَاتُ۔ نباتات کا زرد ہونا۔
سبزی ملی ہوئی سُرخ ہونا۔
اَلزَّرْبُ۔ مم۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (ـــ والزرب) باڑہ۔ جم زُرُوْب۔
اَلزِّرْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔
اَلزَّرَارُوْبُ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَبُ ہے۔
اَلزُّرْبِیُّ وَالزُّرْبِیَّۃُ۔ مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ـــ مِنَ النَّبْتِ: گھاس جو زرد ہو۔ یا سبزی آمیز سُرخ ہو۔ جم زَرَابِیُّ۔
اَلزَّرْبِیَّۃُ۔ جی حضوری۔
اَلزَّرِیْبَۃُ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ جم زِرَاب وَزَرَائِبُ۔
اَلْمِزْرَابُ۔ پرنالہ۔ جم مَزَارِیْبُ۔
اَلزُّرْبُوْنُ۔ جوتا۔
زَرَتَ (ف) زَرْتًا۔ گلا گھونٹنا۔
زَرْجَنَہٗ۔ فریب دینا ـــ القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔
اَلزَّرْجُوْنُ۔ انگور کی ٹہنیاں۔ واحد ـــ (زَرْجُوْنَۃٌ) ایک قسم کا سُرخ رنگ شراب (معرب)
اَلْمُزَرَّجُ۔ مست۔ متوالا۔
زَرِحَ (س) زَرَحًا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔
اَلزَّارِحُ۔ فاجست۔ جم زُرَّاح۔
اَلزَّرُوْحُ وَالزَّرُوْحَۃُ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ جم زَرَاوِیْحُ۔
اَلْمِزْرَحُ۔ پست زمین۔
زَرَدَہٗ (ن) زَرْدًا۔ گلا گھونٹنا
اَلدِّرْعَ: زرہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَیْنَہٗ عَلٰی صَاحِبِہٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔
زَرِدَ (س) زَرَدًا وَاِزْدَرَدَ وَتَزَرَّدَ۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو جلدی نگلنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ

الیَمِیْنَ" اُس نے لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔
اَلزَّرَدُ۔ بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ جم زُرُوْد۔ حِمَارُ الزَّرَدِ: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔
اَلزَّرَّادُ۔ جلدی نگلنے والا۔
اَلزَّرْدَۃُ۔ ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔
اَلزِّرَادُ وَالمِزْرَدُ۔ اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسّی تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔
اَلزَّرَّادُ۔ گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانیوالا۔
اَلزِّرَادَۃُ۔ زرہ بنانے کا پیشہ۔
اَلْمِزْرَدُ۔ گلا۔
اَلْمُزْدَرَدُ۔ مفعہ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِمُزْدَرَدِہٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔
زَرْدَبَہٗ وَزَرْدَمَہٗ۔ گلا گھونٹنا۔
اَلطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔
اَلزَّرْدَمَۃُ۔ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔
زَرْزَرَ۔ اَلزُّرْزُوْرُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا ـــ الرَّجُلُ: ہمیشہ زُرْزُوْر پرندہ کو کھانا۔
ـــ بالمکان: اقامت کرنا۔
اَلزُّرْزُوْرُ۔ ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعضوں میں سفید چتی ہوتی ہے۔ جم زَرَازِیْرُ و زَرَازِرُ۔
اَلزَّرْزَارُ وَالزُّرَازِرُ۔ سریع الفہم تیز خاطر۔ جم زَرَازِرَۃٌ۔
اَلزُّرْزُرِیُّ۔ وہ جو زُرْزُور پرندہ کے رنگ کا ہو۔
زَرَطَ (ض) زَرْطًا۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ کو نگلنا۔
اَلزِّرَاطُ۔ راستہ (الصراط میں ایک لغت ہے)
زَرَعَ (ف) زَرْعًا وَازْدَرَعَ۔ بونا۔ بیج ڈالنا ـــ الاَرْضَ: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰہُ النَّبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زَرَعَ زَرْعَہٗ شَقَاوَۃً" یعنی

اس کو فقر وحاجت کے بعد مال ودولت حاصل ہوئی۔

زَارَعَ مُزَارَعَۃً - بونا — فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔

اَزْرَعَ - الزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا — القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔

تَزَرَّعَ - اِلَی الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا

الزَّارِع - فا - ج زَارِعُوْنَ وزُرَّاع - ایک کتے کا نام - اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زارع" کہتے ہیں۔

الزَّرْع - مص - کھیت - اولاد - ج زُرُوْع۔

الزُّرْعَۃ - بیج (— والزِّرْعَۃ والزَّرِیْعَۃ۔ الزَّرْعَۃ) کھیتی - کہا جاتا ہے "مَا فِی ہٰذِہِ الْاَرْضِ زَرْعَۃٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے — الزُّرْعَۃ: چکور کا بچہ۔

الزِّرَاعَۃ - کاشتکاری - کھیت۔

الزَّرِیْعَۃ - بوئی ہوئی چیز - کھیتی۔

الزَّرَّاع - بہت کھیتی کرنیوالا - چغلخور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) ج زَرَّاعُوْن وزُرَّاعَۃ۔

الزَّرَّاعَۃ - زَرَّاع کا مؤنث - کشت زار ج زَرَّاعَات۔

الزَّرِیْع - صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی۔

الزَّرِیْع - وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔

المَزْرَعَۃ والمَزْرُعَۃ - کھیتی - ج مَزَارِع۔

المُزْدَرَع - کھیتی کرنیکی جگہ - کشت زار۔

الزَّرْغَب - کمخت - مُردہ گدھے یا گائے کی کھال۔

زَرَفَ (ن) زَرْفًا - کودنا — فِی الکَلَامِ: زیادتی کرنا - جھوٹ بولنا۔ (— زُرُوْفًا وزَرِیْفًا۔ اِلَیْہِ: قریب ہونا - دیر لگانا - جلدی کرنا (ضد)

زَرِفَ (س) زَرَفًا - الجَرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

زَرَّفَ - علیحدہ کرنا - دور کرنا — الشَّیْءَ: زیادہ کرنا — فِی الکَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا — القَوْمَ: جدا جدا کرنا — الرُّمْحَ فِیْہِ: نیزہ بھونکنا - کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلَی السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

اَزْرَفَ - آگے بڑھنا - جلدی کرنا۔

الجَرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

— النَّاقَۃَ: اونٹنی کو اکسانا - تیز کرنا — الرَّجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَفَ - القَوْمُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا — الرِّیْحُ: گذر جانا — الشَّیْءُ: آر پار ہونا۔

الزَّرَافَۃ والزُّرَافَۃ والزَّرَافَۃ والزُّرَافَۃ ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے۔ اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں - ج زَرَافِیّ زَرَافِیّ زَرَافَات - زَرَائِف۔

الزُّرَافَۃ - بہت چھوٹا۔

الزَّرَافَۃ والزَّرَّافَۃ - دس یا بیس آدمیوں کا گروہ - ج زَرَافَات - اور اسی سے ہے - "طَارُوْا اِلَیْہِ زَرَافَات وَوُحْدَانًا"

الزَّرَّافَۃ والزَّرَافَۃ - وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے - ج زَرَافَات زَرَّافَات۔

المِزْرَاف والزَّرُوْف والزَّرُوْف - مَنَ النُّوْق: تیز رفتار اونٹنی۔

زَرْفَنَ - شَعْرَہٗ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزَّرَافِیْن - چھوٹی زنجیر - ج زَرَافِیْن۔

زَرَقَ (ض ن) زَرْقًا - الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا - زَرِقَتْ عَیْنُہٗ نَحْوِیٌ: کنکھیوں سے دیکھنا۔

— زَرَقَ الطَّائِرُ: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا — الرَّجُلَ بِبَصَرِہٖ: گھورنا — النَّاقَۃُ الرَّحْلَ: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زَرِقَ (س) زَرَقًا - الرَّجُلُ: اندھا ہونا — عَیْنُہٗ: نیلگوں ہونا — الشَّیْءُ: نیلگوں ہونا - آسمانی رنگ کا ہونا۔

اَزْرَقَتْ - عَیْنُہٗ نَحْوِیٌ: آنکھ کا پھٹنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا — النَّاقَۃَ حَمْلُہَا: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِیْقَافًا - نیلگوں ہونا — عَیْنُہٗ نَحْوِیٌ - یعنی اَزْرَقَتْ عَیْنُہٗ

اِنْزَرَقَ - پیچھے ہٹنا - چت لیٹنا — الشَّیْءُ آر پار ہونا۔

الزَّرَق والزُّرْقَۃ - آسمانی رنگ - نیلگوں

الزُّرَق: کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزَّرُوْقَۃ - تعویذ کا مہرہ۔

الزُّرُزَق - ایک شکاری پرندہ - ج زَرَازِق

گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی - تیز نظر والا۔

الاَزْرَق - نیلگوں - مونث زَرْقَاء - ج زُرْق - الاَزْرَق: باز یا شکرہ - اَزْرَقُ: چکیلا پتھر کا ٹکڑا - بَاذٌ اَزْرَقُ: صاف پانی - عَدُوٌّ اَزْرَقُ: سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی - اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اسلئے ان پر بھی زُرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزَّرْقَاء - اَزْرَق کا مؤنث - ج زُرْق - شراب - آسمان۔

الزُّرَیْق وابُوْ زُرَیْق - چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزُّرَیْقَاء - دودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید - ایک جانور جو بٹی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزَّرَّاقَۃ - والعَامَّۃ تُسَمِّیْہَا الزَّارُوْقَۃ: پچکاری (عوام اسے زَارُوْقَہ کہتے ہیں۔

الأزارقة - خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (الأزرقی)

المِزراق - چھوٹا نیزہ ——— من الآباعر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مزاریق۔

زَرَقَ وازْرَنْقَفَ - جلدی کرنا۔

زَرْقَلَ زَرْقَلَةً - لی بحقی: حق دینا۔

الشعر: بالوں کو جھاڑنا۔

الزُرْقُم - بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم۔

الزَرَاقِم - بہت سے سانپ۔

زَرِكَ (س) زَرَكًا - بدخلق ہونا۔

زَرَمَهُ (ض) زَرْمًا وزَرَمَهُ وأزْرَمَهُ - کاٹنا۔ کہتے ہیں "زَرَمَتْ بِهِ أُمُّهُ" اسکی ماں نے اس کو جنا۔ وزَرَمَهُ الدهرُ: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔

زَرِمَ (س) زَرَمًا - الشيءُ: منقطع ہونا۔

إزْدَرَمَهُ - نگلنا۔

إزْرَأَمَّ - غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔

الزَرِم - ذلیل تھوڑے جتھے والا۔ بخیل تنگ حال۔

الأزْرَم - منقطع۔ بلی۔

الزَرِيم - تھوڑے جتھے والا۔ ذلیل۔

الزُرْمُوح - جوتا۔

الزُرْمَانِقَة - بے آستین کا اونی جبہ۔

الزَرْنَب - ایک خوشبودار پودہ۔ جس کو رِجْلُ الجَرَادِ بھی کہتے ہیں۔ زعفران۔ نیل گائے۔

الزُرْنِيخ - ہڑتال۔

زَرَنَّقَ زَرْنَقَةً - الأرضَ: چھوٹی نہر سے پانی دینا۔ کنوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھئے "زرنوق"

——— فلانًا الثياب: کسی کو لباس پہنانا۔

تَزَرْنَقَ - بالثياب: کپڑے پہننا ——— الرجلُ: چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا۔

الزُرْنُوق - چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔

الزُرْنُوقان: کنوئیں کے من پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔

الزَرْنَقَة - مص۔ زیادتی حسن کامل۔

الزِرْنِيق - ہڑتال۔

الزَرَاهِمَة - آزاد لونڈی ——— نوجوان موٹی عورت۔

زَرَى (ض) زَرْيًا وزُرْيًا وزَرَايَةً ومَزْرِيَةً ومَزْرَاةً وأزْرَى وتَزَرَّى - عَلَيْهِ عَمَلَهُ: کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔

أزْرَى بالأمرِ: سستی کرنا۔ أزْرَى به وأزْرَاهُ: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔

زَارَاهُ مُزَارَاةً - ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔

إزْدَرَى واسْتَزْرَى - ه: حقیر سمجھنا ———

الزَرِيّ - ناکارہ۔ ذلیل۔

المِزْرَاء - لوگوں کو عیب لگانے والا۔

زَطَّ (ن) زَطًّا - الذُبابُ: مکھی کا بھنبھنانا

الزُطّ - جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيّ۔

زَعَبَ (ف) زَعْبًا - الإناءَ: برتن کو بھرنا ——— القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اٹھانا۔

القِرْبَةُ: پانی گرانا ——— السَيْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا ——— الوادي: وادی کا بھر جانا ——— الشيءَ: کاٹنا ——— لَهُ من المال: زِعْبًا وزَعْبَةً وزُعْبَةً - مال کا کچھ حصہ دینا ——— المرأةَ: جماع کرنا۔

زَعَبَ (ف) زَعِيبًا - الغُرابُ: ——— کائیں کائیں کرنا۔

تَزَعَّبَ - غضبناک ہونا۔ شاداں ہونا۔

——— في أكْلِهِ وشُرْبِهِ: بہت کھانا پینا القومُ المالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا

إزْدَعَبَ - الشيءَ: کاٹ لینا۔

الزَعْبَة والزُعْبَة والزِعْب - مال کا ایک حصہ۔

الأزْعَب - پستہ قد کینہ۔ موٹا۔ مونث زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ۔

سَيْلٌ (زَرَاعِبُ وزُعُوبٌ) وادی کو بھرنے والا سیلاب۔

الزَاعِب - اچھا رہبر۔

زَعِيبُ - النحل: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ

الزُعْبُوب - پستہ قد کینہ۔

الزَعْبَج والزِعْبِج - سفید بادل پتلا بادل۔ ہر چیز میں کا خوبصورت۔ زیتون۔

الزَعْبَرِي - ایک قسم کا تیر۔

زَعْبَقَ - القومَ: پریشان و متفرق کرنا۔

——— الشيءَ: جدا جدا کرنا۔

تَزَعْبَقَ - الشيءُ من يَدِي: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔

زَعْبَل - بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زَعَابِل۔

زَعَّجَهُ (ف) زَعْجًا وأزْعَجَهُ - بیقرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھکا دینا۔ زَعَجَ الرَجُلُ: چلانا۔

أزْعَجَهُ إلى المَعْصِيَةِ: گناہ پر ابھارنا۔

إنْزَعَجَ - بیقرار ہونا۔ ہٹنا۔

الزَعَج - بیقراری۔

المِزْعَاج - ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔

الزَعْجَلَة - بدخلقی۔

زَعِرَ (س) زَعَرًا وأزْعَرَّ وأزْعَارَّ - شَعَرُهُ أو رِيشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔ زَعِرَ الرَجُلُ: بے خیر ہونا۔

الزَعَارَة والزَعَارَة - بدخوئی و تند مزاجی۔

الزَعِر والأزْعَر - کم اور متفرق بالوں والا۔ مَوْضِعٌ زَعِرٌ وأزْعَرُ: کم پیداوار والی جگہ۔ مونث زَعِرَةٌ وزَعْرَاءُ۔

الزُعَرَة - ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ۔

الزُّعْرَان - نوجوان لوگ۔
الزُّعْرُور - ایک درخت جس کا پھل سُرخ رنگ کا اور گچھے گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغزنکم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُورَة) رَجُلٌ زُعْرُورٌ: بدخلق بے خیر مرد۔ جو زَعَارِیر۔ الزَّعَارِیرُ: گوبر وغیرہ جو اُون میں لگ جائے اور جم جائے۔
الزَّعْرَاء - ایک قسم کا شفتالو۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَ۔ زَعْزَعَةً - سخت حرکت دینا۔
—— الإبِلَ فِی السَّیْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ - ہلنا۔
الزَّعْزَعَة - ج۔ جو زَعَازِع - الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِیحٌ (زَعْزَعٌ وزَعْزَعٌ وزَعْزَاعٌ وزَعَازِعُ و زَعْزَعَان) آندھی - ہوا کا طوفان —— جَرْیٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ (ف) زَعْطًا - گلا گھونٹنا ——
الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔
الزَّاعِط - فا - مُوتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت
زَعَفَهُ (ف) زَعْفًا وأَزْعَفَهُ وازْدَعَفَهُ فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الجَرِیحَ وأَزْعَفَ عَلَیْهِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الحَدِیثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سَمٌّ (زُعَافٌ) زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ) فوراً ہلاک کرنیوالی موت۔
سَیْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُّعُوف - ہلاکت کی جگہیں۔
الزَّعُوفَة - پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
المِزْعَافَة - سانپ۔
زَعْفَرَهُ - زعفران سے رنگنا — الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ - زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔

الزَّعْفَرَان - زَعْفَران - کیسر - ج زَعَافِر
زَعْفَرَانُ الحَدِید: لوہے کا زنگ۔
زَعْفَقَ - الزَّعَافِق: بخیل - بدخلق - ج زَعَافِق
زَعَقَ (ف) زَعْقًا - چلانا چیخنا — ہ و
زَعَقَ بِہ: ڈرنا — بالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّیحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اُڑانا — ہ
العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا — القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ (ک) زَعَاقَةً - المَاءُ: پانی کا بیحد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا - شادماں ہونا — و
زُعِقَ وانْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
انْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
أَزْعَقَهُ - ڈرنا - خوف دلانا — السَّیْرَ: چلنے میں جلدی کرنا — القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
الزَّعِق - رات میں ڈرنے والا - شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَّعْقَة - چیخ۔
الزُّعَاق - بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے
الزُّعُوقَة - زُعَاق کا اسم۔
الزَّعَّاق - مِنَ الخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا گھوڑا جو پیچھے چھوڑے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَّعِیق - خوف زدہ۔
المِزْعَق - زمین کھودنے کا اوزار۔
الزُّعْقُوقَة - چکور کا جوڑہ۔
الزَّعْکَة - دیر - اقامت - کہا جاتا ہے "لَهُمْ زَعْکَةٌ فِی المَکَانِ - ان کو جگہ میں کچھ ٹھہرنا ہے۔
الزَّعْکُوك - موٹا اونٹ - پستہ قد حقیر - ج زَعَاکِیك وزَعَاکِیک۔
الأَزْعَکِی - پستہ قد حقیر۔
زَعِلَ (س) زَعَلًا - شادماں ہونا —— مِنَ المَرَضِ وغیرہ - تنگ دل و مضطرب ہونا
أَزْعَلَهُ - شادماں کرنا مِنْ مَکَانِهِ: ہٹانا۔

تَزَعَّلَ - شادماں ہونا۔
الزَّعِل والزَّعْلَان والإِزْعِیل شادماں - الزَّعِل: بھوک سے بلبلانے والا۔
الزَّعْلَة - ایک سال کے ناغہ سے بچہ دینے والی - مادہ شتر مرغ۔
الزُّعْلُول - سبک۔
الزَّعْلَجَة - بدخلقی۔
الزُّعْلُوق - شادماں۔
زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا وزُعْمًا وزُعْمًا ومَزْعَمًا - سچ یا جھوٹ کہنا - اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے (—— زَعَامَةً) —— عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
زَعِمَ (ف ن) زَعَمًا - بِالمَالِ: کفیل ہونا ضامن ہونا —— اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا۔
زَعِمَ (س) زَعَمًا - فِیهِ: لالچ کرنا۔
أَزْعَمَ - الأَمْرُ: ممکن ہونا —— اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا —— إِلَیْهِ: فرمانبردار ہونا تابع ہونا —— عَلَی القَوْمِ: سردار بننا۔
الأَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا —— ہ: کھلانا۔
أَزْعَمَ المَالَ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاعَمَهُ - بھیڑ کرنا۔
تَزَعْمَمَ - جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ - القَوْمُ عَلَی الأَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا - باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعِم - مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَّعْمَة - زَعَمَ کا اسم مرۃ - ج زَعَمَات کہا جاتا ہے "هٰذَا وَلَدُ زَعْمَتِكَ وزَعَمَاتِكَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزَّعِیم - جھوٹا - سچا - ضد۔
الزَّعَامَة - مص - شرف - سرداری - ہتھیار زرہ - عمدہ مال یا اکثر مال - گائے۔

الزَّغُوم۔ گفتگو میں عاجز۔ پردہ دار عورت۔ کم جرأت والی عورت (ضد)
الزَّحُوم۔ گفتگو میں عاجز۔
الزَّعِیم۔ ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ جو زُعَماء۔
الزَّعَم۔ مم۔ لام کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "ھٰذا اَمْرٌ مُزْعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ "وَھٰذا اَمْرٌ فِیْہِ مُزَاعَمٌ" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزْعَمَة۔ سانپ۔
زَعْنَفَتِ۔ الماشطۃُ العَرُوسَ: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِّعْنِفَة والزَّعْنَفَة۔ پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ جو زَعانِف
الزَّعانِف: مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زَعایَزْعُوْ زَعْوًا: منصف ہونا۔ عادل ہونا۔
زَغِبَ (س) زَغَبًا و زَغَّبَ وازْغَبَّ الصَّبِیُّ او الفَرْخُ: بچہ یا چوزہ کا رُواں نکلنا۔ صفت (زَغِب)
اَزْغَب۔ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔
الزَّغَب۔ پروں یا بالوں کے رُوئیں۔ واحد (زَغَبَة)
الزُّغابی والزُّغابَة۔ چھوٹے رُوئیں۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَتَ مِنْہُ زُغابَة" میں نے اس سے رُوئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔
الاَزْغَب۔ روئیں دار مؤنث زَغْباء۔ جو زُغْب۔ قطا کا چوزہ۔
الزُّغْبَة۔ گلہری۔
الزَّغْبُب۔ پستہ قد بخیل۔

زَغْبَرَ۔ الشَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
الزَّغْبَرُ والزِّغْبِرُ والزِّغْبُرُ۔ رُواں۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِزَغْبَرِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّغْبُرَة۔ عند العامۃ: رُواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے۔
الزَّغْبَل۔ مکھن۔
زَغَدَ (ف) زَغْدًا۔ السِّقاءُ: مشک نچوڑنا ــــ فُلانًا: گلا دبانا ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا سخت بلبلانا ــــ النَّہْرُ: دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا ــــ ہ بالکلام: اُکسانا۔ بھڑکانا۔
اَزْغَدَت۔ المَرْاَۃُ وَلَدَھا۔ عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزَّغِیْدُ والزَّغِیْدَۃ۔ مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نَہْرٌ (زَغَّادٌ) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المُزْغِد۔ غضبناک۔
زَغْدَبَ۔ غضبناک ہونا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
الزَّغْدَب۔ سخت آواز۔ بہت جھاگ۔ پگھلی ہوئی چربی۔
الزُّغادِب۔ بہت جھاگ۔ کریہ المنظر مرد۔
زَغَرَ (ف) زَغْرًا۔ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ زبردستی لینا ــــ الشَّیْءُ: بکثرت ہونا ــــ البَحْرُ: چڑھنا موج مارنا۔
الزَّغَر۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: زیادتی۔ افراط۔
الزُّغار۔ کینچوا۔
زَغْرَبَ۔ ہنسنا۔
الزَّغْرَب۔ بہت پانی۔ بئر زَغْرَبٌ وزَغْرَبِیَّۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔
زَغْرَدَ زَغْرَدَۃً۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زَغْزَغَ۔ الکَلامَ: رکیک گفتگو کرنا۔ الشَّیْءَ: چھپانا ــــ بالرِّجْلِ: تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
الزُّغْزُغ۔ سبک دست آدمی۔

حب دنب میں مطعون۔
الزُّغْزُغ۔ پستہ قد حقیر۔ ایک پرندہ۔
الزُّغْزُغِیَّة۔ عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الزَّغْزَغِیَّة۔ ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ (ف) زَغْفًا۔ الماءُ: پانی بہت ہونا ــــ فی قولہ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ کَلامًا کَثِیْرًا" و "زَغَفَ لَنَا مَالًا کَثِیْرًا" اس نے بہت بکواس کی۔ اور اس نے ہم کو بہت مال دیا ــــ ہ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ۔ الشَّیْءَ: سارا لے لینا۔
الزَّغَف۔ مم۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِیْفٌ) کشادہ مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوْعٌ زُغْفٌ وزَغَفٌ وازْغَافٌ وزُغُوْفٌ"
الزَّغَف۔ چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَّغَّاف۔ بہت بولنے والا۔
الزَّغَفَة والزَّغْفَة۔ کشادہ یا مضبوط زرہ
المِزْغَف۔ حریص بہت خواہش مند۔
زَغْفَلَ زَغْفَلَةً۔ جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغْلًا۔ الماءُ: پانی بار بار گرانا ــــ الشَّرابَ: کلی کرنا ــــ الصَّبِیُّ اُمَّہٗ: بچہ کا دودھ پینا۔
اَزْغَلَ۔ الماءُ: گرانا ــــ الاُمُّ وَلَدَہا: بچہ کو دودھ پلانا ــــ الطَّائِرُ فَرْخَہٗ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا ــــ الشَّرابَ: کلی کرنا۔
الزَّغَل۔ دھوکا۔
الزُّغَلِیّ۔ دھوکا دینے والا۔
الزُّغْلَة۔ کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُّغْلُوْل۔ بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔

جو زغابیل۔
الزَّعْلَجَۃ۔ بدخلقی۔ تندمزاجی۔
الزَّعْلَمَۃ والزُّعْلَمَۃ۔ گمان۔ وہم کینہ دلی دشمنی۔
تَزَعَّمَ۔ الجملُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا۔ اور اسی سے ہے "تَزَعَّمَ الرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزَّعُوم والزُّعُوم۔ گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
الزُّغْمُل۔ کینہ۔ دلی دشمنی۔
زَغَا (ن) زَغْوًا۔ الصبیُّ: بچہ کا رونا۔
زَفَّ (ض) زَفًّا وزُفُوفًا۔ تیز دوڑنا۔ الریحُ: ہوا کا چلنا (۔۔۔ زَفًّا وزَفِیفًا) الطائرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اُترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا وزِفَافًا۔ العروسَ الی زوجہا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔ البَرْقُ: چمکنا۔
اَزَفَّ۔ العروسَ الی زوجہا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔۔۔ الرجلُ: تیز دوڑنا۔۔۔ ہ: تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ۔ الحملَ: بوجھ اُٹھانا۔۔۔۔۔۔ العروسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
اِسْتَزَفَّہٗ۔ السیلُ: سیلاب کا بہا لیجانا۔۔۔ ہ السیرُ: شب بنانا۔
الزِّفّ۔ چھوٹے چھوٹے پر۔
الزَّفَف۔ پرندہ کے رُوئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَّفَّۃ۔ زَفٌّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔ "جئتہ زَفَّۃً اَوْ زَفَّتَیْنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُّفَّۃ۔ گروہ۔
الاَزَفّ۔ تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔
الزَّفِیف والزَّفَّان والزَّفَّاف۔ سُبک تیز رفتار۔
الزَّفُوف۔ شترمرغ۔۔۔ مِنَ النُّوق: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قوسٌ زَفُوفٌ: آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّۃ۔ پالکی۔
زَفَتَ (ن) زَفْتًا۔ الاناءَ: بھرنا۔۔۔۔۔۔ الرجلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحدیثَ فی اُذُنِ الاَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفَتَ۔ السفینۃَ: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِّفْت۔ تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا۔ الاناءَ: برتن بھرنا۔
فَرَسٌ شَغِیرٌ: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
اِزْدَفَتَ۔ المالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَ (ض) زَفْرًا وزَفِیرًا۔ النارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا۔۔۔ الارضُ: نباتات اگانا۔ زفرَ الرجلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الحمارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ الشیءَ زَفْرًا: اُٹھانا۔۔۔ الماءَ: پانی کھینچنا۔
اِزْدَفَرَ۔ الشیءَ: اٹھانا۔
الزِّفْر۔ بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت۔ یا دستہ فوج۔ جو اَزْفار۔
الزَّفَر۔ درخت کے نیچے لگانیکی ٹھونی۔
الزُّفَر۔ شیر بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج
الزَّفِیر۔ مع مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء۔ اور انتہا کو الشہیق کہتے ہیں۔
الزَّفْرَۃ والزُّفْرَۃ۔ لمبی سانس۔ گرم سانس۔ زُفْرَۃُ الدابۃ وزُفْرَتُہا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔ الزَّفْرَۃ: زَفَرُ الرجلُ اَوِ الحمارُ کا اسم جو زُفَرات کبھی ضرورتِ شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْرات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ زَافِرٌ: بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ جو زُفْر۔
الزَّافِرَۃ۔ جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان کا سردار۔ زَافِرَۃُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب اقعلہ
زَافِرَۃُ البِنَاءِ: عمارت کا ستم۔ جو زَوَافِر۔
الزَّوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِیدُ الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اُٹھانے کی ٹہنی۔
زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔
المُزْفِر والمُزْدَفِر۔ لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔
المُزْفُود۔ مِنَ الدَّوَابِّ: مضبوط جوڑوں والا جانور۔
زَفْرَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا۔۔۔ الطائرُ: پر پھیلا کر اُترنا۔۔۔ الریحُ الحشیشَ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا۔۔۔ المَرْکَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سُنائی دینا۔
الزَّفْزَف والزَّفْزَاف والزَّفْزَافَۃ۔ متواتر تیز چلنے والی ہوا۔ الزَّفْزَاف: شترمرغ ہلکا۔
زَفْقَلَ زَفْقَلَۃً۔ تیز دوڑنا۔
الاَزَفْقَل۔ غصہ۔ تیزی۔
الاَزَفْقَلَۃ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا اَزَفْقَلَۃً وبَازَفْقَلَتِہِمْ" وہ سب مع اپنی جماعت کے آئے۔
الاِزَفْقَلَۃ۔ سبکی عقل۔
زَفَنَ (ض) زَفْنًا۔ ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْہُ فَزَفَنَنِی" میں اُس سے قریب ہوا اُس نے مجھے دھکا دیا۔
الزَّفَن۔ چھت کے اوپر کا سامان۔
النَّاقَۃُ (الرَّافِنَۃُ والزَّفُون) لنگڑی اونٹنی۔
الزَّفَّان۔ ناچنے والا۔
الاِزْفِنَّۃ۔ حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفِنَّۃٌ: متحرک مرد۔
الزَّیْزَفُون۔ ایک درخت جس کے پھول

سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔
ناقۃ زیزفون: تیز رفتار اونٹنی۔
زَفَی یَزْفِی زَفْیًا وزَفْیَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا۔ الرِّیحُ السَّحَابَ والتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اُڑانا۔ الرَّجُلُ: بِنَفْسِہٖ: جان دینا۔
اَزْفٰی۔ الشَّیْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔ اور اسی سے ہے "اَزْفَیْتُ العَرُوْسَ" جبکہ میکے سے دلہن کو سسرال لیجائیں۔
الزَّافِی۔ سبک تیز رفتار۔
الزَّفْیَان۔ مص۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ ناقۃ زَفْیَانۃ: تیز رو اونٹنی۔
المُزَفِّی والمُنَزَّفِی والمُتَزَفِّی۔ ڈرایا ہوا
زَقَی (ن) زَقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ — فَرْخَہٗ: چوزہ کو چوگا دینا — الکَبْشُ: مینڈھے کی کھال اُتارنا الجِلْدَ: بال کاٹنا۔
الزِّق۔ مشک۔ زِقُّ الحَدَّادِ: لوہار کی بھٹی۔
ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَاق واَزُقّ۔
الزُّقّ۔ شراب۔ ج زُقَقَۃ۔
الزَّقَّۃ۔ چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔
الزُّقَاق۔ گلی۔ تنگ راستہ (مذکر ومؤنث) ج اَزِقَّۃ وزُقَان۔ الزُّقَاق وبَحْرُ الزُّقَاقِ: جزائر کی آبنائے۔
الزُّقَّۃ والزُّقْزُق۔ پن ڈبی نامی ایک پرندہ
الزَّقَّاق۔ مشک بنانے والا۔
زَقَبَ (ن) زَقْبًا۔ الجُرْذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَہٗ فِی الجُحْرِ: داخل کرنا (لازم ومتعدی)
زَقَبَ۔ انکار: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)
اَلزَّقَبُ۔ الجُرْذُ فِی الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔
الزَّقَب۔ تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے زَقَبْتُہٗ زَقْبًا میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔
زَقَمَ (ف) زَقْمًا وزُقَامًا۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔
الزَّقُّوم۔ شکرا۔ (الصقر میں ایک لغت ہے
الزَّقَرِ۔ دوزخ (السقر میں ایک لغت ہی)
زَقْزَقَ زَقْزَقَۃً وزَقْزَاقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا — فَرْخَہٗ: چوزہ کو چوگا دینا — الصَّبِیَّ: بچہ کو کدانا — الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔
الزَّقْزَاق۔ آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چڑیاں
زَقَعَ (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا۔ الدِّیْکُ: مُرغ کا لگڑوں کوں کرنا — الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔
زَقَفَ (ن) زَقْفًا وتَزَقَّفَ واِزْدَقَفَ الشَّیْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اچک لینا۔ اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ المُرَّۃَ بِالصُّوْلَجَانِ" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا۔ تَزَقَّفَ واِزْدَقَفَ اللُّقْمَۃَ: لقمہ نگلنا۔
الزُّقْفَۃ۔ ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔
زُوْقَلَ۔ العِمَامَۃَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔
زَوَاقِیْلُ۔ العِمَامَۃِ: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔
الزُّقُل والزَّوَاقِیل چور۔ لٹیرے۔
الزَّقِیلَۃ۔ تنگ گلی۔
زَقَمَہٗ (ن) زَقْمًا واِزْدَقَمَہٗ۔ نگلنا۔
اَزْقَمَہٗ۔ الشَّیْءَ: نگلوانا۔
زَقَّمَہٗ۔ تھوہڑ کھلانا۔
تَزَقَّمَ۔ لقمہ کرنا۔ نگلنا۔ تھوہڑ کھلانا۔
اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔
الزَّقُّوم۔ جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔
الزَّقْمَۃ۔ زقم کا اسم مرۃ۔ طاعون۔
زَقَنَ (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا۔
اَزْقَنَہٗ۔ اٹھانے میں مدد دینا۔
زَقَا یَزْقُو وزُقُوًّا وزُقَاءً وزُقِیًّا وزُقُوًّا وزَقْیًا (ض) زَقْیًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاق۔ صفت مؤنث (زَاقِیَۃ) ج زَوَاقٍ — الصَّبِیُّ: بچہ کا بہت رونا۔
اَزْقَاہُ۔ رُلانا۔
الزُّقِیَّۃ۔ روپے پیسوں کا ڈھیر۔
الزَّقِیَّۃ۔ چیخ۔
زَکَّ (ن) زَکًّا وزَکَّانًا وزَکِیکًا۔ الشَّیْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (— زَکَّ) الغُلَامُ: دوڑنا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ بسلجم: بیٹ کرنا۔
زَکَّ المَاءُ: آسودہ کرنا — عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
زُکَّ۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ۔ عَلَی الأَمْرِ: اصرار کرنا۔ بِرَأْیِہٖ: خود رائے ہونا۔
تَزَکَّکَ۔ ساز وسامان لینا یا ہتھیار اُٹھانا
اِزْدَکَّ۔ الزَّرْعُ: سیراب ہونا۔
الزُّکَّۃ۔ فاختہ کا چوزہ۔
الزُّکَّۃ۔ ہتھیار۔
الزُّکَّۃ۔ غم وغصہ۔
زَکَاہُ (ف) زَکًا۔ مارنا۔ زَکَاۃُ الدَّرَاہِمِ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا — زَکَاہُ حَقَّہٗ: پورا کرنا — اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
اِزْدَکَاہُ۔ حَقَّہٗ مِنْہُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زَکَاۃٌ وزَکَاۃٌ وزُکَاۃٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔
المَزْکَاۃ۔ جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوْبًا۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا — المَرْأَۃُ: عورت کا ایک ہی مرد سے بچہ کو جننا — المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

اِنْزَکَبَ۔ البحرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔
الزُّکْبَۃ۔ لڑکا۔ نطفہ۔
زَکَتَ (ن) زَکْتًا و اَزْکَتَ و زَکَّتَ۔ الاناءُ: برتن کو بھرنا۔
اَزْکَتَتِ۔ المرأۃُ بغلامٍ: لڑکے کو جننا۔
المَزْکُوتۃ۔ انڈوں سے بھری ہوئی مُرغی۔ بھرا ہوا۔ غمگین۔
زَکَرَ (ن) زَکْرًا و زَکَّرَ۔ الاناءَ: برتن کو بھرنا
زَکَرَ و تَزَکَّرَ۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔
الزُّکْرَۃ۔ شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن۔ ج۔ زُکَر۔
زَکْزَکَ۔ الشیخُ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
تَزَکْزَکَ۔ ہتھیار اُٹھانا۔
زَکَمَہٗ (ن) زَکْمًا و اَزْکَمَہٗ۔ مبتلائے زکام کرنا ــــ القِربۃَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بہ اُمُّہٗ: جننا۔
زُکِمَ۔ زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْکُوم)
الزُّکْمَۃ۔ زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُکْمَۃٌ سُوْءٌ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔
الزُّکْمَۃ۔ اُجُد۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زُکْمَۃُ وَلَدِ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے
زَکِنَ (س) زَکَنًا۔ الامرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنْتُ اَنَّہٗ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جانا کہ وہ بُرا آدمی ہے ــــ منہ عَدَاوَۃً "کسی کی دشمنی کا علم ہونا (ــــ زُکُوْنًا) اِلَیہ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔
زَکَنَ۔ گمان کرنا ــــ علیہ: مشتبہ کرنا۔
زَاکَنَہٗ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الْجَیْشُ یُزَاکِنُ الْاَلْفَیْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے ــــ ہٗ: قریب قریب نشین ہونا۔
اَزْکَنَہٗ۔ الامرُ: جتانا۔ سمجھانا ــــ الشیءَ: صحیح گمان کرنا۔

الزَّکَانَۃ والزَّکَانِیَۃ۔ صحیح گمان۔
رَجُلٌ (زَکِنٌ) سمجھدار مرد۔
رَجُلٌ (زَکِنٌ) اچھی یادداشت والا مرد۔
زَکَا یَزْکُوْ زُکَاءً وَزُکُوًّا و زَکِیَ (س) زَکًا۔ الزَّرْعُ: بڑھنا ــــ الرَّجُلُ: نیک صالح ہونا خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا ــــ الاَرْضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَا یَزْکُوْ بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔
زَکِیَ۔ بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔
ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔
زکوٰۃ لینا۔ زَکَّی لَہٗ: زکوٰۃ ادا کرنا ــــ نَفْسَہٗ: خود ستائی کرنا۔
اَزْکَی۔ الزَّرْعُ: بڑھنا ــــ ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔
تَزَکَّی۔ صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا ــــ الشَّیْءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
الزَّکَا۔ جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَحَسَا ھٰذَا اَمْ زَکَا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّکَاۃ۔ چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زکا و زکوات۔
التَّزْکِیَۃ۔ زکی کا مصدر۔
الزَّاکِی۔ فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃ۔
الزَّکِیّ۔ اچھی نشوونما پانیوالا۔ ج اَزْکِیَاء مؤنث زَکِیَّۃ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ (ض س) زَلًّا و زَلَلًا و زُلُوْلًا و زَلِیْلًا و مَزَلَّۃً و زَلِیْلَی و زَلِیْلَاءَ۔ پھسل کر گرنا ــــ عَنِ الْحَقِّ او الصَّوَابِ: پھر جانا ــــ عُمْرُہٗ: گذر جانا ــــ (زَلَّ زَلِیْلًا و زُلُوْلًا) جلدی گزرنا۔
زَلَّ زُلُوْلًا۔ الدِّرْہَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالّ) ج زُوَالّ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاھِمُ زُوَالّ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ (س) زَلَلًا۔ ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلّ) مؤنث زَلَّاء ج زُلّ۔
اَزَلَّہٗ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیْہِ نِعْمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ "اَزَلَّ اِلَیْہِ مِنْ حَقِّہٖ شَیْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی الْقَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔
اِسْتَزَلَّہٗ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزُّلّ۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زُلٌّ و اَرْضٌ زُلٌّ"۔
الزَّلَل۔ مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَغْفِرُ اللہَ مِنْ زَلَلِیْ" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِیْ زَیْنِہٖ اِمْرَاَۃٌ زَلَلٌ" اس کی ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّۃ۔ زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلَّات۔
الزَّلَّۃ۔ چمکیلے پتھر واحد زَلَّۃٌ۔
الزُّلْفَۃ۔ احسان۔ ذمہ۔
مَاءٌ زُلَالٌ و زُلَالِیٌّ و زُلَالِیْلٌ و زُلَالِزٌ) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُّلَال: بہت پھسلنے والا
الزُّلَیْل: فالودہ۔ ہلکی چال۔
الزَّلَّال۔ تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلَّالَۃٌ و صِفَتٌ زَلَّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے
المَزَلَّۃ والمَزِلَّۃ۔ پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزَلَّات
المُزَلِّل۔ فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
زَلِبَ (س) زَلَبًا۔ بہ: لازم رہنا۔ چپٹ رہنا۔ جدا نہ ہونا۔
الزُّلْبَۃ۔ لقمہ۔ تیر۔
الزَّلَابِیَۃ۔ جلیبی۔
زَلَجَ (ض) زَلْجًا و زَلِیْجًا و زَلَجَانًا۔ تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلْجًا و اَزْلَجَ۔ البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزْلَاج)

زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا۔ فُلَانًا: آگے ہونا۔
زَلَجَ (س) زُلُوْجًا وتَزْلَجَ۔ پھسلنا۔ اور اسی سے مُزْلَجٌ ہے۔ اُن سواریوں کو کہتے ہیں جن میں پتے نہیں ہوتے اور برف پر چلتی ہیں۔
مُزَالِجٌ۔ زَلَجَ الکَلَامُ مِنْ فِیْہِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا۔ الماءُ عَنِ المَحْجَرَۃِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اُتر جانا۔
زَلَّجَ۔ الکَلَامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔
۔۔۔ عَیْشَہٗ: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ۔ الشَّیْءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے تَزَلَّجَ السَّہْمُ عَنِ القَوْسِ "تیر کمان سے پھسل گیا۔
البَیْنَۃَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَکَانٌ (زَلَجٌ وزَلَجٌ وزَلَجٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّالِجُ۔ فائز مصیبتوں سے نجات پانیوالا
ہمیشہ پینے والا۔ سَہْمٌ زَالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزَّلُوْجُ۔ تیز رفتار۔ سَہْمٌ زَلُوْجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قِدْحٌ زَلُوْجٌ: ہاتھ سے پھسل جانیوالا پیالہ۔ عَقَبَۃٌ زَلُوْجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزَّلَجُ۔ چکنی چٹانیں۔
نَاقَۃٌ (زَلْجِیٌّ وزَلِجَۃٌ) تیز رفتار اونٹنی۔
الزَّلَاجُ والمِزْلَاجُ والمِزْلَاخُ۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
المُزْلَجِیُّ۔ کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَخَ (ف) زَلْخًا وتَزْلَاخًا۔ چکنا۔
الزَّلْخُ۔ باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ زَلْخٌ" امر باطل۔
الزَّلِجُ۔ بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ۔ عَنْہُ: پھسلنا۔
زَلْحَفَہٗ۔ علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ وازْلَحَفَّ۔ علیحدہ ہونا۔
الزَّلْحَفَۃُ۔ کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)
الزَّلَخْلَخُ۔ ہلکا پھلکا مرد۔
الزَّلْخَلَخَۃُ۔ پھلکا چپاتی۔ لگن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا۔ موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلْخًا وزَلَخَانًا۔ الرَّجُلُ: چلنے میں آگے ہونا ۔۔۔ رِجْلُہٗ: پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلْخًا۔ فُلَانًا بِالرُّمْحِ: بھونکنا ۔۔۔ رَاْسَہٗ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَہٗ۔ چکنا و ہموار کرنا۔
اَزْلَخَ۔ البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ۔ پھسلنا۔
مَکَانٌ (زَلَخٌ وزَلَخٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّلُوْخُ۔ تیز رفتار۔ بِئْرٌ زَلُوْخٌ: کنواں جس کے من پر پھسلن ہو۔
الزُّلَّخَۃُ۔ بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلْدَبَ زَلْدَبَۃً۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا۔ بے قرار ہونا۔
الزَّلْزُ والزَّلِزُ۔ سامان خانہ۔ آبکار راستہ
زَلْزَلَ زَلْزَلَۃً وزِلْزَالًا وزَلْزَالًا وزُلْزَالًا اللّٰہُ الاَرْضَ: بھونچال لانا ۔۔۔ ہ: ڈرانا خوف دلانا ۔۔۔ الاِبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلْزَلَتِ۔ الاَرْضُ: بھونچال ہونا۔
نَفْسُہٗ: موت کے وقت جان کا گھونگھر میں بولنا۔
الزَّلْزَلَۃُ۔ مع۔ بھونچال۔ ج زَلَازِل۔
الزَّلَازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزُّلْزُلُ۔ ماہر طبیعی۔ نقارچی۔ غلام "زُلْزُلٌ" ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزَّلْزَلُ۔ سامانِ خانہ۔
الزُّلْزُوْلُ۔ سبک ظریف۔ سبکی۔ جنگ جو۔
الزَّلَطُ۔ تیز چال۔
الزَّلِیْطُ۔ جلدی جلدی سے اُتر نیوالا لقمہ (مولد)
زَلَعَ (ف) زَلْعًا۔ الشَّیْءَ: قریب سے چھیننا۔
۔۔۔ رِجْلَہٗ: جلانا ۔۔۔ الماءُ مِنَ البِئْرِ: پانی نکالنا
۔۔۔ رَاْسَہٗ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعْتُ لَہٗ مِنْ مَالِیْ زَلْعَۃً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا
زَلِعَتْ (س) زَلَعًا وزُلُوْعًا وتَزَلَّعَتْ۔ قَدَمُہٗ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا ۔۔۔ کَفُّہٗ: اوپر سے پھٹنا ۔۔۔ الجُرْحُ: خراب ہونا
تَزَلَّعَ رِیْشُہٗ: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوْعًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب طلوع ہونا ۔۔۔ النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
اَزْلَعَہٗ۔ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزْدَلَعَ۔ الشَّیْءَ: فریب سے چھیننا۔
حَقَّہٗ: کسی کا حق کاٹ لینا ۔۔۔ الشَّجَرَۃَ: درخت کاٹنا۔
الزَّلَعَۃُ۔ خراب شدہ زخم۔
الزَّوْلَعُ۔ پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزَّیْلَعُ۔ چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
المُزْلَعُ۔ پھٹے ہوئے پیروں والا۔
اِزْلَعَبَّ۔ السَّحَابُ: گہرا گھرنا۔
سَیْلٌ مُزْلَعِبٌّ: بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوْغًا۔ النَّجْمُ: ستارہ طلوع ہونا ۔۔۔ النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ۔ رِجْلُہٗ: پھٹنا۔ (جدید لغت تَزَلَّعَتْ ہے)
اِزْلَغَبَّ۔ الفَرْخُ: چوزہ کے پر نکلنا
الشَّعْرُ: مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزُلْفًا و تَزَلَّفَ وازْدَلَفَ۔ آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَفًا۔ الشَّیْءَ: آگے کرنا۔ زَلَفَ فِی الکَلَامِ: زیادہ کرنا۔
اَزْلَفَہٗ۔ نزدیک کرنا ۔۔۔ الاَشْیَاءَ: جمع کرنا ۔۔۔ الدَّلِیْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَّلْفُ والزُّلْفُ والزُّلْفَی۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزُّلْفُ۔ باغ۔
الزُّلْفَۃُ۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَفٌ وزُلُفَاتٌ و زُلَفَاتٌ او بقول بعض الزُّلَفُ بمعنے رات دن ملنے کے اوقات۔
الزَّلَفَۃُ۔ بھرا ہوا حوض۔ پسی۔ کپڑا دھونے

کالمشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا بھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زَلَف۔
العَقَبَۃُ (الزَّلُوْف) دور دراز گھاٹی۔
المَزْلَقَۃ۔ آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف۔ المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَقَۃ۔
زَلِقَتْ۔ (س) و زَلَقَتْ (ن) زَلَقًا۔ القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بمکانہ: ٹلول ہو کر علیحدہ ہونا
زَلَقَہٗ (ض) زَلْقًا و زَلَّقَہٗ۔ و اَزْلَقَہٗ: پھسلانا۔ عَنْ مَکَانِہٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ رَاْسَہٗ: سر مونڈنا۔ زَلَّقَ المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا
زَلَّقَ بَدَنَہٗ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزْلَقَہٗ و زَلَّقَہٗ بِبَصَرِہٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔
اَزْلَقَتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَزَلَّقَ۔ اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔
الزَّلَقُ و الزَّلَقُ و الزَّلِقُ و الزَّلَّاقَۃ۔ پھسلن کی جگہ۔ اَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔
الزَّلِقُ۔ وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔
الزَّلَقَۃ۔ چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَۃٌ (زَلُوْقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَۃٌ زَلُوْقٌ: دور دراز گھاٹی۔
الزَّلِیْق۔ ناتمام گرا ہوا بچہ۔
الزُّلَیْق۔ ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَیْقَۃ۔
المِزْلَاق۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔
المَزْلَقُ و المَزْلَقَۃ۔ پھسلن کی جگہ۔
الزُّلْقُوْم۔ کلا۔
زَلَمَ (ن) زَلْمًا۔ خطا کرنا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔ الأَنْفَ: ناک کاٹنا۔ العَطَاءَ: کم دینا۔
زَلَّمَہٗ۔ نرم کرنا۔ ہموار کرنا۔ الرُّحَیٰ: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا۔ العَطَاءَ: کم دینا۔ الغَذَاءَ: بُری خوراک دینا۔
اِزْدَلَمَ۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔
اِزْلَأَمَّ اِزْلِئْمَامًا۔ الشَّیْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَأَمَّتِ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔
الزَّلَم۔ کھُرپا اُس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَّلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جن میں چوڑے تخم ہوتے ہیں۔ اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔
الزَّلَمَۃ و الزُّلَمَۃ و الزَّلَمَۃ: ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ العَبْدُ زُلَمَۃٌ" وہ غلام کے مشابہ ہے۔
الزَّلَمَۃ۔ بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا ہے۔
زَلُوْمَۃ۔ الأَبْرِیْقُ عِنْدَ العَامَّۃِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بُلْبُل ہے۔
المُزَلَّم۔ پستہ قد۔ سبک چست۔ ظریف
المُزَلَّم و الزَّلِیْم: مِنَ السِّہَامِ: عمدہ بنا ہوا تیر۔
المُزْلَم و الأَزْلَم۔ کٹے ہوئے کان والا
الزَّلْمَاء۔ الأَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔
زَمَّہٗ (ن) زَمًّا۔ باندھنا۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِیْرُ بِأَنْفِہٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اُٹھانا۔ الرَّجُلُ بِرَأْسِہٖ: سربلند کرنا۔ بِأَنْفِہٖ: تکبر و گردن کشی کرنا۔ القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (۔۔۔ وَزَمَّمَ) البَعِیْرَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَّعْلَ: جوتی میں تسمہ لگانا۔ الذِّئْبُ السَّخْلَۃَ: بھیڑیے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔
زَمَتَ (ن) زَمْتًا۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ ناب البَعِیْر: اونٹ کے دانت نکلنا۔ (۔۔۔ زَمِیْمًا) الزَّبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔
اَزَمَّ۔ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
زَامَّ مُزَامَّۃً: تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
اِنْزَمَّ۔ بندھنا۔
اِزْدَمَّ: تکبر سے سر بلند کرنا۔۔۔ الذِّئْبُ السَّخْلَۃَ: بھیڑیے کا بکری کے بچہ کو سر بلند کر کے لیجانا۔
الزِّمَام۔ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّۃ۔ زِمَامُ النَّعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ زِمَامُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ "وَہُوَ زِمَامُ الأَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دار و مدار ہے۔ "اَلْقَوْمُ فِیْ یَدِہٖ زِمَامُ الأَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دیدیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ "وَہُوَ عَلٰی زِمَامِ أَمْرِہٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ "وَہُوَ یَصْرِفُ أَزِمَّۃَ الأُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔
الزَّامِّ۔ فا۔ رَجُلٌ زَامٌّ: گھریلو اور لاابالی مرد جو زَمَّ کہا جاتا ہے۔ "دَارِیْ مِنْ دَارِہٖ (زَمَّمَ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "وَاَمْرُ القَوْمِ زَمَّمَ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ "وَہٰذِہٖ زَمَّمَ بَیْتِہٖ" میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے
الزُّمَّام۔ اونچی گھاس۔
الزُّمَیْم۔ مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ (ک) زَمَاتَۃً و تَزَمَّتَ۔ سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زَمِیْت) ج زُمَتَاء و (زَمِیْتُوْن)
زَمَتَہٗ (س) زَمْتًا۔ گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ (ن) زَمْجًا۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ عَلَیْہِمْ: بغیر بلائے ہوئے آ کر کھانا۔
زَمِجَ (س) زَمَجًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِج) کہا جاتا ہے۔ اَخَذَہٗ (بِزَمِجَہٖ) یعنی اُس نے سارا لے لیا۔
الزُّمَّج۔ عُقاب سے چھوٹا ایک سُرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَاجِیْج۔ زُمَّجُ المَاءِ:

ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِّمِجّی: پرندہ کی دُم کی جڑ۔
زِمِخَّۃ۔ الظَّلِیم: شتر مرغ کی چونچ۔
المِزْمِخّ۔ غضبناک۔
زَمْجَرَ زَمْجَرَۃً۔ شور مچانا (— وتَزَمْجَرَ) الأسدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَّ۔ آواز کرنا۔
الزَّمْجَرَۃ۔ مم۔ بانسری۔ زَمْجَرَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِر وزَمَاجِیر۔
الزِّمْجِیل۔ چیستا۔
الزُّمَّح الزُّوَمَّح۔ کمینہ۔ پستہ قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت وشریر۔
الزَّامِح۔ پھوڑا۔
الزِّمِحّن۔ مرد بدخلق بخیل۔
زَمَخَ (ف) زَمْخًا۔ تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخ) ج زُمُخ۔
عَقَبَۃٌ (زَمِخٌ وزَمُوخٌ) دُور دراز وسخت گھاٹی۔
زَمَخَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دہاڑنا۔ — الغُلَامُ: شوخ وفہ ہونا اور بڑھنا۔
(— وازْمَخَرَّ) الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دہاڑنا۔
الزَّمْخَر۔ بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (— والزَّمْخَرِیّ) کھوکھلی ہڈی۔
الزَّمْخَرَۃ۔ زانیہ عورت۔ زَمْخَرَۃُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی — الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا
الزِّمْخِیر۔ تھوڑا۔
(زَمَرَ ف ن) زَمْرًا وزَمِیرًا۔ بانسری بجانا — بالحدیث: بات پھیلانا (— زَمْرًا) القِرْبَۃ: مشک بھرنا — فُلَانًا بِفُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا (زَمَرَ (ض) زَمْرًا نا) الظَّبْیُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (— زَمَارًا) النَّعَامُ: شتر مرغ کا آواز کرنا۔

زَمِرَ (س) زَمَرًا۔ کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا — الشَّاۃُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ۔ بانسری بجانا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارٌّ۔ غصہ سے سُرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ۔ الرَّجُلُ عِنْدَ الہَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَّمْر۔ مم (— والزَّمْر) آواز۔ ج زُمُورٌ
الزَّمِر۔ بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ نَوْنٌ زَمِرَۃٌ۔ عَطِیَّۃٌ زَمِرَۃٌ: تھوڑی داد ودہش۔
الزِّمَار۔ مم۔ شتر مرغ کی آواز۔
الزِّمِرّ۔ سخت ودرشت۔
الزَّمِیر۔ مم۔ پستہ قد۔ ج زُمَار (— والزُّمُور) خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زَمِیرٌ: عمدہ گانا۔
الزِّمِّیر والزَّمِّیر۔ ایک قسم کی مچھلی جسکی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔
الزَّمَّار۔ بانسری بجانے والا۔
الزَّمَّارَۃ۔ بانسری۔ زَمَّارَۃُ الرَّاعِی: ایک قسم کی نباتات۔
الزُّمْرَۃ۔ گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَر
الزُّوَمَر۔ گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔
الزَّمَارَۃ والزُّمُورَۃ۔ کم مروتی۔
الزَّمَارَۃ۔ بانسری بجانے کا پیشہ۔
المِزْمَار۔ بانسری (— المِزْمُور والمِزْمُور) گیت۔ ج مَزَامِیر۔ مَزَامِیرُ دَاوُدَ: حضرت داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا۔ اور اس کے مجموعہ کا نام زَبُور ہے۔
الزُّمُرُّد والزُّمُرُّذ۔ ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَۃ)
زَمْزَرَ۔ الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔
زَمْزَمَ زَمْزَمَۃً۔ الشَّیْءُ: دُور رکھنا ہٹ سنائی دینا — النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا — المُغَنِّی: سُر سے گانا۔
العُلُوجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمَۃ: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا — الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ۔ الجَمَلُ: بڑبڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِہٖ شَفَتَاہُ: حرکت کرنا۔
مَاءٌ (زَمْزَمٌ وزَمْزَامٌ وزُمْزُمٌ وزُمَازِمٌ) بہت پانی یا کھاری پانی۔ زَمْزَم: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔
الزَّمْزَمَۃ۔ مم۔ بادل کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِم۔
الزِّمْزِمَّۃ۔ اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ: ج زَمَازِم وزَمَازِمُ۔
الزُّمْزُوم والزَّمْزَم والزِّمْزِیم۔ بن لال عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج زَمَازِیم
زَمِعَ (س) زَمَعًا۔ منہ: سرگشتہ وحیران ہونا۔ گھبرانا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا وزَمَعَانًا۔ الأَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزْمَعَ وزَمَّعَ۔ الأَمْرَ وعَلَیْہِ وبِہٖ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ وأَزْمَعَ الکَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گرہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزَّبُورُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔ اَزْمَعَتِ الأَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا ہونا اور تیز دوڑنا۔
الزَّمَعُ۔ مم۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مِنَ الزَّمَعِ والزَّمَعِ وہ پست اور ادنیٰ لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بیقراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج اَزْمَاع (— والزَّمَاع) پختہ ارادہ۔
الزُّمْعَۃ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے اَرْضٌ فِیہَا زُمْعَۃٌ

مِنَ الْنَّبْتِ" زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَّمَعَۃ۔ ج زَمَع وزِماع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔ — ج اَزْماع: چھوٹا پیلہ۔

الزَّمِع۔ خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُّمَع۔ بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزَّمَّاعَۃ۔ دبر۔

الزَّمِیع۔ پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے والا۔ ج زُمَعاء (— والزُّمُوع) جلد باز۔

الاَزْمَع۔ چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج اَزَامِع۔ رَجُلٌ اَزْمَعُ: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِع۔ فاعل ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ (ن ض) زَمْقًا۔ القِدْرَ: تالا کھولنا۔ — اللِّحْیَۃَ: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی۔ (زَمِیقَۃ ومَزْمُوقَۃ) کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَی عَنْہُ زَمَقَۃً" یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ (ن) زَمْكًا۔ چپ رہنا (— وزَمَّكَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ زَمَّکَہٗ عَلَیَّ: بھڑکا بھڑکا کر غصہ دلانا۔

اِزْمَاكٌ۔ سخت غضبناک ہونا۔

الزِّمَكُّ۔ سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الزِّمَكَّۃ۔ مِنَ الرِّجَالِ: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بیوقوف۔ پستہ قد۔ ج الزَّمَاكَی:

الزِّمَكُّ والزِّمِكُّ۔ پرندہ کی دُم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ (ن ض) زَمَلًا۔ الاَعْرَجُ: لنگڑی کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَلَتْ (ن: زَمْلًا وزَمَلًا وزَمَلَانًا۔ الدَّابَّۃُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (— زُمُولًا) القَوْسُ: کمان کی آواز نکلنا (— زَمْلًا) الرَّفِیقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا — الرَّجُلَ: پیروی کرنا — الشَّیْءَ: لادنا

زَمَّلَ۔ الشَّیْءَ: چھپانا — الشَّیْءَ بِثَوْبِہٖ اوفِی ثَوْبِہٖ: لپیٹنا۔

زَامَلَ۔ الرَّفِیقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ۔ بِثَوْبِہٖ: لپٹنا۔ اِزْدَمَلَ الحَمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الزِّمْلُ۔ جانور پر پیچھے سوار ہونیوالا ساتھی بوجھ۔

الزَّمَل والزَّمَلَۃ والاَزْمَلَۃ۔ عیال۔ بال بچے۔

الزَّمِل والزُّمَل والزُّمَیل والزُّمَیلَۃ والزُّمَّل والزُّمَّال والزُّمَّالَۃ والزُّمَّیل والزُّمَّیلَۃ۔ کمزور۔ بزدل۔

الزُّمَلَۃ۔ ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ

الزَّامِلَۃ۔ الزَّامِل کا مؤنث۔ باربرداری کا جانور۔ ج زَوَامِل۔

الزَّمِیل۔ جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الاَزْمَل۔ مخلوط آواز۔ ج اَزَامِل اَزَامِیل تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَزْمَلِہٖ وبِاَزْمَلِیلِہٖ" اس نے چیز کو تمام لے لیا۔

الاَزْمَل۔ بزدل۔ کمزور۔

الاَزْمَلَۃ۔ کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِاَزْمَلَتِہٖ" اس نے ساری چیز لے لی۔ اور کہا جاتا ہے "لَہٗ عِیَالٌ اَزْمَلَۃٌ" اُس کے بہت بال بچے ہیں۔

الاَزْمُولَۃ والاَزْمُولَۃ۔ آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الاَزْمِیل۔ رانی چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)

المُزَمَّل والمُتَزَمِّل۔ کپڑوں میں لپٹنے والا۔

المُزَمَّلَۃ۔ المُزَمَّل کا مؤنث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مشکا۔

زَمِنَ (س) زَمَنًا وزُمْنَۃً۔ لنجا ہونا۔

اَزْمَنَ۔ الشَّیْءُ: دیر تک باقی رہنا — ہ اللّٰہ: لنجے پن میں مبتلا کرنا — بِالْمَکَانِ: مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْمَنَ عَنِّیْ عَطَاؤُکَ"

الزَّمَن۔ ج اَزْمَان واَزْمُن و(الزَّمَان) ج اَزْمِنَۃ و(الزَّمَنَۃ) وقت۔ اَزْمِنَۃُ السَّنَۃِ: سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات جاڑا۔ زَمَنٌ (زَامِنٌ) سخت زمانہ۔

الزَّمَانَۃ۔ آفت۔ لنجا پن۔ قوتوں کی بے حسی۔ مجبت۔

الزَّمِن۔ ج زَمْنَوْن و(الزَّمِین) ج زَمْنَی وزَمَنَۃ: لنجا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِنُ الرَّوِیَّۃِ" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔

عَامَلَہٗ (مُزَامَنَۃً) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

المُزْمِن۔ فا۔ مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔

زَمِہَ (س) زَمَهًا۔ الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ — الرَّجُلُ بِالحَرِّ: گرمی تیز لگنا۔

زَمِهَتْ (س) زَمَهًا۔ الشَّمْسُ الرَّجُلَ: تیز دھوپ لگنا۔

زَمْهَرَتِ۔ العَیْنُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

اِزْمَهَرَّ۔ الیَوْمُ: سخت سردی والا ہونا۔ — الوَجْہُ: چہرہ کا بگڑنا — الکَوْکَبُ: ستارہ کا چمکنا — العَیْنُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

الزَّمْهَرِیر۔ سخت سردی۔

المُزْمَهِرّ۔ سخت غضبناک، مٹنے والا۔

اِزْمَهَلَّ۔ المَطَرُ: برسنا — الثَّلْجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔

زَنَّ (ن) زَنًّا۔ عَجَبُہٗ: پٹھے کا خشک ہونا — الرَّجُلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّہٗ بِخَیْرٍ وشَرٍّ: نیک یا بد گمان کرنا — بِکَذَا:

ہنت لگانا۔
زَنَنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزَّنِّ۔ ماش۔
الزَّنَنَ۔ تنگ۔ مَاءٌ زَنَنٌ: تھوڑا پانی۔
ظِلٌّ (زَنَانٌ) تھوڑا سایہ۔
حِنْطَةٌ (زَنَّةٌ) گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزَّانِنُ۔ پائخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَلزَّنَانَةُ۔ لنگور۔
زَنَأَ (ف) زَنْأً وَزُنُوْءًا۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا
—— فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا —— الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا —— الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا زمین سے چمٹنا —— بَوْلَہٗ زَنْأً: پیشاب روکنا۔
—— بَوْلَہٗ زُنُوْءًا: پیشاب رُکنا۔
زَنَّأَ۔ عَلَیْہِ: تنگی کرنا۔
اَزْنَأَہٗ اِزْنَاءً۔ مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزَّنَاءُ۔ پستہ قد۔ پیشاب پائخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔
الزَّنِیْءُ۔ چھوٹی مشک۔
زَنِبَ (س) زَنَبًا۔ موٹا ہونا۔
الزَّنَبُ۔ موٹا پستہ قد۔
الزَّنَبُ۔ بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَّأْنَبِیُّ۔ آہستہ چال۔
زُنَابَۃٌ۔ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ۔ عَلَیْہِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَّنْبَرُ۔ شیر۔
الزَّنْبُوْرُ۔ بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
زَنْبَرِیَّۃٌ۔ بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی (جو بھاری ہو) سَفِیْنَۃٌ زَنْبَرِیَّۃٌ
(زَنْبَرِیَّۃٌ) بہت بھروں والی زمین۔
الزَّنْدَرُوْدُ۔ گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی کے مقابلہ میں "النابض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِّنْبَاعَۃُ۔ چمڑی موزہ یا جوتے کی نوک
الزَّنْبَقُ۔ سوسن سفید یا سفید چنبیلی۔ واحد زَنْبَقَۃٌ۔ چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زَنَابِقُ
زَنْبَقٌ: شراب۔
الزَّنْبَاقُ۔ ایک قسم کا ساگ۔
الزُّنْبُلُ۔ پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَرَ۔ ناز سے چلنا۔
الزَّنْتَرَۃُ۔ تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا۔ پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَہٗ۔ برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ۔ عَلَیْہِ: دست درازی کرنا۔
الزَّنْجُ وَالزِّنْجُ۔ حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوْجٌ۔
الزِّنَاجُ۔ بدلہ۔
الزَّنْجَبُ وَالزَّنْجَبَانُ۔ کمربند۔
الزَّنْجَبَۃُ۔ گدی جس کو عورتیں اپنے سر میں پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الزَّنْجَبِیْلُ۔ سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ۔ انگوٹھے کے ناخن کو انگشتِ شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزَّنْجَارُ۔ تانبے کا زنگ۔
الزَّنْجِیْرُ وَالزِّنْجِیْرَۃُ۔ ہیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزِّنْجِیْرُ: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَہٗ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا۔ اور عوام کہتے ہیں۔ جَنْزَرَہٗ وَجَنْزَرَہٗ۔
الزَّنْجَفَرُ وَالزَّنْجُفُرُ۔ شنگرف۔
الزِّنْجِیْلُ۔ کمزور و سست بدن والا مرد
زَنَحَہٗ (ن) زَنْحًا۔ تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَہٗ۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَحَ وَتَزَنَّحَ۔ الْمَاءَ: بار بار پانی پینا
وَتَزَنَّخَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزَّنُخُ۔ بدلہ۔
زَنِخَ (ف) زَنَخًا۔ الدُّہْنُ: تیل کا بگڑنا خراب ہونا۔ صفت (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوْخًا۔ الْقُرَادُ: چمڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ۔ تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
اِبِلٌ (زَنِخَۃٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخٌ۔ مُنْخَرٌ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا۔ الْاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
—— النَّارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س) زَنَدًا۔ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
—— السِّقَاءَ: مشک بھرنا —— فِی الْاَمْرِ: تنگ دل ہونا —— عَلٰی اَہْلِہٖ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا یُزَنِّدُکَ اَحَدٌ عَلَیْہِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ۔ الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا یُزْنِدُکَ اَحَدٌ عَلَیْہِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا —— الرَّجُلُ فِی وَجْعِہٖ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَاَلْتُہٗ مَسْئَلَۃً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
—— فِی الْاَمْرِ کَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَّنَدُ۔ ہم۔ ہاتھ کا گٹا چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَّنْدَۃُ) اور دونوں کو (الزِّنْدَانِ) کہتے ہیں۔ ج زِنَادٌ وَاَزْنَادٌ۔
اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِیُ الزَّنْدِ" فلاں کامیاب ہے۔ وَفُلَانٌ کَابِی الزَّنْدِ" فلاں ناکامیاب ہے "وَہُمَا کَزَنْدَیْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں اسکا

استعمال عموماً دنات وخست میں ہوتا ہے۔ اور ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جنکی وجہ سے حاجت پوری ہو۔ اور جو تمہاری مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرَتْ بِکَ زِنَادِیْ" یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی

المُزَنَّق۔ تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عطاء مُزَنَّد: تھوڑی بخشش۔

الزِّنْدَبِیْل۔ بڑا ہاتھی۔ (معرب)

تَزَنْدَقَ۔ بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِیْق۔ جمع زَنَادِقَۃ وزَنَادِیْق

الزَّنْدَقَۃ۔ ظاہری ایمان وباطنی کفر۔

رَجُلٌ (زَنْدَق وزَنْدَقِیّ) بہت بخیل۔

زَنَّرَ (ن) زَنْرًا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔

—— الغُلَامَ: لڑکے کو جنیو پہنانا۔

زَنَّرَ۔ إِلَیْ بَعِیْرِہٖ: گھور کر دیکھنا۔

تَزَنَّرَ۔ جنیو پہننا —— الشَّیْءُ: باریک ہونا۔

الزُّنَّار۔ جمع زَنَانِیْر و (الزُّنَّارَۃ) جنیو۔ الزَّنَانِیْر: چھوٹی کنکریاں۔

الزَّنْزَلَخْت۔ ایک درخت کا نام۔

زَنِفَ (س) زَنَفًا وتَزَنَّفَ۔ غضبناک ہونا

زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا وزَنَقَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔

—— البَغْلَ: خچر کی ٹانگوں میں پاجبند باندھنا۔

(—— وزَنَّقَ وأَزَنَّقَ۔ عَلَیْ أَوْلَادِہٖ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔

الزَّنَق۔ نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ جمع زُنُوْق۔

الزَّنَقَۃ۔ تنگ گلی۔

الزِّنَاق۔ گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ جمع زُنُق۔

الزِّنَاقَۃ۔ گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔

الزَّنِیْق۔ درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَأْیٌ زَنِیْقٌ" درست رائے۔

المَزْنُوْق۔ مفعم۔ بند پیشاب والا۔

الزِّنْقِیْر۔ تراشہ ناخن۔

زَنْقَلَ۔ فِیْ مَشْیَتِہٖ: گرانبار ہو کر چلنا۔

الزَّانِکِیّ۔ شوخ وبیباک۔

الزَّوْزَنَّاۃ۔ بدصورت۔ پستہ قد متکبر اپنے مرتبے سے آپ کو زیادہ سمجھنے والا۔

زَنَّمَ۔ لَہُ الخَصْمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔

الزَّنَمَۃ۔ کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا ہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت علامت۔ زُنَمَتَا الأُذُن: کان کی لو کے قریب ابھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِیْ کَلَامِہٖ زُنَمَۃُ خَیْرٍ او زُنَمَۃُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔

الزَّنِیْم۔ مِنَ الجِمَالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَۃٌ۔

الأَزْنَم۔ مِنَ الجِمَالِ: بمعنی الزَّنِم۔ مؤنث زَنْمَاء۔ جمع زُنْم۔

الزُّنَام۔ مصیبت۔

الزَّنِیْم۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (—— والمُزَنَّم) اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجتمند نہ ہوں۔

نَاقَۃٌ (مُزَنَّمَۃ) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔

زَنَا (ن) زُنُوًّا۔ تنگ ہونا۔ صفت (زَانٍ) زَنَّی تَزْنِیَۃً۔ عَلَیْہِ: تنگی کرنا۔

زَنَی (ض) زِنًی وزِنَاءً وزَانَی مُزَانَاۃً وزِنَاءً۔ زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) جمع زُنَاۃ۔ صفت مؤنث زَانِیَۃ جمع زَوَانٍ۔

زَنَّی۔ ہ: زنا کی نسبت کرنا۔ یا زانی کہنا۔

أَزْنَی إِزْنَاءً۔ زنا کرنے پر اکسانا۔

الزَّانِیَۃ۔ زنا کرنیوالا۔ (تا مبالغہ کیلئے ہے)

الزَّنَّاءَۃ۔ بہت زنا کرنیوالی۔ بند ریا۔

الزَّنِیَّۃ۔ مرد کا آخری بچہ۔

زِہ۔ کلمۂ استحسان بمعنی خوب۔ اور کبھی تہکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کے لئے کہا جائے "أَحْسَنْتَ"

الزُّہْب والزُّہْبَۃ۔ مال کا ایک حصہ

زَہَدَ وزَہِدَ (س ف) وزَہُدَ (ک) زُہْدًا وزَہَادَۃً۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "زَہِدَ فِی الدُّنْیَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاہِد) وصفت مفعولی (مَزْہُوْد) نیز وعنہ۔

زَہَدَ زَہْدًا۔ النَّخْلَۃَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

زَہَّدَہٗ۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ: بے رغبت کرانا۔ (زَہَّدَ وأَزْہَدَ) النَّخْلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

تَزَہَّدَ۔ عبادت کے لئے دنیا کو چھوڑ دینا۔

تَزَاہَدَ۔ القَوْمُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔

اِزْدَہَدَ۔ الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَہْدَ) مَا یَکْفِیْکَ" جتنا تم کو کافی ہو اسکو لے لو۔

الزُّہْدُ والزَّہَادَۃ۔ حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔

الزَّہَد۔ زکوٰۃ۔ جمع زَہَاد۔

أَرْضٌ (زَہَادٌ) زمین جو بہت پانی برسنے سے ہے

الزَّاہِد۔ فا۔ آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ جمع زُہَّاد وزَاہِدُوْن۔

الزَّہِیْد۔ کم۔ حقیر۔ مؤنث زَہِیْدَۃٌ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ زَہِیْدُ الخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے۔ "ہُوَ زَہِیْدُ العَیْنِ" وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ "وَادٍ زَہِیْدٌ" کم پانی کو لینے والا وادی۔ جمع زُہُدَان۔

الزاہِرِیَّۃ - نازکی چال - کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمْشِی الزَّاہِرِیَّۃَ" وہ نازسے چلتا ہے۔
الاَزْہَر - روشن - صاف رنگ والا - روشن چہرہ والا - جمعہ کا دن - تازہ دُودھ - سپید رنگ کا شیر - چاند - جنگلی بیل - مؤنث زَہْرَاء جمع زُہْر۔
الاَزْہَرَان - آفتاب و ماہتاب۔
الزَّہْرَاوَان - مِنْ سُوَرِ الْقُرْآن: سورۂ بقرۃ وسورۂ آل عمران۔
الزَّہَّار - بہت چمکدار - کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَہَّارٌ وقَمَرٌ نَوَّارٌ"
المُزْہِر - فا - مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔
المِزْہَر - ایک قسم کا باجا - جمع مَزَاہِر۔
زَہْرَفَ - الشَّیْءَ: کھوٹا بنانا۔
زَہْزَقَ - الرَّجُلُ: بہت ہنسنا - زَہْزَقَتِ الأُمُّ وَلَدَہَا: ماں کا بچہ کو کُدانا۔
الزَّہْزَق - کمینہ - فرومایہ۔
زَہِفَ (ف) زُہُوْفًا - الرَّجُلُ: ذلیل ہونا - ہلاک ہونا - جھوٹ بولنا ـــ لِلْمَوْتِ اوالِی الْمَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔
زَہِفَ (س) زَہَفًا - لِلشَّیْءِ: جلدی کرنا - چست ہونا۔
اَزْہَفَ - اِلَیْہِ الطَّعْنَۃَ: قریب کرنا۔
اَزْہَفَتِ الطَّعْنَۃُ: قریب ہلاکت کرنا - اَزْہَفَ عَلَی الْجَرِیْحِ: حملہ کرکے فوراً مار ڈالنا ـــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا - خیانت کرنا - چغل خوری کرنا - بُرائی کی طرف جلدی کرنا ـــ فُلَانًا - ذلیل کرنا - کسی کے ساتھ بدی کرنا - ہلاک کرنا ـــ الشَّیْءَ: ڈھیلا کرنا - جلدی کرانا - لیجانا - خراب کرنا۔
ـــ ہ بِالشَّرِّ: بُرائی پر اُکسانا ـــ بِمَا طَلَبَہٗ: پورا کرنا ـــ بِالشَّیْءِ: تعجب کرنا ـــ الْخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا ـــ لَہٗ حَدِیْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا ـــ اِلَیْہِ حَدِیْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔
اِنْزَہَفَتْ - الدَّابَّۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔
تَزَہَّفَ - عَنْہُ: اعراض کرنا۔
اِزْدَہَفَ - اِلَی الْمَوْتِ: موت سے قریب ہونا ـــ عَنْہُ: اعراض کرنا ـــ الشَّیْءُ: منحرف ہونا ـــ ہُ: جلدی کرانا - ہلاک کرنا ـــ ہ الدَّابَّۃُ: جانور کا گرا دینا ـــ الشَّیْءُ بِہٖ: لیجانا ـــ الْعَدَاوَۃَ وَبَہَا: دشمنی اختیار کرنا ـــ الْحِمْلَ: بوجھ اُٹھانا ـــ فُلَانٌ: بدی میں گھسنا گفتگو میں زیادتی کرنا ـــ فِی کَلَامِہٖ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔
زَہَقَ (ف) زُہُوْقًا - الْعَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا ـــ الْبَاطِلُ: نیست و نابود ہونا - کمزور ہونا (ـــ زُہْقًا وزُہُوْقًا) النَّفْسُ: ـــ روح کا جسم سے نکلنا (ـــ الرَّاحِلَۃُ: سواری کا آگے بڑھنا ـــ الشَّیْءُ: تباہ ہونا - ہلاک ہونا۔ ـــ السَّہْمُ: تیر کا نشانہ سے گذر جانا۔
اَزْہَقَ - الْعَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا۔ ـــ الإِنَاءَ: برتن بھرنا ـــ الْبَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا ـــ السَّہْمُ: تیر کا نشانہ سے گذارنا ـــ النَّاقَۃُ السَّرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا ـــ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا
زَاہِق - الْحَقُّ الْبَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا ـــ الإِنَاءَ: برتن کو اُلٹ دینا۔
اِنْزَہَقَ - آگے بڑھنا - اِنْزَہَقَتِ الدَّابَّۃُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔
الزَّہَق - پست زمین (ـــ والزَّہِق) گڑھا۔
الزَّاہِق - فا - موٹا جانور - قوی - لاغر (ضد) شکست خوردہ ـــ مِنَ السِّہَام: نشانہ سے تجاوز کرنیوالا تیر ـــ مِنَ الْمِیَاہِ: تیز بہنے والا پانی۔
جمع زَہْق وزُہُق (ـــ والزَّہُوق) ہلاک ہونیوالا باطل - گہرا کنواں۔
الزَّہِق - پھرتیلا - سبک۔
فَرَسٌ (زَہِقٌ) سبقت لے جانے والا گھوڑا۔
الزَّاہِقَۃ - الزَّاہِق کا مؤنث - بِئْرٌ زَاہِقَۃٌ: گہرا کنواں۔

الزَّاہِدِیْل - بہت بے رغبتی کرنے والا۔
المُزْہِد - کم مال والا۔
زَہَرَ (ف) زُہُوْرًا - السِّرَاجُ او الْقَمَرُ او الْوَجْہُ: چمکنا - روشن ہونا ـــ الشَّیْءُ: صاف رنگ والا ہونا ـــ الزَّنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا - کہا جاتا ہے "زَہَرَتْ بِکَ زَنَادِی اَوْنَارِی" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔
زَہِرَ (س) زَہَرًا او زَہِرَ (ک) زُہُوْرَۃً - الرَّجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔
اَزْہَرَ - النَّبَاتُ: کلی نکلنا ـــ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔
اِزْدَہَرَ - روشن ہونا - چمکدار ہونا۔
بِالْاَمْرِ: نگہداشت کرنا - دل میں رکھنا - کہا جاتا ہے "اِزْدَہِرْ ہٰذَا فَاِنَّ لَہٗ شَانًا" اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔
اِزْہَرَّ واِزْہَارَّ - النَّبَاتُ: کلی لانا - شگوفہ دار ہونا۔
تَزَاہَرَ - السِّرَاجُ ونَحْوُہٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔
الزَّہْر والزَّہَر - کلی - شگوفہ - واحد (زَہْرَۃ وزَہَرَۃ) زَہْرَۃُ الدُّنْیَا: دنیا کی رونق و خوبی - جمع اَزْہُر واَزْہَار وزُہُوْر - جمع اَزَاہِر واَزَاہِیْر - زَہْرَۃُ الزَّرْدِ: تاش۔
الزُّہْر والزُّہْرَۃ - حاجت - کہا جاتا ہے "قَضَیْتُ مِنْہُ زُہْرِی وزُہْرَتِی" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الزُّہَر - مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)
الزُّہْرَۃ - خوبصورتی۔
الزُّہَرَۃ - ایک سیارہ کا نام - یونانیوں کے علم الاصنام میں اس کو حسن و جمال کی دیوی مانتے تھے۔
الزَّاہِر - فا - خوشنما پودہ - چمکدار صاف نکلنے والا - کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ زَاہِرٌ" بہت سُرخ

الزُّهَاق والزِّهَاق - مقدار - تقریباً - کہا جاتا ہے "عِنْدِی زُهَاءُ خَمْسِینَ دِرْهَماً" میرے پاس تقریباً پچاس درہم ہیں۔

الزَّهْو - مم - فخر - تکبر - غرور - جھوٹ - باطل - ظلم - سرسبز نباتات - زرد یا سُرخ کچی کھجور (— والزُّهَا) تر و تازگی و خوبصورتی زُهَا الدُّنیَا دنیا کی زینت و آرائش۔

الزُّهْوَة - زرد یا سُرخ کچی کھجور۔

الزَّاهِی - فا - پُر رونق چمکدار چہرے والا مؤنث زَاهِیَة۔

المُزْدَهِی والمَزْهُو - متکبر و مغرور۔

زَاءَ یَزُوءُ زَوْءًا - بہ الدَّهْرُ: — زمانہ کا پلٹ جانا۔

زَابَ یَزُوبُ زَوْبًا - چپکے سے بھاگ جانا — المَاءُ: جاری ہونا۔

زَاجَ (ن) زَوْجًا - بَیْنَهُمْ: بھڑکانا - فساد ڈالنا۔

زَوَّجَهُ - اِمْرَأَةً أَوْ بِامْرَأَةٍ أَوْ لِامْرَأَةٍ: نکاح کرانا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ وَإِلَیْهِ: ملانا۔

زَاوَجَهُ - باہم میل ملاپ رکھنا - باہم قریب ہونا (— وَازْوَجَّ) بَیْنَهُمَا: قریب کرنا۔

تَزَوَّجَهُ - اِمْرَأَةً وَبِامْرَأَةٍ: نکاح کرنا — فِی قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهُ النَّوْمُ" اس کو نیند آگئی۔

اِزْدَوَجَ وتَزَاوَجَ - الکَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا — القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔

الزَّاجِہ - پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔

الزَّوْج - شوہر - بیوی - ساتھی - جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِی زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ "اِشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑا جوتہ خریدا - ہر چیز کی قسم - ہر ازدواج - زَوْجَة - ج اَزْوَاج۔

بہت باتیں کہنا۔

زَهِمَ (س) زَهَمًا - بدھی والا ہونا۔ صفت (زَهْمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا صفت (زَهِم) مؤنث زَهِمَة۔

زَاهَمَهُ - باہم دشمنی کرنا - باہم دوستی کرنا ایک دوسرے سے جُدا ہونا - ایک دوسرے کے قریب ہونا (ضد)

الزُّهْم - بدبودار ہوا - چربی - ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے (دیکھئے لفظ الزباد)

الزُّهْمَة والزُّهُومَة والزَّهَم - سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔

زَهَا (ن) زَهْوًا وزُهُوًّا وزُهَاءً - چمکنا - روشن ہونا - بڑھنا - نشوونما پانا — النَّخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا — البُسْرُ: رنگ پکڑنا — الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا — النَّبْتُ: پھل دار ہونا — الشَّاةُ بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا — الرِّیحُ: چلنا — الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا - تکبر کرنا - (زَهَا (ن) زَهْوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا — الکِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا - زَهَا السِّرَاجَ: روشن کرنا۔ — الرِّیحُ النَّبَاتَ: ترشدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا — الأَمْوَاجُ السَّفِینَةَ موجوں کا کشتی کو بلند کرنا — فُلَانٌ بِالسَّیْفِ: تلوار چمکانا — فُلَانًا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا — السَّرَابُ الأَكَمَةَ یَزْهَاهَا: نمایاں کرنا۔ (یَزْهُوهَا مستعمل نہیں ہے)

زُهِیَ - الرَّجُلُ بِكَذَا: تکبر کرنا۔

أَزْهَی - تکبر کرنا — النَّخْلُ: لمبا ہونا — — البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔

زَهِیَ - البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا - زَهَتِ المِرْوَحَةُ الرِّیحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔

اِزْدَهَی - الرَّجُلُ: مغرور بنانا - حقارت سے دیکھنا — هُ عَلَی الأَمْرِ: مجبور کرنا۔

الزَّوْجَة - بیوی - ج زَوْجَات -
الزَّوَاج - شادی بیاہ -
زَاحَ یَزُوْحُ زَوْحًا وَزَوَاحًا — عَنِ الْمَکَانِ: دُور ہونا - ہٹنا - جانا — الْعِلَّۃُ: زائل ہونا (— زَوْحًا) الْاِبِلَ: پراگندہ کرنا - ہنکانا (ضد)
اَزَاحَہٗ - جگہ سے ہٹانا — الْاَمْرَ: کام کو پورا کرنا - انجام کو پہونچانا - کہا جاتا ہے - اَزَاحَہَا اللّٰہُ الْعِلَلَ "اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں - وَاَزَحْتُ عِلَّتَہٗ فِیْمَا احْتَاجَ اِلَیْہِ "یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کردی -
اِنْزَاحَ - زائل ہونا -
زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا - توشہ لینا -
اَزَادَہٗ وَزَوَّدَہٗ - توشہ دینا -
اِزْدَادَ وَاسْتَزَادَ - توشہ مانگنا -
تَزَوَّدَ - توشہ لینا - کہا جاتا ہے - "تَزَوَّدَ مِنَ الْاَمِیْرِ کِتَابًا اِلٰی عَامِلِہٖ" وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے "زَوَّدْتُ مِنْ خُطْوَۃٍ بَیْنَ اُذُنَیْہِ "یعنی میرے جانب سے اسکے دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا -
الزَّاد - توشہ - زادراہ - ج اَزْوِدَۃ وَاَزْوَاد -
الْمَزْوَد وَالْمِزَاد وَالْمِزَادَۃ - توشہ دان - ج مَزَاوِد - نُفَاضَۃُ الْمَزَاوِد: توشہ دان کا بچا کھچا - یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے - دُنَیْمٌ مِنْ مَزَاوِدِ الْمَزَاوِد: وہ لوگ اضیاء ہیں -
زَارَہٗ یَزُوْرُہٗ زِیَارَۃً وَمَزَارًا وَزَوْرًا وَزُوْرَانًا وَزُوْرَانِیَۃً وَاَزْدَارَہٗ - ملاقات کیلئے جانا - صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ وَزُوْرٌ وَزُوَّارٌ مؤنث زَائِرَۃٌ - ج زُوْرٌ وَزُوْر وَزَائِرَات -
اَزْوَزَ اَزْوَزَا - الْفَرَسُ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا - (دیکھئے لفظ زیار)
زَوِرَ یَزْوَرُ زَوَرًا - کج ہونا - ٹیڑھے سینہ والا ہونا -
زَوَّرَ - جھوٹ کو آراستہ کرنا — الْکَلَامَ: باطل ٹھہرانا - جھوٹ کی طرف نسبت کرنا — الشَّہَادَۃَ: شہادت کو باطل قرار دینا — نَفْسَہٗ: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا — عَلَیْہِ: کسی پر جھوٹ باندھنا — عَنْہُ: کسی سے پھر جانا — فُلَانًا عَلٰی نَفْسِہٖ: کسی پر تہمت لگانا الشَّیْءَ: درست کرنا سیدھا کرنا — الشَّیْءَ لِنَفْسِہٖ: کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کرلینا — الزَّائِرَ: عزت و اکرام کرنا - تم کہتے ہو "زُرْتُہُمْ فَزَوَّرُوْنِیْ" میں نے اُن لوگوں سے ملاقات کی اور انھوں نے میری تعظیم کی — الْقَوْمَ صَاحِبَہُمْ: بھلائی کرنا
اَزَارَہٗ - زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا — الشَّیْءَ: چلانا -
اِزْدَارَہٗ - ملاقات کے لئے جانا -
تَزَوَّرَ - جھوٹ بولنا — الشَّیْءَ: کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کرلینا -
تَزَاوَرَ - الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا - کہا جاتا ہے "ہُمْ یَتَزَاوَرُوْنَ وَبَیْنَہُمْ تَزَاوُرٌ" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (— وَازْوَرَّ وَازْوَارَّ) عَنْہُ: انحراف کرنا -
اِسْتَزَارَہٗ - ملاقات کے لئے کہنا -
الزَّوْر - مص - سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ - اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِیْضُ الزَّوْرِ "چوڑے سینہ والا گھوڑا - اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی زَوْرَہٗ "یعنی اس نے اقامت کرلی - الزَّوْر: پختہ ارادہ عقل - خیال جو خواب میں آئے - زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے - رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَاَۃٌ زَوْرٌ وَرِجَالٌ زَوْرٌ وَنِسَاءٌ زَوْرٌ - سردار - رئیس - درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں - پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں -
الزُّوْر - عقل - جھوٹ - باطل - اللہ کیساتھ شریک ٹھہرانا - قوت - کہا جاتا ہے - "مَالَہٗ زُوْرٌ وَلَا صَبُوْرٌ "نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے -
رائے - سردار - رئیس - کھانے کی لذت - کپڑے کی نرمی وصفائی - راگ وگانے کی مجلس - یہود و نصرانیوں کی عیدیں -
الزَّوَر - مص - کبر - سینہ کے بالائی حصہ کی کجی -
الزِّیْر - مٹکا - کتاں - باریک تانت - عادت عورتوں سے بغیر ارادہ بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا - ج اَزْوَار وَاَزْیَار وَزِیْرَۃ
الزِّیَارَۃ - ملاقات کی ہیئت - کتاں کا ٹکڑا -
الزِّیَار - دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے - اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں "زَیَّرَ الْفَرَسَ (— وَازْوَارَ) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو - سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی - ج اَزْوِرَۃ -
الزَّیِّر - غضبناک -
الزَّاْرَۃ - اونٹوں کا گلہ - بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (— وَالزَّاوِرَۃ وَالزَّاوَرَۃ وَالزَّاوُوْرَۃ) پوٹا - زَاوِرَۃُ الْقَطَا: قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے -
الزَّوْزَر - سخت چال - سخت - سفر کے لئے تیار کیا ہوا اونٹ - (— وَالزَّوِیْر وَالزُّوَیْر) سردار قوم - رئیس قوم -
الزَّوْزَرَۃ - زار کا اسم مرۃ - دوری - اونٹنی جو شدت وصلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے -
الْاَزْوَر - ٹیڑھے سینے والا - باریک وسط سینہ والا - مائل ہونے والا - ترچھی نظر سے دیکھنے والا - مؤنث زَوْرَاء - ج زُوْر - کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الْحَقِّ زُوْرٌ "حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم -
الزَّوْرَاء - گہرا کنواں - کمان - پیالہ - چاندی کا برتن - شہر بغداد - دجلۂ بغداد - فَلَاۃٌ زَوْرَاء: دور دراز بیابان - کَلِمَۃٌ زَوْرَاء: گھٹیا بات -
مَنَارَۃٌ زَوْرَاء: ٹیڑھا منارہ -

الزَّوَّار والزَّوُوْر۔ بہت ملاقات کرنیوالا۔
المَزَار۔ مص۔ ملاقات۔ زیارت کرنیکی جگہ
ج مَزَارَات۔
الزَّوْرَق۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔
الزَّوْش۔ کمینہ غلام۔
الأَزْوَش۔ متکبر و مغرور۔
زَوَّط۔ بڑے نغمے بنانا۔
زَاعَ یَزُوْعُ زَوْعًا۔ فُلَانًا: روکنا۔ آگے دھکیلنا ــــ الدَّابَّۃ: جانور کو تیز چلانے کے لئے لگام ہلانا ــــ الشَّیْءَ: موڑنا (زَوْعَۃً مِنَ البِطِّیخَۃِ وَنَحْوِھَا: خربوزہ وغیرہ کی پھانک، قاش ــــ مِنَ النَّبْتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔
الزَّاعَۃ۔ پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باغۃ۔ وسادۃ کے)
الزُّوْع والزُّوَیْع۔ بکری۔
زَاعَ یَزُوْعُ زَوْعًا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو جھکانا ــــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔ (ــــ زَوْعًا وزَوَعَانًا) مائل ہونا۔ ظلم کرنا ــــ البَصَرُ: نگاہ میں خلل ہونا۔
أَزَاعَہ إِزَاعَۃً۔ جھکانا۔
الزَّاعِ۔ کوا۔
زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا۔ الحَمَامَۃُ: کبوتر کا بازو و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا ــــ الطَّائِرُ فِی الھَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اُڑنا۔
ــــ الرَّجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا ــــ المَاءُ: پانی کا پتلے والا ہونا (ــــ وتَزَاوُفًا) اپنے آپکو ہلکا پھلکا کرنے کے لئے ورزش کی مشق کرنا۔
الزُّوُوْف۔ چلنے میں ڈھیلا پن۔
الزُّوْفَى والزُّوْفَاء۔ ایک دوا کا نام۔

موت (زُوَاف) جلدی کی موت۔
زَوَّقَ۔ الکَلَامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ــــ البَیْتَ: نقش و نگار کرنا ــــ الدِّرْھَمَ: پارہ کا ملمع کرنا۔
الزَّوَاق۔ لڑکی کی زینت۔
الزَّوَّاقَۃ۔ گھروں میں نقش و نگار کرنیوالے۔
الزَّاوُوْق والزَّاوُوْق۔ پارہ۔
السَّحْفَة۔ پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحَاف وسُحُف۔
السُّحَاف۔ سل کی بیماری۔
السَّحِيف۔ چکی کی آواز پیسنے کے وقت

دودھ دوہنے کی آواز۔
السَّحِیْقَۃ۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہالیجائے
چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔
ج سَحَائِف۔
السَّحُوْف۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہالیجائے
نَاقَۃٌ سَحُوْفٌ: بے چربی والی اونٹنی۔ اونٹنی
جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ
ہوں۔ جَمَلٌ اَوْنَاقَۃٌ سَحُوْفٌ: زیادہ چربی والا
اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف۔ الحَیَّۃ: زمین پر سانپ کے چلنے
کے نشانات۔
المِسْحَفَۃ۔ گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے
کا آلہ۔
رَجُلٌ (سَحُوْفٌ) سل کی بیماری والا۔
اَرْضٌ (سَحْفَۃٌ) باریک گھاس والی زمین۔
سَحَفَہٗ (ف) سَحْفًا۔ بہت زیادہ کوٹنا۔
باریک کرنا۔ ہلاک کرنا ــــ الرِّیحُ الارضَ: ہوا
کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا ــــ الرَّاسَ:
سر مونڈنا ــــ الشَّیْءَ الشَّدِیْدَ: نرم کرنا ــــ
القَمْلَۃَ: جوں کو مار ڈالنا ــــ الثَّوْبَ: کپڑے
کا پرانا و بوسیدہ کرنا ــــ العَیْنُ وَعَیْنَہَا: آنکھ
کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَفَہُ اللّٰہُ" اللہ
نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) وَسَحُقَ (ک) سَحْقًا۔ دور ہونا۔
سَحُقَ (ک) سُحُوْقَۃً۔ الثوبُ: کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا ــــ النَّخْلَۃُ: درخت
خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق
سَحَقَ۔ بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَہٗ۔ دور کرنا۔ ہلاک کرنا ــــ الثوبُ:
کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے
رواں گر جانا ــــ خُفُّ البَعِیْرِ: گھس جانا الفَرْجُ
اونٹ کا دبلا ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
اِنْسَحَقَ۔ باریک ہونا ــــ القلبُ: دل
کا شکستہ ہونا ــــ الشَّیْءُ: کشادہ ہونا، دور ہونا۔
ــــ الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔
ــــ الدلوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَّحْق۔ مع۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے۔
"ثَوْبٌ سَحْقٌ وَسَحَقٌ ثَوْبٌ" باعتبار وصف یا
اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْقُ دِرْہَمٍ کھوٹا
درہم ج سُحُوْق۔
السُّحْق والسُّحُق۔ دوری۔ کہا جاتا ہے۔
"سُحْقًا" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے
دور کرے۔
السَّحِیْق۔ دور۔ مِسْکٌ سَحِیْقٌ: باریک
پسی ہوئی مشک۔
السَّوْحَق۔ لمبا۔ یا لمبا مرد۔
السَّحَّاقَۃ۔ بہت پیسنے والا۔ اِمْرَأَۃٌ سَحَّاقَۃٌ
عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک
آئی ہوں۔
السَّحِیْقَۃ۔ سحق کا مؤنث۔ زور کی بارش
جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ ج سَحَائِق۔
دمع (مسحق) بہے ہوئے آنسو۔ ج سَحَائِق
(نادر) کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَیْنِہٖ مَسَاحِیْقُ
الدُّمُوْعِ" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں
بہہ پڑیں۔
الاَسْحَق۔ دور۔
المِسْحَق۔ جس سے پیسا جائے۔
سَحَتَ (ف) سَحْتًا۔ پیسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔
سَحَلَ (ف) سَحْلًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔
کوٹنا ــــ الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔
ــــ العَزِیْمَۃَ مَائَۃَ دِرْہَمٍ: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا
ــــہٗ مَائَۃَ سَوْطٍ: مارنا ــــ الثوبَ: کچے
دھاگے سے بننا۔ الحَبْلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلًا وَسُحُوْلًا۔ العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِیْلًا وَسُحَالًا۔ البغلُ:
خچر کا ہنہنانا۔
سَاحَلَہٗ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔
ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القَوْمَ
باولاد ہم: ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَہٗ۔ گالی خوردہ پانا۔
اِنْسَحَلَ۔ چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔
بالکلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدَّرَاہِمُ:
چمکدار ہونا۔
السَّحْل۔ مع۔ (السَّحْل) ج اَسْحَال وسُحُوْل
وسُحْل و (السَّحِیْل): کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔
اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل۔ فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل
السِّحَال۔ لگام۔
السُّحَالَۃ۔ چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے
جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَۃ۔ چاندی سونے کا برادہ۔
گیہوں جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
الاِسْحِل۔ ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں
بنائی جاتی ہیں۔
الاَسَاحِل۔ پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل۔ سنگتراشی کا اوزار۔ ریتی۔
زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست
ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ
ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے۔
"رَکِبَ فُلَانٌ مُسَحَّلَۃً" فلاں نے گمراہی اختیار
کی۔ المُسَحَّل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب
چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔
پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت و
فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی
کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل۔
السُّحَال والسَّحِیل۔ ہنہناہٹ۔
شاب (مُسَحْلَنٌ وَمُسَحْلَانِیٌّ) لمبا یا سیدھے
بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسَحْلَانَۃٌ وَمُسَحْلَانِیَّۃٌ۔
المَسْحُوْل۔ مفعو۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ
جگہ۔
رجل (سَحْلَانِیٌّ) اللحیۃ: لمبی داڑھی والا مرد۔
اِمْرَأَۃٌ (سَحْلَانِیَّۃٌ) لمبے قد والی خوب صورت
عورت۔
السَّحْلَال۔ بڑے پیٹ والا۔
السَّحْلُوْت۔ بیباک عورت۔

سَحَمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَمًا۔ کالا ہونا۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء۔ ج سُحم
سَحَّمَ۔ وَجْهَهٗ: چہرہ کالا کرنا۔
اَسْحَمَتِ۔ السَّمَاءُ: برسنا۔
السُّحَام والسَّحَام والسُّحْمَة۔ سیاہی
الاَسْحَم۔ سینگ۔ بادل۔ سرستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے۔
السَّحَم۔ لوہا (— والسَّحَمُ والاَسْحَمَان) ایک درخت کا نام۔
السَّحَمَة۔ لوہے کا ٹکڑا۔
السُّحُم۔ لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ن) سَحْنًا۔ الحَجَرَ: پتھر توڑنا — الخَشَبَةَ: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا — الشَّیْءَ: باریک پیسنا۔
سَاحَنَهٗ۔ ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَهٗ الشَّیْءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا (— وسَحَنَهٗ) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسْحَنَة۔ پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن۔
سَحَاهُ یَسْحَاهُ ویَسْحُوْهُ ویَسْحِیْهِ سَحْیًا۔ چھیلنا — الطِّیْنَ: گھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة وسَاحُوْن مؤنث سَاحِیَة — الشَّعَرَ: مونڈنا (— واَسْحَی اِسْحَاءً وسَحَّی تَسْحِیَةً) الکِتَابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِسْتَحَی اِسْتِحَاءً۔ الشَّیْءَ: چھیلنا۔ الشَّعَرَ: مونڈنا۔ اِسْتَحَی مِنْهُ: شرم کرنا۔
السِّحَاء۔ مِنَ الکِتَاب: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سِحَاءَة۔ السِّحَاءَة: دماغ کی جھلی۔ ج سحایا۔
السَّحَاة۔ میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًی۔

السِّحَایَة۔ بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِیَة۔ سیلاب۔ زور کی بارش۔
السَّحَّاء۔ بیلچہ بنانے والا۔
الاَسْحُوَان۔ بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاة۔ بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ۔
سَخَتَ (ن) سَخْتًا۔ الجَرَادَةُ: ٹڈی کا زمین میں دُم چبھونا — فِی السَّیْرِ او الحَفْرِ: دور تک جانا یا کھودنا۔
السَّخَاخ۔ نرم عمدہ زمین۔
سَخَّ (ن) سَخًّا۔ النَّارَ تَحْتَ القِدْرِ: — ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّخَب۔ شور۔
السِّخَاب۔ لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُکَ وَارِثَ السِّخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچہ کے ناسمجھ پایا۔ ج سُخُب۔
اِسْخَاتٌ اِسْخِیْتَاتٌ۔ الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السَّخْت والسَّخِیْت۔ سخت۔
السُّخْت۔ کھُردار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔
المَسْخُوْت۔ تاباں۔ چمکیلا۔
السِّخْتِیْت۔ بلند اُٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔
السِّخْتِیَان والسَّخْتِیَان۔ دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
السَّخَاوِج۔ علی وزن الجمع: بے نشان اور بے پانی والی زمین۔
سَخَّلَ تَسْخِیْلًا۔ وَرَقُ الشَّجَرِ: نمی پہنچنے سے ایک دوسرے سے درخت کے پتوں کا چپک جانا۔
السَّخْل۔ گرم۔ آماس۔
السُّخْل۔ زرد رنگ کا گاڑھا پانی جو رحم سے ولادت کے وقت نکلتا ہے۔
المُسَخَّل۔ دل تنگ زرد رنگ ہونے آماس والا۔ شَابٌّ (سَخُوْدٌ) نازونعمت کے ساتھ اچھی جوانی۔
السُّخُدُّد۔ تیز فہم مرد۔
سَخَرَهٗ (ن) سِخْرِیًّا وسُخْرِیًّا وسَخَرَهٗ وتَسَخَّرَهٗ واسْتَسْخَرَهٗ۔ بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخِرَتْ (ف) سَخَرًا۔ السَّفِیْنَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَة) ج سَوَاخِر۔
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا و مَسْخَرًا وتَسَخَّرَ واسْتَسْخَرَ۔ ہنسی اڑانا ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "اَنَا اَقُوْلُ هٰذَا وَلَا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَة۔ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار بیگاری (— والسُّخْرِیَّة) ٹھٹھا۔
المَسْخَرَة۔ وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے (لغت عامہ)
السَّخْسَخ۔ (السَّخَاسِخ) عمدہ نرم زمین۔
سَخِطَ (س) سَخَطًا۔ الرَّجُلُ وعَلَیْهِ: — غضبناک ہونا — الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔
اَسْخَطَهٗ۔ غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَ۔ ناراض ہو کر غضبناک ہونا۔ ناپسند کرنا — العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْط والسُّخُط والسَّخَط۔ ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوْط۔ مفر۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَة۔ سبب ناراضی ج مَسَاخِط۔
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَةً۔ کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ: باریک ہونا — السِّقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَهٗ۔ کم عقل قرار دینا۔

سَاخَفَهٗ - بیوقوفی میں مدد دینا۔
السُّخْفَة والسَّخَفَة - لاغری - کمزوری - کم عقلی - کہا جاتا ہے "ہٰذا مِن سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَّخَف - تنگ گزارہ کی زندگی (——— والسُّخف) کم عقلی۔
السَّخِیف - کم عقل - ثَوبٌ سَخِیفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِیفٌ - کمزور عقل والا مرد۔ سَخِیفُ العَقل: ناقص عقل والا۔ رَأیٌ سَخِیفٌ: کمزور رائے۔ سَحَابٌ سَخِیفٌ: پتلا بادل۔
السَّخَافَة - مص - ہر چیز کی کمزوری۔
اَرضٌ (سَخَفَة) کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَهٗ (ن) سَخْلًا - صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّیءَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَهٗ - عیب لگانا - کمزور کرنا۔
اَسْخَلَ - الاَمرَ: پیچھے کرنا۔
السَّخِیل - کمزور ——— مِنَ القَوم: رذیل۔ ہ سُخَل وسُخَال۔
السَّخْلَة - بکری کا بچہ۔ ہ سَخَل وسَخَال و سُخْلَان وسَخْلَة۔
السَّخَالَة - پھوڑن - پھسکن۔
المَسْخُول - فرومایہ - ضعیف - مجہول۔ اور اسی سے ہے "کَوکَبٌ مَسْخُولَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخَّمَهٗ - اللَّحمَ: گوشت کا بدبودار ہونا ——— الماءَ: پانی گرم کرنا ——— اللهُ وَجهَهٗ: سیاہ رو کرنا ——— وَجهَهٗ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ - عَلَیهِ: کینہ رکھنا - غضبناک ہونا
السُّخْم - سیاہی۔
السُّخْمَة - سیاہی - کینہ - غضب۔
السُّخَام - کوئلہ - ہانڈی کی سیاہی - پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر - لَیلٌ سُخَامٌ: کالی رات (——— السُّخَامِیُّ والسُّخَارِیَّة) خوشگوار شراب۔
السَّخَّمَة - کالا - مؤنث سُخَامٌ - ہ سُخْم۔

السُّخَامِیّ - کالا۔
السَّخِیمَة - کینہ - کہا جاتا ہے "سَلَلتُ سَخِیمَتَهٗ بِاللُّطفِ والتَّرَضِّی" میں نے اس کے کینہ کو لطف ورضامندی سے نکال لیا۔ پائخانہ حدیث میں ہے "مَن سَلَّ سَخِیمَتَهٗ عَلٰی طَرِیقٍ فَعَلَیهِ لَعنَةُ اللهِ" جس شخص نے راستہ پر پائخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ہ سَخَائِم۔
المُسَخَّم - مفعم کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُونَةً وسَخَانَةً وسَخَنًا وسُخْنًا وسُخْنَةً - گرم ہونا۔
سَخَنَهٗ (ن) سَخْنًا - بالضَّرب: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسخَنَ ضَربَهٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُونًا وسُخْنَةً - عَینُهٗ: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسخَنَ وسَخَّنَ - الشَّیءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسخَنَ عَینَهٗ وبَعبَعَهٗ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السَّخْن والسَّخْنَة والسُّخْنَة والسَّخِنَة والسُّخُونَة - گرمی - بخار - کہا جاتا ہے "عَلَیکَ بِالاَمرِ عِندَ سُخْنَتِهٖ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخْن والسَّخْنَان والسُّخْنَان و السَّخِنَان - گرم۔
مَاءٌ (سَخِین) گرم پانی - ضَربٌ سَخِین: تکلیف دہ مار - السَّخِین: کدال - بیلچہ - قصابیوں کی چھری ہل کا دستہ - ہ سَخَانِین۔
السَّاخِن - فا - گرم - ہ سُخَّان - مؤنث سَاخِنَة - کہا جاتا ہے "لَیلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُّخَاخِین - گرم - کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِینٌ" گرم پانی (کلام عرب میں مُفَاعِیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں)
السَّخِینَة - ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی - السَّخِینَة - ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے - گرم کھانا۔

التَّسَاخِین - ہانڈیاں - موزے - چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسخِین یا تَسخَان واحد ہے)
المِسخَنَة - ہانڈی - ہ مَسَاخِن۔
سَخَا یَسخُو ویَسخِی لَیسخِی ویَسخُو یَسخُو سَخًا وسَخَاءً وسَخَاوَةً وسُخُوًّا ومَسخُوَّةً - فیاض ہونا - سخی ہونا - کہا جاتا ہے "سَخَتْ نَفسِی ونَفسِی عَنِ الشَّیءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَّارَ یَسخُوهَا سَخْوًا ویَسخَاهَا سَخْوًا وسَخْیًا - راکھ نکال کر آگ جلانا ——— المِدرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا ——— الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخَی وتَسَخَّی - بتکلف فیاض بننا۔
السَّخَاوَة - فیاضی - بخشش۔
السَّخَاءَة - ایک قسم کی سبزی - ہ سَخَاء۔
السَّخِیّ - فیاض - ہ اَسخِیَاء وسُخَاة ومؤنث سَخِیَّة - ہ سَخَایَا وسَخِیَّات۔
الاَرضُ (السَّخَاوَة) کشادہ نرم زمین - ہ سَخَاوِیّ وسَخَاوٍ۔
اَرضٌ (سَخَاوِیَّة) نرم کشادہ زمین - ہ سَخَاوِیّ۔
مَسخًى - النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسخَاة - چھپٹی - آگ کی کریلنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا - الاِنَاءَ: برتن بند کرنا۔ ——— الثُّلمَةَ: رخنہ درست کرنا ——— البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (ض) سَدَادًا وسَدَدًا - درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَسدِدُنِی فِی قَولِهٖ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے۔ "وقُلتَ لَهٗ سَدَادًا مِنَ القَولِ وسَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی ——— الشَّیءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ - الرُّمحَ: سیدھا کرنا ——— هٗ: راہِ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

أَسَدَّ - الشَّيْءُ: سیدھا ہونا ـــ الرَّجُلُ: راہِ راست کو پہونچنا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ - سیدھا ہونا ـــ الشَّيْءُ: درست ہونا۔
اِنْسَدَّ وَاِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا وَاسْتِدَادًا بند ہونا۔
اِسْتَدَّ - الشَّيْءُ: درست ہونا۔
السَّدُّ وَالسُّدُّ - جـ اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ بِالْاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔ والسُّدَّة جـ اَسِدَّة: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدَّة - جـ سُدُوْد: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدَّة" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدَّة - جـ سِدَّة وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ سایہ۔
كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح و درست کلام)
السَّدَد - مم - درستی - جو درست ہو۔
السَّدَاد - مم - درستی و راستی - ہدایت
السِّدَاد - ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے دراخ میں خشک ہو جائے۔ اور دودھ کی نالی بند کر دے۔
السِّدَادَة - ڈھکنا۔
السُّدَاد - ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَادٌ) راہِ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة - دروازہ - برآمدہ - بیٹھنے کی جگہ۔ جیسے منبر - ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ جـ سُدَد۔
عَيْنٌ (سَادَّة) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ جـ سُدُد۔
الْاَسَدّ - جـ سُدَّد (السَّدِيْد) ٹھیک درست حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدّ - بند کرنے کی جگہ - کہا جاتا ہے۔
"سَدَّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام۔
سَدَجَ (ن) سَدْجًا - بالشَّيْءِ: گمان کرنا۔
(ـــ وَتَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا
صفت (سَدَّاج)
اِنْسَدَجَ - اوندھا گرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا - ذبح کر کے زمین پر پھیلانا - پچھاڑنا ـــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا ـــ القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بِالْمَكَانِ اقامت کرنا (سَدَحَهُ وَسَدَّحَهُ) قتل کرنا۔
اِنْسَدَحَ - چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
اَلسَّادِح - فا - مالدار - صاحبِ فراخی و ارزانی - مؤنث سَادِحَة - السَّادِحَة: گھٹا ٹوپ بادل۔
السَّدِيْح والمَسْدُوْح - چت لیٹا ہوا۔
اِنْسَدَحَ - پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا وسُدُوْرًا - الشَّعْرُ: بال لٹکانا ـــ الثَّوْبُ: کپڑا پھاڑنا - لمبا لٹکانا۔ ـــ الرَّجُلُ فِي الْبِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدَرًا وسَدَارَةً - حیران ہونا - لاپروا ہونا ـــ البَعِيْرُ: شدتِ گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔
اِنْسَدَرَ - الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ كَفُّهُ" وہ آہستہ دوڑا۔ نیچے اترنا۔ اور ہمیشہ چلنا۔
تَسَدَّرَ - بِثَوْبِهِ: اوڑھ لینا۔
السِّدْر - بیر کا درخت - جـ سُدُوْر۔
السِّدْرَة - بیر کا درخت - جـ سِدْرَات۔ وسِدِرَات وسِدَرَات وسِدْر - وسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى ساتویں آسمان میں عرشِ اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔
السَّدِر - حیران - سمندر - ناقۃ سَدِرَة: بوڑھی اونٹنی۔
السِّدَار - پردہ کی مانند جو خیمہ کے اوپر لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار - بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيْر - تازہ گھاس - حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام - شاہِ نعمان کے ایک محل کا نام - یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں - سَدِيْرَةُ النَّخْل: وہ جگہ جہاں درختِ خرما بہت سے ہوں۔
الْاَسْدَرَان - آنکھ کی دو رگیں - دونوں پہلو کہا جاتا ہے "جَاؤُا يَضْرِبُ اَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا - القَوْمُ: چھٹا ہونا۔
سَدَّسَ (ن) سَدْسًا - القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ - الشَّيْءَ: چھ پہل بنانا۔
اَسْدَسَ - القَوْمُ: چھ ہونا - چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا ـــ البَعِيْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
اَلسِّدْس - اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری - سِت کی اصل سُدْس ہے۔
السُّدْس والسُّدُس - چھٹا حصہ - جـ اَسْدَاس - اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ کمر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَس - آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ
السَّادِس - فا - چھٹا - مؤنث - سَادِسَة۔
السُّدَاسِيّ - چھ سے مرکب - چھ حروف کا کلمہ جیسے زَنْجَبِيل - کہا جاتا ہے - "جَاؤُا سُدَاسَ" وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے - اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّدُوْس والسَّدُوْس - سبز رنگ کی چادر - السُّدُوْس - چراغ کی سیاہی۔
السَّدِيْس - چھٹا حصہ - جـ سُدُس

سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّس: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔
سَدَعَ (ف) سَدْعًا۔ ذبح کرکے پھیلانا ـــ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ٹکرانا۔
سُدْعَة۔ رنج و اذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعَة۔ رنج و اذیت۔
السَّادِع۔ اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ (ض) سَدْفًا۔ القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ـــ الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت فعول (مَسْدُوف)
أَسْدَفَ۔ سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ـــ القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ـــ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (مُسْدِف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ـــ الفَجْرُ: روشن ہونا ـــ السِّتْرَ: پردہ اٹھانا ـــ المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ أَسْدَفَ عَنْ كَذَا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ۔ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَهُ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَف۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج أَسْدَاف۔
السَّدْف۔ وجود جو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف۔
السَّدْفَة والسُّدْفَة۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) السُّدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجو جو اسکو بارش سے بچائے۔
السَّدِيف۔ کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سُدُف وسُدُف۔
السِّدَافَة۔ پردہ۔
السَّدَاق والسَّوْدَق۔ سدق و سوذق کی تصحیف ہے۔
السَّيْدَاق۔ ایک تنہ دار درخت کا نام۔ جس کی چھال تیز جلتی ہے اور اس کی راکھ سے کتاں کے دھاگے کو سفید کرتے ہیں۔
سَدِكَ (س) سَدَكًا وسَدَنًا۔ بالأمر: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِك) بہ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔
سَدَلَ۔ (ن ض) سَدْلًا وسَدَلًا۔ الشَّعْرَ أَوِ الثَّوْبَ: بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا ـــ فِي البِلَادِ: جانا۔
سَدِلَ (س) سَدَلًا۔ خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔
تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ۔ لٹکنا۔
سَوْدَل۔ الرَّجُلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔
السِّدْل۔ ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔
(ـــ والسُّدْل) پردہ۔ ج أَسْدَال وأَسْدُل وسُدُول۔ کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللَّيْلُ سُدُولَهُ" رات نے اپنے پردے لٹکائے۔ یعنی تاریکی چھا گئی۔
السَّدَل۔ جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے۔ "فِيهِ سَدَلٌ إِلَى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔
السَّدِيل۔ ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ ج سُدُل وأَسْدَال و سَدَائِل۔
شَعْرٌ (مُسْدَلٌ) بہت لمبے بال۔
السَّوْدَل۔ مونچھ۔
سَدَمَ (ن) سَدْمًا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔
سَدِمَ (س) سَدَمًا۔ ندامت کیساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا ـــ بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا ـــ المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔
سَدَّمَ۔ المَاءَ طُوْلُ عَهْدِهِ: متغیر کر دینا۔
مَاءٌ سَدَمٌ وسَدِمٌ وسِدِمٌ وسُدُمٌ۔ کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی۔ جمع کے لئے کہا جاتا ہے۔
مِيَاهٌ سُدُمٌ وأَسْدَامٌ وسِدَامٌ۔ رَجُلٌ سُدُمٌ: غضبناک مرد۔
السَّدَم۔ ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدَمَان۔ ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدَمَانُ نَدَمَانُ"
سَدُوم۔ سیدنا لوط علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کا گاؤں۔ بعض سندوم بالذال کہتے ہیں۔
السَّدِيم۔ ج سُدَام: بہت یاد کرنے والا ج سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔
سَدَنَ (ن ض) سَدْنًا وسَدَانَةً۔ کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا صفت (سَادِن) ج سَدَنَة۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وآذِنُهُ" یعنی فلاں کا دربان ہے۔
سَدَنُ السِّتْرِ: پردہ لٹکانا۔
السِّدْن والسَّدَن۔ ج أَسْدَان۔ و (السُّدَان) پردہ۔
سِدَانَة۔ الكَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔
السَّدِين۔ چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔
السَّدَّان۔ نہائی (صحیح لفظ سندان ہے۔)
سَدَا يَسْدُو وسَدَّى يُسَدِّي۔ بِيَدِهِ نَحْوَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا ـــ الصَّيْدَ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِي الشَّيْءِ: کشادہ قدم رکھنا۔ اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔
أَسْدَى إِسْدَاءً۔ النَّخْلُ: غلافِ خرما کا ڈھیلا پڑنا۔
اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً۔ بِيَدِهِ: ہاتھ بڑھانا

— الصَّبِيُّ بِالْجَوْزِ: اَخروٹ سے کھیلنا — الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

السَّادِي۔ فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِيَةٌ۔ جو سَوَاد۔ النُّوقُ السَّوَادِي: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدَى يَسْدِي سِدًى. البُسُرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ) — الأَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا — اللَّيْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِيَةٌ) — سَدَى يَسْدِي سَدْيًا۔ الثَّوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّى۔ الثَّوْبَ (تَسْدِيَةً) تانا تننا۔ — إِلَيْهِ: احسان کرنا — مَعْرُوفًا: بھلائی کرنا — الأَرْضَ: نمناک کرنا۔

أَسْدَى إِسْدَاءً۔ الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "أَلْحِمْ مَا أَسْدَيْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اُسے پورا کرو — إِلَيْهِ: احسان کرنا — الأَرْضَ: نمناک کرنا — بينهما: اصلاح کرنا — الأَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّى تَسَدِّيًا۔ الشَّيْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا — الثَّوْبَ: تانا تننا۔

السَّدِيُّ۔ تانا۔ جو أَسْدِيَةٌ۔ نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (— والسَّدَاد) سنہری کھجور۔

السَّدَاةُ۔ مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

إِبِلٌ (سُدًى وسَدًى) بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے۔ "ذَهَبَتْ كَلِمَتُهُ سُدًى" اس کی گفتگو لغو و بیکار گئی۔

الأَسْدِيُّ والأُسْدِيُّ۔ وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاةُ۔ تانا تننے کا آلہ۔

السَّدَابُ۔ ایک بوٹی دار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّدُبَّةُ۔ ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَجُ۔ سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔

السَّذَاجَةُ۔ سادگی۔

السَّذَقُ۔ سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَقُ السَّيْذَاقُ والسَّيْذَقَانُ والسَّيْذُقَانُ۔ کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَقُ: زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَقِيُّ۔ چست۔ چالاک۔ تنکبر۔

السُّذَاقِيُّ والسَّوْذَنِيُّ والسَّوْذَانِيُّ شکرا۔

سَرَّهُ (ن) سُرُورًا ومَسَرَّةً وسُرًّا وسُرًّى وتَسِرَّةً۔ خوش کرنا۔

سَرَّهُ (ن) سَرًّا۔ ناف میں نیزہ مارا۔

الصَّبِيَّ: بچے کا نال کاٹنا — فُلَانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا۔ ناف میں درد ہونا۔

سُرَّ سُرُورًا۔ خوش ہونا۔ صفت (سُرُورٌ) — الصَّبِيُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا

أَسَرَّهُ إِسْرَارًا۔ خوش کرنا۔ أَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) — إِلَيْهِ بِكَذَا: چپکے سے بیان کرنا — إِلَيْهِ المَوَدَّةَ وبِالمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو پہچانا۔

سَرْسَرَهُ۔ خوش کرنا۔ سَرَّارَةٌ سَرِيَّةٌ: لونڈی سے شادی کرنا۔ اس میں ایک لغت سُرَّارَة بھی ہے

سَارَّهُ۔ پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَرَّرَ۔ لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّى بھی ہے جیسے تظنّن میں تظنّى — الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ۔ القَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے۔

"تَسَارَّ زَيْدٌ إِلَى مَا مَكَرَهُ" یعنی جس سے [illegible] ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا۔ لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا — عَنْهُ: چھپنا — القَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ لفظ سے ماخوذ ہے) — الشَّيْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا — الرَّجُلُ: خوش ہونا — الرَّجُلَ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرُّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بُرٌّ سَرُّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد۔ اور اسی طرح "قَوْمٌ بُرُّونَ سَرُّونَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرُّ۔ جو أَسْرَار: بھید، راز۔ کہا جاتا ہے "مُسْتَوْدَعُ الأَحْرَارِ قُبُورُ الأَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لئے قبریں ہیں۔ وَرَجُلٌ سِرِّيٌّ "کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ وَفُلَانٌ سِرُّ هَذَا الأَمْرِ" فلاں اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّرُّ: طریقہ۔ وسط وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات۔ یا آخری رات۔ یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ جو أَسِرَّةٌ جیسے قن کی جمع أَقِنَّة۔

السِّرُّ والسُّرُّ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ جو أَسْرَار جو أَسَارِيرُ۔ الأَسَارِيرُ: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرَّةُ۔ نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ جو أَسِرَّةٌ۔ سُرَّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَّرَرُ والسُّرُرُ۔ ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کاٹتی ہے۔

السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَّرَّةُ۔ گلدستہ۔

السُّرَّةُ۔ نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہونچتی ہے۔ ناف۔ جو سُرَّات

سُرَّةُ الوادی: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّةُ البَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّةُ الحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّةُ الفَرَسِ: ایک ستارہ۔ امْرَأَةٌ سُرَّةٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السُّرُوْر۔ خوشی۔

السُّرُوْر۔ خوشی۔ نازبوکی شانیں۔

السَّرِیْر۔ تخت۔ عموماً تخت شاہی کیلئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیْرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خوابگاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسْرَّةَ رُؤُوْسِہِمْ" انھوں نے اُن کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ کی ریت۔ ج اَسِرَّةٌ وَسُرُرٌ۔

السَّرِیْرَة۔ بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَیِّبُ السَّرِیْرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر۔

السُّرِّیَّة۔ لونڈی جو منجانبی کے لئے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِی۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السَّرِیّ۔ بھائیوں سے اچھا سلوک کرنیوالا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاء۔ خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صَدِیْقٌ لَہُمْ فِی السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سرسبز زمین والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔

السَّرَّاءُ۔ موف نالی۔

السَّوَار۔ چھلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِرَّة۔ السِّرَار: قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّوَار۔ خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِی: وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّرَارَة۔ خالص۔ نسب۔ وادی کا درمیان سَرَارَةُ الشَّیْءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَار۔ السَّرَارَة: خلوص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ سَرَارَةُ السَّرَارَةِ" وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ "ھُوَ فِی سَرَارَةٍ مِنْ عَیْشَةٍ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُوْرَاء۔ خوشی و خوش حالی۔

الاَسَرّ۔ کھوکھلا چقماق ــــ مِنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔ زیادہ موٹا۔

المَسَرَّة۔ مم۔ خوشی۔ نازبوکی شانیں۔ ج مَسَارّ۔

المِسَرَّة۔ ایک جوفدار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسْرُوْر۔ خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَة۔

سَرَأَتْ (ف) سَرْءًا وَسَرَأَتْ تَسْرِئُ الجَرَادَةُ او السَّمَكَةُ او الضَّبَّةُ: مینڈھی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا ــــ المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ۔ السَّمَكَةُ: انڈے دینے والی ہونا

السَّرْء والسِّرْء والسَّرْأَة والسِّرْأَة۔ مینڈھی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّرُوْء۔ مِنَ السَّمَكِ ونحوِہا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُوْءٌ وسُرُآءٌ۔

اَرْضٌ (مَسْرُوْءَة) بہت مینڈھیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا ــــ الرَّجُلُ: گھستے چلے جانا۔ الاِبِلُ: چرنے کے لئے جانا (ــــ سَرْبًا) القِرْبَةُ: مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الاِنَاءُ: برتن ٹپکنا ــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔

سُرِبَ۔ ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہونچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوْب۔

سَرَّبَ۔ الاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا اِلَی الاَشْیَاءِ: ایک کے بعد ایک دینا ــــ الحَافِرَ: دائیں بائیں کھودنا ــــ القِرْبَةَ: ــــ مشک میں پانی ڈالنا (ــــ وَاَسْرَبَ) المَاءَ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے بھر جانا۔ ــــ الوَحْشُ فِی مَخْبَرِہٖ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ ــــ المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔

السَّرْب۔ مم۔ جانور۔ جانب۔ سینہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلًّی السَّرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "دَخَلَ کَسَرْبَةَ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّرْب۔ ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَاب۔

السَّرَب۔ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب۔

السَّرِب۔ بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ بہنے والی مشک۔

السَّرُوْبَة۔ قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔

السُّرُوْبَة۔ ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرُب۔

السَّرَاب۔ وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکر و فریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔

السَّارِب۔ فاعلم کھلا ظاہر۔ ظَبْیَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (ــــ والسَّرُوْب) سیدھا جانے والا۔

المَسْرُوْب۔ ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔

کہا جاتا ہے۔ لِلوَحْش والنَّعَم مَسَارِبُ و مَسَارِحُ " وحشی جانوروں اور چوپایوں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَشْرَبُ الماءِ :— پانی پینے کی جگہ۔

المَشْرَبَة والمَشْرُبَة۔ چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ۔

المُشْرِب۔ بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔

سَرَجَ۔ الرَّجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔

السَّرَجَ۔ کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔

قفر (سَرَاجٌ و مُسْرَجٌ) بیابان دُور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔

مُسَرْبَطَة۔ لمبا پتلا خرپزہ۔

سَرْبَلَ۔ کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ۔ بالسِّرْبَال: کرتا پہننا۔

السِّرْبَال۔ کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے ج سَرَابِيل۔

السِّرْتَاج۔ بہت گھاس اُگانے والی نرم زمین۔

سَرَجَ (ن) سَرْجًا۔ جھوٹ بولنا —— المَرْأَةُ شَعْرَهَا: چوٹی بنانا۔

سَرِجَ (س) سَرَجًا۔ جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔

سَرَّجَ۔ الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللهُ: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا —— الحَدِيثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے " سَرَّجَ عَلَيَّ الكَذُوبَةَ " اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ وَإِنَّهُ لَيُسَرِّجُ الأَحَادِيثَ تَسْرِيجًا " وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ " سَرَّجَ الثَّوْبَ " اس نے دُور دُور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَ شین معجمہ سے ہے۔

أَسْرَجَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا —— السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔

تَسَرَّجَ۔ عَلَيْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔

السَّرْج۔ زین۔ ج سُرُوج۔

السِّرَاج۔ چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَّيْلِ: جگنو۔

السِّيرَج۔ تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔

السَّرَّاج۔ جھوٹا۔ زین ساز۔ و (السِّرَاجَة) زین سازی کا پیشہ۔

السُّرُجِيَّات۔ سُرَیج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔

الأُسْرُوجَة۔ جھوٹ۔

المَسْرَجَة۔ چراغدان۔ ج مَسَارِج۔

المِسْرَجَة۔ چراغ۔ ج مَسَارِج۔

السَّرْجَم۔ لمبے قد والا۔

السِّرْجِن والسِّرْجِين والسِّرْجُون گوبر۔

سَرَحَتْ (ن) سَرْحًا وسُرُوحًا۔ المَوَاشِي: جانوروں کا چرنے کے لئے جانا۔

—— السَّيْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (—— سَرْحًا) المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ سَرَحَهُ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا۔ الرَّجُلُ: کسی کا اپنے اُمور کے لئے نکلنا۔

سَرَّحَ۔ المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کیلئے چھوڑنا —— القَوْمَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا —— الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے —— إِلَيْهِ رَسُولًا: پیغامبر بھیجنا —— الأَمْرَ: آسان کر دینا —— اللهُ فُلَانًا لِلْخَيْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ —— الشَّعْرَ: کنگھا کرنا —— عَنْهُ: کشادگی کر دینا۔

انْسَرَحَتِ۔ الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا —— الرَّجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔

تَسَرَّحَ۔ مِنَ المَكَانِ: نکلنا —— عَنْهُ: کشادگی کیا جانا —— الكِتَابُ: کتاب کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔

السَّرْح۔ مع۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَة) ج سُرُوح۔

السَّرْحَة۔ جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو خَيْلٌ سُرُحٌ وَنَاقَةٌ سُرُحٌ تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْيَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔

السِّرْحَان۔ بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَرَاحٌ وسَرَاحِ وسَرَاحِين۔ ذَنَبُ السِّرْحَان: فجر کاذب۔

السِّرْحَانَة۔ سِرْحان کا مؤنث۔

السَّرِيح۔ مِنَ الأُمُورِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا جلدی والا السَّرِيحُ مِنَ الخَيْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔

السَّرِيحَة۔ تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے کپڑے کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح۔

السَّارِح۔ فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَة۔ اور کہا جاتا ہے " مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ " یعنی اُس کے پاس کچھ نہیں۔

المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و (المِسْرَحَة) کنگھی۔ بال یا کتان وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔

المَسْرَح۔ چراگاہ۔ ج مَسَارِح۔

المُسَرِّح۔ اوزان شعر کا ایک وزن (—— السِّرْيَاح) مِنَ الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْيَاحٌ: لمبا مرد۔ السِّرْيَاح: ہڈی۔

السَّرَاح۔ تسریح کا اسم۔ کہا جاتا ہے " اِفْعَلْهُ فِي سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ " یعنی اس کو آسانی سے کرو۔

السُّرْحُوب۔ گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِيب۔

السِّرْحَال۔ بھیڑیا۔

سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا وسِرَادًا۔ الجِلْدَ: چمڑے کو سینا —— الشَّيْءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا —— الدِّرْعَ: زرہ بننا —— الحَدِيثَ

القراءۃ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا — الصَّوْمَ: پے در پے روزے رکھنا — الکِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔

سَرَدَ وسَرِدَ (س) سَرْدًا۔ لگاتار روزے رکھنا۔

سَرَّدَ وأَسْرَدَ۔ الأَدِيمَ ونَحْوَهُ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا — النَّخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مُرجھانا۔

تَسَرَّدَ۔ الدُّرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دُمُوعُهُ كَمَا يَتَسَرَّدُ اللُّؤْلُؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔

السَّرْدُ۔ مم۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لئے اسم ہے کہا جاتا ہے "نُجُومٌ سَرْدٌ"۔

السَّرَدُ۔ مم۔ لگاتار ہونا۔

السَّرَادُ۔ پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔

السِّرَادُ والسِّرْدِيدُ والمِسْرَدُ۔ ستالی۔

المِسْرَدُ: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتہ۔

السَّارِدُ۔ موچی۔

السَّرَّادُ۔ زرہ بنانے والا۔

المَسْرُودُ والمُسَرَّدُ والمَسْرُودَةُ۔ زرہ

السِّرْدَابُ۔ تہ خانہ ج سَرَادِيبُ۔

سَرْدَحَهُ۔ بیکار چھوڑنا۔

سَرْدَحَهُ۔ بیکار چھوڑنا۔

السِّرْدَاحُ والسِّرْدَاحَةُ۔ لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پُرگوشت اونٹنی۔

السَّرْدَاحُ: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سَرْدَاحَةٌ۔ اَرْضٌ سَرْدَاحَةٌ: ہموار زمین۔ دُور کی زمین۔ ج سَرَادِحُ وسَرَادِيحُ۔

سَرْدَقَ۔ البَيْتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔

السُّرَادِقُ۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرَادِقَاتٌ۔

سَرِسَ (س) سَرَسًا۔ بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔

السَّرِيسُ۔ عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔

سَرْسَرَ۔ الشَّفْرَةَ: دھار تیز کرنا۔

السُّرْسُورُ۔ زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے "هُوَ سُرْسُورُ مَالٍ" وہ مال کا بہت منتظم ہے۔

السِّرْسَامُ۔ ایک دماغی بیماری کا نام۔

سَرَطَ (ن) وسَرِطَ (س) سَرْطًا و سَرَطَانًا وتَسَرَّطَ واسْتَرْطَ۔ الشَّيْءَ: نگلنا

اِنْسَرَطَ۔ الشَّرَابُ فِي حَلْقِهِ: حلق میں آسانی سے اُترنا۔

السِّرَاطُ۔ واضح راستہ۔

السُّرَاطُ۔ مِنَ السُّيُوفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔

السُّرَاطِيُّ۔ بہت کاٹنے والی تلوار۔

(— والسَّرْطُ والسِّرْوَاطُ والسُّرْطَةُ والسُّرَاطُ والسِّرْطِيطُ) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانیوالا

السُّرْطُ: تیز چلنے والا۔

السُّرَيْطَى۔ اسم ہے سَرَطَ کا۔ نگلنا۔

السَّرَطَانُ۔ مم۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عَقْرَبُ الماءِ بھی ہے اور عوام اس کو السَّلَطْعُونُ کہتے ہیں۔ السَّرَطَانُ: ایک برج آسمانی کا نام ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ سَرَطَانٌ أَوْ سَرَطَانُ الجَرْيِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المَسْرَطُ والمِسْرَطُ۔ حلق۔ المِسْرَطُ: جلدی کھانے والا۔

سَرْطَعَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

السَّرْطَلُ والسِّرْطِمُ۔ بے ڈول۔ لمبا۔

السَّرْطَمُ والسِّرْطِمُ۔ بہت کھانے والا

سَرِعَ (س) وسَرُعَ (ک) سُرْعَةً و سَرَعًا وسَرْعًا وسِرْعًا وسَرْعًا وسَرَاعَةً جلدی کرنا۔

سَارَعَ۔ إِلَيْهِ: سبقت کرنا — فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا۔

أَسْرَعَ۔ فِي المَشْيِ: جلدی چلنا۔

تَسَارَعَ وتَسَرَّعَ۔ إِلَى الأَمْرِ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ (تَسَرَّعَ بِالأَمْرِ: سبقت کرنا۔

تَسَرَّعَ الأَمْرُ: جلدی ہونا۔

السَّرْعُ والسِّرْعُ۔ انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوعٌ۔

سَرْعَانَ وسِرْعَانَ وسُرْعَانَ۔ اسم فعل مبنی بر فتحہ۔ بمعنی أَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعَانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لئے آتا ہے۔ جیسے "سَرْعَانَ مَا فَعَلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔

سَرَعَانُ وسَرْعَانُ۔ القَوْمِ او الخَيْلِ: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِي سَرَعَانُ النَّاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔

السَّرِيعُ۔ جلد باز۔ ج سُرَعَانٌ۔ مؤنث سَرِيعَةٌ۔ ج سَرَائِعُ۔ اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔

السَّرِيعُ والسَّرُعَانُ۔ جلد باز۔ مؤنث سَرْعَى الأَسَارِيعُ۔ کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ أَسَارِيعَ" لکیروں والی کمان۔ سفید جسم سُرخ سر والے کیڑے واحد (أُسْرُوعٌ ولِسُرُوعٌ)

المِسْرَعُ والمِسْرَاعُ۔ خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مَسَارِعُ ومَسَارِيعُ۔

السُّرْعُوبُ۔ نیولا۔

سَرْعَفَ سَرْعَفَةً۔ الصَّبِيَّ: بچے کی اچھی طرح پرورش کرنا۔

تَسَرْعَفَ۔ الصَّبِيُّ: بچہ کا اچھی طرح پرورش پانا۔

السُّرْعُوفُ۔ نازک سبک گوشت۔ مؤنث سُرْعُوفَةٌ۔ السُّرْعُوفَةُ: لمبے قد کی نازک بدن عورت ڈنڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔

سَرِغَ (س) سَرَغًا۔ انگور کے گچھوں کو مع ڈنڈی کے کھانا۔

السَّرْغ - انگور کی شاخ - ج سُرُوْغ۔
سَرَغَتْ (ن) سَرْغًا۔ السَّرْغَةُ الشَّجَرَةُ: کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا — الامُ وَلَدَہَا: ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔
سَرِغَ (س) سَرَغًا۔ الاَمْرُ: بیکار چھوڑنا۔ جاہل ہونا۔ خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی عَطَائِہِمْ مَنٌّ وَلَا سَرَغٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دیدیں اور مستحق کو محروم کردیں۔ سَرِغَ القَوْمَ: تجاوز کرنا — الطَّعَامُ: گھن لگنا — الرَّجُلُ بِالْخَمْرِ: شراب کا حریص ہونا۔
اَسْرَفَ۔ المَالَ: فضول خرچی کرنا — فِی کَذَا: حد سے تجاوز کرنا۔ زیادتی کرنا۔ خطا کرنا۔ جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ صفت (مُسْرِف)
السُّرْفَة۔ گھن۔ سُرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے۔ اسی سے مثال ہے "ہُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَةٍ" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے۔
السَّرَف۔ حد و اعتدال سے تجاوز کرنا۔ زیادتی۔ خطا۔ کہا جاتا ہے "اَکَلَ سَرَفًا" اس نے جلدی سے کھایا۔
السَّرَاف۔ سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔
رَجُلٌ (سَرِفٌ) الفُؤَاد: غافل مرد۔ سَرِفُ العقل: خراب یا کم عقل والا۔
ارض (سَرِفَة) زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں۔
السَّرُوْف۔ سخت اور بڑا۔
السَّرِیف۔ انگور کی بیل کی قطار۔
السَّرْفَج۔ شیطان کا نام۔
اِسْرَافِیل و اِسْرَافِین۔ فرشتہ کا نام جو قیامت کو صور پھونکے گا۔
سَرَقَ (ض) سَرَقًا وَسَرِقًا وَسَرِقَةً وَسِرْقَةً وَسَرْقًا۔ مِنَ الشَّیْءِ وَسَرَقَ الشَّیْءَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "سَرَقُوا لَیْلَةَ مِنَ الشَّہْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں۔ وَسَرَقَتْنِی عَیْنِی "میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی"۔
سُرِقَ۔ الرَّجُلُ: کسی کے مال و متاع کا چوری ہو جانا — صَوْتُہٗ: آواز پڑنا۔ گلا بیٹھ جانا۔ صفت مَسْرُوْقُ الصَّوْتِ۔
سَرِقَ (س) سَرَقًا۔ الشَّیْءُ: پوشیدہ ہونا۔ سَرِقَتْ مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا سست ہو جانا۔
سَرَّقَہٗ۔ چوری کی نسبت کرنا۔ سَرَّقَ الشَّیْءَ: چرانا۔
سَارَقَہٗ۔ النَّظَرَ: ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو۔ سَارَقَ النَّظَرَ اِلَیْہِ: کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
تَسَرَّقَ۔ تھوڑا تھوڑا چرانا — النظر والسمع: چوری سے دیکھنا یا سننا۔
اِنْسَرَقَ۔ عَنْہُ: جانے کیلئے پیچھے ہٹنا۔ اِنْسَرَقَتْ مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا سست ہو جانا۔
اِسْتَرَقَ۔ مِنْہُ الشَّیْءَ: چرانا — السَّمْعَ: چھپ کر سننا — الکَاتِبُ بَعْضَ الحِسَابَاتِ: چھپا لینا۔ ظاہر نہ کرنا۔
السَّرِقَة۔ مع۔ چرائی ہوئی چیز۔
السَّارِق۔ فا۔ ج سَرَقَة وَسُرَّاق وَسَارِقُوْن مؤنث سَارِقَةٌ۔ السَّارِقَة: لوہے یا چمڑے کا طوق۔ ج سَوَارِق۔ السَّوَارِق: تالے کی زائد جھڑ۔
السَّرَقَة۔ مع۔ حریر کا ٹکڑا۔ ج سَرَق (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے)
السَّرَّاق۔ بہت چرانے والا۔
السَّرُوْق۔ چور۔ ج سُرُق۔
السُّرَاقَة۔ چرائی ہوئی چیز۔
المُسْتَرِق۔ فا۔ ناقص کمزور۔ مُسْتَرِقُ العُنُقِ: چھوٹی گردن والا۔
السُّرْقُعَة۔ ترش نبیذ۔
السَّرْقِین والسِّرْقِین۔ گوبر۔ کھاد۔
سَرِكَ (س) سَرَكًا۔ قوت و توانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا۔
سَرْوَكَ وتَسَرْوَكَ۔ لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا۔
السَّرْكُوْك۔ لاغر اونٹ۔
سَرْمَدَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَسَرْمَدَ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
السُّرْم۔ مستقیم آنت کا کنارہ۔ ج اَسْرَام۔
السَّرَم۔ دبر کا درد۔
السُّرْمَان والسِّرْمَان۔ زرد و سیاہ بھڑ۔
السَّرْمَد۔ ہمیشہ۔ لَیْلٌ سَرْمَدٌ: لمبی رات۔
السَّرْمَدِیّ۔ جس کی ابتداء انتہا نہ ہو
تَسَرْمَطَ۔ الشَّعَرُ: بال ملکے اور کم ہونا۔
السَّرْمَط والسُّرَامِط والسَّرْوَمَط والمُسَرْمَط والسَّرْمَطِیط۔ ہر ایک لمبی چیز۔ السَّرْوَمَط: ہر کپڑا وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے۔ رَجُلٌ سَرْوَمَطٌ: ہر چیز کو نگلنے والا مرد۔
السَّرْمَق۔ ایک گھاس کا نام۔
السَّرَنْدَی۔ اپنے کاموں میں جلد باز۔ مونث سَرَنْدَاةٌ۔
السُّرْنُوف۔ ایک شکاری پرندہ۔
السَّرْنَاف۔ لمبے قد والا۔
السَّرْهَب۔ بیوقوف۔ بہت کھانے پینے والا
السَّرْهَبَة۔ اچھے تن و توش کی اور لمبے قد والی عورت۔
سَرْهَجَ سَرْهَجَةً۔ سرکشی کرنا — الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
سَرْهَدَ۔ السَّنَامَ: کوہان کو کاٹنا — الصَّبِیَّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
السَّرْهَد۔ کوہان کی چربی۔ ناقَةٌ سَرْهَدَةٌ: بہت پانی۔
المُسَرْهَد۔ مفع۔ موٹا۔
سَرْهَفَ۔ الغُلَامَ: بچہ کو عمدہ غذا

الصبی: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔
سَرَوَ یَسْرُو وَسَرُوَ: سَرَتِ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینا (ف) وَسَرَی تَسْرِیَۃً وَاَسْرَی (اِسْرَاءً) الثَّوْبُ عَنْہُ: کپڑے اُتارنا۔
سَرَا یَسْرُو وَسَرُوَ وَیَسْرِیُ وَسَرِیَ یَسْرَی سَرْوًا وَسَرَاوَۃً وَسَرًا وَسَرَاءً - صاحبِ مروت وسخاوت ہونا۔
سَرَی وَاَسْرَی اِسْرَاءً - عَنْہُ الہَمُّ: غم زائل ہونا۔ دور ہونا۔ سَرَی القَوْمُ: سردار قوم کا مارا جانا۔
سَارَاہُ مُسَارَاۃً - ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
سَرَّی تَسْرِیَۃً - بتکلف مروت وسخاوت کرنا۔ لونڈی کو ہمخوابی کے لئے مقرر کرنا۔
اِسْتَرَی اِسْتِرَاءً - اختیار کرنا۔ چننا۔
اَلْوَتِ القَوْمَ: قوم کے سرداروں میں موت واقع ہونا۔
السَّرْوُ - مص - فضل - مروت وسخاوت۔
ایک درخت کا نام - واحد (سَرْوَۃ) اَبُو السَّرْوِ: عنبر۔
السَّرْوَۃُ وَالسِّرْوَۃُ وَالسُّرْوَۃُ - چھوٹا تیر اور بقول بعض چوڑے پھل کا تیر - ج سَرِیٌّ و سُرِیٌّ السَّرْوَۃُ: ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔
السَّرَاۃُ - پیٹھ - دن کی چڑھائی —— مِنَ الطَّرِیْقِ: درمیانہ راہ - ج سَرَوَات - سَرَوَاتُ القَوْمِ: سرداران قوم۔
السَّرِیُّ - صاحب شرف ومروت یا صاحب مروت وسخاوت - شریف سخی سردار - ہر چیز میں سے عمدہ - ج سُرِیٌّ وسُرَاۃٌ وَاَسْرِیَاءُ وَسَرَوَاتٌ - مؤنث سَرِیَّۃٌ ج سَرِیَّاتٌ وَسَرَایَا۔
سَرْوَلَہٗ - پائجامہ پہنانا۔
تَسَرْوَلَ - پائجامہ پہننا۔
السِّرْوَالُ وَالسِّرْوَالَۃُ وَالسِّرْوِیْلُ - پائجامہ - ازار - کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے - ج سَرَاوِیْلُ - فَرَسٌ (مُسَرْوَلٌ) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا۔
حَمَامَۃٌ (مُسَرْوَلَۃٌ) ٹانگوں پر پر والا کبوتر۔
سَرَی یَسْرِی سُرًی وَسَرْیًا وَسُرْیَۃً وَسِرَایَۃً وَسَرَیَانًا وَمَسْرًی وَاسْتَرَی رات میں چلنا - صفت (سَارٍ) ج سُرَاۃٌ - وَسَرَی بِہٖ: رات میں سفر کرانا وَسَرَی عِرْقُ الشَّجَرَۃِ: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا۔
سَرَی الدَّمُ فِی العُرُوْقِ: خون کا رگوں میں دوڑنا —— الہَمُّ: غم زائل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "سَرَی الجَرْحُ اِلَی النَّفْسِ" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی۔
سُرِیَ - عَنْہُ: غصہ یا غم کا زائل ہونا۔
اَسْرَی اِسْرَاءً - رات میں چلنا —— الرَّجُلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا۔
سَرَّی - عَنْہُ اور عَنْ قَلْبِہٖ: کسی سے غم دور کرنا —— قَائِدُ الجَیْشِ: کمانڈر کا دستۂ فوج بھیجنا۔
سَارَی - صَاحِبَہٗ: ساتھ ساتھ رات میں چلنا۔
تَسَرَّی وَانْسَرَی - دیکھئے مادہ س ر د
السُّرَی وَالسَّرَیَان وَالسُّرْیَۃُ - مصادر رات کا سفر - اور عرب کا قول "عِنْدَ الصَّبَاحِ یَحْمَدُ القَوْمُ السُّرَی" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو - اِبْنُ السُّرَی: رات کا مسافر۔
السِّرْیَۃُ - ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔
السَّرَاۃُ - ہر چیز کا بالائی حصہ - سَرَاۃُ الجَبَلِ پہاڑ کی چوٹی - سَرَاۃُ الضُّحٰی: ابتدائے وقت چاشت۔
السَّرَاءُ - ایک درخت جس سے کمان بنائی جاتی ہے - واحد (سَرَاءَۃٌ)
السَّرَّاءُ - رات میں بہت چلنے والا۔
السَّارِی - فا - ج سُرَاۃٌ —— والمُسَارِی و المُسْرِی) شیر۔
السَّارِیَۃُ - ساری کا مؤنث - رات کو چلنے والی جماعت - رات کو آنے والا بادل - ستون —— عِنْدَ المَلَّاحِیْنَ: مستول - ج سَوَارٍ
السَّرَایَۃُ وَالسَّرَایَا - شاہی محل (لفظ فارسی ہے)۔
السَّرِیُّ - چھوٹی ندی - ج اَسْرِیَۃٌ وسُرْیَانٌ۔
السَّرِیَّۃُ - دستہ فوج - تیر کا چھوٹا اور گول پھل - ج سَرَایَا۔
السَّاسَبُ وَالسِّیْسَبُ وَالسَّیْسَبُ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔
السَّیْسَبَانُ - ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
الاَسْطُ - لمبی ٹانگوں والا مرد۔
السُّطُطُ - ظالم لوگ۔
سَطَأَ (ف) سَطْأً - الجَارِیَۃَ: جماع کرنا
الاَسْطَبَۃُ - کتاں کا وہ حصہ جو صاف کرنے کے وقت گرے۔
المَسْطَبَۃُ وَالمِسْطَبَۃُ - چبوترہ - نہانے کی جگہ - فقراء اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ - سرائے - ج مَسَاطِبُ (صاد کے ساتھ اولیٰ ہے)
سَطَحَہٗ (ن) سَطْحًا - بچھانا - پچھاڑنا - لٹانا - کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَسَطَحَہٗ" اس نے اسکو مارتے مارتے بچھا دیا (وسَطَحَ) البَیْتَ: چھت کو ہموار کرنا سَطَحَ وَسَنَّحَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا۔
تَسَطَّحَ - ہموار ہونا۔
اِنْسَطَحَ - بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا۔ پھیلنا۔

السَّطْح - مع - چھت - چوڑی چوٹی - ج سُطُوح -

السَّطِیح - پھیلا ہوا - کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سستی سے اُٹھنے والا (والسَّطِیحَۃ) توشہ دان -

السُّطَاح - ایک قسم کی گھاس - زمین پر پھیلی ہوئی بیل - واحد (سُطَاحَۃٌ)

المِسْطَح - ہموار کرنے کا اوزار - بیلن خیمہ کا ستون - کھلیان - کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ (— والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی - کہا جاتا ہے - رَأَیْتُ الْأَرْضَ سَاطِحًا میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا -

أَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک -

المَسْطُوح - مفتول لمبا پڑا ہوا -

سَطَرَ (ن) سَطْرًا - لکھنا — ہ بالسَّیْف تلوار سے کاٹنا - سَطَرَ الرَّجُلَ : پچھاڑنا -

سَطَّرَ - بے اصل باتیں جمع کرنا — عَلَیْہِ : گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا — القِرْطَاسَ : سیدھی سطر ہونے کیلئے لکیریں کھینچنا -

أَسْطَرَ - پڑھنے میں غلطی کرنا -

إِسْتَطَرَ - لکھنا - کہا جاتا ہے " ہٰذَا مُسْتَطَرٌ " یہ لکھا ہوا ہے -

السَّطْر والسَّطَر - قطار - لکیر - کہا جاتا ہے " کَتَبَ سَطْرًا " و " غَرَسَ سَطْرًا وَبَنَی سَطْرًا مِنْ بِنَاءٍ " ج أَسْطُر وسُطُور وأَسْطَار وج أَسَاطِیر - اور کہا جاتا ہے " إِنْ ہٰذَا إِلَّا أَسَاطِیرُ الْأَوَّلِینَ " یہ تو کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں - السَّطْر : تحریر وکتابت - یک سالہ بحری -

السُّطْرَۃ - آرزو -

السُّطُر - چکنی چپڑی باتیں -

الإِسْطَار والأُسْطَار والأُسْطُور والأُسْطِیر - وایضا بالہاء فی کلہا : ہر وہ چیز جو لکھی جائے - ج أَسَاطِیر - الأُسْطُورَۃ والأُسْطِیرَۃ بے اصل بات -

السَّاطِر والسَّطَّار - قصاب -

السَّاطُور - گوشت کاٹنے کی چھری - ج سَوَاطِیر -

المِسْطَرَۃ والمِسْطَرَۃ - لکیروں کے کھینچنے کا روار - ج مَسَاطِر -

المُسْطَار والمُسْطَارَۃ والمِسْطَار والمِسْطَارَۃ - تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے - شیرۂ انگور پکانے سے پہلے بلند غبار -

سَطَعَ (ف) سَطْعًا وسُطُوعًا و سَطِیعًا - الغُبَارُ والرَّائِحَۃُ والنُّورُ : غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا - پھیلنا اور اسی سے ہے " سَطَعَتْ رَائِحَۃُ الْمِسْکِ " یعنی مشک کی خوشبو پھیلی — بَیْدَیْہِ : تالی بجانا - تم کہتے ہو - " سَطَعَتْنِی رَائِحَۃُ الْمِسْکِ " جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہونچے (— سَطْعًا) رَأْسَہُ : گردن لمبی کرکے سر اٹھانا البَعِیرُ : گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا -

سَطِعَ (س) سَطَعًا - دراز گردن ہونا - صفت (أَسْطَع) مؤنث (سَطْعَاء)

سَطَّعَہُ - بلند کرنا - اُٹھانا - پھیلانا — البَعِیرَ : گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا -

السَّطْع - مع - ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی -

السَّطْع - تالی - تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز -

السِّطَاع - لمبا اونٹ - خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون - اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ - ج سُطُع وأَسْطِعَۃ -

السَّطِیع - صبح - لمبا -

المِسْطَع - فصیح - خوش بیان - کہا جاتا ہے " خَطِیبٌ مِسْطَعٌ ومِصْقَعٌ " یعنی بلیغ لکھرا -

الأُسْطُقُس - عنصر - ج أَسْطُقُسَات

سَطَلَہُ (ض ن) سَطْلًا - الدَّوَاءُ : مروش کرنا -

إِنْسَطَلَ وا سْتَطَلَ - م (لغت عوام میں) کہا جاتا ہے " جَاءَ (یَسْتَطِلُ) وَحْدَہُ " تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا -

السَّاطِل - مِنَ الغُبَار : بلند غبار -

السَّطْل - ایک تانبے کا برتن جس میں ہر لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اٹھاتے ہیں - ج أَسْطَال وسُطُول - مرد دراز قامت -

السَّیْطَل - بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت -

الأُسْطُول - جہازوں کا بیڑا - ج أَسَاطِیل (کلمہ عجمی ہے)

سَطَمَ (ن) سَطْمًا - الباب : دروازہ بھیڑنا - بند کرنا -

السِّطَام - آگ کی کرچلی - شیشی کی ڈاٹ تلوار کی دھار -

السَّطْم - مع - تلوار کی دھار -

السُّطْم - جڑیں -

الإِسْطَام - آگ ہلانے کی کرچلی -

الأُسْطُمَّۃ والأُسْطُمَّۃ - مِنَ الکَرْمِ : بیچ کی مٹی درمیان - بڑا حصہ — مِنَ الْبَحْرِ : سمندر کا بڑا حصہ - اور اسی سے ہے " وَلَیْلٌ کَمَا أُسْطُمَّۃِ الْبَحْرِ " رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی - أُسْطُمَّۃُ الْقَوْمِ : قوم کے جمع ہونے کی جگہ - اشراف قوم - کہا جاتا ہے " ہُوَ فِی أُسْطُمَّۃِ قَوْمِہِ " وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے - ج أَسَاطِم -

السَّاطِن - خبیث - پلید -

الأَسْطَان - ایک پیتل کا برتن -

الأُسْطُون - مِنَ الجِمَالِ : لمبی گردن کا اونٹ -

الأُسْطُوَانَۃ - کھمبا - ستون - جانور کی ٹانگ - ج أَسَاطِین - (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے " ہُمْ أَسَاطِینُ الزَّمَانِ " وہ لوگ زمانے کے ستون ہیں - " أَسَاطِینُ مُسَطَّنَۃٌ " مضبوط کھمبے -

المُسَطَّن - لمبی ٹانگوں والا -

سَطَا یَسْطُوْ سَطْوًا وَسَطْوَۃً - بِہٖ وَعَلَیْہِ: کسی پر حملہ کرنا۔ مغلوب کرنا۔ مضبوط پکڑنا۔
—— الْفَرَسُ: خود سری سے دُور دور قدم رکھنا —— الْمَاءُ: بہت ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا سَطَوْتُ فِی الطَّعَامِ" میں نے کھانے کو نہیں چکھا۔
اَسْطٰی اِسْطَاءً - عَلَیْہِ: بمعنی سطا۔
سَاطَی - الرَّجُلُ: سختی برتنا۔ نرمی کرنا (ضد)
السَّاطِیْ - فا۔ دور دور قدم رکھ کر چلنے والا گھوڑا، (گھوڑا جو چلنے میں دُم کو اُٹھائے)۔
سَعَّبَ - الشَّیْءَ: تار سا کھینچنا (جیسے شہد شیرہ وغیرہ سے)
اَسْعَبَ - الْمَاءُ: پانی بہنا۔
السَّعْب - ہر لزوجت والی چیز جس سے تار کی مانند کھنچے۔
السُّعُوْب - شہد۔ شیرہ۔ لعاب خطمی وغیرہ کا تار۔ ج سُعَابِیْب۔
المُسْعَب - جائز۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مُسْعَبٌ لَہٗ" وہ اس کے لئے جائز ہے۔
السَّعْبَر - بہت پانی والا کنواں۔ مَاءٌ سَعْبَرٌ بہت پانی۔ سِعْسَعْبَر: ارزاں نرخ۔ ج سَعَابِرُ
سَعْبَرُ الطَّعَام: گیہوں کا پچھوڑن۔
السَّعْتَر - پہاڑی پودینہ (لغت جیدہ سَتَر بالصاد ہے)
السَّعْتَرِیُّ اَوِ الصَّعْتَرِیُّ - بہادر سخی۔ چست۔
سَعَدَ (ف) سَعْدًا وَسُعُوْدًا - الْیَوْمُ: مبارک ہونا۔
سَعِدَ (س) وَسُعِدَ سَعَادَۃً - نیکبخت ہونا۔ صفت (سَعِیْد) ج سُعَدَاءُ و (مَسْعُوْد) ج مَسَاعِیْد۔
سَاعَدَہٗ - عَلَی الْاَمْرِ: کسی کی کسی کام پر مدد کرنا۔
اَسْعَدَہٗ - عَلَی الْاَمْرِ: مدد کرنا۔ اَسْعَدَہُ اللّٰہُ نیکبخت بنانا۔ صفت (مُسْعَدٌ) نہیں کہا جاتا۔
تَسَعَّدَ - مبارک ہونا —— الرَّاعِیْ: سَعْدَان گھاس کی چراگاہ تلاش کرنا۔
اِسْتَسْعَدَ - بِالشَّیْءِ: اپنے لئے مبارک سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَسْعَدَ فُلَانٌ بِرُؤْیَۃِ فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کے دیکھنے کو اپنے لئے مبارک سمجھا۔
السَّعْد - برکت۔ خوش بختی۔ ج اَسْعُد و سُعُوْد۔ کہا جاتا ہے "لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ" یعنی میں تمہاری خدمت کے لئے بار بار حاضر ہوں۔
سُعُوْدُ النُّجُوْم: دس ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک کو سعد کہا جاتا ہے۔
السَّاعِد - فا۔ سردار۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہُمْ سَاعِدٌ یَعْتَمِدُوْنَہٗ" ان کے لئے کوئی سردار نہیں جس پر اعتماد و بھروسہ کریں۔ بازو۔ کہا جاتا ہے —— "شَدَّ اللّٰہُ عَلٰی سَاعِدِکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے بازو کو مضبوط کریں۔ سَاعِدَا الطَّیْرِ: پرندے کے بازو ج سَوَاعِد۔ کہا جاتا ہے "طَائِرٌ شَدِیْدُ السَّوَاعِدِ: مضبوط بازو والا پرندہ۔
السَّاعِدَۃ - چرخی کا ڈنڈا۔ ج سَوَاعِد۔
السَّوَاعِد: دریا یا سمندر کی طرف پانی جانے کے نالے۔ ہڈی میں مغز کی نالی۔ تھن میں دودھ نکلنے کے سوراخ۔ السَّاعِدَۃ: سونے یا چاندی کا بازو بند۔ شیر۔
السَّعَادَۃ - نیک بختی۔
السُّعَادِیُّ - موتھا جو ایک قسم کی خوشبودار گھاس ہے جو زخموں کے لئے بہت مفید ہے۔
السَّعْدَان - ایک خاردار پودہ جو اونٹوں کے لئے بہتر چارہ ہے اور اسی سے مثل ہے "مَرْعًی وَلَا کَالسَّعْدَانِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کم پر قناعت کرلے۔
سُعْدَان - اِسعاد کا اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَسُعْدَانَہٗ" یعنی میں خدا کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کی تابعداری کرتا ہوں۔
السَّعْدَانَۃ - کبوتر۔ پستان کا سرا یا پستان کے سرے کی اردگرد کی سیاہی۔ حلقہ دُور۔ ترازو کی رسّی کی گرہ۔
السُّعُوْدَۃ - نیک بختی۔
سُعَادُ وسُعْدٰی - فرضی محبوبہ کے نام جن کو قدیم شعراء تشبیب میں استعمال کرتے تھے۔
سَعَرَ (ف) سَعْرًا وَاَسْعَرَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا —— الْبَعِیْرُ الْاِبِلَ بِجَرِّہٖ: کھجلی پھیلانا۔
سَعَرَ الْقَوْمُ شَرًّا - ساری قوم میں بدی پھیلا دینا۔
سَعَّرَ نَاقَتَہٗ بِالنَّبْلِ: جلانا۔ پیوست کرنا۔ سَعَّرَ اللَّیْلَ بِالسَّیْرِ: طے کرنا۔ سَعَّرَتِ النَّاقَۃُ فِی سَیْرِہَا اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ صفت (سَعُوْر) کہا جاتا ہے۔ سَعَّرْتُ الْیَوْمَ فِی حَاجَتِیْ سَعْرَۃً "یعنی میں آج اپنی ضرورت سے تمام دن چکر لگاتا رہا۔
سَعِرَ - (س) سَعَرَانًا - الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
سُعِرَ - الْبَعِیْرُ: اونٹ کا پاگل ہونا۔ صفت (مَسْعُوْرٌ) —— الرَّجُلُ: گرم ہوا سے جھلس جانا۔
سَعَّرَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا —— الشَّیْءَ: کسی چیز کا بھاؤ مقرر کرنا یا بھاؤ کا اندازہ کرنا۔
—— الْقَوْمُ: بھاؤ پر اتفاق کرنا۔
سَاعَرَ مُسَاعَرَۃً - بھاؤ ٹھہرانا۔
تَسَعَّرَتِ - النَّارُ: آگ بھڑکنا —— الْحَطَبُ: لکڑی کا جل اُٹھنا۔
اِسْتَعَرَ - بھڑکنا —— الشَّرُّ: برائی کا پھیلنا —— الْجَرَبُ فِی الْبَعِیْرِ: اونٹ کی کھجل وغیرہ میں کھجلی شروع ہونا۔
السَّعْر - مع - رَمْیٌ سَعْرٌ: سخت تکلیف دہ تیر اندازی۔
السِّعْر - نرخ۔ ج اَسْعَار۔
السُّعْر - گرمی۔ سخت بھوک (—— د السُّعْر) دیوانگی۔ السُّعْر: رنج و عذاب۔
السَّعِیْر - پاگل۔ دیوانہ۔ ج سُعَرَاءُ۔
السَّعْرَۃ - کام کی ابتداء اور اس کی تیزی۔ کھانسی۔

السَّعَر والسُّعْرَة - سیاہی مائل رنگ۔
السَّعِیر - آگ کی لپٹ - ج سُعُر۔
السُّعَار - گرمی - بھوک کی تیزی - پیاس کی شدت۔
السَّاعُور - آگ - تنور۔
السَّاعُورَة - آگ۔
الأَسْعَر - دُبلا پتلا جس کے پٹھے ظاہر ہوں سیاہی مائل رنگ والا - مؤنث سَعْرَاء ج سُعْر۔
المِسْعَر - آگ جلانے والا - کہا جاتا ہے "ھُوَ مِسْعَرُ حَرْبٍ" وہ لڑائی بھڑکانے والا ہے - سخت، لمبی گردن - "کَلْبٌ مِسْعَرٌ": دیوانہ کتا ـــ و المِسْعَار) آگ جلانے کی چیز۔
المَسْعُور - باوجود شکم سیری کے کھانے کا حریص - نَاقَةٌ مَسْعُورَة: دیوانہ اونٹنی۔
مَسَاعِرُ - البَعِیر: اونٹ کی ران کی جڑیں اور بغل - کہا جاتا ہے "أَخَذَ الجَرَبُ فِی مَسَاعِرِ البَعِیرِ" اونٹ کی ران کی جڑوں میں کھجلی شروع ہوگئی۔
السِّعْرَاة والسُّعْرُورَة - صبح - شعاعِ آفتاب جو روشن دان میں داخل ہو۔
سَعْسَع وتَسَعْسَع - بہت بوڑھا ہونا۔
ـــ الشَّیخُ: بڑھاپے کی وجہ سے لڑکھڑانا - قریب قریب قدم رکھنا - سَعْسَعَ رَأْسَہ: سر کو تیل سے تر کرنا۔
السُّعْسُع - بھیڑیا۔
سَعَطَ (ف ن) سَعْطًا وسَعَّطَ و أَسْعَطَ - الدَّوَاءَ: ناک میں ڈالنا - کہا جاتا ہے "أَسْعَطَہُ الرُّمْحَ" اس نے ناک میں نیزہ مارا۔ و "أَسْعَطَہُ عِلْمًا" اس نے اس کو علم سمجھانے میں بہت کوشش کی۔
إِسْتَعَط - الدَّوَاءَ: ناک میں چڑھانا۔
إِسْتَسْعَطَ - ناک میں دوا چڑھانے کو کہنا
السَّعِیط - خوشبو - بان کا درخت - بان کا تیل - رائی کا تیل (ـــ والسُّعَاط) بو کی تیزی
السَّعُوط - ناک میں چڑھانے کی دوا۔
نسوار - (مولدہ) اور عوام "عَطُوس" کہتے ہیں۔

المِسْعَط والمِسْعُط - نسوار کی ڈبیا۔
سَعَفَہُ (ن) سَعْفًا - بِحَاجَتِہ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔
سَعِف (س) سَعَفًا - ناخن کے اردگرد پھٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
سُعِف - الوَجْہُ: پھنسیوں والا ہونا۔ صفت (مَسْعُوف)
سَعَّفَ - المِسْکَ: مُشک کو دوسری خوشبوؤں سے ملانا۔
سَاعَفَہ - موافقت کرنا - مدد دینا۔
أَسْعَفَہ - بِحَاجَتِہ: کسی کی حاجت پوری کرنا۔
ہ عَلَی الأَمْرِ: مدد کرنا - أَسْعَفَ بِالرَّجُلِ: کسی کے قریب ہونا ـــ الشَّیءُ: قریب ہونا۔ أَسْعَفَ لَہُ الصَّیْدُ: شکار کا موقع دینا۔ أَسْعَفَتِ الحَاجَةُ: حاجت کا قریب پہونچنا۔ وقت آنا ـــ إِلَیہِ: توجہ کرنا - قصد کرنا۔
تَسَعَّفَت - أَظْفَارُہ: پھٹنا۔
السَّعْف - مع - سامان - کمینہ آدمی۔
السَّعْفَة - پھنسیاں جو مُنہ یا سر میں نکلتی ہیں۔
السَّعْف - مع - دُلہن کا جہیز - سامانِ خانہ ج سُعُوف - کھجلی کی مانند اونٹ کے مُنہ کا ایک مرض - کھجور کی شاخ - واحد (سَعْفَة)
السُّعُوف - بڑے پیالے - انسانی خصلتیں مثل جود وکرم - گھریلو سامان (اس کے لئے واحد نہیں)
الأَسْعَف - مِنَ الإِبِلِ: مُنہ کی بیماری والا اونٹ ـــ مِنَ الخَیلِ: سفید پیشانی والا گھوڑا مؤنث - سَعْفَاء - ج سُعْف۔
السُّعَاف - ناخن کے اردگرد چٹ اکھڑنا۔
المُسَاعِف - فا - قریب - کہا جاتا ہے - مکان مُسَاعِفٌ "قریب جگہ۔
سَعَلَ (ن) سُعَالًا وسُعْلَةً - کھانسنا (ـــ سَعْلًا) کام وغیرہ کے لئے چست ہونا۔
أَسْعَلَہ - چست بنانا - کھانسی پیدا کرنا۔

إِسْتَسْعَلَتِ - المَرْأَةُ: بھتنی جیسی ہونا۔
السُّعَال - کھانسی - قَصَبُ السُّعَال: پھیپھڑے کی رگیں۔
السِّعْلَاء والسِّعْلَاة والسِّعْلِی - بھتنی یا بھوت - ج سَعَالَی وسِعْلِیَات۔
السَّعَالِی - پودہ کا نام جو حشیشۃ السُّعال کے نام سے بھی مشہور ہے۔
السَّاعِل والمَسْعَل - حلق یا حلق میں کھانسنے کی جگہ۔
سَعَرَ (ن) سَعْرًا - البَعِیرُ: اونٹ کا تیز چلنا صفت (سَعُوم)
سَعَرَہ وسَعَّرَہ - غذا دینا۔
سیل (مِسْعَامٌ ومُسْعَامٌ - تیز سیلاب۔
أَسْعَرَ - بڑا خیمہ یا سائبان بنانا۔
تَسَعَّر - الجَمَلُ: خوب موٹا ہونا۔
السَّعْر - چربی - خالص شراب۔
السُّعْر - مشک جس کا نصف حصہ کاٹ کر ڈول بنالیں - ج سِعَرَة۔
السَّعْرَة - مبارک - منحوس (ضد) کھانے کی کثرت یا قلت - کہا جاتا ہے "مَالَہُ سَعْرَةٌ وَلَا مَعْرَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
السُّعْرَة - سائبان - اونٹ کے بالائی ہونٹ کا لٹکا ہوا حصہ - ج سُعَر۔
المِسْعَر - بڑا ڈول۔
السَّعَانِین - عیسائیوں کا تہوار جو عید فصح سے پہلے ہوتا ہے - مشہور الشعانین بمعنے ہے - (معرب)
السَّعُو والسِّعُو والسَّعْوَة والسِّعْوَة والسِّعْوَاء والسُّعْوَاء - رات کا ایک حصہ
السِّعْوَاء والسُّعْوَاء: بدزبان خلع کرنے والی عورت۔
الأَسْعَاء - رات کے حصے۔
السَّعْوَة - موم۔
السُّعَاوِی - بیداری اور سفر پر صبر کرنے والا
سَعَی یَسْعَی سَعْیًا - عمل کرنا - چلنا۔

وَرَاءَ الَّذِيْ: قصد کرنا — فِيْ حَاجَةِ الرَّجُلِ: کسی کی حاجت پوری کرنے کی کوشش کرنا۔ لِلْأَمْرِ: حاصل کرنے کے لئے اہتمام کرنا۔

سِعَايَةً: کمائی کرنا (— سِعَايَةً) صدقات وغیرہ وصول کرنا (— سِعَايَةً وَسَعْيًا) بِفُلَانٍ عِنْدَ الْأَمِيْرِ: چغل خوری کرنا۔ سَعَتِ الْأَمَةُ: — بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔

سَاعَى۔ هٗ: کوشش کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَاعَانِيْ فُلَانٌ فَسَعَيْتُهٗ" فلاں نے کوشش کرنے میں مقابلہ کیا میں اس پر غالب رہا۔

أَسْعَى إِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ: کوشش کرانا۔ اِسْتَعَاهُ: تلاش کرنا۔

اِسْتَسْعَى إِسْتِسْعَاءً۔ الرَّجُلَ: وصول صدقات کے لئے مقرر کرنا — الْعَبْدَ: آزادی حاصل کرنے کے لئے کام کرانا۔

السِّعَايَةُ۔ مم چغل خوری۔

السَّاعِيْ۔ فا۔ محصل۔ خراج وصدقات وصول کرنے والا۔ ہ سُعَاةٌ۔ السَّاعِيْ: ڈاکیہ۔

المَسْعَى۔ کوشش۔ مسلک۔ تصرف ج مَسَاعٍ۔

سَغَبَ (ن) وسَغِبَ (س) سَغَبًا وسُغُوْبًا وسَغَابًا وسَغَابَةً ومَسْغَبَةً۔ بھوکا ہونا۔ صفت (سَاغِبٌ وسَغِبٌ وسَغْبَانُ) مؤنث سَغْبَى۔ ج سِغَاب۔

أَسْغَبَ۔ القَوْمُ: قوم کا قحط میں مبتلا ہونا۔

السَّغَاب۔ بھوک۔

المَسْغَب۔ جائز۔

سَغْبَلَ سَغْبَلَةً۔ بہت زخموں والا ہونا۔ — الرَّأْسَ: سر کو تیل سے تر کرنا۔

— اللَّحْمَ: چربی پگھلا کر سالن بنانا۔

تَسَغْبَلَ۔ الدِّرْعَ: زرہ پہننا۔

المِسْغَبَل۔ نرم وآسان۔

سُغْدًا۔ سوجنا۔

نِصَالٌ (سَاغِدَةٌ ومُسْغِدَةٌ ومُسَاغِدَةٌ) اونٹ کے دودھ سے آسودہ موٹے بچے۔

السَّغْد۔ نرم وہلکی بارش (اس کا تنہا استعمال نہیں ہوتا) کہا جاتا ہے "أَغَضَّ اللّٰهُ بِسَغْدٍ مَغْدٍ" یعنی اللہ تعالیٰ اس کو نرم بارش سے تر وتازہ رکھے۔

السُّغَادَى۔ ایک قسم کی گھاس۔

سَغَرَهٗ (ف) سَغْرًا۔ جلاوطن کرنا۔

سَغْسَغَ۔ الوَتَدَ: کھونٹی کو ہلانا — فِي التُّرَابِ: مٹی میں دھنسانا — رَأْسَهٗ بِالدُّهْنِ: سر میں تیل لگا کر جذب کرنا۔

الدُّهْنَ فِي رَأْسِهٖ: سر میں تیل لگانا

تَسَغْسَغَ۔ مِنَ الْأَمْرِ: کسی معاملہ سے رہائی پانا — فِي الْأَرْضِ: داخل ہونا۔

سَغِلَ (س) سَغَلًا۔ لاغر ہونا۔ جھرّیوں والا ہونا۔ صفت (سَغِل)

سَغَّمَهٗ۔ اَلْمَاءَ: گھونٹ گھونٹ پانی پلانا۔

سَغَّمَ الْوَلَدَ: بچہ کو اچھی غذا دینا۔ پرورش کرنا۔

أَسْغَمَهٗ۔ تکلیف پہنچانے میں مبالغہ کرنا۔

أُسْغِمَ ومُسْغَمَ۔ اچھی غذا دیا جانا۔

المُسَغَّم والمُسْغَم۔ اچھی غذا والا۔ ناز ونعمت سے پرورش پایا ہوا فربہ لڑکا۔

الأَسْغَان۔ ردی غذائیں۔

السَّاغِيَة۔ پینے کی لذیذ چیز۔

سَفَّ (ن) سَفِيْفًا۔ الطَّائِرُ أَوِ السَّحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اڑنا یا گذرنا۔

النَّخْلُ: کھجور کی پتیوں سے بننا — المَاءَ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔

سَفَّ (س) سَفًّا۔ الدَّوَاءَ والسَّوِيْقَ ونَحْوَهُمَا: دوا یا ستو وغیرہ پھانکنا۔

اِسْتَفَّ اِسْتِفَافًا — النَّخْلُ: بننا الرَّجُلُ: بھاگنا۔ ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَفَّ إِلَى الْأُمُوْرِ الدَّنِيَّةِ" یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا — البَعِيْرُ: خشک چارا دینا — الفَرَسَ اللِّجَامَ: گھوڑے کے منہ میں لگام لگانا — الطَّائِرُ أَوِ السَّحَابُ: زمین سے قریب ہو کر اڑنا یا گذرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَسَفَّ مِنْهُ بِشَيْءٍ" اس نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ أَسَفَّ النَّظَرَ: تیز نظر سے دیکھنا — الشَّيْءَ: بعض کو بعض سے ملا کر جوڑنا — الأَمْرُ: قریب ہونا۔ أُسِفَّ وَجْهُهٗ: رنگ بدل جانا گویا کہ خاک آلود ہے۔

اِسْتَفَّ۔ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

السِّفُّ والسُّفُّ۔ ایک قسم کا باریک لمبا سانپ جو ریگستانوں اور چٹانوں کے درمیان اچھلتا ہے جس کی وجہ سے عربوں کا گمان تھا کہ وہ اڑتا ہے اور اس کے نام القَفَّارَة والطَّفَّارَة بھی ہیں۔

السُّفَّة۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ ایک مٹھی گیہوں یا ستو وغیرہ۔ مو بات (— والسُّفُوْف) دوا وغیرہ کی پھنکی۔

السَّفِيْف۔ مم۔ ابلیس کا نام۔ کھجور کے پتوں کی ٹوکری۔ کجاوہ اور ہودہ کا تنگ۔

السَّفِيْفَة۔ کجاوہ باندھنے کی چوڑی تنگ — مِنَ الخُوْصِ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چیز ج سَفَائِف۔

سَفِتَ (س) سَفْتًا۔ بہت پینا۔ اور سیراب نہ ہونا۔

السَّفِت۔ بے برکت کھانا۔

سَفْتَجَهٗ۔ ہنڈی دینا۔

السُّفْتَجَة۔ ہنڈی۔ ج سَفَاتِج۔

السَّفْج۔ ہوا چلنے کی تیزی۔ السَّفْج: جھوٹ بچے۔ اس کے لئے واحد نہیں۔ کہا جاتا ہے۔ ذَرَّ سَفْجٌ۔

سَفَحَ (ن) سَفْحًا وسَفُوْحًا۔ الدَّمَ او الدَّمْعَ: خون یا آنسو بہانا گرنا (— سَفْحًا و سُفُوْحًا وسَفَحَانًا) الدَّمْعُ: آنسو گرنا۔ صفت (سَافِح) ج سَوَافِح (جیسے فَارِس کی جمع فَوَارِس) سَفَحَ۔ الرَّجُلُ: غیر عفیف کام کرنا۔

سَافَحَا وَتَسَافَحَا۔ زنا کرنا۔ بدکاری کرنا۔
سَفْحُ الجَبَلِ۔ دامن کوہ۔ جو سُفُوح
الاَسْفَحُ۔ وہ شخص جس کے سر کے اگلے حصہ کے بال گر گئے ہوں۔
السَّفَّاحُ۔ بہت خون بہانے والا۔ بہت دینے والا۔ قادر الکلام فصیح۔
السَّفِیحُ۔ موٹا کبل۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ بورا۔ گون۔
السِّفَاحُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ سِفَاحٌ" ان کے درمیان خوں ریزی ہے۔ زنا کاری۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَ المَرْأَۃَ سِفَاحًا" اس نے عورت سے زنا کاری کی۔
سَفَدَ (ض) الذَّکَرُ اُنْثَاہُ وَسَفِدَ (س) سِفَادًا وَسَفِدَ عَلَیْہَا وَسَافَدَہَا سِفَادًا وَمُسَافَدَۃً۔ جفتی کرنا۔
سَفُّد۔ اللَّحْمَ: گوشت کو بھوننے کے لئے سیخ میں پرونا۔
اَسْفَدَ۔ جفتی کرانا۔
اِسْتَسْفَدَ۔ البَعِیرَ: اونٹ کے پیچھے سے آکر سوار ہونا۔
السَّفُّود۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔ جو سَفَانِید۔
اِسْفِیذَاج۔ سفیدۂ قلعی۔
سَفَرَ (ن) سُفُورًا۔ سفر کے لئے روانہ ہونا۔ المَرْأَۃُ: چہرہ کھولنا۔ صفت (مُسَافِر) ۔ الصُّبْحُ: روشن ہونا۔ الحَرْبُ: لڑائی کا ختم ہونا (۔ سَفْرًا) البَیْتَ: گھر کو جھاڑو دینا۔ الرِّیحُ الغَیْمَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ الکِتَابَ: لکھنا۔ الشَّیْءَ: جُدا جُدا کرنا۔ البَعِیرَ: ناک میں نکیل لگانا۔ کھیت کے نچلے حصہ کو چرانا۔
سَفَرَ (ن ض) سَفْرًا وَسَفَارَۃً وَسِفَارَۃً بَیْنَ القَوْمِ: لوگوں میں صلح کرانا۔ صفت (سَفِیر) جو سُفَرَاء۔
اَسْفَرَ۔ چہرہ کھولنا۔ الصُّبْحُ: روشن ہونا۔ الوَجْہُ: چہرہ خوبصورت و منور ہونا۔ الحَرْبُ: لڑائی سخت ہونا۔ مُقَدَّمُ رَأْسِہٖ: سر کے اگلے حصہ کے بال جھڑنا۔ اَسْفَرَ الشَّجَرُ: پتے گرنا۔ البَعِیرُ: بمعنی سَفَرَہٗ۔
سَفِّر۔ الرَّجُلَ: سفر کے لئے بھیجنا۔ البَعِیرَ: نکیل لگانا۔ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
سَافَرَ سِفَارًا وَمُسَافَرَۃً۔ اِلَی البَلَدِ کَذَا: روانہ ہونا۔ فُلَانٌ: مرنا۔ سَافَرَتْ عَنْہُ الحُمَّی: بخار چھوٹنا۔
تَسَفَّرَ۔ ابتدائی رات میں آنا یا چرانا۔
شَیْئًا مِنْ حَاجَتِہٖ: کچھ حاصل کرنا۔ الجِلْدُ: کھال کا اثر پذیر ہونا۔ المَرْأَۃَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
اِنْسَفَرَ۔ شَعْرُہٗ عَنْ رَأْسِہٖ: سر سے بال جھڑنا۔ الغَیْمُ: بادلوں کا پراگندہ ہونا۔
اِسْتَسْفَرَ۔ الرَّجُلُ: جانا۔
اِسْتَسْفَرَ۔ المَرْأَۃَ: عورت سے چہرہ کھولنے کو کہنا۔
السَّفْر۔ مص۔ جسم انسانی کا داغ۔ جو سُفُور اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَفْرٌ" یعنی مُسَافِرٌ و "قَوْمٌ سَفْرٌ" یعنی مسافرین۔ و "نَاقَۃٌ سَفْرَۃٌ" سفر کرنے والی اونٹنی۔ اور سَفْرٌ جمع سافر کی ہے جیسے صَاحِبٌ کی جمع صَحْبٌ۔
السِّفْر۔ بڑی کتاب۔ توریت کے اجزا میں سے ایک جز۔ جو اَسْفَار۔
السَّفَر۔ مسافت کو طے کرنا۔ غروب آفتاب کے کچھ بعد کا وقت۔ جو اَسْفَار۔
السُّفْرَۃ۔ مسافر کا کھانا۔ زادِ سفر۔ دسترخوان۔ جو سُفَر۔
السِّفَار والسِّفَارَۃ۔ مہار۔ چمڑا یا لوہا جس کو اونٹ کی ناک پر رکھتے ہیں۔ جو اَسْفِرَۃ وسُفُر و سَفَائِر۔
السَّافِر۔ فا۔ مسافر۔ جو اَسْفَار وسُفُر وسَفْرَۃ وسَفَار وجو اَسَافِر۔ والسَّافِر: کاتب۔ جو سَفَرَۃ۔
السَّافِرَۃ۔ السَّافِر کا مؤنث۔ جو سَوَافِر۔ مسافرین۔ کہا جاتا ہے "کَثُرَتِ السَّافِرَۃُ بِہٰذَا" یہاں سفر کرنے والے بہت ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَوْمٌ سَافِرَۃٌ" سفر کرنے والی قوم۔
السَّفِیر۔ دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا۔ جو سُفَرَاء۔ ایلچی۔ گرے ہوئے بال یا کھیتی کا نچلا حصہ۔
السَّفِیرَۃ۔ چاندی یا سونے کا ہار۔ جو سَفَائِر۔
السَّفَارَۃ والسِّفَارَۃ۔ ایلچی گری۔ قوموں کے درمیان اصلاح۔
السُّفَارَۃ۔ جھاڑو دینے سے جمع کیا ہوا کوڑا کرکٹ۔
السَّفَّارَۃ۔ مسافر لوگ۔
السَّفُّور۔ کرہ کی شکل کی ایک مچھلی جس پر کانٹے بہت ہوتے ہیں اور اس کو "نَفَّاخُ النَّار" بھی کہتے ہیں۔
السَّفُّورَۃ۔ تختی کہ جس پر حساب لکھیں اور نقل کرنے کے بعد مٹا دیں۔
المَسَافِر۔ جنگلی بیل۔ المَسَافِرَۃُ: گائے۔
المِسْفَر والمِسْفَار۔ بہت سفر کرنے والا۔ مؤنث مِسْفَرَۃٌ۔
المَسْفُور۔ سفر سے تھکا ہوا۔
المِسْفَرَۃ۔ جھاڑو جو مَسَافِر و مَسَافِرَۃ۔ چہرہ کے وہ حصے جو نمایاں ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَسَافِرَ وَجْہِہٖ وَمَسَافِرَ وُجُوہِہِمْ" ان کے چہرہ کا نمایاں حصہ کس قدر خوبصورت ہے۔
السَّفَرْجَل۔ بہی۔ جو سَفَارِج اور کبھی سَفَارِل بھی کہا جاتا ہے۔ واحد (سَفَرْجَلَۃ)
السِّفْسِیر۔ دَلَّال۔ خادم۔ منتظم۔ طرب وزیرک۔ ماہر لوہار۔ داروغہ۔ جو سَفَاسِرَۃ و سَفَاسِیر۔
السَّفْسَطَۃ والسِّفْسِطَۃ۔ استدلال قیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو۔ جو سَفْسَطَات اور نسبت کیلئے (سَفْسَطِی و سُوفَسْطَائِی)
السُّوفَسْطَائِیَّۃ۔ ایک فرقہ جو محسوسات و بدیہیات کا انکار کرتا ہے۔

سَفْسَفَ - الدَّقِيقَ: آٹا چھاننا — الْعَمَلَ: کام کو اچھی طرح سے نہ کرنا۔ سَفْسَقَتِ الرِّيحُ: سطح زمین سے اُڑانا۔

السَّفْسَافُ - ناکارہ وردی چیز۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَفْسَافُ الْكَلَامِ" فلاں لغو گو ہے۔ امرِ حقیر — مِنَ الدَّقِيقِ: آٹے کا وہ باریک حصہ جو غبار کی طرح اُڑے — مِنَ التُّرَابِ: باریک مٹی — مِنَ الشَّعْرِ: ردی و ناقص شعر۔

المِسْفِيسَقَةُ - ہوا جو غبار کو اُڑائے۔

بِسَفْسِيفٍ - مردِ کم عطاء و لئیم۔

جُوعٌ سَفَاسِفُ - سخت بھوک۔

سَفَسَقَ - الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

السَّفْسَقَةُ والسِّفْسِقَةُ - مِنَ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔ ج سَفَاسِقُ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ وَاضِحُ السَّفَاسِقِ" واضح نشانات کا راستہ۔

السُّفَاسِقُ - ہر لمبی چیز۔

السَّفْسُوقَةُ - راستہ کا درمیان۔ مشابہت کہا جاتا ہے "فِيهِ سَفْسُوقَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ وسَفْسُوقَةُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

سَفَطَ (ن) سَفْطًا - السَّمَكَةَ: مچھلی کے سفے اُتارنا۔

سَفِطَ (ن) سَفَاطَةً - سخی و پاکیزہ نفس ہونا

سَفَطَ - الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا اور بند بنانا۔

تَسَفَّطَ - تھوڑا تھوڑا پینا۔ جذب کرنا۔

اِسْتَفَطَ - الشَّيْءَ: کل لے لینا۔ کل پی جانا

السَّفَطُ - مچھلی کا سفنا۔ ٹوکری۔ جامہ دان ج اَسْفَاطٌ۔

السَّفَّاطُ - ٹوکری بنانے والا۔

سُفَاطَةُ - الْبَيْتِ: سامان خانہ۔

السَّفِيطُ - پاکیزہ نفس سخی۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سَفِيطُ النَّفْسِ" وہ سخی و پاکیزہ نفس ہے۔ کمینہ اور ہر بے قدر چیز (ضد) درخت سے گری ہوئی سبز کھجور۔

مُسَفَّطٌ - الرَّأْسِ: بڑے سر والا۔

سَفَعَهُ (ف) سَفْعًا - طمانچہ مارنا — الشَّيْءَ: نشان لگانا — بِنَاصِيَتِهِ: پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا (— وسَفَعَتِ) السُّمُومُ وَجْهَ لُوكا چہرہ کو جھلس کر رنگ بدل دینا۔

سَفِعَ (س) سَفَعًا - سُرخی مائل سیاہ ہونا

سَافَعَهُ - ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ سینہ سے لگانا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ لڑائی کرنا۔

تَسَفَّعَ - بِالنَّارِ: آگ تاپنا۔

اِسْتَفَعَ - الرَّجُلُ: کپڑا پہننا۔

اُسْتُفِعَ - لَوْنُهُ: خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا۔

السَّفْعُ - مص - کپڑا۔ رنگا ہوا کپڑا۔ ج سُفُوعٌ

السَّفَعُ والسُّفْعَةُ - سُرخی مائل سیاہی

السُّفْعُ والسُّفْعَةُ - دانہ اندراین۔

السُّفْعُ: آہنی دیگ دان۔

سُفْعُ - الشَّمْسِ: آفتاب کے سیاہ داغ۔

سُفْعُ الثَّوْرِ: بیل کے چہرہ کی سیاہ چتیاں۔

السَّوَافِعُ - لوکی پٹیں۔ مفرد (سَافِعَةٌ)

الْأَسْفَعُ - سرخی مائل سیاہ رنگ والا۔ مؤنث سَفْعَاءُ ج سُفْعٌ۔ شکرا۔ جنگلی بیل۔

السَّفْعَاءُ: دیگ دان کا ایک پایہ۔ حمامۂ سَفْعَاءُ: سبز گردن والا کبوتر۔

مَسْفُوعُ - الْعَيْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

ثَوْرٌ مُسَفَّعٌ: چہرہ میں سیاہ چتیوں والا بیل۔

كَبْشٌ مُسَفَّعٌ: آہن پوش بہادر جو لوہے کے زنگ سے کالا پڑ گیا ہو۔

سَفَقَهُ (ن) سَفْقًا - طمانچہ مارنا۔ سَفَقَ الْبَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

أَسْفَقَ - الْبَابَ: دروازہ بند کرنا — الْحَائِكُ الثَّوْبَ: جلاہے کا کپڑے کو گف بننا۔

سَفَقَ (ک) سَفَاقَةً - الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔

اِنْسَفَقَ - الْبَابُ: دروازہ کا بھیڑا جانا۔

السَّفْقَةُ - طمانچہ۔ تھپڑ۔

السَّفِيقُ - گف کپڑا۔ رَجُلٌ سَفِيقُ الْوَجْهِ: بے حیا مرد۔

السَّفِيقَةُ - سونے وغیرہ کا باریک تار۔ لکڑی کا چوڑا المبا ٹکڑا جس پر چٹائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے۔

سَفَكَ (ض) سَفْكًا - الْمَاءَ والدَّمَ: پانی یا خون بہانا — الْكَلَامَ: بہت بولنا۔

سَفَكَهُ - کسی کے سامنے سُفکہ پیش کرنا۔ (دیکھئے سُفکہ)

اِنْسَفَكَ - گرنا۔ بہنا۔

السَّفُوكُ والسَّفَّاكُ - بہت خون گرانے والا - اور کہا جاتا ہے "سُفُوكٌ اوسَفَّاكٌ بِالْكَلَامِ" وہ بڑا جھوٹا ہے۔

السَّفِيكُ - گرایا ہوا۔ بہایا ہوا۔

رَجُلٌ (مِسْفَكٌ) بڑا باتونی مرد۔

السُّفْكَةُ - وہ چیز جو مہمان کے سامنے غذا سے پہلے دل بہلاؤ اور وقت گذاری کے لئے پیش کی جائے۔

سَفَلَ (ن) وسَفِلَ (س) وسَفُلَ (ک) سُفُولًا وسَفَالًا - پست ہونا۔ نیچا ہونا حقیر ہونا۔ صفت (سَافِلٌ) ج سَافِلُونَ وسَفَلَةٌ وسُفَّلٌ وسُفَالٌ وسُفَلَانٌ۔ (سَفُلَ (ک) سَفَالَةً وسُفُولًا وسَفَالًا) فِي عِلْمِهِ اوخُلُقِهِ: ادنیٰ ہونا (— سُفُولًا) فِي الشَّيْءِ: نیچے اترنا۔

سَفَّلَهُ - نیچے اتارنا (سَافَلَهُ) کمینگی کے افعال میں مقابلہ کرنا۔

تَسَفَّلَ - آہستہ آہستہ نیچے اُترنا۔

اِسْتَفَلَ - اترنا۔

السِّفْلُ والسُّفْلُ - پستی۔

السِّفْلَةُ والسُّفَالَةُ - سب سے نچلا حصہ۔

سُفَالَةُ كُلِّ شَيْءٍ: تہ۔ پیندا۔ (سِفْلَةُ الْقَوْمِ وسِفْلَتُهُمْ) ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ سُفَالَةُ الرِّيحِ: ہوا کے چلنے کی نچلی جگہ۔

السَّفَالَةُ - کمینگی و خست۔

السَّافِلَة - دُبر - مِنَ الرُّمح: نیزے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "نَاوَلَنِیَ الرُّمحَ مِنْ سَافِلَتِہٖ" سَافِلَةُ النَّہْرِ: ندی کا نشیبی حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِعَالِیَةِ النَّہْرِ وَسَافِلَتِہٖ" میرا گذر ندی کی بلند و پست جگہ پر ہوا۔

الأَسْفَل - پست تر - ج أَسَافِل۔ کہا جاتا ہے "رَدَدْنَاہُ أَسْفَلَ سَافِلِیْنَ" ہم اس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔

السُّفْلِیّ والسُّفْلِیَّة والسُّفُوْل ضد العُلْوِیّ والعُلْوِیَّة والعُلُوّ۔

المَسْفَلَة - پست تر۔ کہتے ہیں "أَنَا أَسْكُنُ فِیْ مَعْلَاةِ المَدِیْنَةِ وَفُلَانٌ فِیْ مَسْفَلَتِہَا" میں شہر کے بالائی حصہ میں اور فلاں نشیبی حصہ میں رہتا ہے۔

سَفَنَتْ (ن) وسَفِنَتْ (س) سَفْنًا۔ الرِّیحُ: ہوا کا سطح زمین پر چلنا۔

سَفَنَ (ض) سَفْنًا۔ الشَّیْءَ: چھیلنا۔

سَفَّنَہ۔ تراشنا اور نرم کرنا۔

السَّفَن - کھردری کھال جس کو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں۔ چوب تراشی کا اوزار۔

السَّافِنَة والسَّفُوْن - مِنَ الرِّیَاحِ: سطح زمین پر چلنے والی ہوا۔ ج سَوَافِن۔

السَّفِیْن - پھٹی۔ (دخیل)

السَّافِیْن - باطن - پشت کی ایک لمبی رگ کا نام جو دل کی رگوں کے ساتھ متصل ہے۔

السَّفِیْنَة - کشتی - ج سُفُن وسُفَیْن وسُفَائِن و (السِّفَان) کشتی ساز و (السِّفَانَة) کشتی سازی

سَفَائِنُ البَرِّ: اونٹ۔

السَّفَانَة - موتی۔

المِسْفَن - چوب تراشی کا اوزار۔

سَفَّنَ - جلدی کرنا۔ فُلَانٌ النَّقْدَ: جلدی دینا۔

السَّفَنَّج والسِّفَنَّج والسُّفِنَّج - اسفنج مردہ بادل۔

السَّفَنَّج - تیز۔ لبا۔ مؤنث سَفَنَّجَة۔

الإِسْفَانَاخ - پالک کا ساگ۔

الإِسْفِنْط والإِسْفَنْط - خوشبودار انگوری شراب۔ (دخیل)

سَفَهَ (ن) سَفْهًا - الرَّجُلَ: گالی دینے میں غالب آنا۔ بیوقوفی پر برانگیختہ کرنا — یا بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا — نَفْسَہٗ: ذلیل کرنا۔ اپنے آپ کو ہلکا سمجھنا۔ سَفِہَ نَصِیْبَہٗ: اپنا حصہ بھولنا۔

سَفِہَ (س) سَفَہًا - غیر بردبار یا جاہل یا ردی اخلاق والا ہونا۔ صفت (سَفِیْہ - ج سِفَاہٌ وسُفَہَاءُ۔ مؤنث سَفِیْہَةٌ ج سِفَاہٌ و سُفَہٌ وسَفَائِہُ وسَفِیْہَات۔ سَفِہَتِ الطَّعْنَةُ: جلدی خون بہنا۔ سَفِہَ الشَّرَابَ: بہت پینا۔ — نَصِیْبَہٗ: اپنا حصہ بھولنا۔

سَفُہَ (ک) سَفَاہَةً وسَفَاہًا۔ جاہل ہونا۔ بے وقوف ہونا۔

سَفَّہَ - الرَّجُلَ: بیوقوف بنانا۔ بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَفَّہَ الجَہْلُ حِلْمَہٗ" اس کی جہالت نے اس کی عقل کو طیش میں مبتلا کر دیا۔

سَافَہَہٗ - گالی گلوچ کرنا — الدَّنَّ: ٹھنکے کے پاس بیٹھ کر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔ پینے میں زیادتی کرنا اور اکل سے بغیر اندازہ کے پینا۔

أَسْفَہَ - اللّٰہُ فُلَانًا المَائَ: بہت پلانا اور سیر نہ ہونے دینا۔

تَسَفَّہَ - الرَّجُلُ: بتکلف بیوقوف بننا۔ — الرِّیحُ: ہوا کا غیر ہموار چلنا — الرِّیحُ الغُصُوْنَ: شاخوں کو جھکا دینا — فُلَانًا عَنْ بَالِہٖ: فریب دینا۔

تَسَافَہَ عَلَیْنَا: نادانی کرنا۔ جہالت کا سلوک کرنا۔

السَّفَہ - عمل جہالت - عدم بردباری - بد اخلاقی۔

السَّافِہ - نا - بیوقوف - بہت پیاسا۔

وَادٍ (مُسْفِہَةٌ) بھری ہوئی وادی۔

المُسْفِہَة - بہت پانی پلانے والی غذا کو کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مُسْفِہَةٌ"

سَفَا یَسْفُو سُفُوًّا - تیز چلنا یا تیز اڑنا

سَفِیَ (س) سَفًا وسَفَاءً - پیشانی میں کم بال والا ہونا — الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا

صفت (سَفِیٌّ) سَفِیَتْ یَدُہٗ: ہاتھ کا چھوٹا

أَسْفَی - بیوقوف ہونا — فُلَانًا: طیش کرنا — بہ: برائی کرنا - أَسْفَتِ الشَّاۃُ: دبلی ہونا - أَسْفَی الزَّرْعُ: خوشہ کے خشک اطراف والی ہونا — الرِّیحُ: ہوا کا چلنا

سَافَی - الرَّجُلَ: گالی دینا - علاج کرنا

السَّفَا - پیشانی میں بالوں کی کمی - بٹی

دُبْلا پن - ہر خاردار درخت - واحد (سَفَاۃٌ)

السَّفَا مِنَ السَّبُلِ: خوش کا خار۔

السِّفَاء - دوا۔

بَغْلٌ أَسْفَی - پیشانی میں کم بال والا خچر تیز رفتار - مؤنث سَفْوَاءُ - رِیحٌ سَفْوَاءُ: غیر ہموار تیز چلنے والی ہوا۔

سَفَی یَسْفِی سَفْیًا وأَسْفَی إِسْفَاءً سَفَتْ وأَسْفَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ: خاک اڑانا۔

صفت (سَافِیَة) ج سَافِیَات وسَوَافٍ۔

سَفِیَ یَسْفَی سَفْیًا۔ التُّرَابُ: غبار اڑنا۔

السَّافِیَاء - غبار۔

السَّفْی - ہوا جس کو اڑائے۔

السَّفِیّ - پراگندہ غبار۔

الأَسْفَی - مِنَ الخَیْلِ: پیشانی میں کم بال والا گھوڑا - مؤنث سَفْیَاء ج سُفْی۔

المُسْفِی - چغل خور۔

سَقِبَتْ (س) سَقْبًا وسُقُوْبًا - اونٹنی قریب ہونا۔

أَسْقَبَتِ النَّاقَةُ: اکثر زچے بچے جننا

تَسَاقَبَتِ - البُیُوْتُ وقریب قریب

السَّقْب - ج سُقُب وسِقَاب و

سُقْبَان: اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ۔ اور مثل میں بولا جاتا ہے "اَذَلُّ مِنَ السُّقْبَانِ بَیْنَ الْحَلَائِبِ" دودھ دینے والی اونٹنیوں کے درمیان نوزائیدہ بچوں سے زیادہ ذلیل — ج سِقْبَان و (السِّقْبَة) نخیہ کا ڈنڈا۔ السُّقْب: لمبی موٹی سرسبز شاخ۔ مَنْزِلٌ (سَقْبٌ) قریب منزل۔

السَّاقِب۔ فا۔ قریب۔ دور۔ (ضد)

المِسْقَب والمِسْقَاب۔ نوزائیدہ اونٹ کے بچے کی ماں۔ المِسْقَاب: اکثر نر بچے جننے والی اونٹنی۔

سَقَدَ (ض) سَقْدًا و سَقَّدَ و اَسْقَدَ۔ الفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا کرنا۔

السُّقْدَة۔ ج۔ سُقَد و (السُّقَیْدَة) ج سُقَیْدَات: سُرخ رنگ کا ایک پرندہ جس کو فارسی میں زرک کہتے ہیں۔

السُّقْدُد۔ دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔ چھریرا کیا ہوا گھوڑا۔

سَقَرَتْ (ن) سَقْرًا۔ الشَّمْسُ: جھلسنا۔

اَسْقَرَتِ۔ النَّخْلَةُ: درختِ خرما سے شیرہ بہنا۔

السَّقَر۔ مع۔ شکر۔ شیرہ۔

سَقَر۔ دوزخ کا علم (کلمہ غیر منصرف ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَ (بِالسَّقَرِ) وَالْبَقَرِ وَبَنَاتِ بَقِیر" اس نے سفید جھوٹ کہا۔

السَّقْرَة۔ سورج کی سخت تپش۔ ج سَقَرَات

السَّاقُور۔ گری۔ جانوروں کو داغنے کا لوہا۔

السَّقَّار۔ غیر مستحق کو بہت لعنت کرنے والا کافر۔ ج سَقَّارَة۔

سَقْسَقَ۔ الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔

سَقَطَ (ن) سُقُوطًا و مَسْقَطًا۔ گرنا کہا جاتا ہے "سَقَطَ مِنْ عَیْنِی" وہ میری آنکھوں سے گرگیا۔ یعنی حقیر ہوگیا۔ سَقَطَ فِی الْکَلَامِ غلطی کرنا۔ الْغَیْمُ: غائب ہونا — الْحَرُّ: گرمی پڑنا — الْحَرُّ عَنَّا: دور ہونا — عَلَی ضَالَّتِہٖ: موقع بازیافت سے مطلع ہونا — اِلَی الْقَوْمِ: نازل ہونا۔ اترنا — الْوَلَدُ مِنْ بَطْنِ اُمِّہٖ: نکلنا باہر آنا۔ سَقَطَ فِی یَدِہٖ: نادم ہونا۔ کہتے ہیں۔ "عَلَی الْخَبِیْرِ سَقَطْتَ" حقیقت کار کے جاننے والے کے پاس تم پہونچے۔

سُقِطَ و اُسْقِطَ۔ فِی یَدِہٖ: لغزش کرنا۔ غلطی کرنا۔ نادم ہونا۔ حیران ہونا۔

سَاقَطَہٗ سِقَاطًا و مُسَاقَطَةً۔ گرانا یا پے بہ پے گرانا — ہ الْحَدِیْثَ: باری باری گفتگو کرنا — الْفَرَسُ الْخَیْلَ: دوڑ میں سبقت کرنا — الْفَرَسُ الْعَدُوَّ: گھوڑے کا سست دوڑنا۔

اَسْقَطَہٗ۔ گرانا۔ اَسْقَطَتِ الْمَرْاَةُ: عورت کا ناتمام بچہ گرانا — لَہٗ بِالْکَلَامِ: گالی دینا۔ بیہودہ بات کہنا — الرَّجُلَ: کسی کے ساتھ ایسی کارروائی کرنا جس سے وہ حقیر ہوجائے کہ کوئی غلطی کرے یا جھوٹ بولے۔ یا اپنے راز کو ظاہر کردے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَسْقَطَ فِی کَلِمَةٍ" اس نے کسی کلمہ میں غلطی نہیں کی۔

تَسَقَّطَہٗ۔ لغزشوں کو ڈھونڈھنا۔

الْخَبَرَ: تھوڑی تھوڑی خبر حاصل کرنا۔

تَسَاقَطَ و اِسَّاقَطَ۔ الشَّیْءُ: پے بہ پے گرنا۔

السَّقَط۔ برف یا شبنم۔ لئیم (—— و السِّقْط و السُّقْط) ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے گرجائے۔ السِّقْط: خیمہ کا گوشہ۔ پرندہ کا بازو۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ الطَّائِرُ سَقَطَیْہِ" پرندہ نے اپنے دونوں بازو اُٹھائے۔ بادل کا کنارہ جو زمین پر گرتا ہوا دکھائی دے۔

السَّقْطَة۔ زور سے گرنا۔ ٹھوکر۔ لغزش

السَّقَط۔ ناکارہ و بے برکت چیز۔ ردّی سامان۔ رسوائی۔ تحریر یا قول یا حساب کی غلطی۔ ج سُقَاط۔

السَّاقِط۔ فا۔ دنی۔ کمینہ۔ ج سُقَاط و سِقَاط۔ مؤنث سَاقِطَة۔

السَّاقِطَة۔ کم عقل کمینہ۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گرجائے۔ ج سَوَاقِط۔

السِّقَاط۔ مع سَاقِط کی جمع۔ لغزش۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گرجائے۔ پرندہ کا بازو

السُّقَاط والسُّقَاطَة۔ گری ہوئی چیز۔

السَّقُوط۔ گرا ہوا۔

السَّقِیط۔ بیوقوف۔ کم عقل۔ مؤنث سَقِیطَةٌ۔ برف۔ شبنم۔ یخ۔ اولہ۔)

السَّقَّاط۔ بہت گرنے والا۔ بہت تیز تلوار جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے۔ (—— والسُّقَطِیّ) ردی سامان بیچنے والا۔ کباڑیا۔

السَّقَّاطَة۔ بہت گرنے والی۔ سَقَّاطَةُ الْبَابِ عِنْدَ الْمُوَلِّدِیْنَ۔ دروازہ کی چٹخنی۔

المَسْقِط والمَسْقَط۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَسَاقِط۔ سَقَطَ رَاْسُ الرَّجُلِ: جائے پیدائش۔ المَسْقَط: پرندہ کا بازو۔

المَسْقَطَة۔ گرنے کا سبب۔

مُسْقِطَة۔ الْاَحْبَال: بڑی مصیبت۔

الْاُمُّ (المِسْقَاط) ناتمام بچہ گرانیوالی ماں۔

السِّقْطِرِیّ۔ ماہر نقاد۔

سَقَعَہٗ (ن) سَقْعًا۔ کسی کو تھپڑ مارنا۔ کسی سے سخت سست کہنا۔ کسی کے ساتھ بُرائی سے پیش آنا۔ سَقَعَ الدِّیْکُ: مُرغ کا بانگ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ سَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

اُسْتُقِعَ۔ لَوْنُہٗ: رنگ کا بدل جانا۔

السُّقْع۔ گھر۔ زمین کا گوشہ۔ ج اَسْقَاع۔

السِّقَاع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کا چیتھڑا۔ برقع۔ اونٹنی کی ناک کو باندھنے کی چیز۔ (—— والمِسْقَع) لغت ہے مِقْنَاع ومِقْنَع میں۔

الْاَسْقَع۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ جس کا سر سفید اور جو سبز ہوتے ہیں اور جو پانی کے قریب رہتا ہے۔ ج اَسَاقِع۔ دشمنوں اور حاسدوں

سے دُور رہنے والا۔
السَّوْقَعَۃ۔ ثرید کے اوپر کا حصہ ——
مِنَ الرِّدَاءِ اِذَا الْخَمَّارِ اَوِ الْعِمَامَۃِ: وہ حصہ جو سر سے متصل ہو اور جلدی سے میلا ہو جائے۔
السَّقَعْطَرٰی۔ لمبا آدمی یا اونٹ۔
السِّقْطِم۔ چوہیا۔
سَقَفَ (ن ن) سَقْفًا وسَقَّفَ۔ البَیْت: چھت ڈالنا۔
سَقَفَ (ن ن) سِقِّیْفٰی وسُقِّفَ و۔ تَسَقَّفَ۔ بشپ بننا۔
اَسْقَفَ وسَقَّفَ۔ عَلَیْہِمْ: بشپ بنانا۔
سَقِفَ (س) سَقَفًا۔ جھکاؤ کے ساتھ لمبا ہونا۔ صفت (اَسْقَف) مؤنث سَقْفَاء ج سُقْف۔ سَقِفَتِ الرِّجْلُ: پاؤں کا دائیں جانب کو جھکنا۔
السَّقْف۔ مِنَ الْبَیْتِ: چھت۔ ج سُقُوف آسمان۔
السَّقِیْف۔ چھت۔ ج سُقُف وسُقُف
السَّقِیْفَۃ۔ چھت پاٹنے کا پتھر یا تختہ۔ سونے یا چاندی کا لمبا و باریک تار۔ اونٹ کی پسلی۔ ج سَقَائِف۔ کہتے ہیں "ہَمَّ السَّفْرُ سَقَائِفَ الْبَعِیْرِ" سفر نے اونٹ کی پسلیوں کو توڑ دیا۔ السَّقِیْفَۃ: ڈیوڑھی۔
الْاَسْقَف۔ موٹی اور لمبی ہڈیوں والا۔
—— مِنَ الْجِمَال: بے بال والا اونٹ۔
مِنَ الظِّلْمَان: ٹیڑھی گردن والا شتر مرغ۔
الْاُسْقُف۔ بشپ پادری۔ جس کا درجہ قسیس سے اونچا اور مطران سے کم ہوتا ہے مطران۔ ج اَسَاقِفَۃ و اَسَاقِف (کلمہ یونانی ہے)
الْاُسْقُفِیَّۃ۔ بشپ کا درجہ۔ بشپ کی رعیت۔ بشپ کی جانب منسوب۔
الْمُسَقَّف۔ مفر۔ لمبا۔
السُّقُف۔ آدمیوں کی غیبت کرنے والا۔
سَقَلَہٗ (ن) سَقْلًا۔ صیقل کرنا۔ آئینہ وغیرہ کو جلا دینا۔
سَقِلَ (س) سَقَلًا۔ البَعِیْرُ: کھر میں اپنی جانب کو جھکی والا ہونا۔
السُّقْل۔ کمر۔
السَّقِل۔ مِنَ الرِّجَال: پتلی کمر والا مرد۔
—— مِنَ الْخَیْلِ: پیٹھ میں کم گوشت والا گھوڑا۔
السِّیْقَل والسِّیْقَلُ والْاِسْقَال والْاِسْقِیْل۔ جنگلی پیاز۔
الْاِسْقَالَۃ۔ اونچی جگہ پر پہنچنے کے لئے پاڑھ۔ ج اَسَاقِیْل۔
سَقْلَبَہٗ۔ پچھاڑنا۔
السَّقْلَب۔ علاقہ خزر کے باشندوں کی ایک جماعت جو بعد میں یورپ کے ملکوں میں پھیل گئی تھی۔ واحد (سَقْلَبِی) ج سَقَالِبَۃ
السِّقْلَاط۔ چمبیلی۔ ایک اونی کپڑا ہے جس کو عورتیں ہودہ پر ڈالتی ہیں۔ کتاں کا منقش کپڑا جس پر انگوٹھی کا سا نقش ہو۔
سَقِمَ (س) وسَقُمَ (ک) سَقَمًا وسُقْمًا وسَقَامًا وسَقَامَۃً۔ بیمار ہونا۔ یا دیر تک بیمار رہنا۔ صفت (سَقِیْم) ج سِقَام وسُقَمَاء
اَسْقَمَہٗ وسَقَّمَہٗ۔ بیمار ڈالنا۔ واسْقَمَ الرَّجُلُ: بیمار گھر والا ہونا۔
السَّقَم والسُّقْم۔ ج اَسْقَام و(السَّقَام) بیماری۔
السَّقِم والسَّقِیْم۔ بیمار۔ کَلَامٌ سَقِیْم: نادرست کلام۔ مَکَانٌ سَقِیْم: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ سَقِیْمُ الصَّدْرِ عَلٰی اَخِیْہِ" وہ اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے۔
الْمِسْقَام۔ بکثرت بیمار رہنے والا۔
اَرْضٌ (مِسْقَمَۃٌ) بہت بیماریوں والی زمین۔
السَّقْمُوْنِیَا۔ ایک دوا کا نام۔
اَسْقَنَ۔ سَیْفَہٗ: تلوار کو پورے طریقے سے صیقل کرنا۔
الْاَسْقَان۔ باریک کمریں۔
السَّقَنْقُوْر۔ ایک جانور کا نام ہے۔
سَقَی (ض) سَقْیًا۔ الرَّجُلَ: پلانا۔ کسی سے "سَقَاکَ اللّٰہُ یَا سُقْیَاکَ" کہنا عیب لگانا غیبت کرنا —— الثَّوْبَ: گہرا رنگنا۔
سَقَاہُ اللّٰہُ الْغَیْثَ: بارش بھیجنا۔ بطن: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
سُقِیَ۔ قَلْبُہٗ عَدَاوَۃً: دل کا دشمنی سے بھرپور ہونا —— بَطْنُہٗ: بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
سَقَّی تَسْقِیَۃً۔ الرَّجُلَ: بہت پلانا۔ کسی سے "سُقْیَاکَ" کہنا —— الثَّوْبَ: کپڑے کو بار بار رنگ میں ڈبونا۔
اَسْقَی اِسْقَاءً۔ الرَّجُلَ: پانی پینے کے لئے دینا۔ پانی کی طرف رہنمائی کرنا۔ جانوروں کو زمین کو سیراب کرنا۔ کسی سے "سَقَاکَ اللّٰہُ یا "سُقْیَاکَ" کہنا۔ اَسْقَاہُ اللّٰہُ الْغَیْثَ: بارش بھیجنا۔ اَسْقَی فُلَانًا: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔
سَاقَاہُ وتَسَاقَیَا۔ ایک دوسرے کو پلانا۔
وسَاقَاہُ فِی الْاَرْضِ: کسی کو زمین کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کرنا اس شرط پر کہ زمین سے کچھ غلہ ملے گا۔ اور اسی سے شرکت مساقاۃ
تَسَقَّی تَسَقِّیًا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَقَّی الصَّبْغَ" اس نے رنگ کو جذب کر
اِسْتَقَی اِسْتِقَاءً و اِسْتَسْقَی اِسْتِسْقَاءً۔ مِنْہُ: کسی سے پانی طلب
اِسْتَقَی مِنَ النَّہْرِ۔ دریا سے پانی لینا۔ وا
الرَّجُلُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ و جسم
پانی جمع ہونا۔ قے کرنا۔ اِسْتَسْقَی الرَّجُلُ
سے "سَقَاکَ اللّٰہُ یَا سُقْیَاکَ" کہنا
السَّقْی والسِّقْی۔ وہ پانی جو مرض کی
سے پیٹ میں جمع ہو جائے۔ السِّقْی: سیر
کی ہوئی کھیتی یا زمین۔ پانی کا حصہ۔ کہا
"کَمْ سِقْیُ اَرْضِکَ" تمہاری زمین کے لئے
کا کتنا حصہ ہے۔ بادل۔ ج اَسْقِیَۃ
سَقْیًا وسُقْیًا۔ لِفُلَانٍ: دعا کے

رتے ہیں۔ تقدیر عبارت یہ ہے "سَقَاهُ اللّٰهُ سُقْيًا" اللہ اس کو سیراب کرے۔

السِّقَاءُ۔ مشک۔ ج اَسْقِيَةٌ وَاَسْقِيَاتٌ و اَسَاقٍ۔

السِّقَايَةُ والسَّقَايَةُ۔ پانی پلانیکی جگہ پانی پینے کا برتن (— والسُّقَايَةُ) پانی جمع کرنے کی جگہ۔ حوض۔

السَّاقِي۔ فا۔ ج سُقَاةٌ وسَاقُونَ وسُقَاءٌ وسُقِيٌّ۔

السَّاقِيَةُ۔ الساقی کا مؤنث۔ چھوٹی ندی ج سَوَاقٍ وسَاقِيَاتٌ۔

السُّقْيَا۔ السَّقْي والاِسْتِسْقَاء کا اسم۔

السَّقِيُّ۔ دریاؤں کے پانی سے سیراب کیا ہوا۔ تیز بارش والا بادل۔ درخت خرما اور بردی۔ واحد (سَقِيَّةٌ)

السَّقَّاءُ۔ بہت پلانے والا۔ مؤنث سَقَّاءَةٌ وسَقَّايَةٌ۔

الاِسْتِسْقَاءُ۔ پانی طلب کرنا — عِنْدَ الشَّرْعِ: پانی طلب کرنے کیلئے نماز پڑھنا۔ اور دعا کرنا — عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: ایک بیماری کا نام

المُسْتَسْقِي۔ سیرابی کا وقت۔

المَسْقِيُّ۔ دریا کے پانی سے سیراب کی ہوئی کھیتی۔ (اور مظاہی بارش کے پانی سے سیراب کی ہوئی)

المِسْقَاةُ والمَسْقَاةُ۔ پانی پلانے کی جگہ

سَكَّ (ن) سَكًّا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ دروازے میں لوہے کی بتی لگانا — البِئْرَ: کنواں کھودنا — اُذُنَهُ: کان کو جڑ سے کھینچنا — النَّعَامُ مَا فِي بَطْنِهَا: پتلی پتلی بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا سَكَّ تَعْنِي مِثْلَ ذٰلِكَ الْكَلَامِ" اس جیسی گفتگو میرے کانوں میں نہیں پڑی وَاَيْنَ تَسُكُّ "تو کہاں جاتا ہے"

سَكَّ (س) سَكَكًا۔ چھوٹے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَسَكّ) مؤنث سَكَّاءُ ج سُكٌّ

کہتے ہیں "كُلُّ سَكَّاءَ بَيُوضٌ وَكُلُّ شَرْفَاءَ وَلُودٌ" ہر چھوٹے کان والی انڈے دیتی ہے اور ہر بڑے کان والی بچے جنتی ہے۔

اِسْتَكَّ اِسْتِكَاكًا۔ النَّبَاتُ: گنجان ہونا

اِسْتَكَّتِ السَّامِعُ: بہرا ہونا۔ البَيْتُ: بند بھرے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِسْتَكَّتْ فِي مَسَامِعِي مِنْهُ" میرے کانوں میں اس جیسی بات نہیں پڑی۔

السَّكُّ والسُّكُّ ج سِكَاكٌ وسُكُوكٌ: تنگ منہ کا کنواں۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔ بند راستہ۔ السُّكَّتُ: کیل۔ سیدھی درست عمارت۔ السُّكَّتُ: بدطبیعتی۔ بچھو کا سوراخ مکڑی۔ ایک قسم کی خوشبو۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوا بَيْنَهُمْ سِكَاكًا" انھوں نے اپنے مکانات ایک قطار میں بنائے۔

السَّكَكُ۔ مص۔ بہرا پن۔

السَّكَّاءُ۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔

السِّكَّةُ۔ سیدھا راستہ۔ ہل کا پھار۔

السِّكَّةُ۔ درختوں کی قطار۔ سکہ ڈھالنے کا سانچہ۔ پیغام رساں کا گھر۔ ج سِكَكٌ۔

اَصْحَابُ السِّكَكِ: وہ وظیفہ یاب پیغام رساں جو اہم امور کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَعْبُ السِّكَّةِ" فلاں سب کی عقل کی وجہ سے ایک پر نہیں ٹھہرتا۔

السِّكِّيُّ۔ دینار۔ قاصد۔

السَّكِّيُّ۔ کیل۔

السُّكَّاكُ۔ فضائے آسمانی۔ تیر میں پر کی جگہ۔

السَّكُوكُ۔ تنگ منہ والا کنواں۔

السُّكَّاكَةُ۔ فضائے آسمانی۔ خودرائے چھوٹے کان والا۔

السَّكَّاكُ۔ سکہ ساز۔

السَّكَّاكَةُ۔ مسافرین۔

سَكَبَ (ن) سَكْبًا وتَسْكَابًا۔ المَاءَ ونَحْوَهُ: پانی وغیرہ بہانا۔ گرانا۔

سَكَبَ (ن) سُكُوبًا وانْسَكَبَ۔ المَاءُ: پانی بہنا۔

تَسَاكَبَ۔ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔

السَّكْبُ۔ مص لگاتار بارش — مِنَ الخَيْلِ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ مَاءٌ سَكْبٌ: بہنے والا پانی۔ اَمْرٌ سَكْبٌ: امر لازم۔ رَجُلٌ سَكْبٌ: سبک رُوح چست وچُست تیز کام رو۔ (— والسَّكْبُ) تانبا یا سیسہ۔ السَّكْبُ: ایک خوشبودار درخت۔ واحد (سَكْبَةٌ۔

السَّكْبَةُ: سر کی بھوسی۔

السَّكْبَةُ۔ سَكْبٌ کا اسم مرۃ: کپڑے کا گول ٹکڑا جو سر کے لئے قطع کیا جائے۔ باریک جھلی جو جنین کے چہرے پر ہوتی ہے۔

السَّاكِبُ والسَّكُوبُ والسَّكِيبُ و الاُسْكُوبُ۔ بہنے والا۔

الاُسْكُوبُ۔ لگاتار بارش۔ موچی۔ لوہار درخت خرما کی ایک قطار — مِنَ البَرْقِ: زمین کی جانب کوندنے والی بجلی۔

الاِسْكَابُ۔ موچی۔

الاُسْكُوبَةُ والاِسْكَابَةُ۔ لکڑی کا ٹکڑا جس کو مشک کے شگاف میں ڈال کر اس پر کچھ باندھ دیتے ہیں تاکہ اس میں سے کچھ نہ نکلے۔

الاُسْكُبَّةُ۔ چوکھٹ۔

المَسْكَبَةُ۔ بہانے یا بہنے کی جگہ۔ ج مَسَاكِبُ

السِّكْبَاجُ۔ سالن جو سرکہ گوشت اور خوشبودار مصالحے سے تیار کرتے ہیں۔

سَكَتَ (ن) سَكْتًا وسُكُوتًا وسُكَاتًا وسَاكُوتَةً۔ چپ رہنا۔ مرنا — الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا — الحَرُّ: ہوا رُکنے کے ساتھ گرمی تیز ہونا — الحَرَكَةُ: ٹھہرنا۔

سَكِتَ۔ سکتہ لاحق ہونا۔ صفت (مَسْكُوتٌ)

اَسْكَتَ۔ کلام منقطع ہونا — عَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا (اَسْكَتَهُ وسَكَّتَهُ) چپ کرانا۔

سَاكَتَهُ فَسَكَتَهُ - چُپ رہنے میں مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔

السَّكْتَة - ایک مشہور بیماری کا نام جس میں سارے اعضاء بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں۔ سَكَتَ کا اسم۔

السُّكْتَة - برتن میں باقی ماندہ - بچہ وغیرہ کو چُپ کرانے کی چیز۔ سَكَتَ کا اسم۔

السِّكِّيتَة - بچہ وغیرہ کو چُپ کرانے کی چیز۔

السُّكَات - مع - ایک بیماری جو بولنے سے روک دیتی ہے۔ السُّكَات مِنَ الحَيَّات: وہ سانپ جو بے خبری میں ڈس لے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى سُكَاتِ الْأَمْرِ" وہ کام کے پورا کرنے کے قریب ہے (— والسُّكَاتَة) مِنَ الجَوَاب: خاموش کر دینے والا جواب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِسُكَاتَةٍ وَصُمَاتَةٍ" اس نے اس کو خاموش کر دیا

السَّكْت والسُّكُوت والسَّاكُوت والسَّاكُوتَة والسِّكِّيت والسُّكَيْت والسُّكَيْت - بہت چپ رہنے والا۔

السُّكَيْت: گھڑ دوڑ کے میدان کا آخری گھوڑا۔

أَسْكَات - القَوْم: قوم کے اوباش لوگ

الشَّيْء: چیز کا بقیہ۔ گرمی کے آخر کے معتدل ایام۔

المُسَكِّت - جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔

سَكَرَ (ن) سَكْرًا - الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔

— النَّهْرَ: دریا میں بند لگانا — البَابَ: دروازہ بند کرنا (— سُكُورًا و سَكْرًا) الرِّيحُ: ہوا کا رُک جانا — الحَرُّ: گرمی کا کم ہو جانا۔ (— وسُكُرٌ وسُكْرٌ) بَصَرُهُ: نگاہ دھندلی ہونا سَكِرَ (س) سَكَرًا - الحَوْضُ: حوض کا بھر جانا

— الرَّجُلُ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (— سَكَرًا وسُكْرًا وسُكُرًا وسُكْرَانًا) مِنَ الشَّرَاب: مست ہونا - مدہوش ہونا۔ صفت مذکر (سَكِرٌ وسَكْرَان) وصفت مؤنث (سَكِرَةٌ وسَكْرَى وسَكْرَانَةٌ) ہر سَكْرَى وسُكَارَى وسُكَارَى۔

سَكَّرَهُ - گلا گھونٹنا — البَاب: دروازہ بند کرنا۔

أَسْكَرَهُ - الشَّرَابُ: مدہوش کرنا مست کرنا

تَسَاكَرَ - مستی ظاہر کرنا۔ نشہ آور چیز استعمال کرنا۔

السَّكَر - شراب اور ہر نشہ آور چیز۔ سرکہ۔

السِّكْر - دریا کا بند۔ جس چیز سے دریا کو بند کیا جائے۔ ہر سُكُور۔

السُّكْر - مع - نشہ۔ مستی۔

سَكَرَاتُ المَوْتِ او الهَمِّ: موت یا غم کی سختی۔ ہر سَكْرَات۔

السَّكَرَة - ایک قسم کا دانہ جو گیہوں کے کھیت میں ہوتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔

السُّكَّر - شکر (سُكَّرَة) اس سے خاص ہے

السَّاكِر - فَا - لَيْلٌ سَاكِرٌ: بے ہوا والی رات مؤنث - سَاكِرَةٌ۔

السَّكَّار - نشہ آور چیزوں کا بنانے والا - اور بیچنے والا۔

السِّكِّيز والسَّكُور والمِسْكِيز - بہت نشے والا۔

السَّيْكَرَان - ایک قسم کی گھاس جو ہمیشہ سبز رہتی ہے اور اس کے دانہ کو کھایا جاتا ہے۔

السُّكُرُّجَة والسُّكُرُّجَة - چھوٹی پیالی

سَكْسَكَ - کمزور ہونا - دلیر ہونا۔

تَسَكْسَكَ - إِلَيْهِ: عاجزی کرنا۔

سَكَعَ وسَكِعَ (ف س) سَكْعًا وسَكَعًا - لاعلمی میں پھرنا - کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي أَيْنَ سَكَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔

تَسَكَّعَ - فِي أَمْرِهِ أَوْ سَيْرِهِ: حیران پھرنا - مدت تک باطل میں رہنا — الظَّلَامُ: اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مارنا۔

السَّاكِع - فَا - (— والسَّكِع) مرد مسافر اجنبی۔

رَجُلٌ سُكَّعٌ و سُكَّعٌ متحیر مرد - السَّكِع: ایک قسم کی نباتات۔

المَسْكَعَة - وہ معاملہ جس میں کوئی تدبیر سجھائی نہ دے۔

أَرْضٌ (مَسْكَعَة) بغیر کسی علامت و نشان کے زمین۔

سَكِفَ - (س) سَكَفًا - البَاب: دروازہ میں چوکھٹ لگانا۔

تَسَكَّفَ - البَاب: چوکھٹ پر قدم رکھنا

أَسْكَفَ - موچی بننا۔

السَّاكِف - فَا - دروازہ کے اوپر والی لکڑی جو دہلیز کے مقابل ہوتی ہے۔

الأُسْكُفَّ - مِنَ العَيْن: پلکوں کے نیچے کی جگہ - باچھلا پپوٹا۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَتِ الدُّمُوعُ عَلَى أُسْكُفَّ عَيْنِهِ" آنسو اس کی آنکھوں میں پلک اُگنے کی جگہ ٹھہر گیا۔

الأُسْكُفَّة والأُسْكُوفَة - دہلیز۔

الأَسْكَف والإِسْكَاف والأُسْكُوف والسَّكَّاف والسَّيْكَف - موچی۔ (والإِسْكَاف موچی کا پیشہ۔

السِّكِّل - ایک قسم کی بڑی سیاہ مچھلی۔ ہر أَسْكَال وسَكَّلَة۔

سَكَمَ (ن) سَكْمًا - کمزوری سے چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔ صفت (سَيْكَم)

الإِسْكِيم - راہب کا کپڑا - یا راہب کا سر پر ڈالنے کا کپڑا۔ (کلمہ معرب ہے)

سَكَنَ (ن) سُكُونًا - ٹھہرنا — إِلَيْهِ: آرام لینا — عَنْهُ الوَجَعُ: درد کا دور ہونا — الحَرَكَة: بغیر حرکت کے ہونا۔ جزم والا ہونا۔ (— سَكَنًا) سَكَنَ الدَّارَ وفِي الدَّارِ: اقامت کرنا۔ رہنا۔ صفت (سَاكِن) ہر سُكَّان وسَاكِنُون۔

سَكَنَ (ن) سُكُونًا وسَكَنًا (ک) سُكُونَة) مسکین ہونا۔

سَكَّنَ - المُتَحَرِّك: ٹھہرانا — الحَرَكَة: حرکت دینا۔

سَاكَنَهُ - فِي دَارٍ وَاحِدَةٍ: ساتھ رہنا اور اس کو

اَسْكَنَ۔ الرَّجُلُ: مسکین ہونا ــــ ہ: غریب و مسکین بنانا ــــ ہ الدارَ: کسی کو بُود و باش کرانا ــــ الفقرُ فُلَانًا: بے حرکت بنانا۔ تَسَكَّنَ وَتَمَسْكَنَ: مفلس و مسکین ہونا سَكِّنْ: مطمئن و صاحب وقار ہونا۔ (سکینہ سے ماخوذ ہے)

تَسَاكَنُوا فِي الدَّارِ: باہم مل کر رہنا۔ اِسْتِكَانَ اِسْتِكَانَةً وَاسْتَكَنَ: ذلیل و عاجز ہونا۔

السَّكَنُ۔ گھر والے۔ گھر۔

السَّكِينُ۔ آگ۔ رحمت۔ برکت۔ ہر وہ چیز جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ الاِسْكَان کا واحد بمعنی غذا و خوراک (ــــ والسُّكْنَى) رہنے والا۔ رہنے کی جگہ۔

السَّكِينَةُ۔ سر اور گردن کے اتصال کی جگہ ج سَكِينَات۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ عَلَى سَكِينَتِهِمْ" میں نے اُن کو اُن کی حالتِ سابقہ پر چھوڑ دیا۔

السَّكِينَةُ۔ وقار۔ اطمینان۔ ہیبت۔

السُّكَيْنُ۔ ہلکا۔ پھلکا تیز رفتار گدھا۔

السُّكَيْنَةُ۔ گدھی۔

السُّكُونُ۔ عدم حرکت۔ آرام۔ جزم۔

السُّكَّانُ۔ مِنَ السِّفِينَةِ: پتوار۔ ج سُكَّانَات

السِّكِّينُ۔ چھری۔ ج سَكَاكِين۔ وَالسَّكَّانُ چھری بنانے والا۔

السِّكِّينَةُ۔ چھری۔ اطمینان۔ وقار۔

المَسْكِنُ وَالمَسْكَنُ۔ گھر۔ مکان۔ منزل ج مَسَاكِن۔

المَسْكَنَةُ۔ فقیری۔ ذلت۔ کمزوری۔

المِسْكِينُ۔ وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو یا وہ شخص جس کے پاس اتنا نہ ہو جو اس کے عیال کے لئے کافی ہو۔ ذلیل و مغلوب۔ ج مَسَاكِينُ وَمَسَاكِين مؤنث مِسْكِينَةٌ وَمَسْكِينَةٌ

سَلَّ (ن) سَلًّا وَاسْتَلَّ۔ الشَّيْءَ: کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالنا ــــ السَّيْفَ: تلوار ننگی کرنا۔ صفت (سَالٌّ) ج سُلَّاب وسَالُّون مؤنث سَالَّةٌ۔ ج۔ سَالَّات وسَوَالّ (ــــ واسْتِلَّة۔ ثوبہ: کپڑے کو چھین لینا۔

سَلِبَ (س) سَلَبًا۔ ماتم کے کپڑے پہننا

اَسْلَبَتِ۔ الشَّجَرَةُ: پتے یا پھل گر جانا۔ (ــــ وسَلِبَت) النَّاقَةُ اَوِ المَرْأَةُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا یا تمام بچہ گرانا۔ صفت (سَلِب وسَلُوب) ج سُلُبٌ وسَلَائِبُ وسَالِبٌ وسُلُبٌ ومُسْلِبٌ ومُسَلِّبٌ)

اِنْسَلَبَ۔ بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

السَّلَبُ۔ مص۔ ہلکی تیز چال۔ فَرَسٌ سَلْبُ القَوَائِمِ: پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔

السَّلَبُ۔ چھینی ہوئی چیز تم کہتے ہو "اَخَذَ سَلَبَ القَتِيلِ" اس نے مقتول کے سامان کو لیا ج اَسْلَاب۔ لمبا درخت ــــ النَّرِيحَةُ: ــــ ذبح شدہ جانور کا چمڑا پائچہ اور پیٹ۔

"اِنْسَلَّ فُلَانٌ بِكَذَا" فلاں شخص فلاں چیز کو چپکے سے لے گیا۔

سَلَّ (ض) سَلًّا۔ گرے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر (سَلٌّ) وصفت مؤنث (سَلَّاءُ)

سُلَّ۔ سل کی بیماری میں مبتلا ہو کر دُبلا ہونا صفت (مَسْلُول)

اَسَلَّ اِسْلَالًا۔ اللّٰهُ فُلَانًا: سل کی بیماری میں مبتلا کرنا ــــ الشَّيْءَ: چپکے سے چرانا

تَسَلَّلَ وَانْسَلَّ۔ مِنَ الزِّحَامِ: بھیڑ میں چپکے سے کھسک جانا۔ کہا جاتا ہے: "اِنْسَلَّ قَيْدُ الفَرَسِ مِنْ يَدِهِ" اس کے ہاتھ سے گھوڑے کی رسی نکل گئی۔

السَّلّ۔ مص۔ عطر فروشوں کا ڈبہ۔ ج سِلَال السِّلّ والسُّلّ والسُّلَال۔ لاغری سل کی بیماری۔

السَّلَّة۔ پوشیدہ چوری۔ سل کی بیماری حوض کا نقص۔ ٹوکری عطر فروشوں کا ڈبہ۔ ج سِلَال۔ کہا جاتا ہے۔ "اَتَيْنَاهُمْ عِنْدَ السَّلَّةِ وَعِنْدَ السَّلِّ" یعنی ان کے پاس ہم تلوار کھینچنے کے وقت پہونچے (سَلَّة بالفتح اسم مرة اور سِلَّة بالکسر اسم نوع ہے) وفرسٌ سَرِيعُ السَّلَّةِ" تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

السَّلِيل۔ کھینچا ہوا۔ سُونتا ہوا۔ ولد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَلِيلُ الاَكَارِمِ" وہ بزرگوں کی اولاد ہے۔ خالص شراب۔ حرام مغز۔ کوہان وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ گھوڑے کا مغز پچھیرا۔ ج سُلَان۔

السَّلِيلَة۔ بیٹی۔ پیٹھ کے گوشت کا لمبا ٹکڑا۔ ایک قسم کی لمبی مچھلی۔

السُّلَالَة۔ کسی چیز سے نکالا ہوا۔ خلاصہ نسل و ولد۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سُلَالَةُ طِينَةٍ" و "مِنْ سُلَالَةِ طِينَةٍ"

السَّالّ۔ ذا۔ چھوٹا وادی میں پانی بہنے کی تنگ جگہ۔ ج سُلَّان و سَوَالّ۔

السَّلَّال۔ ٹوکری بنانے والا۔ چور۔

الاَسَلّ۔ چور۔

المِسَلَّة۔ سوجا۔ ج مِسَلَّات ومَسَالّ

مِسَلَّة۔ فرعون: لمبا مربع ستون جو فراعنہ کی یادگار ہیں۔

سَلَاً (ف) سَلْاً وَاسْتَلَاَ۔ السَّمْنَ: گھی صاف کرنا۔ سَلَاَ السِّمْسِمَ: تل سے تیل نکالنا۔ کہا جاتا ہے "سَلَاَهُ بِاَتَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے۔ سَلَاَ الجُذَيْعَ: تنہ سے کانٹے دور کرنا۔

السِّلَاء۔ سَلَا کا اسم۔ صاف کیا ہوا گھی ج اَسْلِئَة۔

السُّلَاءَة۔ کھجور کے درخت کا کانٹا۔ واحد (سُلَاءَةٌ) درخت خرما کے کانٹے کی مانند تیر کا پھل۔ ایک قسم کا پرندہ۔

سَلَبَ (ن) سَلْبًا وسَلَبًا۔ الشَّيْءَ: زبردستی چھیننا ــــ القِطْعَةَ اَوِ الشَّجَرَةَ: چھیلنا ــــ السَّيْفَ: تلوار ننگی کرنا۔ صفت (سَالِب) ج سُلَّاب وسَالِبُون مؤنث سَالِبَةٌ۔ ج۔ سَالِبَات وسَوَالِب (ــــ واسْتَلَبَه۔ ثوبہ: کپڑے کو چھین لینا۔

سَلِبَ (س) سَلَبًا۔ ماتم کے کپڑے پہننا

اَسْلَبَتِ۔ الشَّجَرَةُ: پتے یا پھل گر جانا۔ (ــــ وسَلِبَت) النَّاقَةُ اَوِ المَرْأَةُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا یا تمام بچہ گرانا۔ صفت (سَلِب وسَلُوب) ج سُلُبٌ وسَلَائِبُ وسَالِبٌ وسُلُبٌ ومُسْلِبٌ ومُسَلِّبٌ)

اِنْسَلَبَ۔ بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

السَّلَب۔ مص۔ ہلکی تیز چال۔ فَرَسٌ سَلْبُ القَوَائِمِ: پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔

السَّلَب۔ چھینی ہوئی چیز تم کہتے ہو "اَخَذَ سَلَبَ القَتِيلِ" اس نے مقتول کے سامان کو لیا ج اَسْلَاب۔ لمبا درخت ــــ النَّرِيحَةُ: ــــ ذبح شدہ جانور کا چمڑا پائچہ اور پیٹ۔

— مِنَ القِصَّۃِ: نرکل کا چھلکا۔ السَّلَب: درخت کا ریشہ یا چھلکا جس سے رسیاں بنائی جاتی ہیں۔
السَّلَب۔ لمبا۔ ہلکا۔
السُّلْبَۃ۔ برہنگی۔
السَّلَّاب۔ بہت چھیننے والا۔ رسیوں کے لئے درخت سے ریشے نکالنے والا۔
السَّلَّابَۃ۔ والسَّلُّوت۔ بہت چھیننے کا عادی (یہ مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہیں)
السِّلَاب۔ ماتمی سیاہ لباس۔ کہتے ہو "لَبِسَتْ۔ الثَّكْلَى السِّلَابَ" گم کردہ فرزند عورت نے ماتمی لباس پہنا۔ ج سُلُب۔
السِّلْب۔ ہل کا ہتھا۔
السَّلِيب۔ عقل یا مال کھویا ہوا۔ شَجَرَةٌ سَلِيبٌ: درخت جس کی شاخیں اور پتے دور کر دیئے گئے ہوں۔ ج سُلْبٌ۔
الأُسْلُوب۔ طریقہ۔ راستہ۔ روش۔ ج أَسَالِيب۔ الأُسْلُوب: ناک کی بلندی اور اسی سے ہے "أَنْفُهُ فِي أُسْلُوبٍ" اس کی ناک دائیں بائیں نہیں ہوتی۔ متکبر و مغرور کے لئے کہا جاتا ہے۔
سَلَتَ (ض ن) سَلْتًا۔ المعنی: آنتوں کو ہاتھ سے نکالنا — الشَّعْرَ والرَّأْسَ: بال یا سر مونڈنا — المَرْأَةُ الخِضَابَ عَنْ يَدِهَا: — چھڑا دینا۔ اتار دینا — الشَّيْءَ: کاٹنا۔
— ہ کوڑے مارنا جیسے "سَلَتَهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے — بِالسَّيْفِ: پیٹ کرنا (— وَاسْتَلَتَ) القَصْعَةَ: پیالہ کو انگلی سے چاٹنا۔
اِنْسَلَتَ۔ چپکے سے بے خبری میں نکل جانا
السُّلْت۔ جَو یا بغیر چھلکے کا جَو۔
السُّلَاتَة۔ وہ چیز جو دور کی جائے۔ یا نکالی جائے۔ پیالہ کو صاف کرنے کے لئے انگلی سے جو چاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "ذَهَبَ مِنِّي فُلَانٌ وَسُلَاتَتُهُ" وہ مجھ سے آگے بڑھ گیا۔

الأَسْلَت۔ وہ شخص جس کی پوری ناک کٹ گئی ہو۔ مؤنث سَلْتَاء ج سُلْتٌ۔ اِمْرَأَةٌ سَلْتَاءُ: مہندی نہ لگانے والی عورت۔
المَسْلُوت۔ مفہ۔ سر مونڈا ہوا۔ جس سے گوشت علیحدہ کر دیا گیا ہو۔
السِّلْتِم۔ بلا۔ سختی۔ بھوت۔ سخت قحط سالی۔ بہت بوڑھا اونٹ۔ تھوڑی اور حقیر چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا أَصَابَ مِنْهُ سِلْتِمًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔
السِّلْتِين۔ کھجور کا درخت کہ جس کے اردگرد گڑھا کھود دیا گیا ہو تاکہ اس میں پانی ٹھہر جائے۔
سَلِجَ (س) سَلَجًا وسَلَجَانًا۔ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا (— وسَلِجَتْ (ن) سُلُوجًا۔
الإِبِلُ: سُلُج گھاس کے چرنے سے پیٹ چلنا۔
سَلَجَ الفَصِيلُ النَّاقَةَ: دودھ پینا۔
تَسَلَّجَ۔ الطَّعَامَ: آسانی سے نگلنا۔
(— واسْتَلَجَ) الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔
السَّلَج۔ مفہ۔ عطیہ۔
السُّلَجَة۔ سمندری سیپی۔ ج سُلَج۔
السُّلْج۔ ایک قسم کی گھاس جس کو اونٹ چرتا ہے۔ ج سِلَاج۔
السِّلْجَان۔ حلق۔
السَّلِيج۔ من الاکل: لذیذ کھانا جو آسانی سے نگلا جائے۔
السَّلْجَم۔ والسُّلْجُم۔ من الطعام: خوش مزہ خوراک۔
السَّلْجَم۔ شلغم۔ گھنی ڈاڑھی۔ لمبے جڑوں والا سر۔ بہت پانی والا پرانا کنواں (— والسُّلَاجِم) لمبا گھوڑا یا تیز کا لمبا پھل یا لمبا آدمی۔ بوڑھا اونٹ۔ ج سَلَاجِم۔
سَلَحَ (ن) سَلْحًا۔ بیٹ کرنا۔ پائخانہ کرنا (یہ پرندہ اور چوپائے کے لئے خاص ہے انسان کے لئے اس کا استعمال مجازاً ہے۔
سَلَّحَهُ۔ ہتھیار پہنانا — ہ السَّيْفَ و بِالسَّيْفِ: کسی کو تلوار باندھنا (— واسْتَلَحَ) ہتھیار بند بنانا۔
تَسَلَّحَ۔ ہتھیار بند ہونا۔
السَّلْح۔ مفہ۔ پتلا پائخانہ۔ ج سُلُوح۔ سُلْحَان۔
السُّلْح۔ ایک قسم کا شیرہ ہے جس کو گھی مشک پر ملتے ہیں۔
السَّلَح۔ تالابوں میں بارش کا پانی۔
السُّلَح۔ ج سُلْحَان و (السُّلَحَة) چمگادڑ بچہ۔
السِّلَاح والسُّلْحَان۔ ہتھیار۔
السَّالِح۔ فا۔ ہتھیار بند (فاعل ذی کذا کے مثل تامر ولابن کے)
السِّلَاح۔ ہتھیار (مذکر و مؤنث) ج أَسْلِحَة و سُلُح و سُلْحَان۔
السِّلَاحْدَار۔ ہتھیار بند۔ ج سِلَاحْدَارِيَّة (کلمۂ فارسی ہے سلاح اور دار سے مرکب ہے)
السُّلَاحَة۔ پائخانہ۔ اسہال۔
السِّلِّيح۔ قاصد۔ پیغمبر (سریانی)
المَسْلَحَة۔ میگزین۔ (دیدبانی کی جگہ) ج مَسَالِح۔ ہتھیار بند لوگ۔
سَلْحَبَ۔ اِسْتَحَبَّ الطَّرِيقُ: راستہ سیدھا واضح دراز ہونا۔ صفت (مُسَلْحِب)
السَّلْحُوت۔ بیباک عورت۔
السُّلَحْفَاة والسِّلَحْفَاة والسُّلَحْفَى والسُّلَحْفِيَة۔ کچھوا۔ ج سَلَاحِف (نر کو غَيْلَم کہا جاتا ہے)
سَلَخَ (ن ض) سَلْخًا۔ الخَرُوف: بکری کے بچے کی کھال اتارنا — المَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا نفاس اتارنا — الحَيَّةُ: سانپ کا کینچلی نکلنا — اللهُ النَّهَارَ مِنَ اللَّيْلِ: دن کو رات سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا — الشَّهْرُ: مہینہ ہونا — الرَّجُلُ الشَّهْرَ: آخر تک گذارنا۔
سَلَخَ۔ الجِلْدَةَ: گری کا کھال کو اتارنا
اِنْسَلَخَ۔ مِنْ ثِيَابِهِ: ننگا ہونا —

بن سَنِيَّة: گذرنا ـــ النَّهَارُ مِنَ اللَّيْلِ: علیحدہ ہونا ـــ الحَيَّةُ مِنْ قِشْرِهَا: سانپ کا کینچلی سے نکل جانا۔

سَلْخٌ۔ جِلْدُهُ: کھال کا اُتر جانا۔

اِسْتَلْخَ اِسْتِلْخَاجًا۔ الرَّجُلُ: پہلو پر لیٹنا۔

سَلَخَ۔ الشَّهْرُ (مُسْلَخُ) مہینے کا آخری دن (سَلْخُ الحَيَّةِ) (وسَلْخُهَا وسُلْخُهَا) سانپ کی کینچلی۔ السَّلْخُ: جانور کی اُتری ہوئی کھال۔

السَّلَخُ۔ دھاگا جو تکلے کے اوپر ہو۔

السَّلِيخُ۔ جس کی کھال اتار لی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ سَلِيخٌ بَلِيخٌ" بے مزہ چیز۔

السَّلَاخَةُ۔ فِي الشَّيْءِ: بے مزہ ہونا۔

السَّلِيخَةُ۔ فرزند۔ بان کے پھل کا تیل گرجانے سے پہلے ـــ مِنْ شَجَرِ الرِّمْثِ وَكُوَةٌ: خشک لکڑی جس پر پتے وغیرہ کچھ نہ ہوں۔

السَّالِخُ۔ فا۔ اونٹوں کی کھجلی۔ سانپ کالے سانپ کے لئے صفت ہے اس لئے کہ وہ ہر سال کینچلی چھوڑ دیتا ہے۔ مادہ سانپ کو (اُنثیٰ) کہتے ہیں اس کی صفت سَالِخَةٌ نہیں آتی اور صفت کے موقع پر سَالِخٌ کا تثنیہ بھی نہیں آتا۔ بلکہ کہا جاتا ہے۔ اَسْوَدُ سَالِخٌ وَاَسْوَدَانِ سَالِخٌ اور جمع کے لئے اَسْوَدُ سَالِخَةٌ وَسَوَالِخُ وَسُلَّخٌ وَسُلَّخَةٌ۔

الاَسْلَخُ۔ پیشانی پر گنجا۔ گہرا سُرخ۔

السَّلَّاخُ۔ بہت کھال اُتارنے والا۔

المَسْلَخُ۔ کھال اُتارنے کی جگہ۔

السَّلَاخُ۔ کینچلی۔ کھال ـــ مِنَ النَّخْلِ: جس سے کھجوریں گر جائیں۔

السَّلْخَدُ والسَّلَخْدَاةُ۔ مضبوط اونٹنی ج سَلَاخِد۔

السَّلْخَفُ۔ لاغر اور مضطرب ڈھانچے والا

السَّلْخَجَةُ۔ تکبر گردن کش۔

السَّلَّ اَنْيُوْنٌ۔ ایک درخت کا نام جو بید کے مشابہ ہوتا ہے۔

السِّلَّوْرُ۔ سمندر کی ایک مچھلی۔

سَلِسَتْ (س) سَلَسًا۔ النَّخْلَةُ: درختِ خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔

صفت (سَلِسٌ)۔ اور اگر یہ بار بار ہوتا ہو تو ایسے درخت کو (سُلَّاس) کہتے ہیں۔

الخَشَبَةُ: لکڑی کا بوسیدہ ہونا۔

سَلِسَ (س) سَلَسًا وسَلَاسَةً وسُلُوْسًا۔ آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَلِسٌ ـــ وسَالِس۔

کہا جاتا ہے "سَلِسَ بَقِيَ" اُس نے آسانی سے میرے حق کو دیدیا۔

سُلِسَ سُلَاسًا وسَلَسًا وسَلَسًا

کسی کی عقل کا زائل ہونا۔ صفت (مَسْلُوْس)

سَلَّسَ۔ الحُلِيَّ: زیور کو جوہر سے مزین و آراستہ کرنا۔

اَسْلَسَتْ۔ النَّخْلَةُ: درختِ خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ اَسْلَسَ قِيَادَهُ: نرم اور آسان بنانا۔

تَسَلَّسَ۔ الشَّيْءُ: لٹکنا۔

السَّلْس۔ مع۔ خرمہرہ وغیرہ پرونے کا دھاگا۔ کان کی بالی۔ ج سُلُوْس۔ السُّلُوْس: اوڑھنیاں۔

السَّلَس۔ مع۔ نرمی۔ تابعداری۔ پیشاب کا نہ رُکنا۔

السَّلِس۔ آسان۔ نرم۔ تابعدار۔ مُسْتَمْرٌ سَلِسٌ: ملنے والی مینھ۔ شَرَابٌ سَلِسٌ: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَلِسُ البَوْلِ" اسے پیشاب کے روکنے کی طاقت نہیں۔

السَّلْسَبِيْل۔ نرم۔ ج سَلَاسِبُ وسَلَاسِيْب مؤنث سَلْسَبِيْلَةٌ۔ ج سَلْسَبِيْلَاتٌ۔ شراب۔ خوشگوار آسانی سے حلق سے اُترنے والا پانی۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

سَلْسَلَ سَلْسَلَةً۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ایک کو دوسرے سے جوڑنا اور اسی سے ہے۔ "سَلْسَلَ فُلَانًا اِلَى فُلَانٍ" اُس نے فلاں کی نسبت فلاں کی جانب کی ـــ المَاءَ: پانی کو پست زمین میں بہانا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "مَا سَلْسَلَ طَعَامًا" اس نے کھانا نہیں کھایا۔

تَسَلْسَلَ۔ المَاءُ: پانی کا پست زمین میں بہنا ـــ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنے سے پتلا پڑنا ـــ فِرِنْدُ السَّيْفِ: تلوار کے جوہر کا چمکنا۔

السَّلْسَل والسَّلْسَال والسَّلَاسِل۔ خوشگوار پانی۔ آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی عمدہ شراب۔

السَّلْسَلَة۔ مع۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔

السِّلْسِلَة۔ زنجیر۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔ ج سَلَاسِلُ البَرْقِ: چوڑائی میں کوندنے والی بجلی۔ سَلَاسِلُ الكِتَابِ: کتاب کی سطریں۔

المُسَلْسَل۔ مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا شَعْرٌ مُسَلْسَلٌ: گھنگریالے بال۔ سَيْفٌ مُسَلْسَلٌ چمکدار تلوار (ـــ والمُتَسَلْسِلُ) مِنَ الثِّيَابِ: خراب بنا ہوا کپڑا یا بوسیدہ کپڑا۔

سَلِطَ (س) وسَلُطَ (ک) سَلَاطَةً وسُلُوْطَةً۔ زبان دراز ہونا۔

سَلَّطَ۔ عَلَيْهِ: کسی پر غالب بنانا۔ قدرت دینا۔ قابض بنانا۔

تَسَلَّطَ۔ عَلَيْهِ: کسی پر غالب ہونا۔ قادر ہونا۔ قابض ہونا۔

السَّلِط۔ سخت۔ زبان دراز۔ لمبی زبان

السَّلِيط۔ تیر کا پھل جس کے بیچ میں اُبھار نہ ہو۔ ج سِلَاط۔

السُّلُط۔ لمبی ٹانگیں۔

السُّلْطَة۔ ملکیت۔ قدرت۔

السِّلْطَة۔ باریک لمبا تیر۔ گھاس بھوسہ باندھنے کا کپڑا۔ ج سُلَط وسِلَاط۔

السَّلِيط۔ سخت۔ ہر چیز میں سے تیز۔ عمدہ زیتون کا تیل ہر قسم کے دانہ کا تیل۔

لِسَانٌ سَلِيطٌ: لمبی زبان۔ رَجُلٌ سَلِيطٌ: زبان از مرد۔ السَّلِيط: فصیح زبان آور (یہ صفت مرد کے لئے باعثِ مدح اور عورت کیلئے باعثِ مذمت ہے) اِمْرَأَةٌ سَلِيطَةٌ: زبان دراز اور بدزبان عورت۔

اِمْرَأَةٌ سَلْطَانَةُ اللِّسَانِ وسِلْطَانَةُ: تیز زبان وزباں دراز عورت۔

السُّلْطَان۔ حُجَّت۔ تم کہتے ہو "لَہٗ سُلْطَانٌ مُبِينٌ" اس کے لئے روشن حجت ہے۔ قبضہ۔ قدرت۔ بادشاہ۔ جو سَلَاطِين۔

سَلْطَنَةٌ سَلْطَنَةً۔ بادشاہ بنانا۔

تَسَلْطَنَ۔ بادشاہ بننا۔

السِّلَاط۔ کنجی کا دندانہ جو مَسَالِيط۔

رَجُلٌ مَسْلُوطٌ۔ الحیۃ: سبک رخسار مرد

اِسْلَنْطَحَ۔ الوادی: وادی کا وسیع ہونا

— الرَّجُلُ: مُنہ کے بَل گرنا۔ یا چت گرنا۔

— الشَّيْءُ: لمبی چوڑی ہونا۔

السُّلَاطِح۔ چوڑا۔

السُّلْطَح۔ چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَح والمُسَلَنْطِح۔ کشادہ فضا

اِسْلَنْطَعَ۔ الرَّجُلُ: چت لیٹنا۔

السُّلْطُوح۔ چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَع۔ پاگل کی طرح گفتگو میں جہالت کرنے والا (— والسِّلَنْطَاع) لمبا مرد۔

سَلَعَ (ف) سَلْعًا۔ الرَّأْسَ: سر پھاڑنا

— جِلْدَةً بالنَّارِ: کھال کو جلا کر داغدار کرنا۔

سَلِعَ (س) سَلَعًا۔ الرَّجُلُ: برص والا ہونا

— قَدَمُهُ: قدم کا پھٹنا۔

أَسْلَعَ۔ پھٹے ہوئے سر والا ہونا جسم میں زخم والا ہونا۔

سَلَّعَ۔ پھاڑنا۔

تَسَلَّعَ۔ عَقِبُهُ: ایڑی کا پھٹنا۔

اِنْسَلَعَ۔ پھٹنا۔

السَّلَع۔ مصدر کی بوائی۔ جو سُلُوع۔

واحد (سَلْعَةٌ) (— والسِّلْع) مثل ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا سِلْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے وہ "غُلَامَانِ سِلْعَانِ" دو ہم عمر لڑکے۔ اور ایسا ہی غِلْمَانٌ أَسْلَاعٌ — فِي الجَبَلِ: دراڑ۔ جو أَسْلَاعٌ وسُلُوعٌ۔

السَّلَع۔ مع۔ ایک کڑوا درخت۔ ایک بدمزہ سبزی۔ ایک قسم کا ایلوا۔ جلد میں جلنے کا داغ۔

السَّلْعَة والسَّلَعَة۔ زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔ جو سَلَعَات وسِلَاع۔

السِّلْعَة۔ سامان وسامانِ تجارت۔ جو سِلَع (— والسَّلْعَة والسَّلَعَة والسِّلَعَة) بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی۔ جونک۔

الأَسْلَع۔ برص کی بیماری والا۔ کبڑا۔ پھٹے ہوئے پیر والا۔ کھال میں جلنے کا داغ۔ مؤنث سَلْعَاء جو سُلْع۔

السَّوْلَع۔ کڑوا ایلوا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ أَمَرُّ مِنَ السَّوْلَعِ" وہ ایلوے سے زیادہ کڑوا ہے۔

السَّلِيعَة۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَكَرِيمُ السَّلِيعَةِ" وہ شریف طبیعت ہے۔

المِسْلَع۔ رہبر ورہنما۔

المَسْلُوع۔ جسم پر پھوڑے والا یا غدود جیسی زیادتی والا۔

المَسْلُوعَة۔ واضح راستہ۔

سَمٌّ مُسَلِّعٌ۔ بہت تیز زہر۔

السِّلْعَان۔ نکیلی لکڑیاں جن کو درخت کے اردگرد لگا دیتے ہیں اور جن سے درندوں کا شکار کرتے ہیں۔

المُسْلَعِفّ۔ سخت۔

السِّلْعَام۔ کشادہ حلق والا۔ بڑی پیٹ والا۔ لمبی ناک والا۔ بھیڑیا۔ أَبُو سِلْعَامَةَ: بھیڑیے کی کنیت ہے۔

سَلْعَنَ۔ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا۔

سَلَغَ (ن) سَلْغًا۔ رَأْسَهُ: کسی کے سر کو کچل دینا۔

سَلَغَتْ (ف) سُلُوغًا۔ البَقَرَةُ: گائے یا بکری کے کچلی کے دانت نکلنا۔ صفت (سَالِغ)

الأَسْلَغ۔ گہرا سُرخ۔ مرض برص والا۔

لَئِيمٌ — مِنَ اللَّحْمِ: کچی گوشت۔

السِّلْغَد۔ بیوقوف سست غضبناک بھیڑیا۔ بہت کھانے پینے والا مرد۔ اشقر گھوڑا مؤنث سِلْغَدَة۔

سَلْغَزَ سَلْغَزَةً۔ تیز دوڑنا۔

سَلْغَفَ۔ نگلنا۔

السِّلْغَاف۔ بمعنی سِلْغَان۔

سَلَفَ (ن) سَلْفًا۔ الأَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے ہینگے سے ہموار کرنا۔

المِزَادَةَ: توشہ دان پر تیل ملنا۔

شَرُقَتْ - الشَّمْسُ - آفتاب کا طلوع ہونا۔ اَشْرَقَ وَجْہُہٗ: چمکدار ہونا ـــ الْمَکَانُ: سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ ـــ الرَّجُلُ: طلوعِ آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ الْمَکَانَ: روشن کرنا الثَّوْبُ فِی الصَّبْغِ: گہرا رنگنا۔ اَشْرَقَہٗ بِرِیْقِہٖ: اچھو لگوانا ـــ النَّخْلُ: درختِ خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
تَشَرَّقَ - دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا
اِنْشَرَقَتْ - القَوْس: کمان کا پھٹنا۔
اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِیْرَاقًا - الْعَیْنُ بِالدَّمْعِ: آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سُرخ ہونا۔
الشَّرْق - مع - آفتاب۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "مَا دَخَلَ اَوْ شَرَقَ فِی شَیْءٍ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج اَشْرَاق (ـــ والشَّرَق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔
الشَّرَق - مع - آفتاب۔
الشَّرْقَۃ - شرق کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو۔ "اَخَذَتْہُ شَرْقَۃٌ" کا دَیُوْتُ مِنْہَا" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہوگیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ (ـــ والشَّرْقَۃ) آفتاب جبکہ طلوع ہو۔
الشَّرِیْق - آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُق۔
التَّشْرِیْق - مع - اَیَّامُ التَّشْرِیْق - عِیْدُ الاَضْحٰی کے بعد تین دن اس لئے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ التَّشْرِیْق: عید کی نماز اس لئے کہ طلوعِ آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشَّارِق - فا - آفتاب بوقتِ طلوع۔ کہتے ہیں "لَا اُکَلِّمُکَ مَا ذَرَّ شَارِقٌ" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو۔ اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کا شرقی جانب۔ ج شُرُق۔
الشَّارُوْق - چونا رکھ ملا ہوا۔
المَشْرِق والمَشْرُق - طلوعِ آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج شَارِق۔ المَشْرِقَۃ والمَشْرَقَۃ والمَشْرُقَۃ والمَشْرُق والمَشْرُوْق - جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرَقُ البَاب: دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
المِشْرَاق - وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کردے۔
المُشَرَّق - بفتہ - چونا رکھ سے پلستر کیا ہوا۔
الشَّرْقُوْق والشَّرْقَوَاق والشِّرْقِرَاق والشَّقْرَاق - ایک چھوٹا پرندہ جس کو "اَخْیَل" بھی کہتے ہیں۔ اور عوام اس کو "شُقْرَق" کہتے ہیں
شَرِکَتْ (س) شَرَکًا - النَّعْلُ: تسمہ ٹوٹنا۔
شَرِکَ (س) شَرَکًا وشِرْکًا وشِرْکَۃً وشَرِکَۃً - شریک ہونا۔
شَرَّکَ - النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
اَشْرَکَہٗ - فی اَمْرِہٖ: کام میں شریک بنانا۔
اَشْرَکَ بِاللّٰہِ: شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشْرِک ومُشْرِکَۃ) اور اسم (اَلْمُشْرَک)
ـــ النَّعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔
شَارَکَہٗ وتَشَارَکَا - باہم شریک ہونا۔
اِشْتَرَکَ - الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ اِشْتَرَکَ القَوْمُ فِی کَذَا: باہم شریک ہونا۔
الشِّرْک - شَرِکَ واَشْرَکَ کا اسم۔ شریکِ حصہ۔ اور اسی سے ہے "بِیْعَ شِرْکٌ مِنْ دَارِہٖ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشْرَاک۔
الشِّرْکَۃ - مع - شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے متاز نہ ہوں اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ اختلاط نہ ہو۔
الشَّرَک - جال۔ پھندا۔ ج شَرَک واَشْرَاک راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات واحد (شَرَکَۃ)
الشِّرَاک - جوتے کا تسمہ جو پشتِ قدم پر پڑے۔ زمین پر گھاس کی ایک پتی۔ ج اَشْرَک وشُرُک۔
الشَّرَکِی والشُّرَکِی - تیز چال اور کہا جاتا ہے۔

نظرہ: نظمہ شرکیا: اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔
الشریک۔ ساجھی۔ شریک۔ ج شرکاء و اشراک۔ مؤنث شریکۃ ج شرائک۔
المشارک۔ ساجھی۔ حصہ دار۔
المشترک۔ مفع۔ جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے: طریق مشترک ورای مشترک وامر مشترک۔ لفظ مشترک: جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ رجل مشترک: غمگین آدمی کی طرح خود بخود باتیں کرنے والا۔
شرم (ض) شرمًا۔ الشیء: پھاڑنا۔ الانف: ناک کا بانسہ کاٹنا — الثریدۃ: ثرید کو کناروں سے کھانا — لفلان من مالہ: تھوڑا سا دینا۔
شرم (س) شرمًا۔ کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اشرم) مؤنث شرماء ج شرم
شرمہ۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا
تشرم وانشرم۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ شرم الصید: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا
الشارم۔ فا۔ نشانہ کے گوشہ کو چھیدنے والا تیر۔
الشرم۔ میم۔ کھاڑی۔ سمندر کے پانی کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج شرام۔
الشرمح۔ قوی و لمبا۔ ج شرامح۔ وشرامحۃ۔
الشرمحی۔ توانا و قوی۔
الشرمح۔ لمبا۔
شرن (س) شرنًا۔ الضحک: چٹان کا پھٹنا
الشرن۔ شگاف۔
الشرنبث والشرنبار۔ موٹے اور سخت ہاتھوں والا۔ شیر۔
الشرنبی۔ ایک پرندہ۔
جمل شرناض۔ موٹی اور لمبی گردن والا اونٹ۔
الشرنوغ۔ مینڈک۔

شرنف۔ الزرع: کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔
الشرناف کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو کھیتی کے لئے مضر ہیں۔
الشرنفح۔ ہلکے قدم والا۔
شرنق۔ الشیء: کاٹنا۔
الشرانق۔ ریشم کے کیڑے کا کویا واحد (شرنقۃ) اس کو فیالج بھی کہتے ہیں جس کا واحد فیلجۃ ہے۔ نیز صلج کہتے ہیں جس کا واحد صلجۃ ہے۔
شرہ کا (س) شرھا وشراھۃ۔ الی الطعام وعلیہ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شرہ وشرہان)
الشرھاء۔ من السنین: خشک سال۔
شرھف۔ الصبی: بچہ کو عمدہ غذا دینا۔
الشرھ والشرہ۔ شہد۔
الشرھال۔ سردال میں ایک لغت ہے بمعنی پالجامہ۔
شری یشری شراءً وشریً۔ الشیء: خریدنا بیچنا — اللحم او الثوب: دھوپ میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا — بنفسہ عن قومہ: آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔
— ہ: ٹھٹھا کرنا۔ غمگین کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فعل بہ ما شراہ" اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کیا — اللہ فلانا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
شری یشری شریً۔ البرق: بجلی کا چمکنا — زمام الدابۃ: بہت زیادہ ہلنا — الرجل: غضبناک ہونا۔ اصرار کرنا — الجلد: جسم پر پتی اچھلنا۔ صفت (شری) — الشر بینہم: برائی پھیلنا — الفرس فی سیرہ: تیز دوڑنا — الفرس فی لجامہ والبعیر فی زمامہ: کھینچنا۔

اشری۔ الزمام: حرکت دینا — الشیء: بھلانا
الحوض: حوض کو بھرنا — البرق: بجلی کا تیز چمکنا — بینہم: بھڑکانا — القوم: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔
شرمی۔ اللحم او الثوب ونحوہما: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔
شاری مشاراۃ وشراءً۔ الرجل: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
اشتری۔ خریدنا۔ بیچنا۔
تشاری تشاریًا۔ الرجلان: باہم جھگڑنا
تشری تشریًا۔ متفرق ہونا۔ خوار ہونے ہونا۔
استشری استشراءً۔ الفرس فی سیرہ: تیز دوڑنا — الرجل فی الامر: اصرار کرنا۔
استشرت الامور: بڑا اور دشوار ہونا — الرجل: غضبناک ہونا۔
اشرورى اشريراءً۔ مضطرب ہونا۔
الشری۔ اندرائن۔ عرب کہا کرتے ہیں۔ لفلان طعام اری وشری۔ یعنی فلاں شخص بھی ہو اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو بیج سے اگا ہو۔ واحد (شریۃ)
الشراء۔ ج اشریۃ وذالشری) خرید و فروخت
الشراء۔ طرف۔ جانب۔
الشری۔ پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ کا راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اشراء۔ کہا جاتا ہے۔ دخلوا اشراء الحرم: وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشری: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور شر کے کہا کرتے ہیں (— والشری ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے: ابل شری یعنی عمدہ اونٹ۔
الشریٰ۔ من الخیل: پسندیدہ رفتار میں انتہا کو پہونچا ہوا۔
الشریۃ۔ الشری کا مونث۔ طریقہ۔ ہیئت روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔

الشَّزَوِیٰ۔ مثل ہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَھِیَ وَھُمَا وَھُمْ وَھُنَّ شَزَوَاکَ" یہ تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَیْسَ شَزَوِیَ نَقِیْرٍ" وہ نقیر کی برابر کسی چیز کا مالک نہیں۔ فقیری کے لئے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں۔ اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشَّزْیَان۔ ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ جمع شَزَایِیْن۔

الشَّزَایَات۔ جسم کی باریک رگیں۔

الشَّازِی۔ اسم فاعل۔ جمع شُزَاۃ۔ زمانہ حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّزَاۃ: خوارج۔

الشَّزْتَوِی۔ فا۔ خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔

شَزَایَف۔ الزَّرْعُ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر تیوں کو کاٹنا۔

الشَّزَایَات۔ کھیتی کے بڑھے ہوئے جو مضر ہوں۔

شَزَرَ (ض) شَزَارَۃً۔ بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزْرٌ وشَزِیْرٌ)

شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا و شُزُوْبًا۔ کھردرا ہونا یا لاغر وخشک ہونا۔ صفت (شَازِب) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَازِبٌ" لاغر بدلا ہوا لاغر وخشک مرد۔ جمع شُزُب وشَوَازِب۔

شَزَبَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا پھیر پر لانا۔

شَازَبَ۔ القَوْمَ عَلَی المَاءِ وغیرہ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا کہا جاتا ہے "ھُمْ مُتَشَازِبُوْنَ" وہ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔

شَزْبَۃ۔ اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔

شَزَبَۃ۔ من الاُتُن: دبلی پتلی گدھی۔

شَزْبَۃ۔ فرصت۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَۃٌ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔

الشَّزِیْب۔ لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ جمع شُزُوْب

الشُّوْزَب۔ علامت۔

شَزَرَ (ض) شَزْرًا۔ الرَّجُلَ وَاِلَیْہِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا ــــ فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔

شَزَرَ (ن) شَزْرًا و اِسْتَشْزَرَ۔ الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ: بلند کرنا ــــ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

اَشْزَرَہٗ۔ اللّٰہُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا۔ جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔

تَشَزَّرَ۔ غضبناک ہونا ــــ لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔

شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً۔ دشمنی کرنا۔

تَشَازَرَ القَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔

الشَّزْر۔ مع۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔

الشَّزَر والشُّزْرَۃ۔ آنکھ کی سُرخی۔

الاَشْزَر۔ سُرخ۔ عَیْنٌ شَزْرَاء: غصہ کی وجہ سے سُرخ آنکھ۔

شَزِنَ (س) شَزَنًا۔ الرَّجُلُ: چست ہونا

تَشَزَّنَ۔ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا ــــ لَہٗ فِی الخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔

ــــ لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔

(ــــ تَشَزُّنًا و تَشَزُّنِیًّا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔

ــــ الشَّاۃَ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔

الشَّزْن۔ چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشَّزَن والشُّزُن۔ سختی۔ جانب دوری زمین کی سختی۔ من العَیْشِ: زندگی کی سختی۔

الشُّزْن: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشَّزْنَۃ۔ من النِّسَاء: بخیل عورت۔

الشُّزُوْنَۃ۔ سختی۔

شَزَا یَشْزُوْ اَشْزُوًا۔ بلند ہونا۔

شَشَّ (ض) شُشُوْشًا۔ الشَّیْءُ: خشک ہونا۔

الشَّاشّ۔ لاغر ضعیف وخشک۔

الشَّشّ۔ سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ جمع شَشَاش وشُشُوْش وشُشِیْش

شَشِبَ (س) وشَشُبَ (ک) شَشَبًا وشُشُوْبًا۔ خشک ولاغر ہونا۔ صفت (شَاشِبٌ جمع شُشُب۔

الشِّشْب والشَّشِیْب۔ من القِسِیِّ: کمان جس کی لکڑی پتلی ہو۔

الشَّشُوْب۔ من النُّوْقِ: اونٹنی جس کا بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے۔

شَشَعَ (ن) شَشْعًا وشُشُوْعًا۔ المَنْزِلُ: دور ہونا۔ صفت (شُشُوْع) جمع شُشُعٌ و (شَاشِعٌ) (ــــ شَشْعًا وشَشَّعَ واشْتَشَعَ)

النَّعْلَ: جوتہ کے لئے تسمہ بنانا۔

اَشْشَعَ۔ الشَّیْءَ: دور کرنا۔

شَسِعَ (س) شَسَعًا۔ النَّعْلُ: جوتہ کا تسمہ ٹوٹنا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کے ثنیہ اور رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔

ــــ بِہٖ: دور کرنا۔

الشِّسْع۔ جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "اَدْنَی مِنَ الشِّسْعِ" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔ تنگ زمین کسی جگہ کا کنارا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِشِسْعِ مِنَ الوَادِی" وہ وادی کے کنارے پر اترا۔ تھوڑا مال۔ زیادہ مال (ضد) اور کہا جاتا ہے "ھُوَ شِسْعُ مَالٍ" وہ مال کا انتظام کرنے والا ہے۔ جمع اَشْسَاع۔

شَسَفَ (ن) شَسُفَ (ک) شُسُوْفًا شَسَافَۃً وشَسَافًا۔ خشک ولاغر ہونا صفت (شَاسِف وشَسِیْف)

الشِّسْف۔ خشک روٹی کی ٹکیہ۔

الشَّسَف۔ کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی۔

الشَّسِیْف۔ وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے خشک ہو چلا ہو۔

الشَّوْشَب۔ پنکھو۔ جُوں۔

شَصَتَ۔ (س ض) شُصُوصًا و شِصَاصًا۔ الناقۃ: اونٹنی کا بہت کم دودھ والی ہونا۔ المعیشۃ: تنگ گزران ہونا۔ الرجل: دور ہونا۔ کہا جاتا ہے: "ما أدری أین شَصَتَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

شَصَّ۔ (ن) شَصًّا و أَشَصَّ۔ عن کذا: منع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ أشصّ الرجل: دور چلا جانا۔ أشصّت الناقۃ: اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ صفت شُصُوص۔ مُشِصّ نہیں کہتے

الشِّصّ۔ مُشاق چور۔ بہ شُصُوص۔

(۔ والشصّ) مچھلی شکار کرنے کا کانٹا۔ جس کو "سنارۃ" بھی کہتے ہیں۔ بہ شُصُوص۔

الشَّصُوص۔ من النوق والشیاہ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ بہ شُصُص و شُصَائِص و شِصَاص۔ سنۃ شُصُوص: خشک سال۔ کہا جاتا ہے "نفی اللہ عنک الشصائص" اللہ تمہاری سختیوں کو دور کرے۔

شَصَبَ۔ (ن) شُصُوبًا و شَصِبَ (س) شَصَبًا۔ العیش: تنگ گزران ہونا۔ صفت (شاصب)۔ الأمر: دشوار ہونا۔ المکان: قحط زدہ ہونا۔

شَصَبَ۔ (ن) شَصْبًا۔ الشاۃ: بکری کی کھال اتارنا۔

أَشْصَبَ۔ اللہ عیشہ: تنگ گزران کرنا

الشِّصْب۔ سختی۔ قحط۔ خشک سالی۔ حصہ بہ أشصاب۔

الشُّصْب والشَّصَب۔ خشکی۔

الشُّصُب۔ کھال اتری ہوئی بکری۔

عیش (شَصِبٌ) دشوار و تنگ گزران زندگی

الشَّصِیب۔ حصہ۔ مسافر۔

الشَّصِیبَۃ۔ سختی و خشک سالی۔ کنویں کی گہرائی۔ بہ شَصَائِب۔ الشَّصَائِب: پالان کی لکڑی۔

الشَّصَّاب۔ قصاب۔

الشَّیْصَبَان۔ چیونٹا یا اس کا سوراخ جنوں کا ایک قبیلہ۔ شیطان کا نام۔

شَصَرَ۔ (ن) شَصْرًا۔ الثوب: کپڑے کو دور دور سینا۔ لنگر ڈالنا۔ فلانًا بالرمح: کسی کو نیزہ مارنا۔ ہ الثور: بیل کا سینگ مارنا

الشَّصَر۔ ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شَصَرَۃ۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ بہ أشصار۔

الشَّاصِر۔ فا۔ الشاصر من الظباء: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔ مؤنث شاصرۃ بہ شواصر۔ الشاصرۃ: درندوں کیلئے ایک جال۔

الشَّوْصَر۔ من الظباء: ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے۔

الشَّصِیر۔ کانٹے کی چبھن۔

شَصَا یَشْصُو شُصُوًّا و شَصِیَ یَشْصَی شُصِیًّا۔ البصر: نگاہ کا پتھرا جانا

السحاب: بادل کا بلند ہونا۔ القربۃ: مشک کا خوب اچھی طرح بھر جانا۔ المیت: میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھ جانا۔ کہا جاتا ہے: "شصا برجلہ" اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی۔

أَشْصَى۔ بصرہ: ٹکٹکی لگانا۔ نگاہ اٹھانا

الشَّصْو۔ سختی۔ مسواک۔

شَطَّ (ض ن) شَطًّا و شُطُوطًا۔ دور ہونا۔ فلانًا: دور کرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَّ (ض) شَطَطًا۔ زیادتی کرنا۔ حق سے دور ہو جانا۔ علیہ فی قولہ وحکمہ: ظلم کرنا۔ فی السلعۃ: حد سے تجاوز کرنا اور بیش قیمت کرنا۔

أَشَطَّ إشْطَاطًا و اشْتَطَّ اشْتِطَاطًا زیادتی کرنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور جا پڑنا۔ علیہ: ظلم کرنا۔

شَطَّطَ۔ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔

شَاطَّہ۔ زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَّطّ۔ مہ۔ دریا یا سمندر کا کنارہ۔ بہ شُطُوط و شُطَّان۔ کوہان کی ایک جانب۔ بہ شُطُوط

الشَّطَّۃ۔ اسم مرۃ۔ جاریۃ شَطَّۃ: [illegible] بدن والی لونڈی۔

الشِّطَّۃ والشِّطَاطَۃ والشَّطَاطَۃ

الشِّطَاط۔ دوری۔ الشطاط والشطاط قد وقامت کی خوبصورتی اور اعتدال۔

الشَّاطّ۔ فا۔ رجل شاطّ: سڈول بدن والا مرد۔ مؤنث شاطّۃ۔

شَطَأَ (ف) شَطْأً و شُطُوءًا۔ کہ چلنا۔ الدابۃ بالحمل: جانور پر بوجھ لادنا۔ فلانًا: مغلوب کرنا۔ الأمر بالولد: بچہ گرا دینا۔ (۔ و أشطأ) الزرع: کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ اشتطأ الشجر بغصونہ: درخت میں ٹہنی نکلنا۔ أشطأ الرجل: زکام والا ہونا۔ أشطأ الوادی: دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں: "لما وادی کذا فوجدناہ مشطئا" جب فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اسکو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔

شَطَأَ تَشْطِئًا۔ النہر: دونوں کناروں پر بہنا۔

شَاطَأَہ۔ ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارے پر چلنا۔

الشَّطْأ۔ کنارہ۔ بہ شُطُوء (و الشطأ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پتے

من الشجر: شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ بہ أشطاء۔

الشُّطْأَۃ۔ زکام۔

الشَّاطِئ۔ فا۔ من النہر: جانب۔ تم کہتے ہو "شاطئ الأودیۃ" اس کی جمع نہیں آتی

۔ من البحر: کنارہ۔ بہ شواطئ و شُطَّان

شَطَبَ (ن) شَطْبًا۔ الشیء: لمبا کاٹنا یا چیرنا۔ ہ وشطّب فوقہ: لکیر کھینچنا۔ الرجل: دور ہونا۔ عنہ: اعراض کرنا۔ ہٹنا۔ الرمح عن مقتلہ: نیزے کا خطا کرنا۔

شَطَّبَہ۔ جسم میں عمل تشریح کرنا۔

تَشَطَّبَ۔ کٹنا۔ (و انشطب) الماء وغیرہ: [illegible]

الشَّطْبُ۔ مص۔ لمبا خوبصورت قد وقامت والا ہونا۔ رف خرما کی تر و سبز شاخ۔ ج شُطُوب
الشَّطْبَةُ۔ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ ج شُطَب۔ لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے۔ ۔ والشِّطْبَةُ) لمبی خوبصورت لڑکی اچھے گوشت والا گھوڑا۔
الشُّطْبَةُ۔ والشُّطْبَةُ۔ والشِّطْبَةُ۔ تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ ج شُطَب
الشَّطِيبَةُ۔ اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔ جیسے شَطَائِب۔
الشَّطَائِبُ: مختلف قرتے۔ سختیاں۔
سَيْفٌ (مُشْطُوبٌ وَمُشَطَّبٌ) دھاریدار تلوار
رَجُلٌ مُشَطَّبٌ: وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔
شَطَرَ (ن) شَطْرًا۔ الشَّيْءَ: دو برابر حصوں میں کرنا۔ ۔ بَيْتَ الشِّعْرِ: شعر کا نصف حذف کرنا۔ ۔ النَّاقَةَ او الشَّاةَ: ایک جانب کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔ اور کہتے ہیں شَطَرَ شَطْرَهُ اس نے اس کی جانب کا قصد کرنا۔
شَطُرَتْ (ن) شُطُورًا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بَصَرُهُ اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی۔ ۔ الدَّارُ: دور ہونا (۔ شَطَارَةً) شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا (۔ شُطُورًا و شُطُورَةً (شَطَارَةً) عَنْهُمْ: جدا و بعید ہونا۔ ۔ عَلَى الْغَيْرِ: خباثت اور کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا۔ ۔ إِلَيْهِمْ: متوجہ ہونا۔
شَطَّرَ (ک) شَطَارَةً۔ شوخ و بیباک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا (۔ شُطُورَةً) النَّاقَةُ: اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا
شَطَّرَ۔ الشَّيْءَ: دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ ۔ الشِّعْرَ: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولدۃ) ۔ النَّاقَةَ وَبِالنَّاقَةِ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔
شَاطَرَهُ۔ مَالَهُ: آدھا آدھا تقسیم کر لینا فُلَانًا: کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔
الشَّطْرُ۔ مم۔ جز، نصف، اور اسی سے ہے شَطْرُ بَيْتِ الشِّعْرِ شعر کا نصف واحد دوری، جہت جانب، اور اسی سے ہے شَطْرَ۔ شَطْرَهُ ۔ ۔ ۔ و "وَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج أَشْطُرٌ وَشُطُورٌ ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو باکھوں کو شَطْر کہتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "طَلَبَ أَشْطُرَ الدَّهْرِ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثالِ عرب سے ہے "هٰذَا طَلَبٌ لَكَ شَطْرٌ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔
الشِّطْرَةُ۔ اسم نوع۔ اور کہا جاتا ہے "أَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَةٌ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر اور نصف مؤنث ہے۔
الشَّطْرَانُ۔ صرف نصف تک بھرا ہوا مؤنث شَطْرَى۔
الشَّاطِرُ۔ فا۔ شوخ و بیباک۔ چالاک و خبیث۔ ج شُطَّار۔
الشَّطُورُ۔ مِنَ النِّعَاجِ أَوِ النُّوقِ: بھیڑ یا اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو۔ یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثَوْبٌ شَطُورٌ۔ کپڑا جس کی ایک جانب دوسری سے لمبی ہو۔ دَارٌ شَطُورٌ: دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔
الشَّطِيرُ۔ دور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شُطَرَاءُ وشُطَّرٌ: آدھا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَطْرُهُ وشَطِيرُهُ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "هٰذَا نِصْفُهُ وَنَصِيفُهُ"
المَشْطُورُ۔ مغم۔ مٹی لگی ہوئی روٹی۔
مِنَ الرَّجَزِ: فنِ عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا۔
المُشَاطِرُ۔ ہمسایہ کہا جاتا ہے "هُمْ مُشَاطِرُونَا" اُن کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں۔
الشِّطْرَنْجُ۔ ایک مشہور کھیل ہے۔ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب۔ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ فرزین، فیل، اسپ، رُخ اور پیدل کہلاتے ہیں۔ ج شَطْرَنْجَات۔
شَطَسَ (ن) شَطْسًا۔ فِي الْأَرْضِ: سفر کرنا۔
الشَّطْسُ۔ مم۔ چالاکی۔
الشُّطْسُ والشُّطْسَةُ۔ مخالفت دشمنی۔ عناد۔
الشَّطُوسُ۔ ہر طرف کو جانے والا حکم کے خلاف چلنے والا۔
شَطِعَ (س) شَطَعًا۔ الرَّجُلُ: مرض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَطَفَ (ن) شَطْفًا۔ الرَّجُلُ: جانا اور دور ہونا ۔ عَنِ الشَّيْءِ: ہٹنا ۔ الثَّوْبَ و غیرہ: کپڑا وغیرہ دھونا۔
شَطِيفٌ (شَاطِفٌ) نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ نِيَّةٌ (شُطُوفٌ) ارادہ بعید دور پایاں
الشُّطْفَةُ۔ مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔ ج شُطَف۔
شَطَحَ (ن) شَطْحًا۔ امْرَأَتَهُ: جماع کرنا
شَطَنَ (ن) شَطْنًا۔ مخالفت کرنا۔ دور کرنا۔ رسی سے باندھنا۔ شَطَنَ فِي الْأَرْضِ: داخل ہونا (۔ شُطُونًا) الدَّارُ: دور ہونا۔ الرَّجُلُ: حق وغیرہ سے دور ہونا ۔ ۔ أَشْطَنَهُ: دور کرنا۔
شَيْطَنَ شَيْطَنَةً وتَشَيْطَنَ۔ شیطانی فعل کرنا۔
الشَّاطِنُ۔ فا۔ خبیث۔ حق سے دور ہونے والا۔

الشَّطَن - رسّی - ج اَشطان -
بِئرٌ شَطُونٌ) زیادہ گہرا کنواں - ج شُطُونٌ:
بہت سخت جنگ - رَیۡحٌ شَطُونٌ: ارادۂ بعید
رُمحٌ شَطُونٌ: لمبا ٹیڑھا نیزہ -
الشَّطِین - دور -
الشَّیۡطَان - ج شَیاطِین: دیو - ہر سرکش
و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی
سے ہے "شَیاطِینُ العَرَب" عرب کے سرکش
و نافرمان لوگ - سانپ - شَیۡطَانُ الفَلَاۃ:
پیاس - مُخَاطُ الشَّیۡطَان: ترمرے یعنی وہ چیز
جو گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند
فضا میں معلوم ہوتی ہے - اور کہا جاتا ہے -
رَکِبَہ شَیۡطَانُہ "یعنی وہ غضبناک ہوا -
و شَیاطِینُ الرَّاس "غصے کا جوش -
المُشَیۡطَنَۃ - اونٹ کے چوتڑ کا داغ -
المُشَاطِن - ڈول کو دو رسّیوں سے
کھینچنے والا -
شَطِیَ (س) شُطِیًّا - المیّتُ: میت
کے ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا -
شَطَی تَشۡطِیَۃً - الشَّاۃَ: کھال اُتارنا
اور گوشت کو جُدا جُدا کرنا -
اِنۡشَطَی - الشَّیۡءُ: پراگندہ و متفرق ہونا -
شَظَفَ (ن) شَظۡفًا - الأمرُ: دشوار ہونا -
سختی میں ڈالنا (— وشَظَّفَ و اَشۡظَفَ)
القَومُ: پراگندہ و متفرق کرنا - دھتکارنا - شَظَّ
و اَشۡظَّ الجُوَالِقَ: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو
بورے کے دونوں گوشوں میں باندھنا -
الشَّظۡف - مص - دن کا بقیہ - ج اَشۡظَاف -
الشِّظَاظ - ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے
کے دونوں گوشوں میں داخل ہو - ج اَشۡظَاظ -
الشَّظِیظ - بندھا ہوا بورا - چری ہوئی
لکڑی - ج اَشۡظَاظ - کہا جاتا ہے "طَارُوا
اَشۡظَاظًا و شَظَاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے
شَظِفَ (س) شَظَفًا - العَیۡشُ: تنگ
گزران ہونا — الرَّجُلُ: تنگ زندگی والا ہونا
صفت (شَظِفٌ) العَیۡشِ: شَظِفَتۡ یَدُہٗ:
سخت اور کھردرا ہونا — السَّہۡمُ: تیر کا
کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا -
(— وشَظُفَ (ک) شَظَافَۃً) الشَّجَرُ:
سخت ہونا - صفت (شَظِیف)
شَظَّفَہ (ن) شَظۡفًا - عَنۡ کَذَا: منع
کرنا - روکنا -
الشَّظَف - مص - ج شُظُوف و
(الشَّظَاف) تنگی و سختی -
الشِّظَاف - دوری -
الشَّظۡف - مص - لاٹھی کی پھٹن -
الشِّظۡف - خشک روٹی - کھونٹی کی مانند
لکڑی - پھپٹی - ج شُظُفٌ -
الشَّظِف - بدخلق - بڑا جنگجو - عُودٌ شَظِف:
ٹوٹی ہوئی لکڑی - اَرضٌ شَظِفَۃٌ: سخت و
خشک زمین -
المُشۡظِف - بے ارادہ تعریض کرنے والا -
الشَّیۡظَم والشَّیۡظَمِیّ - لمبا تڑنگا
جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مؤنث
شَیۡظَمَۃٌ - ج شَیاظِمَۃ - الشَّیۡظَم: بوڑھا
سیہی - شیر -
شَظِیَ (س) یَشۡظَی شَظًی - پھٹنا
القَومُ: متفرق ہونا -
شَظَی یَشۡظَی شَظِیًّا - السِّقَاءُ: خوب
اچھی طرح بھر جانا — المیّتُ: میت کے
ہاتھ پیروں کا اُٹھ جانا -
شَظَّی تَشۡظِیَۃً - القَومَ: متفرق کر دینا
— الفَرَسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا -
اَشۡظَی - ہ: گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا -
تَشَظَّی - پھٹنا - متفرق ہونا — العُودُ:
ٹکڑے ٹکڑے ہونا -
اِنۡشَظَی - پھٹنا -
الشَّظَی - مص - دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی
ہڈی، یا اُن میں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے - قوم
کے پیرو - اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں
الشَّظِیَّۃ - کمان - چقندلی کی ہڈی - مکڑی
وغیرہ کا ٹکڑا - ج شَظَایا و شُظَی -
الشِّظِیَّۃ - پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ کی کسی
طرف کو نکلا ہوا ہو -
شَعَّ (ض) شَعًّا و شَعَاعًا - الماءُ: بکھرنا -
پھیلنا (— شَعًّا و شُعُوعًا) جلدی کرنا -
شَعَّ (ن) شَعًّا و شَعَاعًا - الماءُ: بکھرنا
کہا جاتا ہے - شَعَّ الغَارَۃَ عَلَیۡہِم "ہر طرف سے
لوٹ ڈالنا -
اَشۡعَّ اِشۡعَاعًا - الماءَ ونحوَہٗ: بکھیرنا -
الشَّمۡس: شعاع پھیلنا — الزَّرۡعُ: حبشی میں
خوشہ نکلنا — السُّنۡبُلُ: دانوں سے پُر ہونا
اِنۡشَعَّ - الذِّئۡبُ فِی الغَنَم - بھیڑیے کا بکریوں
میں تباہی ڈالنا -
الشُّعۡ - مکڑی کا جالا - شُعُّ الشَّمۡس: آفتاب
کی کرن -
الشُّعَاع - آفتاب کی کرن - ج اَشِعَّۃ و شُعُع
و شُعَاع -
الشَّعَاع - مص - خون وغیرہ کا بکھرنا - ہلنا
— مِنَ اللَّبَن: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ -
بکھری ہوئی چیز - کہا جاتا ہے "ضَرَبَتۡ بِالعَصَا
عَلَی الحَائِطِ فَتَطَایَرَتۡ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی
کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے ٹکڑے
اُڑ گئے - وَ ذَہَبَ القَومُ شَعَاعًا "قوم بکھر گئی
وَ طَارَ قَلۡبُہٗ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ
سے پراگندہ ہو گیا - وطَارَتۡ نَفۡسُہٗ شَعَاعًا
خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ
و پریشان ہو گیا -
شُعَاعُ السُّنۡبُلِ وشَعَاعُہٗ وشُعَّتُہٗ
وشُعَّتُہٗ - خوشہ کا خشک کانٹا جب تک
خوشہ پر رہے -
الشَّعُّ والشَّعِیۡع - جلدی -
کُلُّ شَیۡءٍ: بکھری ہوئی -
شَعَّبَ (ف) شَعۡبًا - الشَّیۡءَ: جمع کرنا - متفرق
کرنا - درست کرنا - بگاڑنا (ضد) پھاڑنا -

ـــ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا ـــ القَوْمُ: متفرق ہونا ـــ الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِيَّةُ: اچانک ہلاک کرنا ـــ فُلَانًا: مشغول کرنا ـــ اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِي شَعْبَةً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ بھر کو دو۔ شَعَبَ إِلَى القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا ـــ الأَمِيرُ رَسُولًا إِلَى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعَّبَ (س) شَعْبًا۔ الرَّجُلَ أَوِ الثَّوْرَ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ الاہونا

شَعَّبَ وَأَشْعَبَ۔ عَنْهُ: ہمیشہ کیلئے جدا ہونا۔ أَشْعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ۔ وشاعَبَتْ نَفْسُهُ: مرنا۔

شَاعَبَ الحَيْوَةَ: ہلاک کرنا ـــ صَاحِبَهُ: دور ہونا۔

تَشَعَّبُوا۔ متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا ـــ النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا ـــ عَنْهُ دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتْنَةُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: متفرق شاخیں پھیلنا ـــ الشَّيْءُ: درست ہونا۔

انْشَعَبَ۔ عَنْهُ: دور ہونا ـــ أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: جڑے شاخیں نکلنا ـــ الطَّرِيقُ أَوِ النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ وَانْشَعَبَ نَفْسُهُ: مرنا ـــ الشَّيْءُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِالقَوْلِ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ۔ مم۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت مثل۔ کہا جاتا ہے۔ "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دُور۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے۔ "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہوئے۔ ج شُعُوب۔

الشُّعُوبِيَّةُ۔ وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درہ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِي جِدَايَ" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَب۔ مم۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَة۔ فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَب وشِعَاب وشُعُب

شُعُبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعُبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کیلئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔

شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔

شُعْبَتَا الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے۔ "هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيرَةُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَان۔ قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ ج شَعْبَانَات وشَعَابِين (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوب۔ موت کے لئے علم ہے۔ اور غیر منصرف ہے۔

الأَشْعَب۔ جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔

الشَّعَّاب۔ مشک کو درست کرنیوالا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔

الشَّعِيب۔ کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج۔ شُعُب۔

الشَّاعِبَان۔ دونوں کندھے۔

المَشْعَب۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب

المِشْعَب۔ سوراخ کرنیکا آلہ۔ ج مَشَاعِب

المُشَعَّب۔ درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ۔ شعبدہ بازی کرنا۔ بازیگری کرنا

شَعِثَ (س) شَعَثًا۔ الأَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (ـــ شَعْثًا وشُعُوثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چمٹ جانا۔

شَعَّثَ۔ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا ـــ ه بِخَيْرٍ: خیر پہنچانا۔ مِنْ فُلَانٍ: چشم پوشی کرنا ـــ مِنْهُ شَيْئًا: لے لینا۔ نکال لینا ـــ عَنْهُ: مدافعت کرنا ـــ مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ـــ الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک کے حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے)

تَشَعَّثَ۔ پراگندہ ہونا۔ بکھرنا ـــ مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ـــ الشَّعْرُ: بالوں کا چمٹ جانا اور غبار آلود ہونا ـــ الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الأَشْعَث۔ چمٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء۔ ج شُعْث۔

الشَّعَث۔ پراگندگی معاملہ۔

الشَّعَث۔ مم۔ کہا جاتا ہے۔ "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِث والشَّعْثَان۔ چمٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شِعْرًا وشَعْرًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں بال بھرنا ـــ الرَّجُلُ: شعر کہنا۔ ـــ بِفُلَانٍ: کسی کے لئے شعر کہنا۔

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشَعْرَى وشُعْرَى وشِعْرَى وشِعْرَةً بتثلیث الشین وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورَةً وشَعُورًا۔ ہ: جاننا۔ محسوس کرنا۔ ـــ لَهُ: سمجھنا۔

شَعِرَ (س) شَعَرًا۔ زیادہ اور لمبے بال الاہونا۔

شَعَرَ - الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا — الثوبَ ونحوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔

اَشْعَرَ - الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا — الثوبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا — ہ الأمرَ وبالأمرِ: جتا دینا خبر دینا — ہ الشِعارَ: شِعار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "أشعرَ الہمُّ قلبی" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ أشعرَہُ بکذا: چپکانا — القومُ: اپنے لئے خاص علامت مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا۔ — أمرَ فلانٌ: مشہور کرنا — الرجلَ: بُرے نام سے مشہور کرنا — ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔

شَاعَرَہُ فشَعَرَہُ - شعروں میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔

اُشْعِرَ - الملکُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔

تَشَعَّرَ - الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ - بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ - الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا — الشِعارَ: پہننا — القومُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا۔ — بالثوبِ: شِعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا کہا جاتا ہے "اِستَشعِرْ خوفَ اللہ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لئے شعار بنالو۔

الشَعْرُ والشَعَرُ - بال - ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُور - واحد (شَعْرَۃٌ) ج شَعَرَاتٌ - شَعَرُ الغُول: ایک قسم کی نباتات۔

الشِعْرُ - مع - کلام منظوم - ج اَشْعَار - "لَيْتَ شِعْرِي فُلَانًا أوعَنْ فُلَانٍ أوْ لِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اُس نے کیا کیا۔

الشِعْرَۃ - بال کا ایک ٹکڑا (— والشِعْرَا) ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَعِرُ والشَعْرَانِيُّ - بہت اور لمبے بال والا۔

الشَعَارُ - درختوں والی جگہ - نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت - بدن کے بالوں سے متصل لباس شَعَارُ الحج: احکام حج درسوم حج - واحد (شَعَارَۃ)

الشِعَارُ - مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں - مولدین اس کو "سِرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں - لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس، گھوڑے کا جھول - کوک - گنجان درخت ج اَشْعِرَۃ وشُعُر - شِعَارُ الحج: علامات درسوم حج - وشِعَارُ المَلِكِ: حکومت کے علامات واحد (شِعَارَۃ)

الشَعِيرُ - جو - واحد (شَعِيرَۃ) ج شَعِيرَات اور شَعِيرَۃ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو - نیز گوشہ جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے

الشَعِيرَۃ - علامت - ج شَعَائِر - شَعَارِير الحج: حج کے رسوم وعلامات۔

الشَعِيرِي - شعیر کی جانب منسوب - جو کا بیچنے والا۔

الأَشْعَر - بہت اور لمبے بال والا - مؤنث شَعْرَاء - ج شُعْر - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أشعرُ الرَقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے - الأشعر: ج اَشَاعِر: جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا - گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے - اور کہا جاتا ہے "ہٰذا البَيْتُ أشعرُ مِنْ ہٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَعْرَاء - الأشعرُ کا مؤنث - پوستین - جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت - اور پھیڑ - ایک قسم کا آڑو - ایک شور قسم کا درخت

أرضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔

رِمَالٌ شَعْرَاء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان - الشَعْرَاء مِنَ الدَوَاہِي: سخت مصیبتیں - ج شُعْر -

الشَاعِر - فا - شعر کہنے والا - ج شُعَرَاء - مؤنث شَاعِرَۃ - ج شَوَاعِر وشَاعِرَات - شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشِعْرَى - ایک ستارہ کا نام جو گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُعْرُور - گھٹیا درجہ کا شاعر - سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خنذیذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے کم درجہ والے کو شُعْرُور کہتے ہیں - اسکے صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُشَاعِر کہلاتا ہے

الشُعْرُور: چھوٹی ٹکڑی - ج شَعَارِير (شُعْرُورَۃ)

المَشْعَر - علامت - درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ - رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ - ج مَشَاعِر - المَشَاعِر: حواس۔

شَعْشَعَ - الشَرَابَ: پانی ملانا — بعض کو بعض سے ملانا - شَعْشَعَتِ الشَمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا — الضَوْءُ: روشنی پھیلنا - شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ - الشَهْرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَعْشَعُ والشُعْشُعُ والشَعْشَاعُ والشَعْشَعَانُ والشَعْشَعَانِيُّ - لمبا خوبصورت زیرک - سبک (— والشَعْشَعَانُ مِنَ الظِلِّ: ہلکا سایہ۔

شَعَفَ (ف) شَعْفًا - الحُبُّ: محبت دل پر غالب ہونا — ہ بالقِطْرَانِ: قطران ملنا — الشَيْءُ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا بِفُلَانٍ وبِحُبِّ

شعلہ و شعلہ ہونا — الناقۃ: اونٹنی کو شعف (بیماری) ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعِفَۃٌ)
شَعِفَ - بفلان: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔
الشَّعَف - اسم مر - کوہان کی چوٹی - ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی کھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
الشَّعْفَۃ - اسم مرۃ - بارش کی ایک بوند - بارش جو زمین کو تر کردے۔
الشَّعْفَۃ - پہاڑ کی چوٹی - سر کے بالوں کی لٹ
الشَّعْفَۃ مِنَ القَلْب: دل کا سرا جو شہر کے مانند ہوا ہو
شَعْفَۃ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی چوٹی - شُعُف و شُعُوف و شِعَاف و شَعَفَات -
الشَّعَف - محبت کی دیوانگی - شیفتگی - فریفتگی
الشَّعَاف - شیفتگی - وفریفتگی -
المَشْعُوف - محبت میں دیوانہ و شیفتہ -
شَعَلَ (ف) شَعْلًا - النَّارَ: آگ بھڑکانا
— الأَمْرَ: غور کرنا -
شَعِلَ (س) شَعَلًا و اشْعَلَّ - الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا -
صفت (شَاعِلٌ و شَعِیلٌ و اَشْعَلُ)
شَعَّلَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا -
اَشْعَلَ - النَّارَ: آگ بھڑکانا ہ: غضبناک کرنا - فتہ دلانا — الجَمْعَ: متفرق کرنا —
الخَیْلَ فِی الغَارَۃِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا — السُّقْیَ: اچھی طرح سیراب کرنا
اَشْعَلَتِ القِرْبَۃُ: مشک کا متفرق ٹپکنا —
الحَرَّۃُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا — العَیْنُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا -
اِشْعَلَّ اِشْعِلَالًا و اِشْعَالَّ اِشْعِیلَالًا - رَأْسُ الرَّجُلِ: کھڑے بال والا ہونا — الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا -
تَشَعَّلَتْ و اشْتَعَلَتْ - النَّارُ: آگ بھڑکنا - کہا جاتا ہے: "اِشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَیْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی - و اشْتَعَلَ فُلَانٌ غضب سے بھڑک اٹھا -

الشَّعْل - مع - غُلَامٌ شَعْلٌ: شوخ تیز خاطر لڑکا -
الشَّعَل - مع - گھوڑے کی دُم یا پیشانی کی سفیدی - اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے -
الشُّعْلَۃ - گھوڑے کی دُم یا پیشانی کی سفیدی
آگ کی بھڑک - آگ کا شعلہ - ج شُعَل -
الشَّعِیل - ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے -
الشَّعِیلَۃ - بھڑکی ہوئی آگ - جلتی ہوئی بتی - ج شُعَل -
الأَشْعَل - مِنَ النَّاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سُرخی والا -
المِشْعَل و المِشْعَال - چھتا - چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے - ج مَشَاعِل و مَشَاعِیل -
المِشْعَل و المِشْعَلَۃ - قندیل - ج مَشَاعِل
المُشْعَلَۃ: آگ بھڑکانے کی جگہ -
الشُّعْلُول - آگ کی بھڑک - لوگوں کا گروہ ج شَعَالِیل - کہا جاتا ہے: "ذَہَبُوا شَعَالِیلَ" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے -
شَعَرَ (ن) شَعْرًا - الرَّجُلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا -
اَشْعَرَ - عَدُوَّہُ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا -
اِشْعَانّ و اِشْعَنَّ - شَعْرُہُ: چمٹ جانا اور غبار آلود ہونا -
الشَّعِن - خشک ہونیکے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں - شَعْرٌ (مُشَعَّثٌ) پراگندہ بال
الشَّعَانِین - عیسائیوں کا ایک تہوار - (دیکھو لفظ سَعَانِین)
رَجُلٌ (مُشَعَانٌّ) الرَّاس: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد -
شَعْنَبَ - الکَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا
صفت (مُشَعْنَب و مُشَعْنِب)

شَعَا یَشْعُو شَعْوًا - الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا
شَعِیَتْ تَشْعَی شَعًا - الغَارَۃ: چاروں طرف لوٹ پڑنا - صفت (شَعْوَاء)
اَشْعَی - بِہٖ: اہتمام کرنا — القَوْمُ الغَارَۃَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا -
غَارَۃٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ - شَجَرَۃٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت -
الشَّاعِی - فا - دور - متفرق - مشترک حصہ
مؤنث شَاعِیَۃ ج شَوَاعٍ - کہا جاتا ہے: "جَاءَتِ الخَیْلُ شَوَاعِیَ و شَوَاعٍ" گھوڑے متفرق آئے
الشَّعْوَی - پراگندہ بالوں کا گچھا - واحد (شَعْوَۃ)
شَعْوَذَ شَعْوَذَۃً - شعبدہ بازی کرنا - نظر بندی کرنا - بازی گری کرنا - صفت (مُشَعْوِذ و مُشَعْوَذ)
شَغَبَ (ن) و شَغِبَ (س) و شَغْبًا و شَغَبًا و شَغَبَّ - القَوْمَ و بِہِمْ و عَلَیْہِمْ: فساد برپا کرنا - تباہی ڈالنا - صفت (شَغُوب و شَغُبَ و شَغَّاب و شَغَّاب و مُشَاغِب و ذو مَشَاغِب)
شَغَبَ (ن) شَغْبًا - عَنِ الطَّرِیقِ: ہٹنا - پھر جانا -
شَاغَبَہ - جھگڑا کرنا -
تَشَاغَبَ - الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا - کہا جاتا ہے: "طَلَبْتُ مِنْہُ کَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا -
الشَّغْب و الشَّغَب - مع - شور و غوغا -
الشَّغُوب - فساد انگیز - جھگڑالو -
تَشَغْبَرَت - الرِّیحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا
الشَّغْبَر - گیدڑ -
شَغَرَتْ (ن) شُغُورًا - الأَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا - صفت (شَاغِرَۃٌ) — الرَّجُلُ: دور ہونا — السِّعْرُ: بھاؤ گھٹنا — النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا -
شَغَرَ (ن) شَغْرًا و شِغَارًا - عَنْ بَلَدِہٖ:

جلاوطن کرنا۔
شَغَرَ (ف) شَغْرًا۔ الکلبُ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا ــــ الناقۃ: اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔
شَاغَرَہٗ مُشَاغَرَۃً وَشِغَارًا۔ کسی کیساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کرے ــــ الرِّجْلَانِ عَلَیْہِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔
اَشْغَرَ۔ المَنْہَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔ ــــ الرُّفْقَۃُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا ــــ الحِسَابُ عَلَیْہِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔
اِشْتَغَرَ۔ الحِسَابُ عَلَیْہِ: خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔ ــــ الاَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ ــــ عَلَیْہِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا ــــ الحَرْبُ بَیْنَ الفَرِیْقَیْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا فی الفَلَاۃِ: بیابان میں دور تک جانا۔
تَشَغَّرَ۔ البَعِیْرُ: تیز دوڑنا ــــ فی اَمْرِ قَبِیْحٍ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشَغَرَ وبَغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔
الشِّغَارُ۔ مع۔ دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ وآبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنویں۔
الشَّغَارَۃ۔ چقماق۔
الشِّغْبِیْرُ۔ بدخلق۔
المِشْغَرُ۔ وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔
الشَّوْغَرُ۔ مضبوط خلقت۔
الشَّوْغَرَۃ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل
الشُّغْرُوْر۔ ایک قسم کی گھاس۔
الشَّغْرَبِیَّۃ۔ ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹخنا۔
شَغَرَ (ف) شَغْرًا۔ عَلَیْہِمْ: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا ــــ بَیْنَہُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
الشَّغْرَبِیَّۃ۔ بمعنی الشَّغْرَبِیَّۃ۔
تَشَغْرَبَتِ۔ الرِّیْحُ: ہوا کا بل کھاتا ہوا چلنا
شَغْشَغَ۔ الشَّیْءَ: داخل کرنا نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے ــــ اللِّجَامَ: جانور کو سدھانے کے لئے لگام کو ہلانا۔ فی الاَمْرِ: جلدی کرنا ــــ فی الشُّرْبِ: کم کرنا ــــ فی الاِنَاءِ وَنَحْوِہٖ: بغیر بھرے نکے ڈالنا ــــ البُسْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِیْ" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔
شَغَفَہٗ (ت) شَغْفًا۔ دل کے پردے کو زخمی کرنا ــــ فُؤَادَہٗ: دل پر غالب ہونا ــــ لِیْبِیْسُ: سبزی نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغُفًا۔ بہ: فریفتہ ہونا۔ شَغِفَ حُبُّہٗ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔
تَشَغَّفَ۔ النَّاسُ: وسوسہ ڈالکر پراگندہ کرنا
الشَّغَفُ۔ مع۔ دل کا پردہ۔
الشَّغَفُ۔ مع۔ انتہائی محبت۔ شَغَفُ القَلْبِ: دل کا پردہ۔
الشَّغَافُ۔ دل کا پردہ۔ سویدا دل۔ ج شُغُفٌ واَشْغِفَۃٌ۔
الشَّغَافُ والشُّغَافُ۔ ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہوتی ہے۔
الشَّغَفُ۔ خوبصورت عورت۔
شَغَلَہٗ (ف) شَغْلًا وشُغْلًا واَشْغَلَہٗ۔ بکذا: مشغول کرنا ــــ عَنْہُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْہُ بِکَذَا: مشغول رہنا۔ کسی کام میں لگا رہنا۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَہٗ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اسلئے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَہٗ۔ مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)
تَشَغَّلَ وتَشَاغَلَ واشْتَغَلَ۔ بکذا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُہٗ: جلدی فکار ہو کر پریشان ہونا۔ اِشْتَغَلَ فِیْہِ السُّمُّ: زہر کا اثر کرنا ــــ الدَّوَاءُ: دوا کا مفید ہونا۔ وتَشَاغَلَ عَنْہُ: غافل ہونا۔
الشُّغْلُ والشُّغُلُ والشَّغَلُ بضم اول مشغولیت۔ ج اَشْغَال وشُغُول۔
الشُّغْلُ۔ پُری۔ بھراؤ۔
الشَّاغِلُ۔ فا۔ مبالغہ کی صورت میں "ہٗ فِیْ شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔
الشَّغْلَۃ۔ اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغَل۔
الشَّغِلُ۔ کام میں لگا ہوا مصروف۔
الشَّغَّالُ۔ بہت کام والا۔
الاُشْغُوْلَۃ والمَشْغَلَۃ۔ کام۔ شغل۔
المَشْغُوْلُ۔ مفعو۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ "دَارٌ مَشْغُوْلَۃٌ" بھرا ہوا گھر۔ "جَارِیَۃٌ مَشْغُوْلَۃٌ": شوہر والی۔ "مَالٌ مَشْغُوْلٌ" تجارت وکاروبار میں لگا ہوا مال۔
الشَّغِرُ۔ لالچی۔ بہت حریص۔
الشَّغْمُوْمُ والشِّغْمِیْمُ۔ خوبصورت لمبا
الشُّغْنَۃ۔ ترشنی۔ ج شُغَن۔
الشُّغْنُبُ والشُّغْنُوْبُ۔ نازک دبلا پتلا
شَغَتَ تَشْغُوْ شُغُوًّا وشَغِیَتْ تَشْغَی شَغًا۔ السِّنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔
شَاغِیَۃٌ۔ ج شَوَاغٍ اور ایسے دانت کو (اَشْغَی) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاءُ) اور ج شُغْوٌ۔
اَشْغَی اِشْغَاءً۔ القَوْمَ: لوگوں کی مخالفت کرنا ــــ فُلَانٌ رَایَہٗ: پریشان کرنا۔
الشَّغْوَاءُ۔ عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا وشَفِیْفًا وشَفَفًا الشَّیْءُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِیْفٌ وشَفَّانٌ) عَنِ الثَّوْبِ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ ننگ ہونا

شُفُوفًا) المجسم: بدن کا دبلا ہونا۔ (ـــ شَفًا) الشیٔ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتُ عَلَیْہِ" تو نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔ "ہٰذَا دِرْہَمٌ شَفٌّ قَلِیْلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔ ـــ لَہُ الْاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا۔ (ـــ شَفًا) فُلَانٌ: دانتوں اور سوڑھوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔

شَفَّ (ن) شَفًّا وَشُفُوفًا وَشَفَفًا۔ المَرَضُ اَوِ الہَمُّ: کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ الْمَاءُ: سب پانی پی لینا۔

اَشَفَّہٗ۔ عَلٰی فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ عَلَیْہِ: اس پر کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰی فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا ـــ الدِّرْہَمَ: زیادہ کرنا یا کرنا۔

اِشْتَفَّ وَتَشَافَّ۔ مَا فِی الْاِنَاءِ: برتن سے سارا پی جانا اور کھا جانا۔ "اِشْتَفَّ الْبَعِیْرُ بِجِرَانِہٖ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔

اِسْتَشَفَّ۔ لَہُ السِّتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا ـــ الثَّوْبُ: کپڑے کے عیوب دیکھنے کے لئے روشنی میں پھیلانا ـــ الشَّیْءَ: دیکھنا اور معلوم کرنا ـــ الْکِتَابَ: غور کرنا۔ ـــ: پار کی چیز دیکھنا ـــ مَا فِی الْاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا ـــ پوری پوری رغبت کرنا۔ ـــ فِی تِجَارَتِہٖ: تجارت میں فائدہ اٹھانا۔

الشَّفُّ والشِّفُّ۔ کھڑا یا باریک پردہ کہا جاتا ہے: ثَوْبٌ شَفٌّ وَشِفٌّ "باریک کپڑا ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بھاری مچھلی۔ ج شُفُوْف۔ الشِّفُّ: تھوڑی چیز۔

الشَّفِیْف۔ مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ ہوا کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شُفَف ج شَفِیْف: باریک کپڑا۔

الشَّفَف۔ مص۔ کم۔ ہلکا پن۔ بدحالی۔

الشَّفَّان۔ بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔

الشَّفَافَۃ۔ برتن کا بقیہ پانی۔ شَفَافَۃُ النَّہَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے

المُشَفُّوْف۔ بدبودار پھنسیوں والا۔

شَفْشَفَ وَاشْفَنْشَفَ۔ القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَنَّرَ العُوْدُ: ٹوٹنا ـــ السِّرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا ـــ شَفْشَفَتْہُ شَفْشَفَۃٌ۔ جماع کرنا۔

شَفِرَ (س) شَفَارَۃً۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔

شَفِرَ۔ المَالُ: کم ہونا ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ـــ عَلَی الْاَمْرِ: متوجہ ہونا ـــ الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا

الشَّفْرُ والشُّفْرُ۔ ج اَشْفَار و (الشِّفْرُ) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ ـــ مِنَ الْوَادِی: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ شَفْرٌ وَشُفْرٌ وَشَفْرَۃٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الشَّفْرَۃ۔ بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شُفَر وشِفَار وشَفَرَات۔ الشَّفْرَۃ۔ نوکر: خادم۔ عیش (مُشْفِر) تنگ زندگی۔

المِشْفَر۔ شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اونٹ کے ہونٹ کے لئے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِر۔

الشُّفَار۔ ج۔ میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَفَرَہٗ (ض) شَفْرًا۔ لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا

شَفْشَفَ۔ الرَّجُلُ: کانپنا۔ بدخلق ہونا صفت (مُشَفْشِف ومُشَفْشَف) ـــ بہ: غلط ملط ہونا ـــ الدَّوَاءُ عَلَی الْجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا ـــ الْہَمُّ فُلَانًا: دبلا کرنا ـــ العَقِیْمُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا ـــ الْحَرُّ والْبَرْدُ الشَّیْءَ: خشک کرنا ـــ عَلَیْہِ: ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ۔ النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔

الشَّفْشَاف۔ اولوں والی بارش۔ عوام قَفَّاف کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

شَفَعَ (ف) شَفْعًا۔ الشَّیْءَ: جوڑا کرنا۔ دہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ وِتْرًا فَشَفَعْتُہٗ" اخ "وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا ـــ جَارَہٗ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا ـــ النَّاقَۃُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِعَ) لِلْاَشْخَاصِ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَۃ)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَۃً۔ لِفُلَانٍ اَوْ فِیْہِ اِلٰی زَیْدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَیْہِ بِالْعَدَاوَۃِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ یُعَادِیْنِیْ وَلَہٗ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لئے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے ـــ لِفُلَانٍ فِی الْمَطْلَبِ: کسی کے لئے کوشش کرنا۔

شَفَعَ۔ الشَّیْءَ: جفت بنانا۔ شَفَعَنِیْ فِی فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ۔ لِیْ اِلٰی لِفُلَانٍ اَوْ فِیْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ۔ زَیْدًا اِلٰی عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا ـــ بِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْع۔ مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "اَشْفَعُ ہُوَ اَمْ وِتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج اَشْفَاع وشِفَاع۔

الشُّفْعَۃ۔ عِنْدَ الْفُقَہَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ ـــ مِنَ الضُّحٰی: چاشت کے وقت دو رکعتیں ج شُفَع۔

الشَّافِع۔ فا۔ نَاقَۃٌ شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اونٹنی۔ عَیْنٌ شَافِعَۃٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَۃٌ (شَفُوْع) ایک دفعہ کے دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِیْع۔ سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء۔ الشَّفِیْعُ مِنَ الْعَدَدِ: جفت۔

الاَشْفَعُ - لمبا۔
المُشَفَّعُ - وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔
المُشَفِّعُ - سفارش قبول کرنے والا۔
المَشْفُوعُ ع - پاگل دیوانہ۔ اِمْرَأَۃٌ مَشْفُوعَۃٌ: نظر بدلگی ہوئی عورت۔
شَفِقَ (س) شَفَقًا - عَلَیْہِ: مہربان ہونا۔ خیرخواہی واصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت (شَفِقٌ وشَفُوقٌ وشَفِیقٌ) شَفِقَ مِنَ الْاَمْرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا — عَلَی الشَّیْءِ: بخل کرنا۔
شَفَّقَہٗ - مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّیْءَ: کم کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔
اَشْفَقَ - الشَّیْءَ: کم کرنا — عَلَیْہِ مِنْہُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا۔ — عَلَی الصَّغِیرِ: مہربان ہونا — الرَّجُلُ شفق کا وقت پانا — الرِّیحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔
الشَّفَقُ - مع - غروب آفتاب کے بعد افق آسمان کی سُرخی - مہربانی - ردی چیزیں، دن - خوف جانب - ثَوْبٌ شَفَقٌ: کمزور کپڑا - ج اَشْفَاق۔
الشَّفَقَۃُ - مہربانی - رحمت - خوف کے ساتھ مہربانی - کہا جاتا ہے: "اَخَذَنِی مِنْہُ شَفَقَۃٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِیَ عَلَیْہِ شَفَقَۃٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔
المِشْفَلَۃُ - اوجھ - ج مَشَافِل۔
شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُونًا۔
الرَّجُلُ والی الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِن وشَفُون)
الشَّفْن والشَّفِن - زیرک دانا۔ الشَّفْنُ: انتظار۔ میراث کا منتظر۔
الشَّفُون - بہت غیرتمند جسکی نگاہ شدت غیرت کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے ج شُفُن۔
الشَّفَنْتَی والشَّفَنْتَی - متفرق۔
شَفَہَ (ف) شَفْهًا - فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا اصرار کرکے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا۔ — الْاِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "کَادَتِ الْعِیَالُ تَشْفَہُ مَالِی" قریب ہے کہ میرے اہل وعیال میرے مال کو ختم کر دیں — عَنِ الْاَمْرِ: غافل کر دینا۔
شُفِہَ - زَیْدٌ: بہت سائلین کا ہونا — الشَّیْءُ: بہت طالبین کا ہونا — الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوہٌ)
شَافَہَہٗ شِفَاھًا ومُشَافَہَۃً - رُو در رُو گفتگو کرنا — الشَّیْءَ: قریب ہونا۔
الشَّفَۃُ والشِّفَۃُ - مِنَ الْاِنْسَانِ: ہونٹ ج شِفَاہٌ وشَفَہَاتٌ - اور نسبت کے لئے (شَفَوِیٌّ وشَفَہِیٌّ وشَفَوِیٌّ) اور تصغیر (شُفَیْہَۃٌ) کہا جاتا ہے: "ہُوَ خَفِیفُ الشَّفَۃِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنیوالا یا کم سوال کرنیوالا ہے (ضد) و "لَہٗ فِی النَّاسِ شَفَۃٌ حَسَنَۃٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ و "مَا اَحْسَنَ شَفَۃَ النَّاسِ عَلَیْکَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے و "مَا کَلَّمَتْہُ بِنْتُ شَفَۃٍ" میں نے اُس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ شَفَۃُ الشَّیْءِ کالدلو: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔
الشَّافِہ - پیاسا۔
الشَّفَاھِیُّ والاَشْفَہُ - بڑے ہونٹوں والا۔
الحُرُوفُ الشَّفَھِیَّۃُ - ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔
المَشْفُوہُ - مفر - ماءٌ مَشْفُوہٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ مَشْفُوہٌ عَنْہُ" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "ہُوَ مَشْفُوہُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد ودہش والا ہے۔
شَفَا یَشْفُو شَفْوًا - الہِلَالُ: چاند کا طلوع ہونا — الشَّخْصُ: ظاہر ہونا — الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔
الشَّفَا - نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو - ہر چیز کا حد وکنارہ - تثنیہ شَفَوَانِ - ج اَشْفَاء - آدمی کے لئے موت کے وقت اور چاند کے لئے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لئے غروب کے وقت کہا جاتا ہے: "مَا بَقِیَ مِنْہُ اِلَّا شَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔
الاَشْفَی - جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔
شَفَی یَشْفِی شِفَاءً - اللّٰہُ فُلَانًا مِنَ الْمَرَضِ تندرست کرنا۔ صحتیاب کرنا — فُلَانٌ فُلَانًا کسی کیلئے شفا مانگنا — الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (— وشَفِیَ (س) الہِلَالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔
شُفِیَ - المَرِیضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔
اَشْفَی اِشْفَاءً - فُلَانًا: شفا مانگنا — عَلَیْہِ: کنارے پر آلگنا۔ اور اسی سے ہے: "اَشْفَی الْمَرِیضُ عَلَی الْمَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا — الْعَلِیلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کیلئے) — المُسَافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا — المَرِیضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اَشْفِنِی" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز بتلا جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشْفَاہُ الشَّیْءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔
تَشَفَّی - مِنْ غَیْظِہٖ: غصے سے ٹھنڈا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے: "تَشَفَّی مِنْ فُلَانٍ" یعنی اُس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہونچائی کہ جس کی وجہ سے دل ٹھنڈا ہو گیا (— واِسْتَشْفَی) بِکَذَا: شفا حاصل کرنا۔
اِسْتَشْفَی - بِہٖ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَسْتَشْفِی بِرَاْیِہٖ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے — المَرِیضُ مِنْ عِلَّتِہٖ: صحتیاب ہونا۔
الشِّفَاء - مع - دوا - (مجاز) سے اس لئے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو سبب کا تھا) ج اَشْفِیَۃٌ وجج اَشَافٍ)
الشَّافِی - فا - مِنَ الْاَدْوِیَۃِ وَنَحْوِہَا: مفید دوا وغیرہ - الْجَوَابُ الشَّافِی: ایسا جواب جس کے بعد سوال کی ضرورت نہ ہو۔
الاِشْفَی - سُرْتَال - سُوجَا - ج اَشَافٍ
شَقَّ (ن) شَقًّا - الشَّیْءَ: پھاڑنا۔

ہو الگ کرنا۔ اور اسی سے ہے "شَقَّ عَصَا الْقَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیۃ کو توڑ دیا۔ "وَشَقَّ فُلَانٌ الْعَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔

شَقًّا (ن) شَقَاوَمَشَقَّةً۔ الْأَمْرُ: دشوار ہونا — عَلٰی فُلَانٍ: مشقت میں ڈالنا — الْبَرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا — الْفَرَسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا (— شَقُوْقًا) — نَابُ الْبَعِیْرِ: دانت نکلنا (— شَقَاءً) — الصُّبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ۔ الْحَطَبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا — الْکَلَامَ: برمحل کہنا۔

شَاقَّہٗ شِقَاقًا وَمُشَاقَّۃً۔ مخالفت کرنا (ضد کرنا)۔

تَشَقَّقَ۔ الْحَطَبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا دُبلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَتْ عِصَامُہُمْ بَیْنَہُمْ" انکا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

تَشَاقَّ۔ الْقَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا۔ الْخَصْمَانِ۔ باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْا ثِیَابَہُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَقَّ۔ الشَّیْءُ: شگاف پڑنا۔ الْأَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا — الْفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَقَّتْ عِصَامُہُمْ" انکا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

اِشْتَقَّ۔ الشَّیْءَ: آدھا لینا — الْکَلِمَۃَ مِنَ الْکَلِمَۃِ: مشتق کرنا جیسے الضرب سے ضرب — الْفَرَسُ: دائیں بائیں جانا — فِی الْکَلَامِ او الْخُطْبَۃِ: ادھر اُدھر ہٹ جانا — الطَّرِیْقُ فِی الْفَلَاۃِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَّقُّ۔ مع۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جو۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ہر شقوق۔

الشِّقُّ۔ جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "اَلْمَالُ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ شِقٌّ اَوْ شَقٌّ شَعْرَۃٌ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشُّقَّۃُ۔ کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شُقَقٌ وشِقَاقٌ۔

الشِّقَّۃُ والشُّقَّۃُ۔ دُور کا سفر۔ مسافت جسکو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کاٹے کرنا چلنے والے کے لئے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَقٌ۔

الشَّقِیْقُ۔ دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَّقِیْقَۃُ۔ حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش — مِنَ الْبَرْقِ: افق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شَقَائِقُ۔ شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد۔ شَقِیْقَۃُ النُّعْمَانِ۔

الْأَشَقُّ۔ مِنَ الْخَیْلِ: دائیں بائیں دوڑنیوالا گھوڑا۔ فرس اَشَقُّ الْمَنْخَرَیْنِ: سوراخ نتھنوں والا گھوڑا

الْمَشَقَّۃُ والْمَشَقَّۃُ۔ دشواری۔ محنت۔ ج مَشَاقٌّ ومَشَقَّاتٌ۔

شَقَأَ (ن) شَقْأً وشُقُوْءًا۔ النَّابُ: دانت نکلنا — شَعْرُ الرَّاْسِ: مانگ نکالنا۔ اور کنگھا کرنا — رَاْسَہٗ: سر پھاڑنا — فُلَانًا: کسی کی مانگ پر مارنا۔

الْمَشْقَأُ۔ مانگ۔

الْمِشْقَأُ والْمِشْقَاءُ والْمِشْقَاۃُ۔ کنگھا۔

شَقَحَ (ک) شَقَاحَۃً۔ قبیح ہونا صفت (شَقِیْحٌ)

شَقَحَ (ن) شَقْحًا۔ الشَّیْءَ: توڑنا۔ الْجَوْزَۃَ: گرمی نکالنا — ہ اللّٰہُ: قبیح بنانا — الْکَلْبُ: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگ اُٹھانا۔

شَاقَحَہٗ مُشَاقَحَۃً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

اَشْقَحَہٗ۔ دور کرنا (اَشْقَعَ وشَقَعَ) الْبُسْرُ: رنگ پکڑنا — النَّخْلُ: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شَقَاءً وشَقْعًا) لَہٗ: یعنی اسکے لئے دُوری ہو۔

الْاَشْقَحُ۔ سُرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ۔ ج شُقْحٌ۔

الشُّقَحِیُّ۔ سُرخ رنگ والا۔

شَقِدَ (س) شَقَدًا۔ تیز نظر لگانیوالا ہونا بے نیند ہونا صفت (شَقِدٌ وشَقِدَۃٌ وشَقِیْدٌ وشَقْدَانُ)

شَقَدَ (ض) شَقْدًا او شَقِدَ (س) شَقَدًا۔ دُور جانا۔

شَاقَدَہٗ۔ باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔

اَشْقَدَہٗ۔ دھتکارنا۔

الشَّقَدُ والشُّقَدُ والشِّقَدُ۔ گرگٹ کا بچہ ج شَقَدَانٌ وشُقَاذِیٌ۔ الشُّقَدُ: مع۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ شَقَدٌ وَلَا نَقَدٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَہٰذَا لَیْسَ بِہٖ شَقَدٌ وَلَا نَقَدٌ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔

الشِّقْدَانُ۔ بھیڑیا۔ حشرات الارض کیڑے مکوڑے۔ بھٹ۔ تیتر وغیرہ کے جوڑے۔

الشَّقَدَانُ۔ مع ج شَقْدَانٌ (والشُّقْدُ والشَّقْدُ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔

الشَّقَدَاءُ۔ بہت بھوکا عقاب۔

شَقِرَ (س) وشَقُرَ (ک) شَقَرًا وشُقْرَۃً۔ سُرخ زرد رنگ کا ہونا صفت (اَشْقَرُ) مؤنث شَقْرَاءُ ج شُقْرٌ

اِشْقِرَّۃٌ۔ گہرا سُرخ وزرد رنگ کا ہونا۔

الشَّقَرُ۔ امر مقصود و دلچسپ۔ ج شقور کہا جاتا ہے "اَفْضَیْتُ اِلَیْہِ بِشُقُوْرِیْ" میں نے اپنے ان اُمور پر اسکو مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ "وَبَثَّہٗ شُقُوْرَہٗ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی

الشَّائِك۔ ج شَاكَة و (الشَّوْك) خاردار۔ شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے مسلح اور شَاكُ السِّلَاحِ بالتشدید اور شَاكِ السِّلَاحِ بالتخفیف اور شاکی السلاح بھی مستعمل ہیں۔ أَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شاکۃ) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔
الشَّوْكَاء۔ مِنَ الشَّابِّ: نوخیز۔ کھردرا۔ نوت شوکاء
الشَّوْكَران۔ ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)
شَالَ يَشُولُ شَوْلًا وشَوَلَانًا۔ الذَّنَبُ وغَيْرُهُ: اٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْءُ وبِالشَّيْءِ: اٹھانا۔ بلند کرنا
المِيزَانُ: ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا۔
شَالَتِ القِرْبَةُ: اوالزِقُّ: پھولنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے: شَالَتْ نَعَامَتُهُ "وہ ہلکا ہوا، وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہو گیا وہ مر گیا۔ وشَالَتْ نَعَامَتُهُمْ: انھوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہو گئے۔ یا اُن کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔
أَشَالَ۔ الشَّيْءَ: بلند کرنا، اٹھانا۔
شَوَّلَ تَشْوِيلًا۔ لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوقُ: دودھ خشک ہونا
شَوَّلَ المَاءُ: کم ہونا — المَزَادَةُ: کم پانی والا ہونا — فِي المَزَادَةِ: تھوڑا پانی باقی رکھنا۔
شَاوَلَ۔ الحَجَرَ: اٹھانا — هُ وبِهِ: ہٹانا — وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔
اِنْشَالَ اِنْشِيَالًا۔ بلند ہونا۔
اِشْتَالَ اِشْتِيَالًا۔ بلند ہونا — لَهُ: تعرض کرنا۔ گالی دینا۔
اِسْتَشَالَتِ۔ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دُم کو اٹھانا
الشَّوْل۔ مع۔ سُبک، ہلکا۔ ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔ تھوڑا پانی۔ ج أَشْوَال۔
الشَّوُول۔ کام اور خدمت میں چست۔
الشَّوْلَة۔ اسم مرۃ۔ بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے — مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت
شُوْلَة وشَوَّالَة۔ بچھو کا اسم علم۔ الشَّوَّالَة: چغل خور عورت۔
الشِّوَال۔ عِنْدَ الخَائِطَةِ: بالوں یا اُون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)
الشَّال۔ کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ ج شُيُلَان۔ وشَالَات۔ اور (الشَّالَة) اخص ہے (اعجمیہ)
النَّاقَة (الشَّائِل) بغیر دودھ والی ستی کے وقت

دُم اٹھانے والی اونٹنی۔ ج شُوَل و شُوَال و شُیَّل و شُیَّل
الشَّائِلَة۔ الشائل کا مؤنث — مِنَ الإِبِلِ: اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔
ج شُوَّل۔ وا شُوَال و شُوَائِل۔
شَوَّال۔ قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے۔
ج شَوَّالَات۔ و ج شَوَاوِیل۔
المِشْوَل۔ چھوٹی درانتی۔
المِشْوَال۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اُٹھایا جائے۔
شَانَ یَشُوْنُ شَوْنًا۔ الرُّؤُوْس: دماغ کے کیڑے نکالنے کے لئے سر کو کھولنا۔
تَشَوَّنَ۔ کم عقل ہونا۔
الشَّوْنَة۔ بیوقوف عورت۔
الشُّوْنَة۔ غلہ جمع کرنے کی جگہ۔ جنگی جہاز۔ ج شُوَان۔
الشَّوَّان۔ غلہ جمع کرنے والا۔
شَاهَ یَشُوْهُ شَوْهًا و شَوَهًا۔ الوَجْهُ: چہرہ بدشکل ہونا — الرَّجُلَ: خوفزدہ کرنا۔ گھر اد ینا۔ حسد کرنا۔ نظر بد لگانا۔ کہا جاتا ہے: شَاهَتْ نَفْسُهُ إِلَى كَذَا اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔
شَوِهَ یَشْوَهُ شَوَهًا۔ الوَجْهُ: چہرہ کا بدشکل ہونا — العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ چھوٹی ہونا (ضد)
شَوَهَ۔ النَّدْبُ وَجْهَهُ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔ کہا جاتا ہے: لَا أَشْوَهَ عَلَيَّ "مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔"
تَشَوَّهَ۔ بدشکل ہونا۔ تَشَوَّهَ الرَّجُلُ شَاةً: شکار کرنا — لِفُلَانٍ: اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا۔ نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اُٹھانا کہا جاتا ہے: هُوَ يَتَشَوَّهُ أَمْوَالَ النَّاسِ لِيُصِيبَهَا بِالعَيْنِ "وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔"
الشَّوْهَة۔ مص۔ بدشکلی۔ خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔ سر بلند کرنا۔
الشَّوْهَة۔ دوری۔ بدشکلی۔

الشَّاه۔ بادشاہ۔ نسبت کیلئے (شاہی و شاہانی)
الشَّائِه۔ فا۔ حسد کرنیوالا۔ ج شُوَّه۔
شَاهْ بَنْدَر۔ سوداگروں کا رئیس۔
شَاهْ بَلُّوط۔ شاہ بلوط کا درخت۔
رَجُلٌ شَاهُ البَصَرِ و شَاهُ البَصَرِ و شَاهِيُّ البَصَرِ: تیز نظر والا
الشَّاة۔ بکری۔ بکرا جنگلی گائے۔ ج شَاءٌ و شِيَاه و شِوَاه و أَشَاوٍ و شِيَهٌ و شِيَةٌ و شُوَيٌّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَيَّة و شُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لئے شَاوِيّ جیسے سَمَاوِيّ۔
الشَّاهِيّ۔ بکری والا۔
الأَشْوَه۔ بدشکل۔ جلدی نظر بد لگانے والا۔ شکیر۔ مؤنث شَوْهَاء۔ ج شُوْهٌ۔ الشَّوْهَاء: ترشرو عورت۔ بدشکل عورت۔ خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت۔ فرس شَوْهَاء: تیز نگاہ والا گھوڑا۔
أَرْضٌ شَوْهَاء: بہت بکریوں والی زمین۔
المَشْوَه۔ بدشکل: ناہموار شکل و صورت والا
شَوَى یَشْوِي شَيًّا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو آگ میں بھوننا۔ صفت مفعولی (مَشْوِيّ)
الماء: پانی گرم کرنا۔
شَوَى و أَشْوَى۔ القَوْمَ: بھنا ہوا گوشت کھلانا — الرَّجُلَ: جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔ أَشْوَى السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔ أَشْوَى الزَّرْعُ: بھوننے کے قابل ہونا — الرَّجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔ أَشْوَى السَّعَفُ: درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا۔ اور اسی سے ہے: مَا أَعْيَاهُ وَمَا أَشْوَاهُ "وہ کس قدر کمزور ہے"
إِنْشِوَاء و اِشْتِوَاء۔ بھن جانا۔ اِشْتَوَى الرَّجُلُ: بھوننا۔
الشَّوَى۔ گھٹیا مال۔ آسان معاملہ۔ ہاتھ پیر جسم کے اطراف۔ وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (— الشَّوَاة) کھوپڑی کا چمڑا۔
الشِّوَاء و الشُّوَاء۔ بھنا ہوا گوشت وغیرہ۔ و الشِّوَاءَة و الشُّوَاءَة و الشَّوَاءَة) بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔

الشَّوَّاء۔ گوشت بھوننے والا۔
الشُّوَايَة و الشَّوَايَة و الشِّوَايَة من المال: ردی مال۔ ہلاک شدہ قوم کا مال و بقیہ ج شَوَايَا۔ سَعَفَة (شَاوِيَة) درخت خرما کی خشک شاخ۔
الشَّوِيّ۔ بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَاة۔ گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشَاوٍ
شَاءَ یَشَاءُ شَيْئًا و مَشِيئَةً و مَشَاءَةً و مَشَائِيَةً۔ چاہنا۔ صفت فاعلی (شَاءٍ) صفت مفعولی (مَشِيٌّ) — اللهُ الشَّيْءَ: مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "ماشاء اللہ" کہا جاتا ہے۔
شَيَّأَهُ۔ عَلَى الأَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔ شَيَّأَ الدَّهْرُ وَجْهَهُ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔
أَشَاءَهُ إِلَيْهِ إِشَاءَةً۔ مجبور کرنا۔
تَشَيَّأَ تَشَيُّؤًا۔ غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّيْء۔ مص۔ چیز جس کیساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشیاء ج اشاوی و اشیاوات و اشاوات و اشایا۔ اور تصغیر شَيْئ و شُيَيّ اور اشیاء و اشیاء کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّيئَة۔ شاء کا اسم (— والمَشِيئَة) الله
المُشَيَّأ۔ بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ یَشِيبُ شَيْبًا و شَيْبَةً و مَشِيبًا۔ سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (أَشْيَب و شَابّ) صفت مؤنث (شَابَّة) (مؤنث کی صفت میں شَيْبَاء نہیں بلکہ شمطاء ہے) کہا جاتا ہے: شَابَتْ رُؤُوْسُ الآكَامِ "ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں۔"
أَشَابَ۔ الرَّجُلُ: بوڑھی اولاد والا ہونا۔
أَشَابَ و شَيَّبَ۔ الحُزْنُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: غم کا بوڑھا کر دینا۔
الأَشْيَب۔ سفید سر والا — مِنَ الأَلْبَان: برف و بادل والا دن۔ ج شُيْب و شُيُب
الشِّيب: برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ
الشَّائِب۔ فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَة ج شُيَّب۔ مبالغہ کے طور پر شَيْبَان شَابّ کہا

لڑائی کے۔
یوم الشیبان) اول برف باول کا دن (——و
یوم الشیبان) ماہ دسمبر چونکہ اس ماہ میں برف اول
کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔
الشیبۃ۔ اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک
پودے ہے جس کا نام افسنتین ہے۔
الشیتان۔ ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شاحہ یشیحہ شیحا۔ علی حاجتہ: چوکنا
رہنا، کوشش کرنا۔
شیحۃ۔ ڈرانا۔ شیح خصمہ: تنگ نگاہوں سے دیکھنا
اشاحہ اشاحۃ۔ فی امرہ: کوشش کرنا، چوکنا
رہنا، محتاط رہنا۔ وجہہ وبوجہہ واشاح عنہ
وجہہ: نفرت سے منہ پھیر لینا —— المکان:
شیح نامی گھاس اگانا —— الفرس بذنبہ:
گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شایحہ مشایحۃ وشیاحا۔ جنگ
کرنا۔ فی الامر: کوشش کرنا۔
الشیح۔ ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شیحۃ)
—— من الرجال: کاموں میں کوشش کرنیوالا۔
چوکنا رہنے والا۔
الشیاح۔ مع۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط
الشیحان والشیحان والمشیح۔ لمبا
غربت مند محتاط۔
شاخ یشیخ شیخا وشیوخۃ وشیوخۃ
وشیوخیۃ وشیوخیۃ وشیخوخۃ و
شیخوخیۃ۔ بوڑھا ہونا۔
شیخ۔ بوڑھا ہونا —— ہ: تعظیم کیلئے یا شیخ
کہہ کے پکارنا —— علیہ: عیب لگانا۔ طعن شیخ کرنا
—— بہ: رسوا کرنا۔
تشیخ۔ بوڑھا ہونا۔
الشیخ۔ بڈھا۔ جو شیوخ وشیوخ واشیاخ
وشیخۃ وشیخان۔ وشیخۃ۔ وشیخۃ وجو
شیاخ واشایخ۔ مؤنث شیخۃ اور شیخ کی تصغیر
شیخی۔ شیخ المرأۃ: شوہر۔ اور شیخ کا
لفظ استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر کہ جو
لوگوں کے نزدیک علم فضیلت مرتبہ کے لحاظ سے
بڑا ہوتا ہے۔ شیخ النار: ابلیس سے کنایہ ہے
الشیخون۔ بڈھا۔
شاد یشید شیدا وشیدا۔ البناء:
عمارت کو بلند کرنا —— الحائط: دیوار پر گچ کرنا
جلدہ بالطیب: جسم پر خوشبو ملنا۔ شاد الرجل:
ہلاک ہونا (شاد الابل شیادا) اونٹوں کو ہلانا۔
اشادہ اشادۃ۔ ہلاک کرنا۔ اشاد بذکرہ:
تعریف کرکے مشہور کرنا۔ اشاد علیہ قبیحا وبقبیح:
بدنام کرکے مشہور کرنا۔ اشاد علیہ: کسی کے متعلق
برائی مشہور کرنا —— المغنی: گانے میں آواز بلند کرنا۔
اشاد صوتہ وبصوتہ: بڑے طریقہ سے آواز بلند
کرنا۔ اشاد الضالۃ: گم شدہ چیز کی تعریف
کرنا —— البنیان: لمبا کرنا۔
الشید۔ گچ وغیرہ کا پلستر۔
المشید۔ مع۔ پلستر کیا ہوا۔ (—— والمشید)
بلند کیا ہوا۔
الشیاد۔ یوم شنبہ۔ ج اشیر وشیر وشیر۔
شیرزاہ۔ البرد: سرخی سے دھاری بنانا۔
الشیز والشیزی۔ آبنوس کی لکڑی۔ یا
بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اشاشت۔ النخلۃ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا
الشیش۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشیش عند
العامۃ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح
لفظ سفود ہے۔
شیص۔ القوم: رنج وتکلیف پہنچانا۔ عذاب
دینا۔ شیصت النخلۃ: ردی کھجور والا ہونا۔
الشیص۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی
مچھلی۔ واحد (شیصۃ)
الشیص۔ خلقی۔
الشیصاء۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شیصاۃ)
المشایصۃ۔ ایک دوسرے سے جدائی۔
منافرت۔
شاط یشیط شیطا وشیاطۃ وشیوطۃ
الشیء: جلنا۔ شاطت القدر: ہانڈی کی تلی میں
جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شاط الزیت: زیتون کے تیل کا
گاڑھا ہونا۔ شاطت الذبیحۃ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم
ہوکر ختم ہوجانا —— فلان: ہلاک ہونا —— فی الامر:
جلدی کرنا —— دمہ: بیکار جانا —— فلان الدماء:
ملانا یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔
شیط واشاط۔ الصقیع النبت والدواء
الجرح: جلانا —— الراس والکرش: سری یا پائے کے
بالوں کو جلانے کے لئے جھلسنا —— القدر: ہانڈی
کو جوش دینا۔ اشاط فلانا: ہلاک کرنا۔ اشاط اللحم
علی القوم: گوشت تقسیم کرنا۔ اشاط السلطان دمہ
وبدمہ: قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔
تشیط۔ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر
وکمزور ہونا۔
اشتاط اشتیاطا۔ علیہ: غصہ سے بھڑک
اٹھنا —— الحمام: کبوتر کا خوش ہوکر اڑنا ——
من الامر: ہلکا ہونا —— فی الحرب: اپنے آپ کو
قتل کے لئے پیش کرنا۔
الشیاط۔ روئی اون وغیرہ جلنے کی بو۔
التشیط والمشیط۔ گوشت جو قوم کے
لئے بھونا جائے۔
الشنطی۔ غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المستشیط۔ بہت ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ
شیطن وشیطان۔ (دیکھو مادہ شطن)
شاع یشیع شیعا۔ بالخبر: خبر کو پھیلانا
الاناء: برتن کو بھرنا۔
شاع یشیع شیعا وشیوعا ومشاعا و
شیعانا وشیعوعۃ۔ الخبر: پھیلنا ——
فیہ الشیب: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شاعہ شیاعا۔ پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی
سے ہے "شاعکم السلام وشاعکم اللہ بالسلام"
یعنی سلامتی تمہارے ساتھ ہے اور اللہ تعالیٰ
سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اشاع۔ اشاعۃ۔ الخبر وبالخبر: پھیلانا۔ اور
کہا جاتا ہے "اشاعکم اللہ السلام وبالسلام" اللہ تعالیٰ
سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اشاع بالابل:

پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بُلانا۔
شَیَّعَہٗ۔ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَہْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا ــــ الرَّجُلُ: جرأت دلانا۔ قوی کرنا ــــ النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ــــ الشَّیْءَ بِالنَّارِ: جلانا
الرَّجُلُ: شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ــــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَہٗ۔ کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا
شَایَعَ بِہِمُ الدَّلِیْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا ــــ بِالْاِبِلِ: پکارنا آواز دینا۔
تَشَیَّعَ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ــــ اللَّبَنُ فِی الْمَاءِ: بکھرنا۔ ۵ الْغَضَبُ: دل میں غصہ بھر آنا ــــ فُلَانٌ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ــــ ۵ الشَّیْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَایَعَ تَشَایُعًا۔ الْقَوْمُ: مختلف گروہ ہونا
تَشَایَعُوْا عَلَی الْاَمْرِ: باہم موافق ہونا۔ تَشَایَعُوْا فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔ تَشَایَعَتِ الْاِبِلُ: متفرق ہونا۔
اِشْتَاعَ اِشْتِیَاعًا۔ فِی الدَّارِ: شریک ہونا۔
الشَّیْعُ۔ مع۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْیَاعٌ۔ کہا جاتا ہے: "ہٰذَا شَیْعُ ذَاکَ" یہ اسکے مثل ہے۔ اور اسی سے ہے: "کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِہِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کیساتھ کیا گیا۔ "وَاَقَمْتُ عِنْدَہٗ شَہْرًا اَوْ شَیْعَ شَہْرٍ" میں نے اسکے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ "وَکَانَ مَعَہٗ بِمِائَۃِ رَجُلٍ اَوْ شَیْعِ ذٰلِکَ" اسکے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ "نَزَلُوْا مَوْضِعَ کَذَا اَوْ شَیْعَہٗ" "وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اترے۔" "آتِیْکَ غَدًا اَوْ شَیْعَہٗ" "میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔"
الشَّاعَۃُ۔ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں۔ اور یہ شائع کی جمع ہے۔
شِیْعَۃٌ۔ الرَّجُلُ: پیروکار۔ ج شِیَعٌ و اَشْیَاعٌ و اَشْیَاعٌ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِیْعِیٌّ)
الشَّیِّعُ۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا شَیِّعُ ہٰذَا" یہ اُس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَّعٌ و۔ مؤنث شَیِّعَۃٌ۔ کہا جاتا ہے: "الدَّارُ شَیِّعَۃٌ بَیْنَہُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔
الشِّیَاعُ۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔
الشِّیْعُ۔ آگ سلگانے کی چیز۔
الشَّائِعُ۔ فا۔ حَدِیْثٌ شَائِعٌ وَشَاعٌ بحذف عین: پھیلی ہوئی بات۔ سَہْمٌ شَائِعٌ وَشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔
المَشَاعُ و المَشَاعُ۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مَشَاعُ الْقُرٰی" وہ چیزیں جن میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔
المُشَیَّعُ۔ بھرا ہوا برتن کمیتگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔
المِشْیَعَۃُ۔ ٹوکری جس میں عورتیں روٹی رکھتی ہیں۔
المُشَیِّعُ۔ مقدم۔ بہادر۔ جلد باز۔
المِشْیَاعُ۔ تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔
رَجُلٌ مِشْیَاعٌ: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُشَایِعُ و المُشْتَایِعُ۔ شریک۔
شَاقَہٗ یَشِیْقُہٗ شَیْقًا۔ اِلَیْہِ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے: "شَاقَ الطُّنُبَ اِلَی الْوَتِدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِّیْقُ۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانور کی دُم کے بال۔ الشِّیْقُ: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِیْقَۃٌ)
الشَّیَّالُ۔ قلی۔ بوجھ اٹھانے والا۔ و (الشَّیَّالَۃُ) بوجھ اُٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ یَشِیْمُ شَیْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا صفت (اَشْیَمُ) مؤنث شَیْمَاءُ۔ ج شِیْمٌ و شُوْمٌ۔
السَّیْفُ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان کو سونتنا (ضد)
ــــ البَرْقُ: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے: "شَامَ مَخَایِلَ الشَّیْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی۔ شَیْمًا وَشُیُوْمًا۔ الرَّجُلُ: جم کے حملہ کرنا ــــ فِی الْاَمْرِ: داخل ہونا۔ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: چھپانا ــــ الشَّیْءَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: "شِمْ مَا بَیْنَہُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَیْمٌ وَاَشَامَ وَاِشْاَمَ وَاشْتَامَ۔ فِی الْاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَیْمَ یَدَیْہِ فِی رَاْسِ فُلَانٍ: لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ الشَّیْمُ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَیَّمَ۔ اَبَاہُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ــــ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا ــــ الشَّیْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَّامَۃُ۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَامٌ و شَامَاتٌ۔ کہا جاتا ہے: "سَارُوْا شَامَاتٍ فِی الْبِلَادِ" "وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔" جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔
الشِّیْمَۃُ وَالشِّمَّۃُ۔ عادت۔ طبیعت ج شِیَمٌ۔
الشَّیِّمُ۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی کچی پر باقی ہو۔
الشَّیْءَامُ۔ نرم زمین۔ مٹی۔
الشِّیْءَامُ۔ مٹی۔ چوہا۔ ج شِیْءَمٌ۔
المَشِیْمُ وَالمَشُوْمُ وَالمَشْیُوْمُ۔ تل والا۔
المَشِیْمَۃُ۔ بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج شَیَائِمُ و شَیَائِمُ۔
شَانَہٗ یَشِیْنُہٗ شَیْنًا۔ عیب لگانا۔
شِیْنٌ۔ حرف "ش" لکھنا۔
المَشَایِنُ۔ عیوب۔
شَاہَہٗ یَشِیْہُہٗ شَیْہًا۔ نظر بد لگانا۔
الشَّیُوْہُ۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے: "ہُوَ شَیُوْہٌ مِنْ اَشْیَہِ النَّاسِ" "وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔"
الشِّیَہَۃُ۔ (دیکھو وشی) الشَّای۔ چائے

ص

صَبَبَ (س) صَبًّا: مِنَ الشَّرَابِ: شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَبِبَ وَاصْبَابَ (افعال): سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔
الصُّوَابَۃ۔ جوں کے انڈے۔ ج صُوَاب۔
الصِّبَّان: چھوٹے چھوٹے موتی کے دانے اولے۔
الصُّبَّۃ۔ غلہ کا ڈھیر۔
المُصَبَّاب۔ شراب سے بھرا ہوا۔
صَاصَا۔ الجَرْو: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا۔ الرَّجُلُ: مرد کا بزدل ہونا — مِنْ فُلَانٍ: ڈرنا۔ صَاصَاۃً مِنْہُ: خوف کرنا۔ تابع ہونا۔
الصِّنْصَاۃ۔ ردی کھجوریں۔
صِنْصِئَۃ۔ الدِّیک: مرغ کی ٹانگ کا ناخن۔
صَئِکَ (س) صَأَکًا۔ بدبودار پسینہ نکلنا — الدَّم: خون جمنا — بہ چپکنا۔
صَاءَکَ: مُصَاءَکَۃً۔ سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔
الصَّئِک۔ مِنَ الرِّجَال: مضبوط آدمی۔
صَوْلَ (ک) یَصُوْلُ صَآلَۃً۔ البَعِیْر: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مارڈالنا صفت فعل وصَؤُوْل۔
صَأَلَ یَصْئِلُ صَئِیْلًا۔ الفَرَس: گھوڑے کا ہنہنانا۔
صَأَمَ یَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَیْشُ عَلَی القَوْم: لشکر کی رہنمائی کرنا۔
صَئِمَ یَصْئَمُ صَأَمًا۔ بہت پانی پینا۔
الصَّائِم۔ پیاسا۔
صَاءَ یَصِیْءُ وَیَصَاءُ صَیْئًا وَصَیْئًا وَصَیَاءً۔ الفَرْخُ: پرند کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ کچھوا کا آواز کرنا۔ اسی کو ضءب بھی کہتے ہیں یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَمْ أَرَ کَالْیَوْمِ صَاءَ وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔
أَصْأَی۔ بچوں چوں کرانا۔
صَبَّ (ن) صَبًّا۔ المَاءَ: پانی انڈیلنا — فِی الوَادِیْ: وادی میں اترنا — الدِّرْعَ: زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَی فُلَانٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے صَبَّ عَلَیْہِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ: اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ صَاعِقَۃً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔
صَبَّ۔ رِجْلَہٗ فِی القَیْدِ: یعنی بیڑی پہنادی۔
صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ: پانی گرنا۔
صُبَّ۔ الشَّیْءُ: مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔
صَبَّ (س) صَبَابَۃً۔ إِلَیْہِ: عاشق ہونا۔
أَصَبَّ إِصْبَابًا۔ القَوْمُ: قوم کا نیچے اترنا۔
اِنْصَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا — عَلَیْہِ: اترنا۔ کہا جاتا ہے اِنْصَبَّتْ قَدَمَاہُ فِی الوَادِیْ۔ اسکے قدم وادی میں جم گئے۔
اِصْطَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا۔
اِصْطَبَّ وَتَصَابَّ۔ المَاءَ: بچا ہوا پانی پینا۔
اِصْطَبَّ وَتَصَابَّ۔ العَیْشَ: بقیہ زندگی گزارنا۔
تَصَبَّبَ۔ المَاءُ وَنَحْوُہٗ: پانی بہنا۔
الصَّبّ۔ عاشق ج صَبُّوْن۔ مؤنث صَبَّۃ ج صَبَبَاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔
الصُّبَّۃ والصِّبَّۃ۔ گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)
الصِّبَّۃ۔ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے اونٹ بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔
الصَّبَب۔ نشیب۔ ج أَصْبَاب۔
الصُّبَابَۃ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَات کہا جاتا ہے "لَمْ أُدْرِکْ مِنَ العَیْشِ إِلَّا صُبَابَۃً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔
الصَّبَابَۃ۔ عشق۔ سوزشِ عشق۔
الصَّبِیْب۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد پسینہ۔ خون۔ عندم کا پنجوڑ۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ گرانی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے۔ وَضَعْتُ صَبِیْبَ السَّیْفِ فِی بَطْنِہٖ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔
المَصَبّ۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابّ۔
المِصَبّ۔ حروف ڈھالنے کا سانچہ۔
المَصْبُوْب۔ گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز پر برا نگیختہ کیا ہوا۔
صَبَأَ (ف) صَبْأً وَصُبُوْءًا: تبدیلِ مذہب کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صَابِئ — عَلَیْہِمْ: اچانک پہونچ جانا۔ — الحَدُّ عَلَیْہِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا — وَ أَصْبَأَ إِصْبَاءً — النَّابُ أَوِ المِنْبَاتُ: دانت نکلنا۔ صِبَاتٌ أَتَوْا وَأَصْبَأَ القَوْمُ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔
الصَّابِئُوْنَ وَالصَّابِئَۃ۔ ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔
الصَّبَاءُوْت والصَّبَاؤُوْت: جمع صَبِیٌّ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے رَبُّ الصَّبَاءُوْت یعنی شرافت والا۔
صَبَحَ (ف) صَبَاحًا۔ القَوْمُ: صبح کے وقت آنا — عَنِ الحَقِّ: حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ (س) صَبَحًا وَصُبْحَۃً: چمکدار روشن ہونا — الشَّعْرُ: بال کا چمکدار ہونا۔ الحَدِیْدَۃ: لوہے کا چمکدار ہونا۔
صُبِحَ (ک) صَبَاحَۃً۔ الوَجْہُ: چہرے کا

روشن وچمکدار ہونا — الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیحٌ۔

صَبَّحَہٗ۔ صبح کے وقت آنا صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ الْقَوْمَ الْمَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا — الرَّجُلُ: صبح کا سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ صَبَّحَکَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ۔

اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا — الْمِصْبَاحَ: چراغ جلانا۔ الْحَقَّ: حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ۔ یَا رَجُلُ: اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے۔ صَبَاحَ اللّٰہِ لَاصَبَاحَکَ۔

تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِہٖ: صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَمَاسَنُ "فلاں بتکلف خوبصورت وحسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلشَّحْمُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِہٖ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے الرَّجُلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَۃٌ اِصْبِیحَاحًا۔ الشَّعْرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ۔ الرَّجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْحُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح

الصُّبْحَۃ بم۔ ناشتہ سیاہ رنگ مائل بسرخی (— والصُّبْحَۃُ) صبح کی نیند۔

الصَّبَاحُ والصَّبِیحَۃُ الْاَصْبُوحَۃُ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کا ضد ہے تم کہتے ہو۔ "اَتَیْتُہٗ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزؤں کو مبنی کر کے اور "اَتَیْتُہٗ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "لَمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ یَوْمُ الصَّبَاحِ: لوٹ کا دن۔

الصُّبَاحُ۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَۃٌ ج صِبَاح۔

الصُّبَاحِیَۃ۔ چوڑا نیزہ۔

الصُّبَاحِیّ۔ بہت سُرخ خون۔

الْاَصْبَحُ۔ شیر۔ بال جس میں خلقۃً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سُرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ ج صُبْحٌ۔

الصَّبُوحُ۔ جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ ذَا صَبُوحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّبِیح۔ خوبصورت۔ ج صِبَاح۔ مؤنث صَبِیحَۃٌ ج صِبَاح۔

الصَّبْحَان۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی۔ ج صُبَاحٰی۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پیئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانُ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّبَاحِیَۃ۔ خوبصورتی۔

الْمُصْبَح۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت صبح کرنے کا مقام۔

الْمِصْبَح۔ بڑا پیالہ۔ چراغ۔

الْمِصْبَاح۔ چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ بڑا پیالہ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیح۔

صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَی الْاَمْرِ: دلیری کرنا بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیرٌ صَبُورٌ — عَنِ الشَّیْءِ: رُک جانا — الدَّابَّۃَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا — ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا — ہ عَنِ الْاَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا "یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلٰی مَا اَکْرَہُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ۔ جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپکو روکدیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے۔ قُتِلَ صَبْرًا۔ وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ وَحُلِفَ صَبْرًا۔ قسم کھانے کے لئے بند کیا گیا۔

صَبَرَ (ن) صَبْرًا وَصَبَارَۃً بہ: ضامن ہونا — ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اَنَا صَبِیرٌ بِہٖ مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَہٗ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا

المیت: مردہ کے پیٹ میں ایلوا کا لگانا

بدبودار ہونے۔ صَبَّرَ الْکَاسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرُ۔ اللَّبَنُ: کھٹے پن کا کچھ تمکنت پیدا ہونا ایلوے کے مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا — الرَّجُلُ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیر کا گاگ لگانا — الْقَاضِی فُلَانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَہٗ صِبَارًا وَمُصَابَرَۃً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔

تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا — عَلَیْہِ: صبر کرنا۔

اِصْطَبَرَ وَاصْبَرَ۔ عَلَیْہِ: صبر کرنا — مِنْہُ: بدلہ لینا۔

اِصْبَارًّ اِصْبِرَارًا۔ عَلَیْہِ: صبر کرنا۔

اِسْتَصْبَرَ۔ الشَّیْءُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا تہ بتہ ہونا۔

الصَّبْر۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ شَہْرُ الصَّبْرِ: رمضان کا مہینہ یَوْمُ الصَّبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کر دیا جائے۔

الصِّبْرُ والصُّبْر۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَصْبَارِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔ وَمَلَأَ الْکَاسَ اِلَی اَصْبَارِہَا پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔

الصُّبْرُ والصُّبُر۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔

الصَّبَر۔ برف۔ ج اَصْبَار۔

الصَّبِر۔ ایلوا۔ ج صُبُور۔ واحد صَبِرَۃٌ۔ تا لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔

الصُّبْرَۃ۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پھروں کا ڈھیر جمع صِبَار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ صُبْرَۃً" بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔

الصابون۔ فا۔ أبو صابر: نمک۔
الصابورۃ۔ بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر اُدھر نہ جھکنے پائے
الصبورۃ والصبارۃ۔ سخت سردی
صبارۃ الشتاء: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصبار۔ گاگ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصبارۃ۔ ضمانت۔ سردی کی شدت۔
—— والصبارۃ۔ چکنے پتھر۔
الصبار والصبار۔ املی۔ ناگ پھنی۔
واحد صبارۃ۔ صبارۃ۔
الصبارۃ۔ بنجر سخت زمین۔
الصبور ج۔ صبر۔ بردبار۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (—— والصبار) بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصبورۃ۔ من الرجال: قتل کے لئے نذر کیا ہوا۔
الصبیر۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا چودھری۔ ج صبراء۔
الصبیر والصبیرۃ۔ چوڑی روٹی۔
ام صبار وام صبورۃ۔ مصیبت۔
المصبور۔ قتل کے لئے قید کیا ہوا۔ ڈھیر مؤنث مصبورۃ۔
صبصب۔ متفرق کرنا۔
تصبصب۔ متفرق ہونا۔ تصبصب اللیل: رات کا اکثر حصہ گزر جانا۔ الحر: گرمی زیادہ ہونا۔ علینا فلان: بہت جرأت کرنا۔
الصبصاب والصبصب و الصباصب۔ سخت مضبوط۔
صبع (ن) صبعا۔ بہ وعلیہ: انگلی سے اشارہ کرنا۔ فلانا علیہ: اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صبعہ (ن) صبعا ومصبعۃ۔ تکبر بنانا۔ اسی سے ہے "من ولاہ السلطان صبعہ الشیطان" جسکو سلطان والی بنا دیتا ہے شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔
صبغ الشیء: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ——
بین القوم: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا
فی الطعام: کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الاصبع والاصبع الاصبع الاصبع الاصبع الاصبع الاصبع الاصبع
الاصبع۔ انگلی۔ مؤنث سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے ج اصابع اصابع الفتیات: ایک پھول کی قسم فرنجمشک اصابع العذاری اور اصابع العروس: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المصبعۃ۔ غرور تکبر۔ گھمنڈ۔
المصبوع۔ گھمنڈی۔ متکبر۔
صبغ (ن ض ف) صبغا وصبغا۔ الثوب: کپڑے کو رنگنا —— یدہ فی الماء: پانی میں ہاتھ ڈبونا —— یدہ بالعمل: کام میں مشغول ہونا۔
فلانا بالنعیم: نعمتوں سے چھپا دینا۔ صبغہ بالماء فاصطبغ: پانی سے بپتسمہ دینا۔ کہا جاتا ہے "صبغونی فی عینک" یعنی انھوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صبغ (ن) صبوغا۔ ضرع الناقۃ: اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صبغ۔ گہرا رنگنا (—— واضبغ) کھجور کا پکنے لگنا اضبغ علیہ النعمۃ: کامل کرنا۔
تصبغ۔ فی دینہ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اصطبغ۔ سالن لگانا۔ کہا جاتا ہے "اصطبغ بالخل او فی الخل" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔
بکذا: رنگین ہونا۔
الصبغ والصبغ ج۔ اصباغ والصباغ ج اصبغۃ والصبغۃ۔ رنگ۔
الصبغ۔ سالن۔
الصبغۃ۔ نوع۔ ملت۔ دین۔ بپتسمہ کا رنگ۔
الصبغۃ۔ ادھ پکی کھجور۔
الصباغۃ۔ رنگریزی کا پیشہ۔
الصابغ۔ رنگنے والا۔ لقب ہے یوحنا کا
الصبیغ۔ رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ثوب صبیغ" "ثیاب وصبغ"
الصباغ۔ رنگریز۔ جھوٹا۔
الاصبغ۔ بڑا سیلاب —— من الطیر والشاۃ پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو —— من الخیل: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔ مؤنث صبغاء ج صبغ۔
المصبغۃ۔ رنگنے کی جگہ۔
صبن (ض) صبنا۔ الشیء عنہ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ——
المشاعر الکعبین: جوا کی پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا۔
انصبن وانصطبن۔ عنہ: رک جانا۔ پھر جانا۔
الصابون۔ صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے عربی میں غاسول کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو صابونہ کہتے ہیں۔ اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صبان وصابونی کہتے ہیں۔
الصابونیۃ۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المصبنۃ۔ صابون کا کارخانہ۔
صبا یصبو صبوۃ وصبوۃ وصبوا
الیہ ولہ: مشتاق ہونا۔
صبا یصبو صبوا وصبوا وصبا وصبا وصباء۔ بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صاب مؤنث صابیۃ۔
صبت صباء وصبوا۔ الریح: پروائی ہوا کا چلنا۔
صبی واصبی۔ القوم: پروائی ہوا کا لگنا۔
اصبی۔ الرجل: بچے والا ہونا۔ اصبی الشیء فلانا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے "اصبتہ المکارم": اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صبی یصبی صباء واستصبی۔ بچوں جیسا کام کرنا۔ صبی الیہ: مشتاق ہونا۔

اِسْتِصْبَاہ: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔

صَابَی مُصَابَاۃً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا — السَّیْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا — الکَلَامَ: — بے قاعدہ بولنا — بَیْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا

تَصَبّٰی تَصَبِّیًا وَتَصَابٰی تَصَابِیًا کھیل کود کی طرف مائل ہونا — المَرْأَۃُ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاہُ الشَّیْءُ: شوق میں ڈالنا۔

الصَّبَا۔ پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُور ہے تثنیہ اسکا صَبَوَان اور صَبَیَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔

الصِّبَا۔ شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء۔ بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَیْتُہٗ فِی صِبَاہُ اَوْ فِی صَبَاہُ۔ یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَّبُوَۃ۔ بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَّبِیّ۔ بچہ۔ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صُبْیَان وصِبْیَان وصُبُوَان وصُبُوّان وَاَصْبِیَۃ وصِبْیَۃ وصَبِیَّۃ وصُبَیَّۃ وصُبْیَۃ وصِبْوَۃ واَصْبٌ مؤنث صَبِیَّۃ ج صَبَایَا۔ الصَّبِیَّۃ: لڑکی۔ اَلصَّبِیُّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے بِہٖ وَجَعٌ فِی صَبِیِّ قَدَمِہٖ اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَّبِیَّان۔ ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُّبَیَّۃ الاُصَیْبِیَۃ۔ صَبِیّ کی جمع صِبْیَۃ اور اَصْبِیَۃ کی تصغیر ہے۔

الصَّابِیَۃ۔ پُروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔

المُصَابِیَۃ۔ مصیبت۔

صَبَّہٗ (ن) صَبًّا۔ زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا — بِالکَلَامِ اَوْ بِدَابِیَۃٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَابَّہٗ مُصَابَّۃً وصِبَابًا۔ جھگڑا کرنا۔ تَصَابَّ۔ القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَّبُّ والصِّبُّ والصُّبَّۃ۔ جماعت

الصِّبُّ والصُّبَّۃ: ضد۔ ہٹ۔

الصَّبَبُ۔ درپے۔ کہا جاتا ہے ھُوَ بِصَبَبِہٖ وہ اس کے درپے ہے۔

الصَّبِیب۔ جماعت۔ آواز۔ شور۔

المِصْبِیب۔ اپنے کاموں میں مستعد۔

صَبَغَہٗ (ن) صَبْغًا۔ پچھاڑ دینا — لَہٗ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَبَّغَ۔ کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَّبِیغ۔ مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَبَّمَ۔ الشَّیْءَ: مکمل کرنا۔

تَصَبَّمَ۔ تیز دوڑنا۔

الصَّبْم والصَّمْصَم۔ سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔

الصَّبْمَۃ والصَّبِیمَۃ۔ سخت پتھر۔

المُصَبَّم۔ گلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔

صَبَّحَ (ن) صَبْحًا۔ لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصَّبُّوح والصَّبِیحَۃ۔ لوہے پر لوہا گرنے کی آواز جھنکار۔

صَحَّ (ض) صَحًّا وصِحَّۃً وصَحَاحًا۔ تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا — الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا صفت صَحِیح وصَحِیح۔ کہا جاتا ہے صَحَّ لِی عَلٰی فُلَانٍ کَذَا۔ یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِیضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا — الکِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّ اِصْحَاحًا۔ تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِکَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِہٖ: مرض سے تندرست ہونا — الکَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِّحَّۃ۔ ض۔ تندرستی۔

الصَّحَاح۔ ض۔ مِنَ الظَّرِیق: دشوار حصہ۔

الصَّحِیح۔ تندرست۔ عیب و نقص سے بھروسہ کے قابل ہو اَصِحَّاء وصِحَاح وصُحَاح۔

المَصَحّ۔ صحت کی جگہ۔

المَصَحَّۃ والمُصِحَّۃ۔ صحت دینے والی صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے۔ اَلطِّبُّ مَصَحَّۃٌ۔ یعنی روزہ صحت دینے والا ہے۔ صحت کا حافظ ہے وَاَرْضٌ مَصَحَّۃٌ ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَۃً وصَحَابَۃً وصُحْبَانًا وصَاحَبَہٗ مُصَاحَبَۃً۔ ساتھی ہونا۔ ساتھی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَّبَ (ف) صَحْبًا۔ اَلرَّجُلُ: کمال

اَصْحَبَ۔ اَلرَّجُلُ: ساتھی والا ہونا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد آسانی ہونا — المَاءُ: پانی کا کافی ہونا — فُلَانًا: محفوظ رکھنا — وَعَنْ کَذَا: — وَالشَّیْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا یَتَصَحَّبُ مِنْ شَیْءٍ یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ۔ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَہٗ۔ ساتھی بنانا۔ بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بننا۔ اِسْتَصْحَبَہٗ لِکَذَا کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا — اَلشَّیْءَ کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَّاحِب۔ ساتھی۔ ایک ساتھ رہنے بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے صَاحِبُ حُمَاۃَ یعنی حماۃ اور صَاحِبُ یا صاحب کی ترخیم ہے ج صَحْب واصحاب

صَحَابٌ وصُحبان وصِحابة وصَحابة
اصحاب کی جمع اَصاحِب۔
الصاحِبة۔ صاحب کا مؤنث۔ بیوی
صاحِبات وصَواحِب۔
الصَحابة۔ وہ حضرات جو سرورِ کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں
اور ایمان لائے ہوں اور ایمان ہی پر انتقال
کیا ہو۔
الصَحابی۔ جو صحابۂ کرام کی طرف منسوب ہو
ہر صحابہ کرام میں سے فردِ واحد۔
المُصاحِب۔ ساتھ رہنے والا۔ دشواری
سے فرمانبردار ہونے والا۔
المُصْحَب۔ پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے
صُحْب: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ
کیا گیا ہو۔ اَدیم مُصْحَب: وہ چمڑا جس سے
بال دور نہ کئے گئے ہوں۔
المُصْحِب والمِصْحاب۔ فرمانبردار۔ ذلیل
اَصْحَب: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔
مُصْحَب: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔
المَصْحُوب۔ مفر۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا
جس سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُودٌ
مَصْحُوب: وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو
کہا جاتا ہے "اُذْهَبْ مَصْحُوبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ
تربیت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔
صَحْرَان، صَحْرا۔ اللبن: دودھ کو اُبالنا۔
صَحْرَة الشمس: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔
صَحِرَ (س) صَحَرًا وصُحارًا۔ الحمار:
گدھے کا زور سے رینکنا۔
صَحِرَ (س) صَحَرًا۔ سرخی مائل مٹیالا ہونا۔
صفت اُنثیٰ صَحْرا، جمع صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرة
الصَحْر: جنگل کی طرف جانا — المکان:
مکان کی مانند وسیع ہونا — الأمر وبالأمر: ظاہر
کیا جاتا ہے "لا تَصْحَرْ أمرَكَ" یعنی اس کے
سبب اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اِصْحَرْ مافي قلبك"
یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو۔ الرجل: کالا ہونا۔

اِصْحارّ اِصْحِيرارًا۔ سرخی مائل مٹیالے
رنگ والا ہونا۔
الصَحَر۔ سرخ سفید رنگ۔
الصَحْراء۔ بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔
ج صَحارٍ وصَحارٍ وصَحارِی وصَحْراوات۔
الصَحِيرَة۔ دودھ جو اُبالا جائے اور اس
میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔
المُصاحِر۔ وہ شخص جو اپنے مقابل سے
بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔
المُصْحِر۔ شیر۔
صَحْصَحَ۔ الأمرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الصَحْصَح والصَحْصاح والصَحْصَحان
ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج
صَحاصِح۔ التَرِبات الصَحاصِح وتُرَبات الصَحاصِح:
لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔
الصُحْصُح والصُحْصُوح۔ من الرِجال:
مرد باریک ہیں۔
المُصَحْصِح۔ خالص محبت والا۔ باطل کو ترک
صَحَّفَ۔ الكلمةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔
اَصْحَفَ۔ الكِتابَ: کتاب میں صحیفوں کو
جمع کرنا۔
تَصَحَّفَ۔ القارئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔
کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَحِيفَةُ" یعنی
صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔
الصَحْفَة۔ بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی
آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحاف۔ الصِحاف: چھوٹے
چھوٹے چشمے۔
الصِحافَة۔ اڈیٹری۔ عالَم الصَحافة:
محررین اخبار۔
الصَحِيفَة۔ لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِيفَة
الوَجْه: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے مِنْ صَحِيفَة
وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج
صَحائِف وصُحُف۔
الصُحَيْفَة۔ چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی
آسودہ ہو۔

الصَحِيف۔ روئے زمین۔
الصَحّاف۔ پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔
کتب فروش۔
الصَحَفِي۔ بغیر استاذ کے کتب بینی سے
علم حاصل کرنے والا۔ (— والصَحَف) پڑھنے
میں غلطی کرنے والا۔
المُصْحَف والمِصْحَف والمُصْحُف
مجلد کتاب۔ مَصاحِف: جمع۔
المُصَحَّف۔ تغیر کیا ہوا
صَحِلَ (س) صَحَلًا صَوْتُه: پڑی ہوئی
آواز والا۔ اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت
صَحِلٌ وأصحَل۔
اِصْطَحَمَ۔ الرجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
اِصْحامّ اِصْحِيمامًا۔ النَبات: پودہ کا
بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی کو ملنا۔ صفت
أصْحَم مؤنث صَحْماء۔ رنگ صُحْمة — الأرض: زمین
کے نباتات کا متغیر ہونا — الزرعُ: سردی
لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔
صَحَنَه (ف) صَحْنًا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے
"صَحَنَهُ عِشْرِينَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس
کوڑے مارے۔ صَحَنَه بِرِجْلِه: پیر سے مارنا —
الرجُلُ: کسی کو پیالہ میں پھر دینا۔ صَحَنَه دِينارًا:
دینار دینا — بَيْنَهُم: اصلاح کرنا۔
الصَحْن۔ چوڑا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی
حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ واسِعُ الصَحْن" الصَحْن
الدار: انگنائی۔ الصَحْن مِنَ الأرض: ہموار زمین۔
ج صُحُون۔ الصَحْنان۔ جھانجھ ایک قسم کا باجا۔
صَحْنا۔ الأذُنِ: کان کے اندرونی حصے
فَرَسٌ صَحُونٌ۔ لات مارنے والا گھوڑا۔
الصَحْنى والصَحْناة والصَحْناء
والصَحْناءَة۔ بھونی نمک لی ہوئی مچھلی۔
المِصْحَنَة۔ برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو
صَحا يَصْحُو صَحْوًا وصُحِيًّا ويُصْحِي ويُصْحِي صَحًّا
وأصْحَى إصْحاءً۔ الیوم: دن کا بغیر بادل کے صاف
ہونا۔ صفت صَحْو وصاحٍ ج صُحْ — السكران:

نشہ اتر جانا — الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ۔ ج صَاحُونَ صُحَاةٌ۔ مؤنث صاحِیَۃٌ ج صَاحِیَاتٌ وصَوَاحٍ۔ اَصحاہ: ہوش میں لانا۔ اَصحَی القَومُ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْو۔ کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ ویَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاۃ۔ باعثِ افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِیہِ مَسْلَاۃٌ مِنْ کَرْبِ الہَمِّ وَمَصْحَاۃٌ مِنْ سُکْرِ الہَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشۂ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاۃ۔ برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ (ن) صَخًّا۔ الحَدِیدَ بِالحَدِیدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا — الصَّوتُ الأُذُنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (— صَخًّا صَخِیخًا) الحَدِیدُ: لوہے کا آواز کرنا — لِحَدِیثِہٖ: کان لگانا۔

الصَّخَّۃ۔ اسم مرۃ۔ باری (— والصَّخ و الصَّخِیخ) پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّخِیخ۔ خوف زدہ کوّے کی آواز۔

الصَّاخَّۃ۔ سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صَخِبَ (س) صَخَبًا۔ شور مچانا۔

صَاخَبَہٗ مُصَاخَبَۃً۔ ایک دوسرے پر شور مچانا۔

تَصَاخَبَ۔ القَومُ: باہم شور مچانا اور ریٹ کرنا۔

اِصْطَخَبَتِ۔ الطَّیرُ او الضِّفْدَعُ: پرند یا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصَّخَب۔ مم۔ شور۔

الصَّاخِب و الصَّخَّاب و الصَّخُوب و الصَّخْبَان۔ شور مچانے والا۔ مؤنث صَخَبَۃٌ و صَخَّابَۃٌ و صَخُوبٌ و صَخْبَی۔

صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا — الیَومُ: سخت گرم ہونا۔

صَخَدَتْہُ (ف) صَخْدًا۔ الشَّمسُ: جلانا۔

الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔

صَخَدَ (ف) صُخُودًا۔ اِلَیہِ: کان لگانا

اَصْخَدَ۔ الحَرُّ: گرمی تیز ہونا — الرَّجُلُ گرمی میں داخل ہونا — الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصَّاخِدَۃ۔ دوپہری۔

الصَّخْدَان و الصَّخَدَان۔ سخت گرمی کا دن۔

صَخِیخُ۔ الشَّمسِ: گردۂ آفتاب۔

ہاجِرَۃٌ صَخُودٌ۔ سخت گرم دوپہری۔ ج صَیَاخِید۔ صَیَاخِیدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔

المَصْخَدَۃ۔ دوپہر ج مَصَاخِد۔

المُصْطَخِد۔ دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صَخَّرَہٗ۔ فرمانبردار کرنا۔

اَصْخَر۔ المَکَانُ: پتھریلا ہونا صفت مُصْخِر۔

الصَّخْرَۃ الصَّخَرَۃ۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان ج صَخْرٌ و صُخُورٌ و صُخُورَۃٌ و صَخَرَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَۃُ الوَادِی" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصَّخْر۔ مِنَ الأَمکِنَۃِ: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ صَخِرُ الوَجْہِ او اَصْخَرُ الوَجْہِ" یعنی وہ بے حیا ہے۔

الصَّاخِر۔ لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصَّاخِرَۃ۔ پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔

صَخَفَ (ف) صَخْفًا۔ الأَرضَ: زمین کھودنا

المِصْخَفَۃ۔ زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال پھاوڑا۔

صَخِمَتْہُ (ن) صَخَمًا۔ الشَّمسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔

اِصْطَخَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

صَخِیَ یَصْخَی صَخًا۔ الثَّوبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ۔

الصَّخَاۃ۔ بیل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔

صَدَّ (ن) صَدًّا۔ عَنْ کَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَّ السَّبِیلَ" یعنی راہ کے ورے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوئی

صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُودًا۔ اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ۔ ج صُدَّادٌ و صُدُودٌ۔ مؤنث صَادَّۃٌ ج صَوَادُّ و صُدَّادٌ۔

صَدَّ (ن ض) صَدِیدًا۔ مِنَ الحَیِّ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّہٗ۔ مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلنَّ یُصَادُّہٗ وَیُضَادُّہٗ" یعنی وہ مدافعت کرتے ہیں

صَدَّدَ۔ تالی بجانا — الجُرْحُ: پیپ دینا۔

اَصَدَّہٗ۔ عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَہٗ: درپے ہونا۔

اِصْطَدَّتْ۔ المَرْاَۃُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصُّدّ۔ مم — الصُّدّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج اَصْدَادٌ و صُدُودٌ۔

الصَّدَد۔ درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ

الصِّدَاد۔ پردہ ج اَصِدَّۃٌ۔

الصَّدُود۔ روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔

الصَّدِید۔ مم۔ پیپ خون سے ملی ہوئی

صَدِیدُ الفِضَّۃِ: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّاد۔ سانپ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَادِید۔

صَدِیَ (س) صَدًا و صُدُوًّا

صَدَاءَۃٌ۔ الحَدِیدُ: زنگ لگ جانا صفت صَدِیٌّ مؤنث صَدِیَّۃٌ — الشَّیءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَا مؤنث صَدْآءُ — الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا دیکھنا۔

صَدِئَ (ف) صَدَأً و صَدَاءً

الشَّیءُ: زنگ دور کرنا — المَرْاَۃُ: صاف کرنا۔

أَصْدَأَهُ۔ مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ لَهُ۔: درپے ہونا۔
الصَّدَأ۔ زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئ۔ جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: رَجَعَ فُلَانٌ صَادِئًا صَدِئًا فُلَانٌ شخص واپس آیا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأَة۔ مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ (ن) صَدْحًا وَصُدَاحًا۔ الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ وَصَدَّاحٌ وَصَيْدَحٌ وَصَيْدَاحٌ وَصُدُوحٌ وَصَيْدُوحٌ وَمِصْدَحٌ وَمِصْدَاحٌ۔
الصَّدَح۔ عَلَم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ہر صَدْحَانٌ۔
الصَّدْحَة وَالصُّدْحَة وَالصَّدَحَة: مہر جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا وَمَصْدَرًا عَنِ الْمَكَانِ وَعَنِ الْمَاءِ: واپس ہونا — اِلَى الْمَكَانِ: متوجہ ہونا — الرَّجُلُ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا۔ — صُدُورًا) الْأَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا — مِنْهُ: ظاہر ہونا — عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا۔ سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ۔ سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُورٌ
صَدَّرَهُ۔ واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الْكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
أَصْدَرَهُ عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ أَصْدَرَ الْأَمْرَ: ظاہر کرنا — الرَّجُلَ: لیجانا۔ کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ يُورِدُ وَلَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ۔ عَلَى الشَّيْءِ وَبِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ۔ صدر مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ الْمَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔ — الْفَرَسُ: گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا
تَصَادَرُوا۔ عَلَى مَا شَاءُوا: صدر روا۔
الصَّدْر۔ ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا تم کہتے ہو "أَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ الْقَوْمِ: رئیس الصَّدْرُ الْأَعْظَم: وزیر اعظم ہر صُدُور۔
بَنَاتُ الصَّدْر۔ افکار۔
ذَاتُ الصَّدْر۔ سینہ کی ایک بیماری کا نام۔ صُدُورُ الْوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ کہا جاتا ہے۔ "أَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِيدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَر۔ پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی صَادِر کا اسم جمع۔
الصَّادِر۔ فا۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے ہے "مَا لَهُ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيقٌ صَادِرٌ: پانی پر لیجانے والا راستہ طَرِيقٌ وَارِدٌ وَصَادِرٌ: ایسا راستہ جس کے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَة۔ مِنَ الْإِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
التَّصْدِير۔ تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَار۔ صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَة۔ تقدم۔ وزارت عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِيرَة) سینے کا اوپر کا حصہ۔ ہر صَدَائِر۔
الْأَصْدَر۔ مضبوط بڑے سینے والا۔
الْأَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
الْمَصْدَر۔ جملے صدر ہر مصادر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر مشتق کے لئے اصل وجڑ ہیں۔
الْمُصْدِر۔ فا۔ رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔
الْمُصْدِر۔ قوی اور بڑے سینہ والا آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صَدَعَ (ن) صُدُوعًا۔ اِلَى كَذَا: مائل ہونا۔
صَدَعَ (ن) صَدْعًا۔ الشَّيْءَ: اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو — الْقَوْمَ: متفرق کر دینا — الْأَمْرَ: ظاہر کرنا — بِالْحَقِّ: حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا — فِي الْأَمْرِ: گزر جانا — الْأَمْرَ بِالْحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا — فُلَانًا: قصد کرنا۔ صَدَعَهُ عَنْ كَذَا: روک دینا — النَّهْرَ: کاٹ دینا — فِي الْمَكَانِ: گذرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِيقُ يَصْدَعُ فِي أَرْضِ كَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گذرتا ہے — اللَّيْلَ: رات میں چلنا۔
صُدِعَ وَصُدِّعَ۔ دردِ سر میں مبتلا ہونا صفت مَصْدُوعٌ۔
صَدَّعَ۔ الشَّيْءَ: پھاڑنا — الْفَلَاةَ او النَّهْرَ: بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تَصَدَّعَ۔ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الْأَرْضُ بِهِ: وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔
تَصَدَّعَ وَانْصَدَعَ۔ الشَّيْءُ: پھٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَصَدَّعَتْ وَانْصَدَعَتِ الْأَرْضُ بِالنَّبَاتِ یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔ اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ: صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصَّادِع۔ فا۔ ماضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ: دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِيلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح۔
الصَّدْع۔ شگاف۔ ہر صُدُوع۔
الصَّدِيع وَالصَّدْع۔ ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صَدِيعُ الْحَدِيدِ: لوہے کا موٹر جو زنگ کہا جاتا ہے: "النَّاسُ عَلَيْهِمْ صَدِيعٌ وَاحِدٌ" لوگ

ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصِّدْغ۔ آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔
الصَّدْعَة۔ اسم مرۃ۔ پھٹن۔ پراگندگی تفرق۔ ج صَدَعات۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ بَيْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات "وَاضْبِطُوا أَمْرَكُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصِّدْعَة۔ ج صِدَع والصَّدِيع ج صُدُع۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صدیع بمعنے مصدوع صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّدَاع۔ دردِ سر۔
التَّصْدِيع۔ تفریق۔
المَصْدَع۔ سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِع۔
المِصْدَع۔ نیزہ۔ تیر چھری کا چوڑا پھل۔ خَطِيبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ "بلیغ خطیب۔
صَدَغَهُ (ف) صَدْغًا۔ عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا۔ النَّمْلَةَ: چیونٹی کو مارنا۔
صَدَغَهُ (ف) صَدْغًا۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صَدَغَ (ن) صَدْغًا وصُدُوغًا۔ إِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔
صَدُغَ (ک) صَدَاغَةً۔ کمزور و ناتواں ہونا۔
صُدَاغ۔ کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صَادَغَهُ۔ مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدْغ۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج أَصْدَاغ
الصَّدَغ۔ کجی۔ ٹیڑھا پن۔
الصِّدَاغ۔ کنپٹی پر نشان۔
الصَّدِيغ۔ کمزور۔ تین دن کا بچہ۔
الأَصْدَغَان۔ دونوں کنپٹی کے نیچے کی گیں

المِصْدَغَة۔ تکیہ۔
بَعِيرٌ مُصَدَّغٌ ومَصْدُوغٌ۔ کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔
صَدَفَ (ن ض) صَدْفًا وصُدُوفًا۔ پھر جانا۔
صَدَفَ (ض) صَدْفًا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا — فُلَانًا: پھیر دینا۔ ہٹانا۔
صَدِفَ (س) صَدَفًا۔ گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
أَصْدَفَهُ۔ عَنْهُ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
صَادَفَهُ۔ پانا۔
تَصَادَفَ۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَف۔ سیپی۔
الصَّدَفَة۔ ایک سیپی ج أَصْدَاف
صَدَفَةُ الأُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔
الصَّدَفُ۔ فِي الخَيْلِ: رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ: جانب کنارہ۔
الصَّدَف والصُّدُف والصُّدْف والصُّدُف۔ پہاڑ کا کنارہ۔ الصَّدَف: زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فَرَسٌ أَصْدَف۔ وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الأَصْدَاف۔ سمندر کی موجیں۔
الصِّدْفَة۔ ملاقات۔
الصَّدُوف۔ گندہ دہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔
المَصْدُوف۔ مقفم۔ چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا وصِدْقًا ومَصْدُوقَةً وتَصْدَاقًا۔ سچ بولنا — فِي وَعْدِهِ ووَعِيدِهِ: پورا کرنا — فِي الحَمْلَةِ: بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَقَ القِتَالَ وصَدَقَ فُلَانًا القِتَالَ" "سخت جنگ کی — ہ النَّصِيحَةَ او المَحَبَّةَ: خالص نصیحت یا محبت کرنا — ہ الحَدِيثَ: سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَّقَهُ۔ سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَهُ صِدَاقًا ومُصَادَقَةً۔ دوست بننا۔ صَادَقَ المَوَدَّةَ: خالص
أَصْدَقَ۔ الإِبِلَ: مہر مقرر کرنا
تَصَدَّقَ۔ صدقہ دینا — عَلَى الفَقِيرِ: فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا۔ محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ الحَدِيثَ او المَوَدَّةَ او فِيهِمَا: ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدُوق۔ ہم۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدُوقٌ" وَسَهْمٌ صَدُوقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدُوقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور گفتگو میں کامل شخص ج صُدُق وصُدُقُون۔ مؤنث صَدُوقَةٌ ج صَدُوقَات۔
الصِّدْق۔ سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سچی مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ (بکسر الصاد) "مردانگی اور دوستی میں سچا ہے یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَة۔ خیرات۔ ج صَدَقَات۔
الصَّدُقَة والصُّدْقَة والصُّدُقَة۔ مہر۔
الصَّدَاق والصِّدَاق۔ مہر ج أَصْدِقَة وصُدُق۔
الصَّدَاقَة۔ سچی دوستی۔
الصَّادِق۔ سچا۔ تمر صَادِقُ الحَلَاوَةِ" بہت میٹھی کھجور۔ سرخ صَادِقَةٌ" خالص نیت۔ حملہ صَادِقَةٌ" شدید حملہ۔
الصَّدُوق۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُق وصُدُوق۔
الصَّدِيق۔ پیارا دوست ج أَصْدِقَاء وصُدَقَاء وصُدُقَان۔ جج الصَّادِق مؤنث صَدِيقَة وصُدَقَاء وصُدُقَان۔ جج الصَّادِق مؤنث صَدِيقَة
الصِّدِّيق۔ بہت سچا۔ سچائی میں کامل عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابوبکرؓ کا لقب۔

لِلصِّدْقِ۔ کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ ذُوْ مَصْدَقٍ اَوْ ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔

الْمَصْدُوْقَۃُ۔ سچائی۔

صَدَمَہٗ (ض) صَدْمًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَہٗ اَمْرٌ شَدِیْدٌ" اسکے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْہُ حُمَیَّا الْکَاْسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔

صَادَمَہٗ مُصَادَمَۃً۔ مارنا۔

اِصْطَدَمَ وَتَصَادَمَ۔ الفارسان: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسری کی مزاحمت کرنا

الصِّدَامُ۔ جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔

الصَّدْمَۃُ۔ اسم مرۃ۔ دفعۃً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ بِصَدْمَۃٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا "اَعْطَاہُ رِزْقَ شَہْرَیْنِ بِصَدْمَۃٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دیدی۔

الصَّدْمَتَانِ وَالصِّدْمَتَانِ۔ پیشانی کے دونوں جانب۔

الْاَصْدَمُ۔ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔

رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔ جنگجو بہادر۔

صَدَایَصْدُوْ وَاَصْدُوْ وَاَصْدِیْ۔ بیدیہ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

صَدِیَ یَصْدَی صَدًی۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ وصَدْیَانُ۔ مؤنث صَدْیَا وصَادِیَۃ ہر صَوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْیَانُ اِلٰی حَدِیْثِکَ وَلِیْ اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں

صَدِیَ الشَّیْءُ۔ لمبا ہونا۔

صَادَاہُ مُصَادَاۃً۔ مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔

صَدْیٌ تَصْدِیَۃٌ۔ بیدیہ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

اَصْدَی اِصْدَاءً۔ مرنا۔ الجبل: گونجنا آواز بازگشت آنا۔

تَصَدَّی لَہٗ: درپے ہونا۔ للأمر: کسی معاملے کے لیے متوجہ ہونا۔

الصَّدَی۔ سخت پیاس۔ آواز بازگشت گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ہر اَصْدَاء کہا جاتا ہے "ثُمَّ الْیَوْمَ اَعْدَاءٌ وَثُمَّ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہونگے۔ "مُنِعَتْ صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا "صُمَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔ "اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کردے۔

الصَّدِیُّ۔ الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدہر تم پھرو اُدھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔

زمانۂ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔

صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّۃَ: تھیلی کو باندھنا — الدَّرَاہِمَ فِی الصُّرَّۃِ: تھیلی میں رکھنا — الْفَرَسُ اُذُنَہٗ وَبِاُذُنِہٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا — النَّاقَۃَ وَبِالنَّاقَۃِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ (ض) صَرًّا وَصَرِیْرًا۔ الشَّیْءُ: چرچرانا — الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا ہونا

الْاُذُنُ: کان بجنا

صُرَّ۔ النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّتِ النَّاقَۃُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ اُذُنَہٗ سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّہٗ مُصَارَّۃً۔ علی کذا: مجبور کرنا۔

اَصَرَّ۔ عَلَی الْاَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا۔ اور اکثر برائی اور گناہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ "اَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن میں ہے۔ "کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ" یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے۔

— السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا — الْفَرَسُ اُذُنَہٗ وَبِاُذُنِہٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ وَالصِّرَّۃُ۔ سردی۔ ریحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّۃُ چیخ۔

الصَّرَّۃُ۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّۃُ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ہر صُرَر۔

یَمِیْنٌ صِرِّیَّۃٌ۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "ہِیَ مِنِّیْ صِرِّیَّۃٌ" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَرُ۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَۃٌ۔

الصَّارُّ۔ فا۔ شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَّارَّۃُ۔ الصَّارُّ کا مؤنث۔ حاجت پیاس ہر صَوَارٌّ۔

الصَّرُّ وَالصَّارُّ وَالصَّرُوْرِیُّ وَالصَّارُوْرِیُّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد وجمع دونوں کے لئے)

الصَّرَارِیُّ۔ ملاح ہر صَرَارِیُّوْنَ۔

الصِّرَارُ۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ہر اَصِرَّۃٌ۔

الصَّرَّارُ۔ صَارَّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ: جھینگر۔

الصَّرَارَۃُ وَالصَّرُوْرَۃُ وَالصَّارُوْرَۃُ وَالصَّارُوْرَاءُ۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَّارَۃُ۔ عقاب کی ایک قسم ہے جو شاب کو کھا جاتا ہے۔

الصَّرِیْرَۃُ۔ تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم ہر صَرَائِرُ۔

الْمَصَارُّ۔ آنتیں۔

الْمَصْرُوْرُ۔ مفہ۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ (ض) صَرْبًا۔ کاٹنا، کھانا، دودھ کو

ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ——
الصبیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔
صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللبنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔
اَصْرَبَ۔ الیہ مالاً: دینا۔
صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔
اِصْطَرَبَ۔ اللبنَ فی الوَطب: دودھ کو ترش ہونیکے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔
اِصْرَأَبَّ۔ الشیُٔ: صاف اور چکنا ہونا۔
اَلصَّرْب والصَّرَب۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سُرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَۃٌ وصَرَبَۃٌ
الصِّرْب۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔
الصَّرِیب۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُب۔
المَصْرُوب مفعو۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔
المِصْرَب۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب۔
صَرَّحَ۔ الحَوضَ: حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا
الحَوضَ بالنُّورَۃِ: حوض پر چونے کی تلعی کرنا۔
الصَّارُوج۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)
صَرُحَ (ک) صَرَاحَۃً وصُرُوحَۃً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیح۔ جمع صُرَحاء مؤنث صَرِیحَۃٌ۔
صَرَّحَ (ف) صَرْحًا۔ الأمرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَرِیحَہٗ۔ المتکلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا
بِمَافِی نَفْسِہٖ: ظاہر کرنا —— الأمرُ: واضح کرنا
الأمرُ: واضح ہونا۔ لازم و متعدی ہے۔ النہارُ دن کا بے بادل کا ہونا —— الخمرُ: شراب کا صاف ہونا بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے
صَرَّحَ الحقُّ عَنْ مَحْضِہٖ "یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السنۃُ: خشک سالی ہوئی۔
صَرَّحَ (الرامی): تیر انداز کا خطا کرنا۔
اَصْرَحَہٗ۔ الامرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔
صَارَحَہٗ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَۃً

کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "ثَمَّۃَ مُصَارَحَۃٌ" او صِرَاحًا "رُوَیْدَ رُوَیْدَ گالی دی۔ صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَافِی نَفْسِہٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
اِنْصَرَحَ۔ الحقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔
تَصَرَّحَ۔ الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دُور ہونا۔
الصَّرْح۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوح۔
الصَّرْحَۃ۔ سخت زمین۔ صَرْحَۃُ الدارِ: گھر کا صحن۔ ج صُرَحات۔
الصَّرِح والصَّرَاح والصِّرَاح والصُّرَاح خالص۔
الصَّرَاحَۃ والصُّرُوحَۃ۔ خلوص۔ وضاحت
الصُّرَاحِیَّۃ۔ مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِیَّۃٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِیّ۔ واضح۔ ظاہر۔
یَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ۔ بے بادل کا دن۔
صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِیخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا —— القومَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
اَصْرَخَہٗ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔
تَصَارَخَ واصْطَرَخَ۔ القومُ: چیخ پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنے صَرَخَ
الصَّارِخ۔ فا۔ مرغ۔
الصَّارِخَۃ۔ الصارخ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو۔ "سَمِعْتُ صَارِخَۃَ القَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سُنی۔
الصَّرَّاخ۔ بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔
الصَّرِیخ۔ ہ۔ فریاد رس۔ داد خواہ۔ ج صُرَخاء۔
صَرِدَ (س) صَرَدًا۔ السَّہْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا —— الرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا ——
جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ فُلَیٌّ عَنْہُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔
صَرْدًا (ن) صَرْدًا وأَصْرَدَ۔ الرامی: نشانہ لگانا۔ أَصْرَدَ السَّہْمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَرَّدَ۔ الشیٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ قطع کم کر دینا —— الرَّجُلَ: سیرابی سے کم کر دینا۔
الصَّرْد۔ محض خالص۔ کہا جاتا ہے "الخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلانی۔ اجنبۃ صرداء خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا شگاف۔ سردی۔ یَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مر گیا۔ اَرْضٌ صُرُودٌ سرد ملک۔ ج صُرُود۔ اس کے خلاف اَرْضٌ جُرُومٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔
الصَّرَد۔ بڑا شکرا۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جاوے۔
الصَّارِد۔ فا۔ سَہْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔
الصَّوَارِد۔ ٹھنڈی ہوائیں۔
الصُّرَد۔ لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صُرْدان۔
الصُّرْدان۔ زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔
الصِّرْد۔ مِنَ الخَیْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو —— مِنَ الرِّجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صُرَداء
یَوْمٌ صِرْدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔
الصُّرَّاد والصُّرَّیْد۔ بے پانی کا پتلا بادل
نَعْجَۃٌ صَرِیدَۃٌ۔ سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد۔
المُصْرَاد۔ بے درخت کی زمین۔
بردا شت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَہْمٌ مِصْرَادٌ نشانہ پر لگنے والا تیر۔
سَہْمٌ مُصَرِّدٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔
المُصْطَرِد۔ سخت غضبناک۔

صَرَّ صَرًّا۔ الصُّرُّ او الصَّقْرُ: آواز کرنا — الرَّجُلُ: چیخنا — الشَّیْءَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَرُ۔ مِنَ الرِّیَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (— الصُّرْصُرُ) بہ صَرَاصِرَ۔ الصُّرْصُورُ بہ صَرَاصِیرَ۔ جھینگر۔ مچھیرا۔ الصُّرْصُورُ: کشتی۔

الصِّرَاطُ۔ راستہ۔ بہ صُرُطٌ۔

الصُّرَاطُ۔ لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَهُ (ف) صَرْعًا وَصِرْعًا وَمَصْرَعًا: پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا — الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا — البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ۔ مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَهُ۔ سخت پچھاڑنا — الشِّعْرَ: مصرعے لگانا — البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَهُ صِرَاعًا وَمُصَارَعَةً۔ کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ وَاصْطَرَعَ۔ الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ۔ پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ۔ لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَتَصَرَّعُ لَهُ وَإِلَيْهِ حَتَّى أَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْعُ مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے بہ اَصْرُعٍ صُرُوعٍ۔ والصَّرْعَانِ: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ صَرْعَى النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُو صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ان کی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْعُ مص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ بہ اَصْرُعٍ وَصُرُوعٍ۔ کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صَرْعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑانے والے ہیں۔

الصَّرْعَةُ۔ اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلَى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَةُ۔ جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَةُ وَالصَّرَّاعُ وَالصُّرَّاعَةُ وَالصِّرِّيعُ وَالصَّرُوعُ۔ لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے: قَوْمٌ صُرَعَةٌ۔ یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَةُ: حلیم و بردبار۔ اسلئے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصُّرُوعُ جمع صُرُوعٍ کی ہے۔

الصِّرَاعَةُ۔ کشتی کا فن۔

الصَّرِيعُ۔ زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ بہ صَرْعَى۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيعَ الْكَأْسِ"۔ یعنی مجنوں ہو کر رات گذاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ بہ صُرُعٍ۔

المَصْرَعُ مص۔ پچھاڑنے کی جگہ بہ مَصَارِعَ

المِصْرَاعُ مِنَ البَابِ: دروازے کا ایک پٹ — مِنَ الشِّعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ بہ مَصَارِيعَ

صَرَفَهُ (ض) صَرْفًا۔ پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔

صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا —— الدَّنَانِيرَ" درہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا — المَالَ: خرچ کرنا — الكَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ (ن) صَرِيفًا۔ بِنَابِهِ: دانت پیسنا — البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَهُ۔ مبالغہ کیساتھ صرف کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّيْءَ: بیچنا — الدَّرَاهِمَ: تبدیل کرنا — الخَمْرَ: خالص شراب پینا — الكَلَامَ: بات سے بات نکالنا — فِي الأَمْرِ: سپرد کر دینا — صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا — اللّٰهُ الرِّيَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَهُ۔ مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

اِنْصَرَفَ۔ عَنْ كَذَا: رو گردانی کرنا۔ ہٹا دینا۔

اُنْصُرِفَ الشَّرَابُ: کچھ نہ ملانا۔

تَصَرَّفَ۔ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الأَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔

اِنْصَرَفَ۔ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ۔ کمائی کرنیکے لئے پھرنا — الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ بِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِينَارٍ" یعنی میں نے ان درہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ۔ اللّٰهَ المَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْفُ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ وَصُرُوفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِيثِ او الكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْفُ۔ خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرَفَانِ الصِّرْفَانِ۔ رات دن۔

الصَّرْفَانُ۔ موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَةُ۔ صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوہ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوفُ۔ وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيفُ۔ مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيفُ القَلَمِ:

قلم چلنے کی آواز (— والمَصْرُوف) ہر شے خالص درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَّرِیفَۃ۔ الصَّرِیف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ وصُرَافٌ وصَرِیفٌ تَصَارِیفُ۔ الدَّہْرُ: مصائب زمانہ۔
الصَّرَّاف والصَّیْرَفِی۔ روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَیَارِفَۃ۔
الصَّرَّاف والصَّرْفِی۔ علم صرف کا جاننے والا
المُتَصَرِّف۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّۃ۔ ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
الصَّرِیقَۃ۔ چپاتی۔ ج صَرَائِق وصُرُق وصَرَائِق
صَرَّعَ۔ اَصَابِعَہ: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْعَانَۃ۔ گوبھن۔ گوبھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرَمَ (ک) صَرَامَۃً۔ السَّیْفُ: کاٹنا۔ الرَّجُلُ: دلیر وچالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا وصُرَامًا۔ الحَبْلُ: ٹوٹنا ——— الشَّیْءَ: کاٹنا ——— فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ——— فُلَانٌ عِنْدَنَا شَہْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَہٗ۔ صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَہٗ مُصَارَمَۃً۔ مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا ——— النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ۔ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتِ وانْصَرَمَتِ السَّنَۃُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ۔ القَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔
اِصْطَرَمَ۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
الصِّرْم۔ مع۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّام: چرم فروش۔
الصِّرْم۔ جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام واَصَارِم واَصَارِیم وصُرْمَان۔

الصُّرَام۔ مع۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَۃ۔ قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِم۔ فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَۃ۔ مع۔ رَجُلٌ صَرَامَۃٌ: مستقل رائے دھن کا پکا۔
الصَّرُوم۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔
الصُّرَام۔ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرَامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِیم۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ زمین جس کی گھاس کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِیمَا اللَّیْلِ: رات کا اول وآخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِیمٌ: لازمی امر
الصَّرِیمَۃ۔ عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّیْرَم۔ پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم۔ جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (——— والمُصْرِم) بہت بال بچے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان۔ رات دن۔ کوا وبھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ بِوَحْشِ الاَصْرَمَیْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیئے اور کوے ہیں
الصَّرْفَاء۔ الاَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل ہانڈی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
المَصْرِم۔ ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آجائے۔
المِصْرَم۔ درانتی۔
الصُّرْنَایَۃ۔ بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَایَصُرُ وا صَرْوًا۔ الیہ: دیکھنا۔
صَرَی یَصْرِی صَرْیًا۔ الشَّیْءَ: دفع کرنا ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ" اللہ اس سے شر کو دور کرے۔ صَرَی بَوْلَہٗ: پیشاب کر لینا۔

——— فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا
——— الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا ——— القَوْمُ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا ——— تَصْمِیمٌ: فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرَی صَرًی۔ الماءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ——— اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا ——— فُلَانٌ فِی یَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ——— الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَتِ واَصْرَتِ۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّی تَصْرِیَۃً۔ الشَّاۃَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّرِیُّ۔ باقی ماندہ (— الصری) پانی جو دیر تک ٹھیرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرِیٌّ" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِی۔ فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاءٌ وصَرَارِیُّ وصَرَارِیُّون۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔
الصَّارِیَۃ۔ الصَّارِی کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاۃ والصُّرَّی والمُصَرَّاۃ۔ من الشاۃ او النُّوق: وہ بکری یا اونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَۃ والمِصْطَبَۃ۔ چبوترہ۔
المِصْطَب۔ لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح۔ خشک جنگل۔ وہ جگہ جو خندق کی کھدائی کے لئے ہموار کی جائے ج مَصَاطِح۔
صَطَرَ (ن) صَطْرًا۔ لکھنا۔
صَیْطَرَ۔ داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع۔ فصیح وبلیغ۔
الاُصْطُمَّۃ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوبَۃً۔ علیہ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ۔ مؤنث صَعْبَۃٌ ج صِعَابٌ
اَصْعَبَ۔ الاَمْرُ: مشکل ہونا ——— الشَّیْءُ: مشکل پانا ——— الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا

صَاعَبَہٗ مُصَاعَبَۃً۔ سختی کرنا۔
صَعَّبَہٗ۔ دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ۔ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا الأمر: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ۔ باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ۔ مشکل ہونا — الشَّیْءَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب۔ م۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوب۔ دشوار ہر صُعُب۔
الصُّعْبُوب۔ دشوار۔
المَصَاعِب۔ سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب۔ سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو ہر مَصَاعِب و مَصَاعِیب۔ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مَصَاعِبُ و مَصَاعِیبُ" سرکش اونٹ۔
صَعْتَرٌ۔ النَّحْلُ: پہاڑی پودینہ کھانا — الرَّجُلُ الشَّیْءَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَرُ۔ پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِیُّ۔ چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُودًا و صَعَدًا و صُعُلًا فی السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا — بہ: چڑھانا۔ صُعُودًا) المکان: نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ۔ فی و عَلَی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا — فی الوَادِی: وادی میں اترنا۔
صَعَّدَ فِیہِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْعَدَ۔ مکہ کو جانا — فی الأَرْضِ: اونچی زمین کی طرف جانا — فی الوَادِی: وادی میں اترنا — فی العَدْوِ: تیز دوڑنا — ہ: چڑھانا۔
اَصْعَدَتِ السَّفِینَۃُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔
تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَ۔ چڑھنا۔ تَصَعُّدُہٗ و تَصَاعُدُہٗ الأمر: دشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصْطَعَدَ۔ چڑھنا۔
الصَّاعِدُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر۔ اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد۔ بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "ہَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "ہٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُو صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول نچلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد۔ مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔
الصَّعِید۔ مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ کہا جاتا ہے۔ "صَارَتِ الحَدِیقَۃُ صَعِیدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ہر صُعُد و صُعُدَات و صُعُدَان۔ مصر میں چند شہروں کا نام صَعِید ہے۔
الصُّعُود۔ چڑھائی۔ خَمِیسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام آسمان پر تشریف لے گئے۔
الصَّعُود۔ چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دشوار گذار گھاٹی ہر صُعُد و اَصْعَدَۃ و صَعَائِد۔ کہا جاتا ہے "لَأُرْہِقَنَّکَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔
الصُّعَدَاء۔ غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔
الصَّعْدَاء۔ مشقت۔
الصَّعْدَۃ۔ اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ہر صِعَاد و صَعَدَات۔
الصَّعُودَاء۔ دشوار گذار گھاٹی۔
المُصْعَد۔ مِنَ الأَشْرِبَۃِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔
جَبَلٌ مُصْعِد۔ بلند پہاڑ۔
المِصْعَاد۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔
صَعِرَ (س) صَعَرًا۔ وَجْہُہٗ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَر۔ مؤنث صَعْرَاء و ہر صُعْر — رَأْسُہٗ: سر کا چھوٹا ہونا۔
صَعَّرَ و صَاعَرَ و اَصْعَرَ: تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔ اور کبھی خلقۃً ہوتا ہے
تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ: تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔
صَعْرَرَ۔ الشَّیْءَ: گھمانا۔
تَصَعْرَرَ۔ گھومنا۔
اِصْعَارَّ و اِصْعَرَّ۔ ہیچ و تاب کھانا۔
اِصْعَارَّتِ۔ الإِبِلُ: تیز دوڑنا۔
الصَّعَّار۔ مغرور متکبر۔
الصُّعْرُور و الصُّعْرُور۔ درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ہر صَعَارِیر۔
الصُّعْرُورَۃ۔ گبریلا کی گولی۔
صَعْصَعَ۔ القَوْمَ: متفرق کر دینا — الشَّیْءَ: حرکت دینا — مِنْ فُلَانٍ: خوف کرنا — رَأْسَہٗ بِالدُّہْنِ: سر کو تیل سے چکنا کرنا۔
تَصَعْصَعَ۔ متحرک ہونا۔ متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِہِمُ الدَّہْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا "تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُہُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہو گئیں۔
الصَّعْصَع۔ متفرق (— و الصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ہر صَعَاصِع۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبُوا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
صُعِفَ صَعْفًا۔ کپکپی لاحق ہونا صفت مَصْعُوف۔
اَصْعَفَ۔ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ کل دل کر اسے کھایا جا سکے۔
الصَّعْفَۃ۔ کپکپی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔
الصَّعْفَق و الصَّعْفُوق و الصَّعْفِق وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔ الصَّعْفُوق: کمینہ۔ ہر صَعَافِیق و صَعَافِقَۃ۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةٌ۔ السَّمَاءُ القَوْمَ بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعَقًا۔ الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا — الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (— وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ۔ مؤنث صَعِقَةٌ۔ مزا صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ۔ السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ اَصْعَقَهُ: قتل کرنا۔

الصَّعَق۔ مع۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاق۔ بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَة۔ مع۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ہر صَوَاعِق۔

المَصْعُوق۔ غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْقُر۔ مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا واِصْعَالًا۔ چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَل۔ مؤنث صَعْلَاء ہر صُعْل۔

الصَّعْل۔ چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً۔ محتاج بنانا۔ دُبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ۔ فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوك۔ فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ہر صَعَالِيك وصَعَالِيك۔ صَعَالِيكُ العَرَب: عرب کے چور اور فقراء۔

اَصْعَنَ۔ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

اِصْعَنَّ۔ الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا۔ باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْو۔ چھوٹے چڑے۔ واحد صَعْوَةٌ ہر صَعْوَات۔ ممولا ہر صِعَاء واَصْعَاءَة وصَعْوَة۔

چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّعْب۔ جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صَغَرًا و صَغَارَةً وصِغَرًا وصُغْرًا وصُغُرًا۔ چھوٹا ہونا

صَغُرَ (ک) صِغْرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغُرًا۔ ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَّرَ (ن) وصَغِّرَ (س) صَغْرًا۔ القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَ واَصْغَرَهُ۔ چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ صَغَّرَهُ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ "یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔" اَصْغَرَتِ الأَرْضُ "زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ اَصْغَرَ القَوْمُ: — چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ۔ الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔

اِسْتَصْغَرَهُ۔ چھوٹا پایا۔ چھوٹا سمجھنا — فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَة۔ اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ أَبُوَيْهِ او صِغْرَةُ أَوْلَادِ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے کہا جاتا ہے "أَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَار۔ الصُّغْر۔ ذلت۔ ظلم۔

الصَّغَارَة۔ چھوٹا پن۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَار۔ الصُّغْرَان۔ چھوٹا۔

الصَّاغِر۔ ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے ہر صَغِرَة وصَاغِرُون۔

الصَّغِير۔ چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ہر صِغَار وصُغَرَاء۔

الأَصْغَر۔ اسم تفضیل ہر أَصَاغِر واَصَاغِرَة۔

واَصْغَرُون۔ مؤنث صُغْرَى ہر صُغَر۔

الأَصْغَرَان۔ دل وزبان۔ اور ہی کی مثل ہے۔ "المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دل وزبان سے وابستہ ہے۔

صَفَا يَصْفُو ويَصْفِي صَفْوًا وصَفِيَ يَصْفَى صَفًى وصَفِيًّا۔ الطَّيْر: جھکنا — النُّجُوم او الشَّمْس: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَافٍ اور جمع صَوَافٍ۔

اَصْغَى اِصْغَاءً۔ اِلَى حَدِيثِهِ: کان لگانا — اِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا — الإِنَاءَ: جھکانا — الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے۔ اَصْغَى حَقَّهُ "جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْو۔ کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دو ہرا ہو۔ صِغْوُ الكَفِّ او المِرْفَقِ: ہتھیلی یا کہنی کا گڑھا۔ ہر أَصْغَاء۔

صَاغِيَتُهُ۔ الرَّجُل: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "أَكْرِمُوا الرَّجُلَ فِي صَاغِيَتِهِ" یعنی اسکے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا وصَفَّفَ۔ الشَّيْءَ: صف بنانا — القَوْمُ: میدان جنگ میں صف بندی کرنا — صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا — الطَّائِرُ بِجَنَاحِهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا — الإِبِلَ قَوَّارَهَا: اونٹوں کا اپنے باغوں کو ایک صف میں رکھنا — اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا — السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً۔ القَوْمُ فِي القِتَالِ: میدان جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا — فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا مصافی کہلاتا ہے۔

اَصَفَّ۔ السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

تَصَافَّ۔ القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔

اِصْطَفَّ۔ القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔

الصَّفّ۔ سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم ہر صُفُوف۔

الصَّفَف۔ زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصَّفَّة۔ ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔
صُفَّةُ السَّرجِ او الرَّحلِ: زین یا کجاوہ کی گدی
صُفَّةُ المَسجِد: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔ الصُّفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّہرِ: زمانے کی ایک مدت ہے صُفَف وصُفَّات وصِفَاف۔
الصَّاف۔ فا۔ الصافنہ من الابل: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات وصَوَافّ۔ الصَّافَّات: فرشتے۔
ناقَةٌ صَفُوفٌ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو کثرت دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگوا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِیف۔ خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
المَصَفّ۔ صف باندھنے کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ
تَصَفَّتَ۔ الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔
الصِّفَت والصِّفِتَّان: بھاری بھرکم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔
صَفَحَ (ف) صَفحًا۔ عَنہُ: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السائل عن حاجتہ: حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَیتَنِی فی حاجَۃٍ فَصَفَحتَنِی" میں اسکے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی۔ ہ بالسَّیفِ: تلوار کی چوڑائی کیطرف سے مارنا۔ الشَّیءَ: چوڑا کرنا۔ النَّاسَ: لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا۔ ذَوقَ المُصحَف: ایک ایک ورق کو پیش کرنا۔ فی الأمرِ: غور کرنا۔
صَفِحَت (ف) صُفُوحًا۔ الناقۃ وغیرہا: دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِح۔
صَفَّحَ۔ الشَّیءَ: لمبا چوڑا کرنا۔ المکانَ: مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔ صَفَّحَ بِیَدَیہِ: تالی بجانا۔
اَصفَحَ۔ السائلَ: محروم واپس کر دینا۔ الشَّیءَ: الٹنا پلٹنا۔
صَافَحَہُ مُصَافَحَۃً وصِفَاحًا۔ ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
تَصَفَّحَ۔ الشَّیءَ: تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا۔ القَومَ: چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔
تَصَافَحَ۔ القَومُ: بایکدگر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الأَجفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔
اِستَصفَحَہُ۔ الذَّنبُ: گناہ کی معافی چاہنا۔
الصَّفحُ۔ جانب۔ مِنَ الوَجہِ: رخسارہ۔ مِنَ الإِنسَانِ: پہلو۔ مِنَ السَّیفِ: چوڑا پہلو ج صِفَاح۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنہُ صَفحًا" یعنی اعراض کیا۔
الصَّفحَۃ۔ مِنَ الشَّیءِ: جانب، چہرہ۔ مِنَ الکِتَابِ: ورق کا ایک جانب۔ صَفحَۃُ الرَّجُلِ سینہ کی چوڑائی ج صَفَحَات۔
الصَّفحَانِ والصَّفحَتَانِ۔ رخسارے
الصُّفحۃ۔ چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔
الصِّفَاحُ والصَّفَح۔ رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَہُ صَفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔
الصَّفِیح۔ آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔
الصَّفِیحَۃ۔ چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِیحَۃُ الوَجہِ: چہرے کی کھال ج صَفِیح وصَفَائِح۔ الصَّفَائِح: سرکی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔
الصُّفَّاح۔ پتلے چوڑے پتھر۔ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں ج صُفَّاحَات صَفَافِح۔
الصَّفَّاح والصَّفُوح۔ معاف کرنیوالا۔ الصَّفُوح بمعنے کریم۔
المُصَفَّح۔ چوڑا۔ اُٹھا جھکا ہوا۔ مِنَ الوُجُوہ: طائم و خوبصورت۔ مِنَ الأُنُوف: ستواں ناک۔ مِنَ الرُّدُوس: کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل۔ مِنَ القُلُوب: جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں۔ مِنَ النَّاس: جو کافر سے کافرانہ طریقے سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔
المُصَفَّح۔ چوڑا جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنفٌ مُصَفَّحٌ: ستواں ناک۔
المِصفَحَۃ والمُصَفَّحَۃ۔ تلوار۔ ج مَصَافِح ومُصَفَّحَات۔
صَفَدَ (ض) صَفدًا او صُفُودًا او صَفَّدَہُ۔ قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔
اَصفَدَہُ۔ قید کرنا۔ مالًا: دینا۔
الصَّفد۔ بخشش۔ بندش ہے تصفاد کہا جاتا ہے "الصَّفدُ صَفدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔
الصِّفَاد۔ ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔
صَفَرَ (ض) صَفِیرًا۔ ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِندَ وُرُودِہِ: گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔
صُفِرَ صَفَرًا۔ پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصفُور (دیکھئے صَفَار)
صَفِرَ (س) صَفَرًا او صُفُورًا او صُفُورَۃً الإِنَاءُ: برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وطَابُہُ او اِنَاؤُہُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔
صَفَّرَ۔ الشَّیءَ: زرد کرنا۔ الثَّوبَ: زرد رنگنا۔ البَیتَ: خالی کرنا۔ لِلدَّابَّۃِ: ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا۔ بِالدَّابَّۃِ: جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔
اَصفَرَ۔ محتاج ہونا۔ الإِنَاءُ: خالی ہونا۔ البَیتَ: خالی کرنا۔
اِصفَرَّ اِصفِرَارًا۔ زرد رنگ ہونا۔

الصَّفْرُ والصِّفْرُ والصُّفْرُ۔ خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ الْمَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ الْيَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔

الصُّفْرُ۔ سونا۔ پیتل۔

الصِّفْرُ۔ زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَرٌ۔ قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ جمع اَصْفَار۔

الصَّفَرَان۔ عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَّفَرُ۔ مع۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شَرْسُوفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا عقل کہا جاتا ہے "لَا يَسْتَاطُ لِهٰذَا بِصُفْرِي" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چبھتا۔

الصَّفِرُ۔ خالی۔ جمع اَصْفَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اَنَاءٌ اَصْفَارٌ" خالی برتن۔

الصَّفَرَةُ۔ ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔

الصُّفْرَةُ۔ زردی۔ سیاہی۔

الصِّفْرِيتُ۔ کثیر العیال محتاج جمع صَفَارِيت

الصَّفْرِيُّ والصَّفْرِيَّةُ۔ فصلِ خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصلِ خریف میں ہوتا ہے۔

الصُّفَارُ۔ آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (والصِّفَارُ) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔

الصُّفَارَةُ۔ مرجھایا ہوا پودہ۔

الصَّفِيرُ۔ ہر آواز جو لبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوفُ الصَّفِيرِ: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔

الصَّفَّارُ۔ ٹھٹھیرا۔

الصَّفَّارَةُ۔ سیٹی۔ مقعد۔

الصُّفَارِيَّةُ۔ زرد پروں کا پرندہ۔

الصَّافِرُ۔ سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔

الْاَصْفَرُ۔ زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاءُ جمع صُفْرٌ۔

الصُّفْرُ۔ دنانیر۔

الْاَصْفَرَانِ۔ زعفران اور سونا۔

الصَّفْرَاءُ۔ مؤنث اَصْفَرُ۔ سونا۔ پتا۔ بڑی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔

الْمُصْفِرُ۔ فا۔ محتاج۔

الْمَصْفُورُ والْمُصَفَّرُ۔ بھوکا۔

الصِّفْرِدُ۔ ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔

صَفْصَفَ۔ الرَّجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا — الْعُصْفُورُ: چڑیا کا چہچہانا۔

الصُّفْصُفُ۔ چڑیا۔

الصَّفْصَفَةُ۔ بیابان۔

الصَّفْصَافُ۔ بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَةٌ

صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا۔ تھپڑ مارنا۔

صَافَعَهُ وتَصَافَعَا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

الصَّفْعَانُ والْمُصَفْعَانِيُّ۔ جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔

صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا۔ تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) — الرَّجُلُ عَنْ مُرَادِهِ: کسی کو اسکے ارادہ سے باز رکھنا — الطَّائِرَ بِجَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا — عَيْنَهُ: آنکھ بند کر دینا — الْعُودَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا — الْقَدَحَ پیالہ بھرنا — الشَّرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا — لَهُ بِالْبَيْعِ وَصَفَقَ عَلٰى يَدِهِ وَصَفَقَ يَدَهُ بِالْبَيْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا — الرَّجُلُ: جانا — فلاں تلوار مارنا — الرِّيحُ الْاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَيْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔

صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا — الثَّوْبُ: کپڑے کا گاڑھا ہونا۔

اَصْفَقَهُ۔ باز رکھنا۔ اَصْفَقَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا والشَّرَابَ بمعنے صَفَقَ — الْكُوزَ: خوش ہونا جمع کرنا — لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے — الثَّوْبُ: کپڑے کا گاڑھا بُننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوا عَلٰى قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا — الْقَوْمُ: مضطرب و پریشان ہونا۔

صَفَقَ۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا — الرَّجُلُ يَدَيْهِ: تالی بجانا — حَوْلَ الشَّيْءِ: طواف کرنا — الرَّجُلُ: جانا — الشَّرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔

صَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ عِنْدَ الْبَيْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ صَافَقَ بَيْنَ جَنْبَيْهِ: ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر گرا — بَيْنَ ثَوْبَيْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے اوپر پہننا۔

تَصَافَقَ۔ الْقَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔

تَصَفَّقَ۔ الرَّجُلُ: تردد کرنا — لِلْاَمْرِ: درپے ہونا۔

اِنْصَفَقَ۔ واپس ہونا پھر جانا — عَلَيْهِ: متوجہ ہونا۔

اِصْطَفَقَ الْعُودُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا — الْبَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا — الْقَوْمُ: مضطرب ہونا — الْاَشْجَارُ: درخت کا ہلنا — النِّسَاءُ عَلَى الْمَيِّتِ: عورتوں کا مرنے پر نوحہ و بین کرنا۔

الصَّفْقُ۔ گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ

صَفَقَا الْعُنُقِ: گردن کی دونوں جانبیں۔ صَفَقَا الفرس: گھوڑے کے رخسارے۔ صَفَقُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوق۔

الصِّفْق۔ دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔

الصَّفْقَة۔ خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع۔ "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔

الصَّفَق۔ گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔

الصِّفَاق۔ کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُق۔

الصَّافِقَة۔ نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔

الصَّفَّاق۔ صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنیوالا اور لین دین کرنے والا۔

الصَّفُوق۔ بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق

الصَّفَائِق۔ آنے جانے والے قافلے۔

الصَّفَائِق والصَّوَافِق۔ مصیبتیں۔ حوادث

الصَّفِيق۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيقٌ" اچھا کپڑا

المُصْفِق۔ راستہ۔

المُصَافِق۔ فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا۔

۔ مِنَ الإِبِلِ: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُونًا۔ النَّرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ـــ الرَّجُلُ۔ دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا۔ ـــ بِالأَرْضِ: زمین پر دے مارنا (ـــ صَفْنًا) الطَّائِرُ۔ پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا۔ الرَّجُلُ: خصیین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ۔ القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا

الْمَاءَ بَيْنَهُمْ: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا۔ اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ۔ القَوْمُ الْمَاءَ: مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفْن۔ خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان، مستی کے وقت اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج صُفُن وصُفُون وأَصْفَان وصُفْنَان۔

الصُّفْن۔ چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفْنَة۔ ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن ج أَصْفَان، وصُفْنَان الصَّفْنَة خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِن۔ پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک گ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات وصَوَافِن وصُفُون۔

صَفَا يَصْفُو صَفْوًا وصَفَاءً وصُفُوًّا

صاف ہونا ـــ الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ القِدْرَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔ صَفَتْ تَصْفُو صَفْوًا وصُفُوت صَفَاوَةُ النَّاقَةِ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً۔ الشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا

أَصْفَى إِصْفَاءً۔ فُلَانًا الوُدَّ: خالص محبت کرنا ـــ الَّذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے کو رک جانا ـــ الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رک جانا۔ اور اسی سے ضرب المثل ہے "أَنَا شَاعِرٌ كَرَكَ الَّذِي يَصْفِي وشَاعِرٌ كَرَكَ الَّذِي لَا يَصْفِي یعنی میں تمہارا ایسا شاعر گذارہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رُکتا نہیں۔ أَصْفَى مِنَ المَالِ مال سے خالی ہونا ـــ ہ بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ـــ الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً۔ فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى۔ القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفَى۔ المَالَ: کل لے لینا ـــ الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ اِسْتَصْفَاهُ وَاصْطَفَاهُ "یعنی چن لینا۔

الصَّفْو۔ مع۔ خالص محبت (ـــ الصَّفْوَة والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي۔ صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَة۔ زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو ج صَوَافٍ۔

الصِّفْوَة۔ خالص دوست۔ طرز صفائی۔

الصُّفْوَة مِنَ المَاءِ وَنَحْوِهِ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَا: جمع صَفَاة کی بمعنے پتھر۔ اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاة۔ ج صَفَاوٰت ج أَصْفَاء وصُفِيّ وصِفِيّ۔

الصَّفْوَانَة۔ ج صَفْوَان وصَفْوَان والصَّفْوَان ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَنْدَى صَفَاتُهُ" مراد یہ کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَان۔ چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَّفِيّ۔ مخلص دوست ج أَصْفِيَاء۔

مؤنث صَفِيَّةٌ۔ ہر چیز کا خالص حصہ۔
الصَّفِيُّ والصَّفِيَّةُ۔ مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کرلے۔
الصَّفِيَّةُ۔ زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ جمع صفایا۔
المِصْفَاةُ۔ چھننا جمع مَصَافٍ۔
المُصْطَفَى۔ برگزیدہ۔ چنا ہوا۔
صَقِبَ (س) صَقْبًا۔ المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔
صَقَبَهُ (ن) صَقْبًا۔ تھپڑ مارنا ـــــ الشَّيْءَ: جمع کرنا ـــ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔
صَاقَبَهُ صِقَابًا ومُصَاقَبَةً۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ لَقِيَتْهُ صِقَابًا۔ یعنی رُو در رُو ملاقات کی۔
أَصْقَبَهُ۔ نزدیک کرنا۔ أَصْقَبَ الشَّيْءُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "أَصْقَبَكَ الصَّيْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔
الصَّقَبُ۔ مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا جمع صُقُوب ـــ لمبا جمع صِقَابٌ صُقْبَانٌ۔
الصَّقَبُ والصَّقِيبُ۔ قریب۔ نزدیک کہا جاتا ہے۔ "دَارِي مِنْ دَارِهِ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ أَحَقُّ بِصَقَبِهِ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔
الصَّقَبَانِيُّ۔ عطر فروش۔
الصَّقْعُ والصَّقْحَةُ۔ گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔
الأَصْقَعُ۔ گنجا۔ مؤنث صَقْعَاءُ جمع صُقْعٌ۔
صَقَرَهُ (ن) صَقْرًا۔ بانصا: لاٹھی سے مارنا اسی سے ہے۔ "صَقَرَنِي بِكَلَامِهِ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی ـــ بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ـــ الحِجَارَةَ: ہتوڑے سے پتھر توڑنا۔
صَقَرَ وصَقَّرَ۔ النَّارَ: آگ کو جلانا۔
صَقَرَتْ (ن) صَقْرًا وصَقَرَةً وأَصْقَرَتْ

الشَّمْسُ أَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔
صَقَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔
صَقِرَ (ن) صَقَرًا وأَصْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔
تَصَقَّرَ۔ شکرہ سے شکار کرنا۔ بالمكان مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ وأَصْطَقَرَتِ النَّارُ۔ آگ کا جلنا۔
الصَّقْرُ۔ گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ جمع أَصْقُرٌ وصُقُورٌ وصُقُورَةٌ وصِقَارٌ وصِقَارَةٌ وصُقُرٌ کہا جاتا ہے۔ "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔
الصَّقْرُ۔ بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ جمع صُقُورٌ وصِقَارٌ۔
الصَّقْرُ والصَّقَرُ۔ شیرہ۔ ترکھجور کا ہوا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے۔ "نَبَذَ التَّمْرَ أَصْقَرَ مِنْ ذَاكَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔
الصَّقَرَةُ۔ بہت کھٹا دودھ۔
صَقَرٌ۔ طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔
الصَّقِرُ۔ مِنَ الرُّطَبِ والزَّبِيبِ: ترکھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔
امْرَأَةٌ صَقِرَةٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے۔ "جَاءَ بِالصَّقْرِ والبُقَرِ وبِالصَّقَارِيِّ والبُقَارِيِّ" یعنی سفید جھوٹ بولا۔
الصُّقَرَةُ۔ پرندہ کی بھنری یا سیاہی کا سُرخی یا زردی سے ملنا۔
الصَّقِيرَةُ۔ حوض کا بقیہ پانی۔
الصَّاقُورُ۔ ہتوڑا جس سے پتھر توڑا جائے کدال (ـــ والصَّاقِرَةُ) مصیبت۔ بڑی مصیبت
الصَّاقُورَةُ۔ کھوپری کا اندرونی حصہ۔
الصَّقَّارُ۔ چغلخور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
صَقَعَهُ (ن) صَقْعًا۔ سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِهِ الأَرْضَ: پچھاڑ دینا ـــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے

"مَا أَدْرِي أَيْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا۔ یا بھلائی اور کمال سے راستہ سے ہٹ جانا ـــ الحِمَارُ وَحْشِيَّ: گدھے کا منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے صَقَعَتْهُ الصَّاعِقَةُ بمعنے صَعَقَتْهُ الصَّاعِقَةُ یعنی اسکے اوپر بجلی گری
صَقَعَ (ن) صَقْعًا وصُقَاعًا وصَقَعَانًا الدِّيكُ: مرغ کا بانگ دینا (ـــ صَقْعًا وصُقَاعًا بِضَمِّهِمَا): آواز بلند کرنا۔
صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا الفَرَسُ أَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا صِفَتٌ أَصْقَعُ۔ صَقِعَتِ البِئْرُ: کنواں گر جانا۔
صُقِعَ وأُصْقِعَ۔ المَكَانُ: جمع کا ہوا ہونا۔ پالا پڑنا۔
صَقَعَ۔ بِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔
أَصْقَعَ۔ الرَّجُلُ: جمع پر چلنا۔ الصَّقِيعُ: جمع پڑنا۔
الصُّقْعُ۔ جانب۔ گوشہ۔ جمع اصقاع۔
الصَّقَعُ۔ سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔
الصَّقِعُ۔ گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَكَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔
الصُّقْعَةُ۔ گھوڑوں اور پرندوں کے سر میں سپیدی۔
الصَّقْعَاءُ۔ مؤنث أَصْقَعُ کا۔ آفتاب۔
الصَّاقِعُ۔ جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَهْ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔
الصَّاقِعَةُ۔ مؤنث صَاقِعٌ کا۔ بجلی۔
الصِّقَاعُ۔ برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے چپکانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ٹانگ باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الخِبَاءِ وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈالدیں اور اسکے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔
الصَّقِيعُ۔ جمع۔ پالا۔ ایک قسم کی بھڑ۔
المِصْقَعُ۔ فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔

وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہو ہو مُصاقع
صَوْقَعَۃ۔ سر پر مارنا۔
الصَّوْقَعَۃ۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔
اور وہی کوتیل سے بچانے والا کپڑا۔
الصَّقْعَب۔ لمبا۔ آواز نکالنے والا۔
(باتوں سے یا دروازے سے)
صَقَعَ۔ فی اُذُنہٖ: کان میں چلانا۔
الصُّقُعُ۔ ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔
صَقَلَ (ن) صَقْلًا وصِقَالًا۔ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ چمکانا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت فاعل ہو صَقَّالَۃ۔ صفت مفعول مَصْقُول۔
الدَّابَّۃ: دبلا کرنا۔ ہ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ بہ الاَرْض: زمین پر پٹک دینا۔
صَقِلَ (س) صَقَلًا۔ صاف شدہ ہونا۔
الصَّقَل۔ گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔
الصَّقَل۔ پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔
الصُّقْل والصُّقْلَۃ۔ کمر۔
الصَّقِل۔ مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔
الصَّیْقَل۔ صاقِل کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ہو صَیْقَلٌ وصَیَاقِلَۃٌ۔
الصَّقِیل۔ صاف کیا ہوا۔ تلوار۔
الصَّقَّال۔ صاقِل کا مبالغہ۔
صِقِلِّیَّۃ وصَقَلِّیَّۃ۔ جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔
المِصْقَل۔ مِنَ الخُطَبَاءِ: فصیح بلیغ۔
المِصْقَلَۃ۔ جس سے صیقل کیا جائے۔
الصَّقْلَب والصَّقْلَبِی والصَّقْلَابِی
ایک قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان آباد تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔
صَکَّہ (ن) صَکًّا۔ زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔ صَکَّ البَاب: دروازہ بند کر دینا۔
صَکَّ (س) صَکًّا۔ الرِّجْلُ او الفَرَسُ: گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَکّ اِصْطَکَّتْ رُکْبَتَاہُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ اِصْطَکَّتِ القَوْمُ بِالسُّیُوفِ: تلوار سے لڑنا۔
تَصَاکَّتِ۔ الرُّکَب: زانو کا رگڑ کھانا۔
الصَّکّ۔ چک۔ اقرار نامہ جو اَصَکّ و صُکُوک وصِکَاک۔
الأَصَکّ۔ چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت الا قوی۔ مُؤنث صَکَّاء جو صَکَّ۔
الصَّکَّاک۔ زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چک لکھنے والا۔ چک کی حفاظت کرنے والا۔
الصَّکِیک۔ کمزور۔
المِصَکّ۔ مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔
المَصْکُوکَات۔ دراہم ودنانیر۔
صَکَمَہ (ن) صَکْمًا۔ مارنا صَکَمَ الفَرَسُ عَلَی لِجَامِہٖ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔
الصَّکْمَۃ۔ صدمۂ شدیدہ۔
الصَّوَاکِم۔ مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے۔ صَکَمَتْہُ وصَوَاکِمُ الدَّہْرِ۔ اسکے اوپر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔
صَلَ (ض) صَلِیلًا۔ السِّلَاحُ: جھنکار ہونا۔ الشَّیْءُ: آواز دینا۔ المِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا۔ الإِبِلُ: اونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے۔ السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہونا (۔ صُلُولًا) اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ الماءُ: پانی کا متغیر ہونا۔
صَلَّ (ن) صَلًّا۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ الحَبَّ المُخْتَلَطَ بِالتُّرَابِ: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا۔ الخُفَّ: چرمی موزہ پر استر لگانا کہا جاتا ہے صَلَّتْہُمُ الصَّالَّۃُ یعنی ان کو مصیبت لاحق ہوگئی۔
اَصَلَّ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ القِدَمُ الماءُ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔
الصُّلّ۔ گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔
الصِّلّ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے اِذَا صِلٌّ ذَاکَ یعنی اسکے مماثل ہے۔ تلوار جو اَصْلَال۔ کہا جاتا ہے ہُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔
الصِّلّ والصَّلّ والصَّلَّۃ۔ تھوڑی متفرق بارش۔
الصَّلَّۃ۔ دباغت سے پہلے خشک چمڑا، بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ ترمٹی۔
الصُّلَّۃ۔ بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔
الصَّالَّۃ۔ مصیبت۔
الصِّلَالَۃ۔ چرمی موزے کا استر۔ جو اَصِلَّۃ۔
صُلَالَۃ۔ الحَبّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّلِیل۔ جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔
الصَّلَال والمِصْلَال۔ مِنَ الطِّیْنِ خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَال: متغیر پانی۔
الصِّلِّیَان۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّیَانَۃٌ۔
المُصَلَّل۔ سردار۔ شریف۔ خالص النسب کثیر بارش۔
صَلَبَہ (ن ض) صَلْبًا۔ سولی دینا۔ اللَّحْمَ: گوشت بھوننا۔ العِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔ صَلَبَتْہُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَیْہِ الحُمَّی: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔
صَلُبَ (ک س) صَلَابَۃً۔ سخت ہونا۔ عَلَی المَالِ: بخل کرنا۔
صَلَّبَ۔ الشَّیْءَ: سخت کرنا۔ الشَّیْءُ: سخت ہونا اور خشک ہونا۔ اللِّصُّ: چور کو سولی دینا۔ ۔ النَّصْرَانِیُّ: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔
اَصْلَبَتِ۔ النَّاقَۃُ: بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔
تَصَلَّبَ۔ سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ - العِظَامَ: ہڈیوں کو گودا نکالنا۔
الصَّلَب - ریڑھ کی ہڈی - چربی - گودا۔
سخت زمین جو صِلَبَۃٌ واَصْلَاب - ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں - اِنَّہَا لَاَصْلَابُ مُنْذُ اَعْوَامٍ"
الصُّلْب - سخت - کہا جاتا ہے "ہُوَ صُلْبٌ فِی دِیْنِہٖ" وہ اپنے دین میں سخت ہے "رَاعٍ صُلْبُ العَصَا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو - ریڑھ کی ہڈی جو اَصْلاب واَصْلُب وصِلَبۃ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے
الصُّلْب - قوۃ - حسب - سخت پتھریلی جگہ - جو صِلَبَۃ -
الصُّلْب - ایک پرندہ ہے -
الصَّالِب - فا - حُمّیٰ صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو -
الصَّالِب والصَّالَب - ریڑھ کی ہڈی -
الصُّلَّب - سخت - سان رکھنے کا پتھر - ریڑھ کی ہڈی -
الصُّلَبَۃ - سان رکھنے کا پتھر -
الصُّلْبِی - سخت - جس سے سان رکھا جائے
سِنَانٌ صُلْبِی: تیز نیزے -
الصُّلَّبِیَّۃ - یعنی صُلْبِی - تا مبالغہ کے لئے ہے -
الصَّلِیب - وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو سولی دی گئی - ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے جو صُلْبَان وصُلُب - قوی سولی دیا ہوا - چربی - گودا - کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِیْبَ العَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا - جھنڈا - لکڑی صَلِیْب عَلَی الرَّاْسِ وَمَنْصُوْب - اونٹ کا داغ جو صُلْب - خالص نسب والا - کہا جاتا ہے "ہُوَ عَرَبِیٌّ صَلِیْبٌ" وہ خالص عربی ہے - ذُوْ الصَّلِیْب لقب ہے الاَخْطَل نصرانی شاعر کا -
الصَّلِیْبِی - واحد الصَّلِیْبِیَّۃ - کہ یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انھوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا -
بَعِیْرٌ مُصَلَّبٌ ومَصْلُوْبٌ جس پر صلیب جیسا داغ ہو مُؤنث مُصَلَّبَۃٌ ومَصْلُوْبَۃٌ سِنَانٌ مُصَلَّبٌ: تیز نیزے - شَیْءٌ مُصَلَّبٌ عَلَیْہِ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو - ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ: جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو -
صَلَتَ (ن) صَلْتًا - الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا -
صَلُتَ (ک) صُلُوْتَۃً - الرَّجُلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا -
اَصْلَتَ - السَّیْفَ: تلوار سونتنا -
اِنْصَلَتَ - فِی عَدْوِہٖ: دوڑ میں آگے نکل جانا -
الصَّلْت - کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی کہا جاتا ہے "جَبِیْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی -
الصَّلْت والصُّلْت - بڑی چھری -
جو اَصْلَات -
الصَّلْت والصَّلْتَان والاِصْلِیْت والاَصْلَتِی والاِصْلَات والمِصْلَت والمِصْلَات والمُنْصَلِت - مِنَ الرِّجَال: بہادر آدمی - کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ مَصَالِیْتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے - الصَّلْت الاِصْلِیْت والمُنْصَلِت مِنَ السُّیُوْف: صیقل شدہ تیز تلوار -
المُصَالَتَۃ - باہم دگر تلوار بازی کرنا - شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً ومعنیً لے لینا - اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے -
صَلَجَ (ن) صَلْجًا - الفِضَّۃَ: چاندی پگھلانا
صَلَجَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا -
صَلِجَ (س) صَلَجًا - سَمْعُہٗ: بہرا ہونا -
تَصَالَجَ - الرَّجُلُ: بہرا بننا -
الصُّلْج - کھرے درہم -
الصُّلَّجَۃ - ریشم کے کیڑے کا خول -
جو صُلَّج -
الصَّلِیْجَۃ - پگھلی ہوئی صاف [illegible] چاندی کا ٹکڑا -
الصَّوْلَجَان والصَّوْلَجَانَۃ - سرے کی لاٹھی جو صَوَالِجَۃ -
الصَّوْلَج - خالص چاندی - کان [illegible] ٹیڑھی لکڑی -
الاَصْلَج - سخت چکنا - بھرا -
صَلُحَ (ک ف ن) صَلَاحًا وصُلُوْحِیَّۃً وصَلَاحِیَّۃً - درست ہونا - فساد [illegible] کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہو گیا ــــ الرَّجُلُ: نیک ہونا ــــ فِی عَمَلِہٖ: کام میں درست ہونا - کہا جاتا ہے "ہٰذَا یَصْلُحُ لَکَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق تمہارے لائق ہے -
صَالَحَہٗ صُلْحًا ومُصَالَحَۃً: [illegible] ہونا - صلح کرنا -
اَصْلَحَ - الشَّیْءَ: درست کرنا - بِہٖ: [illegible] کرانا ــــ اِلَیْہِ: اچھا کرنا - کہا جاتا ہے "اَللّٰہُ فِیْ ذُرِّیَّتِہٖ وَمَالِہٖ"
تَصَالَحَ واصْطَلَحَ واصْطَلَحَ واصْلَحَ القَوْمُ رضامند ہونا -
اِسْتَصْلَحَ - الشَّیْءَ: درستی چاہنا -
الصُّلْح - سلامتی - درستی - مصالحت اسم ہے (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "ہُمْ صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں - کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں - مصدر ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے -
الصَّلَاحِیَّۃ - وہ حالت جس سے [illegible] چیز درست ہو -
الاِصْطِلَاح - عرف خاص - یعنی کسی خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع [illegible] کر لینا جو اِصْطِلَاحَات -
الصَّالِح - نیک - ٹھیک - درست - [illegible] دواجبات کا پورا کرنے والا - کہا جاتا ہے "بِکَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی [illegible]

ہوتا ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں کہتے ہیں: "لَفْظٌ صَالِحٌ مِنَ الْاَدَبِ" یعنی اس میں ادب کا حصہ کثیر ہے ہ صَالِحُوْن وصُلَّاح۔ الصَّالِحَة۔ مؤنث صالح کا۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْ صَالِحَةٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔ الصَّلِيْح۔ بمعنے صالح ہ صُلَحَاء۔ المُصْلِحَة۔ جو صلاح پر برانگیختہ کرے نیکی ہ صَوالِح۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَهْلِ الْمَفَاسِدِ لَا الْمَصَالِحِ" صَلَحَ (س) صَلَحًا۔ سَمْعُهٗ: سخت بہرا ہونا تَصَالُح۔ بہرا بننا۔ صَلَخَ۔ لیسنا۔ الصَّالِخ۔ بمعنے السَّالِخ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرْبٌ صَالِخٌ وسَالِخٌ" کالا سانپ۔ الأَصْلَخ۔ بہت بہرا۔ مِنَ الجِمَال: نر کی اونٹ۔ مؤنث صَلْخاء ہ صُلْخ۔ الصَّلَخ۔ بہرا پن۔ خارش۔ وَاهِيَةٌ صَلُوْخٌ: ہلاک کرنے والی مصیبت۔ صَلَخَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ الصَّلْخَد والصِّلْخِد والصِّلِخْد والصِّلَاخ والصُّلَاخِد والصَّلَخْدَى: زمین۔ دلیر۔ ہ صَلَاخِد۔ الصَّلَخْدَم۔ مِنَ الإِبِل: قوی اونٹ۔ صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکلے ہوئے آواز کرنا۔ صَلَدَتِ الأَرْضُ: زمین کا سخت ہونا۔ صَلَعَتْهُ: سر کے گنج کا چمکنا۔ صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا اکڑ ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا۔ صَلَدَ الفَحْلُ: نر اونٹ کا پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلُ: سائل کا ہدیہ: تالی بجانا۔ صَلَدَ (ک) صَلَادَةً وصَلَّدَ تَصْلِيْدًا: زمین کا سخت ہونا۔ الصَّلْد۔ الزَّنْد: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا ٹکڑا۔ صَلُدَتِ الأَرْضُ: سخت ہونا۔ اَصْلَدَ: چقماق کے چقماق سے آواز نکالنا۔

الصَّلْد۔ ٹھوس چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ صَلْدٌ وَمَكَانٌ صَلْدٌ" ہ اَصْلَاد۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذمومہ ہے۔ رَاسٌ صَلْدٌ: جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِيْنٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔ الأَصْلَد۔ بخیل۔ مؤنث صَلْدَاء ہ صُلْد۔ الصَّالِد۔ فا۔ وہ چقماق جس میں آگ نکلے۔ الصَّالِدَة۔ مونث صالد کا۔ دانت جس کے پینے میں آواز نکلے ہ صَوالِد۔ الصَّلُوْد۔ آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔ قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَأَةٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔ الصَّلُوْدَد۔ ٹھوس چکنا۔ الصَّلِيْد۔ اکیلا۔ عُوْدٌ صَلَادٌ ومِصْلَادٌ۔ نہ سلگنے والی لکڑی۔ نَاقَةٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔ الصِّلْدَاء والصِّلْدَاءَة۔ سخت ٹھوس زمین۔ الصَّلَد ہ۔ چوڑا پتھر۔ الصَّلُوْد ہ۔ سخت قوی۔ الصِّلِدِم۔ ٹھوس۔ سخت کھر شیر ہ صَلَادِم۔ الصِّلُّوْس۔ ایک قسم کی مچھلی۔ صَلْصَلَ صَلْصَلَةً۔ الحُلِيُّ والَّلجَامُ: زیور یا لگام سے آواز نکلنا۔ الرَّعْدُ: صاف گرجنا۔ الجَرَسُ: آواز کو دہرانا۔ فُلَانًا: دھمکی دینا۔ تَصَلْصَلَ۔ اللِّجَامُ والحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔ الصَّلْصَل۔ گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر چرواہا۔ فاختہ۔ الصَّلْصَال۔ کھنکھنانے والی خشک مٹی (۔۔۔ والصَّلَاصِل والمَصَالِصِل) آواز دینے والا گدھا۔ الصَّلْصَالَة۔ زمین جس میں کوئی نہ ہو۔ المُصَلْصَل۔ مصدر میمی۔ خالص النسب، شریف سردار۔ اِصْلَنْطَحَّ۔ البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔ الصَّلَاطِح والمَصْلَطِح۔ چوڑا کشادہ۔ صَلِعَ (س) صَلَعًا سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت أَصْلَع ہ صُلْع وصُلْعَان کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ" یعنی پتیوں کے پتے گر گئے۔ صَلَعَتْ وتَصَلَّعَتْ وانْصَلَعَتْ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا ۔۔۔ الحَيَّةُ: سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔ تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔ صِلَاعٌ۔ الشَّمْس: آفتاب کی گرمی۔ الصُّلْعَة والصَّلَعَة۔ سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔ الصَّلْعَاء۔ أَصْلَع کا مؤنث۔ خالی بیابان مصیبت۔ رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ ہ صُلْع۔ الصَّلْع والصَّلِيْع والصِّلَاع۔ چوڑا پتھر۔ مِنَ الأَمْكِنَة: بنجر زمین۔ رَاسٌ صَلِيْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔ صَلَّعَ۔ صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔ صَلِفَ (س) صَلَفًا۔ ڈینگ مارنا صفت صَلِف ہ صَلِفُوْن صُلَفَاء وصَلَافَى ۔۔۔ بِضَاعَتِهٖ: غیر پسندیدہ باتیں کرنا ۔۔۔ المَرْأَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا صفت صَلِفَة۔ ہ صَلِفَات وصَلَائِف ۔۔۔ السَّحَابُ: زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔ أَصْلَفَ۔ بے برکت ہونا۔ گراں جاننا، فُلَانًا: بغض رکھنا۔ تَصَلَّفَ۔ بتکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا ۔۔۔ القَوْمُ: سخت زمین میں پڑنا۔ الصَّلَف۔ درخت خرما میں خال ہونا صفت ہ صَلَفَة۔

الصَّلِف - بے مزہ کھانا - بھاری برتن -
اناء صَلِف: کم پانی لینے والا برتن - سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل - اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے -

الصَّلِیف - گردن کا پہلو - کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِصَلِیفِهِ" یعنی پورا لے لیا - طَعَامٌ صَلِیفٌ بے مزہ کھانا -

الاَصْلَف - زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے - ج اَصَالِف -

الصَّلْفَاء والصِّلْفَاء والصَّلْفَاءَة والصِّلْفَاءَة - زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے - ج الصَّلَافِی -

المُصْلِف - بیوی کی بے قدری کرنے والا -

صَلْفَعَ - مفلس ہونا - رَأْسَهُ: سر مونڈنا -

صَلَقَ (ن) صَلْقًا - الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا - صَلَقَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا - صَلَقَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا

صَلَقَ (ن) صَلْقًا - نَابَهُ: دانت پیسنا -

اَصْلَقَ - الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا - — النَّابَ: دانت پیسنے میں آواز نکالنا -

تَصَلَّقَ - المَرِیضُ: درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا - المَرْأَةُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا -

اِصْطَلَقَ - البَعِیرُ بِنَابِهِ: اونٹ کا دانت پیسنا -

الصُّلَاقَة - پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے -

الصَّلَق - سخت آواز -

الصَّلَق - ہموار زمین ج اَصْلَاق - ج اَصَالِق -

الصَّلِیق - چکنا -

الصَّلِیقَة - پتلی روٹی - چپاتی - گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا ج صَلَائِق -

المِصْلَق والمِصْلَاق - مِنَ الخُطَبَاءِ: بلیغ خطیب ج مَصَالِق ومَصَالِیق -

المَصَالِیق - بڑے بڑے پتھر ہلکے پھلکے اونٹ -

صَلْقَعَ - مفلس ہونا — رَأْسَهُ: سر مونڈنا

صَوْتَهُ: آواز تیز کرنا -

الصَّلْقَع - خالی - کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ وَصَلْقَعٌ بَلْقَعٌ" خالی مکان - بَلْقَع وبَلْقَع صَلْقَع وصَلْقَع کے لئے تابع ہیں -

الصَّلَنْقَع - مرد دلاور و توانا -

صَلَمَ (ن ض) صَلْمًا وصَلَّمَ - الشَّيْءَ: جڑ سے کاٹنا - صَلَمَهُ وصَلَّمَهُ: جڑ سے ناک کان کاٹ لینا -

اِصْطَلَمَ - جڑ سے اکھیڑنا - کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے انکو برباد کر دیا -

الصَّلَم والصَّلَمَة - مضبوط اور بہادر لوگ واحد صَالِم -

الصُّلْمَة - خود -

الصَّلَامَة والصِّلَامَة والصُّلَامَة - آدمیوں کی جماعت - سخاوت میں بہادری میں و عمر میں ایک قسم کے لوگ ج صُلَامَات صِلَامَات صَلَامَات -

رَجُلٌ اَصْلَم - الأُذُنَيْن: وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقۃً ایسے ہی ہیں مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم -

الصَّيْلَم - تلوار - سخت کام - مصیبت دن میں ایک مرتبہ کا کھانا - وَقْعَةٌ صَيْلَمَةٌ: جڑ مٹا دینے والی جنگ -

صَلَمَ - مفلس ہونا — الرَّأْسَ: مونڈ دینا — الشَّيْءَ: اکھیڑ دینا - چکنا کر دینا - کہا جاتا ہے "هُوَ صَلَمَةٌ قَلَمَةٌ" یعنی وہ اور اس کے باپ غیر معروف ہیں -

اِصْلَهَبَّ - دراز ہونا -

الصَّلْهَب والمُصَلْهَب - لمبا آدمی -

الصَّلْهَب: بڑا مکان -

الصَّلْهَج - بڑی چٹان - قوی اونٹنی -

اِصْلَهَمَّ - سخت ہونا -

اِصْلِهْمَام - دلیر - شیر -

صَلَا يَصْلُو صَلْوًا - فُلَانًا: پیٹھ درمیان مارنا -

صَلِيَتْ تَصْلَى صَلًا واَصْلَى اِصْلَاءً - النَّاقَةُ: قرب ولادت کی وجہ اونٹنی کے دبر اور دم کے درمیان کا ڈھیلا پڑ جانا -

صَلَّى صَلَاةً - دعا کرنا - نماز پڑھنا اللّٰہ عَلَيْهِ: برکت دینا - اچھی تعریف کرنا — تَصْلِيَةً) الفَرَس: گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہونا - صفت مُصَلٍّ -

الصَّلَا - انسان اور چوپایہ کی پیٹھ کا درمیانی حصہ ج صَلَوَات واَصْلَاء -

الصَّلَاة والصَّلْوَة - دعا - نماز - تسبیح — مِنَ اللّٰهِ: رحمت ج صَلَوَات -

المُصَلَّى - نماز پڑھنے کی جگہ -

صَلِيَ صَلْيًا - اللَّحْمَ: گوشت بھوننا - صفت مفعول مَصْلِيّ — فُلَانًا النَّارَ وبِهَا وعَلَيْهَا: آگ میں داخل کرنا — الرَّجُلَ: فریب دینا — لِلصَّيْدِ: جال لگانا -

صَلِيَ (س) صَلًى وصِلًى وصَلْيًا وصِلْيًا النَّارَ وبِهَا: آگ کی گرمی برداشت کرنا - آگ میں جلنا — الأَمْرَ وبِالأَمْرِ: معاملہ کی شدت برداشت کرنا -

صَلَّى - العَصَا عَلَى النَّارِ او بِالنَّارِ: آگ پر لکڑی سیدھا کرنا - صَلَّى واَصْلَى يَدَهُ: ہاتھ گرم کرنا -

اَصْلَاه - النَّارَ: آگ میں داخل کرنا -

تَصَلَّى تَصَلِّيًا - النَّارَ وبِالنَّارِ: آگ کی گرمی برداشت کرنا - آگ تاپنا — عَصَاهُ عَلَى النَّارِ: آگ دکھلانا -

اِصْطَلَى اِصْطِلَاءً - بِالنَّارِ: آگ تاپنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُصْطَلَى بِنَارِهِ" یعنی فلاں بہادر ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا -

الصِّلَاء والصَّلَى - آگ یا بڑی آگ اینڈھن -

الصَّلَايَة والصَّلَاءَة - پیشانی - خوبصورت

پینے کا پتھر۔ ہر بڑا پتھر جس پر پیسا جائے۔ ج صُمٌّ وصِلاءٌ۔

الصِّلِّيَان - ایک جنگلی گھاس۔ صِلِّيَانَةٌ واحد۔

الصِّلَاةُ والمِصْلَى - جال جو شکار کیلئے لگایا جائے ج مَصَالٍ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِلشَّيْطَانِ فِخَاخًا ومَصَالِيَ" کہ شیطان کے لئے بہت سے پھندے اور جال ہیں۔

صَمَّ (ن) صَمًّا - القَارُورَةَ: شیشی بند کرنا ــــ الجُرْحَ: زخم کو باندھنا اور لیپ لگانا ــــ عَزِيمَتَهُ: پکا ارادہ کرنا۔ صَمَّ الرَّجُلُ بِحَجَرٍ: پتھر سے مارنا۔

الضَّحَل۔ پایاب پانی ج ضِحَال واَضْحَال وضُحُوْل۔
المَضْحَل۔ وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔
ضَحَا یَضْحُو ضَحْوًا وضُحُوًّا وضَحِیًا الرَّجُلُ: دھوپ کھانا ـــ الشَّیْءُ: دھوپ کا لگنا ـــ الطَّرِیْقُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَحَا ظَلْعُہٗ" یعنی مر گیا اور یہ اس کے قول "شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے

ماخوذ ہے۔
ضَحِیَ یَضْحٰی ضَحًا وضَحَاءً دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ ضَحِیَتِ اللَّیْلَۃُ: بے بادل کا ہونا۔
ضَحّٰی تَضْحِیَۃً۔ فُلَانًا: چاشت کے وقت کھانا کھلانا — بِالشَّاۃِ: بقرعید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔
اَلنَّعَمَ: چاشت کے وقت چرانا — الرَّجُلُ: فدیہ ہو جانا — عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا، اِلَیْہِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔
ضَاحٰی مُضَاحَاۃً۔ الرَّجُلُ: چاشت کے وقت آنا۔
اَضْحٰی۔ چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی یَفْعَلُ کَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے) — الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔
عَنِ الْاَمْرِ: دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَی اللّٰہُ ظِلَّکَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کر دے مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کر دے۔
تَضَحّٰی تَضَحِّیًا۔ چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔
اِسْتَضْحٰی اِسْتِضْحَاءً۔ لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔
اَلضَّحَاءُ۔ چاشت کا وقت۔
اَلضَّحْوُ والضَّحْوَۃُ۔ چاشت کا وقت۔
اَلضُّحٰی۔ چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِکَلَامِہٖ ضُحًی" یعنی اس کے کلام کے لئے بیان نہیں۔
اَلضَّحْیَانُ۔ چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْیَانَۃٌ۔
اَلضَّحِیَّۃُ۔ دن کا بلند ہونا۔ قربانی کی بکری ذبیحہ ہو ضَحَایَا۔
اَلْاَضْحَاۃُ۔ قربانی ہو اَضْحًی۔
اَلْاُضْحِیَّۃُ اَلْاَضْحِیَّۃُ۔ قربانی ہو اَضَاحِیُّ، یَوْمُ الْاَضْحٰی۔ قربانی کا دن۔ اَلْاَضْحٰی مِنَ الْخَیْلِ سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْیَاءُ۔
اَلضَّاحِی فا۔ دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِی الْجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔
اَلضَّاحِیَۃ۔ مؤنث ضَاحِی۔ ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ہو ضَوَاحٍ۔ ضَوَاحِی الْبَلْدَۃِ: اطراف شہر ضَوَاحِی الْحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ ضَاحِیَۃً" یعنی علانیہ کیا۔ شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلِّ: بے سایہ درخت۔
یَوْمٌ اِضْحِیَانٌ۔ بے بادل کا دن۔
لَیْلَۃٌ اِضْحِیَانَۃٌ وَاِضْحِیَۃٌ۔ چاندنی رات۔
اَرْضٌ مَضْحَاۃٌ۔ سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔
ضَخَّ (ن) ضَخًّا۔ الْمَاءَ: پانی گرانا۔
ضَخَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔
اِنْضَخَّ الْمَاءُ: گرنا۔
اَلْمِضَخَّۃ۔ پچکاری۔
ضَخْرَ (ن) ضَخْرًا۔ عَیْنَہٗ: آنکھ نکال لینا۔
ضَخْمَرَ (ک) ضَخَامَۃً وَضَخَمًا۔ موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ ہو ضِخَامٌ مؤنث ضَخْمَۃٌ ہو ضَخْمَاتٌ
ضَخَّمَہٗ۔ موٹا بنانا۔
اَلضَّخَامُ۔ ہر شے کا بڑا۔
اَلْاَضْخَمُ۔ موٹا۔ زیادہ موٹا۔
اَلْمِضْخَمُ۔ بہت مارنے والا۔ سردار عالی مرتبت۔
ضَدَّ (ن) ضَدَّ فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّہٗ عَنْ کَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا — اَلْقِرْبَۃَ: مشک کو بھر دینا۔
ضَادَّہٗ مُضَادَّۃً۔ مخالفت کرنا۔
اَضَدَّہٗ۔ غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔
تَضَادَّا تَضَادًّا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔
اَلضِّدُّ۔ مخالف۔ مثل و نظیر۔ دشمن ہو اَضْدَادٌ وضِدَادٌ۔
اَلْاَضْدَادُ۔ ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔
اَلضِّدِّیْدُ۔ ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضِدِّیْدَ لَہٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔
ضَدِیَ یَضْدٰی ضَدًی۔ غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِیَۃٌ ہو ضَوَادٍ وضَادِیَاتٌ۔
ضَادَاہُ مُضَادَاۃً۔ مخالفت کرنا۔
اَضْدٰی اِضْدَاءً۔ الْاِنَاءُ: برتن کو بھر دینا
ضَرَّ (ن) ضَرًّا وضُرًّا۔ فُلَانًا وفُلَانٍ: نقصان دینا — ہ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
ضُرَّ۔ بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔
ضَارَّہٗ ضِرَارًا ومُضَارَّۃً۔ نقصان دینا مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ امْرَأَتَہٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔
ضَرَّرَہٗ تَضْرِیرًا۔ بہت زیادہ نقصان دینا
اَضَرَّہٗ۔ تکلیف پہنچانا — ہ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِہٖ: بہت قریب ہونا — اِلَیْہِ وغیرہ: جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِجَدٍّ: کچھ تیز دوڑنا — عَلَی السَّیْرِ الشَّدِیْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا — الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔
تَضَرَّرَ۔ نقصان پہنچنا۔
اِضْطَرَّہٗ۔ اِلٰی کَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا
اُضْطُرَّ۔ مجبور کیا جانا۔
اِسْتَضَرَّ۔ بِہٖ: نقصان پہنچنا۔
اَلضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَرُ۔ نقصان۔ تنگی۔ سختی بدحالی۔ ہو اَضْرَارٌ۔ اور عوام کے استعمال میں ضُرٌّ چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ ذَرٌّ ہے
اَلضِّرُّ والضُّرُّ۔ سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔
اَلضَّرَّاءُ۔ سختی۔ قحط۔ جانی و مالی نقصان
اَلضَّرَّۃُ۔ جانی و مالی نقصان۔
اَلضُّرَّۃُ۔ حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مال کثیر۔ ضَرَائِرُ سوکن ہو ضَرَائِرُ۔ کہا جاتا ہے "تَمِیْمٌ ذَاتُ الضَّرَائِرِ"

یعنی ان کے درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔
الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
الضَّرُورَۃ والضَّارُورَۃ والضَّارُورَاء: حاجت۔ الضَّارُورَۃ بمعنے ضرر۔
الضَّرَارَۃ: اندھا ہونا۔ جانی ومالی نقصان۔
الضَّرِیر: اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء وَاَضِرَّار مؤنث ضَرِیرَۃ ج ضَرَائِر۔
الضَّرِیر: غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارا۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے۔ اِنَّہٗ ضَرِیرٌ وَذُو ضَرِیرٍ عَلَی الشَّیْءِ "یعنی جب کہ صابر ہو" نَاقَۃٌ ذَاتُ ضَرِیرٍ "یعنی دیر میں تھکنے والی۔
الضَّرُورِیّ۔ جس پر انسان کو مجبور کیا جائے جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔
التَّضَرَّۃ والتَّضَرُّۃ۔ بدحالی۔
المَضَرَّۃ۔ نقصان۔ ج مَضَارّ۔
ضَرَأَ، ضَرْأً۔ الشَّیْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔
اِنْضَرَأَتِ اِنْضِرَاءً۔ الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا۔ الشَّجَرَۃُ: درخت کا خشک ہونا۔
ضَرِبَ (ض) ضَرَبًا۔ الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا۔ الجُرْحُ او العِضْرِسُ: زخم یا ڈاڑھ میں درد ہونا۔ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا۔ اللَّیْلُ: رات طویل ہونا۔ الزَّمَانُ: گذرنا۔ الطَّیْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا۔ ہ: مارنا۔ ہ البَرْدُ: سردی لگنا ضَرَبَ الخَیْمَۃَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْکَبُوتُ نَسْجًا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الأَجَلَ: مدت مقرر کرنا۔ المَثَلَ: مثال بیان کرنا۔ الدِّرْہَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا۔ الخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا۔ الصَّلَاۃَ: نماز قائم کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ الحَاسِبُ کَذَا فِی کَذَا: ضرب دینا۔ الجِزْیَۃَ عَلَیْہِمْ: جزیہ مقرر کرنا۔ عَلَیْہِمُ الذِّلَّۃَ: ذلت کو لازم کر دینا۔ لَہٗ سَہْمًا مِنْ مَالِہٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا۔ عَلٰی یَدِہٖ: روک دینا۔ القَاضِی عَلٰی یَدِہٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِہِ الأَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا۔ فِی المَاءِ: تیرنا۔ بَیْنَہُمْ: فساد کرا دینا۔ فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا منع کر دینا۔ بِیَدِہٖ: اشارہ کرنا۔ عَنْ فُلَانٍ کَذَا: روک لینا۔ الدَّہْرُ بَیْنَنَا: جدا کر دینا۔ بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا۔ عَلٰی اُذُنِہٖ: سننے سے منع کرنا۔ عَلَی المَکْتُوبِ: مہر لگانا۔ فِی البُوقِ: بگل بجانا۔ اِلَیْہِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْہُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و ضَرَبْتُ عَنْہُ جَرْوَتِی "میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا وَضَرَبَ بِذِقْنَتِہِ الأَرْضَ "یعنی بزدلی کی اور خوف کیا وَضَرَبَ فِی الأَرْضِ ضَرْبًا وَضَرْبَانًا: تجارت یا غزوہ کے لئے سفر کرنا۔
ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔
ضُرِبَتِ الأَرْضُ: زمین پر کہر اپڑنا۔
ضَرَّبَ۔ بہت مارنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ المَظَلَّۃَ بِالخُیُوطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا۔ ہ النَّجَّادُ المُضَرِّبَۃَ: درزی کا رضائی کو سینا۔ ضَرَّبَتْ عَیْنُہٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَیْنَہُمْ: بھڑکا دینا۔ ہ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔
ضَارَبَہٗ مُضَارَبَۃً وَضِرَابًا۔ ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَہٗ وَضَارَبَ لَہٗ فِی المَالِ وَبِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا۔ اور نفع میں شریک ہونا
اَضْرَبَ فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا۔ عَنْہُ: اعراض کرنا۔ القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا۔ الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے۔ اَضْرَبَ جَاشًا لِأَمْرِ کَذَا "یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔
تَضَرَّبَ۔ الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔
تَضَارَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔
اِضْطَرَبَ۔ متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ الأَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔ فِی أُمُورِہٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ اِضْطَرَبَ حَبْلُہُمْ "یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا۔ مِنْ کَذَا: تنگ دل ہونا۔ فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتَمًا مِنْ ذَہَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لئے کہا۔
اِسْتَضْرَبَ۔ العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔
الضَّرْب۔ مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرُب خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ ضَرْبٌ" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے۔ فِی العُرُوضِ فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز ج ضُرُوبٌ وَاَضْرُبٌ وَاَضْرَابٌ۔ وَرَہْمٌ ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَّرْبِ: ٹکسال
الضَّرُوب والضَّرُوب۔ سفید گاڑھا شہد۔
الضَّرْبَۃ۔ اسم مرۃ۔ دفعۃ واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفُکُّ مَالِی عَلَیْکَ اِلَّا ضَرْبَۃً وَاحِدَۃً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔
آفت۔ فساد۔
الضَّرْبَان مع۔ ضَرْبَانُ الدَّہْرِ: زمانے کے حوادث۔
الضَّارِب والضَّرُوب۔ مارنے والا۔
الضَّرَّاب۔ زیادہ مارنے والا۔
الضَّارِب۔ فا۔ پست جگہ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو ج ضَوَارِب۔ النَّسْرُ الضَّوَارِب: خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔
الضَّرِیب۔ مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء۔ پٹا ہوا۔ ج ضَرْبَی۔ قسم۔ مثل۔ شکل۔ حصہ آدمی

کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب۔
الضَّرِیْبَۃ۔ طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ ضَرِیْبَتُہٗ الَّتِیْ ضُرِبَ عَلَیْھَا" یعنی یہ اسکی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ ۔ مِنَ السَّیْفِ: دھار ۔ مِنَ الصُّوْفِ وَنَحْوِہٖ: اون یا روئی کی پونی ج ضَرَائِب۔
المَضْرِب۔ مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (۔۔۔ والمَضْرَب) تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب۔
المِضْرَب والمِضْرَاب۔ مارنے کا اوزار، زخمہ بہت مارنیوالا۔ المِضْرَب: بڑا خیمہ ج مَضَارِب۔
المُضَرِّب المُضَرِّبَۃ مِنَ الحَیَّاتِ: غیر متحرک سانپ
مَضْرِبَۃُ السَّیْفِ و مَضْرَبَتُہٗ۔ تلوار کی دھار۔
بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ۔ سلا ہوا بچھونا۔
المُضَرَّبَۃ۔ دُلائی۔ رضائی۔
ضَرَّجَہٗ (ن) ضَرْجًا۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا ۔۔۔ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا ۔۔۔ الشَّیْءَ اِلَی الْاَرْضِ: ڈالنا۔
ضَرَّجَہٗ۔ لتھیڑنا ۔۔۔ ضَرَّجَ الثَّوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ۔۔۔ الْاَنْفُ بِالدَّمِ: خون آلود کر دینا ۔۔۔ الْکَلَامَ: آراستہ کرنا ۔۔۔ الْاِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔
ضَرَّجَہٗ وَاَضْرَجَہٗ۔ الْجَیْبَ: لٹکانا۔
تَضَرَّجَ۔ پھٹنا ۔۔۔ الزَّہْرُ: پھول کا کھلنا ۔۔۔ الشَّیْءُ: لت پت ہونا ۔۔۔ الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا ۔۔۔ الْمَرْاَۃُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔
اِنْضَرَّجَ۔ پھٹنا ۔۔۔ لَنَا الطَّرِیْقُ: کشادہ ہونا ۔۔۔ مَا بَیْنَ الْقَوْمِ: دوری ہونا۔
اِنْضَرَجَتِ الْعُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔
الضَّرِیْج۔ ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِیْجٌ تیز دوڑ۔
الاِضْرِیْج۔ زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم

سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِضْرَج۔ پرانا مستعمل کپڑا ج مَضَارِج
المَضَارِج: مشقتیں۔
عَیْنٌ مَضْرُوْجَۃٌ۔ بڑی خوبصورت آنکھ۔
الضَّرْجَع۔ چیتا۔ ج ضَرَاجِع۔
ضَرَحَہٗ (ف) ضَرْحًا۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَھَادَۃَ فُلَانٍ عَنِّیْ" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّیْ الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اتار دیا۔
القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَیِّتِ: میت کیلئے صندوقی قبر بنانا۔
ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوْحًا وَضَرْحًا۔ السُّوْقُ: کساد بازاری ہونا ۔۔۔ ضَرْحًا و ضِرَاحًا) الدَّابَّۃُ بِرِجْلِھَا۔ دولتی مارنا۔
ضَارَحَہٗ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔
اَضْرَحَہٗ۔ فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوْقَ: کساد بازاری کرنا۔
اِنْضَرَحَ۔ الشَّیْءُ: پھٹنا ۔۔۔ مَا بَیْنَ الْقَوْمِ دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔
اِضْطَرَحَ۔ الشَّیْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔
الضِّرَاح۔ چوتھے آسمان میں بیت المعمور۔
الضَّرْح مص۔ کھال۔ دوری۔ وحشت۔
الضَّرِیْح۔ خراب آدمی "زِیَّۃٌ ضَرِیْحٌ: دور دراز کا ارادہ۔
الضَّرُوْح مِنَ الدَّوَابِّ: دولتی مارنیوالا۔ جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوْحٌ: زور سے پھینکنے والی کمان۔
الضَّرِیْح۔ دور۔ قبر ج ضُرَحٌ۔
المُضَرَّح والمُضَرَّحِیّ۔ شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المُضَرَّحِیُّ: نیاض سردار۔ سفید چیز
ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا۔ الشَّیْءَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَسَتْہُ الدَّھْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْہُ الْخُطُوْبُ۔ حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ الْبِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔
ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا۔ الْاَسْنَانُ: دانت کھٹے ہونا۔
ضَرَسَہُ الزَّمَانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
ضَرَسَتْہُ الْحُرُوْبُ او الْاَیَّامُ: تجربہ کار کر دینا۔
اَضْرَسَ۔ الحَامِضُ الْاَسْنَانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا ۔۔۔ ہٗ: رنجیدہ کرنا ۔۔۔ ہٗ بِالْکَلَامِ: خاموش کر دینا۔
ضَارَسَہٗ۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضَارَسَ الْاُمُوْرَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔
تَضَارَسَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ الْبِنَاءُ: ناہموار ہونا۔
الضِّرْس۔ ڈاڑھ کے دانت ج اَضْرَاس۔
الضِّرِیْس۔ ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش ج ضُرُوْس۔
الضَّرِس۔ سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔
الضَّرُوْس۔ مِنَ النُّوْقِ: وہ اونٹنی جو دینے والے کو کاٹ کھائے۔ حَرْبٌ ضَرُوْس: سخت جنگ۔
الضَّرِیْس۔ پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا ج ضُرَاسِیّ۔
المُضَرَّس۔ مصیبت زدہ۔ مِنَ الْوَشْیِ: وہ کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں کہا جاتا ہے "فِیْ اُنْیَا قُوَّتِہٖ تَضْرِیْسٌ" یا قوت میں ناہمواری ہو تَضَارِیْسُ: تَضَارِیْسُ الْاَرْضِ: زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔
الضَّرْضَم۔ شیر۔ درندے۔
ضَرَطَ (ض) ضَرْطًا وَضَرَطَانًا وَضُرَاطًا وَضَرِیْطًا۔ گوز کرنا۔
ضَرِطَ (س) ضَرَطًا۔ ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط۔

ضَرَطَ واَضْرَطَ - الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔ ضَرَطَ واَضْرَطَ الحِمَارُ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ ضَرَطَ واَضْرَطَ بِفُلَانٍ "ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

الضَّرَّاط والضَّرُوط والضِّرِّوط۔ گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضَّرِّيط۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے کَبْشٌ ضَرِّيطٌ وَ نَجْمٌ ضَرِيطٌ۔ اشد عرب میں سے ہے "اَلْاَخْذُ سُرَيْطٌ وَالْقَضَاءُ ضُرَيْطٌ یا اَلْاَخْذُ سُرَيْطِيٌّ وَالْقَضَاءُ ضُرَيْطِيٌّ یا اَلْاَخْذُ سُرَيْطِيٌّ وَالْقَضَاءُ ضُرَيْطِيٌّ یا اَلْاَخْذُ سُرَيْطًا وَالْقَضَاءُ ضُرَيْطًا" یعنی قرض کو لے کر عمل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَدْرَكَ البَعِيْرُ الاَضْرَطَا۔ مثال ہے، اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا ہو اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضْرَطُ وَاَنْتَ الاَعْلٰى۔ مثال ہے قوی کے لئے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو

الضُّرَاط والضَّرِيط۔ گوز۔

الضِّرْطِم۔ بڑے پیٹ والا۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا۔ مِنَ الشَّيْءِ: قریب ہونا — الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ (ن) ضَرْعًا۔ فَرَسَهُ: سدھانا ضَرَعَ (ن) ضَرَاعَةً وضَرِعَ (س) ضَرَعًا وضَرَعَ (ک) ضَرَاعَةً۔ کمزور ہونا الیہ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع وضَرِع ج ضَارِعُوْنَ وضُرُوْع وضَرْعَة۔

ضَرَعَ۔ مِنْ فُلَانٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔ ضَرَعَتِ الشَّمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا — القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَعَ الرُّبُّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَ۔ مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا — القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اَضْرَعَتِ الشَّاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاءُ وضَرُوْعٌ وضَرِيْعٌ وضَرِيْعَةٌ: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اترنا۔ اَضْرَعَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا — لِفُلَانٍ مَالًا کسی کے لئے مال خرچ کرنا — اَلْحَيَّ فُلَانًا: کمزور کر دینا۔ مثال ہے "اَلْحَيُّ اَضْرَعَنِي لِلَّوْمِ" اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلٰى فُلَانٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ۔ ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا — اِلَى اللّٰهِ: عاجزی سے دعا کرنا — الظِّلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ۔ لَهُ: انکساری کرنا، ذلیل ہونا۔

الضَّرْع۔ تھن۔ ج ضُرُوْع۔

الضِّرْع۔ مثل۔ رسی کی لٹ ج ضُرُوْع

الضَّرِع۔ مع۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ ضَرِعٌ وَقَوْمٌ ضَرِعُوْنَ۔

الضَّارِع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَّرْعَاء والضَّرِيْعَة۔ مِنَ الشَّاءِ والبَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَّرُوْع۔ بڑے تھن والی۔ عاجز ذلیل

الاَضْرَع۔ لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع۔ مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف تین میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام

ضَرْغَمَ وتَضَرْغَمَ۔ شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضَّرْغَم۔ شیر۔ ج ضَرَاغِم۔

الضِّرْغَام والضِّرْغَامَة۔ شیر بہادر۔ قوی۔

الضَّرْف۔ عِنْدَ العَامَّةِ: گھی تیل وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضَّرْفَة۔ کثرت۔

ضَرْفَطَهُ۔ بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُكَ (ک) ضَرَاكَةً۔ بیوقوف ہونا۔

الضَّرِيْك۔ احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ مگر گدھے ج ضَرَائِك وضُرُك۔

الضَّرُوْك۔ موٹا آدمی۔ مضبوط توانا آدمی شیر۔

ضَرِمَ (س) ضَرَمًا۔ بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَتِ النَّارُ: آگ کا مشتعل ہونا — عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا — فِي الطَّعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَمَ وضَرَّمَ واسْتَضْرَمَ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَتْ وتَضَرَّمَتِ النَّارُ: مشتعل ہونا۔ تَضَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ اِضْطَرَمَ الشَّيْبُ: بڑھاپا آجانا۔

الضِّرْم والضِّرَم۔ ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول سعتر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِّرْم: عقاب کا بچہ۔

الضَّرَم۔ بھوک کی وجہ سے غصہ۔ ایندھن اسی سے مثال ہے "نُفِخَتْ فِي غَيْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔

الضَّرِم۔ بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الضَّرَمَة۔ چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الضِّرَام۔ بھڑک۔ جلن۔ کھوار۔ چھپٹی۔ کشادہ زمین۔

الضِّرَامَة۔ لکڑی جو مشتعل ہو۔ بطم کا درخت۔

الضَّرِيْم۔ جلا ہوا۔

الضِّرِّيْم۔ ایک درخت کا گوند۔

ضَرَا یَضْرُو وَضُرُوًّا۔ العِرقُ: رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو۔ الرَّجُلُ: پچھنا۔
ضَرِیَ یَضْرَی ضَرَاوَۃً وَضَرًی وَضَرْیًا وَضَرَاءَۃً بِالشَّیْءِ: حریص ہونا۔ ضَرِیَ وَضَرِاَ وَضَرَاَ) الکَلْبُ بِالصَّیْدِ: کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِیٌّ وَضَارٍ۔ مؤنث ضَارِیَۃٌ ج ضَوَارٍ۔ ضَرِیَ النَّبِیْذُ: جھاگ والا ہونا۔
ضَرَّی وَاَضْرَی۔ الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَی الرَّجُلُ: جھاگ والی نبیذ پینا۔
اِسْتَضْرَی۔ لِلصَّیْدِ: شکار کو بے خبری میں پکڑنا۔
الضَّرَاءُ۔ مع۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے ہُوَ یَمْشِی الضَّرَاءَ یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔
الضَّرَی۔ مع۔ لڑائی کی شدت۔
الضَّرُو۔ شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضَرُوَۃٌ ج ضِرَاءٌ وَاَضْرٌ۔ ایک قسم کا درخت۔
الضَّرِیُّ۔ ایک قسم کی نبیذ۔
الضَّوَارِی۔ جمع ضَارِی۔ مِنَ الحَیَوَانَاتِ درندے جیسے شیر چیتا وغیرہ۔
ضَرِیَ یَضْرَی ضَرْیًا۔ العِرْقُ بِالدَّمِ: رگ کا خون بہانا صفت ضَرِیٌّ۔
ضَرِزَ (س) ضَرَزًا۔ بدخلق ہونا۔
اَضَرَّ عَلَیْہِ: بخل کرنا۔ اَضَرَّہٗ: پیسنا۔
الاَضَرُّ۔ بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُرٌّ۔
المُضِرُّ۔ بدخلق۔ غضبناک۔
ضَرَنَہٗ (ن ض) ضَرْنًا۔ جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔
تَضَارَنَ۔ القَوْمُ: آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔
الضَّیْزَنُ۔ قابلِ اعتبار نگہبان۔ آل و اولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔
ضَعْضَعَہٗ۔ زمین تک ڈھا دینا۔
تَضَعْضَعَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا ضعیف ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے دبلا ہونا ــــ مَالُہٗ: کم ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ تَضَعْضَعَ بِہِ الدَّہْرُ یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔
الضَّعْضَعُ وَالضَّعْضَاعُ۔ کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔
الضَّعْضَعَۃُ۔ مع۔ شدۃ۔ فروتنی۔ خاکساری
ضَعَطَہٗ (ف) ضَعْطًا۔ ذبح کرنا۔
ضَعُفَ (ن) ضَعْفًا وَضُعْفًا وَضُعُفَ (ک) ضَعَافَۃً وَضَعَافِیَۃً۔ کمزور ہونا۔
ضَعَّفَ (ف) ضَعْفًا۔ القَوْمُ: زیادہ کرنا ــــ الشَّیْءَ: دوچند کرنا۔
ضَعَّفَہٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔
ضَعَّفَ الحَدِیْثَ: ضعف کی طرف نسبت کرنا (ــ وَتَضَعَّفَہٗ وَاِسْتَضْعَفَہٗ) ضعیف سمجھنا۔
اَضْعَفَہٗ۔ دوچند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعولی مُضْعَفٌ۔ قیاس کے مطابق مُضَعَّفٌ ہونا چاہئے تھا اور یہ ایسا ہی ہے جیسے اَسْعَدَہُ اللّٰہُ سے مَسْعُوْدٌ نہ کہ مُسْعَدٌ۔ اَضْعَفَ الرَّجُلُ: کمزور جانور کا مالک ہونا۔
ضَاعَفَہٗ۔ دوچند کرنا۔
تَضَاعَفَ۔ دوچند ہونا۔
الضَّعْفُ وَالضُّعْفُ۔ کمزوری۔
ضِعْفُ۔ الشَّیْءِ: دوچند اور یا دوچند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَکَ ضِعْفُہٗ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لئے دوچند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے ہذا اَضْعَافُ اَضْعَافِ الکِتَابِ: کتاب کی سطور کا فاصلہ۔
الاَضْعَافُ مِنَ الجَسَدِ: اعضاء جسم یا ہڈیاں۔
الضَّعَفُ۔ کمزوری۔ عقل و رائے کی کمزوری۔
الضَّعْفَانُ۔ کمزور ج ضُعَفَائُ۔
الضَّعُوْنُ۔ کمزور۔
الضَّعِیْفُ۔ کمزور ج ضِعَافٌ وَضُعَفَاءُ وَضَعْفَۃٌ وَضُعَفٌ مؤنث ضَعِیْفَۃٌ۔ الضَّعِیْفُ فی الکلام درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَۃُ۔ مِنَ الدُّرُوْعِ: ایسی زرہ جس کے حلقے دُہرے دُہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضَعَّفَۃٌ۔ زمین جس پر مکی بار بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ (س) ضَعَلًا۔ ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دبلا ہونا۔
ضَغَا یَضْغُو ضَغْوًا۔ پوشیدہ ہونا۔
اَضْغَ۔ القَوْمُ: سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضْغَتِ الاَرْضُ وَاضْطَغَتِ الاَرْضُ سبزہ زار ہونا۔
الضَّغِیْغُ۔ تروتازگی۔
الضَّغِیْغَۃُ۔ سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلوط جماعت۔
ضَغَبَ (ن) ضَغْبًا۔ بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضَّغِیْبُ وَالضُّغَابُ۔ خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضَّغْبُوْسُ۔ لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ گرگٹ کھیرا۔ ہلیون کی مانند ایک سبزی ج ضَغَابِیْسُ۔
ضَغَثَ (ن) ضَغْثًا۔ الحَدِیْثَ: جانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا ــــ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
اَضْغَثَ۔ الحَالِمُ الرُّؤْیَا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضَغَثَ۔ النَّبَاتَ: سبزی کا مٹھا بنانا۔
اِضْطَغَثَ۔ الحَطَبَ: لکڑی کو اکٹھا کرنا
الضِّغْثُ۔ تر و خشک گھاس کا مٹھا۔
ــــ مِنَ الخَبَرِ وَالاَمْرِ: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو ج اَضْغَاثٌ۔ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: گڈمڈ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔ کَلَامٌ ضِغْثٌ وَضَغْثٌ۔ ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔

التضغيث - بارش سے تر زمین یا نباتات
ضَغَطَهٗ (ف) ضَغْطًا و اَضْغَطَهٗ: بھینچنا بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضَاغَطَهٗ ضِغَاطًا و مُضَاغَطَةً۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تَضَاغَطُوْا۔ تنگی کرنا۔
اِنْضَغَطَ۔ مغلوب ہونا۔
اِضْتَغَطَ۔ عَلَيْهِ: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا۔ اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضُّغْطَة۔ تنگی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْ فُلَانًا ضُغْطَةٌ" جبکہ تم تنگی کرو تاکہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔
الضَّغْطَة۔ قہر۔ تنگی۔ مجبوری ضَغْطَةُ الْقَبْرِ نثار قبر۔
الضَّاغِط۔ فانگہبان۔ امانت دار۔
الضَّاغُوْط۔ کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضَّغِيْط۔ کمزور رائے والا ہو ضَغْطَى مونث ضَغِيْطَة۔
المَضْغَط۔ پست زمین ہو مَضَاغِط۔
ضَغَلَ ضَغِيْلًا۔ پھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضَّغِيْل۔ پھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔
ضَغَمَ (ن) ضَغْمًا۔ الشَّیْءَ: بھنبھوڑ لینا کہا جاتا ہے ضَغَمَتْهُ ضَغْمَةَ الْاَسَدِ اس نے اسے شیر کی طرح بھنبھوڑ لیا۔
الضَّغَامَة۔ دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضَّيْغَم۔ شیر۔ کاٹنے والا ہو ضَيَاغِم۔
الضَّيْغَمِيّ۔ شیر۔
ضَغِنَ (س) ضَغَنًا۔ عَلَيْهِ: کینہ رکھنا ـــ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔
اِضْطَغَنَهٗ۔ بغل کے نیچے لینا۔
اِضْطَغَنَ وتَضَاغَنَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَغَنَ فُلَانٌ عَلٰى فُلَانٍ ضَغِيْنَتَهٗ" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضِّغْن۔ کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ہو اَضْغَان۔
الضَّاغِن والضَّغِن۔ کینہ ور۔ فرس ضَاغِنٌ و ضَغِنٌ: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عُوْدٌ ضَغِنٌ: ٹیڑھی لکڑی۔
الضَّغِيْنَة۔ کینہ۔ ہو ضَغَائِن۔
ضَغَا يَضْغُوْ ضَغْوًا۔ المَقَامِرُ: خیانت کرنا ـــ اِلَيْهِ: عاجزی کرنا (ـــ ضَغْوًا و ضَغَارٌ) السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
اَضْغَاهُ اِضْغَاءً۔ میاؤں میاؤں کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
تَضَاغَى۔ بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضُّغَاء مع۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضَفَّ (ن) ضَفًّا وضَفَفًا۔ القَوْمُ عَلَى المَاءِ او الطَّعَامِ: بھیڑ کرنا (ـــ ضَفًّا) الشَّیْءَ۔ جمع کرنا۔
تَضَافَّ۔ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضَفُّ الحَالِ: بدحال۔
الضَّفَّة۔ جماعت۔
الضَّفَّة والضِّفَّة۔ دریا کا کنارہ۔ ـــ مِنَ البَحْرِ: سمندر کا ساحل ہو ضِفَاف
الضَّفَف۔ مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضَّفَافَة۔ بے عقل۔
عَيْنٌ ضَفُوْفٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔
مَاءٌ مَضْفُوْف۔ جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضَفَدَهٗ (ض) ضَفْدًا۔ طمانچہ مارنا۔
ضَفَدَعَ المَاءُ: پانی کا مینڈکوں والا ہونا ـــ الرَّجُلُ: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضِّفْدِع۔ مینڈک ہو ضَفَادِع وضَفَادِی اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضِفْدَعَةٌ۔
ضَفَرَ (ض) ضَفْرًا و ضَفَّرَ الحَبْلَ: رسی بٹنا ـــ الشَّعْرَ: بال گوندھنا۔ ضَفَرَ البِنَاءَ: عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔
الرَّجُلُ: دوڑنے میں کودنا ـــ الدَّابَّةَ: جانور کے منہ میں لگام دینا۔
ضَافَرَهٗ۔ عَلَى الاَمْرِ: مدد کرنا۔
تَضَافَرُوْا۔ عَلَى الاَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِنْضَفَرَ۔ گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْضَفَرَ الحَبْلَانِ" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضَّفْر مع۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو ہو ضَفْرٌ و اَضْفَارٌ۔
الضَّفَار۔ کجاوہ کا تنگ ہو ضُفُر۔
الضَّفِيْرَة۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ: بھرا ہوا ترکش۔
الضَّفِيْر۔ گندھے ہوئے بالوں کی رسی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَّفِيْرَة۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ چوٹی۔ ہو ضَفَائِر۔ کہا جاتا ہے کِنَانَةٌ ضَفِيْرَةٌ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ (ن) ضَفْزًا۔ کودنا ـــ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا ـــ الفَرَسَ: گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ـــ البَعِيْرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضْطَفَزَهٗ۔ زبردستی نگلنا۔
الضَّفَّاز۔ چغل خور۔
الضَّفِيْزَة۔ بڑا لقمہ ہو ضَفَائِز۔
ضَفْضَفَة۔ القَوْمُ: جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَهٗ (ن) ضَفْطًا۔ بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا ـــ الرَّجُلُ: حاجت پوری کرنا ـــ بِسُلَّمٍ: پالنگ نہ کرنا۔
ضَفَطَ (ک) ضَفَاطَةً۔ ڈھیلے اور بڑی پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تَضَافَطَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا گٹھا ہوا ہونا۔

الضَّفْطَة - جہالت - کمزوری رائے۔
الضَّافِط - فاسد رجس کا سفر دور کا نہو۔
الضَّافِطَة - مؤنث ضَافِط - باربرداری کا اونٹ - کمینہ آدمی - شتربان۔
الضَّفَّاط والضِّفِط والضَّفِيط - موٹا ڈھیلا - بڑے پیٹ والا - بیوقوف - کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے - شتربان۔
الضُّفَاط - کمینہ آدمی۔
الضَّفَنْط - موٹا ڈھیلا - بڑے پیٹ والا۔
ضَفَنَ (ض) ضَفْنًا - اِلَيْهِ: کسی کے پاس جاکر بیٹھنا ـــ بِحَاجَتِهِ: حاجت پوری کردینا بِرِجْلِهِ: لات مارنا ـــ مَعَ الضَّعِيفِ: ساتھ آنا ـــ بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ـــ فلانا: چوتڑ پر لات مارنا ـــ عليه: ظلم کرنا
تَضَافَنَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مل کر مدد کرنا۔
الضِّفِن والضِّفِنّ - بے وقوف چھوٹے قد کا موٹا۔
ضَفَا يَضْفُو ضَفْوًا - الرَّأْسُ: سر پر بال بہت زیادہ ہونا ـــ الْحَوْضُ: حوض کا کناروں سے بہنا ـــ الثَّوْبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضَافٍ۔
الضَّفَا - جانب۔ مثنی ضَفَوَانِ۔
ضَفْوَةٌ - العَيْشُ: خوش عیشی۔
ضَقَّ (ض) ضَقًّا - آواز کرنا۔
ضَكَّهُ (ن) ضَكًّا - بھینچنا ـــ الْأَمْرُ فُلَانًا: تنگ ہونا ـــ ہ بِالْحُجَّةِ: مغلوب کرنا۔
ضَكْزَهُ (ن) ضَكْزًا - زور سے چھونا۔
الضَّكَل - تھوڑا پانی۔
الضَّيْكَل - بڑے ڈیل ڈول کا - ننگا - فقیر۔ ج ضَيَاكِل وضَيَاكِلَة۔
الأَضْكَل - ننگا۔
ضَلَّ (س ض) ضَلًّا وضَلَالَةً - گمراہ ہونا - دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا صفت ضَالٌّ ج ضُلَّالٌ وضَالُّونَ - الطَّرِيقَ او عَنْهُ: ہدایت نہ پانا ـــ الشَّيْءُ عَنْهُ: ضائع ہونا: بیکار جانا۔ ضَلَّ سَعْيُهُ: کامیاب نہ ہونا ـــ الشَّيْءُ: تلف ہونا ـــ الرَّجُلُ: مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہوجانا ـــ الرَّجُلَ: بھول جانا۔
ضَلَّلَهُ تَضْلِيلًا وتَضَلَّلًا - گمراہ کردینا - گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔
أَضَلَّ - الشَّيْءَ: ضائع کرنا - ہلاک کرنا - دفن کرنا - غائب کرنا ـــ ہ اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کردینا ـــ فلان فرسَه: گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا ـــ الشَّيْءَ او الرَّجُلُ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "أَتَى قَوْمَهُ فَأَضَلَّهُمْ" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔
تَضَالَّ - گمراہی کا دعوی کرنا۔
اِسْتَضَلَّ - گمراہ ہونے کو کہنا۔
الضَّلّ والضُّلّ والضَّلَال والضَّلَالَة - گمراہی - باطل - ہلاکت - کہا جاتا ہے "هُوَ ضَلُّ بْنُ ضَلٍّ او ضَلُّ بْنُ ضِلٍّ او ضَلُّ أَضَلَّ أَضَلَّ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں - یا اس کے اندر خیر نہیں۔
الضَّلّ - گمراہی - پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔
الضَّلَّة - اسم مرة - حیرت - خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔
الضِّلَّة - گمراہی - کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہوگیا "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا "هُوَ يَبْغِي ضِلَّةً" یعنی وہ مصیبت ہے "هُوَ يَبْغِي ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔
الضُّلَّة - کامل رہنمائی - کہا جاتا ہے "دَلِيلٌ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔
الضَّالَّة - مؤنث ضَالّ - گم شدہ چیز جسکے پیچھے تم پھر رہے ہو ج ضَوَالّ۔
الضَّلِيل - بہت زیادہ گمراہ۔
الأُضْلُولَة - گمراہی ج أَضَالِيل۔
المَضَلّ - جس میں لوگ گمراہ ہوجائیں۔
المُضِلّ - فاسد سراب۔
المَضَلَّة والمَضِلَّة - گمراہی - أَرْضٌ مَضَلَّةٌ ومَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اونٹ کیلئے کہا جاتا ہے "أَرْضُونَ مَضَلَّاتٌ"۔
المُضَلَّل - بہت زیادہ گمراہ - گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔
ضَلَعَ (ک) ضَلَاعَةً - قوی مضبوط پہلو والا ہونا - صفت ضَلِيع۔
ضَلَعَ (ف) ضَلْعًا - الشَّيْءَ: ٹیڑھا ہوجانا۔ صفت ضَالِع ج ضُلَّع - الرَّجُلَ: پسلی پر مارنا ـــ عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔
ضَلِعَ (س) ضَلَعًا وضَلْعًا - پیدائشی ٹیڑھا ہونا - صفت ضَلِع اور اسی سے ہے "تَاللّٰهِ لَأُضَلِّعَنَّ ضَلَعَكَ او ضَلَعَكَ" یعنی میں تیری کجی کو درست کردوں گا - ضَلِعَ مَعَ فُلَانٍ: جھکنا ـــ الرَّجُلُ: شکم سیر یا سیراب ہونا۔
ضَلَّعَهُ - جھکانا - ٹیڑھا کرنا - بوجھل کرنا۔ ضَلَّعَ الثَّوْبَ: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش ونگار بنانا۔
أَضْلَعَهُ - جھکانا - بوجھل کرنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَضْلَعَتْهُ الْخُطُوبُ" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کردیا۔
تَضَلَّعَ - شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُومِ" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔
اِضْطَلَعَ - قوی ہونا ـــ بِحَمْلِهِ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔
الضَّلَع - پہلوان ٹیڑھا پن - کہا جاتا ہے "ضَلَعَكَ مَعَ فُلَانٍ" تمہارا پہلوان فلاں کی جانب ہے۔
الضِّلَع والضَّلَع - پسلی (مؤنث اور مذکر)

وضلوع واضلاع - کہا جاتا ہے "ہُمْ عَلَیَّ ضِلْعٌ جَائِرَۃٌ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضِّلْع والضِّلَع مِنَ البِطِّیخ: خربوزے کی قاش۔ ضِلَعُ السِّلِق ونحوہ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضِّلْع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ ابرو۔ الضِّلْعَۃ - جانب۔

الضِّلْعَۃ - ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔

الأَضْلَع - مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلْع۔

الضَّلُوع - زمین کا ڈھلوان۔

الضَّلِیع - مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلُع۔ مؤنث ضَلِیعَۃ رَجُل ضَلِیعُ الفَمِ: بڑی منہ والا۔ قَوْسٌ ضَلِیعٌ وضَلِیعَۃٌ ومَضْلُوعَۃٌ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔

المُضْلِع من الاعمال: بوجھل۔ عاجز کردینے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مُضْلِعٌ بِہٰذَا الأَمْرِ" اسے اس کام کی طاقت ہے۔

المُضَلَّع - پہلوؤں والا ـــــ من الثیاب دھاری دار کپڑا۔

ضَمَّ (ن) ضَمًّا - الشَّیْءَ: جمع کرنا ـــ الشَّیْءَ إلَیْہِ قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا ـــ عَلَی الشَّیْءِ قبضہ کرنا ـــ فُلَانًا إلَیْہِ: ساتھ رکھنا۔ ضَمَّہُ إلَی صَدْرِہٖ - معانقہ کرنا ـــ الحَرْفَ: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَمَّ جَنَاحَہٗ عَنِ النَّاسِ" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔

ضَامَّہٗ - إلَیْہِ: ملانا۔

أَضَمَّہٗ - الشَّیْءَ إلَی فُلَانٍ: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔

إنْضَمَّ - ملنا ـــ عَلَی کَذَا: مشتمل ہونا

تَضَمَّمَ - الشَّیْءُ: پوری طرح سے شامل ہونا۔

إضْطَمَّہٗ - اپنی طرف ملانا۔ إضْطَمَّ عَلَیْہِ: مشتمل ہونا۔

الضَّمّ والضَّمَّۃ - پیش کی حرکت۔ الضَّمَّۃ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔

الضِّمَام - ملانے کا ذریعہ۔

الضُّمُوم - دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔

الضَّمِیم - ساتھی۔ مؤنث ضَمِیمَۃ۔

الإضْمَامَۃ - جماعت ج أَضَامِیم ـــ مِنَ الکُتُب: کتابوں کا بنڈل۔

المُنْضَمّ - عَلَی کَذَا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "أَصْبَحَ مُنْضَمًّا" یعنی لاغر ہوگیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔

ضَمْجَرَ (ن) ضَمْجَرًا وضَمْجَرَۃً - جسدہٗ: خوشبو لگانا

ضَمْجَرَ وأَضْمَجَرَ - بالأَرْضِ: زمین سے چمٹ جانا۔

الضَّمْجَرَۃ - ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے کھٹمل۔

الضَّمْجَر - آفت جو انسان کو لاحق ہو۔

إضْمَحَلَّ - نیست نابود ہونا ـــ السَّحَابُ بادل کا کھل جانا۔

ضَمَخَ (ن) ضَمْخًا وضَمَّخَ - جسدہٗ بالطِّیب: بدن میں خوشبو لگانا۔

تَضَمَّخَ وتَضَمَّخَ وإضْطَمَخَ - بالطِّیب: خوشبو سے لت پت ہونا۔

الضَّمْخَۃ - موٹی عورت یا اونٹنی۔

ضَمَدَ (ض) ضَمْدًا وضَمَّدَ - الجُرْحَ: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اُضْمُدْ عَلَیْکَ ثِیَابَکَ" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضَمَّدَ رَأْسَہٗ بِالسَّیْفِ" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔ اور ایسا ہی

ضَمَدَ (س) ضَمَدًا - خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ـــ عَلَیْہِ: کینہ کرنا۔

أَضْمَدَ - القَوْمَ: جمع کرنا۔

تَضَمَّدَ - الجُرْحُ: پٹی بندھ جانا۔

الضَّمْد - سوکھ۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔

الضِّمْد - دوست۔ ساتھی۔

الضِّمْد - ظلم۔ پرانا حق۔

الضَّامِد - فا۔ لازم۔

الضِّمَاد والضِّمَادَۃ - پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ـــ کہا جاتا ہے "أَنَا عَلَی ضِمَادَۃٍ مِنَ الأَمْرِ" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔

ضَمَرَ (ن) وضَمُرَ (ک) ضُمُورًا - دبلا ہونا لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِر مؤنث ضَامِرٌ وضَامِرَۃٌ ج ضُمْر وضَوَامِر۔

أَضْمَرَ الأَمْرَ: پوشیدہ کرنا ـــ فِی نَفْسِہٖ شَیْئًا اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا ـــ الخَبَرَ: تہ تک پہنچنا۔ أَضْمَرَتِ الأَرْضُ فُلَانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کردیا ـــ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اضمار اصطلاح فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کردیں۔ جیسے متفاعلن کے دوسرے حرف کو ساکن کردیں۔ تو متفاعلن ہوکر مُسْتَفْعِلُن کے وزن پر ہوجاتا ہے۔

أَضْمَرَ وضَمَّرَ الفَرَسَ: دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا

تَضَمَّرَ وَجْہُہٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

إضْمَرَّ العُضْوُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

إضْطَمَرَ - مل جانا ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا چھریرا ہونا۔

الضَّمْر - چھریرا۔ دبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن مؤنث ضَمْرَۃٌ - تنگ۔ راز ـــ المُضْمَر: پوشیدہ۔

الضُّمْر والضُّمُر - دبلاپن۔

الضَّمِیر - راز پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے أَنَا۔ أَنْتَ۔ ہُوَ ج ضَمَائِر۔

الضِّمَار - پوشیدہ۔ مالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی امید نہ ہو ـــ مِنَ الدَّیْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الإضْمَار - مع۔ زحافات شعریہ کی ایک قسم، تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّوْمَرَان والضَّیْمَرَان - ایک قسم کی

خوشبودار گھاس۔
المِضْمَار۔ گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے پھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے پھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔
ضَمْزًا (ض) ضَمْزًا۔ چپ رہنا — اللُّقْمَة بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا — عَلَى مَالِهِ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ وضَمُوزٌ۔ ج ضُمُزٌ۔
ضَمْسَةً (ض) ضَمْسًا۔ آہستہ آہستہ چلنا
ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً۔ دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا — الأَسَدُ: شیر کا گونجنا — فُلَانٌ عَلَى المَالِ: کل لے لینا۔
الضَّمْضَم والضُّمَاضِم۔ دلیر۔ گرانڈیل شیر غضبناک۔
ضَمِنَ (س) ضَمْنًا وضَمَانًا الشَّيْءَ وبِهِ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا — ہ: جمع کرنا۔
ضَمِنَ: (س) ضَمْنًا وضَمَانَةً۔ الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن۔
ضَمَّنَ الشَّيْءَ الوِعَاءَ: برتن میں رکھنا — ہ الشَّيْءَ: ذمہ دار بنا دینا — الشَّاعِرَ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کر لینا۔
تَضَمَّنَ۔ الشَّيْءَ: مشتمل ہونا — الشَّيْءَ عَنِّي: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔
الضَّمَن والضُّمْنَة والضَّمَان الضَّمَانَة۔ ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔
الضِّمْن۔ اندرونِ شئی۔ ضِمْنُ الكِتَابِ: کتاب کا بیچ۔
الضَّمِن۔ عاشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلَى أَهْلِهِ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔
الضَّامِن۔ فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
الضَّمِين۔ کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا ج ضَمْنَى۔
الضَّمَان مم۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔
المَضْمُون مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔
مِنَ الجُمْلَة: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لئے بیان نہ کیا گیا ہو ج مَضَامِين
المُضَمَّن۔ مفع۔ تضمین کیا ہوا — مِنَ الأَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملا یا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔
ضَنَّ (ر ض) ضَنًّا وضِنًّا وضِنَّةً وضَنَانَةً ومَضَنَّةً واضْطَنَّ۔ بالشَّيْءِ بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالمَكَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا
الضِّنّ والضِّنَّة۔ جس پر بخل کیا جائے خاص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّي وضِنَّتِي" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔
الضَّنِين۔ بہادر۔
الضَّنِين۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "إِنَّمَا يُضَنُّ بِالضَّنِينِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔
الضَّنَائِن۔ وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے۔ اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللهِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔
الضَّنَانَة۔ مم بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "بَجِحْتُ عَلَى القَوْمِ وهُمْ بِضَنَانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوتے تھے۔
المَضَنَّة والمَضِنَّة۔ جس پر بخل کیا جائے ج مَضَانّ۔
ضَنَأَ (ن) ضَنْأً وضُنُوءًا۔ پھیلنا — فِي الأَرْضِ: جانا — المَالُ: کثیر ہونا (ضَنَأَتْ (ن) ضَنْأً وضُنُوءًا وضَنِئَتْ (س) ضَنًا وأَضْنَأَتْ) المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِئٌ و ضَانِئَةٌ ج ضَوَانٍ۔
إِضْطَنَأَ لَهُ ومِنْهُ: شرمانا اور منقبض ہونا۔
الضَّنْءُ والضِّنْءُ۔ اولاد (اس کیلئے واحد نہیں)
الضَّنَاءَة والضَّنَأَة۔ ضرورت۔
ضَنَبَ (ن) ضَنْبًا بِالأَرْضِ: زمین پر ٹک دینا۔ ضَنَبَ بِالشَّيْءِ: قبضہ کرنا۔
ضَنِطَ (س) ضَنَطًا۔ الشَّحْمُ: موٹاپا ٹھوس ہونا۔
إِنْضَنَطَ۔ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الضَّنَط۔ تنگی۔
الضَّنَط۔ چربی۔ نشاط۔ ڈینگ۔
الضِّنَاط۔ کنویں وغیرہ پر بہت زیادہ پانی
ضَنُكَ (ک) ضَنَاكَةً۔ سست رائے ضعیف العقل کمزور بدن ہونا۔ صفت ضَنِيكٌ ج ضُنُكٌ (— ضَنَاكَةً وضَنَكًا ومَضْنُوكَةً) تنگ ہونا۔
ضُنِكَ ضَنَكًا۔ زکام زدہ ہونا۔
أَضْنَكَهُ اللهُ: زکام میں مبتلا کرنا۔
الضَّنْك۔ تنگ۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ ضَنْكٌ وعَيْشَةٌ ضَنْكٌ"
الضِّنَاك۔ مضبوط جسم والا۔ مذکر و مؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاكٌ و امْرَأَةٌ ضِنَاكٌ"۔ بڑا درخت۔
الضُّنَاك والضُّنْكَة۔ زکام۔
الضَّنَاكَة مم۔ تنگ زندگی۔
الضَّنِيك۔ تنگ زندگی۔ صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔ کمی ہوئی چیز۔
ضَنِيَ (س) ضَنًى (وادی) مرض کی وجہ سے کمزور دلاغر ہونا۔ صفت ضَنٍ وضَنِيٍّ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُ ضَنًى وضَنِيًّا" ضَنًى بفتح النون میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں۔ اور ضِنًى بکسر النون جب بولا جائیگا تو اس کیلئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے یعنی کی جمع أَضْنَاءٌ۔
ضَانَى مُضَانَاةً الشَّيْءَ: اولاً مشقت برداشت کرنا۔
أَضْنَى إِضْنَاءً۔ المَرَضُ فُلَانًا: بیماری کا

سُست کردینا — الرَّجُلُ: بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحبِ فراش ہونا۔
تَضَنّیٰ۔ بتکلف بیمار ہونا۔ بننا۔
اِنْضَنیٰ۔ سُست ہوجانا۔
اَلضَّنیٰ۔ بیماری۔ لاغری۔ بدحالی۔
اَلضِّنْو والضَّنْو والضَّنیٰ۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے اَرْضٌ کَثِیْرَۃٌ ضِنْوُہَا اس کی بہت اولاد ہے۔
اَلضِّنیٰ۔ مخفی بیماریاں۔
ضَنَتْ تَضْنیٰ وضَنِیَتْ تَضْنیٰ
ضَنیٰ وضَنَاءً المَرْأَۃُ: کثیر الاولاد ہونا۔
ضَنیٰ نَصِیْبُ فُلَانٍ: حصہ کا بڑھنا۔
ضَہَبَ (ن) ضَہْبًا بِالنَّارِ: آگ سے تغیر کرنا۔
ضَہُبَ (ن) ضُہُوْبًا۔ کمزور ہونا۔
ضَہَّبَ اللَّحْمَ: گوشت کو بریاں کرنا — القَوْمَ: نرم کرنے کے لئے آگ کے سامنے کرنا۔ صفت ضَہْبَاءُ۔ ضَہَّبَ القَوْمُ: زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔
ضَاہَبَہٗ مُضَاہَبَۃً۔ برابر تاؤ کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
ضَہْبَلٌ۔ القَوْمِ: مخلوط لوگ۔
اَلضَّہْبَلُ۔ پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہوں۔
ضَہْتَہٗ (ن) ضَہْتًا۔ سخت رونا۔
ضَہَدَہٗ (ف) ضَہْدًا۔
اَضْہَدَہٗ واَضْہَدَ بِہٖ واضْطَہَدَہٗ غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔ تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔
اَلضَّہْدَۃُ۔ غلبہ اور قہر۔ کہا جاتا ہے ضَہْدَۃٌ عَلٰی اَحَدٍ یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔
اَلضَّہْیَدُ۔ سخت مضبوط۔
اَلضَّہْرُ والضَّاہِرُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وادی۔ اَلضَّہْرُ۔ کچھوا۔
ضَہْرَہٗ وضَہْسَہٗ (ن) ضَہْرًا وضَہْسًا سخت رگڑنا — الدَّابَّۃُ: جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔
ضَہَلَ (ن) ضَہْلًا وضُہُوْلًا۔ اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا — النَّاقَۃُ ونحوُہا: تھوڑی دودھ والی ہونا۔ صفت ضَہُوْلٌ ج ضُہُلٌ ضَہْلَۃٌ حَقَّہٗ: حق کم کرنا (— وتَضَہَّلَ) اِلٰی فُلَانٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔
اَضْہَلَ النَّخْلُ: کھجوریں پکنے لگنا — اِلٰی فُلَانٍ مَالَہٗ: مال کو فلاں کی طرف کردینا۔
اِسْتَضْہَلَ۔ الخَبَرَ: حسبِ امکان خبر طلب کرنا۔
اَلضَّہْلُ۔ مجتمع دودھ۔ تھوڑا پانی۔
اَلضَّاہِلَۃُ۔ مِنَ العُیُوْنِ: تھوڑے پانی کا چشمہ۔
اَلضَّہْوَاءُ۔ بے پستان کی عورت۔
اَلضَّہْوَۃُ۔ جوہڑ۔ ج اَضْہَاءٌ۔
ضَہِیَتْ تَضْہَیٰ ضَہًی۔ المَرْأَۃُ: عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔ صفت ضَہْیَاءُ ج ضُہًی۔ ضَہِیَتِ الأَرْضُ: زمین میں کچھ نہ اگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔
ضَاہَی مُضَاہَاۃً۔ الرَّجُلُ: مشابہ ہونا
اَلضَّہِیُّ۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ کہا جاتا ہے ہو ضَہِیْتُکَ۔ وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ یَضُوْءُ ضَوْءًا وضُوْءًا وضِیَاءً القَمَرُ وغیرُہٗ: روشن ہونا۔ چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِیْئَۃً البَیْتَ: روشن کرنا۔
عَنِ الأَمْرِ: پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَۃً۔ البَیْتُ: روشن ہونا البَیْتَ: روشن کرنا۔
تَضَوَّأَ۔ تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔ تَضَوُّءٌ: کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِسْتَضَاءَ بِہٖ: روشن ہونا — مِنْ فُلَانٍ مشورہ کرنا۔
اَلضَّوْءُ والضُّوْءُ۔ روشنی ج اَضْوَاءٌ۔
اَلضِّیَاءُ والضِّوَاءُ۔ روشنی۔
اَلضَّوِیُّ والمُضِیُّ۔ روشن۔ روشن کرنے والا۔
ضَاجَہٗ یَضُوْجُہٗ ضَوْجًا۔ عَنْ کَذَا: اعراض کرنا۔ پھر جانا (— وانْضَاجَ) الوَادِیْ: کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِیْ: وادی کا بہت پھیلا ہونا
اِنْضَوْجَ فِیْ ضَوْجِ الوَادِیْ: وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
اَلضَّوْجُ۔ وادی کا موڑ۔ ج اَضْوَاجٌ۔
اَلضَّوْجَانُ۔ سخت خشک بوٹ ضَوْجَانَۃٌ
ضَوْجَہٗ۔ اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ یَضُوْرُ ضَوْرًا۔ سخت بھوکا ہونا۔
ضَارَہُ الأَمْرُ: نقصان پہنچانا۔
تَضَوَّرَ۔ درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا — الذِّئْبُ ونحوُہٗ: بھوک سے بلبلانا
اَلضَّوْرُ۔ سخت بھوک۔
اَلضُّوْرُ۔ کالی بدلی۔
اَلضُّوْرَۃُ۔ ذلیل حقیر۔
ضَازَ یَضُوْزُ ضَوْزًا۔ الثَّمَرَۃَ: پھل کو چبانا — ہ حَقَّہٗ: کم کردینا۔
ضَوْضَی ضَوْضَاۃً وضِیْضَاءً: شور مچانا۔
اَلضَّوْضَی والضَّوْضَا والضِّیْضَاءُ شور وغوغا۔
ضَوَّطَ۔ الأَشْیَاءَ: جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ۔ الشَّیْءُ: جمع ہونا۔
اَلأَضْوَطُ۔ بڑھے جبڑے والا۔ بیوقوف۔
اَلضَّوِیْطَۃُ۔ بیوقوف۔ حوض کی تہ کی مٹی گیلا خمیر۔
ضَاعَہٗ یَضُوْعُہٗ ضَوْعًا۔ حرکت دینا بکھیرنا۔ بھڑکا دینا۔ بھڑا دینا۔ ضَاعَ المِسْکُ: مشک کی خوشبو پھیلنا — الدَّابَّۃَ: جانور کو دہلا کرنا — الصَّبِیُّ۔ رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ۔ المِسْکُ: مشک کی خوشبو بکھرنا۔

— البَکیُ: رونے میں چیخ و تاب کھانا۔ — والفَرخ: پرندہ کے بچے کا چوگہ کے لئے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔

الضُّوعُ والضَّوعُ۔ نر اُلو۔ رات کو اڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔

الضُّواعُ۔ نر اُلو کی آواز۔

رَجُلٌ مَضُوعٌ۔ خوف زدہ۔

ضَافَ یَضُوفُ ضَوفًا عَنِ الشَّیءِ: — الگ ہونا۔

ضَانَ یَضُونُ ضَوْنًا: زیادہ اولاد ہونا

الضَّوْنَۃ مع۔ چھوٹی بکری۔

الضَّیُّون۔ بلا۔ ہر ضیاؤن۔

الضَّوَّۃ۔ شور۔ لڑائی کا شور۔

ضَوِیَ یَضْوِیُ ضَوًی۔ خلقۃً یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔

ضَوِیَ یَضْوِیُ ضَیًا وضُوِیًّا۔ اِلَیہِ: ملنا۔ پناہ لینا — الرَّجُلُ: رات کو آنا۔ ضَوَاہُ اِلَیہِ: مائل کرنا۔

اَضْوَیَ۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا — الرَّجُلَ: کمزور کرنا — ہ حَقًّا: کم کرنا — الاَمرَ: کچا کام کرنا۔ اَضْوَتِ المَرأۃُ: کمزور بچہ جننا۔ اَضْوَاہُ اِلَیہِ: اپنی طرف مائل کرنا۔

اِنْضَوَیٰ اِنْضِوَاءً۔ اِلَیہِ: شامل ہونا۔ ملنا۔

الضَّاوِی۔ خا۔ رات کو آنے والا۔

الضَّاوِیَۃ۔ کمزور، دبلا۔ خلقۃً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔ مؤنث ضَاوِیَۃٌ۔

ضَابَہٗ یَضِیحُہٗ ضَیْحًا وضُیُوحًا وضَیَحَانًا عَنْہُ وَاِلَیہِ: جھکنا مائل ہونا۔ ضَاحَت عِظَامُہٗ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا ہل جانا۔

ضَاحَت تَضِیحُ ضَیْحًا۔ البِلَادُ: خالی ہونا۔

ضَاحَہٗ وضَیَّحَہٗ۔ اللَّبَنَ: پانی ملانا۔ ضَیَّحَ فُلَانًا: پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔

تَضَیَّحَ اللَّبَنُ: پانی میں دودھ ملنا — الرَّجُلُ: پانی ملا ہوا دودھ پینا۔

الضَّیْحُ۔ شہد۔

الضَّیْحُ والضَّیَاحُ۔ پانی ملا ہوا دودھ۔ شوربا۔

الضَّیْحَۃ۔ پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔

ضَارَہٗ یَضِیرُہٗ ضَیْرًا۔ الاَمرُ: نقصان دینا

ضَارَہٗ یَضِیرُہٗ ضَیْرًا۔ ظلم کرنا۔ ضَارَہٗ حَقَّہٗ: کم کرنا۔

الضَّیْر۔ ٹیڑھ۔ کجی۔

قِسْمَۃٌ ضِیزَیٰ۔ ناقص تقسیم۔ ظالمانہ تقسیم۔

ضَاطَ یَضِیطُ ضَیْطًا وضَیَطَانًا۔ فی مَشْیِہٖ۔ موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور ٹھوکو کو حرکت دینا۔ صفت ضَیْطَان وضَیَّاط۔

ضَاعَ یَضِیعُ ضَیْعًا وضَیْعَۃً وضَیَاعًا۔ ضائع ہونا۔ تلف ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ وضَیَاعٰی۔

اَضَاعَہٗ۔ ضائع کرنا۔ اَضَاعَ الرَّجُلُ: بہت جائداد والا ہونا۔

تَضَیَّعَ۔ المِسْکُ: مشک کا بھر گنا۔ مشک کی خوشبو کا پھیلنا۔

الضِّیَاعُ مع۔ ایک قسم کی خوشبو۔ بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے مَاتَ ضِیَاعًا وضَیْعًا وضَیْعَۃً۔ یعنی مر گیا اور کسی کو اس کی پروا نہ ہوئی۔

الضَّیْعَۃ۔ جائداد۔ زمین سے حاصل۔ اسکی تصغیر ضُیَیْعَۃٌ ہے اور جمع ضِیَع وضِیَاع وضُیَعَات۔

الضَّیْعَۃ: پیشہ۔ کہا جاتا ہے کَانَت ضَیْعَۃُ العَرَبِ سِیَاسَۃَ الاِبِلِ "عرب کا پیشہ اونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔

المِضْیَاع۔ بہت ضائع کرنے والا۔

المَضْیَعَۃ والمَضِیعَۃ۔ موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے بَلَدُکُم مَضْیَعَۃٌ لِلعِلمِ "تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔

ضَافَ یَضِیفُ ضَیْفًا اِلَیہِ: مائل ہونا ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا — السَّہمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا — الرَّجُلُ: خوف کرنا — مزہ پرہیز کرنا اور ڈرنا۔

ضَافَہٗ یَضِیفُہٗ ضَیْفًا وضِیَافَۃً۔ مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے ضَافَ اللّٰہُ فُلَانًا "یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔

ضَیَّفَہٗ۔ مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَیَّفَ اِلَیہِ: جھکانا۔ ضَیَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہو ہٹ جانا — الشَّمسُ: آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا۔

اَضَافَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خون کرنا — الشَّیءَ اِلَی الشَّیءِ: جھکانا۔ سہارا دینا ملانا — الرَّجُلُ: پناہ دینا۔ مجبور کرنا — مزہ چوکنا رہنا — عَلَیہِ: جھانکنا — فُلَانًا عَلَی فُلَانٍ: مہمان اتارنا — الکَلِمَۃَ اِلَی الکَلِمَۃِ: ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔

تَضَیَّفَہٗ۔ مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔

تَضَیَّفَ الرَّجُلُ: مائل ہونا — الشَّمسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

اِنْضَافَ اِلَیہِ: ملنا۔

تَضَایَفَ الوَادِی: تنگ ہونا۔

اِسْتَضَافَہٗ۔ ضیافت طلب کرنا۔ استغاثہ کرنا: فریاد کرنا — مِنْ فُلَانٍ اِلَی فُلَانٍ: شکایت کرنا۔

الضَّیْف۔ مہمان (واحد وجمع) مؤنث ضَیْفٌ وضَیْفَۃٌ ج اَضْیَافٌ ضُیُوفٌ وضُیُفَاتٌ وضِیفَانٌ واَضَایِف۔

الضَّیْفَن۔ طفیلی۔

الضِّیف۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے ہُوَ فِی ضِیفِ فُلَانٍ "وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔

الضِّیَافَۃ۔ مہمانی کا کھانا۔

المُضَافُ فِی الحَرْبِ: جو جنگ میں گرفتار ہو جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔

المُضِیف والمُضِیفَۃ۔ مہمانی کا گھر۔

المِضْیَاف۔ بہت مہمانوں والا میزبان۔

المَضِیفَۃ والمُضِیفَۃ۔ حزن۔ غم۔

مَضَایِفُ۔ الوَادِی: وادی کے پہلو۔

ضَاقَ یَضِیقُ ضِیقًا وضَیْقًا وضَیَقًا

مئنت ضِيق وضَائِق وضَيِّق — الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
ضَيَّقَهُ تَضْيِيقًا: تنگ کرنا۔ ضُيِّقَ عَلَيْهِ: سختی کیا جانا۔
اَضَاقَ اِضَاقَةً: تنگ کرنا۔ اَضَاقَ الرَّجُلُ محتاج ہونا۔
تَضَيَّقَ وتَضَايَقَ: تنگ ہونا۔ وتَضَايَقَ الْاَمْرُ بِهٖ اَوْ عَلَيْهِ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَايَقَ الْقَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں

ضَايَقَهُ مُضَايَقَةً: سختی کرنا۔
الضَّيْق والضِّيق: سختی۔ حزن وغم جس سے تنگ دلی ہو۔
الضَّيْق والضَّيْق: شک۔
الضِّيقَة والضَّيْقَة: بدحالی۔ محتاجی۔
ہر ضَيِّق وضَيْق۔
الضَّائِق: فاتنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ضَائِقُ صَدْرِهٖ بِكَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔

ضَائِقَة: مُضَايَقَة۔

الطَّابِخ - پکانے والا۔ سخت بخار۔
الطَّابِخَة - نوش طابخ۔ دوپہر۔
الطَّبَّاخ والطَّبَّاخَة - مضبوطی۔ قوت۔ موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی کَلَامِہٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الاَطْبَخ - بہت زیادہ بے وقوف۔
المَطْبَخ - باورچی خانہ۔ ہر مَطَابِخ۔
المِطْبَخ - پکانے کا اوزار۔ ہر مَطَابِخ۔
المَطْبَخ والمُطْبَخ - باورچی خانہ۔
طَبَرَ (ن) طَبْرًا - اچھلنا۔ کودنا۔ چھپنا۔
الطَّبَر والطَّبَرْزِیْن - کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الطَّبَار - انجیر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد طُبَارَۃٌ۔
الطَّبَرِی - طبرستان کی طرف منسوب۔
طَبَزَہٗ (ن) طَبْزًا - بھر دینا۔
الطِّبْز - پہاڑ کا مضبوط کنارہ - دو کوہان کا اونٹ۔
طَبَسَہٗ - گارے سے لیپنا۔
الطَّبْس - ہر ایک کالی چیز۔
الطِّبْس - بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِیْسٌ - بہت پانی والا سمندر۔
الطَّبْش - لوگ۔
الطَّبْشَۃ - استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مخفقہ ہے۔
طَبْطَبَ طَبْطَبَۃً: الماءُ: اسالَ: پانی یا سیلاب کا آواز کرنا — الوادی: وادی کا بہنا — الماءَ: پانی کو حرکت دینا۔
الطَّبْطَابَۃ - گیسند کا بلا۔
الطَّبْطَبِیَّۃ - کوڑا۔
طَبَعَ (ف) طَبْعًا - الشیءَ: کسی چیز کی تصویر بنانا — علیہ: مہر لگانا — الدِّرْہَمَ: سکہ ڈھالنا السیفَ: تلوار بنانا۔ ڈھالنا — اللّٰہُ الخلقَ: پیدا کرنا — الدلوَ: ڈول بھرنا۔ کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قَلْبِہٖ" یعنی اللہ تعالیٰ نے اسکے دل پر مہر کر دی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔
طَبِعَ (س) طَبَعًا - میلا کچیلا ہونا۔ عیب دار ہونا — السیفُ: تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ وَاطِبٌ۔
طُبِعَ - عَلَی الجُبْل: پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ - الاناءَ: بھر دینا۔ گندا کرنا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَّابَّۃَ": یعنی سدھالیا۔ فصیح لفظ اس کے لئے "رَاضَہَا" ہے
تَطَبَّعَ - بھر جانا۔ ڈھلنا — بِطِبَاعِ اَبِیْہِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا — النہرُ بالماءِ: نہر کا کناروں سے بہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ - بھر جانا۔ ڈھلنا۔
الطَّبْع - پیدائشی عادت۔ مثال۔ نمونہ۔ کہا جاتا ہے "اِضْرِبْہُ عَلٰی طَبْعِ ہٰذَا" یعنی اسکو اسکے نمونہ پر بناؤ ہر طِبَاع۔
الطِّبْع - پانی جذب ہونے کی جگہ۔ پیمانہ بھر۔ مشکیزہ۔ نہر ہر طُبُوْع وطِبَاع (— والطَّبْع) زنگ میل کچیل۔ عیب۔ ہر اَطْبَاع۔
الطَّبْع - کمینہ۔ سَیْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَّابِع والطِّبَاع - خلقی عادت۔
الطَّابِع والطَّابَع - مہر۔ ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے ہر طَوَابِع۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا کَلَامٌ عَلَیْہِ طَابِعُ الفَصَاحَۃِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
الطَّبَّاع - طَابِع اسم فاعل کا مبالغہ۔
الطِّبَاعَۃ - تلوار سازی۔ چھاپے کا پیشہ۔
دَارُ الطِّبَاعَۃِ: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپے کی جگہ
الطَّبِیْعَۃ - خلقی وجبلی عادت۔ ہر طَبَائِع۔
الطَّبَائِعُ الاَرْبَعُ: سردی۔ گرمی۔ خشکی۔ تری۔
الطَّبِیْعِی - جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔ جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔ جو علم طبیعیات کا ماہر ہو۔ اور علم طبیعیات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطَّبْعَان - مہر۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طَبْعَانُ الاَمِیْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
المَطْبَعَۃ والمَطْبَع - چھاپنے کی جگہ۔ ہر مَطَابِع۔
المِطْبَعَۃ - چھاپنے کا آلہ۔ پریس۔ ہر مَطَابِع
المَطْبُوْع - مہر لگا ہوا۔ پسندیدہ — مِنَ الشُّعَرَاءِ: جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا وطَبَقَانًا: ہنڈیا پہلو سے لگنا۔ طَبِقَ یَفْعَلُ الشَّیْءَ: شروع کرنا۔ کرنے لگنا۔
طَبَقَ الشَّیْءُ: عام ہونا — السَّحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا — الماءُ وَجْہَ الاَرْضِ: ڈھانپ لینا — السَّیْفُ المَفْصِلَ: تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَیُطَبِّقُ المَفْصِلَ حُجَّتُہٗ" یعنی غالب ہو۔ طَبَّقَ الحَاکِمُ فِی حُکْمِہٖ: حاکم کا درست فیصلہ کرنا — الفَرَسُ فِی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کا اٹھانا اور اکٹھا رکھنا۔
طَابَقَہٗ طِبَاقًا ومُطَابَقَۃً - موافقت کرنا۔
طَابَقَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا — بَیْنَ قَمِیْصَیْنِ: ایک کے اوپر ایک پہننا۔
ہٗ عَلَی الاَمْرِ: برابری کرنا — الرَّجُلُ عَلَی الخَیْلِ: حاوی ہونا — بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ یقین کرنا — المَقْعَدَ: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا — الفَرَسُ فِی جَرْیِہٖ: اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پچھلی ٹانگوں کو رکھنا۔
اَطْبَقَ الشَّیْءَ: ڈھانپنا — الَّیْلُ: تاریک ہونا — النُّجُوْمُ: کثرت سے ظاہر ہونا — الرَّجُلُ ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْبِقْ شَفَتَیْکَ" یعنی چپ رہ اَطْبَقَ الرَّاکِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ اَطْبَقُوْا عَلَی الاَمْرِ: اجماع کر لینا۔ اَطْبَقَتِ الحُمّٰی: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْبَقَ ذٰلِکَ" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔
تَطَابَقَ - القَوْمُ: اتفاق کر لینا۔
تَطَبَّقَ وانْطَبَقَ الشَّیْءُ: بند ہونا۔
الطِّبْق - مطابق۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِبْقُ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسرجی

سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا حصہ۔ الطبق من الناس: جماعت۔

الطبق۔ مطابق۔ پردہ۔ طشتری ج اطباق

الطبق: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی — من اللیل والنہار: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اقمت یوما او طبقا من النہار" یعنی میں نے اس کو پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی — من المطر: عام بارش۔ کہا جاتا ہے "مطر طبق" و "دیمۃ طبق"۔ عام۔ کہا جاتا ہے "الدہر اطباق" یعنی زمانے کے مختلف حال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مضی طبق بعد طبق" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت آگئی "جاءہ طبق من جراد" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ اطباق الراس "سر کی ہڈیاں۔ بنات طبق جمیعتیں۔ کچوے۔ سانپ۔ ام طبق: مصیبت

الطبقۃ۔ حال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طبق و طبقات۔

الطبقۃ۔ مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "ان کتبہ الی طبقۃ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے ج طبقات۔

الطبق۔ بند۔

الطبیق۔ رات کا ایک حصہ ج طبق (— الطباق) مطابق۔ کہا جاتا ہے "ہذا طبیق ذاک" و طباقہ" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طباق الارض: زمین کی سطح۔

الطابق والطابق۔ کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طوابق و طوابق۔

الطابق والطابق والطاباق شیشہ بندی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)

المطبق۔ زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجنون المطبق: الجنون سنۃ مطبقۃ: سخت قحط۔ المطبقات: مصیبتیں۔ الحروف المطبقۃ: ص ض ط ظ۔

المطبق۔ صاحب الرائے۔ سحابۃ مطبقۃ: زمین پر برسنے والا بادل۔

طبل (ن) طبلا و طبلا۔ ڈھول بجانا۔ کہتے ہیں طبل فی الشیء: یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ بلط ہے۔

الطبل۔ ڈھول۔ ج طبول و اطبال۔

الطبال۔ ڈھول بجانے والا۔

الطبالۃ۔ ڈھول بجانے کا پیشہ۔

الطبلۃ۔ ڈھولک۔

الطبلیۃ۔ خراج کے روپے ج طبلیات

الطوبالۃ۔ مادہ بھیڑ ج طوبالات۔

طبن (ض) طبنا۔ النار: آگ کو دبا دینا۔

طبن (ض) طبنا طبن (س) طبنا وطبانۃ وطبانیۃ وطبونۃ۔ الشیء: کسی چیز کا سمجھ دار ہونا۔ صفت طبن و طابن۔

طابنہ۔ موافق ہونا۔ طابن الحیرۃ: گھبرا کرنا۔

اطبان اطبئنانا۔ باکمال: مطمئن ہونا۔

الطبن والطبن۔ بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "ای الطبن ہو" یعنی وہ کون آدمی ہے۔

الطبن۔ طنبور یا بربط۔

الطبن۔ گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔

الطبن والطبن والطبن والطبن مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کیلئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔

الطبنۃ۔ سمجھ ج طبن۔

الطبنۃ۔ طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔

الطابون۔ گرمھا جس میں حفاظت کے لئے آگ کو دبا دیا جائے۔

الطبنجۃ۔ تمنچہ ج طبنجات۔

طباہ یطبوہ طبوا و اطباہ اطباء پکارنا۔ بلانا۔

طبا یطبی طبیا۔ کھینچنا — ہ عنہ: باز رکھنا — ہ الیہ: بلانا۔

طبیت تطبی طبی۔ النار: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔

اطباہ اطباء۔ بلانا۔

الطبی والطبی: تھن گری گھوڑی اونٹنی اور مادہ درندوں کا ج اطباء۔

الطبواء والطبیۃ۔ من النوق: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔

طث (س) طثا۔ الشیء: پاؤں یا تھپی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔

الطث۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں گول کوڑی کو پھینکتے ہیں۔

المطثۃ۔ بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔

طثر (ن) طثرا و طثورا و طثر۔ اللبن: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طاثر۔

الطثرۃ۔ کچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔

اطثر الشیء: زیادہ کرنا۔

طجن (ن) طجنا و طجن۔ الشیء: بھوننا۔

الطاجن والطجین۔ کڑاہی ج طواجن و طواجن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)

المطجن۔ بھنا ہوا۔

طحرت (ف) طحرا۔ العین قذاہا: خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔ صفت محورۃ الریح السحاب: ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔

طحر (ض) طحرا و طحیرا و طحارا۔ آہ کرنا۔

الطحرور والطحر۔ متفرق پتلے پتلے بادل۔

الطحرۃ والطحریۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔

الطحور۔ جلدی کرنے والا۔

الطحور والمطحر۔ من القسی: دور پھینکنے والی کمان۔

الطحار۔ سخت قسم کی بیماری جس میں آدمی آہ کرنے لگے۔

الطحرور۔ بدلی ج طحاریر۔ الطحاریر: بادل کے ٹکڑے۔

طحرب۔ تیز دوڑنا — القربۃ: مشک بھرنا — گوندنا۔

الطحرب۔ کوڑا کرکٹ۔

الطحربۃ مثلثۃ: بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔

طحطحہ۔ توڑنا۔ طحطح القوم بالقوم:

متفرق کردینا۔ ہلاک کرنا ــــ نالا: بکھیرنا۔ طَحْطَحَ الرَّجُلُ: ہلکی ہنسی ہنسنا۔

تَطَحْطَحَ۔ ٹوٹنا۔ متفرق ہونا۔ ہلاک ہونا بکھرنا۔

طَحَلَهُ (ف) طَحْلًا۔ تلی پر مارنا۔ طَحَلَ الإِنَاءَ برتن بھرنا۔

طَحِلَ (س) طَحَلًا وَطَحْلًا۔ تلی کا بڑھنا ــــ الْمَاءُ: پانی کا بدبودار ہونا۔

طُحِلَ طَحَلًا۔ تلی کی بیماری ہونا صفت مَطْحُولٌ۔

الطِّحَال۔ تلی۔ جمع اَطْحَلَةٌ وَطُحُل وَطِحَالَاتٌ

الطُّحَال۔ مرض جو تلی کو لاحق ہو۔

الطَّحْلَة۔ خاکستری رنگ۔

الأَطْحَل۔ خاکستری رنگ والا۔ مؤنث طَحْلَاءُ۔ جمع طُحْلٌ۔

الطَّحِل۔ بڑی تلی والا۔ غضبناک۔ بھرا ہوا کپڑے والا پانی۔

الطُّحْل۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: باریک تنکے اور فصیح لفظ حَثَاثٌ ہے۔

طَحْلَبَ۔ الْمَاءُ: کائی والا ہونا صفت مُطَحْلِب۔ مُطَحْلَب ــــ الأَرْضُ: سرسبز ہونا الرَّجُلُ: قتل کرنا۔

الطِّحْلِب وَالطُّحْلُب وَالطُّحْلَب۔ کائی ایک ٹکڑا کائی کا۔

طَحْلَبَة۔ کہا جاتا ہے مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَةٌ یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔

طَحْمَهُ (ف) طَحْمَةً۔ عَلَيْهِ: کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ کی تحریف ہو۔

الطَّحْمَة۔ مُثَلَّثَةً مِنَ النَّاسِ: جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔ مِنَ اللَّيْلِ: بہت تاریکی (ــــ وَالطَّحْمَاءُ) ایک قسم کی سبزی

الطَّحْمَة۔ سخت جنگجو۔ بہت ونٹ۔

الطَّحُوم۔ تیز ہانکنے والا۔

المَطْحُوم۔ بھرا ہوا۔

طَحَنَ (ف) طَحْنًا وَطَحَنَ۔ الْبُرَّ: گیہوں پیسنا ــــ الْمَنِيَّةُ الْقَوْمَ: ہلاک کرنا۔

طَحَنَتِ الأَفْعَى۔ سانپ کا کنڈلی مارنا صفت مِطْحَن۔

تَطَحَّنَ۔ پسنا۔

الطَّحْن وَالطَّحِين۔ پسا ہوا آٹا۔

الطَّاحِنَة مؤنث طَاحِن۔ ڈاڑھ جو طواحن

الطَّحَّان۔ پیسنے والا۔ آٹے کا بیچنے والا۔

الطِّحَانَة۔ پسائی کا پیشہ۔

الطَّاحُون وَالطَّاحُونَة۔ چکی پیسنے کا مکان۔ جمع طَوَاحِين۔

الطَّحُون وَالطَّحَّانَة۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔ بہت اونٹ۔

المِطْحَنَة۔ چکی جمع مَطَاحِن۔

المَطْحَنَة۔ پیسنے کا مکان۔ جمع مَطَاحِن۔

طَحَا يَطْحُو طَحْوًا۔ بعید ہونا۔ ہلاک ہونا۔

الشَّيْءَ: دفع کرنا ــــ بِالْكُرَةِ: پھینکنا ــــ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

طَحَا يَطْحَا طَحْوًا۔ الشَّيْءَ: پھیلانا۔ دراز کرنا الشَّيْءُ: پھیلنا۔ دراز ہونا ــــ الْقَمَرُ: روشن ہونا ــــ الرَّجُلُ: جانا۔ کہا جاتا ہے طَحَا بِهِ هِمَّتُهُ یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔ پہلو پر لیٹنا طَحَا بِفُلَانٍ شَحْمُهُ: موٹا ہونا۔

الطَّحَا۔ چوڑی زمین۔

الطَّاحِي۔ بلند۔ چلنے والا۔ بڑی جماعت۔

مَفَازَةٌ طَاحِيَةٌ وَمَطْوَةٌ وَمَطْحِيَةٌ۔ بڑا سائبان۔

بَقْلَةٌ مُطْحِيَةٌ۔ زمین پر پھیلنے والی سبزی

طَحَى يَطْحَى طَحْيًا۔ پہلو پر لیٹنا۔

الطَّحْيَة۔ بادل کا ٹکڑا۔

طَرَّ (ن) طَرًّا۔ الشَّيْءَ: پھینکنا اور دور کرنا۔ (طُرُوًّا) بدخلق ہونا۔

المِطَرَّة۔ ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

طَخَشَ (س) طَخَشًا۔ الْعَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔

طَخْطَخَ۔ الشَّيْءَ: برابر کرنا۔ ایک کو دوسرے سے ملانا ــــ اللَّيْلُ: تاریک کرنا۔

تَطَخْطَخَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا ــــ السَّحَابُ: بادل گھر کر برابر ہونا۔

الطَّخْطَاخ۔ گھرا ہوا بادل۔ بدخلق۔

الطَّخَاطِخ۔ تاریکی۔

طَخَمَ (ن) طَخْمًا وَطُخُومًا (ک) طَخَامَةً۔ تکبر کرنا۔

اِطْخَمَّ۔ الظَّلَامُ: خشک کر سیاہی مائل ہونا۔

الطُّخْمَة۔ بکریوں کا گلہ۔

الطُّخْمَة۔ ناک کے اگلے حصے کی سیاہی۔

الأَطْخَم۔ جانور یا انسان کی ناک کا اگلا حصہ (ــــ وَالطَّخِيم) خشک گوشت۔

طَخَا يَطْخُو طَخْوًا وَطُخُوًّا۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔

الطَّخَاء۔ بلند بادل۔ دل کی گھبراہٹ۔

الطَّخْيَة وَالطِّخْيَة وَالطُّخْيَة۔ تاریک بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَّخِيَّة: بیوقوف جمع طَخِيُّونَ

الطَّخْوَاء وَالطَّخْيَاء۔ مِنَ اللَّيَالِي: تاریک راتیں۔

الطَّاخِيَة۔ سخت تاریکی۔

طَرَّ (ن) طَرًّا۔ الْمَاشِيَةَ: جانوروں کو لاٹھی سے ہانکنا ــــ الإِبِلَ: اونٹوں کو اطراف کر گھیرنا ــــ الشَّيْءَ: کاٹنا ــــ الثَّوْبَ: کپڑے کو چھانٹنا الإِبِلُ الْجِبَالَ: اونٹوں کا پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ الْقَوْمَ: کسی قوم پر گذرنا ــــ الْبُنْيَانَ: چھڑنا تیز کرنا۔ الْبُنْيَانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الْحَوْضَ: حوض کو لیپنا ــــ الْمَالَ: مال چھیننا اسی سے ہے طَرَّ عَقْلَهُ فُلَانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔

طَرَّ (ن ض) طَرًّا وَطُرُورًا۔ الشَّارِبُ: مونچھ یا نباتات کا اگنا۔ طَرَّتِ الْجُرْحُ: بتاروں کا روشن ہونا ــــ يَدُهُ: زخم کی وجہ سے گرجانا۔ الرَّجُلُ مِنَ السَّطْحِ: گرنا۔

أَطَرَّهُ۔ گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ أَطَرَّهُ عَلَى الأَمْرِ

بوا بگونہ کرنا۔
طُرَّتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا
الطُّرَّةُ: کنارہ ج اَطْرَار۔ کہا جاتا ہے "جُوْ بِجَمِيْعِ اَطْرَافِ الْبِلَادِ" یعنی وہ اطرافِ بلاد کی حفاظت کرنے والا ہے "جَاءُوْا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُّرَّةُ۔ کمر۔
الطُّرَّةُ۔ پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات وطُرَر وطِرَار واَطْرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغْرا ہے۔
طَارٌّ وطَرِيْرٌ۔ جوان جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں۔ سِنَانٌ طَرِيْرٌ: تیز نیزہ۔
المُطَرَّفا۔ غَضَبٌ مُطَرٌّ: بے موقع غضب
الطِّرْيَان۔ تشتری۔ طباق۔
المُطَرَّةُ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطَرَّةٌ حَسَنَةٌ" "ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ (ف) طُرُوْءًا۔ عَلَيْهِمْ: دور سے اور اچانک آجانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَأَ عَلَيَّ هَمٌّ" "مجھ پر میرے اوپر ایسا غم آپڑا ہے جس کی مجھ طاقت نہیں۔
طَرُؤَ (ک) طَرَاءَةً وطَرَاءً: النَّبَاتُ: تازہ ہونا۔ صفت طَرِيٌّ۔
اَطْرَاهُ۔ حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِئ۔ نا۔ اجنبی، مسافر، غیر اصلی ج طُرَاءٌ وطُرَاةٌ۔
الطَّارِئَة۔ مؤنث طَارِئ۔ مصیبت ج طَوَارِئ وطَارِئَات۔ اور طَارِيَة کو ان لوگوں کے لیے بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں
الطَّرَآن۔ راستہ۔ امر منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُطْرَآنِيًّا" یعنی وہ کچھ ترجمہ نہ معلوم کس سے آیا "کلام طرآنی" جو کلام غیر پسندیدہ ہو تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طَرَاءَةٌ۔ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔

طَرِبَ (س) طَرَبًا۔ خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔
طَرَّبَ۔ گانا۔ فی صَوْتِهِ: سُر نکالنا۔ عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ واَطْرَبَهُ وتَطْرِيْبَهُ خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِسْتَطْرَبَ۔ بہت خوش ہونا۔ فُلَانًا خوش ہونے کو کہنا۔ الاِبِلَ: حُدی سے حرکت میں لانا۔
الطَّرُوْبُ والمِطْرَابُ والمِطْرَابَةُ۔ بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَبُ والمَطْرَبَةُ۔ تنگ راستہ۔ ج مَطَارِب۔ المَطَارِب: متفرق راستے۔
الطِّرْبَال۔ ہر بلند عمارت۔ دور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِيْل۔ طَرَابِيْلُ الشَّام: ملک شام کے گرجے۔
الطِّرْبِيْل۔ گاہے کی مشین۔ ج طَرَابِيْل۔
طَرَحَ (ف) طَرْحًا۔ الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: پھینکدینا۔ عَنْهُ: ڈالدینا اور دور کردینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوَى بِفُلَانٍ كُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَيْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الأُنْثَى: حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ: حساب کرنیوالے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا۔ عَلَيْهِ المَسْأَلَةَ: مسأله پیش کرنا۔
طَرِحَ (س) طَرَحًا۔ بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا
طَرَّحَهُ۔ طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَّفَرُ إِلَى نَاحِيَةِ كَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینکدیا۔ طَرَّحَ الأُنْثَى: حمل گروانا۔ البِنَاءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً۔ الكَلَامَ او الشِّعْرَ او الغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَهُ۔ پھینکدینا۔ دور کردینا۔
تَطَارَحَ۔ القَوْمُ الكَلَامَ او الغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
الطَّرْح۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام
الطَّرْحُ والطَّرْحَةُ والطِّرَاحُ۔ مکان بعید
الطَّرُوْحُ: لمبی شاخوں والا درخت ج طُرُوْحٌ
الطَّرْحَة۔ چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَّرِيْح۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا ج طَرْحَى۔
الطَّرِيْحَة۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔
الأُطْرُوْحَة۔ سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطْرَح۔ ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِح۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ مَطْرَحٌ هٰذَا المَطْرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈالدیا۔
طَرْفٌ مِطْرَحٌ۔ دور بین نگاہ۔ رُمْحٌ مِطْرَحٌ لمبا نیزہ۔
المُطَرَّح مفعول قَوْلٌ مُطَرَّحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطَّرْخَان والطَّرْخُوْن۔ رئیس۔ ج طَرَاخِنَة۔
الطَّرْخُوْن۔ ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقرقرحا ہے۔
الطِّرِّيخ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
اِطْرَخَّ۔ الظَّلِيْمُ: تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهُ (ن) طَرْدًا وطَرَدًا۔ دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا۔ هُ مِنْ بَلَدِهِ: جلاوطن کرنا۔ طَرَدَ الإِبِلَ: ادھر ادھر سے جمع کرکے ہانکنا۔
طَرَدَ (س) طَرْدًا۔ شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَّوْطَ: اٹھانا۔ طَرَّدَهُ عَنِ البَلَدِ جلاوطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَادًا ومُطَارَدَةً۔ الأَقْرَانُ: ایک کا دوسرے کے اوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فُرْسَانُ الطِّرَادِ" وہ لوگ مدافعت کے شہسوار ہیں۔
اَطْرَدَهُ۔ جلاوطن کرنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔
تَطَارَدَ۔ القَوْمُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنْطَرَدَ۔ جلاوطن ہونا۔
اِطَّرَدَ۔ دور ہونا ــــ الأمر: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا ــــ الأنہار: جاری ہونا ــــ القوم اِلَی المسیر: پے در پے چلنا۔
اِسْتَطْرَدَ لَہٗ: فریب دینے کیلئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِسْتَطْرَدَ اِلَیْہِ الأمرُ: پہنچنا۔
الطَّرَد۔ کھجور کے پودے ہر طُرُود۔
الطَّرِد۔ پالی جس میں جانور رکھتے ہوں۔
الطَّرَّاد۔ طَارِدٌ کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز۔ کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
الطَّرِید۔ دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا۔ جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے ــــ مِنَ الأیام: لمبا دن۔ الطَّرِیدَان: رات دن۔
الطَّرِیدَۃ۔ بھگایا ہوا شکار، ریشم وغیرہ کا ستھیل ٹکڑا چرایا ہوا اونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لئے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد۔
الطِّرَاد۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَمْشِی مَشْیًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ
المِطْرَد۔ چھوٹا نیزہ ج مَطَارِد۔
یَوْمٌ مُطَرَّد۔ لمبا دن۔
حُکْمٌ مُطَّرِد۔ عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَۃٌ مُطَّرِدَۃٌ"
المَطْرَدَۃ والمِطْرَدَۃ۔ وسط راستہ۔ شاہراہ۔ المَطْرَدَۃ: دھتکارنے کا سبب۔
طَرِفَ (س) طَرْفًا۔ بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا ــــ فِی الملبس: لباس فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَّہٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔
طَرَّزَ۔ الثوبَ: بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ۔ الثوبُ: بیل بوٹے والا ہونا۔ فی لبسہ: لباس فاخرہ پہننا۔
الطِّرْز۔ ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
الطِّرَاز۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَیْسَ ہٰذَا مِنْ طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں ہے طُرُز۔
الطِّرَازَۃ۔ بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
الطَّرَّازَۃ والمُطَرِّز۔ بیل بوٹے بنانے والا۔
طَرَسَ (ض) طَرْسًا۔ الشیءَ: مٹانا ــــ الکتابَ: لکھنا۔
طَرَّسَ۔ الکتابَ: اچھی طرح مٹانا ــــ البابَ: دروازہ کا لاکر نا ــــ الکاتبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِی المَآکِلِ: عمدہ کھانے کھانا۔ ــــ عَنِ الشیءِ: پرہیز کرنا۔
الطِّرْس۔ صحیفہ۔ صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے ج أطْرَاس و طُرُوس۔
طَرِشَ (س) طَرَشًا۔ بہرا ہونا۔ صفت أطْرَش مؤنث طَرْشَاء ج طُرْش۔
تَطَارَشَ۔ بتکلف بہرا بننا۔
الطَّرَش والطُّرْشَۃ۔ بہرا پن۔
الأطْرَش والأطْرُوش۔ بہرا۔
طَرِشَحَ اللیلُ: تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت طَرِط۔ ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت۔
طَارِط: الحاجبین وطَرِطُہُمَا وأطْرَطُہُمَا وأطْرَط۔ مؤنث طَرْطَاء۔ اِمْرَأَۃٌ طَرْطَاءُ الحاجبین جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرْطَرَ۔ تکبر سے گھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔
طُرْطُور۔ لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی، اور طُرْطُور اہل لبنان و شام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جسکو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طُنْطُورَۃ بھی کہتے ہیں۔
طُرِفَ (ض) طَرْفًا۔ طمانچہ مارنا۔ طَرَفَہٗ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَہٗ اوعَیْنَہٗ: جھپکانا عَیْنَہٗ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت طَرُوفَۃ۔ طَرَفَتْ عَیْنُہٗ:
نظر پھرانا ــــ فُلَانٌ: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَا یَطْرِفُ مِنْہُمْ فَیْحٌ تَطْرُفُ" یعنی ان میں سے کوئی بائیں دائیں نہ ہٹا سب مر گئے یا قتل کئے گئے۔
طَرُفَ (ک) طَرَافَۃً۔ نیا مال ہونا۔
طَرَّفَ۔ ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھیں کچھ بند کرنا۔ طَرَّفَ الخَیْلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کرنا۔ بِنَاءَہٗ: پورے کو مٹھی سے رگڑنا ــــ الشیءَ: پسند کرنا۔
أطْرَفَ۔ نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ کَذَا بِکَذَا: لاحق کرنا ــــ ہ الشیءَ: تحفہ دینا۔
تَطَرَّفَ۔ ایک کنارہ میں ہونا ــــ الشیءَ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا۔ الشمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ــــ الشیءَ: جان سے لینا۔ پسند کرنا ــــ عَلَیْہِمْ: غارت کرنا۔
اِطَّرَفَ۔ الشیءَ: نئی چیز خریدنا۔
اِسْتَطْرَفَہٗ۔ نیا سمجھنا ــــ الشیءَ: نیا فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔
الطَّرْف۔ آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کی انتہا۔ ج أطْرَاف۔ الطَّرْف: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرٌ بِطَرْفٍ خَفِیٍّ" یعنی خوف یا حیا کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔
الطَّرِف۔ نجیب الطرفین ج أطْرَاف۔ اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوفٌ و أطْرَافٌ مؤنث بِطَرْفَۃٌ۔ نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو ــــ مِنَ النَّاسِ: جو بوجہ مال طبع کی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا عزیز جس کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طَرِفُ الیَدِ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَأَۃٌ طَرِفَۃُ الحَدِیثِ: خوش کلام عورت۔
الطَّرَف۔ ہر شے کا منتہی۔ گوشہ۔ چیز کا شریف ج أطْرَاف ج أطَارِیف۔ أطْرَافُ البَدَنِ: دونوں ہاتھ دونوں پیر اور سر۔ أطْرَافُ النَّاسِ: ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانی شرفاء۔ أطْرَافُ الرَّجُلِ: اقرباء۔

الطَّرِف - غیر مستقل - جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے - نئی شرافت والا -
الطَّرْفَة - خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے
الطُّرْفَة - ملیح بات - نئی عمدہ چیز - ج طُرَف -
الطَّرْفَاء - جھاؤ کا درخت -
الطَّارِف - نا - نیا مال اور اسکے مقابلہ میں ج الطَّارِفَة : پرانا مال -
الطَّارِفَة مؤنث طَارِف - کہا جاتا ہے "جَاءَ بِطَارِفَةِ عَيْنِهِ" یعنی اتنا مال کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف
الطَّوَارِف : آنکھیں - کہا جاتا ہے "لَأَتْرَاهُ الطَّوَارِفُ"
طَوَارِفُ الْخِبَاءِ : خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لئے اٹھا دیا جائے - طَوَارِفُ الْقَرَائِحِ : طبیعت کے لطائف و ظرائف -
الطَّرِيف - نادر موہ - مِنَ الْمَالِ : نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے - التَّلِيد : پرانا مال - الطَّرِيف : نئے مال والا - نئی شرافت والا ج طُرُف و طِرَاف -
الطَّرِيفَة - طَرِيف کا مؤنث - نادر و مستحسن بات ج طَرَائِف - کہا جاتا ہے "طَرَائِفُ الْحَدِيثِ" پسندیدہ باتیں - "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِيفَةُ خَبَرٍ تَطْرُفُنَا" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو -
الْأُطْرُوفَة - نئی عمدہ نادر بات -
الطِّرَاف - چمڑے کا خیمہ - اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے ج طُرُف - شرافت و بزرگی -
المِطْرَف - مِنَ الْمَالِ : نیا مال حاصل کرنیوالا - المُطَرَّف والمُطْرَف - نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف -
طَامَسَ - نظر تیز کرنا - گھورنا - بہت کپڑے بننا - اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا - المَوْرُ : غبار کا گدلا ہونا - المَاءُ : پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا -

الطِّرْفِسَان - تاریکی - بچھونا - غالیچہ -
الطِّرْفِسَاء - تاریک -
طَرَقَهُ (ن) طَرْقًا - ہتوڑا مارنا - النَّجَّارُ الصُّوتَ : اون دھننا - الشَّيْءَ : بجانا - البَابَ : دروازہ کھٹکھٹانا - الإِبِلُ المَاءَ : اونٹوں کا پانی میں گھسنا - الرَّجُلُ : جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (طَرْقًا و طُرُوقًا) القَوْمُ : رات کے وقت آنا -
طَرِقَ (س) طَرَقًا - گدلا پانی پینا (طَرْقًا) البَعِيرُ : اونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اسکی پنڈلی میں کجی ہونا - صفت أَطْرَق - مؤنث طَرْقَاء ج طُرْق -
طَرَّقَ لَهُ : راستہ بنانا - الأَمْرَ : راستہ اختیار کر لینا - کہا جاتا ہے "لَا تُطَرِّقُوا الْمَسَاجِدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ "طَرَّقَ طَرِيقَةً حَسَنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا - الحَدِيدَ : لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا - طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا : بچے کو مشکل سے جننا - القَطَاةُ : انڈے دینے کا وقت قریب ہونا - کہا جاتا ہے "طَرَّقَ بِحَقِّي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا -
طَارَقَ - بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ : اوپر نیچے پہننا - الظَّلَامُ او الغَمَامُ : تاریکی یا بادل کا پیاپے آنا -
أَطْرَقَ - خاموش ہونا - نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا - کہا جاتا ہے "أَطْرَقَ رَأْسَهُ" یعنی سر جھکایا - إِلَى اللَّهْوِ : مائل ہونا - الصَّيْدَ : جال لگانا
أَطْرَقَتِ الإِبِلُ : ایک دوسرے کے پیچھے چلنا - الرَّجُلُ : پیدل چلنا - نکاح کرنا -
تَطَرَّقَ - إِلَيْهِ : چلنا یہاں تک کہ پہنچنا - إِلَى الأَمْرِ : راستہ تلاش کرنا -
إِطَّرَقَتِ - الإِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے چلنا - متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا -
أَطْرَقَ جَنَاحُ الطَّيْرِ : پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک خم جانا - التُّرَابُ : مٹی کا تہ بتہ ہونا -
تَطَارَقَ الشَّيْءُ : پے در پے ہونا - تَطَارَقَتِ الإِبِلُ : بعض کا بعض کے پیچھے ہونا -

اِسْتَطْرَقَ - الشَّيْءَ : راستہ بنانا - بَيْنَ الصُّفُوفِ : صفوں کے درمیان چلنا - ہ : کنکری پھینکنے کو کہنا -
الطَّرْق والطُّرُق والطَّرْقَة - مرتبہ دفعہ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ طَرْقَيْنِ" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا -
الطَّرْق والطِّرْق - پھندا - جال ج أَطْرَاق
الطَّرِيقَة - پھندا - جال - ج طَرَائِق -
الطَّرَق - مشک کی سلوٹ ج أَطْرَاق - پانی جمع ہونے کے مواضع - اونٹوں کے پیر کے نشانات - أَطْرَاقُ البَطْنِ : پیٹ کی سلوٹ -
الطَّرِيقَة - طَرَقَ کا اسم نوع - طریقہ - ج طَرَائِق -
الطَّرِيقَة - راستہ - طریقہ - عادت - لاپ تہ بتہ پتھر ج طُرُق -
الطِّرَاق - جوتے کا چمڑا - لوہا جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں - جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا کا تلا ٹھیں - ج طُرُق -
الطَّرِيق - راستہ (مذکر و مؤنث) ج طُرُق أَطْرُق و أَطْرِقَة و أَطْرَاق و ج طُرُقَات -
الطَّرِيقَة - عادت - حالت - مذہب دھاری - کپڑے کا مستطیل ٹکڑا - لمبا کھجور کا درخت خیمے کا ستون - سائبان کا ستون - قوم کا شریف اور افضل - واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہو - کہا جاتا ہے "هُوَ طَرِيقَةُ قَوْمِهِ وَهُمْ طَرِيقَةُ قَوْمِهِمْ - یا هُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق - ثَوْبٌ طَرَائِقُ : پرانا کپڑا
طَرَائِقُ الدَّهْرِ : حوادث دہر -
الطَّارِق - فا - رات کو آنے والا - ج طُرَّاق و أَطْرَاق - صبح کا ستارہ -
الطَّارِقَة - طارق کا مؤنث - مصیبت - قبیلہ مرد - چھوٹا تخت - ج طَوَارِق و طَارِقَات -
الطَّرِيق - مؤنث طَرِيقَة - المِطْرَاق - ج مَطَارِيق - بہت سر جھکانے والا -
المِطْرَق والمِطْرَقَة - روئی اون دھننے کا ڈنڈا - ہتوڑا - ج مَطَارِق -

المَطْرُوق بفتحہ۔ وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔ وہ شخص جس میں جُبن اور بیوقوفی ہو۔ ماءٌ مَطْرُوقٌ: وہ پانی جس میں اونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔

المَطَارِق۔ نظیر ہے مَطَارِیق۔ المَطَارِیق: پیدل چلنے والے لوگ۔ اونٹوں کی قطار۔

طَرِمَ (س) طَرْمًا۔ بَیْتُ النَّحْلِ: شہد سے بھرنا (۔۔۔ طَرْمًا) العَسَلُ: چھتے سے شہد بہنا

أَطْرَمَتْ۔ أَسْنَانُہٗ: دانتوں پر میل جمنا۔

أَطْرَمَ فُوْہُ: منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔

تَطَرَّمَ فِی الکَلَامِ: کلام کرنے میں رُک جانا۔

الطَّرْم والطِّرْم والطِّرِّیم۔ شہد۔ البَرِیم تہ بتہ بادل۔ رَجُلٌ طِرِّیمٌ: مرد دراز قد۔

الطَّرْمَۃ۔ جگر۔

الطَّرْمَۃ والطِّرْمَۃ والطُّرْمَۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الطُّرَامَۃ۔ دانتوں کی زردی۔ دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔ منہ کے اوپر خشک تھوک۔ البَرِیم۔ غصہ۔

الطُّرْمُوث۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طَرْمَحَ۔ البِنَاءَ: لمبی بنانا۔

الطِّرْمَاح والطِّرِمَّاح والطُّرْمُوح۔ لمبا۔ الطِّرْمَاح: مشہور۔ عالی نسب۔ پیش بیں۔

طَرْمَسَ۔ بیکار ڈینگ مارنا۔ جھوٹا فخر کرنا۔ صفت طِرْمَاذٌ وطِرْمِذَانٌ۔

طَرْمَسَ۔ گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔ مکروہ جاننا۔ بھاگنا۔۔۔ الوَحْشُ: ترشرو ہونا۔۔۔ الکَاتِبُ الکِتَابَۃَ: مٹانا (۔۔۔ واطْرَمَسَ) اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔

الطِّرْمَاس والطِّرْمِس والطِّرْمِسَاءُ: سخت تاریکی۔

الطُّرْمُوس والطُّرْمُوسَۃ۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

الطُّرْمُوق۔ چمگادڑ۔

طَرَا یَطْرُو وطَرِیَ یَطْرَی طَرَاوَۃً وطَرَاءَۃً: نَضُرَ او لَحْمٌ: بھنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔ صفت طَرِیٌّ۔

طَرَا یَطْرُو وطُرُوًّا۔ عَلَیْہِمْ: دورے آنا۔

طَرَّی الشَّیْءَ: تر و تازہ کرنا۔ الطِّیبَ: خوشبو کو مخلوط کرنا۔۔۔ الطَّعَامَ: کھانے میں مسالا لگانا۔

أَطْرَی إِطْرَاءً فُلَانًا: تعریف میں مبالغہ کرنا۔

إِطْرَوْدَی۔ تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطَّرَا۔ جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔ لاتعداد مخلوق۔

الطَّرِیّ۔ نرم تازہ۔

الإِطْرِیَۃ۔ سوئیاں۔

الأَطْرَوَانُ مِنَ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب عنفوانِ شباب۔

طَرِیَ (س) طَرْیًا۔ إِلَیْہِ: متوجہ ہونا۔

طَرَزَہٗ (ن) طَرْزًا۔ گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَشَّ (ن) طَشًّا۔ غالب آنا اور خاموش کرنا۔۔۔ ہ فِی المَاءِ: غوطہ دینا۔ طَشَّ القَوْمُ: بیر میں دور تک چلا جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِی أَیْنَ طَشَّ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔

طَشْشَ۔ جانا۔۔۔ فِی البِلَادِ: سفر کرنا۔

الطَّسّ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی۔ ج أَطْسَاس وطُسُوس وطُسُیس۔

الطِّسْتَۃ والطَّسْتَۃ۔ ہاتھ دھونے کیلئے تانبے کا برتن۔ سلفچی ج طَسَّات وطِسَّات و طِسُوس وطِسَاس۔

الطَّسَّاس۔ برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

الطِّسَاسَۃ۔ برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔

طَسَأَ (ن) طَسْأً وطَسِیءَ (س) طَسَأً تخمہ ہونا۔ صفت طَاسِیٌ وطَسْأَنُ: شرم کرنا۔

أَطْسَأَہٗ۔ ہضمی کرنا۔

الطُّسَأَۃ۔ تخمہ۔ ہیضہ۔

الطَّسْت۔ ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن ج طُسُوت۔

طَسَعَ (ن) طَسْعًا فِی البِلَادِ: جانا۔

طَسِعَ (س) طَسَعًا۔ بے غیرت اور نفس ہونا صفت طَسِیعٌ وطَسْعَانُ۔

طَسَمَ (ن) طَسْمًا۔ الشَّیْءَ: مٹانا۔

طَسَمَ (ض) طُسُوْمًا۔ مٹنا۔

طَسِمَ (س) طَسَمًا۔ ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا

الطَّسَم۔ تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔

طَسَمٌ او أَطْسَامٌ مِنْ سَحَابٍ: ٹکڑے ٹکڑے بادل۔

الطَّسَام والطُّسَام والطَّسَّام۔ مِنَ الغُبَارِ: بہت زیادہ غبار۔

طَشَّتْ (ن ض) طَشًّا وأَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوہار برسانا۔

طُشَّ۔ الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا

الطُّشَاش والطُّشَّۃ۔ زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔

الطَّشَاشُ۔ کمزوری نگاہ۔

الطِّشَّۃ۔ چھوٹا پنکھ۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا وطُعْمًا۔ الشَّیْءَ: چکھنا۔۔۔ عَلَیْہِ: قادر ہونا۔

طَعِمَ (س) طَعْمًا وطَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (۔۔۔ طُعْمًا) النُّضْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔

طَعَّمَ (ف) طَعْمًا آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَطْعَمُ آکِلُ ہٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔

طَعَّمَ النُّضْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء و عوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ طَعَّمَ العَظْمُ: گودے دار ہونا۔

أَطْعَمَ۔ النُّضْنَ: پیوند لگانا۔۔۔ ہٗ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا۔۔۔ الشَّجَرُ: پھل دینا پھل لگنا۔۔۔ الشَّیْءُ: مزے دار ہونا۔ یا مزے کا بدل جانا۔

طَاعَمَ وتَطَاعَمَ۔ الحُمَّامَ: مادہ کو چوپائے میں چوپنج ڈالنا۔ طَاعَمَہٗ: ساتھ کھانا۔

تَطَعَّمَ الشَّيْءَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ۔ مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَةُ: پھل پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا يَطْعَمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کر دے۔
اِسْتَطْعَمَ۔ مزہ پانا ــــ ہ: کھانا مانگنا ــــ الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنیکے لئے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَ الْحَدِيثَ" یعنی اس نے بات سننے کے لئے کہا۔
الطَّعْمُ۔ مزہ ج طعوم۔ کھانیکی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو طَعْمٍ" یعنی صاحب عقل و تجربہ ہے۔
الطُّعْمُ۔ کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طُعْمُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے" دانے جو شکار کے لئے ڈالے جائیں۔
الطُّعْمَةُ۔ کھانے کا طریقہ۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
الطُّعْمَةُ۔ خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب و کمائی کا ذریعہ۔
کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَيْعَتِي طُعْمَةً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائداد زراعت کے لئے عاریت پر دیدی ج طُعَم۔
الطَّعَام۔ خوراک ج اَطْعِمَة جج اَطْعِمَاتٌ۔ گیہوں
الطِّعْم و الطَّاعِم۔ خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "اَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِكُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُورٌ طَعُومٌ وَطَعِيمٌ۔ ذبح کرنے کے لئے نر و بے نر موٹے۔ الطَّعِيمَة: بکری جو کھانے کیلئے روک لی گئی ہو۔
الطَّاعِمُ۔ کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم۔ کھانیکی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔
المِطْعَم۔ زیادہ کھانے والا۔
المُطْعِم۔ مہمان نواز۔
المُطْعَم۔ مطعم۔ رزق دیا ہوا۔
المَطْعُوم۔ مطعم۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔

پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَهُ (ف ن) طَعْنًا۔ نیزہ مارنا اور چبھونا ــــ فِي الْمُفَازَةِ: جانا ــــ فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا ــــ الْفَرَسُ فِي الْعِنَانِ: لگام کھینچکر تیز چلنا ــــ طَعْنًا وَطَعَانًا: فِي الرَّجُلِ وَعَلَيْهِ: عیب لگانا۔ طَعَنَ۔ مارنا ــــ اللَّيْلُ: ساری رات چلنا۔
طُعِنَ۔ الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ الْقَوْمُ تَطَاعُنًا وَطِعَانًا وَاطَّعَنُوا۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَة۔ نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان ج طِعَان وَطُعَنَات۔
الطَّاعُون۔ پلیگ۔ وبائی موت۔ ج طَوَاعِين۔
الطَّعَّان وَالْمِطْعَن وَالْمِطْعَان بہت نیزہ مارنیوالا ج مَطَاعِن وَمَطَاعِين اور اسی سے ہے "هُوَ طَعَّانٌ فِي أَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِين۔ نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعُن
الطِّعِّين۔ جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
المَطْعَنَة۔ نیزہ بازی۔
طَغَرَهُ (ن) طَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغْرَاء وَالطُّغْرَى۔ شاہی فرامین اور سکون کی علامت ج طُغْرَاوَات وَطُغْرِيَات۔
الطُّغْرَائِيّ۔ طغرا بنانے والا۔
تَطَعَّمَ۔ عَلَيْهِ: جاہل بننا۔
طُعْمَة۔ جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُعَمَات وَطُعَم۔
الطَّعْم۔ سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام۔ کمینے لوگ (واحد وجمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَة۔ الطَّغَامَة: بیوقوف۔
الطَّغْوَمَة وَالطُّغْوِيَة۔ بے وقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا إِلَيْهِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِش۔
الطَّغْمَشَة۔ ضعف بصر۔

طَغَا يَطْغُو طُغْوًا وَطُغُوًّا وَطُغْوَانًا۔ حد سے بڑھ جانا ــــ الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ السَّيْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَى۔ الْمَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
اَطْغَاهُ وَطَغَّاهُ۔ سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْغَاهُ الْمَالُ وَنَحْوُهُ: سرکش بنا دینا۔
الطَّغْوَة۔ بلند جگہ۔ ج طَغَوَات۔
الطَّغْوَى۔ سرکشی۔
الطَّاغُوت۔ ہر حد سے تجاوز کرنیوالا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل ج طَوَاغِ وَطَوَاغِيت۔ الطَّوَاغِي وَالطَّوَاغِيت: بتخانے۔
طَغَى وَطَغِيَ يَطْغَى طَغْيًا وَطُغْيَانًا وَطِغْيَانًا بمعنی طَغَا وادی ــــ الْكَافِرُ: کفر میں غلو کرنا ــــ الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے بڑھ جانا ــــ الْمَاءُ: بلند ہونا۔
طَغَّى وَاَطْغَى۔ فُلَانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا سرکش بنانا۔
الطَّغْيَة۔ اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِي۔ فا۔ ظالم۔ طُغَاة۔ طَوَاغِين۔
الطَّاغِيَة۔ مؤنث طاغی۔ جبار متکبر سرکش بے وقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب۔ اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ (ن ض) طَفًّا الشَّيْءُ مِنْهُ: قریب ہونا۔ ــــ الْحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّ بِرَحْلِهِ وَغَيْرِهِ: پیرے یا ہاتھ سے اٹھانا۔
طَفَّفَ۔ الْمِكْيَالَ: کم ناپنا ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا ــــ عَلَى عِيَالِهِ: بال بچوں پر خرچ کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ــــ بِهِ مَوْضِعَ كَذَا: قریب کرنا۔
اَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا ــــ الْمِكْيَالَ: بھرنا ــــ لَهُ: قریب دینے کا ارادہ کرنا ــــ عَلَيْهِ: مشتمل ہونا ــــ عَلَيْهِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لئے اٹھانا ــــ لَهُ السَّيْفَ: تلوار کو جھکانا۔

إِسْتَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا۔ إِسْتَطَفَّتِ الْحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔

الطَّفُّ۔ بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ہر طُفُوفٌ۔ (والطف والطفاف والطِفاف والطُفافة) مِنَ الإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَّفاف والطِفاف: رات کی تاریکی۔ طَفافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے أَتَانَا عِنْدَ طَفافِ الشَّمْسِ "غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔

الطَّفِيف۔ کم۔ ناکمل۔ حقیر خسیس۔

الطَّافَة۔ باغ کا گرداگرد۔ قطعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔

الطَّفّ والطَّفّاف مِنَ الخَيْلِ: ہلکا پھلکا تیز رفتار گھوڑا۔

إِنَاءٌ طَفَّان۔ لبالب برتن۔

طَفِئَتْ (س) طُفُوءًا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا ــــ عَيْنُهُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔

أَطْفَأَ۔ النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے أَطْفَأَ اللهُ الْفِتْنَةَ أَوِ الْحَرْبَ: یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرو کر دیا۔

إِنْطَفَأَتْ إِنْطِفَاءً۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

الْمِطْفَأ۔ مُطْفِئُ الْجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّصْفِ: مصیبت مُطْفِئَةُ الرَّصْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔

الْمِطْفَأَة۔ آگ بجھانیکا آلہ ہر مَطَافِئُ۔

طَفَحَ (ن) طَفْحًا وطُفُوحًا الإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا ــــ الإِنَاءُ: بھر دینا (لازم و متعدی) ــــ السِّكْرَانُ: شراب سے پُر ہونا ــــ الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: پورے دنوں پر بچہ جننا اور کہا جاتا ہے "طَفَحَ عَلَى تِسْعٍ" یعنی جا۔

طَفَحَ وأَطْفَحَ الإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔

إِطْفَحَ۔ الْقِدْرُ: جھاگ نکالنا۔

الطِّفَاح۔ پری۔

الطُّفَاحَة۔ ہانڈی کے جھاگ۔

الطَّفْحَان۔ لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحَى

الطَّافِحَة۔ مؤنث طَافِح۔ خشک۔

فَرَسٌ طَفَّاحٌ۔ القوائم: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الْمِطْفَحَة۔ کفگیر۔

طَفَّلَ (ض) طَفْلًا۔ المَيِّتَ: دفن کرنا۔

الطَّفْل والطَّفَل۔ قبر۔ ہر أَطْفَاد۔

طَفَرَ (ض) طَفْرًا وطُفُورًا۔ کودنا۔ اونچائی میں کودنا۔

طَفَرَ۔ اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا (ــ واطْفَرَ الفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے دوسری جانب کودانا۔

الطَّفْرَة۔ اونچائی کی کودائی ــ مِنَ اللَّبَنِ بالائی۔

طَفِسَ (س) طَفَسًا وطَفَاسَةً۔ گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ۔

طَفَسَ (ن) طُفُوسًا۔ الرَّجُلُ: مرنا۔

طَفْطَفَ طَفْطَفَةً۔ دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔

الطَّفْطَفَة والطِّفْطِفَة۔ کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ہر طَفَاطِف۔

الطَّفْطَاف۔ جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تر و تازہ نرم شاخیں۔

طَفِقَ (س) وطَفَقَ (ض) طَفْقًا وطُفُوقًا۔ یَفْعَلُ کذا۔ شروع کرنا۔ طَفِقَ الْمَوْضِعَ: لازم ہونا طَفِقَ بِمُرَادِهِ: کامیاب ہونا أَطْفَقَهُ بِمُرَادِهِ: کامیاب کرانا۔

طَفُلَ (ک) طُفُولَةً وطَفَالَةً۔ نرم و نازپروردہ ہونا۔

طَفَلَ (ن) طُفُولًا۔ رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔

طَفِلَ (س) طَفَلًا وطُفِلَ النَّبَاتُ: نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہو سکنا۔

طَفَلَ اللَّيْلُ: قریب ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ــــ طَفِيلِي ہونا ــــ الكَلَامَ: غور کرنا۔ طَفَلَ الرَّاعِي الإِبِلَ: اونٹوں کا برتنا اور یہ طَفَلَ الرَّاعِي الإِبِلَ سے مأخوذ ہے چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرتا ہے تاکہ بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔

أَطْفَلَ۔ رات کے وقت داخل ہونا۔

أَطْفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب سرخ ہونا ــــ الأُنْثَى: بچہ والی ہونا۔ أَطْفَلَ الكَلَامَ: سوچنا۔

تَطَفَّلَ۔ بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طفیلی ہونا۔

الطَّفْل۔ نرم و نازک ہر طِفَال وطُفُول مؤنث طَفْلَة۔

الطِّفْل۔ ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُكَ فِي أَطْفَالِ الحَاجَاتِ" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر نوخیز جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة۔ کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ وطِفْلَةٌ۔ اور طِفْلٌ واحد و جمع دونوں کیلئے استعمال ہے اسلئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْل: حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے تَطَايَرَتْ أَطْفَالُ النَّارِ "یعنی چنگاری اڑی۔ رَتْعٌ طِفْلٌ: نرم نرم چرنے والا ہوا ہر أَطْفَال۔

الطَّفَل۔ بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ: طلوع آفتاب کے کچھ بعد طَفَلُ العَشِيِّ غروب آفتاب سے کچھ قبل۔

الطُّفَال والطِّفَال۔ خشک گارا۔

الطُّفُولِيَّة والطَّفَالَة والطُّفُولَة۔

الطُّفَيْل۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔

الطُّفَيْلِي۔ بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔

الْمُطْفِل۔ بچہ والی (انسان ہو یا جانور)

چ قنافل و مطافیل۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَۃٌ مُطْفِلٌ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔

طَلْفَنَ (ن) طَلْفَنًا مرنا۔ ہ: قید کرنا۔

اِطْمَأَنَّ۔ المکانُ: قابلِ اطمینان ہونا۔ الرجلُ: اچھی عادت والا ہونا۔

الطَّلْفَانِیْنُ۔ جھوٹ۔ لغو و بیہودہ گفتگو۔ قید

طَلْفَیَ طَلْفًا وطُلُوْفًا۔ پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور اسی سے ہے "السَّمَکُ الطَّافِیْ" جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اوپر آجائے۔ الفَیْلُ: ہرن کا تیز دوڑنا۔ فَوْقَ الفَرَسِ: کود کر گھوڑے پر بیٹھنا۔ فِی الأَرْضِ: داخل ہونا۔ فُلَانٌ: مرنا۔

الطَّفَاوَۃُ۔ ہانڈی کا بھاگ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَانِیْ طَفَاوَۃً مِنَ الزَّرْعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔

الطَّفَوَۃُ۔ باریک گھاس۔

الطَّفْیَۃُ۔ خبیث قسم کا ایک سانپ جو طفی۔

طَقَّ۔ پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔

الطَّقْسُ۔ طریقہ۔ طریقۂ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے جو طُقُوس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت و تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔

طَقْطَقَتْ طَقْطَقَۃً۔ الدَّوَابُّ: جانوروں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔

طَلَّ (ن) طَلًّا۔ الغَرِیْمَ: ٹالنا۔ ہ حَقَّہٗ: کمزنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السَّمَاءُ الأَرْضَ: زمین پر ہلکی بارش ہونا۔ ہ بالدُّہْنِ: تیل ملنا۔ طَلَّحَ الإِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔

طَلَّ (س) وطَلَّ طَلًّا وأَطَلَّ الدَّمَ: بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ صفت طَلِیْلٌ وطُلُوْلٌ وطُلَّلٌ۔

أَطَلَّ الدَّمَ: بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ الزَّمَانُ: قریب ہونا۔ عَلَیْہِ: جھانکنا۔ عَلَی الشَّیْءِ: غالب آنا۔ کہا جاتا ہے "أَطَلَّ عَلَیْنَا بِالْأَذَی" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔

تَطَلَّلَ۔ گردن اٹھا کر دور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لَہٗ" میں نے اسکو دیکھنے کے لئے گردن اٹھائی۔

اِسْتَطَلَّ۔ عَلَیْہِ: جھانکنا۔ الفَرَسُ ذَنَبَہٗ وبِذَنَبِہٖ: گھوڑے کا دُم اٹھانا۔

الطَّلُّ۔ ہلکی بارش۔ نمی جو بھلال و طلل خوش نما دل پسند۔ بڑی عمر والا۔ سانپ۔ (و الطُّلُّ) دودھ و بقول بعض خون۔ اونٹنی کے دودھ کی قلت۔

الطِّلُّ۔ سانپ۔

الطَّلَّۃُ۔ خوشنما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ ہموی۔ ہلکی بارش کا ترکیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان

الطُّلَّۃُ۔ ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن جو طُلَل۔

الطُّلَاءُ۔ بے برادخون۔

الطَّلَلُ۔ بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہر چیز کا جسم۔ اور اسی سے ہے۔ "اَعْجَبَنِیْ طَلَلُہٗ وَرَاقَنِیْ ہَیْکَلُہٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا جو اَطْلَال وطُلُول۔ طَلَلُ السَّفِیْنَۃِ: کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ الْمَاءِ: پانی کی سطح الطَّلَلُ مِنَ الدَّارِ: چبوترہ۔

الطَّلَالَۃُ۔ ہر چیز کا جسم۔ اچھی ہیئت اچھی حالت۔ تروتازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔

الطَّلِیْلُ۔ پرانی چٹائی۔ جو طَلَّۃٌ واَطَلَّۃٌ وطُلَلٌ۔

المُطَلَّلُ۔ بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔

المَطْلُوْلُ۔ مفعم۔ مِنَ الأَمَاکِنِ: جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

المُطَلِّلُ۔ کہر۔

طَلَبَ (ن) طَلَبًا۔ الشَّیْءَ: ڈھونڈھنا إِلَیْہِ: راغب ہونا۔

طَلِبَ (س) طَلَبًا۔ دور ہونا۔

تَطَلَّبَ واِطَّلَبَ الشَّیْءَ: تکلف کیساتھ اور بار بار ڈھونڈھنا۔

طَلَبٌ۔ الشَّیْءُ: مہلت سے ڈھونڈھنا۔

طَالَبَہٗ طِلَابًا ومُطَالَبَۃً۔ اپنا حق مانگنا

أَطْلَبَہٗ۔ مانگنے کے لئے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "أَطْلَبَہُ الْفَقْرُ" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کردیا۔ أَطْلَبَ الْمَاءُ: دور ہونا کہ بغیر ڈھونڈھے نہ مل سکے۔

الطِّلْبَۃُ۔ اسم ہے مطالبہ کا۔ طلب کی نوعیت (و الطِّلْبَۃُ) جو چیز طلب کی جائے

الطِّلْبُ۔ جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ جو أَطْلَاب وطِلَبَۃ۔

الطُّلْبَۃُ۔ دور کا سفر۔

الطَّالِبُ۔ فا۔ شاگرد۔ جو طَلَبَۃٌ وطُلَّابٌ وطَلَبٌ وطُلَّبٌ۔

الطَّلُوْبُ۔ بہت زیادہ طلب کرنیوالا۔

بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ جو طُلُب۔

الطَّلِیْبُ۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔ جو طُلَبَاءُ۔

الطَّلَّابُ۔ بہت زیادہ مانگنے والا۔

الطَّلِیْبَۃُ۔ مؤنث طَلِیْبٌ جو طَلَائِبُ۔

المَطْلَبُ۔ طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ جو مَطَالِبُ۔

المُطْلِبُ۔ فا۔ ماءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔

المَطْلُوْبُ۔ مفعم۔ جو طلب کیا جائے۔ جو مَطَالِیْبُ۔

طَلَثَ (ن) طُلُوْثًا۔ الْمَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔

طَلَثَ عَلَی کَذَا: زیادہ ہونا۔

الطُّلَنْثَۃُ۔ جاہل ضعیف العقل۔ کمزور بدن

طَلَحَ (ف) طَلْحًا وطَلَاحَۃً الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلِحٌ وطَلْحٌ وطَلِیْحٌ۔

طَلَّحَ الْبَعِیْرَ وطَلَّحَہٗ واَطْلَحَہٗ: تھکانا۔ طَلَّحَ عَلَی فُلَانٍ: اصرار کرنا۔ طَلَّحَ الْبَعِیْرُ: تھکنا۔

طَلِحَ (ن) طَلَحًا۔ فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔

طَلِحَ (س) طَلَحًا وطُلُوحًا۔ پیٹ خالی ہونا۔

صفت طَلِحٌ وطَلْحٌ وطَلِحٌ۔ طَلِحَتِ الإِبِلُ طَلَحًا: بھول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔
الطَّلْحُ۔ شکوفہ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَةٌ۔
الطِّلْحُ۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِيرٌ طِلْحٌ وَنَاقَةٌ طِلْحٌ بہ اَطْلَاحٌ وطِلَاحٌ۔
مَكَانٌ طَلِحٌ۔ جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔
الطَّلَحُ۔ نعمت۔ کہا جاتا ہے هُوَ فِي طَلَحٍ۔ وہ خوش عیش ہے۔
الطَّالِحُ۔ بدکار بہ طَالِحُونَ وطُلَّحٌ۔ نَاقَةٌ طَالِحٌ وإِبِلٌ طُلَّحٌ: تھکے ہوئے اونٹ۔
الطِّلَاحُ۔ کیکر کا درخت۔ إِبِلٌ طِلَاحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
الطَّلِيحُ۔ چمڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِيرٌ طَلِيحٌ وَنَاقَةٌ طَلِيحَةٌ۔ وطَلِيحٌ بہ طِلَاحٌ وطُلْحٌ۔
الطَّلِحِيَّةُ۔ کاغذ کا ایک ورق بہ طَلَاحِيُّ۔
المِطْلَحُ فِي الكَلَامِ: بہتان گھڑنے والا۔ فِي المَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔
طَلَحَ (ن) طَلْحًا۔ الشَّيْءَ: کالا کرنا ——— الكِتَابَةَ۔ خراب کر دینا ——— فُلَانًا بِالقَذْرِ: ——— ات پت کر دینا۔
إِطْلِحٌ۔ الدَّمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔
الطَّلَحُ۔ خراب پانی۔
الطَّلْحَاءُ۔ بے وقوف عورت۔
طُلْخُمَ۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ أُمُورٌ مُطَلْخِمَاتٌ۔ سخت و دشوار امور۔
طَلَسَ (ض) طَلْسًا۔ البَصَرُ: نگاہ کا ضائع ہونا۔ وطَلَسَ) الكِتَابَةَ: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔
طَلِسَ (س) طَلَسًا وطَلَسَ (ک) طُلْسَةً خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت أَطْلَسُ بہ طُلْسٌ۔
طُلِسَ بِهِ فِي السِّجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔
تَطَلَّسَ۔ الكِتَابُ: مٹنا د ——— وتَطْلِيسٌ) الرَّجُلُ: طَيْلَسَان استعمال کرنا۔
انْطَلَسَ الأَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔
اِطْلَنْسَى اِطْلِنْسَاءً۔ العَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔
الطَّلَسُ۔ کالی چادر۔
الطِّلْسُ۔ مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا بہ أَطْلَاسٌ
الطُّلْسَةُ۔ خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پتلا پتلا بادل بہ طُلَسٌ۔
الطِّلَاسَةُ۔ چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔
الطَّلِيسُ۔ اندھا۔
الطَّيْلَسُ۔ سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ وعلماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے بہ طَيَالِسُ۔
الطَّيْلَسَانُ۔ بمعنے طَيْلَسٌ بہ طَيَالِسُ و طَيَالِسَةٌ۔
الأَطْلَسُ۔ بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو پرانا کپڑا۔ میلا چور۔ ریشمی کپڑا۔
طَلْسَمَ عَنِ القِتَالِ: لڑائی سے پیچھے ہٹنا ——— الرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ——— السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔
الطِّلَسْمُ۔ جادو کی لکیریں یا تحریر بہ طَلَاسِمُ۔
الطِّلَسْمُ۔ بمعنے طِلَسْمٌ بہ طِلَسْمَاتٌ۔
الطَّلَسُ۔ چھری۔
طَلْطَلَهُ۔ حرکت دینا۔
الطَّلَطِلُ والطَّلَطِلَةُ۔ مصیبت۔
الطُّلَاطِلَةُ۔ مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔
الطُّلَاطِلُ۔ موت۔ سخت مرض۔
طَلَعَ (ن) طُلُوعًا ومَطْلَعًا ومِطْلَعًا الكَوْكَبُ ونَحْوُهُ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا ——— عَلَيْهِمْ متوجہ ہونا ——— عَنْهُمْ: غائب ہونا اور دور ہونا۔
طَلَعَ (ف ن) وطَلِعَ (س) طُلُوعًا الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ——— عَلَى الأَمْرِ: جاننا ——— البِلَادَ: ملکوں کا قصد کرنا۔
المَكَانَ: پہنچنا ——— مِنَ البِلَادِ: ——— نکلنا ——— وتَطَلَّعَ) الفَحْلُ: شکوفہ ——— طَلَعَ الكَيْلَ: پیمانہ کو بھرنا۔
طَالَعَهُ مُطَالَعَةً وطِلَاعًا: ——— وفکر سے مطلع ہونا ——— الكِتَابَ: کتاب ——— هُ بِالأَمْرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے كُلْ وَقْتٍ بِكَتِيكَ "یعنی اپنی کتابوں کو وقت میرے سامنے پیش کرو۔
اِطَّلَعَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا نکلنا ——— النَّبَاتُ: نباتات کا اگنا ——— الفَحْلُ: شکوفہ نکلنا ——— الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا ——— الفَحْلُ: خرما کا طویل ہونا ——— عَلَى الشَّيْءِ: جھانکنا ——— الفَجْرُ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ——— وَاقِفَ کر دینا۔ اَطْلَعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفًا: ——— کرنا۔ اَطْلَعَ طِلْعَ أَمْرِهِ: حقیقت حال کو ——— کر دینا ——— الرَّجُلُ: قے کرنا ——— الرَّائِي: ——— نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ——— عَلَى فُلَانٍ: اچانک پہنچ جانا۔
اِطَّلَعَ الأَمْرَ وعَلَيْهِ: جاننا ——— عَلَيْنَا: اچانک آجانا ——— الفَجْرُ: طلوع فجر کو دیکھنا۔ اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ: دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا۔
تَطَلَّعَهُ: جاننا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔ الرَّجُلُ: پالینا غالب آنا۔ تَطَلَّعَ المِكْيَالُ: پیمانہ کا بھر جانا ——— المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: پانی کا برتن کے کناروں سے ابل پڑنا۔
اِسْتَطْلَعَهُ۔ ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ حقیقت حال دریافت کرنا۔ اِسْتَطْلَعَ رَأْيَ فُلَانٍ وَاسْتَطْلَعَهُ رَأْيَهُ "کسی کی رائے دریافت کرنا"
الطَّلْعُ۔ مقدار۔ تم کہتے ہو ہمارے پاس ایک ألف "یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے" ——— مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا گابھا۔ شکوفہ۔
الطِّلْعُ۔ اسم ہے الطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلْعَ العَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقت حال کو جان گیا۔ سانپ۔

الطَّلَعُ والطِّلَعُ - بلند مکان جہاں سے جھانکیں - گوشہ -

الطَّلْعَةُ - دیدار - چہرہ -

اِمْرَأَةٌ طُلَعَةٌ - عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی - کہا جاتا ہے - نَفْسٌ طُلَعَةٌ - یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس -

الطِّلَاعُ مِنَ الْاِنَاءِ : پُری بھر طُلْعٌ - وطِلَاعُ الشَّیْءِ : مقدار شے - کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِلَاعُ ہٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے عَیْنٌ طِلَاعٌ - آنسو سے بھری ہوئی آنکھ - قَدَحٌ طِلَاعٌ : بھرا ہوا پیالہ

الطَّلَّاعُ - مبالغہ طالع - کہا جاتا ہے - ہُوَ طَلَّاعُ الثَّنَایَا والْاَنْجُدُ - یعنی وہ بڑے بڑے امور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے -

الطُّلَعَاءُ والطَّوَالِعُ - قے -

الطَّلِیْعَةُ مِنَ الْجَیْشِ : ہراول - مقدمۃ الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال وکوائف کی تفتیش کرے - واحد وجمع دونوں میں مستعمل ہے - بہ طَلَائِعُ -

الطَّالِعُ - فا - پہلی رات کا چاند - فجر کاذب - — عِنْدَ اَصْحَابِ الْفَالِ : زائچہ - ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد ونحس کا شگون لیا جائے بہ طَوَالِعُ -

الطُّلُوْعُ - بمعنے طالع -

المَطْلَعُ والمَطْلِعُ - ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ - سیڑھی - چڑھنے کی جگہ بہ مَطَالِعُ - مَطْلَعُ الْاَمْرِ : کسی کام کے حصول کا ذریعہ وطریقہ - مَطْلَعُ الْقَصِیْدَةِ : قصیدہ کا پہلا شعر -

المُطْلِعُ - فا - قوی غالب -

المَطْلَعُ مفعو - آنے کی جگہ - اونچے سر جھانکنے کی جگہ -

طَلَّفَ علیہ : زیادہ کرنا -

اَطْلَفَ کَذَا : ہبہ کرنا - اَطْلَفَ الدَّمَ : خون کو رائگاں کردینا -

الطَّلَفُ - داود وحش - آسان چیز - زائد چیز (— والطَّلْفُ) رائگاں - کہا جاتا ہے - ذَہَبَ دَمُہٗ طَلْفًا " یعنی اس کا خون رائگاں گیا

الطَّلِیْفُ - ماتوڑ - رائگاں - باطل -

طَلَّقَ (ض) طَلْقًا - الشَّیْءَ فُلَانًا : دینا طَلَّقَ یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا -

طَلُقَتْ (ن) طَلَاقًا - المَرْاَةُ مِنْ زَوْجِہَا عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اسکو چھوڑ دینا صفت طَالِقٌ بہ طَلْقٌ وطَالِقَةٌ - بہ طَوَالِقُ -

النَّاقَةُ : پاؤں باندھنے کی رسی سے کھل جانا -

طَلَقَ (س) طَلَقًا - بعید ہونا -

طَلُقَ (ک) طُلُوْقًا وطُلُوْقَةً - اللِّسَانُ : فصیح خوش بیان ہونا -

طَلُقَ (ک) طُلُوْقَةً وطَلَاقَةً - الرَّجُلُ : ہنس مکھ ہونا -

طُلِّقَتِ المَرْاَةُ طَلْقًا - دردزہ والی ہونا صفت مَطْلُوْقَةٌ -

طَلَّقَ قَوْمَہٗ : قوم کو چھوڑ دینا - جدائی اختیار کرنا — المَرْاَةَ زَوْجَہَا : قید نکاح سے علیحدہ کردینا - النَّخْلَةَ : درخت خرما میں گابھا دینا -

اَطْلَقَ المَرْاَةَ والنَّخْلَةَ : بمعنے طَلَّقَ — المَوَاشِیَ : چھوڑ دینا — الْاَسِیْرَ : قیدی کو آزاد کرنا — یَدَہٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کیلئے ہاتھ کھولنا — فِیْ کَلَامِہٖ : تعمیم کرنا - مقید نہ کرنا - کہا جاتا ہے - اَطْلَقَ رِجْلَہٗ " یعنی جلدی کی اَطْلَقَ الدَّوَاءُ بَطْنَہٗ " یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہوگیا - اَطْلَقَ خَیْلَہٗ فِی الْحَلْبَةِ " یعنی اپنے گھوڑے کو میدان مسابقت میں دوڑایا -

تَطَلَّقَ وجہُہٗ : کشادہ رو ہونا - تَطَلَّقَتِ الْخَیْلُ گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا -

اِنْطَلَقَ - جانا — لِسَانُہٗ : زبان کا رواں ہونا — وَجْہُہٗ : کشادہ رو ہونا — نَفْسُہٗ لِلْاَمْرِ : شرح صدر ہونا — اُنْطُلِقَ بِہٖ : لے جایا جانا -

اِطْلَنْقَ - ہنس مکھ ہونا -

اِسْتَطْلَقَ - البَطْنُ : پیٹ چلنا — الظَّبْیُ ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل ہونا — الْاَمْرَ : کام میں جلدی کرنا -

الطَّلْقُ مع - دردزہ - ہرن - بہ اطلاق ا — والطِّلْقُ والطُّلُقُ والطُّلُقُ والطَّلِیْقُ) آزاد - غیر مقید - کہا جاتا ہے خَیْلٌ طُلُقٌ طُلُقًا " یعنی بغیر ہتکڑی کے قید کیا گیا - یَوْمٌ طَلْقٌ : دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی - فَرَسٌ طَلْقُ الْیَدِ : گھوڑا جسکے اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو - رَجُلٌ طَلْقُ الْیَدَیْنِ : سخی - رَجُلٌ طَلْقُ الْوَجْہِ وطَلْقُ وطُلُقٌ وطُلُقٌ وطَلِیْقٌ : کشادہ رو مرد - ہنس مکھ - کہا جاتا ہے لِسَانُہٗ طَلْقٌ وطُلُقٌ وطَلِیْقٌ " یعنی اس کی زبان تیز وطرار ہے - الطِّلْقُ : حلال - حصہ - کھال کا بنا ہوا بند - الطِّلْقُ والطُّلُقُ : ابرک -

الطَّلَقُ مع - گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر - آئت - رسی مضبوط بٹی ہوئی - کھال کا بنا ہوا بند بہ اطلاق - کہا جاتا ہے اَصَبْتُ مِنْ مَالِہٖ طَلَقًا " مجھے اس کے مال میں سے حصہ ملا - کہا جاتا ہے عَلَی الْاِطْلَاقِ او مُطْلَقًا " یعنی عام طریقے سے بلا کسی استثناء کے -

الطُّلَقَاءُ - وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا -

الطَّلَّاقُ والمِطْلَاقُ والمِطْلِیْقُ - بہت زیادہ طلاق دینے والا -

المُطْلَقُ - خلاف مقید — مِنَ الْخَیْلِ : وہ گھوڑا جس کے ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو -

طَلَمَ (ن) طَلْمًا وطَلْمَةً - الْجُرْعَةَ : روئی کو ہاتھ سے ہموار کرنا - طَلَمَ الْعَرَقَ عَنْ جَبِیْنِہٖ : پیشانی سے پسینہ پونچھنا -

الطَّلْمُ - روئی پھیلانے کا تختہ -

الطَّلَمُ - دانتوں کا میل -

الطُّلَامَةُ - روئی بہ طُلَمٍ -

المِطْلَامَةُ - بین - عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں -

طَلْمَسَ - ترشروئی کرنا - تیوری چڑھانا - — الْکِتَابَ : مٹانا -

اِطْلَخَمَّسَ ۔ اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
اَلطِّلْخِمْسَاءُ ۔ تاریکی ۔ بغیر کسی علامت کے زمین ۔ پتلا پتلا بادل ۔
طَلَّہٗ (ت) طَلْحًا ۔ الرَّجُلُ فِی الْبِلَادِ: جانا ۔ آہستہ چلنا ۔
اَطْلَہٗ اِطْلَاھًا ۔ مطلع ہونا ۔
اَلطُّلَّۃُ ۔ پتلا بادل ۔
اَلطُّلْھَۃُ ۔ بقیہ مال ۔
طَلَاہُ یَطْلُوْہُ طَلْوًا ۔ مانگ باندھنا ۔
طَلَا یَطْلُوْ طَلَاوَۃً الرَّجُلُ: دیر کرنا ۔
اَطْلَتِ الْوَحْشِیَّۃُ: بچے والی ہونا ۔
اِطْلَوْلَی اِطْلِیْلَاءً ۔ اچھی گفتگو والا ہونا ۔
اَلطَّلَاءُ وَالطَّلْوُ ۔ ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت ۔ ہر چیز کا چھوٹا بچہ ۔ اَطْلَاءٌ وَطِلَاءٌ وَطُلًی وَطِلْیَانٌ وَطُلْیَانٌ ۔
اَلطِّلْوُ ۔ بھیڑیا ۔
اَلطُّلْوَۃُ ۔ جانوروں کا بچہ ۔
اَلطُّلَاوَۃُ ۔ صبح کی سپیدی ۔
اَلطَّلَاوَۃُ وَالطَّلَاوَۃُ وَالطِّلَاوَۃُ ۔ حسن و رونق ۔ کہا جاتا ہے ھٰذَا کَلَامٌ مَا عَلَیْہِ طَلَاوَۃٌ یعنی یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں ۔
منہ میں کھانے کا بقیہ ۔ جادو ۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی ۔ اَلطُّلَاوَۃُ: جو کسی چیز پر طلا کیا جائے ۔
طَلَی یَطْلِی طَلْیًا: ٹانگ باندھ کر رکھنا ۔ اَلْبَعِیْرُ الْقَطْرَانَ اَوْ بِالْقَطْرَانِ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے اَلْقَطْرَانُ) ۔ اَلشَّیْءَ: روکنا
طَلِیَ (س) طَلًی فُوْہُ: دانتوں میں زردی ہونا ۔ لِسَانُہٗ: زبان کا ثقیل ہونا ۔
طَلَّی تَطْلِیَۃً ۔ گانا ۔ فُلَانًا: قید کرنا ۔ گالی دینا ۔ اَلْبَعِیْرَ الْقَطْرَانَ: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے اَلْقَطْرَانُ) ۔ اَللَّیْلُ الْاٰفَاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا ۔
اَطْلَی ۔ کمزوری یا اور کسی وجہ سے گردن کا جھکنا ۔
تَطَلَّی ۔ کھیل کود میں منہمک رہنا ۔

وَاطَّلَی) بِالْقَطْرَانِ: قطران سے لت پت ہونا ۔
اَلطَّلِیُّ ۔ شخص ۔ قطران ملا ہوا ۔ سخت مریض ہرن کا بچہ ۔ ہر اَطْلَاءٌ ۔ خواہش ۔ کہا جاتا ہے مَقْضِیُّ طَلَاءٍ یعنی اپنی خواہش پوری کی ۔
اَلطِّلَی ۔ لذت ۔
اَلطِّلَاءُ ۔ قطران ۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے ۔ اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے ۔ رسی جس سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں (— وَالطِّلَایَۃُ) ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے ۔
اَلطُّلَاءُ ۔ خون کے اوپر کی باریک جھلی ۔
اَلطُّلَی ۔ دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ۔
اَلطُّلَیَّۃُ وَالطُّلَاءَۃُ ۔ گردن ہر طُلَی ۔
اَلطَّلِیُّ ۔ بکری کا چھوٹا بچہ ہر طُلْیَانٌ (— وَالطِّلْیَانُ) دانتوں کی زردی ۔
اَلْمِطْلَی وَالْمِطْلَاءُ ۔ تنگ نالہ ہر مِطَالٌ
اَلْمَطْلِیُّ ۔ دائم المرض ۔ کمزور مریض ۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی امید نہ ہو ۔
طَمَّ (ن) طَمًّا وَطُمُوْمًا ۔ الْاِنَاءُ: برتن بھرنا — الشَّعْرُ: بال کا گھنا یا گرہ لگانا — اَلْمَاءُ: ڈھانپ لینا — اَلشَّیْءُ: زیادہ ہونا — اَلْاَمْرُ: بڑا ہونا ۔
طَمَّ (ض ن) طَمَّ الْبِئْرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا
طَمَّ (ن ض) طَمًّا وَطَمِیْمًا ۔ اَلْفَرَسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا ۔
طَمَّ وَطَمْطَمَ وَتَطَمْطَمَ ۔ اَلطَّائِرُ: پرندہ کا پنجے پر اترنا ۔
اَطَمَّ وَاسْتَطَمَّ الشَّعْرُ: بال کاٹنے کا وقت قریب ہونا ۔
اَلطَّمُّ ۔ پانی ۔ سمندر ۔ عدد کثیر ۔ عمدہ گھوڑا ۔ تعجب انگیز ۔ کہا جاتا ہے جَاءَ بِالطَّمِّ وَالرَّمِّ یعنی بہت مال لایا ۔
اَلطُّمَّۃُ مِنَ النَّاسِ: جماعت ۔ طُمَّۃُ الْقَوْمِ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ۔
اَلطَّمِیْمُ ۔ آہستہ دوڑ ۔ عمدہ گھوڑا ۔ طَمِیْمٌ النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ ۔
فَرَسٌ طَمُوْمٌ ۔ تیز رفتار گھوڑا ۔
اَلطَّامَّۃُ ۔ بڑی مصیبت ۔ قیامت ۔
اَلْاَطَامِیْمُ ۔ ٹانگیں ۔
طَمَانٌ ۔ دیکھو مادہ طمن
طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا ۔ اَلشَّیْءَ: چھونا ۔
طَمَثَتْ وَطَمُثَتْ (ن ک) طَمْثًا ۔ اَلْمَرْاَۃُ: حائضہ ہونا ۔ صفت طَامِثٌ ۔
اَلطَّمْثُ ۔ میل کچیل ۔ فساد ۔ خون حیض ۔ تہمت ۔ کہا جاتا ہے لَا یُطْلَانُ الْمُشْرِجُ یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں ۔
طَمَحَ (ف) طَمْحًا وَطِمَاحًا وَطُمُوْحًا بِبَصَرِہٖ اِلَیْہِ: نگاہ اٹھانا ۔ بِبَصَرِہٖ اِلَیْہِ: خواہش کی جانب دیکھنا — بِاَنْفِہٖ: مغرور ہونا ۔ ناک چڑھانا — بِہٖ: لیجانا — فِی الطَّلَبِ: کوشش کرنا ۔
طَمِحَتْ (ف) طِمَاحًا وَطُمُوْحًا اَلدَّابَّۃُ: جانور کا سرکش ہونا — اَلْمَرْاَۃُ عَلٰی زَوْجِہَا: عورت کا نافرمان ہونا ۔ صفت طَامِحٌ ہر طَوَامِحُ ۔
طَمْحَجَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اٹھانا — بِالشَّیْءِ فِی الْہَوَاءِ: پھینکنا ۔
اَطْمَحَ بَصَرَہُ اِلَیْہِ: نگاہ اٹھانا ۔
بَحْرٌ طَمُوْحُ الْمَوْجِ: بلند موج والا سمندر ۔
طَمَحَاتُ الدَّہْرِ وَطَمَحَانُہٗ ۔ مصائب
اَلطِّمَاحُ ۔ غرور ۔ فخر ۔
اَلطَّمَّاحُ ۔ دور ۔ حریص ۔
طَمَخَ (ن) طَمْخًا ۔ بِاَنْفِہٖ: تکبر کرنا ۔
طَمَرَ (ض) طَمْرًا ۔ اَلشَّیْءَ: دفن کرنا چھپانا (— طَمْرًا وَطُمُوْرًا وَطِمَارًا وَطَمْرَانًا) کودنا ۔ اچھلنا
طَمَرَ (ن) طُمُوْرًا ۔ جانا ۔ سفر کرنا ۔
طَمَرَ (ن) طَمْرًا ۔ اَلطَّمْرَۃُ: گھی بھرنا ۔
(— وَطَمِرَ (س) طَمَرًا) اَلْجُرْحُ: سوج جانا ۔
اَلْیَدُ: ورم آجانا ۔
طُمِرَ فِی مَنْزِلِہٖ: ڈاڑھ میں درد ہونا ۔
طَمَرَ الشَّیْءَ: لپیٹنا اور دفن کرنا — اَلْبَیْتَ: پردہ لٹکانا ۔

اِطْمِرْ: علی فرسہ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
الطِمر: پرانا کپڑا۔ جو کسی چیز کا مالک نہ ہو
ج اَطْمار۔ کہا جاتا ہے "لَاَحَتِ الشَّمْسُ فِی الْاَطْمَارِ" یعنی زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِمِرّ والطِمِرّۃ والطِمِرّۃ والطُمُرّ: لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّامِر۔ فا۔ پسو ہ طَوامِر۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ طَامِرُ بْنُ طَامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطُمْرَۃ۔ جہل نادانی۔
طُمْرَۃُ الشَّبَاب: ابتدائے شباب۔ عنفوان شباب۔
الطَّامُور والطُومَار۔ صحیفہ ج طَوامِیر۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ فِی الطُّوَامِیرِ والطُّوَامِیرَۃ"
المِطْمَر والمِطْمَار۔ معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلٰی مِطْمَارِ اَبِیہِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے
المَطْمُورَۃ۔ کھتی۔ قید۔
طَمَسَ (ن) طُمُوسًا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَدْرِی اَیْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ــ بَعِیْرَہٗ: دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا وطُمُوسًا و تَطْمَسَ وانْطَمَسَ مُنَ طَمَسَ الرَّجُلُ والبَصَرُ: ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ (ض) طَمْسًا۔ الشَّیْءَ: مٹانا ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا ــ النَّجْمَ: بادل کو ستارے کی روشنی کو ذائل کر دینا
طَمَسَ (ض) طَمَاسَۃً الشَّیْءَ: اندازہ کرنا
رُبُوعٌ طَوامِسُ۔ مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِیس والمَطْمُوس۔ اندھا۔
طَمْطَمَ۔ وسط سمندر میں تیرنا۔
الطَّمْطَام۔ وسط سمندر۔
الطَّمْطِم والطَّمْطِمِی والطَّمْطَمَانِی: زبان کی لکنت والا۔

طَمِعَ (س) طَمَعًا وطِمَاعًا وطَمَاعِیَۃً فی الشَّیْءِ وبہ: لالچ کرنا۔ صفت طامِعٌ وطَمِیعٌ و طَمِعٌ ج طَمِعُونَ وطُمَّعٌ وطَوامِعُ واَطْماعٌ وطُمَاعٌ۔
طَمُعَ (ک) طَمَاعَۃً۔ بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَہٗ۔ لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَہٗ۔ لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ۔ لالچی ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
الطَّمَع۔ وہ چیز جس کی خواہش کی جائے لشکر کی تنخواہ ج اَطْماع۔
الطَّمَاعَۃ۔ خواہشمندی۔
الطَّمَّاع والمِطْمَاع۔ بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَع۔ جس کی خواہش کی جائے ج مَطَامِع
المَطْمَعَۃ۔ باعث طمع۔ لالچ پر لگانے والی چیز۔
طَمِغَتْ (س) طَمَغًا مِنَ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ (ن) طَمْلًا۔ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا ــ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرا رنگنا۔
الدَّمُ السَّہْمَ وغَیْرَہٗ: خون کا تیر کو تھیرنا۔
الرَّاعِیُ: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ (س) وطَمُلَ طَمَلًا۔ خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔ صفت طَمِیلٌ۔
اَطْمَلَ۔ الکِتَابَ: مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ: چوروں کیساتھ شریک ہونا
الطَّمْل۔ خمیر۔ گوندھا ہوا آٹا۔ مخلوق۔
الطِّمْل۔ بے وقوف۔ کمینہ۔ بدکار۔ بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔ کالا کملی۔ فقیر۔ بدحال بدشکل
طِمْر۔ پرانا کپڑا۔ ج طُمُول (ــ والطِّمْلَۃ و الطِّمْلَۃ) گدلا پانی۔ کیچڑ۔
الطَّامِل۔ فا۔ مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمِیل۔ گدلا پانی۔ گنام۔ چٹائی۔ ہار تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔ بکری کا بچہ۔ سَہْمٌ طَمِیلٌ خون سے لت پت تیر۔ خُبْزٌ طَمِیلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطَّمْوَل۔ بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمْوَلَۃ۔ بدکاری۔
اَلْمَطْمَلَۃ۔ بیلن۔
طَمْأَنَ طُمَأْنَۃً وطُمَأْنِیَۃً۔ الشَّیْءَ: پیچھے کو پست کرنا۔ جھکانا ــ الشَّیْءَ: ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ۔ پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِیْنَۃً: ایک آدمی بیٹھنا۔ قرار پکڑنا۔ پست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ فَمَا کَانَ یَفْعَلُ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّمْئِن۔ ساکن ج طُمْئِنُون۔
المُطْمَئِنّ۔ ساکن ــ مِنَ الْاَرْضِ: نرم پست زمین۔
طَمَا یَطْمُو طُمُوًّا وطَمِیَ یَطْمَی طَمْیًا المَاءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا ــ البَحْرُ: سمندر کا بھر جانا ــ النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا بڑھنا
طَمَتْ ہِمَّتُہٗ: ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِہِ الہَمُّ او الحُزْنُ: غم یا حزن کا سخت ہونا۔
طَنَّ (ض) طَنًّا وطَنِینًا وطَنَّ الذُّبَابُ او النَّاقُوسُ وشِبْہُ ذٰلِکَ: بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔ وطَنَّ فُلَانٌ: مرنا۔
اَطَنَّ۔ بجانا۔ آواز کرانا۔ اَطَنَّ السَّاقِیَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطَّنّ۔ جسم ج اَطْنَان وطِنَان۔ بانس کا گٹھا۔ اور ایک بانس طُنَّۃٌ کہلاتا ہے۔ الطَّن دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَّنَّان۔ زیادہ دکھنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ "لِفُلَانٍ ذِکْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے "وَتِلْکَ قَصِیدَۃٌ طَنَّانَۃٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطَّنِیّ۔ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا۔
طَنَأَ (ف) طَنْأً وطَنِیًّا (س) طَنَاۃً شرم کرنا
اَطْنَأَ۔ کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
اَطْنَأَ اِلَی الْحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا
اَطْنَأَ اِلَی الْبِسَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور

کاٹنے سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے۔ حَیَّۃٌ لَاطِنٌ "سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مر جائے"
الطِّنُّ۔ بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ فُلَانٌ فِی طِنِّہٖ" یعنی مر گیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا فرش، باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الطِّنِّ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل تہمت۔

طَنِبَ (س) طَنَبًا۔ الرُّمْحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا — الفرس: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَبُ مؤنث طَنْبَاءُ۔

طَنَّبَ الْخَیْمَۃَ: خیمہ لگانا — بالمکان: اقامت کرنا — الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا — السِّقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَانَبَ الْقَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسی ملانا۔

اَطْنَبَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار کو اڑانا

الْاِبِلُ: بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا

فِی الْوَصْفِ اَوِ الْعَدْوِ: مبالغہ کرنا۔

تَطَانَبَ الْقَوْمُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔

الطُّنُبُ۔ خیمہ کی لمبی رسی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ جو اَطْنَابٌ وطِنْبٌ۔ کہا جاتا ہے "دَنَتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَہَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "قَضَتِ الشَّمْسُ اَطْنَابَہَا" یعنی غروب ہوا (— والْاِطْنَابَۃُ) مکان کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ جو اَطَانِیْبُ۔ کہا جاتا ہے "خَیْلٌ اَطَانِیْبُ" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المِطْنَبُ۔ کندھا۔ مونڈھا جو مَطَانِبُ

المِطْنَبُ۔ فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَیْشٌ مِطْنَابٌ۔ بہت بڑا لشکر۔

الطِّنْبُوْرُ وَالطُّنْبَارُ۔ ستار جو طَنَابِیْرُ۔

طَنْبَلَ طَنْبَلَۃُ الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بَیْنَہُمْ طَنْبَلَۃٌ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔

الطَّنْبَلُ۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطَّنْجَرَۃُ۔ تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِیْرُ۔ کڑاہی۔ کنایہ از بزدل و کمینہ

طَنَخَ (س) طَنْخًا۔ بدمعاشی ہونا۔ دل پر حرص غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ وطَانِخٌ

طَنِخَتْ نَفْسُہٗ: جی کا بگڑنا۔

اَطْنَخَہٗ وطَنَّخَہٗ۔ بدمعاشی کرانا۔ کہا جاتا ہے۔ مَرَّ طَنِخٌ مِنَ اللَّیْلِ "رات کا ایک حصہ گذر گیا۔

طَنَزَہٗ (ن) طَنْزًا بِہٖ: تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کیساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّازُ۔ تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَۃُ۔ عند العامۃ: صلصل کا کوا۔ صحیح لفظ طُلَاطِلَۃٌ ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَۃً۔ الْجَرَسُ وَالطَّسْتُ وَالْبَابُ وَنَحْوُہَا: جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ (س) طَنَفًا۔ متہم ہونا — طَنَافَۃً وطُنُوْفَۃً وطَنَفًا) بدباطن ہونا۔ صفت طَنِفٌ۔

طَنَّفَہٗ۔ متہم کرنا۔ طَنَّفَ الْجِدَارَ: دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کانس نکالنا۔ مہتابی بنانا۔ — نَفْسَہٗ اِلَی کَذَا: لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ الْقَوْمَ: قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطَّنَفُ وَالطُّنُفُ وَالطَّنَفُ وَالطُّنُفُ پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔ چھجہ کانس۔ مہتابی جو طُنُوْفٌ واَطْنَافٌ۔

المُطَنِّفُ۔ چھجہ یا کانس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طُنْفُسَۃٌ۔ بدخلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا

الطِّنْفِسُ۔ ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَۃُ وَالطَّنْفَسَۃُ وَالطِّنْفِسَۃُ۔ فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ جو طَنَافِسُ۔

الطُّنُوْ۔ فرش۔

طَنِیَ (س) طَنًی وَاَطْنَی تَنِیَ: پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِیٌّ

فِی مُخَرِّہٖ اَوْ فُؤَادِہٖ: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا — (طَنِیَ) اللَّحْمُ مِنَ الْمَاءِ الْحَارِّ: پھر کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔ اَطْنَاہُ الْمَرَضُ: مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّیَ۔ تنی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَی۔ تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنَی۔ بدکاری و فساد۔

الطَّانِی۔ فا۔ زنا کار جو طُنَاۃٌ۔

طَہَرَ (ن) وطَہُرَ (ک) طُہْرًا وطُہُوْرًا وطَہَارَۃً۔ پاک ہونا۔ صفت طَاہِرٌ جو اَطْہَارٌ طَہُرَ جو طَہُرُوْنَ وطَہُرٌ جو طَہَارَی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاہِرُ الثِّیَابِ" یعنی پاک دامن۔

طَہَّرَہٗ (ن) طَہْرًا۔ دور کرنا۔

طَہَّرَہٗ۔ پاک کرنا۔ طَہَّرَ الشَّیْءَ بِالْمَاءِ: دھونا

تَطَہَّرَ وَاطَّہَّرَ۔ میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا

الْاَطْہَارُ۔ عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطُّہُوْرُ۔ جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّہْرَۃُ۔ پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْہَرُ۔ موت کے بعد ایک مدت معینہ کے لئے ابرار و صالحین کے نفوس کے پاک کرنے کی جگہ (کلمہ نصرانیہ)

المَطْہَرَۃُ وَالمِطْہَرَۃُ۔ لوٹا۔ طہارت حاصل کرنیکا مکان۔ کہا جاتا ہے "اَلسِّوَاکُ مَطْہَرَۃٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ جو مَطَاہِرُ

المُطَہِّرَۃُ۔ متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَہِسَ (ن) طَہْسًا۔ فی الْاَرْضِ: داخل ہونا اور گھسنا۔

طَہَسَ (ف) طَہْسًا اَلْفَمَ: کام کو بگاڑ دینا

اَطْہَفَ اِسْقَاءُ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

فِی الْکَلَامِ: آسان اور روانی سے کہنا — لِفُلَانٍ مِنْ مَالِہٖ طَہْفَۃٌ: کچھ حصہ دینا۔

الطَّفُّ: بھوسہ۔
الطَّفُّ: پناہ۔
الطَّفَفَةُ: نرم مکھن۔
الطَّفَفَةُ: مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑا۔
الطَّفَقَانُ: مِنَ السَّحَابِ: بلند بادل۔
الطَّفَقَةُ: گیسو۔
طَفَقَ (ن) طَفْقًا: تیز چلنا۔
طَفِقَ (ف س) طَفَلًا وَطَفَلًا وَ طَفِلَ (ف س) طَفَلًا: الماؤ: بدبودار ہونا۔ صفت طَافِلٌ و طَفِلٌ۔
طَفِلَتِ: الْأَرْضُ: تھوڑی سی گھاس اگانا
الطَّفْلَةُ: تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے
طَفِمَ الشَّیْءُ: موٹا ہونا — مِنْهُ: نفرت کرنا
طَفِمَ الطَّعَامُ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے
طَفِمَ بِنَا "فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔
الطَّفْمُ: موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما۔
طَفِمٌ جَوَادٌ "یعنی خوبصورت
طَفَا یَطْفُو طَفْوًا: سفر کرنا۔ جانا۔
طَفَا یَطْفُو وَیَطْفِی طَفْوًا وَطُفُوًّا وَطُفِیًّا
طَفَایَةً: الْخُبْزَ: پکانا یا بھوننا۔
الطَّفَّاءُ: پکانے یا بھوننے میں ماہر
الطَّفْوُ: کام۔
الطَّفْیُ: تنکا۔
الطَّفْیُ: گناہ۔ پکا ہوا۔
الطَّفْیُ: سخت مار۔ پتلا بادل۔
الطَّافِیُّ: باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے
الطَّاوِیَةُ وَطَاوِیَةٌ مؤنث طَاوٍ: ج طَوَاوٍ و
الطَّفَایَةُ: پکانے کا پیشہ۔
الطَّفَاوَةُ: دودھ یا خون کے اوپر کی باریک
الطَّفَاءَةُ: بلند بادل۔
طَفَا یَطْفُو وَیَطْفِیُ طَفْوًا: آنا جانا۔

فِی الْأَرْضِ: دور تک نکل جانا۔
تَطَاءَتْ تَطَاؤُءًا: الْأَسْعَارُ: بھاؤ کا گراں ہونا۔
الطَّاءَةُ: کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔
کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طَوِیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں
الطُّوبُ: پکی اینٹ۔ واحد طُوبَةٌ۔
الطَّوَّابُ: خشت پز۔
طَاحَ یَطُوحُ طَوْحًا: حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا — السَّهْمُ: نشانہ سے خطا کرنا
طَوَّحَهُ: حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِهِ: خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاء آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهِ طَوَارِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔
طَوَّحَهُ تَطْوِیحًا وَطَیَّحَهُ تَطْیِیحًا الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔
طَاوَحَهُ مُطَاوَحَةً۔ بِکَذَا: ایک دوسرے پر پھینکنا۔
أَطَاحَهُ۔ ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ: بال گرا دینا۔
تَطَوَّحَ۔ فِی الْبِلَادِ: سرگرداں ہونا اور ادھر اُدھر پھرنا فِی الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ مَطِیَّةٌ تَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔
تَطَاوَحَ تُطَاوِحُ الْقَوْمُ فُلَانًا بِالْأَمْرِ او بِالضَّرْبِ: آپس میں تنازع کرنا۔ تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوَی۔ فراق اور بعد نے اس کو پھینک دیا۔
الطَّوْحُ۔ دُور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "رَمَیْتُهُ طَوْحَ
دور کی نیت۔
الطَّوَائِحُ۔ شدائد۔ مہلکات۔
الْمَطَاوِحُ۔ ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَةٌ۔
الْمِطْوَاحُ۔ لاٹھی۔
طَاحَهُ یَطُوحُهُ طَوْحًا۔ قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاحٌ۔
طَادَ یَطُودُ طَوْدًا۔ ثابت رہنا۔
طَوَّدَ وَتَطَوَّدَ فِی الْبِلَادِ: پھرنا۔ طَوَّدَ بِهِ: مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔

اِنْطَادَ۔ ہوا میں بلند ہونا۔
الطَّوْدُ۔ بڑا پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أَطْوَادٌ وطَوْدَةٌ
الْمَطَادَةُ۔ دور دراز کا بیابان۔
الْمَطَاوِدُ۔ خطرناک مقامات۔
الْمُنْطَادُ۔ بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِیدُ۔
طَارَ یَطُورُ طَوْرًا وَطَوْرَانًا بِفُلَانٍ: قریب ہونا
الطَّوْرُ۔ اندازہ حد۔ کہا جاتا ہے "هَذَا طَوْرُهُ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ وَجَاوَزَ طَوْرَهُ "اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أَتَیْتُهُ طَوْرَ بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار۔ ج أَطْوَارٌ۔ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ أَطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔
الطُّوسُ۔ پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اسکے مقابل ہو
الطِّوَارُ۔ وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو — الطِّوَارُ: مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هَذِهِ الدَّارُ عَلَى طِوَارِ دَارِی" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔
الطُّورِیُّ وَالطُّوَرَانِیُّ۔ وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّورِیُّ: اجنبی۔ کہا جاتا ہے۔
"مَا بِالدَّارِ طُورِیٌّ وَطُورَانِیٌّ" یعنی کوئی نہیں۔
طَارَةُ الْمِغْزَلِ: چھلنی کا گھیرا۔ اور یہ محرف ہے صحیح الاطارہ ہے۔
الطَّارَةُ وَالطَّارُّ۔ عِنْدَ الْعَامَّةِ: دائرہ۔ دف کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْهُ الْأَطْوَرِینَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی۔ اور مبالغہ کے ارادہ کو جمع سالم لایا جاتا ہے۔ "سَمِعَ فُلَانٌ فِی أَطْوَرَیِ الْعِلْمِ" فلاں علم کے دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔
طَاسَ یَطُوسُ طَوْسًا۔ الْوَجْهُ: چہرے کا خوبصورت ہونا — الشَّیْءَ: روندنا۔
طَوَّسَهُ۔ مزین کرنا۔ طَوَّسَ الْمُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهِ: لیجانا۔
تَطَوَّسَ الْحَمَامَةُ: کبوتری کے سامنے پروں کو

پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ الْمَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔
الطَّوْس۔ چاند۔
الطُّوْس۔ ایک مسہل دوا کا نام۔
الطَّاس۔ پانی پینے کا برتن۔ پیالہ۔ ج طَاسَات
الطَّاؤُوْس الطَّاوُوْس۔ مور۔ تصغیر طُوَيْس ج اَطْوَاس وطَوَاوِيْس۔
طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ: مال مٹول کرنا ——— الذَّكَرَ: آختہ کرنا۔
الطَّوَاشِيُّ: آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِيَةٌ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔
طَاعَ يَطُوْعُ وَيَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع وطَائِعُوْن کہا جاتا ہے "اَمَرَهُ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر باب افعال ہی کو استعمال دو مجرد سے نہیں "لِسَانُهُ لَا يَطُوْعُ بِكَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی "وَطَاعَ لَهُ الْمَرْتَعُ" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔
اَطَاعَهُ اِطَاعَةً وَطَاعَةً فرماں بردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ الْمَرْعٰى: وَاَطَاعَهُ: چراگاہ کا گشادہ ہونا۔
اِنْطَاعَ اِنْطِيَاعًا لَهُ: فرمانبردار ہونا۔
تَطَوَّعَ۔ بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِي الْجُنْدِيَّةِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّيْءِ: تبرع کرنا ——— بِالشَّيْءِ وَلِلشَّيْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا ——— الشَّيْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا
اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَةً۔ الْاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذف تا کے ساتھ اِسْطَاعَ يَسْطِيْعُ بھی کہا جاتا ہے۔
الطَّوَاعِيَةُ: طوع کا اسم مصدر ہے۔
الطَّوَاعِيَةُ۔ فرماں برداری۔
الطَّاعُ وَالطَّوْعُ وَالطَّيِّعُ۔ فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ يَدَيْكَ" یعنی وہ تمہارا تابع

عَمِلَهُ طَوْعًا یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔
اَلْمِطْوَاعُ وَالْمِطْوَاعَةُ۔ فرمانبردار۔
اَلْمُتَطَوِّعَةُ۔ رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونیوالے
اَلْمُتَطَوِّعُ وَالْمُطَوِّعُ۔ فرائض و واجبات کے علاوہ اعمال صالحہ کو بطور نفل ادا کرنیوالا۔
طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا وَطَوَافًا وَطَوَفَانًا بِالْمَكَانِ وَحَوْلَهُ: گھومنا۔ چکر لگانا ——— فِي الْبِلَادِ وَالْمُلْكِ میں پھرنا ——— بِهِ الْخَيَالُ فِي الْمَنَامِ: خواب میں نظر آنا۔
طَوَّفَ تَطْوِيْفًا وَتَطْوَافًا۔ گھومنا۔ طَوَّفَ فِي الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
طَوَّفَ وَتَطَوَّفَ وَاسْتَطَافَ اِسْتِطَافَةً بِالشَّيْءِ وَحَوْلَهُ: بہت چکر لگانا۔ طَوَّفَ النَّاسُ اَوِ الْجَرَادُ "آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔
اِسْتَطَافَ: گھومنا۔ چکر لگانا۔
اَطَافَ۔ بِالشَّيْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا قریب ہونا ——— عَلَيْهِ دَبِيْرُهُ: رات کو آنا ——— عَلَيْهِ گرد گھومنا۔
اَلطَّوْف۔ پانی پر تیرنے والی چیز۔ گھنئی۔
اَلطَّوْف۔ رات کو پہرا دینے والے چوکیدار
دیوار ج اَطْوَاف۔
اَلطَّاف۔ بہت زیادہ طواف کرنے والا۔
اَلطُّوْفَان۔ سخت سیلاب۔ سخت بارش رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔
اَلطَّائِف۔ فا۔ چوکیدار۔
اَلطَّائِفَة۔ مؤنث طَائِف۔ جماعت۔ گروہ ٹکڑا کسی چیز کا وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں ج طَائِفَات طَوَائِف۔
اَلطَّوَّاف۔ بہت پھرنیوالا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ گھنئی۔ گھنئی بنانے والا۔
اَلْمَطَاف۔ طواف کرنے کی جگہ۔
طَاقَ يَطُوْقُ طَوْقًا وَطَاقَةً وَاَطَاقَ الشَّيْءَ: قادر ہونا۔
اَطَاقَ عَلَى الشَّيْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَهُ الشَّيْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَ الطَّوْقَ۔ طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَهُ بِالسَّيْفِ وَغَيْرِهِ" اس نے اسے تلوار باندھ دی۔
اَطْوَقَ وَتَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
اَلطَّاق۔ محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات وطُيُقَان۔ اَلطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا (——— اَلطَّائِق) پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔
وَطَائِقُ كُلِّ شَيْءٍ: احاطہ کرنے والا۔
اَلطَّوْق۔ گلے کا زیور۔ گلا۔ ج احاطہ کرنیوالا ج اَطْوَاق۔
اَلطَّوْق وَالطَّاقَة۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِي طَوْقِي" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا طَوْقَ لَنَا بِالْاَمْرِ" یعنی ہمارے اوپر نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اہل لوگ روشن دان کے معنے میں استعمال کرتے ہیں
اَلْمُطَوَّقَة۔ گنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔
طَالَ يَطُوْلُ طُوْلًا۔ لمبا ہونا ——— عَلَيْهِ غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔
طَوَّلَهُ۔ لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَهُ: مہلت دینا۔ ——— لِلدَّابَّةِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔
تَطَوَّلَ تَطَوُّلًا۔ عَلَيْهِ: احسان کرنا۔
اَطَالَهُ وَاَطْوَلَهُ اِطَالَةً وَاِطْوَالًا: لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ الْمَرْاَةُ: لمبے لمبے بچے جننا۔
طَاوَلَهُ مُطَاوَلَةً۔ مال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔
تَطَاوَلَ۔ دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا ——— تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ——— عَلَيْهِ الْعُمُرُ: بڑھنا۔ تَطَاوَلَا: ایک دوسرے کے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً۔ طویل ہونا ——— عَلَيْهِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا

علی عرضہ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَطَالُوا عَلَی الْقَوْمِ یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْل۔ فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْل۔ لمبائی ج اَطْوَال۔

الطِّیْلَة۔ عمر۔ کہا جاتا ہے اَطَالَ اللّٰہُ طِیْلَتَہٗ اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَل۔ لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الطِّیْل والطِّوَل والطِّوَال الطِّیَال زمانہ بھر۔

الطَّائِل والطَّائِلَة۔ قدرت فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج ہٰذَا مِمَّا لَا طَائِلَ فِیْہِ "یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں" مَا ہُوَ بِطَائِلٍ اور ہُوَ غَیْرُ طَائِلٍ "یعنی گھٹیا ہے۔ اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِیْل۔ لمبا۔ ج طِوَال وطِیَال۔ مؤنث طویلہ ج طویلات۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِیْلُ الْبَاعِ" یعنی سخی ہے "ہُوَ قَصِیْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الاَطْوَل۔ اسم تفضیل ج اَطَاوِل مؤنث طُوْلٰی ج طُوَل۔ الطُّوْلٰی: بلند مرتبہ۔ وَالسَّبْعُ الطُّوَل: سات بڑی بڑی سورتیں قرآن پاک کی

الطُّوَال۔ لمبا۔ مؤنث طُوَالَة۔

الطُّوَال۔ بہت زیادہ لمبا۔

المِطْوَل۔ رسی۔ جانور کا رسّہ ج مَطَاوِل

طَوَی یَطْوِیْ طَیًّا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا۔ ہ اللّٰہُ عُمْرَہٗ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے طَوَی فُلَانٌ وَہُوَ مَنْشُوْرٌ "جبکہ کسی کا ذکرِ حسن اور اثرِ جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَی الْحَدِیْثَ: بات چھپانا۔ کِشحہٗ عَلَی الْاَمْرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے طَوَی کَشحَہٗ عَنِّیْ "یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وَطَوَی الْبِلَادَ: قطع مسافت کرنا۔ الْبِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا کن بنانا۔ طَوَی الرَّجُلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا

۔۔۔ السَّیْرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔

طَوِیَ (س) طَوًی وَاَطْوَی۔ بھوکا ہونا صفت طَیَّان وطَیْوَان وطَاوٍ۔ مؤنث طَیَّا وطَوِیَة و طَاوِیَة۔

تَطَوَّتِ الْحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْطَوَی۔ الْقَوْمُ عَلَیْہِ: اکٹھا ہونا (۔۔۔ و اِطْوَی) لپیٹا جانا۔

الطَّوَی۔ بھوک۔ مشک۔

الطُّوٰی والطِّوٰی۔ لپیٹی ہوئی چیز۔

الطَّوٰی۔ پیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "اَلْتَقَی فِیْ طَیِّ قَلْبِہٖ" یعنی مگر اہی اس کے دل کے ضمن میں ہے

الطَّوِیَّة۔ حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ پیٹ کی ہیئت۔ گوشہ۔ چھت۔ کہا جاتا ہے "قَضَی طَوِیَّتَہٗ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا۔ "اَقَمْتُ بِطَوِیَّاتِ الْعِرَاقِ" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَادِی۔ البَطِن: پتلے پیٹ والا۔

الطَّایَة۔ سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَایَات۔

الطَّوِیّ۔ گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الْاَطْوَاء (۔۔۔ والطَّوِیَّة) من بنا ہوا کنواں۔

الطَّوِیَّة: نیت۔ ضمیر۔

الاَطْوَاء۔ ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طَوًی

المَطْوِیّ۔ پیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِی الْحَیَّة: سانپ کی کنڈلی۔

المَطْوِیّ۔ جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ یَطِیْبُ طِیْبًا وَطَابًا وَطِیْبَةً وَتُطَیَابًا۔ لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا طَابَتِ النَّفْسُ بِکَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَیْشُہٗ خوش عیش ہونا۔ عَنِ الشَّیْءِ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا۔۔۔ الشَّیْءَ: اچھا کرنا۔ طَابَتِ الْاَرْضُ: گھاس اگانا۔

طَیَّبَ۔ الشَّیْءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَیَّبَ خَاطِرَہٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَةً الشَّیْءَ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْیَبَ اِطْیَابًا۔ الشَّیْءَ: اچھا پانا۔

طَایَبَہٗ مُطَایَبَةً: ہنسی مذاق کرنا کھیل کود کرنا۔

تَطَیَّبَ۔ خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً۔ الْقَوْمُ: شیریں پانی مانگنا۔ (۔۔۔ و اِسْتَطْیَبَ اِسْتِطْیَابًا) الشَّیْءَ: اچھا پانا۔

الطَّاب۔ لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّیب۔ خوشبو۔ ج اَطْیَاب وطُیُوب حلال۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا طِیْبُ لَکَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَة۔ شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّیْبَة۔ حلال۔ طیبۃ الخمر: صاف شراب کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِکَ بِطِیْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا

الطَّیَّاب۔ بہت زیادہ پاکیزہ۔

الاَطْیَب۔ اسم تفضیل ج اَطَایِب مؤنث طُوْبٰی ج طُوْبَیَات۔

الطُّوْبٰی۔ رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّیِّب۔ پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَیِّبَة ج طَیِّبَات وطُوْبٰی۔ کہا جاتا ہے کَلِمَةٌ طَیِّبَةٌ "پاکیزہ کلمہ۔ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو" بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الاَطَایِب والمَطَایِب۔ مِنَ الشَّیْءِ: عمدہ اشیاء شَرَابٌ مُطَیَّبٌ۔ عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاحَ یَطِیْحُ طَیْحًا۔ بمعنی طَاحَ یَطُوْحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَیَّحَہٗ۔ ہلاک کرنا۔۔۔ الشَّیْءَ: ضائع کرنا۔

اَطَاحَہٗ۔ ہلاک کرنا۔

تَطَایَحَ۔ الشَّیْءُ: بکھرنا۔

الطَّیْحَة۔ تباہی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہُمْ طَیْحَةٌ" یعنی ایسے امور پیش آئے جس نے تفریق

کرادی۔ "وَطَوَّعَتْ لَهُمْ طَيِّخَاتٌ" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ يَطِيخُ طَيْخًا۔ برے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔ —— الأمر: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهُ وَطَيَّخَهُ۔ قبیح بات میں آلودہ کرنا

طَيَّخَ أَصْحَابَهُ: گالی دینا۔

تَطَيَّخَ۔ برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّيْخَة۔ فتنہ۔ —— والطَّائِخ والطَّيَّاخ: بے برکت۔ بے وقوف۔

طَارَ يَطِيرُ طَيْرًا وَطَيَرَانًا وَطَيُورَةً

الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا —— هيئة: مشہور ہونا۔ —— الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا —— بكذا: سابق ہونا —— إلى كذا: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرَةً" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔

طَيْرَةٌ وَطَيَّرَهُ وَأَطَارَهُ إِطَارَةً وَطَايِرَةً مُطَايَرَةً۔ اڑانا۔ أَطَارَ وطَيَّرَ المال تقسیم کرنا۔ طَيَّرَ نَوْمَهُ: نیند اڑا دینا۔

إِطَارٌ وتَطَيُّرٌ۔ بالشيء ومنه: بدفالی لینا، تَطَايُر۔ متفرق ہونا —— الشيء: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِي السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

إِنْطَارٌ۔ الشيء: پھٹنا۔

إِسْتَطَارَ إِسْتِطَارَةً الشيء: متفرق ہونا منتشر ہونا —— الحائط: دیوار کا پھٹنا —— السيف: جلدی سے سونتنا۔ الطير: پرندے کو اڑانا۔

اُسْتُطِيرَ۔ خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لیجایا جانا —— الصدع في الحائط: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا —— الفرس: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِرُ فا۔ پرندہ ہر طیر اور طُيُور و أَطْيَار جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں نصیب روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَيْمُونُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرہ والا ہے "سِرْ عَلَى الطَّائِرِ الْمَيْمُونِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کیلئے دعا ہے) "هُوَ سَاكِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے

الطَّيْرُ۔ جمع طائر۔ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنے بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُ اللهِ" جیسا لَا أَمْرَ إِلَّا أَمْرُ اللهِ۔ اور طَيْرُ اللهِ لَا طَيْرَ لَكَ جیسا صَبَاحُ اللهِ لَا صَبَاحَ لَكَ۔ اور کہا جاتا ہے "كَأَنَّ عَلَى رُؤُوسِهِمُ الطَّيْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہیں اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چڑیا چھتا ہے جس سے اونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "وَأَزْجُرُ أَنَا وَطَيْرِكَ" دور کر اپنی خفت و غصہ کو۔

الطِّيَرَة الطِّيرَة۔ بدشگون جس سے لیا جائے

الطَّيْرَة والطَّيُورَة۔ طیش۔ ہلکا پن اوچھاپن۔ کہا جاتا ہے "إِيَّاكَ وطَيَرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَيْر۔ طَيْر کی تصغیر۔

الطَّيَّار۔ منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکہ تولنے کی ترازو۔

الطَّيَّار والمُطَار۔ من الخيل: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔

أَرْضٌ مُطَارٌ۔ کثرت سے پرندوں والی زمین۔

الطَّيَّارَة۔ مؤنث طَيَّار۔ ہوائی جہاز۔

المَطَار۔ اڑنے کی جگہ۔

المُطَيَّر۔ مفم۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔

المُسْتَطِير فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَجْرٌ مُسْتَطِيرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی بوڑھا پا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔

طَاسَ يَطِيسُ طَيْسًا الشيء: زیادہ ہونا

الطَّيْس۔ عدد کثیر۔ مٹی۔ وہ حشرات جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی چیونٹی۔

طَاشَ يَطِيشُ طَيْشًا۔ اوچھا ہونا عقل زائل ہونا —— السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش۔

أَطَاشَ إِطَاشَةً۔ السهم عن الغرض تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔

الطَّيَّاش۔ بمعنے طَائِش۔ جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔

الطَّيْشَان۔ سبکی۔ اوچھاپن۔

طَاعَ يَطِيعُ طَيْعًا۔ بمعنے طَاعَ يَطُوعُ طَوْعًا۔

طَافَ يَطِيفُ طَيْفًا ومَطَافًا الخيال: خواب میں خیال آنا۔

طَيَّفَ تَطْيِيفًا وأَطَافَ إِطَافَةً وتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا۔ بہت پھرنا۔

الطَّيْف۔ خیال جو خواب میں آئے غضب جن۔

الطِّيَاف۔ رات کی تاریکی۔

طَامَ يَطِيمُ طَيْمًا نیکو کار ہونا —— اللهُ فُلَانًا عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔

الطِّيمَاء۔ جبلت۔ طبیعت۔

طَانَ يَطِينُ طَيْنًا وطَيْنًا الحائط: دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللهُ عَلَى الخَيْرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔

تَطَيَّنَ گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑا ہوا ہونا۔

الطِّين والطِّينَة۔ گارا۔ مٹی اور چونا ریت چونہ ملا ہوا الطِّينَة: گارے کا ایک حصہ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّينَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لَيِّنُ الطِّينَةِ" اس کی طبیعت نرم ہے

مَكَانٌ طَائِنٌ۔ بہت گارے کی جگہ۔

الطِّيَانَة۔ گارا بنانے کا پیشہ۔

الطَّيَّان۔ گارا بنانے والا۔

ظ

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا ــــ الشَّیْءُ: بکری کا ممیانا۔

ظَاءَبَہٗ مُظَاءَبَۃً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَۃِ" یعنی دونوں مرد الف ہوئے۔

تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔

الظَّاءِبُ مع۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ بہ غُرُوبٍ وَاظُؤُبٍ۔

ظَارَ (ف) ظَأْرًا وَظِئَارًا وَاَظْأَرَ ظِئَارًا وَظَاءَرَ مُظَاءَرَۃً۔ النَّاقَۃَ وَالْمَرْأَۃَ فِی وَلَدِ غَیْرِہَا۔ مہربان کرانا۔ فَظَأَرَتْ وَاِظْأَرَتْ مہربان ہونا۔ اور صفت ظُؤُوْرٌ وَظُؤُوْرَۃٌ بہ اَظْأَرَ وَظِوَارٌ۔ ظَأَرَہٗ اِلٰی کَذَا: مہربان کرانا۔ ظَأَرَ فِی عَدْوِہٖ: حملہ کرنا۔ ظَأَرَہٗ وَظَاوَرَہٗ وَاَظْأَرَہٗ عَلٰی کَذَا: مہربان کرنا۔ ظَاءَرَہٗ عَلَی الْاَمْرِ: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَاوَرَ الرَّجُلُ: دایہ بنانا۔ ظَاوَرَتِ الْمُرْضِعَۃُ: دایہ گری کرنا۔

اَظْأَرَ۔ لِوَلَدِہٖ ظِئْرًا: لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْرُ۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی بہ اَظْؤُرٍ وَاَظْأَرَ وَظِوَارٍ وَظُؤُوْرَۃٍ وَظُؤَارٍ۔ ظِئْرُ الْقَصْرِ: ستون۔

الظِّئْرَۃُ۔ تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤْرَۃُ۔ دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَہٗ مُظَاءَمَۃً وَتِظَاءً مَا تَظَاؤُمًا ہم زلف بننا۔

الظَّامُ۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُّبَۃُ۔ تلوار وغیرہ کی دھار بہ ظُبَاتٍ وَظُبُوْنٍ وَظُبُوْنٍ وَاَظْبٍ۔

اَظْبَی الْمَکَانُ: بہت ہرنیوں والا ہونا۔

الظَّبْیُ۔ ہرن نر یا مادہ بہ ظِبَاءٍ وَاَظْبٍ وَظُبْیٍ وَظُبْیَاتٍ۔

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِہٖ دَاءُ الظَّبْیِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اسلئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَیْتُمْ فَارِضًا فِی دَارِہٖ فَظَبْیًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھیرتا اسی طرح تم بھی شک ہوتے ہی چل دو۔

الظَّبْیَۃُ۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ بہ ظِبَاءٍ وَظُبَیَاتٍ۔

الظَّبْیَۃُ وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلا۔

اَرْضٌ مَظْبَاۃٌ۔ بہت ہرن والی سرزمین

ظَرَّانٌ، مَظَرَّۃٌ۔ دھار دار پتھر توڑنا۔

النَّاقَۃُ: اونٹنی کو دھار دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا ــــ المَکَانُ: بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرُّ وَالظَّرَرُ وَالظُّرَرَۃُ۔ پتھر۔ دھار دار پتھر بہ ظُرَّانٍ وَظِرَارٍ وَظُرَارٍ وَاَظِرَّۃٍ۔

الظِّرَّانُ چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے والظُّوْرُ النِّظْرِیُّ وَالنِّظْرِیُّ" مذکورہ چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَرِنَّرٌ وَمَظَرَّۃٌ۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ النِّظْرِیُّ: رہنمائی کا نشان بہ ظِرَارٌ وَاَظِرَّۃٌ وَظِرَّانٌ۔

لِلْمَظَرَّۃِ۔ چقماق بہ مَظَارٌ۔

ظَرَبَ (س) ظَرْبًا۔ بگڑنا: چکنا۔

الظَّرِبُ۔ ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ بہ ظِرَابٍ وَاَظْرُبٍ۔

الظُّرُبُ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا

الظَّرِبَّانُ وَالظَّرِبَّاءُ۔ بلی کے برابر جانور کی رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور جو ظَرَابَیٰ و ظَرَابِیْنَ۔ کہا جاتا ہے "فَمَا بَیْنَہُمُ الظَّرِبَّانُ" یعنی ان میں نا اتفاقی ہوگئی۔

الظِّرِبِّیُ وَالظِّرِبَّاءُ۔ ظَرِبَّان کا اسم جمع۔

الْاَظْرَبُ۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللِّجَامِ: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا وَظَرَافَۃً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظریف۔ بہ ظُرَفَاءَ وَظُرَّافٍ وَظُرُفٍ وَظُرُوْفٍ وَظَرِیْفُوْنَ مؤنث ظَرِیْفَۃٌ بہ ظَرِیْفَاتٍ وَظَرَائِفَ۔ ظَرُفَ ظَرَافَۃً ترہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارِفِیْنِیْ فَظَرُفْتُہٗ"

اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا ــــ المَتَاعُ: برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ وَتَظَارَفَ۔ ظریف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا ــــ ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْفُ۔ دانائی۔ ذہانت۔ فوقیت برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ الْمَہْدِیِّ بِالظَّرْفِ" پہلا ظرف سمجھنے دانائی اور دوسرا سمجھنے برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔ اور عوام شکیزہ کے معنے میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظَّرْفُ: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز ہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَّمَانِ وَالْمَکَانِ" اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْکَ الظَّرْفِ" یعنی وہ اپنی ہی ہے "رَاَیْتُہٗ بِظَرْفِہٖ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظِّرَافُ وَالظُّرَّافُ۔ ظریف بہ ظُرَفَاءَ وَظُرَّافُوْنَ۔

الْمَظْرُوْفُ مفعول برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِلِ مَظْرُوْفَۃً"

ظَرِیَ (ع ن) ظَرْیًا۔ الماءُ: پانی کا جاری ہونا
ظَرِیَ (س) ظَرًی۔ الغلامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔
اِظْرَوْرَی اِظْرِیرَاءً۔ پیٹ پھولنا۔
الظَّارِی۔ کاٹ کھانے والا۔
الظَّرْوَرِیُّ۔ زیرک عقل مند۔ ظریف۔
ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وَظَعَنًا وَظُعُونًا وَمَظْعَنًا۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوا عَنْ دِیَارِہِمْ" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔
اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔
اِظْعَنَ۔ الہودج: ہودے میں سوار ہونا
اَلظِّعَانُ وَالظَّعُونُ وَالظِّعَامُ۔ ہودہ باندھنے کی رسی۔
اَلظَّعُونُ وَالظَّعُونَۃُ۔ بار بردار اونٹ ہودہ اٹھانے والا اونٹ ہو ظُعُنٌ۔
اَلظَّعِینَۃُ۔ ہودہ ج ظَعَائِنُ وَظُعُنٌ وَظُعُنَاتٌ۔ بیوی یا عورت جبتک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "ہٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُہٗ" یہ اس کی عورتیں ہیں۔
اَلْمِظْعَانُ۔ مِنَ الخیل والنوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
ظَفَرَہٗ (ض) ظَفْرًا۔ چہرے پر ناخن مارنا ناخن توڑنا۔
ظَفِرَ (س) ظَفَرًا وَاظْفُرَ المطلوبُ وبہ وعلیہ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُہٗ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَۃٌ اور شخص کی مَظْفُورٌ۔
ظَفَّرَہٗ۔ کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشیءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا — الثوبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا — الجلدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَہُ اللّٰہُ بِعَدُوِّہٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتحمند کرانا۔
اَظْفَرَ فُلَانًا: منہ پر ناخن مارنا۔
تَظَافَرَ القومُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اَلظِّفْرُ وَالظُّفْرُ وَالظُّفُرُ۔ ناخن ج اَظْفَارٌ ج الظفیر۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الدَّارِ ظُفُرٌ" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "وَرَأَیْتُہٗ بِظُفُرٍ" یعنی میں نے اسی کو دیکھا "وَقَلَّمَ اَظْفَارَہٗ عَنْ اَذًی النَّاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا "وَکَسَرَ اَظْفَارَہٗ فِی فُلَانٍ" یعنی غیبت کی "ظُفُرٌ" بضمتین "وَظُفُرُ الشَّرِّ وَظُفُرُ الْعُقَابِ" نباتات کی قسمیں۔
اَلظَّفَرُ وَالظَّفِرَۃُ۔ ناخنوں کی ایک بیماری) الظُّفَرَۃُ: ظافر کی جمع ہے۔
اَلظَّفِرُ وَالظَّفِیرُ وَالظَّفِیرُ۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔
اَلْاَظْفَرُ۔ لمبے چوڑے ناخن والا۔
اَلْاَظْفَارُ۔ ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثوب: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَارُ: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔
اَلْمُظَفَّرُ وَالْمِظْفَارُ۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔
ظَلَّ (س) ظَلًّا وَظُلُولًا۔ یَفْعَلُ کَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وَظَلِلْتَ" ظَلَّ ظَلَالَۃً۔ الیومُ: دن کا سایہ دار ہونا — الشیءُ: لمبا ہونا۔
ظَلَّلَہٗ۔ سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔
اَظَلَّ۔ الیومُ: دن کا سایہ دار ہونا — ہ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔ اَظَلَّ الشہرُ یعنی مہینہ آگیا۔
تَظَلَّلَ۔ بالشجرۃ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا
اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا — مِنَ الشیءِ: سایہ لینا — الکَرْمُ: انگور کی شاخ کا گتھ جانا — العیونُ: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا — الشمسُ: آفتاب کا بادلوں میں چھپ جانا۔
اَلظِّلُّ۔ سایہ ج ظِلَالٌ وَاَظْلَالٌ وَظُلُولٌ عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلُّ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی — مِنَ القَیْظِ: گرمی کی شدت — مِنَ الثوبِ: کپڑے کا رواں۔ ظِلُّ الشَّبَابِ وَالشِّتَاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عِنْدِی ظِلُّ الْمَطَرِ" وہ میرے پاس تمام دن رہا۔ اور یہ اس لئے کہ کسی کا بقا و زوال شے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔ وَمُجْنِی ظِلِّہٖ "یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے" وَاَنْشَدَ عَلٰی ظِلِّی وَانْشَدَتْ ظُلَّتِی "میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا" وَذٰلِکَ الْیَوْمُ اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الْقَنَاۃِ "یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی بہت زیادہ طویل تھا" عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے "فُلَانٌ یُجَارِی ظِلَّ رَاہِبٍ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ "ظِلُّ عَجْبٍ" اور "خَاطِفُ ظِلٍّ" ایک پرندہ کا نام ہے۔
اَلظُّلَّلُ۔ درخت کے نیچے کا پانی جس پر دھوپ نہ لگے۔
اَلظِّلَّۃُ۔ اسم مرۃ۔ اقامت۔
اَلظُّلَّۃُ۔ تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس سے گرمی دوسری میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَلٌ وظِلَالٌ۔
اَلظُّلَالُ وَالظِّلَالُ وَالظُّلَّۃُ وَالظِّلَّۃُ ہر سایہ دار۔ ظُلَالُ البحرِ: سمندر کی موجیں۔
اَلظَّلِیلُ۔ سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔
اَلظَّلِیلَۃُ۔ مؤنث ظَلِیل۔ زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔
اَلْمَظَلَّۃُ وَالْمَظَلَّۃُ۔ جس سے سایہ لیا جائے بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ہر مثال۔ عید المظال: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے گھر بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان گھروں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔
یَوْمٌ مُظِلٌّ۔ سائے والا دن۔
ظَلْظَلٌ۔ کشتیاں۔
ظَلَعَ (ف) ظَلَعًا۔ البعیرُ: اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ۔ ظَلَعَتْ بِہِمُ الْاَرْضُ: زمین تنگ ہونا۔
اَلظَّلَعُ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلٰی ظَلَعِکَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رک جاؤ "لَا یَرْبَعُ عَلٰی ظَلَعِکَ

...ض) امرک" یعنی تمہاری شان کا ...ام وہی کریگا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "ارفق علی ...لیک" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "ارفأ" کہا جاتا ہے ...ہلے اپنی حالت کو درست کر دیا اتنی ہی ...لیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب ...ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی ...دوسری کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے ...وش رہو اس لئے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا ...سر ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی ...کرتا ہے۔

الظَّلِیعُ۔ لنگڑا پن۔

الظَّالِعُ۔ فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) ...مؤنث کے لئے ظَالِعَۃ بھی بولا جاتا ہے۔ ج ظُلَّاعٌ۔ جانور کی ٹانگ میں بیماری جو ...ہی سے نہو۔

ظَلَفَہُ (ن) ظَلْفًا۔ گھر پر لگنا۔ ظَلَفَ ...عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔

ظَلَفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ القَوْمُ: قوم کے ...نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَفَ وظَالَفَ مُظَالَفَۃً ...قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الأَرْضُ: سخت ہونا ...نَفْسُہٗ فُلَانٍ: تکلیف دہ ہونا ... نفس ...جانا۔

ظَلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا ...کہ اس کی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَفَہٗ عَنْ کَذَا: دور کرنا۔ ظَلَفَ عَلٰی کَذَا ...پر کرنا۔

ظَلَّفَہٗ۔ دور کرنا۔

ظَلَفٌ وتَظَلُّفٌ۔ سخت پتھریلی زمین ...

ظُلُفٌ۔ پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوفٌ و ...ظُلُفٌ۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا عَلٰی ظِلْفِہٖ" یعنی ...اسی کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْفُ: ...وکل عیش۔ سخت زندگی۔

الظَّلْفُ۔ باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے ذَہَبَ دَمُہٗ ظَلْفًا وظَلَفًا وظُلَافًا۔ یعنی اس کا خون بیکار گیا۔

الظَّلَفُ والظَّلِفُ۔ پانی اور کپڑے بلند جگہ

رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصافِ ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلْفَۃٌ وظَلِفَۃٌ وظَلَفَۃٌ۔ سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِیفُ۔ بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُفٌ ظُلُفٌ۔

رَجُلٌ ظَلِیفُ النَّفْسِ: اخلاق رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے اَخَذَہٗ بِظَلِیفَۃٍ وبِظَلِیفٍ وبِظَلَفَۃٍ وبِظَلِیفَۃٍ۔ یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلَفُ۔ ہموار لمبا پتھر۔

الأَظْلُوفَۃُ۔ تیز پتھر والی زمین ج أَظَالِیفُ

ظَلِمَ (ض) ظُلْمًا وظَلَمًا ومَظْلِمَۃً۔ بے موقع رکھنا ــہٗ: ظلم کرنا ــہٗ حَقَّہٗ: گھٹانا۔

الأَرْضَ: بے موقع کھودنا ــ الطَّرِیقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے مَا ظَلَمَکَ أَنْ تَفْعَلَ کَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِیرَ: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور سردہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے۔ اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلَمَ (س) ظَلَامًا وأَظْلَمَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ أَظْلَمَ اللّٰہُ اللَّیْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ أَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَہٗ۔ ظلم کی طرف نسبت کرنا ــہٗ: اِلَیْکَ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلَانٌ اِلَی الحَاکِمِ مِنْ فُلَانٍ فَتَظَلَّمَ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْہُ: ظلم کی شکایت کرنا ــ حَقَّہٗ: گھٹا دینا ــ الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظُلِمَ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظْلَامٌ وانْظِلَامٌ۔ ظلم برداشت کرنا۔

الظُّلْمُ۔ برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُومٌ

الظُّلْمُ۔ بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَّلَمُ: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُومٌ۔

لَیْلٌ ظَلَمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَۃُ والظُّلَمَۃُ: تاریکی ج ظُلَمٌ وظُلُمَاتٌ وظُلْمَاتٌ وظُلَمَاتٌ۔

الظُّلَیْمُ۔ قمری مہینے کی انیسویں بیسویں اکیسویں رات۔

الظُّلَامَۃُ والمَظْلَمَۃُ۔ ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لی جائے ج مَظَالِمُ

الظَّالِمُ۔ فا۔ ج ظَالِمُونَ وظَلَمَۃٌ وظَلَامٌ۔

الظَّلَامُ والظَّلْمَاءُ۔ تاریکی۔ ابتدائی رات۔ لَیْلَۃٌ ظَلْمَاءُ: بہت تاریک رات۔ اور لَیْلٌ ظَلْمَاءُ بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظَّلَامُ۔ ظلم، بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیَّ ظَلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا

الظَّلَّامُ والظَّلِیمُ والظَّلُومُ۔ بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَّلِیمُ۔ مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظُلْمَانٌ وظُلْمَانٌ وأَظْلِمَۃٌ۔

الظَّلِیمَۃُ۔ جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مُظْلِمٌ۔ دشوار و مشکل کام۔

ظَمِئَ (س) ظَمَأً وظَمْأً وظَمَاءً وظَمَاءَۃً سخت پیاسا ہونا ــ اِلَیْہِ: مشتاق ہونا صفت مذکر ظَمِیٌّ وظَامِیٌ وظَمْآنُ اور صفت مؤنث ظَمِئَۃٌ وظَامِئَۃٌ وظَمْأَی وظَمْآنَۃٌ۔ ج ظِمَاءٌ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

ظَمَّأَہٗ وأَظْمَأَہٗ۔ پیاسا کرنا۔ دبلا کرنا۔

تَظَمَّأَ۔ پیاس پر صبر کرنا۔

الظِّمْءُ۔ پیاس ج أَظْمَاءٌ۔

الظَّمَأُ والظَّمْأُ۔ پیاس۔

المِظْمَاء - سخت پیاس والا۔
المَظْمَأ - پیاس لگانے والی جگہ۔
ظَمِیَ یَظْمَیٰ ظَمًی - گندم گوں ہونا صفت اَظْمٰی۔ مؤنث ظَمْیَاء جمع ظُمْیٌ - شفۃ ظَمْیَاء: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عین ظَمْیَاء: باریک پلکوں والی آنکھ۔ کتیبۃ ظَمْیَاء: کم خون والے مسوڑھے۔ ساق ظَمْیَاء: کم گوشت والی پنڈلی۔
الظَّمْیَاء - سیاہ اونٹنی۔
المُظْمِی - وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔
ظَنَّ (ن) ظَنًّا - جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے ظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّآ اِلَیْہِ یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔ اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے ظَنَنْتُ زَیْدًا صَادِقًا
ظَنَّہٗ وَاَظَنَّہٗ وَاِظَنَّہٗ وَاِظْطَنَّہٗ بِکَذَا تہمت لگانا۔ اَظَنَّ الشَّیْءَ: وہم میں ڈالنا۔ اَظَنَّ فِیْہِ النَّاسَ: تہمت کیلئے پیش کرنا۔
تَظَنَّنَ وَتَظَنّٰی - گمان کرنا۔
الظَّنُّ - گمان۔ اور شک ویقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ جمع ظُنُوْن جمع اَظَانِیْن (خلاف قیاس)
الظِّنَّۃ - تہمت۔ کہا جاتا ہے فِیْہِ ظِنَّۃٌ اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ جمع ظِنَنٌ وَظُنَانٌ۔
الظَّنَانَۃ - تہمت۔
الظَّنَّان وَالظَّنُوْن - بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَیْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔
الظِّنِّیْن - متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ جمع اَظِنَّاء۔
الاَظَنّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔
نَفْسٌ ظَنَاءٌ: نفسِ متہم۔

مَظَنَّۃُ الشَّیْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَظَنَّۃُ الْخَیْرِ وَفِی الْمَسَارِّ۔ مَظَنَّۃُ الْاَغْرَاضِ۔ جمع مَظَانّ۔
الظَّنْبُوْب - قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ جمع ظَنَابِیْب۔ کہا جاتا ہے قَرَعَ ظَنَابِیْبَ الْاَمْرِ یعنی آسان کر دیا۔ قَرَعَ لِہٰذَا الْاَمْرِ ظَنْبُوْبَہٗ وَسَاقَہٗ یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔
ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا - ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔
ظَهَرَہٗ ظَهْرًا - پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِالشَّیْءِ: فخر کرنا۔ الشَّیْءَ وَبِہٖ پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ الثَّوْبَ: ابرہ بنانا۔ ظَهَرَ اَوْ ظَهُرَ (ک) الْبَیْتَ: مکان پر چڑھنا۔ عَلَیْہِ: اعانت کرنا۔ بِطُلَانِ دعلیہ: غالب ہونا۔ عَلَی الْاَمْرِ: بھید پر مطلع ہونا۔ فُلَانٌ بِحَاجَتِیْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔
ظَهَرَ (ن) ظَهَارَۃً - مضبوط پیٹھ والا ہونا
ظَهِرَ (س) ظَهَرًا - پیٹھ میں شکایت ہونا صفت ظَهِر۔
اَظْهَرَ - الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ الْکِتَابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظْهَرَہٗ عَلٰی عَدُوِّہٖ دشمن پر غالب کرانا۔ ہٗ عَلَی الْاَمْرِ: بھید پر مطلع کرنا۔ بِہٖ: مرتبہ بڑھانا (۔ ظَهَرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔
ظَهَرَ وَاَظْهَرَ حَاجَتِیْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ غافل ہونا۔
ظَاهَرَہٗ مُظَاهَرَۃً وَظِهَارًا - مدد کرنا
ظَاهَرَ بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔
تَظَاهَرَ - ظاہر ہونا۔ بالشَّیْءِ: ظاہر کرنا
الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَظْهَرَ - احتیاط کرنا۔ الشَّیْءَ: بچانے کیلئے پیٹھ پیچھے کرنا۔ بِہٖ: مدد طلب کرنا۔ لَہٗ: تیاری کرنا۔ عَلَیْہِ: چڑھنا غالب ہونا
الدَّرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔
الظَّهْر - پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل جمع اَظْهُر

وَظُهُوْر وَظُهْرَان - الظَّهْر: بار برداری کا جانور۔ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے سَارُوْا فِی الظَّهْرِ یعنی کھلے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے قَرَاَہٗ عَلٰی ظَهْرِ لِسَانٍ یعنی حفظ بغیر کتاب کے۔ وَاَخَذَہٗ عَنْ ظَهْرِہٖ یعنی بغیر بدلے کے۔ وَهُوَ نَازِلٌ بَیْنَ ظَهْرَیْهِمْ وَظَهْرَانَیْهِمْ وَبَیْنَ اَظْهُرِهِمْ درمیان نازل ہوا۔ رَاَیْتُہٗ بَیْنَ ظَهْرَانَیِ الْجِبَالِ اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔ قَلَبَ لَہُ ظَهْرَ الْمِجَنِّ یعنی وہ اس کیلئے بدل گیا اور دشمنی کی قلب الامر ظہر البطن اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔ ظَهَرَ اَمْرُہٗ اس نے اسے اچانک مار ڈالا۔ جَعَلَہٗ عَلٰی ظَهْرِ بَدَنِیْ یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ لَا تَجْعَلْ حَاجَتِیْ بِظَهْرٍ یعنی میری حاجت کو بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔
الظَّهْرِیّ - اونٹ برائے ضرورت پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ جمع ظَهَارِیّ۔
الظُّهْر - دن کے آدھے ہونے کا وقت جمع اَظْهَار۔
الظُّهْرَۃ - مدد۔ کہا جاتا ہے جَعَلَ حَاجَتِیْ ظُهْرَۃً یعنی میری حاجت کو پس پشت ڈال اور بھول گیا۔
الظُّهْرَۃ وَالظُّهْرَۃ - مددگار۔ اَظْهُرُ
الظُّهْرَۃ - گھر کا سامان۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا بِظُهْرَتِہِمْ وَبِظُهْرَتِہٖ وَبِظُهْرَتِہٖ ہمارے پاس اپنی قوم کے آیا۔
الظَّهِیْر - مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔
الظَّهِیْرَۃ - مؤنث ظہیر دن کے آدھے ہونے کی حد جمع ظَهَائِر۔
الظُّهَار - تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔
الظِّهَارَۃ - کپڑے کا ابرا۔
الظَّاهِر - فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاهِرَات بیرونِ شہر۔ کہا جاتا ہے قَرَاَہٗ ظَاهِرًا یعنی

مرکب کے پڑھا۔
الظاهرة۔ مؤنث ظاہر — من العيون: بھری ہوئی آنکھ جو ظاہرات وظواہر۔
ظاهرة الرجل: کنبہ قبیلہ۔ ظاهرة الجبل: پہاڑ کی چوٹی۔ الظواہر: بلند زمینیں۔
المظهر۔ جائے ظہور۔
المظهر۔ فا۔ سواری والا۔
المظهر۔ قوی پٹھے والا۔

الظوءة۔ بے وقوفی۔
ظاءه يظوءه ويظاءه ظوءا۔ دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
ظوء۔ الرقبة وظاءها۔ گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے: "تركته بظوء رقبته او بظاءها" یعنی میں نے اس کو تنہا چھوڑ دیا۔
أظوى۔ بیوقوف۔

الظية۔ مرد اور جب مڑنا شروع ہو۔
الظى والظيان۔ شہد۔ الظيان: جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔
المظياة والمظواة من الاراضی: جنگلی چنبیلی والی زمین۔
ظياه تظييئا۔ غمگین کرنا۔
الظياة۔ بے وقوف۔

ع

عبّ (ن) عبّا۔ تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا — الماء: جانوروں کی طرح منہ لگا کر پانی پینا۔ عبّت الدلو: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا — عبابا) البحر: موج کا زیادہ اونچا اور بلند ہونا۔
تعبّب۔ النبيذ: ڈگڈگا کے پینا۔
الأعبّ۔ فقیر۔ سخت ناک والا۔
العبّ۔ مع۔ اولے۔ عبّ الشمس: آفتاب کی روشنی۔
العبّ۔ آستین کا سرا۔ ج عباب۔
العبّ۔ اچھلنے والے پانی۔
العباب۔ منہ لگا کر پانی پینا۔
العباب۔ سیلاب کا چڑھاؤ۔ عباب البحر: زور کا جانا ہو۔ "جاؤا بجابهم" سب آئے۔
العبيثة والعبية۔ نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور
العبوب: تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار گھوڑا۔ بادل۔ ج عبائب۔
عبأ (ف) عبأ وعبأة وتعبيئا: سامان کرنا — الجيش للحرب: لشکر ترتیب کرنا۔ عبأ الى فلان ولاه: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اعبأ به" مجھے اس کی پروا نہیں۔
اعبأ ما عنده: سب کچھ لے لینا۔
العبء۔ بوجھ۔ بوری۔ گٹھری ج اعباء۔

(— والعبء) مثل۔ نظیر۔ ج اعباء۔
العباء۔ چغہ۔ ج اعبدة۔
العباءة۔ چغہ۔
المعبأ۔ راستہ۔
المعبأ۔ حیض والی عورت کا چیتھڑا۔
عبث (ن) عبثا يده: ہاتھ موڑنا۔
عبث (ض) عبثا۔ الشئ بالشئ: ملانا۔
عبث (س) عبثا۔ کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا — بالدين: حقارت کرنا۔ صفت غابث وعبيث۔
عبيثة الناس: مختلف قسم کے لوگ۔
العبث۔ بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فعل ذلك عبثا" اس نے یہ کام لغو کیا۔
العبيث۔ ایک قسم کا پھول۔
العبوثران والعبيثران ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ شاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔
عبد (ن) عبادة وعبودة وعبودية ومعبدا ومعبدة۔ اللہ: ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا کہا جاتا ہے۔ "ما عبدك عني" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔
عبد (ک) عبودة وعبودية۔ باپ دادا سے غلام رہنا۔

عبد (س) عبدا وعبدة على فلان غضبناک ہونا — منه: ناک چڑھانا۔
ما قالم: انکار کرنا — على نفسه: ملامت کرنا — الرجل: نادم وپشیمان ہونا — ه: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا — على الشئ: حریص ہونا صفت عابد وعبد۔
عبدكه۔ فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عبد الطريق: راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پامال کرنا۔
الرجل: جلدی کرنا۔ بھاگنا — البعير: قطران ملنا (دیکھئے القطران) کہا جاتا ہے "عبد يعبد" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "ما عبد ان فعل كذا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔
أعبده الغلام: غلام کا مالک بنانا۔
أعبد الغلام: غلام بنانا — القوم: جمع ہونا
تعبد عبادت کے لئے علیحدہ ہونا — ه: اطاعت کیلئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔
تعبد القوم: متفرق ہونا۔
إستعبده واعتبده۔ غلام بنانا۔
العبد۔ آدمی۔ غلام۔ ج عبيد وعباد۔ وعبدة وعبدون واعبد وعبدان وعبدان۔ وعبدان واعباد ومعبدة وعبدة آ وعبدى وعبد وعبد وعبود آ وسيج اعابد ومعابد واعبدة عبد

قِنٌ وعَبْدٌ قِنٌ: خاندانی غلام۔
العُبُدِيَّةُ والعُبُودَةُ والعُبُودِيَّةُ والتَّعْبِيدَةُ۔ فرمانبرداری۔ غلامی۔ دَرَاهِمُ عُبُدِيَّةٌ: پرانے دراہم۔
العِبَادُ۔ عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لئے عِبَادِيٌّ۔
العَبَادِيدُ والعَبَابِيدُ۔ لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دُور کے راستے۔ (ان کا واحد نہیں)
العَابِدُ۔ فا۔ خادم۔ ہو عَبْدَةٌ۔ عُبَّادٌ۔ عَابِدُونَ مؤنث عَابِدَةٌ ہر عَابِدَاتٌ وعَوَابِدُ۔
العَبْدَةُ۔ قوت۔ یقار۔ موٹاپا۔ زندگانی خوشبو پیسنے کا پتھر۔ خودداری۔
المَعْبَدُ۔ عبادت گاہ۔ ہر مَعَابِدُ۔
المُتَعَبَّدُ۔ عبادت گاہ۔
المِعْبَدُ۔ کستی۔ پھاوڑا۔ ہر مَعَابِدُ۔
المُعَبَّدُ۔ مفعم۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ بیخ۔ کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اونٹ بعیر مُعَبَّدٌ: اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث۔ مُعَبَّدَةٌ۔ المُعَبَّدَةُ: قار ملی ہوئی کشتی
عَبَرَ (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا ــــ العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا ــــ الكِتَابَ چپکے چپکے غور کرنا ــــ الدَّرَاهِمَ: کیت وکیفیت دراہم کی دیکھنا (ــــ عَبْرًا وعُبُورًا) السَّبِيلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گذرنا ــــ النَّهْرَ والوَادِيَ: پار کرنا عَبَرَ بِهِ المَاءُ: گذر جانا (ــــ عَبْرًا وعِبَارَةً) الرُّؤْيَا خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
عَبْرَى (ا) عَبْرَا۔ آنسو بہانا صفت مذکر ومؤنث عَابِرٌ۔ عبرت حاصل کرنا۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيَا وَلَا يَعْبُرُهَا" اے اللہ ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کئے جلدی مرتے نہیں۔
عَبَّرَ۔ الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا ــــ عَمَّا فِي نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کرنا ــــ عَنْ كَذَا: یہ اس کے ہم معنی ہے۔
العَبْرُ مؤنث عَبْرَةٌ۔ العَبْرَانُ مؤنث عَبْرَى ہر عَبَارَى۔ آنسو بہانے والا۔
العِبْرِيُّ والعِبْرَانِيُّ: یہودی۔ یہودی کی زبان۔
العِبْرَانِيَّةُ: یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔
العَبِيرُ: ایک مرکب خوشبو کا نام۔ بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِيرٌ: بہت لوگ۔
المَعْبَرُ۔ گذرگاہ۔ گھاٹ۔
المِعْبَرُ والمِعْبَرَةُ۔ دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔
المُعْبَرُ۔ بہت بالوں یا پروں والا۔ غلام۔
مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔
العَبُوسُ۔ بکری کا بچہ ہر عَبَارٌ۔ غیر مختون لڑکا۔
العَوْبَرُ۔ چیتے کا بچہ۔ تیندوے کا بچہ۔
عَبَسَ (ض) عَبْسًا وعُبُوسًا: ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ چین بجبیں ہونا (ــــ وعَبَسَ الأَمْرُ) ترش رو ہونا۔ عَبَسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔
عَبِسَ (س) عَبَسًا البَعِيرُ: اونٹ کی دم پر مینگنی کا خشک ہونا ــــ الوَسَخُ فِي يَدِهِ وَنَحْوِهَا میل خشک ہونا۔
اِعْتَبَسَ الرَّجُلُ: میلا ہونا۔ الإِبِلُ: دم پر خشک مینگنی والا ہونا ــــ الثَّوْبُ: میل خشک ہونا۔
تَعَبَّسَ۔ ترش رو ہونا۔
العَبَسُ مع۔ اونٹ کی دم پر خشک مینگنی۔
العُبُوسُ والعَبَاسُ۔ بہت ترش رو شیر۔ يَوْمٌ عَبُوسٌ: سخت دن۔
عَبَّشَ (ن) عَبْشًا۔ الشَّيْءَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔
العَبْشُ۔ درستی۔ صلاح (ــــ العَبْشُ والعَبْشَةُ) غباوت۔ کندذہنی۔
العَبْشَةُ والعَبَشَةُ۔ غفلت۔
عَبَطَ (ض) عَبْطًا۔ الذَّبِيحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا ــــ الضَّرْعَ: تھن کو خون آلود کرنا ــــ التُّرَابَ: مٹی اڑانا ــــ الرَّجُلَ: بیت کرنا ــــ الدَّوَابُّ فُلَانًا: بلا کسی سبب کے بولنا ــــ عَبَّرَهُ بِالمَاءِ: پار کرنا ــــ الدَّرَاهِمَ دراہم کی کمیت وکیفیت دیکھنا ــــ بِهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا ــــ
اِعْتَبَرَ الشَّيْءَ: آزمانا۔ غور کرنا ــــ مِنْهُ تعجب کرنا ــــ بِهِ: نصیحت حاصل کرنا۔
الرَّجُلُ: اعتبار کرنا۔
اِسْتَعْبَرَ۔ آنسو بہانا۔ غمگین ہونا ــــ الدَّرَاهِمَ: کمیت وکیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَ الرُّؤْيَا أَوِ الدَّرَاهِمَ: تعبیر بیان کرنا دراہم کی کیفیت وکمیت پوچھنا۔ العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا
العَابِرُ فا۔ گذرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا ہو عَابِرُونَ وعُبَّارٌ وعُبَرَةٌ مؤنث عَابِرَةٌ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِيلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گذرتے ہوئے داخل ہوا۔
العَبَّارُ۔ مبالغہ عَابِرٌ۔ خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔
العَبْرُ والعِبْرُ۔ مِنَ الوَادِي: کونہ۔ کنارہ مجلس۔ عَبْرٌ وعِبْرٌ: بہت آدمیوں والی مجلس۔
بَنَاتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ أَبُو بَنَاتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔
العُبْرُ۔ ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (ــــ والعُبَرُ) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔
العَبْرُ والعِبْرُ والعُبْرُ۔ قوی مضبوط۔ (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرُ كُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جَمَلٌ عُبْرُ أَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اونٹ۔
العَبْرَةُ۔ عبر کا اسم مرۃ آنسو ہو عِبَرٌ وعَبَرَاتٌ۔ غم۔
العِبْرَةُ۔ نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال وکیفیات میں غور وفکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔
العِبَارَةُ۔ اسم ہے عبر کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے "هٰذِهِ عِبَارَةٌ

مصیبت پہنچنا — الکذب: بلا کسی عذر کے جھوٹ کھڑنا — بزمۃ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عبقت الریح وجہ الارض: سطح زمین کا صاف کر دینا — الشیء: پھٹ جانا۔

العبطۃ: الموت: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔

اعبط: الذبیحۃ: موٹا تازہ ذبح کرنا — الموت: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا — الرجل: ظلماً قتل کرنا — العرض: گالی دینا بے آبرو کرنا — الرجل: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا

العبط: سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مات عبطۃ: یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا

العبیط: تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور

عبیط وعباط۔ ادیم عبیط: پھٹا ہوا چمڑا۔ دم عبیط: تازہ خون۔

الاعتباط: مصدر اعتبط۔ الحذف الاعتباطی عند النحاۃ: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو

العوبط: مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو ہ عوابط۔

عبعب۔ الجیش: لشکر کا شکست کھانا۔

تعبعب۔ الشیء: پورے کو ہلاک و برباد کر دینا۔

العبعب۔ کشادہ کپڑا۔ اونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (— والعبعاب) بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔

عبق (س) عبقاً وعباقۃ وعباقیۃ الطیب بہ: خوشبو لگنا — المکان بالطیب۔ جگہ کا خوشبو سے بھر کر اٹھنا — فلان بالشیء حریص ہونا — بالمکان: اقامت کرنا۔

عبق زید الطیب: خوشبو پھیلانا۔

العبقۃ۔ گھی وغیرہ کا بقیہ۔

العبق۔ خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو لگے۔ کہا جاتا ہے رجل عبق لبق۔ یعنی ظریف مرد۔

العباقیۃ۔ نقش۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔

عبقر عبقرۃ السراب: سراب کا چمکنا۔

عبقر۔ نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔

العبقری۔ عبقر کی طرف منسوب۔ سردار ہر چیز سے فائق۔ عجیب انگیز چیز۔ مؤنث عبقریۃ (— والعباقری) ایک قسم کا نفیس فرش۔

عبك (ن) عبکاً۔ الشیء بالشیء: ملانا۔

العبکۃ۔ ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسی کی گانٹھ کہتے ہیں۔ بئس الحبل وبئس العبکۃ یعنی رسی بل جائے اور بل نہ جائے۔

عبل (ض) عبلاً۔ الشجرۃ: درخت سے پتے گرانا — الحبل: رسی بٹنا — الشیء: کاٹنا ردکرنا۔ روکنا — بہ: لے جانا — الشجر: پتے نکلنا۔

عبل (س) عبلاً وعبل (ک) عبولاً وعبالۃ: موٹا ہونا۔ صفت عبل وعبل ہ عبال وعابل ہ عبل۔ مؤنث عبلۃ ہ عبلات وعبال۔

اعبل۔ موٹا ہونا۔ سفید ہونا — الشجر: درخت کا پتیوں والا ہونا۔

العبل۔ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے ہ اعبال۔

العبیل۔ موٹا۔ مؤنث عبیلۃ۔

الاعبل۔ سخت قسم کا پتھر جو سفید۔ سرخ کالا ہوتا ہے ہ اعبلۃ۔

العبال۔ جنگلی گلاب۔

العبلاء۔ چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان ہ عبال۔

المعبلۃ۔ تیر کا لمبا چوڑا پھل ہ معابل۔

العبول۔ موت۔

عبم (ک) عباماً وعبامۃ۔ بیوقوف ہونا

ماء عباماً: بہت پانی۔

العباماء۔ بے وقوف۔

عبن (ن) عبناً۔ موٹا اور گھر دار ہونا۔ صفت عبن وعبنی۔ مؤنث عبناء ہ عبنیات۔

العبهر: نرگس۔ چنبیلی (— والنباہر) بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔

عبهله۔ عتاب کرنا۔ عبهل الابل: اونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔

العباهل من الابل: آزاد چھوٹے ہوئے اونٹ۔

العباهلۃ۔ یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے تھے۔ واحد عبہل۔

عبا یعبو عبوا۔ چہرے کا دمک اٹھنا — المتاع: تیار کرنا۔

جاریۃ عباۃ۔ خوب صورت لڑکی۔

عبی تعبیۃ۔ الجیش۔ لشکر کو ترتیب دینا

تعبی۔ تیار ہونا۔

العبی۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے اذا عبیک من الجزور۔ ذبح کئے ہوئے (اونٹ یا بحری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔

رجل عباء وعباء۔ بھاری جسم والا اکھڑ۔

العبایۃ۔ چغہ ہ عبایات وعبی۔

عتّ (ن) عتاً بالمسألۃ: سوال کرنے میں اصرار کرنا — ہ بالکلام: جھڑکی دینا۔

عاتّہ۔ جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔

تعتّت فی کلامہ: بار بار کلام کو دہرانا۔

العتت۔ کلام وغیرہ میں سختی۔

عتب (ن ض) عتباً وعتباناً ومعتباً و معتبۃ ومعتبۃ۔ علیہ: کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

(— عتباً وعتاباً وعتبی) فلاناً: ملامت کرنا (— عتباً و عتباناً وتعتاباً) ایک پاؤں پر کود نا — البعیر: تین ٹانگوں پر چلنا (— عتبانا) البرق: بجلی کا بار بار چمکنا — من مکان الی مکان ومن قول الی قول: ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔

عتب۔ الرجل: دیر کرنا — الباب: دروازے

کی دہلیز بنانا۔ عَاتَبَہٗ عِتَابًا وَمُعَاتَبَۃً عَلٰی کَذَا: ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔
اَعْتَبَہٗ: سبب ناراضی و ملامت کو دور کرنا رضامند کرنا۔ اَعْتَبَ عَنْہُ: پھر جانا۔
تَعَتَّبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یَتَعَتَّبُ بِشَیْءٍ وَلَا یَتَعَتَّبُ عَلَیْہِ فِی شَیْءٍ یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتُّبُ بَابِ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو بھلا گھنا کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔
تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا
اِعْتَتَبَ۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِیْقَ آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا ــــ رَمْیَہٗ وغیرہ: پھر جانا۔
اِسْتَعْتَبَہٗ۔ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَعْتَبْتُہٗ فَاَعْتَبَنِیْ اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اور اسی سے ہے مَا بَعْدَ المَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔
العَتَبُ۔ لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے بِرِجْلِہٖ عَتَبٌ اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔
العِتَبُ۔ بہت عتاب کرنے والا۔
العَتَبُ۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان فساد۔
العَتَبُ والعَتَبَۃ۔ مکروہ امر۔ شدت سخت زمین
عَرَضَ (ض) وعَرُضَ (ک) عَرْضًا ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا العُوْدَ عَلَی الاِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عَرِضَ۔ مجنوں ہونا۔

عَرِضَ (ن) عَرَضًا۔ مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا — الکِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عَرَضًا وعُرُوْضَۃً۔ چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْض وعُرَاض۔

عَرَّضَ وَلَدَہٗ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا — الشَّیْءَ: چوڑا کرنا — المَتَاعَ: سامان کو دراہم و دنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا — الکَاتِبَ: مہر لکھنا — الشَّیْءَ لِلشَّیْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتُ مَالَکَ لِلْہَلَاکِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کیلئے پیش کر دیا — ہ مِنْ مَالِہٖ بِکَذَا: بڑا دینا — فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

اَعْرَضَ عَنْہُ: روگردانی کرنا — الشَّیْءَ: چوڑا کرنا — المَسْاَلَۃَ: لمبا چوڑا سوال کرنا

العِرْضَام والعُرَاهِم: شیر۔

العُرْضُوْم: بخیل۔

فِی المَکَارِم: بہت فیاض ہونا

الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ عَرَضَتْہُ فَاعْتَرَضَ یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔

الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَکَ الخَیْرَ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے "وَاَعْرَضَ لَکَ الظَّبْیُ فَارْمِہٖ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَہٗ مُعَارَضَۃً وعِرَاضًا: پھر جانا یکسو ہونا۔ عَارَضَ الکِتَابَ بِالکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا — الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا — ہ فِی المَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَہٗ فَعَرَضَہٗ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الاَمْرُ لِلاَمْرِ وَاِلَی الاَمْرِ: درپے ہونا طلب کرنا — الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ۔ چوڑائی میں ہونا — لَہٗ: منع کرنا — البَعِیْرُ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا — — لَہٗ بِسَہْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا — عِرْضَہٗ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا — دُوْنَ الشَّیْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا — القَائِدُ الجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا — عَلَیْہِ مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا — الشَّیْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَہٗ فَاعْتَرَضَ" اس نے اس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ۔ چوڑی چیز طلب کرنا — الشَّیْءَ: پیش کرنے کو کہنا — ہ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ — القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ اِسْتَعْرَضَ یَعْطِی مَنْ اَقْبَلَ وَاَدْبَرَ یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِستَعرِضِ العَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرض۔ اسباب۔ سامان۔ ہر عُرُوض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر چوڑائی۔ دست جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل ——— مِنَ اللَّیلِ: رات کا ایک حصہ ہر عُرُوض و اَعراض و اَعراض۔ جزا سزا کا دن۔

العَرض۔ التجا۔ گذارش۔ کہا جاتا ہے۔ الشَّیءُ عَرَضٌ عَینِی: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے اِشتَرَیتُ المَتَاعَ بِالعَرض "سامان کو سامان سے خریدا۔ وعَرَضُ الحَالِ عِندَ الکِتَابِ: حاکم کے پاس شکایت کے لئے یا کسی فائدہ کے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لئے عُرُوضُ الاَحوَالِ بولا جاتا ہے اَعرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

العِرض۔ اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر وعزت ہر اَعرَاض۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نَقِیُّ العِرضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے "دُوَدُو العِرضِ مِنَ القَومِ" یعنی قوم کے اشراف و "ھُوَ عَرِیبُ العِرضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔

العِرض نفس۔ کہا جاتا ہے "اَکرَمتُ عِرضِی" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم جسم کی بو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ہر عُرضَان۔ بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العَرضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرض۔ جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ۔ ——— مِنَ البَحرِ اَو النَّھرِ: سمندر یا دریا کا وسط ——— مِنَ الحَدِیثِ: بہتر و بڑی بات مِنَ السَّیفِ اَو النَّصلِ: تلوار یا پھلے کی ایک جانب۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیہِ عَن عُرضٍ وکَلمَۃٌ عَن عُرضٍ: گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر کہی۔ وخَرَجُوا یَعتَرِضُونَ النَّاسَ عَن عُرضٍ: یعنی بکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضرِب بِہٖ عُرضَ الحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وہو من اَعراضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض۔ متاع۔ سامان۔ عارضہ غیر ذاتی چیز۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الاَمرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ نفیت ——— مِن کُلِّ شَیءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کیساتھ قائم ہو ہر اَعراض۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے کیا۔

العِرضَۃ۔ پیش کرنے کی نوعیت العُرض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرضَۃ۔ ہمت۔ کشتی لڑنے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عُرضَۃٌ لِکَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "ھُوَ عُرضَۃٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "ھُوَ عُرضَۃٌ لِلکَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے "وَجَعَلَتہُ عُرضَۃً" میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

العُرضِی۔ جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الاِبِلِ۔ سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العَرَاض۔ جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ اونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عَرَاضُ الحَدِیثِ: بڑی اور بہتر بات ہر عَرِض۔

العُرَاض والعُرُض۔ چوڑا۔

العُرَاضَۃ۔ عُراض کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العَرِیض۔ وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

العَرُوض۔ اشعار کا وزن۔ مصرع اولیٰ کا جزء اخیر۔ سرکش اونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو ہر اَعارِیض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات۔ گوشہ۔ دامن کوہ میں راستہ۔ بادل بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ ——— مِنَ الکَلَامِ مضمون۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہِ المَسَاَلَۃُ عَرُوضُ ھٰذِہِ" یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

العَرُوضِی۔ علم عروض کا جاننے والا۔

العَارِض۔ فا۔ رخسارہ۔ بادل۔ پہاڑ عارضی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَارِضٌ" یعنی مانع نے روک دیا۔

العَارِضَۃ۔ مؤنث العارض۔ دانت یا منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں۔ پیش آنے والی چیز۔ دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت ہر عَوَارِض۔ اعارض مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوں ہوں العَارِضَۃ: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُو عَارِضَۃٍ" فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور صحیح ہے

العَرِیض۔ چوڑا۔ ہر عِراض۔ دعا عریض بہت زیادہ دعا "ھُوَ عَرِیضُ البَطنِ" یعنی وہ مالدار اور غنی ہے۔ العَرِیض: جھی ہجرا۔

العَرِیضَۃ۔ مؤنث العریض۔ کیفیت اور پیش کرنا۔

التَّعرِیض فِی الکَلَامِ: دوسری پر ڈھالکے بات کہنا۔

المِعرَاض۔ توریہ کرنا ——— مِنَ الکَلَامِ: مضمون۔ بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو مَعَارِیض۔

المَعرِض۔ پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ذُکِرَتہُ فِی مَعرِضِ کَذَا"

المِعرَض۔ دلہن کی شب عروسی کا پہلا۔ ——— الکَلَامِ المُعَرَّض۔ مبہم کلام ہر مَعَارِض و مَعَارِیض۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی المَعَارِیضِ لَمَندُوحَۃً عَنِ الکَذِبِ" تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

المَعرُوض۔ حکام کے سامنے پیش کرنے

کا عرض۔
عَرَّطَ (ن) عَرْطًا و اِعْتَرَطَ عِرْضَ فلان: عیب کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ: دور چلا جانا۔ عَرِیْطٌ و اُمُّ عَرِیْطٍ و اُمُّ الْعَرِیْطِ: بچھو۔ العُرْطُنِیَّۃُ۔ ایک درخت کی جڑ جس کا نام بکور مریم ہے۔
عَرْعَرَ۔ العَارُوْرَۃُ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا۔ العَیْنَ: آنکھ پھوڑ دینا
العَرْعَرُ۔ سرو کے مانند ایک درخت
واحد عَرْعَرَۃٌ۔
العُرْعُرُ۔ بدخلق۔ کہا جاتا ہے رَکِبَ عُرْعُرَہٗ: جی بدخلق ہوا۔ دونوں ٹھنوں کے بیچ کا حصہ پیٹ۔
العُرْعُرَۃُ والعَرْعَرَۃُ۔ شیشی بوتل کی ڈاٹ
عُرْعُرَۃُ اَجْبَلَ: پہاڑ کی چوٹی ہے عَرَاعِرَ۔
العُرَاعِرُ۔ شریف۔ سردار ——— مِنَ الْاِبِلِ: موٹا اونٹ ہے عَرَاعِرَ۔ العَرَاعِرُ: کوہان کے کنارے۔
العَارُوْرَۃُ۔ منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے ایمان کا اونٹ۔
عَرَفَ (ض) عَرْفَۃً و عُرْفَانًا و عِرْفَانًا و مَعْرِفَۃً الشَّیْءَ: پہچاننا۔ جاننا ——— بِذَنْبِہٖ: اقرار کرنا ——— ہٗ: برداشت کرنا ——— لِلْاَمْرِ: صبر کرنا۔
عَرَفَ (ن) عِرَافَۃً۔ عَلَی الْقَوْمِ: چودھری بنا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (——— عَرْفًا) الْفَرَسَ: گھوڑے کا ایال کاٹنا۔
عَرُفَ (ک) عَرَافَۃً۔ چودھری ہونا (——— فَاْدَۃً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا
عَرِفَ (س) عَرَفًا۔ خوشبو ترک کر دینا۔
عَرَفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔
صفت معروف۔
عَرَّفَ۔ الشَّیْءَ: خوشبودار کرنا۔ عَرَّفَہُ الْاَمْرَ: خبر کر دینا۔ عَرَّفَہٗ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ ضَالَّتَہٗ: گمشدہ کو ڈھونڈنا ——— الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا ——— الْاِثْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا ——— الْحُجَّاجَ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا ——— وَاَعْرَفَ) فلانًا: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا وَاَعْرَفَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ الْاِثْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا ——— الشَّیْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا ——— الضَّالَّۃَ: گمشدہ کو تلاش کرنا ——— بِفُلَانٍ: آشنا ہونا ——— اِلَیْہِ: واقف کرنا۔
تَعَارَفَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ۔ بِالشَّیْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا ——— الشَّیْءَ: پہچاننا ——— بِہٖ: رہنمائی کرنا ——— الرَّجُلُ: دریافت کرنا ——— اِلَیْہِ: نام اور حال کی اطلاع دینا ——— لِلْاَمْرِ: صبر کرنا ——— الضَّالَّۃَ: گمشدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لئے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ۔ الشَّیْءَ: پہچاننا ——— اِلٰی فُلَانٍ: واقفیت کے لئے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ۔ لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ ——— الْفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا ——— الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا ——— النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا ——— الدَّمُ: خون کا بھاگ والا ہونا ——— الرَّاکِبُ الْفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا ——— الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔
العَرْف۔ بو۔ اکثر خوشبو کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْیَبَ عَرْفَہٗ" اسکی خوشبو کیسی اچھی ہے۔
العُرْف۔ جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیَّ اَلْفُ عُرْفًا" اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔
ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
العُرْف۔ موج۔ اونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ الْقَوْمُ عُرْفًا یعنی قوم آگے پیچھے آئی ج عُرُوْف و اَعْرَاف۔ العُرْف: اصطلاح تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاح لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاح شرعی۔
العُرْف والعِرْف۔ صبر۔
العُرْف۔ ایال۔ ریت کی اونچی جگہ۔
العُرْفَۃ۔ ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (——— والجرفۃ) دریافت۔ سوال۔
العُرْفَۃ۔ دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اونچی جگہ۔ ج عُرَف۔
عَرَفَۃ۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَات۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لئے نویں تاریخ ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لئے عَرَفِیّ۔
العِرَافَۃ: نجومی کا پیشہ۔
العَرَّاف۔ نجومی۔ طبیب۔
العِرِفَّان مم۔ معروف۔
العِرِفَّان والعُرُفَّان۔ اقرار کرنے والا بتانے والا۔
الاِعْتِرَاف مم۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔
العَارِف۔ فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔
العَارِفَۃ۔ مؤنث عارف۔ معروف۔ علیہ ج عَوَارِف۔
العَرُوْف۔ بمعنے عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج عُرُف۔
العَرُوْفَۃ۔ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیْف۔ جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنیوالا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے عَرِیْفُ الْمَکَاتِبِ" اسکول کا مانیٹر۔ ج عُرَفَاء۔ اَمْرٌ عَرِیْفٌ: امر معروف
الْاَعْرَف۔ اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا بَرْنٌ اَعْرَف۔ بلند جگہ۔
العَرْفَاء۔ مؤنث الاعرف۔ بجو۔ قلۃ۔ عَرْفَاء۔

بلند جوئی ہو عُرف۔
الأعراف۔ دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔ اَعراف الریاح والسحاب: ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل اَعراف الحجاب او الرمل: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔ الاعراف: قرآن پاک کی ایک سورت کا نام۔
المعرفۃ۔ حقیقت کو پالینا۔
المعرف والمعرف۔ چہرہ۔ چہرے کے محاسن ہو معارف۔ کہا جاتا ہے "ہُم غرُّ المعارف" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المعارف: علوم۔ معارف الرجل: شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "ہُو من المعارف" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔
المعرفۃ۔ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ ہو معارف
المعروف۔ نفع مشہور۔ خیر۔ رزق۔
احسان ارضٌ معروفۃ: اچھی بودار زمین۔
العرفج۔ ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے ہو عرافج۔ العرافج: ریت جس میں راستہ نہ ہو۔
عَرَقَ (ن) عَرْقًا ومَعْرَقًا۔ العظم: ہڈی پر سے سارا گوشت کھا لینا۔ کہا جاتا ہے "عرقتہ الحوادث" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا۔ الطریق: قطع مسافت کرنا۔ عَرَقًا وعُرُوقًا فی الارض: سفر کرنا۔
عَرِقَ عَرَقًا۔ دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا
عَرِقَ (س) عَرَقًا۔ پسینہ آنا۔ صفت عُرْقان۔ الحائط: دیوار کا تر ہونا۔ الرجل: کاہل ہونا۔
عَرَّقَ۔ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشجر: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخمر: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الاناء: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرجل: عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔
اِعْتَرَقَ۔ الشجر: لمبی جڑ والا ہونا۔ العظم ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھا لینا۔ القوم: عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تعرقتہ الحوادث" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔
اِسْتَعْرَقَ۔ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا۔ الشجر: لمبی جڑ والا ہونا۔
العَرَق۔ ہڈی جس پر سے گوشت اتار لیا گیا ہو ہو عُراق وعُرَاق۔
العِرْق۔ ہر چیز کا اصل۔ من البدن: رگ بدن۔ دشوار گذار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری ہو عُرُوق و اَعْراق وعِراق۔ واُو عِرق النساء: وجع مفصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہو اور گھٹنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔
العَرَق مع پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھینچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیواریں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "نمناک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے۔ جری الفرس عَرَقًا وعَرَقَيْن: گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا۔ من التمر: کھجور کا رس۔ عرق الخلال: دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لقيت منه عَرَق القربة" و "جشمت اليك عَرَق القربة" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی جیسے کہ مشک کا اٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے
العَرَقِيَّة۔ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔
العُرَق والعُرَقَة۔ بہت پسینہ والا۔
العَرْقَة۔ اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔
العَرْقَلة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ہو عرق وعرقات۔
العُرْقاة والعِرْقاة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔
العُرْقاة والعَرْقَوة۔ ڈول کے منہ کی لکڑی ہو العَراقی۔
العَرِقَة۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ وہی خیر کے اردگرد کا پھندنا ہو عَرَق وعَرَقات
العَرِيق والمِعْرَق۔ خاندانی شرافت یا کمال غُلامٌ عَرِيقٌ: دبلا لڑکا (ـــ والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "ہُو اَعْرَق مِنْك فی کذا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے
العِراق۔ طول میں سمندر کا کنارہ۔ پرکاہوں ـــ من الدار: گھر کا صحن ـــ من الفرس: ناخن کے گرداگرد گوشت ـــ من الاذن: کان کا گھیرا من النهر: ندی کا کنارہ ہو اَعِرَّة۔ وعُرُق وعُرُق والعِراق: ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔
العِراقان: کوفہ وبصرہ۔
العُراق۔ ہڈی جس کا گوشت کھا لیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُراق الغيث: بارش کے بعد کی ہلکی
العُراقة۔ کثیر بارش۔
العَوارِق۔ داڑھیں۔
المِعْرَق۔ چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اتارا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مُعَرَّقٌ ومَعْرُوقُ العِظام: دبلا۔
عَرْقَبَ۔ الرجلُ: حیلہ کرنا ـــ الدابة: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنیکے لئے کونچیں اٹھانا
تَعَرْقَبَ۔ حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا (دیکھو لفظ عُرْقُوب) ـــ عن الامر: بازرہنا۔ پرتنگ راستوں میں چلنا ـــ لخصمه: دشمن کے لئے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔
العُرْقُوب۔ کوہ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ ہو عَرَاقِيب
عَرَاقِيبُ الأُمُورِ: مشکل کام۔ عُرْقُوب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا
عَرْقَصَ الغلامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحيةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ۔ توسط سے ہٹ جانا۔ الامر: دشوار کرنا۔ علیہ الکلام: ٹیڑھا کرنا۔
تعرقل الامر: پیچیدہ ہونا۔ الکلام: ٹیڑھا ہونا۔
العِرقال۔ گمراہ۔ کج رو۔
العِرقیل۔ انڈے کی زردی۔
العَراقیل۔ مصیبتیں۔ عَراقیل الامور: دشوار امور۔
العَرقلی۔ نازو تبختر کی چال۔
عَرَكَ (ن) عَرْكًا۔ الادیم: چمڑے کو ملنا۔ الدہر: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا۔ الشیء: رگڑ رگڑ کے مٹا دینا۔ الماشیۃ النبات: جانوروں کا ساری نباتات کو کھا جانا۔ الماشیۃ الارض: چارے سے خالی کر دینا۔ عَرْکٌ وعِرَاکٌ وعُرُوکٌ (المرأۃ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الاذیٰ بجنبہ" یعنی اس نے مشقت اٹھائی۔
عَرِكَ (س) عَرَكًا۔ سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِک۔
عَارَكَہ مُعَارَكَۃً وعِرَاکًا۔ مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَرَدَ اِبِلَہٗ عِرَاکًا" یعنی سارے اونٹوں کو پانی پر لایا۔
تَعَرَّكَ الشیء: ملا جانا۔
تَعَارَكَ الرجلان: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِعْتَرَكُوا۔ آپس میں جنگ کرنا۔ اِعْتَرَكَ النَّاسُ فی المعرکۃ او الخصومۃ: لوگوں کا میدان جنگ میں قتل و قتال کیلئے پل پڑنا۔
اِعْتَرَكَ البعیر: اونٹوں کا گھاٹ پر اترنے میں جھگڑنا۔ الرجال فی الحرب: ایک دوسرے کو گرانا۔
العَرْك والعَرِيك۔ آواز۔
العَرِيكۃ۔ مچھلی کا شکاری۔ جو عَرَک۔
العَرِكۃ۔ بار بار۔ کہا جاتا ہے "لقیتہ عَرِكَۃً"

عَرَكَات۔
العَرُوكۃ۔ مشقت برداشت کرنے والا۔
العَرِيكۃ۔ کوہان۔ نفس۔ طبیعت عادت۔ کہا جاتا ہے "فلان لین العریکۃ" یعنی نرم خو ہے۔ "ھو شدید العریکۃ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ جو عَرَائِک۔
المعرک والمعرکۃ والمعرکۃ۔ میدان جنگ جو مَعَارِک۔
المعترک۔ میدان جنگ۔ مُعْتَرَكُ المنایا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان
المعارک فا۔ جنگجو۔ سخت حملہ آور۔
المعروک مفعم تا مَعْرُوک: جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض معروکۃ: جس زمین کو جانوروں نے چر کے صاف کر دیا ہو۔ رَمْلٌ مَعْرُوکٌ وعَرِيكٌ: جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں دھنسی۔
عَرْكَس۔ الشیء: تہ بتہ ہونا۔ الشیء: تہ بتہ کرنا
اِعْرَنْكَسَ۔ جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا۔ الشعر: بالوں کا سخت کالا ہونا۔
عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا۔ العظم: ہڈی سے گوشت اتار لینا۔ الصبی امہ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔ الابل الشجر: اونٹ کا درخت سے پتے کھانا۔ فلانا: تکلیف پہنچانا۔
عَرِمَ (ن ض) عُرَامًا وعَرَامًا (س) وعُرُومَ (ک) عَرَامَۃً۔ شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بدخلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ وعَرِمٌ۔
عَرَّمَ الشیء: خلط ملط کرنا۔
اَعْرَمَ۔ ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔
تَعَرَّمَ۔ العظم: ہڈی سے گوشت اتار لینا۔ علینا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
اِعْتَرَمَ۔ الفرس: گھوڑے کا دور دور قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا۔ الصبی ثدی امہ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
العَارِم۔ فا۔ بدخلق۔ موذی جو عَرِمَۃٌ مؤنث عَارِمَۃٌ جو عَوَارِم وعَارِمَات۔ یَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔
العَرَم۔ چکنا ہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔
العَرَم والعُرْمَۃ۔ سیاہی سپیدی ملی ہوئی چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو عَرَماء اور برے کو اَعْرَم کہتے ہیں (۔ والعَرَمَۃ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنے کے بعد بھوسہ نکالنے کیلئے جمع کیا جائے
العَرِمَۃ: کھانے کی بو۔ العَرِم: ہانڈی کا میل۔
العَرِمَۃ۔ پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ جو عَرِم اور یا عَرِم کا لفظ جمع ہے بغیر واحد کے العَرِم نر چوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے
المَعْرَم۔ تطایر یعنی سنگخوار پرندے کا انڈا۔
العَرَام۔ من الجیش: فوج کی تیزی و کثرت
۔ من الرجل: بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بہ شرۃ و عُرَام": اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔ ہانڈی کا میل
العَرِيم۔ مصیبت جو عُرْمَان۔
الاَعْرَم۔ رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑ یا بکری کا روڑ۔ غیر منحوس جو عُرْمَان جو عَرَاہین۔
العَرْمَاء۔ مؤنث۔ اَعْرَم: چتی دار سانپ۔
العَرْمَرَم۔ سخت۔ بے شمار لشکر۔
العَرْمِس۔ چٹان۔ مضبوط اونٹنی۔
العَرْمَض والعِرْمَاض۔ کائی۔
عرن (ن ض) عَرْنًا الشعر: بالوں کو ترتیب سے رکھنا۔ علی الشیء: کسی چیز کا عادی ہونا۔ البعیر: اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
عَرِنَ (س) عَرَنًا۔ الدابۃ: عُرْنَہ کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَہ) صفت مذکر عَرِن اور صفت مؤنث عَرُون وعَرِنَۃ (۔ عَرَانًا) الدار: گھر کا دور ہونا۔
عَرَّنَ الرمح: نیزے میں منع لگانا۔
اَعْرَنَ۔ الرجل: ہمیشہ گوشت کھانا۔
العَرَن۔ م پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔
العَرَن والعِرَان والعُرْنَۃ۔ ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گر جاتے ہیں۔ یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان - لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بچو کا بھٹ۔ نیزے کی نیخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العِرْبِن - گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت ہو عُرُن۔ د۔ والعَرِیْنَۃ: شیر بجو بھیڑیے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرْنِین - ناک۔ ناک کا سخت حصہ سردار ۔۔۔ مِن کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ہو عَرَانِین

العِرْنَاس - پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر جیسا ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام عُرنوس کہتے ہیں ہو عَرَانِیس۔

عَرَا یَعْرُو وَعَرَّ وَا۔ فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعل عار اور صفت مفعول مَعْرُوّ ۔۔۔ القَمِیْصَ: کرتے میں کاج بنانا (۔۔۔ وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا صفت عَارٍ ہو عُرَاۃٌ۔ اور مَعْرُوٌّ۔ وعُرِیَ الرَّجُلُ: خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرَی وعَرَّی القَمِیْصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرَی صَاحِبَہٗ: چھوڑ دینا۔

اِعْتَرَی اِعْتِرَاءً۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاہُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔

العُرْو۔ گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے لوگوں کی جماعت ہو اَعْرَاء۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوٌ مِنْ کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وَہُمْ اَعْرَاءُ مِنَ النَّاسِ" انکے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاء - بخار کی سردی۔

العُرْوَۃ مِنَ الدِّبْرِیْق وَنَحْوِہٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَۃ والعُرْوِی والعِرْوِی: کاج۔

العُرْوَۃ - گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَۃٌ مِمَّنْہ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقَی اِلَیْہِ العُرْوَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعْرَی عُرْیَۃً وعُرْیًا مِنْ شَیْءٍ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ہو عُرَاۃ۔ صفت مؤنث عَارِیَۃٌ وعُرْیَانَۃٌ ہو عُرَاۃٌ وعَارِیَات۔

عَرِیَ مِنَ العَیْبِ وغَیْرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (۔۔۔ عُرِیٌّ) اللَّیْلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاہُ یَعْرُوہُ عَرْوًا۔ الاَمْرُ: پیش آنا۔

عَرَی یَعْرِی عَرْیَۃً الرَّجُلَ الثَّوْبَ وَمِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا ۔۔۔ ہُ مِنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا۔ ۔۔۔ الرَّجُلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا ۔۔۔ الشَّیْءَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاہُ بِعُرْیَۃٍ وَثِیْقَۃٍ" "مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرَی اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ وَمِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا ۔۔۔ فُلَانًا النَّخْلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لئے پھل ہبہ کرنا ۔۔۔ فُلَانًا صَدِیْقَہٗ: دور ہونا اور مدد نہ کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرَّی تَعَرِّیًا مِنْ شَیْءٍ: کپڑے اتار لینا ننگا ہونا۔

اِعْتَرَوْرَی اِعْتِرْوَارًا۔ تنہا سفر کرنا ۔۔۔ الفَرَسُ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا ۔۔۔ اَمْرًا قَبِیْحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرَا - گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاء - کھلا میدان۔ ہو اَعْرَاء۔

العَرَاۃ - میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ - ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا ہو اَعْرَاء۔

الاَعْرَاء - آزاد والا پردا لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔

العُرْیَۃ والعِرْیَۃ - ننگاپن۔

العَارِیَۃ - ادھار لی ہوئی چیز۔

العُرْیَان - ننگا۔ عُرْیَانُ الیَدِ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

العَرِیّ - ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃ - ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دیدیا ہو۔ ہو عَرَایَا۔ کہا جاتا ہے "نَخْلُہُمْ عَرَایَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دیدیے ہیں۔

المَعْرَی والمَعْرَاۃ - ننگاپن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ چہرہ وغیرہ ہو مَعَارٍ۔ المَعَارِی: بنجر مقامات۔ بچھونے

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً۔ عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا ۔۔۔ الشَّیْءُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا ۔۔۔ المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیَّ عَزًّا۔ کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّزَہٗ (ن) عَزًّا۔ قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرانا۔

عَزَّزَہٗ۔ مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَازَّہٗ مُعَازَّۃً۔ حصول عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔

اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا۔ عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ البَقَرَۃُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعَزَّتْ بِمَا اَصَابَکَ" جو کچھ تم پر گذرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

اِعْتَزَّ۔ قوی ہونا ۔۔۔ بِہٖ: اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا ۔۔۔ عَلٰی فُلَانٍ: بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔

تَعَزَّزَ۔ قوی ہونا ۔۔۔ بِہٖ: فخر کرنا ۔۔۔ لُغَۃٌ: سخت اور ٹھوس ہونا۔

اِسْتَعَزَّ۔ عَلَیْہِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ ۔۔۔ اَلدَّہْرُ بِفُلَانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعَزَّ بِکَفِّیْ" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "وَاسْتَعَزَّ بِعَلِیْلٍ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔

العِزّۃ۔ عزت۔ سخت بارش۔
العَزُوز۔ قوی۔ کہا جاتا ہے ہِیَ یَرِیمُ عَزُوزًا اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
العَزَّۃ۔ ہرن کا مادہ بچہ۔
العِزّۃ۔ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ قوت۔
العَزِیز۔ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہو اور وہ مغلوب نہ ہو اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ہر عزاز و اعزاز دار۔
العَزَّۃ۔ حاکم مصر کا لقب۔
الاَعَزّ۔ اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزّیٰ۔ عزیزہ۔ شریفہ۔ اَعَزّ کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
العَزّاء۔ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوندکی بارش۔
المِعْزَاز۔ سخت مرض والا۔
المَعْزُورَۃ۔ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔
عَزَبَ (ن) عُزُوبَۃً وعُزُوبِیَّۃً۔ بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوبًا۔ دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِب
عَزَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ۔ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ۔ دور ہونا ــــ ہ: دور کرنا۔ بے نیاز کر دینا۔
تَعَزَّبَ۔ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العَازِب۔ فا۔ دور کی چراگاہ۔
العَازِبَۃ۔ مؤنث عَازِب۔ مرد کی بیوی
ہو یا نہ ہو۔
العَزُوب۔ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ عَزُوبٌ مرد کیلئے اور عَزُوبَۃٌ عورت کیلئے۔ ہر عُزُب و اَعْزَاب۔
الاَعْزَب۔ جس کے اہل و عیال نہ ہوں وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو مؤنث عَزْبَاء ہر عُزْب۔
المِعْزَبَۃ۔ باندی۔ لونڈی (ــــ والمِعْزَبَۃ) بیوی۔
المِعْزَاب والمِعْزَابَۃ۔ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لئے لیجائے المِعْزَابَۃ جسکے اہل نہوں۔ جس کا کنوار پن دیر تک رہے۔
عَزَجَہٗ (ن) عَزْجًا الرُّمْحُ: دفع کرنا ــــ الاَرْضَ بِالمِسْحَاۃِ: بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔ جماع کرنا۔
عَزَدَ (ن) عَزْدًا۔ جماع کرنا۔
عَزَرَہٗ (ض) عَزْرًا۔ ملامت کرنا اعانت کرنا۔ جماع کرنا ــــ ہ عَنْ کَذَا: منع کرنا واپس کرنا ــــ ہ عَلَی الاَمْرِ: خبر دینا ــــ ہ عَلَی الفَرَائِضِ والاَحْکَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ۔ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم و توقیر کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
العَزْوَر والعَزْوَرَ۔ بدخلق۔
العَزْوَرَۃ۔ مؤنث۔ عَزْوَر۔ ٹیلہ۔
العَزَارِیُّ: لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
العَزِیزُ والعَزَائِرُ۔ کٹی ہوئی گھاس کی قسم
عِزْرَائِیل۔ فرشتہ ملک الموت کا نام۔
عَزْعَزَہٗ۔ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا۔ جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا وعُزُوفًا۔ نفسہٗ وعَنِ الشَّیْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (ــــ عُزُوفًا) نفسہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا (ــــ عَزْفًا وعُزُوفًا)
آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ۔ آواز دینا۔
اَعْزَفَ۔ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوا۔ ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ۔ للشر: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
العَازِف۔ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
العَزْف۔ دف کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ
العُزْف۔ جنگلی کبوتر۔
العَزُوف والعَزُوفَۃ۔ جوئی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے ہُوَ عَزُوفٌ عَنِ اللَّهْوِ وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ہر عزاف عَزُوفَۃ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزَاف۔ بمعنی عَزْف۔ مصدر۔
العَزَّاف۔ بہت باجا بجانیوالا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔
المِعْزَف والمِعْزَفَۃ۔ گانے بجانے کے آلات ہر مِعْزَف۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا۔ تیز دوڑنا ــــ الخَیْرَ عَنْہُ: روک لینا ــــ ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ: چپکنا۔
العَزِق۔ بدخلق ہر عُزُق۔
العَزُوق والعَزُوقَۃ۔ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ عَزُوقٌ: سخت مزاج بخیل و بدخو مرد۔
العَزِیق۔ مِنَ الاَرْضِ: پست زمین۔
المِعْزَق والمِعْزَقَۃ۔ ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ہر مَعَازِق۔
المُتَعَزِّق۔ بدخلق۔
عَزَلَہٗ (ض) عَزْلًا۔ عَنْ کَذَا: جدا کر دینا۔ ــــ فُلَانًا عَنْ مَنْصِبِہٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ــــ ہ عَنْ عَمَلِہٖ: باز رکھنا۔
عَزَلَہٗ۔ ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ واعْتَزَلَ۔ الشَّیْءُ وعَنْہُ: جدا ہو جانا۔
تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَل۔ بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ: گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزَلَۃ: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔

العُزل والعِزال - کمزوری۔
العُزلة - جدائی - گوشہ نشینی۔
العُزُل - بے ہتھیار مرد ہو اُعزال۔
الأعزل - علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل - بے ہتھیار ہو عُزل واُعزال وعُزّل و عُزلان - مؤنث عزلاء - الأعزل من الدواب دم کو جھکا ہوا رکھنے والا — من الطیر: پرندہ جو اُڑنے پر قادر نہ ہو - الأعزل: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "زاجر" ہے
العزلاء - الأعزل کا مؤنث - دبر - مشک کا منہ ہو العزالی والعزالی - کہا جاتا ہے "أنزلت السماء عزالیہا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیے - اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "ہو عن الخیر بمعزل" یعنی وہ خیر سے بعید و جدا گانہ ہے۔
المعتزلة والعزال - قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے۔
المِعزال - علیحدہ چرانے والا - سفر میں علیحدہ اترنے والا - خود رائے - بے ہتھیار - کمزور احمق ہو معازیل۔
عَزَلَ عَزْلَةً - جماع کرنا۔
عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا ومَعْزِمًا وعَزِيمًا وعَزِمَةً وعَزِيمَةً وعُزْمانًا الأمرَ وعليہ: پختہ ارادہ کرنا — الرجلَ: کوشش کرنا — الأمرُ: واجب ہونا — فلانٌ علی فلانٍ: قسم دینا کہا جاتا ہے "عزمت علیک لتفعلن او لأفعلت" او لما فعلت" یعنی قسم دیتا ہوں (— وعَزَمَ الراقي): منتر پڑھنا۔
إعتزَمَ الأمرَ وعليہ: ارادہ کرنا — الطریق: بغیر ٹھہرے ہوئے گذر جانا — الفرسُ في جَرْيہ: سرکشی کرنا۔
تعزَّمَ - الأمرَ وعلی الأمر: ارادہ کرنا۔
العَزْم - پختہ ارادہ۔
العَزْمة - خاندان - قبیلہ - ہو عُزَم۔
العَزِيمة حق - واجب ہو عَزَمات - عَزَمات اللہ وعَزائمُ اللہ: اللہ کے حقوق فرائض - کہا جاتا ہے "لا عزیمۃ" اس کیلئے ثبات وصبر نہیں۔
العَزِمي - کھلی پینے والا - وفادار - عہد کو پورا کرنے والا۔
أمُّ العِزْم والعِزْمة وأمُّ عِزْمة - دُبر
العَنِيف - تیز دوڑ۔
العَزِيمة - موکد ارادہ - منتر ہو عَزائم۔
العازِم - فا - ہو عَزْمة وعازمون - أمرٌ عازِم کام جس کا پختہ ارادہ ہو۔
العَزُوم - ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا - بڑھیا - دبر - ہو عُزُم۔
العَزّام - صیغہ مبالغہ - شیر۔
المُعزِم فا - منتر پڑھنے والا۔
عَزَا يَعْزُو وعَزَوْا - الشيءُ أو فلانًا الى فلانٍ: نسبت کرنا (— عَزاءً) الرجلُ: صبر کرنا۔
عَزَا يَعْزُو وعَزَوْا وتَعَزّى تَعَزِّيًا إعْتَزَى إعْتِزاءً لفلانٍ والى فلانٍ: منسوب ہونا - سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا اسم عزاء ہے - اور اسی سے ہے "إعْتَزِ بِعَزاءِ الجاہلیۃ"
العَزاة - لوگوں کی جماعت ہو عَزْوَى وعَزُوْن
العِزْوة - انتساب - صبر۔
عَزَى يَعْزِي عَزْيًا الشيءَ أو فلانًا الى فلانٍ: نسبت کرنا۔
عَزِيَ يَعْزَى عَزاءً - مصیبت پر صبر کرنا۔ صفت مذکر عَزٍ - صفت مؤنث عَزِيَة۔
عَزّى تَعْزِيَةً - الرجلَ: تسلی دینا۔
تَعَزّى تَعَزِّيًا - إليہ: منسوب ہونا — عنہ: صبر کرنا - تسلی حاصل کرنا۔
تعازَى تَعازِيًا - القوم: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
العَزِي - صابر۔
العِزْيَة - انتساب۔
الإعتزاء - دعوی کرنا - جنگ میں کوئی خاص علامت۔
عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا — الخبرُ: دیر سے پہنچنا۔
عَسَّسَ - القومَ: تھوڑا سا کھلانا۔
إعْتَسَّ - رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔
— الشيءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا۔
البلدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال پر مطلع ہونا
العَسَس - رات کے چوکیدار - یہ جمع ہے عَاسٌ کی۔
العُسّ - بڑا پیالہ - بڑا برتن - ہو عِساس و عُسّة وأعساس وعُسُس۔
العَاسّ - رات کا چوکیدار ہو عَسَس وعُسُس
العَسّاس - رات کا چوکیدار۔
العَسُوس - دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی - بے برکت مرد - شکار کو ڈھونڈنے والا۔
المَعَسّ - مطلب۔
أعْسَبَ - الذئبُ: بھیڑیے کا بھاگنا۔
أعْسَبَہ جَمَلَہ: اونٹ عاریت پر دینا۔
إسْتَعْسَبَ منہ: ناپسند کرنا — فلانًا جَمَلَہ: اونٹ عاریت پر لینا۔
العَسَب - نسل - کہا جاتا ہے قطع اللہ عسبہ اللہ اس کی نسل کو منقطع کر دے۔
العَسَبة - اسم مرۃ - پہاڑ میں شگاف۔
العَسُوب - رئیس اعظم۔
العَسِيب - دُم کی ہڈی یا اُس پر بال اُگنے کی جگہ - پشت پا - کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دور کر دیے گئے ہوں - پہاڑ کا شگاف ہو عُسُب وعُسُب وعُسبان۔
اليَعْسُوب - شہد کی مکھی - شہد کی مکھیوں کا بادشاہ - اليَعْسُوب: رئیس اعظم - کہا جاتا ہے "ہو يَعْسُوب قومہ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے
ایک چھوٹا سا پرندہ - گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ہو يَعاسِيب۔
العُسْبُر - چیتا ہو عَسابر۔

العُسْبُرَة - مادہ چیتا - تیز رفتار اصیل اونٹنی
العُسْبار - بجو کے مانند ایک درندہ - اکثر
افریقہ میں پایا جاتا ہے - بھیڑیئے کا بچہ -
العُسْبُور والعُسْبُورَة - کتے کا بچہ مادہ
بھیڑیا ہے -
عَسَجَ (ن ض) عَسْجًا و عَسَجَانًا و عَسِيجًا
چلنے میں گردن اٹھانا -
إعْسَجَّ الشَّيْخُ : بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا -
العَوْسَج - ایک کانٹے دار درخت - واحد -
عَوْسَجَة -
العَسْجَد - سونا - جوہر مانند موتی یا توت
وغیرہ - مضبوط موٹا اونٹ -
العَسْجَدِيَّة - شاہی سواریاں - اور یہ اصل
میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر
بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے -
عَسْجَرَ الطَّعَامَ : کھانے میں نمک ڈالنا -
العَسْجَرُ : بہت تیز نظر سے دیکھنا -
العَسْجَر - نمک -
عَسَدَ (ض) عَسْدًا - الحَبْلَ : رسی
مضبوط بٹنا - جاریہ : جماع کرنا -
العَسُود - بہت مضبوط - سانپ -
عَسَرَ (ن ض) عَسْرًا و عُسْرًا - الغَرِيمَ :
تنگدستی میں قرضدار سے طلب کرنا - الزَّمَانُ :
سخت ہونا - عَلَى فُلَانٍ : مخالف ہونا -
عَسِرَتْ بِهِ نَفْسُهُ : پیٹ میں جو کچھ ہو اس کا
نکلنا دشوار ہونا -
عَسَرَهُ (ض) عَسْرًا - بائیں جانب سے
آنا - عَسَرَتْ عَسْرًا و عَسَرَانًا النَّاقَةُ : اونٹنی کا
اگلے پیر میں دم اٹھانا - المَرْأَةُ : عورت کے
بچے میں دشواری ہونا -
عَسِرَ (س) عَسَرًا - بائیں ہاتھ سے کام
کرنا - صفت مذکر اَعْسَر صفت مؤنث عَسْرَاء جمع عُسْر -
عَسِرَ (س) عَسَرًا و عُسْرًا و عَسَرًا و
مَعْسُورًا و عَسَارَةً (ک) عُسْرًا و عُسَارَةً :
دشوار ہونا - کہا جاتا ہے - عَسُرَ عَلَيْهِ الأَمْرُ کام
اس کے اوپر دشوار ہو گیا - الرَّجُلُ : بدخلق
ہونا - صفت عَسِر و عَسِير -
عَسَّرَ الأَمْرَ : دشوار کرنا - عَلَيْهِ : تنگ
کرنا - مخالفت کرنا - ہ : بائیں جانب سے آنا -
أَعْسَرَ - تنگدست ہونا - الغَرِيمُ : قرضدار
سے تنگدستی میں طلب کرنا - أَعْسَرَتِ المَرْأَةُ :
عورت کے بچنے میں دشواری ہونا -
عَاسَرَهُ مُعَاسَرَةً - تنگی کا معاملہ کرنا -
تَعَسَّرَ وتَعَاسَرَ عَلَيْهِ الأَمْرُ : دشوار ہونا -
پیچیدہ ہونا - عَلَيْهِ القَوْلُ : ملتبس ہونا -
تَعَاسُرُ البَيِّعَانِ : بائع مشتری کا متفق نہ ہونا
إعْتَسَرَهُ - مجبور کرنا - الكَلَامُ : قبل
تیاری کے فی البدیہہ کہنا -
إسْتَعْسَرَ - الأَمْرُ : دشواری پانا -
الأَمْرُ عَلَيْهِ : سخت اور پیچیدہ ہونا -
العُسْر والعُسُر - تنگدستی - سختی - تنگی -
العُسْرَة والعُسْرَى والمَعْسَرَة والمَعْسُرَة
تنگی اور سختی -
الأَعْسَر - بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا
کہا جاتا ہے فُلَانٌ أَعْسَرُ يَسَرٌ فلاں دونوں ہاتھوں
سے کام کرنے والا ہے يَوْمٌ أَعْسَرُ یعنی سخت
اور منحوس دن -
العُسْرَى - مؤنث الأَعْسَر - تنگی - دشواری
المُعْسِر - اپنے قرضدار پر تنگی کرنے والا -
المُعْسُر - تنگ حال -
عَسْعَسَ - اللَّيْلُ : رات کا گذرنا - رات
کا تاریک ہونا - السَّحَابُ : بادل کا زمین سے
قریب ہونا - الأَمْرُ : مشتبہ کر دینا - ناقہ
بنا دینا - الشَّيْءَ : حرکت دینا - وتَعَسَّسَ
الذِّئْبُ : بھیڑیے کا رات میں پھرنا - تَعَسَّسَ
الشَّيْءَ : سونگھنا -
العَسْعَس - رات میں شکار ڈھونڈھنے
والا بھیڑیا -
العَسْعَاس - رات میں شکار ڈھونڈھنے
والا بھیڑیا -
سراب - ہر چیز میں سے ہلکا -
عَسَفَ (ض) عَسْفًا السُّلْطَانُ : ظلم کرنا
جور کرنا - ہ : ظلم کرنا - خدمت لینا - الدَّمْعُ
المَحْزُونَ : آنسو کا پلکوں سے بکثرت بہنا -
الشَّيْءَ : زبردستی لے لینا - فِي الأَمْرِ : بغیر سوچے
سمجھے کرنا - لِفُلَانٍ : کسی کے لئے کام کرنا -
الطَّرِيقَ وعَنِ الطَّرِيقِ : راستے سے ہٹ جانا
المَعَافَرَة : بغیر مقرر راستے کے طے کرنا - کہا جاتا
ہے بَاتَ يَعْسِفُ اللَّيْلَ وبِاللَّيْلِ : مقصد کی
تلاش میں رات میں بے راہ چلنا -
أَعْسَفَ رات میں بے راہ چلنا - غلام
سے سخت کام لینا -
عَسْفَف - بغیر علامت نشان کے چلنا
- البَعِيرُ : چلنے سے تھکا دینا -
تَعَسَّفَ - فِي القَوْلِ : بے راہ روی کرنا -
ایسے معنی پر حمل کرنا جس پر دلالت ظاہر نہ ہو -
عَنِ الطَّرِيقِ : ہٹ جانا - الأَمْرَ : بغیر سمجھے
بوجھے اختیار کرنا - فُلَانًا - ظلم کرنا -
خدمت لینا -
إعْتَسَفَ عَنِ الطَّرِيقِ : راستے سے ہٹ
جانا - الطَّرِيقَ : راستہ کو بغیر جانے پہچانے
چلنا - الأَمْرَ : بغیر سمجھے بوجھے اختیار کرنا -
فُلَانًا : ظلم کرنا - خدمت لینا -
إنْعَسَفَ الشَّيْءُ : مڑنا -
العَسْف - ظلم - موت -
العَاسِف فا - مِنَ الإِبِلِ : عُسَاف کی
بیماری والا اونٹ - کہا جاتا ہے نَاقَةٌ عَاسِفٌ
ج عَوَاسِف -
العُسَاف - اونٹوں میں ایک بیماری -
جس میں سانس زیادہ لیتا ہے -
العَسُوف والعَسَّاف والمِعْسَف
بہت ظالم -
العَسِيف - مزدور ج عُسَفَاء و عَسَفَة -
العِسِّيف - بے جانے پہچانے راستہ چلنے
والا - کہا جاتا ہے أَخَذْتُ فِي مَعَاسِيفِ البِيدِ و

مَعَايِنِهَا: یعنی جنگل کے مجہول راستوں میں چلنا شروع کر دیا۔
عَسِقَ (س) عَسَقًا وَتَعَسَّقَ بِہٖ: چمٹنا
عَلَیْہِ: طلب کرنے میں اصرار کرنا۔
العَسَق۔ تنگ خوئی۔ اوّل رات کی تاریکی۔
العَسِیْقَۃ۔ ردی شراب۔
عَسْقَل۔ السَّرَابُ: سراب کا چمکنا۔
عَسْقَلَان۔ شام کے ساحل پر ایک شہر
الرَّاس: سر کا اوپر کا حصہ۔
العَسْقَل۔ سانپ کی چھتری۔ ج عَسَاقِل۔
العَسَاقِل والعَسَاقِیْل۔ سراب متفرق بادل۔ صحاح میں ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا گیا۔
عَسِكَ (س) عَسْكًا بِہٖ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَعَسَّكَ۔ الرَّجُلُ فِی مَشْیِہٖ: مٹک کر چلنا۔
عَسْكَرَ القَوْمُ: جمع ہونا اللَّیْلُ: تاریکی زیادہ ہونا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ جمع کردہ کو مُعَسْکَر کہتے ہیں۔
العَسْكَر۔ جمع۔ لشکر۔ ج عَسَاکِر۔ ہر چیز کا بہت۔ کہا جاتا ہے "اِنْجَلَتْ غَمْرَۃُ عَسَاکِرِ الہَمِّ" غم کی کثرت اس سے دور ہو گئی۔
العَسْكَرَۃ۔ سختی و خشک سالی۔
عَسَلَ (ن ض) عَسْلًا وعَسَّلَ الطَّعَامَ کھانے میں شہد ملانا۔ عَسَّلَ القَوْمَ: شہد کھلانا۔ شہد کا تو شہ دینا۔ عَسَّلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ عَسَّلَ الشَّیْءُ: شہد جیسا ہونا عَسَّلَ النَّائِمُ: اونگھنا۔
عَسَلَ (ض) عَسَلًا وعُسُولًا وعَسَلَانًا الرُّمْحُ: زیادہ حرکت کرنا المَرْأَۃُ: جماع کرنا۔
عَسَلَ (ن) عَسْلًا وعَسَلَانًا المَاءُ ہوا کی وجہ سے لہرانا۔
اِسْتَعْسَلَ۔ شہد طلب کرنا۔ اِسْتَعْسَلَتِ النَّحْلُ: مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ عَسَلًا لَا بَعْدًا تَعْسًا لَا یعنی اس کیلئے ہلاکت ہو
العَسَل۔ شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَال وعُسُل وعُسُوْل وعُسْلَان۔ تھوڑے سے کو عَسَلَۃ کہتے ہیں۔ العَسَل: کھجور کا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِفُلَانٍ مَضْرَبُ عَسَلَۃٍ" یعنی فلاں کیلئے نسب نہیں۔ "مَا تَرَکَ لَہٗ مَضْرَبَ عَسَلَۃٍ" مراد یہ ہے کہ اس کو گالی دی یہاں تک کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔
اَبُوْ عَسَلَۃ۔ بھیڑیا۔
العَسَلِیّ۔ شہد کے رنگ کا۔
العَاسِل فار والعُسُوْل نیکوکار جس کی ثنا و صفت اچھی طرح معلوم ہو ج عُسُل۔
العَاسِل۔ شہد نکالنے والا ج عُسُل و عَوَاسِل۔ بھیڑیا۔ رُمْحٌ عَاسِلٌ وعَسَّالٌ وعَسُوْلٌ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔
العَسَّال بمعنے العَاسِل۔
خَلِیَّۃٌ عَاسِلَۃٌ۔ چھتہ مع شہد کے
العَسَّالَۃ۔ چھتہ۔
العَسَّالَۃ۔ شہد کی مکھی۔ شہد کے نکالنے والے۔
العَسِیْل۔ عطر فروش کی جھاڑو جس سے عطر جمع کرتا ہے ہاتھی اور اونٹ کا عضو تناسل ج عُسُل۔
المَعْسَلَۃ والمَعْسُلَۃ۔ شہد کا چھتہ۔
المَعْسُوْل صفہ۔ رَجُلٌ مَعْسُوْلٌ: شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُوْلُ المَوَاعِیْد: سچے وعدے۔
عَسْلَج۔ الشَّجَر: نرم ٹہنیاں نکالنا۔
العُسْلُج۔ نرم ٹہنیاں۔ ج عَسَالِیج۔
العُسْلُوْج۔ نرم ٹہنیاں ج عَسَالِیج۔
عَسْلَط۔ غیر مربوط کلام بولنا۔
کَلَامٌ مُعَسْلَطٌ۔ غیر مربوط گفتگو۔

العَسَاق۔ سراب۔ بھیڑیا۔ شیر۔ نر شتر مرغ ہر شکاری درندہ۔ بدخصلت۔ چست چالاک۔ دراز گردن۔ لومڑی۔ ج عَسَاقِی۔
عَسَمَ (ض) عَسْمًا وعُسُوْمًا فِی الأَمْرِ: لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا بہہ پڑنا۔ آنکھ کا بند ہونا یا بقول بعض پلک کا چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا القَدَمُ او الكَفُّ: قدم یا ہتھیلی کا خشک ہو کر ٹیڑھا ہونا۔ صفت مذکر اَعْسَم۔ صفت مؤنث عَسْمَاء۔
اَعْسَمَ بِہٖ: خشک کر دینا۔ اَعْسَمَتْ عَیْنُہٗ آنکھ کا بہنا یا بقول بعض بند ہونا۔
اِعْتَسَمَ۔ کمائی کرنا فُلَانًا: کسی کو اس کے کھم کی چیز دینا۔
العُسُوْم۔ بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا ج عُسُم۔
العَاسِم۔ بمعنے العُسُوْم۔
العَسَمَۃ والعَسُوْم۔ خشک روٹی کے ٹکڑے العُسُوْم: قلت۔
المَعْسَم۔ جائے طمع۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ فِی بَنِی فُلَانٍ مَعْسَمٌ"
عَسِنَ (س) عَسَنًا الكَلَأُ فِی الدَّابَّۃِ: گھاس کا ہضم ہونا اور جانور کا موٹا ہونا۔ عَسِنَتِ الدَّابَّۃُ چارہ کا ہضم ہونا اور موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ۔ الشَّیْءَ: پتہ نشان تلاش کرنا
اَبَاہُ: مشابہ ہونا (واَعْسَنَ) المَكَانُ: کچھ سبزی اگانا۔
العَسَن۔ چربی۔ بالوں کی لمبائی و خوبصورتی مع سپیدی۔
العِسْن۔ مثل و نظیر (واَلعَسَن) چربی
العَسُوْن والأَعْسَن۔ موٹا۔ ج عُسْن۔
اَعْسَانٌ۔ الشَّیْءُ: نشان۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلَی اَعْسَانِ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
العَسَنْجَج۔ نر شتر مرغ۔

عَشَا يَعْشُو عَشَاءً وعُشُوًّا النَّبَاتُ: نباتات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَشَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا — اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ عَشَا يَعْشُو عَشْوًا وعُشُوًّا وعِشَاءً وعَشْوَةً الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔

العَشْو مع۔ موم۔

العَاشِي۔ فا۔ سخت مزاج۔

العِشْوَة۔ بڑھاپا۔

عَشِيَ يَعْشَى عَشًى۔ النَّبَاتُ: نباتات کا سخت ہونا۔

عَسَى۔ افعال مقاربہ میں سے ہے اور جامد ہے۔ محبوب میں امید کے لئے اور مکروہ میں خوف کے لئے مستعمل ہے۔

العَشِيّ والعَشِيّة والمَعْشَاة بالأمر: لائق مناسب۔

أَعْشِ بِهِ: فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ یعنی کس قدر لائق ہے۔

العَاشِي۔ فا۔ درخت خرما۔ بقول ابو عبید درخت خرما کا گچھا۔

المَعْشَاء۔ قریب البلوغ لڑکی۔

عَشَّ (ن) عَشًّا الشَّيْءَ: طلب کرنا۔ جمع کرنا — القَمِيصَ: کرتے میں پیوند لگانا — المَزَوْدَ: تھوڑا سا دینا۔ عَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلے ہی میں رہنا۔

عَشَّ (ن) عُشُوشَةً وعَشَاشَةً وعَشِيشًا البَدَنُ: لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ عَشُوشٌ۔ الطَّائِرُ: پرندے کا گھونسلا بنانا فَشَّتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخوں کا کم ہونا۔ عَشَّ الكَلَأُ: گھاس کا خشک ہونا۔ عَشَّ الجُرْحُ: روئی میں پھپھوندی لگنا اور خشک ہونا۔

أَعَشَّ فُلَانًا عَنِ الأَمْرِ: روکنا۔ باز رکھنا — الظَّبْيُ: ہرن کو بھٹ میں بھرکانا — البَدَنَ: بدن کو لاغر کرنا — الرَّجُلَ: کم درخت والی سرزمین میں پہنچنا۔

إِعْشَشَّ۔ گھونسلا بنانا — البَدَنُ: بدن کو لاغر کرنا۔

العُشَّة الثَّوْبُ: کپڑے کا پھوندوالا ہونا

العَشّ مع۔ عطار قلیل۔ رَجُلٌ عَشٌّ: لاغر مرد۔

العَشّ والعُشّ۔ گھونسلا ہو عشاش و عُشَّة وأَعْشَاش وعُشُوش۔

العَشَّة۔ کم شاخوں والا کھجور کا درخت۔ خراب جگہ میں اگا ہوا درخت۔ کم درخت والی سرزمین۔

المَعَشّ۔ مطلب۔

المُعَشَّش مفع۔ وہ جگہ جہاں پرندہ گھونسلا بنائے۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا۔ خشک ہونا۔

عَشِبَ (س) عَشَبًا وعَشُبَ (ک) عَشَابَةً۔ المَكَانُ: سبزگھاس والا ہونا۔ صفت عَاشِب۔

عَشُبَ (ک) عَشَابَةً وعُشُوبَةً الرَّجُلُ: پست قد بدصورت ہونا۔ صفت مذکر عَشِب۔ صفت مؤنث عَشَبَة۔

أَعْشَبَ القَوْمُ: سبزگھاس پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے بھرے پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔

أَعْشَبَ وعَشِبَ المَكَانُ: سبزگھاس اُگانا۔

إِعْشَشَبَ وتَعَشْشَبَ۔ سبزگھاس چرنا موٹا ہونا۔

إِعْشَوْشَبَ۔ سبزگھاس پر پہنچنا — المَكَانُ: بہت سبزگھاس والا ہونا۔

العُشْب۔ سبزگھاس ہو أَعْشَاب و واحد عُشْبَة۔

العَشَبَة۔ بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر مرد یا عورت۔

العَشَابَة۔ سبزگھاس کی کثرت۔

العَشِب والعَشِيب والمُعْشِب والمِعْشَاب: سبزگھاس والی (جگہ) بہت سبزگھاس والی (جگہ) أَرْضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ ومُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ۔ بہت سبزگھاس والی زمین۔

التَّعَاشِيب۔ سبزگھاس کے متفرق قطعے

العَشَّاب۔ سبزگھاس والا۔ سبزی والا۔

عَشَّرَ (ض) عَشْرًا۔ دس میں سے ایک لینا نوپر ایک زائد کرنا — القَوْمَ: قوم میں دسواں ہونا — النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

عَشَّرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ المَالَ: دسواں حصہ لینا — القَوْمَ: قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ: گدھے کا دس مرتبہ رینکنا۔ عَشَّرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی حاملہ ہونا۔

أَعْشَرَ العَدَدُ: دس کر دینا — القَوْمُ دس ہونا۔ أَعْشَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دس مہینے کی گابھن ہونا۔

عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً۔ باہم مل جل کے رہنا۔

إِعْتَشَرُوا وتَعَاشَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ رہنا۔

العِشْر دسواں حصہ۔ اونٹ کا دسویں یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ہو أَعْشَار۔

العُشْر۔ دسواں حصہ ہو عُشُور وأَعْشَار

الأَعْشَار: پرندے کے اگلے بڑے پر۔

العُشَر۔ ہر مہینے کی دسویں گیارھویں بارھویں رات۔

العَشَرَة دس۔ اور یہ مذکر کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث کیلئے "عَشْرُ نِسْوَةٍ" اور جب دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس کے مذکر کے لئے دونوں جزو مذکر جیسے "أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا" اور مؤنث کے لئے دونوں جزو مؤنث۔ جیسے "إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً"

——— اور اس کے بعد نو تک مذکر کی صورت میں پہلا جزء مؤنث اور دوسرا جزء مذکر جیسے ثَمَنِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور مؤنث کی حالت میں پہلا جزء مذکر اور دوسرا جزء مؤنث جیسے ثَمَنِ عَشْرَةَ امْرَأَةً ہے عَشَرَات۔

العِشْرُوْنَ۔ بیس (مذکر و مونث دونوں کے لیے)

العِشْرَة۔ صحبت۔ مخالطت۔

العَاشِر۔ نا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ پر جانے والا اونٹ ہے عُشَّر مؤنث عَاشِرَة۔ ہے عَوَاشِر۔ العواشر: پرندے کے اگلے پڑے پر۔

العَشُوْرِيّ والعَاشُوْرِ والعَاشُوْرَاء والعَاشُوْرِيّ۔ محرم کی دسویں تاریخ۔

العَشَّار۔ دسواں حصہ وصول کرنے والا۔

العُشَرَاء۔ ہن النوق: آٹھ یا دس مہینے کی گابھن اونٹنی ہے عِشَار و عُشَرَاوَات۔ یا وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔

العُشَرَاء والعُوَيْشَرَاء۔ گلی ڈنڈا۔ (بچوں کا کھیل) کہا جاتا ہے جاؤوا العُشَرَاء مع عُشَر یعنی دس دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہیں)

ثَوْبٌ عُشَارِيّ۔ دس گز لمبا۔ غلام عُشَارِيّ دس سال کا۔ مؤنث عُشَارِيَّة۔

عُشَارِيَّة۔ دسواں حصہ۔

الأَعْشَارِيّ۔ عُشَار مع عشر کی طرف منسوب۔

العَشِير۔ قبیلہ۔ قریب۔ دوست۔ زوج۔ زوجہ ہے عَشِيرَاتٌ۔

العَشِير۔ دسواں حصہ۔ ہے اَعْشَار۔

العَشِيرَة۔ قبیلہ۔ عَشِيرَةُ الرَّجُلِ برادرانِ باپ کی جانب سے قریبی لوگ ہے عَشَائِر و عَشِيرَات۔

الأَعْشَى۔ ہے وقت۔

المَعْشَر۔ جماعت۔ آدمی کے اہل۔ جن انسان ہے معاشر۔

المِعْشَار۔ دسواں حصہ۔ ناقۃ مِعْشَار: بہت دودھ والی اونٹنی۔

العَشَارِب والعَشَرِّب۔ شیر رَجُلٌ عَشَارِب دلیر مرد۔

عَشَرَ (س) عَشْرًا۔ کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا ——— عَلَى عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشُوْز۔ دشوار گذار راستہ یا زمین ہے عَشَاوِز (——— والعَشُوْزَ) مضبوط۔ قوی۔ موٹا

عَشِقَ (س) عِشْقًا وعَشَقًا وعَشْقًا بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق ہے عُشَّاق و عَاشِقُوْن۔ صفت مؤنث عَاشِقَة وعَاشِقٌ ہے عَوَاشِق

عَشِقَ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔

تَعَشَّقَ۔ تکلف عاشق بننا ——— ہ: بہت محبت کرنا۔

العِشْق۔ محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَة۔ عشق۔ پیچان۔ پیلو ہے عِشَق۔

العَشِيق۔ عاشق۔ معشوق۔ العَشِيق والعَشُوق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ہے عُشُق۔

العَشَّاق والعَشِيق۔ بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُوْمًا وتَعَشَّمَ الشَّيْءُ: خشک ہونا۔

العَشَم۔ لالچ۔ خَيْرٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشِمَة۔ لالچ۔ خشک روٹی۔ لالچی کی دست خشک۔ پیر فرتوت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے شَيْخٌ عَشِمٌ۔ بِئْرٌ عَشِمَةٌ۔

خُبْزٌ عَلِيْشٌ خشک یا خراب شدہ روٹی۔

الأَعْشَم۔ دو ملوط رنگ۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشْمَاء۔

عَشَنَ (ن) اَعْشَنُ وأَعْشَنُ وعَشَنَ وارْعَشَنَّ۔ رائے لگانا۔ تخمین کرنا۔ اعْشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان والعُشَانَة۔ گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَة: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا يَعْشُو عَشْوًا۔ رتوندھ والے کی طرح کام کرنا ——— الإِبِلُ: اونٹوں کو رات میں چرانا

الرَّجُلُ: رات میں قصد کرنا ——— ہ وإِلَيْهِ قصد کرنا اور عشش طلب کرنا ——— عَنْهُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا ——— عَشْوًا وعَشْيًا الرَّجُلُ: رات کا کھانا کھلانا ——— عَشْوًا وعُشُوًّا النَّارَ: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا۔ عَشَا وعَشِيَ يَعْشَى عَشًا: کاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ واَعْشَى۔ عَشِيَ العَشَاءَ: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عُشْيَان۔ عَشِيَ عَلَيْهِ: غلطی کرنا

عَشِيَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا صفت عَاشِيَة ہے عَوَاشِ۔

عَشَّى تَعْشِيَةً۔ الرَّجُلُ: شام کا کھانا کھلانا ——— النَّارُ: آگ روشن کر کے اندھیرا ٹھکانا کرنا ——— عَنِ الشَّيْءِ: مزمی پڑنا۔ ملائمت کرنا ——— الإِبِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔

أَعْشَى إِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھلانا ——— اللَّهُ الرَّجُلَ: رتوندھ میں مبتلا کر دینا۔

تَعَشَّى۔ رات کا کھانا کھانا۔

تَعَاشَى۔ رتوندھی والا ظاہر کرنا

عَشَّهُ: جاہل بنانا۔

اِعْتَشَى اِعْتِشَاءً۔ عشا کے وقت چلنا ——— النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا

اِسْتَعْشَى اِسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا ——— الرَّجُلَ: متحیر پانا۔

العَشَاء۔ شام کا کھانا۔ ہے اَعْشِيَة۔

العَشَاوَة والعَشَاوَة۔ نگاہ کی کمزوری۔ رتوندھی۔

العِشِّي۔ شام کا کھانا۔

العِشاء والعَشِيّ - رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کا وقت یا دن کا آخری حصہ۔
العِشاءان - مغرب اور عشاء - بعیر عَشِيٌّ: رات کو دیر تک چرنے والا۔
العَشِيّة - شام ج عَشِيٌّ وعَشايا وعَشِيّات نسبت کے لئے عَشَوِيّ - العَشِيّة: بادل - العَشْوة - تاریکی - رات کے اول ربع کی تاریکی۔
العُشْوة والعِشْوة - آگ کا شعلہ جو راہ کو دور سے دکھائی دے۔
العُشْوة والعِشْوة والعَشْوة - امر مشتبہ کو کرنا - کہا جاتا ہے "أوطأه عَشْوة" یعنی اس نے اسے امر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔
العَشْواء - مؤنث الأعشى - اونٹنی جسکو رات کے نظر نہ آئے - کہا جاتا ہے "هو أخبط من عَشْواء" یعنی وہ امور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے - "هو أخبط من عَشْواء" "وإنهم لفي عَشْواء من أمرهم" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں - "وركب العَشْواء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا - العَشْواء: تاریکی - کھجور کا درخت۔
عَضَّ (س) عَضّاً وعَضَضاً: سخت ہونا۔
عَضَّضَ على يمينه: قرض دار سے عہد کرنا۔
العَضّ - اصل - کہا جاتا ہے "هو كريم العَضّ والعُضُص والعُضُص" - دم کی ہڈی
عَصَبَ (ض) عَصْباً الشيءَ: لپیٹنا - بنا - باندھنا - العَصْب: روئی کاتنا
عَصَبَ بالقوم: تھوک کا منہ پر خشک ہونا - عَصَبَ الناقةَ: اونٹنی کے لئے اونٹنی کی رانیں باندھنا
عَصَبَ بالمكان: اقامت کرنا - الغبار

رأسه: سر پر غبار لگ جانا - القومَ به: اجتماع کرنا - احاطہ کرنا (- عَصْباً وعُصُوباً)
الأسنانُ: دانتوں کا میلا ہونا - الأفقُ: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا (- عَصْباً وعَصَباً)
الشيءَ: قبضہ کرنا۔
عَصِبَ (س) عَصَباً اللحمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا - صفت - عَصِب - القومُ به: اجتماع کرنا - احاطہ کرنا - عَصَبَهُ: بھوکا رکھنا - ہلاک کرنا - پٹی باندھنا - عَصَبَ فلاناً: سردار بنانا۔
أعْصَبَتِ الإبلُ: اونٹوں کا تیز چلنا۔
تَعَصَّبَ - پٹی باندھنا - عصبیت سے کام لینا - سردار ہونا - لَهُ ومَعَهُ: مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا - عليه: مقابلہ کرنا - اور عصبیت دکھلانا - في دِينِهِ ومَذْهَبِهِ: دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا - بالشيءِ: راضی ہونا۔
إعْتَصَبَ القومُ: گروہ بننا - الملكُ: بادشاہ کا تاج پہننا - التاجُ على رأسه: تاج کا سر پر فٹ ہونا - بالشيءِ: قناعت کرنا اور راضی ہونا۔
إنْعَصَبَ الشيءُ: سخت ہونا۔
إعْصَوْصَبَ الشرُّ: سخت ہونا - القومُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔
العَصْب - عمامہ - پگڑی - ایک قسم کی چادر (- والعُصْب) عشق پیچاں۔
العَصَب مع بطا - قوم کے چیدہ لوگ عشق پیچاں ج أعْصاب۔
العَصَبَة - عصب کا واحد - باپ کی جانب سے رشتہ دار ج عَصَبات۔
العُصْبة - مِنَ الرِّجالِ والخَيْلِ والطَّيْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت - ج عُصَب۔
العِصاب - جس سے باندھا جائے۔
العِصابة - جماعت مردوں، گھوڑوں پرندوں کی پگڑی - عمامہ - پٹی - ج عَصائِب
العَاصِب - فا - رَجُلٌ عاصِبٌ: وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔
العَصِيب - پھیپھڑا آنتوں کے بندھا ہوا اور بھنا ہوا ج عُصُب وأعْصِبة - يَوْمٌ عَصِيبٌ: سخت گرم۔
التَّعَصُّب - مع دلیل ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا - ج تَعَصُّبات۔
العَصَبِيّ - قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔
العَصَبِيّة - دھڑا بندی۔
المُعَصَّب مفعم - سردار - تاج پہننے والا - فقیر - بھوکا۔
المَعْصُوب - مفعم - باریک تلوار - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پُر گوشت۔
العَصَبْصَب - سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔
عَصَدَ (ض) عَصْداً وأعْصَدَ الشيءَ: موڑنا - گرہ دینا - کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ على الأمرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا (- عُصُوداً) الرجلُ: مرنا۔
العَصِيد - گرہ لگایا ہوا - موڑا ہوا۔
العَصِيدة - ایک قسم کا کھانا جو گھی آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔
عَصَرَ (ض) عَصْراً العِنَبَ او الثوبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا - الدُّمَّلَ: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا - الرَّكْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا - الشيءَ عنه: منع کرنا - فلاناً: قید کرنا - عطیہ دینا۔
عَصَرَ الشيءَ: بار بار نچوڑنا - الزَّرْعُ کھیتی میں خوشے نکالنا - عَصَرَتِ المرأةُ: عورت کا بالغ ہونا - حیض آنا۔
أعْصَرَ - عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

أَعْصَرَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حائضہ ہونا۔ صفت مُعْصِر۔ ج مَعَاصِر و مَعَاصِیر
الرِّیحُ: ہوا کا بگولہ لانا۔
أُعْصِرَ الْقَوْمُ: بارش کیا جانا۔
عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً۔ ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ۔ نچوڑا جانا ــــ بِہٖ: پناہ لینا۔
اِعْتَصَرَ الْعِنَبَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَهُمَا: انگور یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا ــــ الْعَصِیرَ: شراب بنانا۔
ــــ الْعَطِیَّةَ: عطیہ واپس لینا ــــ مِنْ فُلَانٍ مَالًا: تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے مال لینا ــــ مِنَ الشَّیْءِ: لینا ــــ بِفُلَانٍ: پناہ لینا عَلَیْہِ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ نَاغِصٌ ہم مِنَ الطَّعَامِ: کھانے کو حلق سے نیچے اتارنے کیلئے تھوڑا پانی پیا۔
اِنْعَصَرَ۔ نچوڑنا ــــ الْعِنَبُ وَنَحْوُهُ: شیرہ نکل جانا۔
الْعَاصِرُ فا۔ ج عَصَرَةٌ وَعَاصِرُونَ مؤنث عَاصِرَةٌ ج عَوَاصِرُ وَعَاصِرَاتٌ۔ رَجُلٌ عَاصِرٌ: بے برکت، بخیل۔
الْعَصْرُ۔ دن۔ رات۔ دن کا آخری حصہ آفتاب کے سرخ ہونے تک۔ صبح۔ قبیلہ۔ گروہ عطیہ ج اَعْصُرٌ وَعُصُورٌ۔ الْعَصْرَانِ۔ صبح شام۔ دن۔ رات۔ کہا جاتا ہے جَاءَنِی عَصْرًا: وہ میرے پاس دیر میں آیا۔
الْعَصْرُ وَالْعِصْرُ وَالْعُصْرُ۔ زمانہ ج عُصُورٌ وَاَعْصُرٌ وَعُصُرٌ وَاَعْصَارٌ۔ اور اَعْصَارٌ کی جمع اَعَاصِیرُ۔
الْعُصْرُ وَالْعَصْرَةُ وَالْمَعْصَرُ: جائے پناہ۔
الْعَصْرُ۔ عصر بسکون الصاد میں ایک لغت ہے بمعنے زمانہ۔ غبار۔ خوشبو کی بھڑک
الْعَصْرَةُ۔ خوشبو کی بھڑک عاصر کی جمع۔ غبار۔ بگولہ۔
الْعَصِیرُ وَالْعَصِیرَةُ وَالْعُصَارُ۔ رس۔ نچوڑ۔ الْعَصِیرُ: نچوڑا ہوا۔

الْعِصَارُ۔ سخت غبار۔ وقت۔
الْعُصَارَةُ۔ رس۔ نچوڑ۔ نچوڑنے کے بعد پھوکس۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ کَرِیمُ الْعُصَارَةِ یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔
الْاِعْصَارُ۔ بگولہ ج اَعَاصِیرُ اَعَاصِیرُ کہتے ہیں وَعْدُهُ اِعْصَارٌ لَیْسَ بَعْدَهُ اِعْصَارٌ یعنی اس کے وعدہ کے لئے وفا نہیں۔ اس قول میں پہلا اعصار بمعنے بگولہ اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔ اُعْصِرَ الْقَوْمُ کا بمعنے بارش ہونا۔
العَنِيَّة والعَنَاء والعَنَا - تھکن۔
المَعنَى - مقصود - معنی الکلمۃ: کلمہ کا مدلول معنی الکلام: کلام کا مضمون بہ مَعَانٍ - معانی کو انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لئے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِي" فلاں اچھی صفات والا ہے
المَعنَوِيّ - معنی کی طرف منسوب۔
مَعنِيّ الكَلَامِ ومَعنَاتُهُ ومَعِينَتُهُ: مدلول کلام۔
عَهِدَ (س) عَهدًا الأَمرَ: پہچاننا — الشَّيءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا — فُلَانٌ فُلَانًا: حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَهِدَ اللهَ: توحید بیان کرنا — فُلَانًا بِمَكَانِ كَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے عَهدِي بِهِ قَرِيبٌ "میری ملاقات اس سے قریب ہے"
عَهِدَ إِلَى فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا — إِلَيهِ فِي كَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔
عَهِدَ المَكَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔
عَاهَدَ - معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔
أَعهَدَ فُلَانًا مِن كَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔
تَعَاهَدَ القَومُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔
تَعَاهَدَ وتَعَهَّدَ واعتَهَدَ الشَّيءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔ تَعَهَّدَ واعتَهَدَ أَملَاكَهُ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ تعاہد کا لفظ بھی اس کے لئے مستعمل ہے۔
اِستَعهَدَ فُلَانٌ مِن صَاحِبِهِ: عہد لینا — فُلَانًا مِن نَفسِهِ: اپنے حوالت نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔
العَهد - وفا - ضمان - امان - ذمہ - وصیت - میثاق - قسم - شاہی فرمان جو عُهُود - وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو - وَلِيُّ العَهدِ: ولی عہد - جانشین - کہا جاتا ہے "إِن كَانَ ذَلِكَ فِي أَو عَلَى عَهدِ فُلَانٍ"

یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا وَعَهْدِیْ بِهٖ اَنَّهٗ لَكَرِیْمٌ یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے وَهُوَ قَرِیْبُ الْعَهْدِ بِكَذَا وہ فلاں کے قریب الحال ہے وَعَلٰی عَهْدِ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ كَمَا جَاءَ ثُمَّ عَهْدُكَ بِفُلَانٍ تم نے اسے کب دیکھا۔ اَلْعَهْدُ الْقَدِیْمُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں۔ اَلْعَهْدُ الْجَدِیْدُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں۔

اَلْعَهْدُ وَالْعُهْدَةُ وَالْعِهْدَةُ۔ موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِهَادٌ۔

اَلْعِهَادَةُ۔ موسم ربیع کی پہلی بارش۔

اَلْعُهْدَةُ۔ ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لئے واپسی، کہا جاتا ہے رَجَعَ فِی الْاَمْرِ عُهْدَةً یعنی میں اصلاح کیلئے عنقریب لوٹوں گا۔ خط یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے فِیْ خَطِّهٖ عُهْدَةٌ اس کا خط ردی ہے۔

اَلْعَهِیْلُ۔ عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔

اَلْعِهْیَانُ۔ ضمان و کفالت۔

اَلْعَهِیْدُ۔ معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا پرانا۔

اَلْمَعْهَدُ۔ وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاهِدُ۔

اَلْمَعْهُوْدُ مف۔ معروف۔ مشہور۔

عَهَرَ (ن) عَهْرًا وَعُهُوْرًا وَعَهَارَةً وَعُهُوْرَةً وَعِهْرًا (س) عِهَارًا: زنا کرنے کے لئے جانا صفت مذکر عَاهِرٌ ج عُهَّرٌ صفت مؤنث عَاهِرَةٌ ج عَوَاهِرُ

عَاهَرَهَا عِهَارًا۔ زنا کرنے کے لئے جانا۔

اَلْعَهِرُ۔ زنا کرنے کیلئے جانیوالا۔ زنا کار۔

اَلْعَاهِلُ۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند عورت ج عَوَاهِلُ۔

عَهِنَ (س) عَهَنًا۔ بالمکان۔ اقامت کرنا۔ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا ــــ فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا ــــ اِلٰی فُلَانٍ: عہد لینا ــــ فُلَانٌ مُرَادَهٗ: جلدی پورا کرنا ــــ الشَّیْءُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔

عَهَنَتْ وَمِنْ عُهُوْنًا۔ جوا لہ النخل: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔

عَهَنَ (ض) عَهْنًا۔ اَلْقَضِیْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔

عَهِنَ (س) عَهَنًا (ک) كَذَا: جلدی کرنا ــــ الشَّیْءُ: حاضر ہونا۔

اَلْعِهْنُ۔ اون۔ یا رنگی ہوئی اون ج عُهُوْنٌ۔ کہا جاتا ہے هُوَ عِهْنُ مَالٍ یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے۔

اَلْعُهْنَةُ۔ شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو

اَلْعِهْمَةُ۔ اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔ ایک درخت ہے جسکا پھول سُرخ رنگ کا ہوتا ہے

اَلْعَاهِنُ فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔

اَلْعَوَاهِنُ۔ درخت خرما کی خشک شاخیں عاہنہ کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے رَمَی الْكَلَامَ عَلٰی عَوَاهِنِهٖ جو کچھ منہ میں آیا کہدیا۔ بغیر سوچے ہوئے کہ صحیح ہے یا غلط

عَاثَ یَعُوْثُ عَوْثًا وَعَوَّثَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔ عَوَّثَهٗ: دیر کرا دینا تَعَوَّثَ۔ متحیر ہونا۔

اَلْمَعَاثُ۔ مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے اِنِّیْ لَفِیْ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَعَاثًا یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اسلئے اسکا چھوڑنا میرے لئے ممکن ہے۔

عَابَهٗ یَعُوْبُهٗ عَوْبًا وَمَعَابًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ فُلَانًا بِالْمَكَانِ: مقیم کرنا ــــ السَّائِرُ: ٹھہرنا اِلٰی اَوْ عَلَی الْمَكَانِ: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا فُلَانٌ مَا عَابَ عَلَیْكَ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا البَعِیْرُ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَعْوَجَ بِكَلَامِهٖ: میں اسکے کلام کی پروا نہیں کرتا ــــ عَلَیْهَا وَعَوْجًا اِلَیْهِ: مائل ہونا۔

عَوَّبَهٗ یُعَوِّبُهٗ عَوْبًا۔ العود ونحوہ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا ــــ الْاِنْسَانُ: بدخلق ہونا۔ صفت اَعْوَجُ۔

عَوَّجَهٗ تَعْوِیْجًا۔ اَلْعُوْدَ وَنَحْوَهٗ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا ــــ الْعَصَا وَنَحْوَهَا: لاٹھی وغیرہ پر ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعولی مُعَوَّجٌ تشکین عین کے ساتھ ہے ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا

عَوَّجَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔

تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا وَاعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا: لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْعَاجَ اِنْعِیَاجًا عَلَیْهِ: مڑنا۔

اَلْعَاجُ۔ ہاتھی دانت۔ اَلْعَاجَةُ: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا۔

اَلْعَوَّاجُ۔ ہاتھی دانت کاٹنے والا۔

اَلْعَوْجَاءُ۔ کمی۔ پیچیدگی۔

اَلْعَوْجَاءُ۔ مؤنث اَعْوَجُ۔ کمان۔ دبلی اونٹنی ج عُوْجٌ۔

اَلْمُعَاجُ مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

عَادَهٗ یَعُوْدُهٗ عَوْدًا: ہٹانا۔ عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان بھلائی کرنا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا وَعَوْدَةً وَمَعَادًا اِلَی الْمَكَانِ: کسی کی طرف واپس ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے عَادَ عَلَیَّ مِنْ فُلَانٍ مَكْرُوْهٌ فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا وَعِیَادًا۔ الشَّیْءُ: دوبارہ کرنا اسی سے مثل ہے اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ۔ عَادَ الْاَمْرُ كَذَا بمعنے صار یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لئے آتا ہے جیسے عَادَ فُلَانٌ شَیْخًا یعنی فلاں جوان کا بوڑھا ہو گیا

عَادَهٗ عَوْدًا۔ عادت بنا لینا۔

عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا وَعِیَادًا وَعِیَادَةً وَعَوَّادَهٗ الْمَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عائد ج عُوَّادٌ وَعُوَّدٌ وَعُوَّدٌ اور صفت مؤنث عَائِدَةٌ ج عَوَائِدُ اور صفت مفعولی مَعُوْدٌ اور مَعْوُوْدٌ۔

عَوَّدَ فُلَانًا كَذَا: عادی بنا دینا ــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا بوڑھا ہونا ــــ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔

عَیَّدَ تَعْیِیْدًا۔ عید میں حاضر ہونا۔

عَاوَدَهٗ مُعَاوَدَةً وَعِوَادًا۔ الْاَوَّلَ: امر اوّل کی طرف واپس آنا ــــ الشَّیْءَ: عادت بنا لینا۔

کہا اَیْ عَادَۃُ الْحُمّٰی "بار بار بخار آیا و عَادَہٗ اَلَمٌ "بار بار سوال کیا۔
اَعَادَ اِعَادَۃً الْاَمْرَ او الْکَلَامَ: لوٹانا۔ دہرانا
اَعَادَ الشَّیْءَ: عادت بنا لینا۔ طاقت رکھنا ——
اَعَادَ الشَّیْءَ اِلٰی مَکَانِہٖ: اسکی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے اَعَادَ اللّٰہُ مَا یَعُوْدُ وَمَا یُعِیْدُ جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ یَعُوْدُ فُلَانًا مَا یُبْدِیْ وَمَا یُعِیْدُ یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا۔ اِبْتَدَاَ ثُمَّ اَعَادَ۔
تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا الْمَرِیْضَ: بیمار پرسی کرنا ——
الشَّیْءَ: عادی ہونا۔
اِعْتَادَ اِعْتِیَادًا: الشَّیْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا
تَعَاوَدَ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔
اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَۃً: لوٹنے کو کہنا ——
فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا ——
الشَّیْءَ: عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔
عَادٌ: عرب اولیٰ کا ایک شخص، ایک پرانا قبیلہ (اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔ کہا جاتا ہے مَا اَدْرِیْ اَیُّ عَادٍ ہُوَ مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔
العَادِیُّ: وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوام قدیمہ کے کھنڈرات ہر عَادِیَات
العَوْد: مہ۔ بوڑھا اونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ہر پرانی چیز۔ کہا جاتا ہے رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءٍ یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آگیا۔
العُوْد: لکڑی کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جسکا بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی نوک۔ عازف ہر عیدان و اَعْوَاد و اَعْوُد۔
عُوْدُ الصَّلِیْبِ وَعُوْدُ الْفَرْجِ وَعُوْدُ الْاَخْبَارِ: ان کے نام۔
العِیْد: عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی حادثہ کی خوشی یا واقعہ کی یاد کا جشن منایا جائے۔ اسکو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹتا ہے اور اصل اس کی عَوْد ہے۔ اور عید کی جمع اعواد کے مطابق اَعْوَاد ہونی چاہئے تھی مگر عود یعنی لکڑی کی جمع سے فرق کیلئے اس کی جمع اَعْیَاد آتی ہے۔ العِیْد: بار بار آنیوالی بیماری یا غم وغیرہ۔
العَادَۃ: عادت۔ خو۔ ہر عَادَات وعَاد وعِید وعَوَائِد (عَوَائِد گویا عَائِدَہ کی جمع ہے)
العَوَّاد: سارنگی بجانے والا۔
الاَعْوَد: نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے ہٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْکَ یعنی یہ تمہارے لئے زیادہ نافع ہے۔
العَائِدَۃ: مؤنث عَائِد ہر عُوَّد وعَوَائِد و عَائِدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ہر عَوَائِد۔ العَوَائِد۔ محصول۔
العَوَاد مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا یعنی تمہارے لئے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عواد تشبیہ میں کے ساتھ ہے۔
العُوَادَۃ مہ کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کیلئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے لَکَ الْعُوَادَۃُ وَلَکَ الْعُوْدُ وَالْعُوْدَۃُ تیرے لئے واپسی کا حق ہے۔
المَعَاد مہ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنت۔ حج (۔ والمَعَادَۃ) رونے کی جگہ۔ ہر کل جگہ ہر مَعَاوِد
المُعْیِل فا۔ حاذق تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنیوالا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ مُعْیِدٌ "سدھایا ہوا گھوڑا۔
المُعَاوِد۔ فا۔ مشق کرنیوالا۔ اپنے عمل میں ماہر جواں مرد۔
المُعْتَیِد۔ غضبناک۔ سخت ظالم۔
عَادَ یَعُوْدُ عَوْدًا وَعِیَادًا وَمَعَادًا وَمَعَادَۃً وَتَعْوَادًا وَاِسْتَعَادَ بِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: پناہ لینا۔
عَادَ بِالشَّیْءِ: لازم ہونا۔
عَوَّذَ تَعْوِیْذًا وَاَعَاذَ اِعَاذَۃً وَاَعْوَذَ اِعْوَاذًا۔ الرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُکَ بِاللّٰہِ کہنا۔ منتر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔
تَعَاوَذَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر پھونک کرنا۔
العَوْذ: پناہ۔ کہا جاتا ہے عَوْذٌ بِاللّٰہِ مِنْکَ یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العِیَاذ مہ۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ مِنْکَ یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
العَوْذ۔ پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناس و فرومایہ لوگ۔
العُوْذَۃ ہر عُوْذ و التَّعْوِیْذ ہر تَعَاوِیذ و المَعَاذَۃ ہر مَعَاذَات تعویذ۔ اسماء یا آیات قرآنی جو کھوکر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کیلئے لٹکایا جائے
العَوَاذ۔ کراہت۔ کہا جاتا ہے مَا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْہُ میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔
العَائِذ فا ہر عُوَّذ —— نئی جننے والی ہرنی یا اونٹ یا گھوڑا ہر عُوْذ و عُوْذَان ہر عُوْذَات۔
العَائِذَۃ۔ مؤنث عَائِذ ہر عَوَائِذ و عَائِذَات
العَوَائِذ: چار ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام مُرَبِّع ہے۔
المَعَاذ مہ۔ جائے پناہ منتر۔ کہا جاتا ہے۔ مَعَاذَ اللّٰہِ وَمَعَاذَ وَجْہِ اللّٰہِ وَمَعَاذَۃَ اللّٰہِ وَمَعَاذَۃَ وَجْہِ اللّٰہِ یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
المَعُوَّذ۔ چمکانے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ گھروں کے اردگرد اونٹوں کی چراگاہ۔
المَعُوَّذ والمُعَوَّذ والعُوَّذ۔ کانٹوں یا درختوں کی جڑیں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔
عَارَ یَعُوْرُ عَوْرًا۔ کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لیجانا اور تلف کرنا —— واَعَارَ) عَیْنَ الْمَاءِ او الرَّکِیَّۃِ پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ الْمَاءِ او الرَّکِیَّۃِ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا
عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا او اِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر صفت مؤنث عَوْرَاء ہر عُوْر و عُوْرَان
عَوَّرَہٗ۔ کانا کرنا —— ہ عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَلَیْہِ اَمْرَہٗ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّرَ الْمَکَایِیْلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا —— عَیْنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا
عَنْ فُلَانٍ: دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا

فُلَانًا: رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔
اَعْوَرَہٗ اِعْوَارًا۔ کانا کر دینا۔ اَعْوَرَ الشَّیْءُ:۔ ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اَعْوَرَ الفَارِسُ: سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: شک کرنا۔
اَعَارَہٗ اِعَارَۃً۔ الشَّیْءَ وَمِنَ الشَّیْءِ: منگنی دینا
عَاوَرَہٗ الشَّیْءَ مُعَاوَرَۃً۔ منگنی دینا۔ عَاوَرَ الشَّمْسَ: انتظار کرنا۔ عارہ الشی: جیسا کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔
عَاوَرَ وعَایَرَ۔ المکائیل: پیمانوں کا اندازہ کرنا
اِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ اِعْوَرَّتِ وَاِعْوَارَّتِ العَیْنُ آنکھ کا کانی ہو جانا۔
تَعَوَّرَ العَارِیَۃَ: منگنی مانگنا (۔ وتَعَاوَرَ۔ واِعْتَوَرَ) القَوْمُ الشَّیْءَ: باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے تَعَاوَرَتِ الرِّیَاحُ رَسْمَ الدَّارِ مکان کے نشانات وکھنڈرات پر مختلف ہواؤں کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔
اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔
اِسْتَعَارَ۔ الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ وَاسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّیْءَ منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے قَالَ الدَّہْرُ یَسْتَعِیْرُنِیْ ثِیَابِیْ میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے۔ اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے
العَوْرَۃ۔ خلل جو سرحد میں ہو اور جس سے خوف کیا جائے۔ العَوْرَۃ مِنَ الجَبَلِ: شگاف ۔۔۔ مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع وغروب۔ العَوْرَۃ: ہر امر جس سے شرم کی جائے۔ انسان کے اعضاء جنکو حیا سے چھپایا جاتا ہے۔ ہر عَوْرَات عَوْرَات۔
العَائِرُ فی۔ وہ مچھر جس کی آنکھ میں تکلا ہو۔
اَعْوَرُ شَرٌّ۔ تکلا مرد وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔
العَائِرُ مِنَ السِّہَامِ او الحِجَارَۃِ: وہ تیر یا پتھر جس کے پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے اَصَابَہٗ سَہْمٌ او حَجَرٌ عَائِرٌ اسکو ایسا تیر یا پتھر لگا جس کے پھینکنے والا معلوم نہیں۔
العَائِرَۃ۔ مؤنث عائر۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے لَہٗ مِنَ المَالِ عَائِرَۃُ عَیْنَیْنِ اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَیْنٌ عَائِرَۃٌ: تنکے والی آنکھ ہے عَوَائِرُ۔ العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
العَارَۃ والعَارِیَۃ والعَارِیَۃ۔ منگنی۔ منگنی دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ہر عوار وعَوَارِی۔
العَوَار والعِوَار والعُوَار۔ عیب۔ کپڑے کا پھٹن
الاَعْوَر۔ کانا۔ مؤنث عَوْرَاء ہر عُوْر وعُوْرَان۔ وغیرہ ان۔ المَعَانِی العُوْر: معانی مشکلہ۔ فَلَاۃٌ عَوْرَاء بے پانی کا جنگل۔ کلمۃ عَوْرَاء: کلمۃ قبیحہ۔ الاَعْوَر: کوا۔ ردی۔ ضعیف بزدل۔ بری رہنمائی کرنیوالا۔ پھٹی ہوئی کتاب، وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہ ہو وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ ہو۔ ہر آعَاوِر۔
العَوِر۔ ردی۔ سیرت۔ شَیْءٌ عَوِرٌ: وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَۃ۔
العُوَیْر۔ کوا۔
العِیْرَان۔ ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
العُوَّار۔ تنکا۔ ابابیل۔ راستہ سے ناواقف کمزور۔ بزدل۔ ہر عَوَاوِیْر۔
المُعَارُ۔ دبلا کیا ہوا گھوڑا۔ اور بقول بعض دم کٹا ہوا گھوڑا۔
المَعْوِر۔ مِنَ الاَکْلَۃِ: وحشت ناک۔ رَجُلٌ مُعَوِّرٌ: بری عادت والا۔ شَیْءٌ مُعَوَّرٌ: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
عَازَ یَعُوْزُ عَوْزًا الشَّیْءَ فُلَانًا: محتاج ہونا۔ اور کامیاب نہ ہونا۔
عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا۔ الشَّیْءُ: دشوار ہونا۔ باوجود حاجت کے کمیاب ہونا ۔۔۔ الاَمْرُ: سخت ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا صفت عَوِرٌ وعَائِرٌ وَاَعْوَرُ۔
اَعْوَزَ اِعْوَازًا۔ الرَّجُلُ: محتاج وبدحال ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ ومُعْوَزٌ۔ اَعْوَزَہٗ المَطْلُوْبُ: مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حصول دشوار ہونا۔ اَعْوَزَنِی الشَّیْءُ: محتاج ہونا اور قادر نہ ہونا۔ اَعْوَزَ الشَّیْءُ: دشوار ہونا ۔۔۔ الدَّہْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔
اِعْوَوَزَ اِعْوِوَازًا۔ حیلہ کرنا۔ حالت بگڑ جانا
العَوَز مہ۔ دانہ انگور۔ واحد عَوَزَۃٌ۔
العَوَز۔ حاجت۔ تنگی۔
المِعْوَز والمِعْوَزَۃ۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو ہم مَعَاوِز ومَعَاوِزَۃ۔
عَاسَ یَعُوْسُ عَوْسًا وعَوَسَانًا۔ ارض میں چکر لگانا ۔۔۔ عَلٰی عِیَالِہٖ: آل اولاد کے لئے محنت سے کمانا ۔۔۔ عِیَالَہٗ خوراک دینا ۔۔۔ فُلَانًا وعِیَاسَۃً) الذِّئْبُ: بھیڑئے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا (۔۔۔ عَوْسًا) الشَّیْءَ: تعریف کرنا ۔۔۔ مَعِیْشَتَہٗ: درست کرنا۔
عَوِسَ یَعْوَسُ عَوَسًا۔ ہنسنے میں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَس۔
العُوْس۔ سپید مینڈھے اور نسبت کیلئے عُوْسِیٌّ۔ کہا جاتا ہے۔ کَبْشٌ عُوْسِیٌّ۔
العَوَّاس۔ صیغہ مبالغہ۔
عَاصَ یَعُوْصُ عَوْصًا یَعُوْصُ عِیَاصًا وعَوَصًا۔ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ الکَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اِعْتَاصَ اِعْتِیَاصًا۔ الاَمْرُ عَلَیْہِ: سخت ہونا دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جسکی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔
عَوَّصَ۔ فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا الشَّاعِرُ او الخَطِیْبُ: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اَعْوَصَ عَوْصًا وعِیَاصًا۔ والقیاس اِعْوَاصًا: بَحْثِہٖ وعَلٰی بَحْثِہٖ: دلائل سے حیران کر دینا ۔۔۔ فِی الکَلَامِ: باریک بات کہنا۔
عَاوَصَہٗ مُعَاوَصَۃً۔ کشتی رانا۔ پچھاڑنا۔
الاَعْوَص۔ باریک بات مؤنث عَوْصَاء۔
العَوْصَاء۔ مؤنث اعوص۔ سختی۔ دقت کلمۃ عَوْصَاء۔ کلمہ نادرہ۔
العَوْص۔ دشواری۔
العَائِص والعَوْص والعَیْصَاء کھانا

العوض: نفس۔ قوت۔ حرکت۔
العویص: من الامور: دشوار۔ من الکلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ من الدواہی: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عویصۃ۔ العویص: سختی۔ نفس۔ قوۃ۔ حرکت۔
عاض یعوض عوضاً وعوضاً وعیاضاً وعوض وعاوض وأعاض اعاضۃ فلاناً من کذا: بدلہ دینا۔
تعوض واعتاض منہ: بدلہ لینا۔
اقاض واستعاض فلاناً: بدلہ مانگنا۔
عوضٌ: یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا اسم دیتا ہے جیسے لا أفارقک عوض یعنی میں تجھے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے اسم میں آتا ہے جیسے ما رأیتہ مذ عوض یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کیساتھ خاص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے لا أفعلہ عوض العائضین یعنی میں اسکو کبھی نہیں کروں گا۔
العوض: بہ۔ العوائض۔ العائض والمعوضۃ بدلہ۔
عاطت وتعوطت تعوط المرأۃ والناقۃ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔ العنق: گردن لمبی ہونا۔
اعتاطت المرأۃ والناقۃ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔
العائط: وہ جو کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہو عوط وعوائط وعیط وعیطات۔
عاف یعوف عوفاً الطائر: پرندہ کا منڈلانا عوف الاسد: شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پکارنا۔
العاف: نر۔
العوف: مع مال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ اہل وعیال کیلئے مشقت برداشت کرنے والا۔ ایک خوشبودار نباتات۔ ابو عوف نر ٹڈی۔ ام عوف مادہ ٹڈی۔
العواف والعوافۃ: شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ غنیمت۔
عاقہ یعوقہ عوقاً وعوقۃ واعاقہ اعاقۃ واعتاقہ اعتیاقاً عن کذا: روکنا۔ باز رکھنا ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے أعوق لی الزاد والدابۃ اعواقاً یعنی مجھ کو سفر کے توشہ یا سواری سے باز رکھا۔
تعوق: پیچھے ہٹنا۔ تعوق فلاناً: باز رکھنا۔ روک دینا۔
العوق والعوق: روکنے والا بے فیض آدمی لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ جمع اعواق۔
العوق والعوق والعوق والعیق والعوق والعوقۃ: بزدل۔ روکنے والا۔
رجل عوقۃ وعوقۃ وعوق وعق وعیق لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔
العوق: بھوک۔
العائق: ہر روکنے والی چیز جمع عوائق و عوق۔ عوائق الدہر: زمانے کے مشاغل۔
العائقۃ: مؤنث عائق۔ عمل سے روکنے والی چیز۔ جمع عوائق۔
العیوق: نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔
العواق والعویق: چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔
عاک یعوک عوکاً وعواکاً علیہ: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا۔ بہ: پناہ لینا۔ معاشہ: کمائی کرنا۔ صفت عائک۔
تعاوک القوم: باہم لڑنا۔
اعتوک القوم: ہجوم کرنا۔
العوک: مع۔ کہا جاتا ہے ما بہ عوک یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔
العویکۃ والمعوکۃ: لڑائی۔
المعاک: جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔
عال یعول عولاً فی حکمہ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا۔ یعول عولاً وعال یعیل عیلاً فی المیزان: خیانت کرنا۔ المیزان: گھٹنا۔
أمر القوم: مضطرب ہونا۔ الشیء فلاناً: بھاری ہونا۔ عالت الناقۃ ذنبہا: اونٹنی کا دم اٹھانا۔
عال یعول عولاً وعیالۃ: کثیر العیال ہونا
عال یعول عولاً وعیالۃ وعولاً الرجل عیالہ: اہل وعیال کے معاش کی کفالت کرنا۔
الیتیم: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے عال عولہ وعیل عولہ یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
عال وعیل صبرہ: صبر جاتا رہنا
الرجل: محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔
أعال إعالۃ وأعول إعوالاً وأعیل إعیالاً الرجل: بہت اولاد والا ہونا۔ أعال الرجل: محتاج ہونا۔ أعال وأعیل: حریص ہونا۔ صفت معول ومعیل أعال عیالہ: اہل وعیال کے معاش کیلئے کافی ہونا۔
أعول: چیخ کر رونا۔ أعولت القوس: کمان کا آواز کرنا۔ أعول الرجل: حرص کرنا۔ علی فلان: ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
عوّل: چیخ کر رونا۔ علی فلان وبہ: مدد مانگنا بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے عوّل علیّ بما شئت یعنی تم جو چاہو مجھ سے مدد لو۔ اور عوّل علیہ معولاً کہا جاتا ہے اور تعویلاً نہیں کہا جاتا اور اسم العول ہے اور کہا جاتا ہے عولنا إلی فلان فی حاجتنا فوجدناہ نعم المعول یعنی ہم نے فلان کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔
عیّل تعییلاً عیالہ: اہل وعیال کے معاش کے لئے کافی ہونا۔
إعتول إعتیالاً: چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے مالہ عال ولا مال یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
العول العولۃ والعویل: چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ العول: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل وعیال کی خوراک مدد طلب کیا ہوا۔

العَوَل - بھروسہ - اعتماد - مدد طلب کرنا
عمدہ - کہا جاتا ہے فُلَانٌ عَوَلٌ مِنَ النَّاسِ یعنی
لوگوں میں فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے
العَالَۃ - بٹر مرغ - بارش سے بچنے کے
لئے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی -
عَیْلُ الرَّجُل : گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ
واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ہو
عِیَال و عَیَائِل و عَالَۃ -
المِعْوَل - کدال ہو مَعَاوِل -
المُعَوَّل - جس سے فریاد کی جائے - جس پر
بھروسہ کیا جائے -
عَامَ یَعُوْمُ عَوْمًا فِی المَاءِ : تیرنا صفت
عَائِم - عَامَتِ السَّفِیْنَۃُ فِی المَاءِ : کشتی کا چلنا -
عَامَ الزَّمَامُ : لگام کا ہلنا - عَامَتِ النُّجُوْمُ :
ستاروں کا چلنا -
عَوَّمَ - کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا - عَوَّمَ
السَّفِیْنَۃَ - کشتی چلانا - کھینا — الکَرْمُ : درخت
خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا -
عَوَّمَتْ وَعَاوَمَتِ النَّخْلَۃُ : درخت خرما
کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا - عَامَ فُلَانٌ فُلَانًا
ایک سال کیلئے کرایہ پر معاملہ کرنا -
اَعْوَمَ اِعْوَامًا - ایک سال کا ہونا - سال کے
اوّل میں ہونا -
العَام - جمع عَامَۃ کی - دن سال - ہو اَعْوَام
تصغیر عُوَیْم - نسبت کے لئے عَامِیّ -
العَامَۃ - عمامہ کا بیچ - سوار کا سر جو میدان
میں دور سے نظر آئے - گھنٹی - العَامَۃ : کٹی
ہوئی کھیتی کے جمع کئے ہوئے گٹھے ہو عَامٌ -
العُوْمَۃ - پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا -
ایک قسم کا سانپ ہو عُوْم -
العَوَّام - عَامٌ کا مبالغہ - تیز رفتار گھوڑا -
العَوَّامَۃ - بانسی کی ڈوری کی دو لکڑی وغیرہ
جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ
ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے -
العُوَّام - سوار کا سر جو میدان میں دور سے
نظر آئے - کہا جاتا ہے لَقِیْتُہٗ ذَاتَ العُوَیْم یعنی
میں سالوں میں کسی سال ملا -
المُسْتَعَام - جہاز - کشتی -
عَانَتْ تَعُوْنُ عَوْنًا المَرْأَۃُ : عورت ادھیڑ
عمر کی ہونا -
عَوَّنَہٗ تَعْوِیْنًا وَعَاوَنَہٗ مُعَاوَنَۃً وَعِوَانًا
وَاَعَانَہٗ اِعَانَۃً عَلَی الشَّیْءِ : مدد کرنا - عَوَّنَتِ
المَرْأَۃُ : ادھیڑ عمر کی ہونا - اَعَانَہٗ مِنْہُ : اس نے
اس کو اس سے خلاصی دی -
تَعَاوَنُوْا وَاعْتَوَنُوْا - القَوْمُ : ایک دوسرے
کی مدد کرنا -
اِسْتَعَانَ - فُلَانًا وَبِفُلَانٍ : مدد طلب کرنا
العَوْن مم مددگار - مددگار - خادم (واحد
جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) ہو اَعْوَان
العَانَۃ - گدھی - گورخر کا ریوڑ پیڑو - ہو
عُوْن و عَانَات -
العَوَان - بارش شدہ زمین جنگ جس میں
بار بار لڑائی ہو - الحَرْبُ العَوَان : سخت جنگ
العَوَان : ادھیڑ عمر کا - ہو عُوْن -
العَوَانَۃ - کھجور کا لمبا درخت - ریت کا ایک
کیڑا - ایک جانور جو سیہی سے چھوٹا ہوتا ہے -
المَعَانَۃ والمَعُوْنَۃ والمَعُوْن مدد -
المِعْوَان - بہتر مددگار - بہت مددگار -
ہو مَعَاوِیْن -
المُتَعَاوِنَۃ - بوڑھی عورت -
عَاهَ یَعُوْهُ عُوْهًا وَعِیْهًا الزَّرْعُ : کھیتی کا
آفت رسیدہ ہونا — الرَّجُل : آفت رسیدہ کھیت یا
جانوروں کا مالک ہونا - صفت عَائِہٌ وَعَاہٌ وَعَاهٌ
وَاَعْوَہُ -
عَوَّهَ الرَّجُلُ : آفت پہنچانا (— وَاَعَاہَ وَاَعْوَہَ
اِعَاہَۃً وَاِعْوَاہًا وَتَعْوِیْہًا وَتَعْوِیْهًا) آفت رسیدہ
کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا - عَوَّهَ القَوْمُ :
کچھ دیر سونے کیلئے سفر میں ٹھہر جانا - عَوَّهَ عَلَیْہِمْ
ٹھہرنا - اقامت کرنا -
العَاهَۃ - آفت - اَہْلُ العَاهَات - آفت رسیدہ
لوگ -
المَعْیُوْہ والمَعْوُوْہ والمَعِیْہ مِنَ المَوَاشِی
وغیرہا - آفت رسیدہ -
عَوَی یَعْوِی عُوَاءً وَعِیَاءً وَعَوَّۃً وَعِوَیَّۃً
الکَلْبُ او الذِّئْبُ وابن آوی : بھونکنا - کہا جاتا ہے
فُلَانٌ مَا یَعْوِی وَمَا یَنْبَحُ جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا
ہے — القَوْمُ اِلَی الفِتْنَۃِ : بلانا (— وَعَوَی)
یَعْوِیَہٗ عَیًّا : عَنِ الشَّیْءِ : باز رکھنا (— وَعَوَی)
القَوْسَ وَنَحْوَہَا : کمان کو جھکانا — الحَبْلَ او الشَّعْرَ :
رسی یا بال کو موڑنا — عَنِ الرَّجُلِ : جواب دینا
اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا -
اِعْتَوَی اِعْتِوَاءً الشَّیْءُ : موڑنا - الکَلْبُ
کُتّے کا بھونکنا -
عَاوَی - الکِلَابَ مُعَاوَاۃً - بھونک کر کتے
کو اکسانا -
تَعَاوَی تَعَاوِیًا القَوْمُ عَلَی فُلَانٍ : کسی پر ہجوم
کرنا -
اِنْعَوَی اِنْعِوَاءً - مڑنا -
اِسْتَعْوَی اِسْتِعْوَاءً القَوْمَ : فریاد کرنا -
فتنہ پر ابھارنا — ہٗ : بھونکوانا -
العَوَّاء - بہت بھونکنے والا کتا -
العَوَّۃ مم - آواز - شور (— العُوَّۃ) چوتڑ
المُعَاوِیَۃ - کتیا - لومڑی کا بچہ -
عَابَ یَعِیْبُ عَیْبًا الشَّیْءَ : عیب دار بنانا
صفت فاعل عَائِب اور صفت مفعول مَعِیْب وَمَعْیُوْب
فُلَانًا : عیب کی طرف منسوب کرنا - عَابَ
الشَّیْءُ : عیبناک ہونا - صفت عَائِب -
عَیَّبَ وَتَعَیَّبَ الرَّجُلُ : عیب کی نسبت
کرنا — الشَّیْءَ : عیب دار بنانا -
تَعَایَبَ - القَوْمُ : ایک دوسرے کا عیب
بیان کرنا -
العَیْب مم - برائی - ہو عُیُوْب -
العَیْبَۃ - ایک مرتبہ عیب جوئی - العَیْبَۃ
چمڑے کی زنبیل - کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا
صندوق - ہو عَیْب و عِیَاب و عِیَبَات و اَلْعِیْبَۃ

غَيْرَ زَيْدٍ: بعید کی جگہ۔
الْعَابُ۔ عیب۔ برائی۔
الْعَيْبُ وَالْعَيَابَةُ وَالْعُيُوبَةُ۔ بڑا عیب جو
الْمَعَابُ وَالْمَعَابَةُ۔ عیب۔ برائی۔ یہ
مترادف۔
الْعَيِّبُ وَالْمَعْيُوبُ۔ عیب دار۔
الْمُعَيِّبُ۔ زنبیل بنانے والا۔
غَابَ يَعِيبُ عَيْبًا وَعُيُوبًا وَعَيَبَانًا
الشَّيْءَ: فاسد کرنا۔ فی مَالِهِ: فضول خرچی کرنا اور
فوج کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر غَيْبَان
صفت مؤنث غَيْبَى۔
غَيَّبَ۔ اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا۔ اور
کہا جاتا ہے۔ غِبْ يَفْعَلْ كَذَا یعنی وہ ایسا کرے گا۔
تَغَيَّبَتِ الْإِبِلُ: سیرابی سے کم پینا۔
الْغُيُوثُ وَالْغَيَّاثُ۔ بہت زیادہ فساد
کرنے والا (۔۔ وَالْغَائِثُ) شیر۔
الْغَيْثَةُ۔ ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین
غَاثَهُ يَغِيثُهُ غَيْثًا بِالشَّيْءِ: پروا کرنا۔ کہا
جاتا ہے لَا أَغِثُّ بِكَلَامِهِ یعنی میں اس کی گفتگو
کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا غِثْتُ بِالشَّيْءِ: یعنی میں اس
شے سے ضَرَبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا غِثْتُ بِهِ یعنی میں
نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ
منفی ہی مستعمل ہوتا ہے)
غَارَ يَغِيرُ غَيْرًا۔ حیرانی کیساتھ آنا جانا۔۔
الْفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی
چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم الْغَيَارِ۔۔ فُلَانًا: عیب
لگانا۔ غَارَتِ الْقَصِيدَةُ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔
غَيَّرَ فُلَانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل
کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ غَيَّرَهُ كَذَا وَغَيَّرَهُ
بِهَذَا يُغَيِّرُ إِنَاءً: کانی والا ہونا۔
غَايَرَهُ وَمُغَايَرَةً وَغِيَارًا: الْمُكَايَلَةُ وَالْمِيزَانُ
میں فرق کرنا۔ جانچنا۔ غَايَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے
پر عار کرنا۔
أَغَارَ إِغَارَةً: الْفَرَسُ: چرنے کے لئے
چھوڑنا۔ مٹا کرنا۔

تَعَايَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب
بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
الْعَارُ۔ عیب۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے
انسان کو شرم آئے ہو اَعْيَار۔
الْعَيْرُ مع۔ گدھا یا گورخر۔ اور گورخر کے معنی میں
زیادہ مستعمل ہے ہو اَعْيَار وَعِيَار وَعُيُور وَعُيُورَة
وَعِيَارَات مؤنث عَيْرَةٌ: العِیر: ہری بھری چیز
آنکھ کی پتلی یا پلک، کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج
کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔
ڈھول۔ عَيْرُ الْقَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا
حصہ۔ عَيْرُ الْمَفْصِلِ: تیر کے پھل کا درمیانی حصہ
عَيْرُ الْوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔
الْعِيرُ۔ قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں
پر بولا جانے لگا ہو عِيرَات وعِيرَات۔
الْعَائِرُ فا: حیران۔ مزدور۔ چکر لگانیوالا سَهْمٌ
عَائِرٌ: جس تیر کا چلانے والا معلوم نہو۔ شَاةٌ عَائِرَةٌ:
بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کہ کدھر جائے۔
الْعِيَارُ: جمع عَيْرٌ۔ عِيَارُ الشَّيْءِ: ہر چیز کا اندازہ
ہر عِيَارَات عِيَارُ الدَّرَاهِمِ أَوِ الدَّنَانِيرِ: دراہم
اور دنانیر کا ٹھپہ۔
الْعَيَّارُ۔ بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔
فَرَسٌ عَيَّارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
الْمِعْيَارُ۔ کسوٹی۔ ہو مَعَايِيرُ۔
الْمُعَارُ۔ مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑا جو فوج سوار کے
راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔
الْمَعَايِبُ۔ عیوب۔
الْمُسْتَعِيرُ۔ جوگھے کے شابہ ہو۔ موٹا
گھوڑا۔
أَغْيَسَ إِغْيَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا
خشک ہونا۔
تَعَيَّسَتِ الْإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔
الْعَيْسُ الْعِيسَةُ۔ بھورے رنگ کا اونٹ
الْعِيسُ۔ بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد
مذکر أَعْيَسُ واحد مؤنث عَيْسَاءُ۔ الْعِيسُ: عمدہ
قسم کے اونٹ۔ الْعَيْسَاءُ: مادہ ٹڈی۔

عِيسَى۔ عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی کا ہے
نسبت کے لئے عیسوی اور عیسی۔
عَاشَ يَعِيشُ عَيْشًا وَعَيْشَةً وَمَعَاشًا
وَمَعِيشًا وَمَعِيشَةً وَعَيْشُوشَةً۔ زندہ رہنا
عَيَّشَهُ وَأَعَاشَهُ وَأَعَاشَهُ۔ زندہ رکھنا۔
عَايَشَهُ۔ ساتھ زندگی بسر کرنا۔
تَعَيَّشَ۔ اسباب زندگی کیلئے کوشش کرنا۔
تَعَايَشُوا۔ بِالْأُلْفَةِ وَالْمَوَدَّةِ: محبت و پیار
سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
الْعَائِشُ فا: کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ"
اس کی حالت اچھی ہے۔
الْعَيْشُ۔ مع زندگی۔ کھانا۔ روٹی (۔۔
وَالْعِيشَةُ) زندگی کی حالت۔
الْعَيَّاشُ۔ روٹی بیچنے والا۔ کھانا بیچنے والا
عَائِشٌ کا مبالغہ۔
الْمَعَاشُ وَالْمَعِيشَةُ۔ کھانے پینے کی
جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ
الْمَعَاشُ۔ زندگی کے گذران کے ڈھونڈنے کا
وقت یا زمانہ ہو مَعَائِشُ۔
الْمُتَعَيِّشُ فا: جس کے پاس کچھ گذر بسر
کے قابل ہو۔
الْعِيصُ۔ گنجان درخت۔ اچھے درختوں
کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ
عِيصٍ كَرِيمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ہو
أَعْيَاصٌ وَعُيُصَانٌ۔
الْمَعِيصُ۔ درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَتْ تَعِيطُ عَيْطًا۔ الْعُنُقُ: گردن لمبی
ہونا۔
عَيِطَ يَعْيَطُ عَيَطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا
ہونا۔ صفت مذکر أَعْيَطُ اور صفت مؤنث
عَيْطَاءُ ہو رِعْيَطٌ۔
عَيَّطَ تَعْيِيطًا: چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّطَ۔ غضبناک ہونا۔۔ الْقَوْمُ: چیخنا
شور مچانا۔ تَعَيَّطَتِ الْعُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔
تَعَيَّطَ الْعُودُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند

بن جانا۔
العِیاط۔ جمع۔ شور۔
العَائِط فا۔ چھینے والا جو غُوط وعیط وغَیط وغُوطط وعیطات۔ اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہو عَائِطٌ عِیطٌ وغُوطٌ وغُوطَطٌ۔
ہَضْبَۃٌ عَیْطَاءُ اونچا ٹیلہ۔
عَافَ یَعِیفُ ویَعَافُ عَیْفًا وعِیَافًا و عَیَفَانًا۔ الطعام وغیرہ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَافَ یَعِیفُ عِیَافَۃً۔ الطیر: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَتِ تَعِیفُ عَیْفًا الطیرُ: منڈلانا اور اسم عَیْفَۃٌ۔
اَعَافَ اِعَافَۃً۔ القومُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعْتَافَ اِعْتِیَافًا۔ سفر کیلئے توشہ لینا۔
— الطعام وغیرہ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
العَائِف۔ فا۔ شگون لینے والا۔
العَیْفَۃ۔ ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَیْفَۃُ الطائر: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔
العِیفَۃ۔ کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
العَیْفَان والعَیُوف۔ شگون لینے والا نسر عَوَائِفُ مقولین پر منڈلانے والے گدھ۔
العَیْفَان۔ نفرت کرنے کا عادی۔
المَعِیف۔ مکروہ۔
المُتَعَیِّف۔ شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاقَ یَعِیقُ عَیْقًا۔ بمعنے عَاقَ یَعُوقُ عَوْقًا۔
عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیَلًا۔ مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَہ یَعِیلُہ عَیْلًا ومَعِیلًا۔ الشیءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِی مَشْیِہ: ناز وانداز سے چلنا۔

عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیْلُولًا وعُیُولًا فِی الْاَرْضِ: جانا اور پھرنا۔
عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیْلَۃً وعُیُولًا و مَعِیلًا۔ محتاج ہونا۔ صفت فاعل مؤنث عَائِلَۃٌ اسم فَیْلَۃٌ۔ عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَیَّلَ۔ کثیر العیال ہونا — عَیَالَہ: معاش کی کفالت کرنا — القومَ: عیال بنا لینا۔ بیکار چھوڑ دینا — فَرَسَہ: مہمل کر دینا بے کار چھوڑ دینا۔
اَعْیَلَ اِعْیَالًا۔ کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعِیل۔ صفت مؤنث مُعِیلَۃ۔
تَعَیَّلَ فِی الْمَشْیِ: ناز وانداز سے چلنا۔
العَائِل فا۔ محتاج ہو عَالَہٗ وعُیِّل وعِیِّل وعِیَّکی۔
العَیْلَان۔ نر بجو۔
عَیِّل۔ الرَّجُل: گھر کے لوگ جو عَیَائِل۔
عَیْلَۃُ الرَّجُلِ وعَائِلَتُہ۔ گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے: اَصْبَحَتْ اَفَاعِیلَۃً یعنی فقیر ومحتاج ہو گیا۔
العَالَۃ۔ فاقہ۔
العَیَّال۔ ناز سے چلنے والا۔
العِیَالَۃ والمُعَالَۃ۔ للبَرْذَوْن وغیرہ: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَیَّلٌ صاحب عیال۔ اہل وعیال والا۔
عَامَ یَعَامُ ویَعِیمُ عَیْمًا وعَیَمَۃً دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعَامَہ اِعَامَۃً۔ النَّدَّ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔ اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ القومُ: دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِیَامًا۔ عمدہ مال چھانٹ لینا
العَیْمَۃ۔ دودھ کی بہت زیادہ خواہش
العِیمَۃ۔ عمدہ مال۔
العَیَام۔ دن۔ کہا جاتا ہو سَیْرًا العَیَام کُلَّہٗ یعنی سارے دن چلتا رہا۔

العَیْمَان۔ دودھ کا خواہش مند۔ اونٹ یا بھی ہو عَیْمَانِی۔
عَانَ یَعِینُ عَیْنًا۔ الرَّجُل: نظر لگانا۔ صفت عَائِن۔ صفت مفعول عَیِین ومَعِیُون۔
عَیْنًا وعَیَانًا وعَیَنَانًا) المَاءُ والدَّمْع: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ حَفَرْتُ حَتَّی عُنْتُ یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(— عِیَانَۃً) القومُ: خبر لانا — علی القوم جاسوس بننا۔
عَانَ یَعِینُ عَیَنًا وعِینَۃً۔ آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَانَ تَعْیِینًا۔ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا — التاجرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدہ پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا — العَیْن: عین کو لکھنا — اللُّؤْلُؤَۃ: بیندھنا القِرْبَۃ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں — الحَرْبَ بَیْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا — الشَّیْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا — فُلَانًا: برائیوں کو روک دینا — علی فُلَانٍ: جاسوسی کرنا — عَلَی السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا — الشَّیْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہو مَا عَیَّنَنِی لَہٗ بِشَیْءٍ وَمَا عَیَّنَنِی شَیْئًا یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
اَعَانَ اِعَانَۃً۔ دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہو حَفَرْتُ حَتَّی اَعَنْتُ یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ وَمَا اَعْیَنَہٗ وہ کتنا بد نظر ہے۔
عَایَنَہٗ عِیَانًا ومُعَایَنَۃً۔ خود دیکھنا معائنہ کرنا۔
تَعَیَّنَہٗ: نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلُ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْءَ: دیکھنا — الجِلْدَ: کھال کا آبلہ دار ہونا — الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کیلئے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْہِ الشَّیْءُ معین چیز لازم ہونا — السِّقَاءُ: کثرت کی وجہ سے

بڑے چھوٹے ڈاڑے پڑ جانا۔
اَعَانَ۔ الشَّیْءَ: عمدہ لے لینا۔ ادھار لینا۔ اَعَانَ الْقَوْمَ: خبر لانا — لِفُلَانٍ مَنْزِلاً: تلاش کرنا۔
اَلْعَائِنُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "وَشَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے پانی سے پیا۔
اَلْعَائِنَۃ۔ مؤنث عائن۔ کہا جاتا ہے۔ "اَوَّلُ عَائِنَۃٍ وَاٰخِرُ عَائِنَۃٍ" یعنی ہر چیز سے پہلا اور پچھلا ہی فلاں: مال و محافظین مال۔
اَلْعَیْن مع۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے اور پانی وغیرہ جمیع سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کما مؤنث ہے جمع اَعْیُنٌ وَعُیُوْنٌ وَاَعْیَانٌ وجمع اَعْیُنَاتٌ۔ اور تصغیر عُیَیْنَۃٌ۔
اَلْعَیْن۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان حیوانی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں خالص و واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِہٖ" یعنی حق خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ "نَفِیْسٌ ذَاتُ عَیْنٍ" جمنڈا۔ عَیْنُ الْاِبْرَۃِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ روپے کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود ملت کی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ بِعَیْنِہٖ" او بِعَیْنِہٖ۔ سود۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا سردار اول۔ اَلْعَیْنِیَّۃ یا شماع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی سے کھیت کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ اَلْاَعْیُن ہر اَعْیُنٌ وعُیُوْنٌ۔ ترازو کا ٹھکاؤ۔ اَلْعَیْن۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا عَیْنٌ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے ادبزگجہان ہے "ھٰذَا اَدْمِیٌّ عَیْنٌ" یعنی وہ دکھاوے کا خادم ہے "نَقِیْضَۃُ عَیْنٍ عُنَّۃٌ" ہر اسکو ایسی چیز میں لاؤ اس نے مجھے نہیں دیکھا و "نَقِیْضَۃُ عَیْنٍ" ہر اس نے اس سے سب سے پہلے "اَوَّلُ الْاَثَرِ بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "عَاذَ خَبْرًا بَعْدَ عَیْنٍ" ذات علی عینی "تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے" "مَا ہُوَ عَرْضَ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے۔ "فَعَلَہٗ عَلٰی عَیْنٍ وَعَلٰی عَیْنَیْنِ وَعَمْدَ عَیْنٍ وَعَمْدَ عَیْنَیْنِ وَعَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی "وَفَقَاَ عَیْنَہٗ" یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَوَّمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔
اَلْعِیْن۔ نیل گائے۔
اَلْعَیَن مع۔ اہل شہر۔ جماعت۔
اَلْعِیَان مع۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَہٗ اَوْرَاہُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اسکو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں
اَلْعِیَان ہل کا پھل ہر عُیُوْن و اَعْیُنَۃ۔
اَلْعِیْنَۃ۔ عمدہ مال۔ عَیْنَۃُ الْخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ اَلْعِیْنَۃُ مِنَ النَّعْجَۃِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِیْنَۃُ الْحَرْبِ: مادہ جنگ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبُ عِیْنَۃٍ: خوشنما کپڑا۔ بَیْعُ الْعِیْنَۃِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔
اَلْعِیَانِیُّ مِنَ الشُّہُوْدِ: یعنی گواہ۔
اَلْعَیْنِیَّۃ۔ عین کی طرف منسوب۔
اَلْعَیُوْن۔ بہت نظر لگانے والا۔ ہر عِیْن و عُیُن۔
اَلْاَعْیَن۔ وہ شخص جس کی پلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَیْنَاء ہر عِیْن۔ اَلْاَغْیَن: جنگلی بیل۔ اَلْعَیْنَاء: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔
اَلْمُعَایَنَۃ مع۔ برادری۔
اَلْمَعَان۔ منزل۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ مِنْکَ بِمَکَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

اَلْعَیَّان وَالْمِعْیَان۔ بہت نظر لگانے والا۔
اَلْمَاءُ الْمَعِیْن وَالْمَعِیُوْن۔ جاری پانی۔
عَیْنٌ مَعِیْنَۃٌ: بہت پانی والا چشمہ۔
اَلْمَعِیْن فَانِی الْہِنْدَسَۃِ "شکل مسطح متساوی الاضلاع۔
اَلْمُعَیَّن مغ۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ بَیِّنَۃٌ مُعَیِّنَۃٌ وَمُعَیَّنَۃٌ" یعنی بیت ظاہرہ۔
اَلْمُعْتَان۔ گھاس پانی تلاش کرنیوالا۔
عَاہُ یَعِیْہُ عَیْہًا آفت پہنچا۔
اَلْعَاہِکَۃ۔ شور۔ چیخ۔
اَلْعَاہَۃ۔ آفت۔
اَرْضٌ مَعْیُوْہَۃ۔ آفت رسیدہ زمین
عَیَّ یَعِیُّ وَعَیِیَ یَعْیَی عَیًّا وَعَیَاءً بِاَمْرِہٖ وَعَنْ اَمْرِہٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا — الْاَمْرُ: جاہل ہونا۔
عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا۔ فِی الْمَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیٌّ وَعَیِیٌّ۔
عَیًّا تَعْیِیَۃً وَعَایَا مُعَایَاۃً۔ الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا مَعَایَۃً: پیچیدہ گفتگو کرنا۔
اَعْیَا اِعْیَاءً الْمَاشِیُ: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاہُ: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا — الْاَمْرُ عَلَیْہِ: عاجز بنا دینا۔
تَعَایَا الْاَمْرُ عَلَیْہِ وَتَعَیَّا عَلَیْہِ وَتَعَایَاہُ۔ عاجز کرنا۔
تَعَایَا وَتَعَیَّا وَاسْتَعْیَا بِالْاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔
اَلْعَیَاء مع۔ عاجزی۔ وَاَرْضٌ عَیَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔
اَلْعَیُّ۔ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ہر اَعْیَاء۔
اَلْعَیِیّ تھکنے والا گفتگو میں عاجز ہر اَعْیِیَاء و اَعْیِیَۃ
اَلْعَیَّان۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔
اَلْاُعْیِیَّۃ۔ پیچیدہ کلام۔
اَلْمُعْیِی۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا ۔ غَبًّا: ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّتْ عَلَیْہِ الْحُمّٰی بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّ عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا ۔ الرَّائِیْ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا ۔

غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَۃً ۔ الطَّعَامَ کھانے کا باسی ہونا ۔ بدبودار ہونا ۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرُ: کاموں کا انتہا کو پہنچنا ۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا الْمَاشِیَۃُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دیکر پانی پینا ۔ صفت غَابَّۃٌ ہر غَوَابَّ وغَابَّات ۔

اَغَبَّ ۔ الْمَاشِیَۃُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دیکر پانی پلانا ۔ الْقَوْمُ: ایک دن ناغہ دیکر ملاقات کو آنا ۔ اَغَبَّتِ الْحُمّٰی وَاَغَبَّتْ عَلَیْہِ: تیسرے دن بخار آنا ۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا ۔ عِنْدَہٗ: رات بسر کرنا ۔

غَبْغَبَ ۔ الشَّیْءُ: فاسد ہونا ۔ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا ۔ غَنَمَہٗ: دفع کرنا ۔ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا ۔

الْغَابُّ ۔ فا ۔ باسی گوشت ۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ ۔

الْغِبُّ ۔ م ۔ نتیجہ انجام ۔ بمعنے بعد ۔ حُمّٰی الْغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے ۔ مَاءُ غِبٍّ: دور کا پانی ہر اَغْبَاب ۔

الْغُبَّۃُ ۔ لہر جو کنارے سے ٹکرائے ۔ پست زمین ۔ ہر اَغْبَاب وغُبُوْب وغُبَّان ۔

الْغُبَّۃُ ۔ زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان

الْغَبَبُ ۔ مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت ہر اَغْبَاب ۔

الْغَبِیْبُ ۔ باسی گوشت ۔ چھوٹی ٹہنی پہاڑی یا زمینی ۔

الْغَبِیْلَۃُ ۔ صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے ۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے ۔

التَّغْبِیْتَۃُ ۔ جھوٹی شہادت ۔

الْمُغِبُّ ۔ شیر ۔

الْمُغِبَّۃُ ۔ انجام ۔

الْمُتَغَبِّبُ ۔ انجام کا انتظار کرنے والا ۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا ۔ الْجُبْنَ بِالسَّمْنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا ۔

اِغْبَثَّ ۔ مٹیالا رنگ کا ہونا ۔ صفت اَغْبَثُ الْغُبْثَۃُ ۔ مٹیالا رنگ ۔

غَبَجَ (س ض) غَبْجًا ۔ الْمَاءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا ۔

الْغُبَجَۃُ ۔ گھونٹ ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا ۔ گذرنا ۔ ٹھہرنا ۔ گرد آلود ہونا ۔

غَبَرَ (س) غَبْرًا ۔ الْجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا ۔ اور پھر ٹوٹ جانا ۔ صفت غَابِرٌ غبار لگنا ۔

غَبَّرَ ۔ غبار اڑانا ۔ الشَّیْءَ: غبار میں لتھیڑنا الرَّجُلُ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا ۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے ۔ غَبَّرَنِیْ وَجْہَ فُلَانٍ اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا ۔

اَغْبَرَ ۔ غبار اڑانا ۔ گرد آلود ہونا فِی الْاَمْرِ: سعی کوشش کرنا ۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا

اِغْبَرَّ ۔ گرد آلود ہونا ۔ الْیَوْمُ: بہت غبار والا ہونا ۔

الْغُبَارُ ۔ چیز کا بقیہ ہر اَغْبَار ۔

الْغُبْرُ ۔ چیز کا بقیہ ہر غُبْرَات ۔ کہا جاتا ہے غُبْرَ الْمَرَضِ یعنی مرض کا بقایا ۔

الْغُبْرَۃُ ۔ خاکستری رنگ ۔

وَالْغُبَرَۃُ ۔ وَالْغُبَارُ ۔ مٹی ۔ خاک ۔

الْغَبَرُ ۔ بقاء ۔ دَاهِیَۃُ الْغَبَرِ منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت ۔ مبق ۔

الْغَبْرَۃُ ۔ گرد ۔ غبار ۔

الْغَبِیْرُ ۔ گرد غبار ۔ ناسور ۔ جُرْحٌ وَدَابَّۃٌ خراب شدہ زخم ۔

الْاَغْبَرُ ۔ خاکستری رنگ والا ۔ جیسے بیمار والا کہا جاتا ہے لَا یُغَبِّرُ عَنْکَ عِزُّ الدُّنْیَا فَاَنْتَ اَغْبَرُ عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانوروں کا ہر غبر ۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل کہا جاتا ہے اَلْجُوْعُ الْاَغْبَرُ وَالْمَوْتُ الْاَحْمَرُ ۔

الْغَبْرَاءُ ۔ مؤنث اَغْبَرُ ۔ مادہ چکور ۔ زمین کہا جاتا ہے مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ فُلَانٍ مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا نہ زمین نے اٹھایا ۔ بَنُوْ غَبْرَاءَ وَبَنُوْ الْغَبْرَاءِ: فقیر

سَنَۃٌ غَبْرَاءُ: خشک سال ۔

الْغُبَیْرَاءُ ۔ چینا کی شراب ۔ ایک قسم کا

الْغُبْرَانُ ۔ ایک غلاف میں دو کھجور ۔

الْغَابِرُ ۔ فا ۔ گذرا ہوا ۔ باقی ۔ کہا جاتا ہے مُوْغَابِرُ بَنِیْ فُلَانٍ وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے ۔ غَبَرَ وَغَابِرُوْنَ ۔ غُبَارُ الشَّیْءِ: چیز کا بقیہ ۔ غَابِرُ اللَّیْلِ رات کا آخری حصہ ۔ غَبَرُ النَّاسِ: رتبہ کے لحاظ سے آخری ۔

الْغَوْبَرُ ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔

الْمِغْبَارُ ۔ مِنَ النَّخْلِ وَغَیْرِہَا: گرد آلود درخت خرما وغیرہ ۔

الْمُغَبِّرَۃُ ۔ وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے ہیں

غَبَسَ (ن) غَبْسًا وَاَغْبَسَ وَاغْبَاسَ وَاغْبَاسَّ ۔ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا ۔ صفت (اَغْبَسُ) ہر غبس ۔ اَغْبَسُ الشَّیْءِ: خاکستری رنگ کا ہونا ۔

الْغَبَسَۃُ وَالْغَبَسُ ۔ خاکستری رنگ ۔ رات کی ابتدائی تاریکی ۔

غَبَشَ (س) غَبْشًا وَاَغْبَشَ ۔ اللَّیْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا ۔

تَغْبِيشٌ۔ دھوکا دینا ظلم کرنا جھوٹا دعویٰ کرنا
الْغَبَّاشُ۔ دھوکا باز۔ فریبی، ظالم۔
الْغَبَشُ۔ رات کا بقیہ۔ آخری رات کی تاریکی ج اَغْبَاش۔
الْغُبْشَةُ۔ رات کا بقیہ۔ لیلٌ (لَیْلٌ) اَغْبَشُ تاریک رات۔ وَلَیْلَةٌ غَبْشَاءُ ہم غَبَش
غَبِصَتْ (س) غَبَصًا۔ اَلْعَیْنُ: ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔
الْغَبَصُ۔ آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے فِی عَیْنِہٖ غَبَصٌ اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔
غَبَطَ (ض) غَبْطًا۔ اَلْکَبْشُ: مینڈھے کا مرنا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
غَبَطَہٗ (ض) وغَبَطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَةً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ہم غِبْطَةٌ۔ غِبْطَةٌ۔ رشک دلانا۔
اَغْبَطَ۔ اَلسَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا جاتا ہے اَغْبَطَ عَلَیْنَا الْمَطَرُ۔ اَلنَّبَاتُ: زمین کو اچھا لینا۔ اَغْبَطَتِ الْحُمّٰی عَلَیْہِ بخار کا لگاتار رہنا
اِغْتَبَطَ وَاغْتَبَطَ۔ خوشی اور اچھی حالت میں رہنا۔
اَلْغَبَطُ وَالْغَبِطُ۔ کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج غُبُوط۔
اَلْغَبَطَةُ۔ جس مال، خوش، رشک، پادری کا لقب۔
اَلْغَبِیطُ۔ کچا وہ پست زمین جسکے دونوں طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے۔ ہم غُبُطٌ۔
اَلْغُبُوطُ۔ مِنَ النُّوقِ: اونٹنی جس کی چربی نچڑ جانے سے ڈولے ہوئے معلوم نہ ہو۔
غَبَاءٌ (غَبْیٌ) لگاتار برسنے والا بادل۔ اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین
اَلْغَبَبُ۔ گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے لٹکتا ہوا گوشت۔
غَبَقَہٗ (ن س) غَبْقًا وغَبَقَةً شام کو پینے کی چیز پلانا غَبَقَ الْغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا دوہنا۔
اِغْتَبَقَ۔ شام کو پینے کی چیز پینا ——
اَلْمُغْتَبِقُ: شام کے وقت شراب پینا —— وَتَغَبَّقَ النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (اَلْغَبُوقُ) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔ وہ جو شام کو دوہا جائے (اَلْغَبُوقُ وَالْغَبُوقَةُ) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ہم غَبَائِقُ۔ تم کہتے ہو لَقِیتُہٗ ذَا صَبُوحٍ وَذَا غَبُوقٍ یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔
اَلْغَبَقَةُ۔ وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں۔
اَلْغَبَقَانُ۔ شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَبَقَانٌ اِمْرَأَةٌ غَبَقَى ہم غَبَاقَى۔
غَبَنَہٗ (ن) غَبْنًا۔ اَلثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا —— اَلرَّجُلَ: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو —— اَلطَّعَامَ: کھانے کو حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔
غَبَنَہٗ (ن) غَبْنًا وغُبْنًا۔ فِی الْبَیْعِ او الشِّرَاءِ: دھوکا دینا —— فُلَانًا: قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت مفعول (مَغْبُونٌ)
غَبِنَ (س) غَبْنًا وغَبَنًا۔ اَلشَّیْءَ وَفِیہِ: بھولنا غلطی کرنا رَجُلٌ غَبِنٌ وَغَبَانَةٌ رَأْیٍ: کم سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا۔
تَغَابَنَ۔ بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔
اِغْتَبَنَ۔ اَلشَّیْءَ: بغل میں چھپانا۔
اَلْغَبْنُ وَالْغَبَنُ۔ ہم۔ خرید و فروخت میں دھوکا —— وَالْغَبَانَةُ۔ کند ذہنی۔ بھول چوک
اَلْغُبْنُ: کپڑے کی کترن۔
اَلْغَابِنُ۔ فا۔ کام سستی کرنیوالا۔ کام چور
اَلْغَبِینُ وَالْمَغْبُونُ۔ کم سمجھ۔
اَلْغَبِیبَةُ۔ دھوکا۔
اَلْمُغَابَنَةُ۔ خرید و فروخت میں نقصان۔
اَلْمَغْبِنُ۔ بغل جسم کی لوٹ ہم مَغَابِنُ۔
غَبِیَ یَغْبَی غَبًا وغَبَاوَةً۔ اَلشَّیْءَ وَعَنْہُ: نا سمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا —— اَلشَّیْءُ عَلَیْہِ: مخفی رہنا —— عَنِ الْخَبَرِ: جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ مِنْہُ الشَّیْءُ: مخفی ہونا۔
تَغَابَی عَنْہُ تَغَابِیًا وتَغَابَاةً۔ غفلت برتنا۔
تَغَبَّاہُ وَاسْتَغْبَاہُ۔ غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔
اَلْغَبَاءُ۔ زمین کی پوشیدگی —— مِنَ التُّرَابِ بلند غبار۔
اَلْغَبْوَةُ وَالْغُبُوَّةُ۔ غفلت۔
اَلْغَبَاوَةُ وَالْغُبِّیُّ۔ جہالت، ناسمجھی غفلت
اَلْغَبِیُّ۔ کم سمجھ جاہل ہم اَغْبِیَاءُ وَاَغْبَاءُ۔
غَبَّی تَغْبِیَةً۔ اَلشَّیْءَ: چھپانا —— اَلشَّعْرَ: بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبَی۔ اَلسَّحَابُ: کم برسانا، بوچھار برسانا۔
اَلْغَبَاءُ۔ مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار۔
اَلْغَبْیَةُ۔ کم کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ: بلند غبار کہا جاتا ہے جَاءَ عَلَی غَبْیَةِ مِنَ الشَّمْسِ یعنی آفتاب کے غائب ہونیکے وقت آیا۔
اَلْاَغْبَی۔ مِنَ الْاَغْصَانِ: گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْیَاءُ۔ ہم غَبْیٌ شَجَرَةٌ غَبْیَاءُ: گنجان درخت۔
اَلْمَغْبَاةُ۔ درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا ہم مَغَابٍ۔
غَتَّہٗ (ن) غَتًّا۔ اَلطَّعَامُ او الْکَلَامُ: خراب ہونا —— اَلشَّیْءُ فِی الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا —— فُلَانًا: غمگین کرنا، گلا گھونٹنا ——
فُلَانًا بِالْاَمْرِ: تھکانا اور غمگین کرنا —— بِالْکَلَامِ: سرزنش کرنا۔ غَتَّ الضَّحِکَ: ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا —— اَلْمَاءَ: برتن کو منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَتَّتْ وَانْتَتَّتْ۔ اَلطَّعَامُ: کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَتَلَ (س) غَتْلًا۔ اَلْمَکَانُ: بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَتِلٌ)

اَغْثَمَ۔ الزِیَارَۃ: زیادہ ملاقات کرکے ملول کرنا۔
الغَثَم۔ سخت گرمی جس سے دم گھٹے۔
الغَثَمَۃ۔ گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغثَم والغَثَمِی۔ جو اچھی طرح گفتگو نہ کرسکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغثَمُ وقَومٌ غُثمٌ واَغثَامٌ وامرَاۃٌ غَثماءُ"
غَثَتِ (ض۔س) غَثَاثَۃً وغُثُوثَۃً الشاۃ: بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّۃ) ــــ اللحمُ: لاغر ہونا ــــ حَدِیثُ القَومِ ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِیثًا۔ عَلَیہِ الزمان: ناموافق ہونا ــــ الجُرحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَغُثُّ عَلَیہِ شَیءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑے۔
اَغَثَّ۔ دبلا ہونا۔ فاسد ہونا ــــ فِی الکَلَامِ: بیکار گفتگو کرنا ــــ اللحمَ: دبلا گوشت خریدنا۔
اِغْثَثَّ۔ الخَیلُ: موسم بہار کی گھاس پر پھٹنا
تَغَثَّثَ۔ الشَیءُ: کم ہونا۔
اِستَغَثَّ۔ الجُرحَ: علاج کرکے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثّ۔ دبلا۔ من الکَلَامِ: ردی کلام۔
الغَثِیث۔ دبلا۔
غَثِیثُ الجُرحِ وغَثِیثَتُہ: پیپ خون وغیرہ۔
الغَثِیثَۃ۔ بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثرًا۔ المکانُ بالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔
اَغثَرَ۔ الشَجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔
اِغثَارَ۔ الثَوبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغثَر)
الغَثَر۔ کپڑے کا رواں والا ہونا۔
الغُثَر والغَثَرَۃ والغَثراء والغَثِیرَۃ کمینے لوگ۔

الغَثَرَۃ۔ ارزانی و تر و تازگی۔
الغُثَرَۃ۔ سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغثَر۔ سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا مؤنث (غَثراء) ج غُثر۔ زیادہ اون کا کمبل شیر بھیڑیا۔ کیچڑ۔ جاہل۔
المِغثَر والمِغثَار والمِغثُور۔ بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِیر۔
اَرضٌ (مُغثَرِیَّۃٌ) سبزہ سے لہلہانیوالی زمین
غَثَمَ (ن) غَثمًا لَہٗ: یکبارگی عمدہ مال دینا
الغَثِیمَۃ۔ اوجھ کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثَیمَۃ۔ سیاہی مائل سفید رنگ
الاِغثِیم۔ سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغثُوم۔ مخلوط۔
الغَثِیمَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جس میں مڈی پڑتی ہے۔
غَثَا یَغثُو غَثوًا وغُثُوًّا واَغثَی۔ الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا
السَیلُ المَرتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء والغُثَاء۔ جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثَّی یُغَثِّی غَثیًا۔ الوَادِی: زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا ــــ الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغُثُّ غَثیًا وغَثَیَانًا وتَغَثَّتِ النَفسُ: متلی آنا غَثَتِ السَحَابُ بالسَحَابِ: آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثَّی یُغَثِّی غَثیًا۔ الکَلَامَ: مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدُودًا۔ البَعِیرُ: اونٹ کا غدود والا ہونا۔
غَدَّ وغُدَّ وغُدِّدَ واُغِدَّ۔ غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدٌّ)
غَدَّدَ۔ نَصِیبَہٗ: حصہ لینا۔
اَغَدَّ غدود والا ہونا۔ عَلَیہِ: غصہ سے پھولنا۔
الغَدَد۔ اونٹوں کا طاعون ج غُدَاد۔
الغُدَّۃ۔ مال کا ایک حصہ سامان ج غُدَاد

(ــ والغُدَّۃ) اونٹوں کا طاعون
الغُدَّۃ۔ سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد و غُدَاد۔
المِغدَاد۔ بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ف۔س) غَدرًا وغُدرَانًا خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا المکانُ: بہت پتھریلا ہونا ــــ عَنْ اَصحَابِہٖ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا ــــ الرَجُلُ: تالاب کا پانی پینا۔
ــــ اللَیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
اَغدَرَہٗ۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی رکھنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغدَرَ اللَیلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَادَرَہٗ غَدرًا ومُغَادَرَۃً۔ چھوڑ دینا باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ۔ پیچھے رہ جانا۔
اِغتَدَرَ۔ الرَجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِستَغدَرَ۔ المکانَ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدِر۔ مص۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَر والغَدِیرَۃ والغَدَاۃ۔ جو چھوڑا جائے۔
الغَدِیر۔ نہر۔ تالاب۔ پانی جسکو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُر و غُدرَان و غُدرَان و اَغدُر۔
الغُدَیرَۃ۔ چوٹی ج غُدَیرَات۔ الغُدَیرَۃ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدرَان۔
الغَادِر۔ فا۔ خیانت کرنیوالا ج غَادِرُون و غُدَرَۃ و غُدَّار مؤنث غَادِرَۃ ج غَادِرَات و غَوَادِر
الغَدَرَاء۔ تاریکی۔ لَیلَۃٌ (غَدرَاءُ و غَدِرَۃٌ و مُغدِرَۃٌ) تاریک رات۔
الغُدَر والغُدَرَۃ والغَدِیر والغَدَّار والغَدُور۔ بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَدُورٌ وامرَاۃٌ غَدُورٌ۔ ج غُدُر۔ اور غدر

کی گالی میں یا غُدُرٌ بمعنے یا غَادِرٌ اور جمع میں یا آلَ غُدَرَ مستعمل ہے۔
یَا غُدَرُ اِرِ۔ مبنی علی الکسرۃ عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَفَانًا۔ لَہٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا ــــ الشَّبَکَۃَ عَلَی الصَّیْدِ: شکار پر جال ڈالنا ــــ البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ــــ المَرْاَۃَ قِنَاعَہَا عَلَی وَجْہِہَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ۔ رِشْوَۃً: زیادہ لے لینا ــــ الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا آنا تاریک ہونا۔
الغَادِف۔ ملاح۔
الغُدَافِ۔ لمبا کالا بال۔ سیاہ باز و۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَان۔
الغَدَف۔ نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ فِی غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَف والغَادُوف چمچہ۔
الغِدَفِل۔ کالا لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِل۔
غَدِقَ (س) غَدَقًا وأَغْدَقَ و اِغْدَوْدَقَ۔ المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا۔ ــــ عَیْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا صفت (غَدِقَۃٌ) اَغْدَقَ العَیْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدُقَ (ض) غَدَقًا المَکَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِق)
تَغَدَّنَ۔ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ۔ النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی ہریالی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ــــ الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ــــ الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غُدَوْدَن)
الغَدَن۔ نیند۔ اونگھ، ڈھیلا پن، سستی ــــ والغُدُنَّۃ۔ نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَان۔ شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِیّ۔ نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو وغُدُوًّا۔ صبح کے وقت جانا۔ جانا اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُو وغُدُوًّا وغُدُوَّۃً و اِغْتَدَی۔ عَلَیْہِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدَی غَدًا وتَغَدَّی۔ صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے حَلَّ لَکَ اَنْ تَتَغَدَّی بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَتَعَشَّی بِنَا یعنی کیا تیرے لئے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّی۔ الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا
غَادَی مُغَادَاۃً۔ الرَّجُلَ: صبح کے وقت آنا
الغَدِ۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو نسبت کے لئے (غَدَرِیٌّ و غَدَوِیٌّ)
الغُدْوَۃ۔ صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی وغُدُوٌّ۔
الغَدَاۃ۔ صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوَات، کہا جاتا ہے ہُوَ ابْنُ غَدَاتَیْنِ یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّۃ۔ بمعنی غُدُوَّۃ وغَدَاۃ ج غَدَایَا وغَدِیَّات۔
الغُدَیَّۃ۔ غَدَاۃ کی تصغیر۔
الغَدَاء۔ صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِیَۃ
الغَادِی۔ فا۔ شیر۔
الغَادِیَۃ مؤنث غَادِی۔ بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ وغَادِیَات۔
الغُدَیَّان۔ صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غُدَیَّا۔
المَغْدَی والمَغْدَاۃ۔ صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا۔ الشَّیْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا
اَفْجَرَ۔ جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مالِ کثیر لانا ـــ اَلْیَنْبُوْعُ: چشمہ جاری کرنا۔ ـــ فُلَانًا: فاجر پانا۔
اِنْفَجَرَ۔ عَلَیْہِمُ الْعَدُوُّ: دشمنوں کی طرف سے کثرت آجانا۔
ـــ وتَفَجَّرَ۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔
ـــ الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا ـــ بِالْعَطَاءِ فیاضی کرنا۔ اِلْفَجْرُ عَنْہُ اللَّیْلُ: رات کا ختم ہونا۔
اِفْتَجَرَ۔ فِی الْکَلَامِ: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا
تَفَاجَرَ۔ القَوْمُ: گناہوں میں منہمک ہونا
الفَجْر۔ بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال وکثرت مال۔
الفَجْر۔ مم۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ فَجْرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔
الفَجْرَۃ۔ فجر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔ "رَکِبَ فَجْرَۃً" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الفُجْرَۃ۔ مِنَ الْوَادِیْ: وادی کا وسیع حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ جمع فُجَرٌ۔
الفُجْرَۃ والمُنْفَجَرَۃ والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُنْفَجَرُ الرِّیْلِ: ریگستان میں راستہ۔
فُجَّار۔ الفجر کا اسم ہے اور معرفہ جیسے فَجَعَتْ بَرَّۃُ وَاخْتَمَلَتْ فُجَارِ" اور عورت کیلئے بھی فُجَارِ بمعنے فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔
الفِجَار۔ کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔
الفَاجِر۔ فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار جادوگر ہو فَاجِرُوْن وفَجَرَۃٌ و فُجَّار۔
الفَاجِرَۃ۔ مؤنث فاجر۔ کہا جاتا ہے۔ "یَمِیْنٌ فَاجِرَۃٌ" یعنی جھوٹی قسم۔
الفُجُوْر۔ زانیہ۔ زانی۔ گناہوں میں منہمک ہو فجور۔
الفَاجُوْر۔ زنا کار۔ گناہوں میں منہمک
فَجَرَ (ن) فَجْرًا۔ تکبر کرنا۔
فَجَسَ (ن) فَجْسًا۔ تکبر کرنا۔ شرارت گھڑنا ـــ فُلَانًا: غالب آنا۔
اِفْجَسَ۔ باطل پر فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ۔ عَلَیْہِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا
فَجَشَ (ن) فَجْشًا۔ سر توڑنا۔ جوڑ ابنانا
فَجَعَہٗ (ف) فَجْعًا وفَجَّعَہٗ۔ دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فَجَعَ فِیْ مَالِہٖ وبِمَالِہٖ" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔
اَفْجَعَہٗ۔ المُصِیْبَۃُ: مصیبت زدہ کرنا۔
تَفَجَّعَ۔ دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے
الفَاجِع۔ فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔

جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ فَاجِعٌ، دردمند عورت۔ رَجُلٌ (فَاجِعٌ و مُفْجَعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس کرنے والا مرد۔

مَوْتٌ فَاجِعٌ و فُجُوْعٌ۔ مصیبت لانے والی موت۔

الفَاجِعَة۔ مصیبت ج فَوَاجِع۔

الفَجِيْعَة۔ مصیبت ج فَجَائِع۔

فَجَلَ (ن) فَجْلًا و فَجَلَ (س) فَجَلًا۔ الشَّيْءُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔

فَجَّلَ۔ الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔

اِفْتَجَلَ۔ الأَمْرَ: ایجاد کرنا۔

اَلْفَاجِل۔ فا۔ بُخاری۔

الفُجَل والفُجُل۔ مُول۔ واحد فُجْلَة۔

الفَجَّال۔ مولی بیچنے والا۔

الأَفْجَل۔ وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دوری ہو۔

فَجِمَ (س) فَجَمًا۔ موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (اَفْجَم)

تَفَجَّمَ و اِنْفَجَمَ۔ الوَادِي: وادی کا کشادہ ہونا۔ فُجْمَة۔ الوَادِي و فُجْمَتُه: وادی کی کشادہ جگہ۔

اَفْجَنَ۔ سُداب کھانے کی مداومت کرنا۔

الفَيْجَن۔ سُداب (ایک قسم کی گھاس)

فَجَا يَفْجُو فَجْوًا۔ البَابُ: دروازہ کھولنا — القَوْسُ: کمان کھینچنا۔

فَجِيَ يَفْجَى فَجًا۔ پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجَى) مؤنث فجواء۔ فجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ الناقة: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا

تَفَاجَى۔ کشادہ جگہ ہونا۔

اِنْفَجَى۔ البَابُ: دروازہ کھلنا — القَوْمُ مِنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القَوْسُ: کمان کھنچ جانا۔

الفَجْوَة۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ ج فَجَوَات و فِجَاء۔

الفَجْوَاء۔ مؤنث اَفْجَى: کشادہ زمین۔

فَجِيَ يَفْجَى فَجًى۔ بمعنے فَجِيَ الوَادِي۔

فَجَّى تَفْجِيَةً۔ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّيْءَ عَنْهُ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

اَفْجَى اِفْجَاءً۔ الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔

فَخَّ (ن ض) فَخًّا و فَخِيْخًا و تَفْخَاخًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا — الأَفْعَى: سانپ کا پھنکارنا۔

فَخَّة۔ الفِلْفِل: مرچ کی تیزی۔

الفُخُّ۔ پھنکارنے والے سانپ

الفَخِيْخ۔ مم صحیح الأَفْعَى: سانپ کے منہ کی آواز۔

فَخَجَ (ن) فَخْجًا۔ تکبر کرنا۔

فَجَجَ (س) فَجًّا و فَجَّةً و فَجَجَ فِي مَشْيَتِهٖ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (اَفَجّ) فَجَّ رِجْلَيْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔

اَفْجَجَ۔ عَنِ الأَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔

تَفَجَّجَ۔ الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔

اِنْفَجَّجَتْ۔ سَاقَاه: کشادہ و بعید ہونا

فَحَسَ (ن) فَحْسًا۔ الشَّيْءَ: مِنَ المَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا جوں کو ہاتھ سے ملنا۔

تَفَحَّسَ۔ فِي مَشْيَتِهٖ: ناز سے چلنا۔

فَحُشَ (ک) فُحْشًا و فَحَاشَةً۔ الأَمْرُ: برا ہونا۔ فَحُشَتِ المَرْأَةُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔

فَحَّشَ بِهٖ: طعن تشنیع کرنا۔

اَفْحَشَ و تَفَاحَشَ۔ بری بات کہنا۔ بُری بات کرنا۔ اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔

تَفَاحَشَ الأَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔

تَفَحَّشَ۔ عَلَيْهِمْ بِلِسَانِهٖ: بدکلامی کرنا۔ گالی سُنانا۔

الفَاحِش۔ قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبْنٌ فَاحِشٌ جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادۃً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رَجُلٌ فَاحِشٌ یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا مؤنث فَاحِشَة۔

الفَاحِشَة۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِش۔

الفَحْشَاء۔ زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔

الفَحَّاش۔ فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَة۔

الفُحْش۔ مم۔ قبیح قول یا فعل۔

المُتَفَحِّش۔ بدزبان بے حیا۔

فَحَصَ (ن) فَحْصًا عَنْهُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا — المَطَرُ التُّرَابَ: بارش کی مٹی کو الٹ پلٹ دینا — التُّرَابَ: کھودنا۔ — بِرِجْلِهٖ: پاؤں سے کھودنا — الظَّبْيُ: ہرن کا تیز دوڑنا — لِلْجَمْرَةِ: روئی کے لئے آگ میں جگہ بنانا۔

فَاحَصَهٗ فِحَاصًا و مُفَاحَصَةً۔ ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔

فَحَّصَهٗ و اَفْحَصَهٗ۔ عَنْهُ: دور کرنا۔

تَفَحَّصَ و اِفْتَحَصَ۔ عَنْهُ: کھود کرید کرنا۔

الفَحْص۔ مم امتحان۔ ہر ہنے کی جگہ ج فُحُوص۔

الفَحْصَة۔ فحص کا اسم مرۃ۔ چاہ زمزم

الفَحِيْص۔ ساتھی کے عیب اور بھید ٹٹولنے میں رہنے والا۔

الفَحَّاص۔ بہت تلاش و جستجو کرنے والا

المِفْحَص۔ گڑھا جو شکوار نے اندڑے دینے کیلئے بنایا ہو ج مَفَاحِص۔ کہا جاتا ہے لَيْسَ لَهٗ مَفْحَصُ قَطَاةٍ۔

الاُخُوص، بمعنے مفصل ہر اُفارِ حِص۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال ترچیز کیلئے آتا ہے جیسے گراہی وغیرہ۔
فَحْفَحَ۔ خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الفَحْفَاحُ۔ وہ شخص جس کی آواز بڑھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَۃٌ۔
فَحِقَ فَحَقًا۔ بین رجلیہ: ٹانگوں کے درمیان کشادہ کرنا۔
اَرْضٌ (فَحِقٌ) کشادہ زمین۔
الفَحَقُ۔ کشادہ ہونا۔
فَحَلَ (ف) فَحْلًا وافْتَحَلَ۔ ابلہ فلانًا رَبَّہٗ: عمدہ سانڈ جفتی کیلئے ڈھونڈنا۔
تَفَحَّلَ۔ سانڈ کے مشابہ ہونا ——— الشجر: درخت کا بے پھل ہونا۔
اسْتَفْحَلَ۔ الأمر: بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا ہے
الفَحْل۔ سانڈ۔ نر ہر حیوان کا ہر مُحَوَّل (مخنی) وفِحَالٌ وفِحَالَۃٌ وفُحُولَۃٌ مُحَوَّل الشعراء: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الفَحْل والفُحَّال۔ نر کھجور ہر فحیل
الفَحْلَۃ من النساء: تیز زبان عورت۔ بے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو
الفَحْلَۃ والفُحُولَۃ والفُحَالَۃ مردانگی
الفَحِیل۔ بمعنے فحل۔ صاحب مروت۔
فُحَیْل: تصغیر۔
فَحِمَ (ف) فَحَمًا۔ جواب سے ساکت ہونا
فَحِمَتْ (ن) فُحُومًا۔ البئر: پانی ٹھہر جانا۔
فَحِمَ (س) وفَحِمَ فَحَامًا وفُحُومًا والفَحْمَۃ: الضبی: بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔
فَحُمَ (ک) فُحُومًا وفُحُومَۃً۔ کالا ہونا۔
فَحَّمَ الشیءَ: کالا کرنا۔
الفَحْمَۃ۔ دلیل دیکر خاموش کر دینا۔

کہا جاتا ہے "فَاجَاہُ فَأَفْحَمَہٗ" و "وَجَدَہٗ مُفْحَمًا" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا۔ یا خاموش پایا۔ یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ———
أَفْحَمَ الرَّجُلُ: عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا ——— الہُمُّ الشاعرَ: غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔
الفَحْم والفَحَم والفَحِیم۔ کوئلہ۔
الفَحْمَۃ۔ کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمۃ اللیل: سخت تاریکی ہر ظلام وقتام۔
الفُحُومَۃ۔ سیاہی۔
الفَحَّام۔ کوئلہ بیچنے والا۔ ہر فَحَّامَۃ۔
الفَحُوم۔ جواب نہ دے سکنے والا۔
الفَاحِم۔ فا۔ ماءٌ فَاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔
الفَاحِم والفَحِیم۔ کالا۔
المُفْحِم۔ فا۔ جواب مفحم: خاموش کر دینے والا جواب۔
المُفْحَم۔ مفعو لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا
المَفْحَمَۃ۔ کوئلہ کی جگہ۔
فَحَا یَفْحُو فَحْوًا وفَحًی۔ بکلا مہ الی کذا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔
الفَحَا والفِحَی۔ مسالہ یا خشک مسالہ ہر اُفحُوان۔
الفَحْوَی والفَحْوَاء والفُحْوَاء۔ من الکلام: مضمون کلام ہر فحاوی۔
فَحَتَ (ض) فَحْتًا وفَحْتَۃً وفَحَتًا۔ رجلاہ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (اَفْحَتُ) مؤنث فَحْتَاءُ ج فُحْتٌ
فَخَرَ (ن) فَخْرًا وفَخَارًا۔ الأمر: خراٹے لینا۔ فَخَرَتِ الأفعی: سانپ کا پھنکارنا ——— الرائحۃ: خوشبو کا بھڑکنا۔
الفَخِذ۔ جمال۔ ہر فَوَاخِذ وفُخُوذ، کہا جاتا ہے وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِذِ الشَّیْطَانِ "یعنی توبہ کر لیا۔
الفَخِذَۃ۔ خراٹے لینے والے کی نیند۔
گندہ عورت۔
فَخَتَ (ف) فَخْتًا۔ السقف: چھت میں سوراخ کرنا ——— رأسَہٗ بالسیف: سر پر تلوار مارنا ——— الشیءَ: کاٹنا ——— الإناءَ: برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
فَخِتَ۔ الفَاخِتَۃ: فاختہ کا کوکرنا۔
تَفَخَّتَ۔ فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔
اِنْفَخَتَ۔ السَّقْفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا
اَلْفَخْت۔ ہم۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔
الفَاخِتَۃ۔ فاختہ ہر فَوَاخِت۔
فَخَجَ (ن) فَخَجًا۔ الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔
——— فلانًا وبہ: ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔
فَخِجَ (س) فَخَجًا۔ حداجدا رانوں والا ہونا۔ صفت (اَفْخَجُ)
فَخَذَہٗ (ن) فَخْذًا۔ ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فَخِذَ: اسکی ران توڑی گئی۔
فَخَّذَ۔ قومَہٗ: قبیلے قبیلے کو پکارنا۔
بَیْنَہُمْ: جداجدا کرنا ——— القومُ عَنْ فُلَانٍ: ہدیہ دینا ——— فلانا: قبیلہ سے بھگا دینا۔
تَفَخَّذَ۔ معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخُّذٌ: کسی کی ران پر ران رکھنا۔
اِسْتَفْخَذَ۔ جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔
اَلْفَخْذ والفِخْذ والفَخِذ۔ ران کلا مؤنث ہے ہر اَفْخَاذ۔
الفَخِذ۔ قبیلہ ہر اَفْخَاذ۔ یہ کلمہ مذکر ہے
فَخَرَ (ن) فَخْرًا وفَخَرًا وفَخَارًا وفَخَارَۃً وفَخِیرِی وفَخِیرَاءُ وافْتَخَرَ۔ فخر کرنا۔ فَخْرَۃٌ: فخر کرنے میں غالب ہونا۔
فَخَرَہٗ (ف) وفَخَّرَہٗ وأَفْخَرَہٗ عَلَی فُلَانٍ فخر کرنے میں فضیلت دینا۔
فَخْرَصَہٗ (س) فَخْرًا وتَفَخَّرَ۔ ننگ کھلنا۔ ناک چڑھانا۔ تکبر کرنا۔
فَاخَرَہٗ فَخَارًا ومُفَاخَرَۃً۔ فخر کرنے میں غالب ہونا۔
تَفَاخَرَ۔ القومُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا۔

اِسْتَفْخَرَ - الشی : قابل فخر سمجھنا - قابلِ فخر بنانا۔
الفَخْر والفَخَر - مم فضیلت بڑائی۔
الفَخْرَة - فخر۔
الفَاخِر - ہر چیز میں کا عمدہ۔
الفِخِّیر والفِخِّیرَة - بہت فخر کرنیوالا تا سالغہ کیلئے ہے۔
الفَخُور والفَخِیر - فخر کرنیوالا الفَخِّیر: فخر کرنے میں مغلوب۔
الفَخَّار - ٹھیکری پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَةٌ)
الفَخَّارِی - ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔
الفَاخُور - ایک قسم کا پھول ہو فیاخیر۔
المَفْخَرَة والمَفْخُرَة - افعال حمیدہ - وہ چیز جس پر فخر کیا جائے - ہو مَفَاخِر۔
فَخِرَ (ف) وفَخِرَ (س) فَخْرًا وفَخَرًا وتَفَخَّرَ: تکبر کرنا - بڑائی ظاہر کرنا۔
الفَخْر: مم فضیلت۔
فَخَشَ (ف) فَخْشًا - الأمر: ضائع کرنا۔
فَخْفَخَ تَفْخِفَةً - الرجل: لغو و باطل کرنا
الفَخْفَخَة - مم کاغذ یا سے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔
تَفَخَّلَ - علم و وقار ظاہر کرنا - عمدہ کپڑے پہننا۔
فَخُمَ (ک) فَخَامَةً - موٹا ہونا عظیم المرتبہ ہونا۔
فَخَّمَهُ - تعظیم کرنا - فَخَّمَ الحُرُوفَ فِی اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔
الفَخْم - عظیم المرتبہ —— مِنَ المَنْطِق: درست بات۔
الفَخَامَة - بڑائی - برتری - الأَفْخَم - اعظم بڑے مرتبہ والا۔
فَدَّ (ض) فَدِیدًا - الرجل، آواز بلند کرنا - دوڑنا —— الطائر: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔
فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے رونڈنا
فَدَّدَ - خرید و فروخت میں چلانا - بکبر و غرور سے چلنا۔
الفَدَّاد - متکبر - بہت چلانے والا - بہت رونڈنے والا - سینکڑوں سے ہزار ایک اونٹوں کا مالک ہو فَدَّادُون - الفَدَّادُون چرواہے - اونٹ والے - گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہو۔
الفَدَّادَة - مؤنث - فَدَّاد - مینڈک بزدل۔
فَدَحَهُ (ف) فَدْحًا - الأمر اد الحمل او الدَّيْن: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔
أَفْدَحَ واسْتَفْدَحَ - الأمر: بوجھل پانا
الفَادِح - مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے نَزَلَ بِهِ أَمْرٌ فَادِحٌ وَرَكِبَ دَيْنٌ فَادِحٌ اس پر امر گرانبار آپڑا - اس پر قرض گرانبار ہوگیا
الفَادِحَة - مصیبت ہو فَوَادِح۔
فَوَادِحُ الدَّهْر: مصائب زمانہ۔
فَدَخَ (ف) فَدْخًا - الشیء: توڑنا
الفَدْخ: تازہ لکڑی توڑنا۔
فَدِرَ (ض) فَدَرًا وفُدُورًا - اللحم المطبوخ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔
فَدَرَ - الحجارة: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔
تَفَدَّرَ - الحجر: پتھر کا ٹوٹنا۔
الفَدْر - پہاڑی بکرا ہو فُدُور۔
الفَدُور - پہاڑی بکرا ہو فُدُر۔
الفَدِر - بیوقوف - جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔
الفِدْرَة - پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا پہاڑ کا ایک حصہ - رات کا ایک ٹکڑا ہو فِدَرٌ
الفُدَرَة - قوم سے علیحدہ رہنے والا - تنہا چلنے والا۔
الفُدُر - چاندی - موٹا لڑکا۔
الفَادِر - پکا ہوا ٹھنڈا گوشت - پہاڑی بکرا علیحدہ رہنے والی اونٹنی ہو فُدُر و فَوَادِر
الفَادِرَة - مؤنث فادر - پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔
المَفْدَرَة - بہت سی پہاڑی بکریوں کی جگہ
أَفْدَسَ - الرَّجُل: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔
الفُدُس - مکڑی - ہو فِدَسَة۔
الفَيْدَس - مکڑا - بڑا گھڑا۔
فَدَشَ (ن) فَدْشًا - رأسه: سر پھوڑنا۔
فَدَشَهُ (ض) فَدْشًا - دفع کرنا۔
الفَدْش - مادہ مکڑی۔
فَدِعَ (س) فَدَعًا - ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا صفت (أَفْدَع) مؤنث (فَدْعَاء) ہو فُدْعٌ۔
فَدَعَهُ (ف) فَدْعًا - کچلنا یا تھوڑا پھاڑنا۔
فَدَّعَهُ - ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔
الفَدَع - ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی جوڑوں کی کجی۔
الفَدَعَة: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔
فَدَغَهُ (ف) فَدْغًا - توڑنا۔
اِنْفَدَغَ - ٹوٹنا —— الشیء اليابس: نرم ہونا۔
المِفْدَغ - توڑنے کا آلہ ہو مَفَادِغ۔
فَدْ فَدْ فَدْ فَدْ - آواز بلند کرنا - بھاگتے ہوئے دوڑنا۔
الفَدْ فَدْ - سخت آواز والا - بلند آواز والا بہت زیادہ رونڈنے والا - الفَدْفَد جھاڑو دودھ۔
فَدَكَ - القُطْن: روئی دھننا - فَدَّكَ القُطْن: روئی دھنوانا۔
فَدَمَ (ض) فَدْمًا - الإبريق وعلى الإبريق: چھاگل پر سر بند لگانا۔
فَدُمَ (ک) فُدُومَةً وفَدَامَةً - بیوقوف ہونا۔

فَدَمَ وَافْدَمَ - فم الآنیۃ: برتن پر سرپوش رکھنا۔
الفَدَم - کلام میں عاجز - بیوقوف - کم سمجھ - جوڑے خون والا - ج فُدَام - گہرے سُرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَۃ۔
الفِدَام والفُدَام - چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم۔
الفَدَّام والفَدَّامَۃ والفُدُّوم - یعنی الفِدام۔
الفِدَام والفِدَامَۃ - چھینکا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔
المُفَدَّمَات - قبضے والے لوٹے مٹکے
فَدَنَ - الابل: اونٹ کو موٹا کرنا ـــ البناء: عمارت کو بلند کرنا ـــ الثوب: کپڑے کو سُرخ رنگنا۔
الفَدَن - سُرخ رنگ - بلند عمارت ج اَفْدَان
الفَدَان والفَدَّان - بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جُتے ہوئے ہوں - ج فُدُن و اَفْدِنَۃ و فَدَادِین - الفَدَان: کھیتی - وفی المساحۃ: چار سو گز زمین۔
الفَادِن - فی اصطلاح البنائین: ستون ج فَوَادِن۔
الفَدَوْكَس - شیر - مضبوط مرد۔
فَدَى يَفْدِي فَدْيًا وفِدًى وفِدَاءً الرجل من الاسر ونحوہ: مال وغیرہ دیکر چھڑانا۔ صفت فاعل (فادٍ) اور صفت مفعول (مَفْدِيّ) کہتے ہیں فَدَتِ المرأۃ نفسہا من زوجہا "یعنی عورت نے شوہر کو مال دیکر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا
فَدَى وفَدَّى تَفْدِيَۃً - فلانا بنفسہ: اپنے تئیں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔
فَادَى فِدَاءً ومُفَادَاۃً - الرجل: چھوڑنے کے عوض لے لینا۔ چھڑانا۔
اَفْدَى افْدَاءً - فلانا الاسیر: کسی قیدی کا فدیہ قبول کرنا ـــ الرجل: موٹا ہونا۔
تَفَادَى تَفَادِيًا القوم: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا
الرجل من کذا: پرہیز کرنا اور کمیو ہونا۔
اِنْفَدَى اِنْفِدَاءً - فدیہ دیا جانا۔
اِفْتَدَى - بہ: فدیہ دینا ـــ منہ بکذا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراۃ نفسہا من زوجہا یعنی عورت نے مال دیکر طلاق لے لی۔ اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔
الفِدَاء - حجم - موٹاپا - ڈھیر - انبار جو گیہوں کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن - تاجر کے سامان وغلے وغیرہ کی جگہ - ج اَفْدِيَۃ۔
الفِدَاء والفِدْيَۃ والفِدْيَۃ - مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے کہا جاتا ہے فِدًى لَكَ اَبِي وفِدَاكَ اَبِي "یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دعا اور اظہار محبت اور تعریف وتوصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرف باء کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں بِاَبِي اَنْتَ یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
الفِدْيَۃ - مال جو چھڑانے کیلئے دیا جائے ج فِدًى وفِدْيَات۔
فَدَّكَ (ن) فَدًّا - سختی سے دھتکارنا۔
اَفْدَاتٌ - الشاۃ: ایک بچہ جننا - صفت (مُفِدٌّ ومُفِدَّۃٌ) اور اگر یہی عادت ہو جائے تو اس کو (مِفْدَاذٌ) کہتے ہیں۔
تَفَدَّدُوا اِسْتَفَدَّ - بالامر: بخوشی رائی کرنا۔
الفَدّ - ج - اکیلا - جوڑے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْدَاد وفُدُود وکلمۃ (فَدَّۃ وفَادَّۃ) کم شاذ۔
الاَفَدّ - بے پر کا تیر - کہا جاتا ہے "اَكْذَبُ مِنْ فَدَادِي وفُدَادِي وفُدَادٍ وفُدَادًا "یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔
فَلْ فَدْ فَلْ فَدَّۃً - اچانک کودنے کے لئے سمٹنا۔
فَدْلَكَ فَدْلَكَۃً - الحساب: فارغ ہونا۔
الفَدْلَكَۃ - ج - میز انکل مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)
فَرَّ (ض) فَرًّا وفِرَارًا ومَفَرًّا ومَفِرًّا بھاگنا۔ پوپہ دوڑنا۔
فَرَّ (ن) فَرًّا وفِرَارًا وفِرَارًا وفُرَارًا۔ الدابۃ: جانور کی عمر معلوم کرنے کیلئے دانتوں کو دیکھنا ـــ اِلَى الشيء: جانا ـــ عَنِ الأَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَّ الأَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔
فَرَرْتُ - میں نے اس کے حال کی اور اس نے میرے حال کی تحقیق کی۔
اَفَرَّ اِفْرَارًا - رَاسَہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَرَّتِ الخَيْلُ او الإِبِلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا اَفَرَّہٗ: بھگانا۔
تَفَارَّ - القومُ: ایک دوسرے سے بھاگنا
تَفَرَّرَ - بالشيء: ہنسنا۔
اِفْتَرَّ - البَرْق: بجلی کا چمکنا ـــ آہستہ آہستہ ہنسنا ـــ الشيء: سونگھنا۔
الفَرّ - مع - بھاگنے والا - (واحد جمع مذکر و مؤنث) الفر: جمع ہے فارّ کی جیسے رَكْب - جمع راکب کی - کہا جاتا ہے ہُوَ (فَرُّوْہٗ وفَرِيْتُمُوْہُ) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔
الفَرَّۃ والاَفَرَّۃ والاَفْرَّۃ - اختلاط شدت ـــ مِنَ الحَرِّ ونحوہ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔
الفَرِرَۃ - مسکراہٹ۔
الاَفَرّ - خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔
الفَرَار والفَرُور والفُرَّۃ والفُرَّارَۃ تیز بھاگنے والا۔ الفَرَار: پارہ۔
الفَرُور والفَرِير والفُرَار - بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِير: منہ۔
المَفَرّ - بھاگنے کی جگہ۔
المِفَرّ - مِنَ الخَيْلِ: تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے

کے کام میں آئے۔
الفَرَأ والفِرَاء: جنگلی گدھا جو افراد فراء اور عرب کا قول کُلُّ الصَّیدِ فِی جَوفِ الفَرَأ بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہو جائے اور اس مقصد کیلئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔
أَمْرٌ فَرِیٌّ: گھڑا ہوا۔ بڑا۔
فَرَتَ (ن) فَرْتًا۔ ہکا رہونا۔
فَرُتَ (ک) فُرُوتَةً۔ الماءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔
فَرِتَ (س) فَرَتًا۔ ضعیف العقل ہونا۔
الفُرَات۔ ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے۔ ماءٌ فُرَاتٌ ومِیَاہٌ فُرَاتٌ الفرات: سمندر۔
الفُرَاتَان۔ فرات و دجلہ۔
فَرْتَكَ فَرْتَكَةً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ــــ الشَّیءُ: ریزہ ریزہ ہونا ــــ العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔
فَرْتَنَ فَرْتَنَةً۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔
الفِرْتِنَى: بچو کا بچہ۔ زانیہ۔
فَرِثَت (ن) فَرْثًا و اِفْرَنْثَت۔ الثُّكلَى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَثَ (ض) فَرْثًا۔ کبدہ: جگر پارنا۔
فَرِثَ (س) فَرَثًا۔ شکم سیر ہونا ــــ القَومُ: متفرق ہونا۔
أَفْرَثُ وفَرْثٌ۔ الکرش: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا ــــ الثَّوبَ کبدہ: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَفَرَّثَ۔ القومُ: متفرق ہونا ــــ تَفَرُّثُ المُبلَى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَرْث۔ گوبر جبتک اوجھ میں رہے۔ ج فُرُوث۔
الفُرَاثَة۔ اوجھ کا گوبر۔
فَرِثَنَ فَرَثَنَةً۔ وجہ: چہرہ پُر گوشت ہونا۔
فَرْطَ فَرْطَةً۔ آہستہ سے گرنا۔
فَرَجَ (ض) فَرْجًا و فَرَّجَ۔ الشَّیءَ: کھولنا کشادہ کرنا۔ اللہ الغَمَّ عَنہُ: غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔
أَفْرَجَ۔ الغُبَارُ: غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا ــــ القَومُ عَنِ المَکَانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ أَفْرَجَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)
تَفَرَّجَ۔ الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔
اِنْفَرَجَ۔ کھلنا ــــ الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔ ما بَینَ الشَّیئَینِ: کشادہ ہونا ــــ الرَّجُلُ مِن ضِیقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔
الفَرْج۔ ہم۔ دو چیزوں کے درمیان خلل سرحد ــــ مِنَ الثَّوبِ: کپڑے کا پھٹن مِنَ الإِنسَانِ: شرمگاہ اور قبل دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوج فَرْجُ الوَادِی: وادی کا بطن۔ فرج الطریق: راستہ کا درمیانی حصہ
الفَرِج والفَرُوج تانت سے علیحدہ کمان ــــ والفَرِج والفَرُجَة۔ مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔
الفَرَج۔ کشادگی۔
الفُرْجَة۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی ج فُرَج۔
الفُرْجَة والفَرَجَة والفَرْجَة۔ سختی اور غم سے نجات۔
الفَرُّوج۔ بچے کی قمیص۔ قبا جس میں نیچے پھاڑ لگایا ہو۔ ج فَرَارِیج۔
والفَرُّوج۔ مرغی کے چوزے ج فَرَارِیج واحد الفَرُّوجَة۔
التَّفْرِجَة۔ انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَفَارِیج ــــ والتَّفْرَاجَة: کمزور بزدل ج تَفَارِیج۔
الفَرِیج۔ ظاہر کھلا ہوا۔ قَوسٌ فَرِیجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔
المُفْرِج۔ مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جسکے مال اولاد اور کنبہ کو نقصان پہنچا ہو۔
المُفْرَج۔ کنگھی۔ وہ شخص جسکی کمنی بغل سے دور ہو۔
الفِرْجَار۔ پرکار۔ کہا جاتا ہے خط فرجاری یعنی گول دائرہ۔
الفِرْجَوْن کھریرا۔
اِفْرَنْجَمَ اِفْرِنْجَامًا۔ گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔
فَرْجَنَ فَرْجَنَةً۔ الدَّابَّةَ: جانور کا کھریرا کرنا۔
الفِرْجَوْن۔ کھریرا۔
فَرِحَ (س) فَرَحًا۔ بالشَّیءِ: خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)
فَرَّحَ۔ خوش کرنا۔
أَفْرَحَ۔ خوش کرنا أفرحہ الدین: دین نے اسے غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو أَفْرَحَنِی الدُّنیَا ثُمَّ أَبْکَتْنِی یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سلب کے لئے ہے۔
الفَرْح۔ خوشی۔
الفَرْحَة والفُرْحَة۔ خوشی: خوشخبری سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلوَان اور بشارۃ کہتے ہیں۔
الفَرْحَان۔ خوشی والا۔ مؤنث فَرْحَی فَرْحَانَة ج فَرْحَی وفَرَاحَی۔
الفَرُوح۔ خوشی والا۔ ج فُرُح۔
المُفْرَح۔ مغم۔ فقیر محتاج۔ گمنام۔
المِفْرَاح۔ بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)
المَفْرُوح۔ مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے
فَرِخَ (س) فَرَخًا۔ إِلَی الأَرضِ: چمٹنا ــــ الرَّجُلُ: گھبرا ہٹ دور ہونا۔
فَرَّخَ۔ القومُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا ــــ فَرَّخَتِ الطَّائِرَةُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفَرِّخٌ) ــــ البَیضَةَ: انڈے کا بچے سے جدا ہونا۔ فَرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا ــــ الأَمرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔

— الرَّوْعُ: خوف دُور ہونا۔
اَفْرَحَ - الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَرِّحْ رَوْعَكَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ الْبَيْضَةُ والطائرةُ: بمعنے فَرَّخَت۔ اَفْرَخَ الْاَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ الْقَوْمُ بَيْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا
اِسْتَفْرَخَ - الْحَمَامَ: کبوتر کو بچے نکالنے کے لیے لینا — الْحَمَامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا
اَلْفَرْخُ - پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان
— مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِرَاخٌ وَاَفْرَاخٌ وَاَفْرُخٌ وَاَفْرُخَةٌ وَفِرْخَانٌ وَفُرُوخٌ۔ اَلْفَرِخُ: کمزور ذلیل وشکارا ہوا آدمی۔ فَرِخُ الرَّأْيِ: دماغ۔
اَلْفَرْخَةُ - پرندہ کا مادہ بچہ ج فَرَاخٌ: نیزے کی چوڑی ناک۔
اَلْمِفْرَخُ - بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخُ
فَرَدَ (ن) وَفَرِدَ (س) وَفَرُدَ (ک) فُرُودًا وَالْفَرَدَ - اکیلا ہونا — بِالْاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔
فَرَّدَ عَنِ الشَّيْءِ: علیحدہ ہونا۔
فَرَّدَ - لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیر ہونا۔
فَرَّدَ بِرَأْيِهِ: رائے میں اکیلا ہونا۔
اَفْرَدَ - الشَّيْءَ: جدا کرنا — الطَّيْرُ رُؤُوسَهُ: ڈھیلا چھوڑنا — بِالْاَمْرِ: تنہا کام کرنا۔ اَفْرُوخَةُ الْاُنْثَى: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)
تَفَرَّدَ وَانْفَرَدَ وَاسْتَفْرَدَ - بِالْاَمْرِ: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ وَاسْتَفْرَدَهُ: اکیلا پایا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ اَلْفَرْدُ: جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔
اَلْفَارِدُ - فا۔ (اَلْفَارِدُ وَالْفَرْدُ) بیل۔
اَلْفَارِدَةُ - مؤنث فارد۔ بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَةٌ فَارِدَةٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی ج فَوَارِدُ۔
اَلْفَرْدُ - ایک طاق - ج اَفْرَادٌ وَفُرَادَى - داڑھی کی ایک جانب - ایک تلوے کی جوتی - اَفْرَادٌ - کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔
اَفْرَادُ النُّجُومِ وَفُرُودُهَا - الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے - اَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔
اَلْفَرْدُ وَالْفَرِدُ - ایک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَيْفٌ فَرْدٌ وَفَرِدٌ" یہ بمثال تلوار ہے - "وَشَيْءٌ فَرْدٌ وَفَرْدٌ وَفَرِدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔
اَلْفَرْدَةُ - فرد کا مؤنث ج فَرْدَاتٌ وَاَفْرَادٌ وَفُرُدٌ۔
اَلْفُرْدَانُ - ایک۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ فُرْدَانٌ" یعنی منفرد ہے اور مؤنث فُرْدَى۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ (فُرْدَيْنِ) یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا
اَلْفُرْدَةُ - تنہا جانے والا - کہا جاتا ہے جَاءُوا فُرَادَى وَفُرَادًا وَفُرْدَى وَفُرَادَى وَفُرَادَى) یعنی اکیلے اکیلے آئے - واحد (فَرْدٌ وَفَرْدٌ وَفَرِيدٌ وَفُرْدَانٌ)
اَلْفَرِيدُ - ایک ایکتا - چھوٹا موتی جو ہونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو - موتی - نفیس جوہر ج فَرَائِدُ۔
اَلْفَرِيدَةُ - مؤنث فرید - نفیس جوہر۔ ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دم کی ہڈی کو ملا ہوا ہے ج فَرَائِدُ۔ کہا جاتا ہے "اَتَى بِالْفَرَائِدِ" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت وبلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔
اَلْفَرَّادُ - موتیوں کا بیچنے والا۔
اَلْمُفْرَدُ - مضم - واحد اور اس کے مقابلہ میں تثنیہ ہے - جنگلی بیل۔
اَلْمُفَرَّدُ - مِنَ الذَّهَبِ: موتی لگا کر جدا کیا ہوا
اَلْمُفْرَدُ - فا۔ کہا جاتا ہے "رَاكِبٌ مُفْرَدٌ" سوار جسکے پاس اپنے اونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو۔
فَرْدَسَهُ فَرْدَسَةً: پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک دینا۔
اَلْفِرْدَوْسُ - باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر ومؤنث) ج فَرَادِيسُ۔ فِرْدَوْسُ النَّعِيمِ: ایک جنت کا نام ہے۔
اَلْفَرْدَسَةُ - مع۔ گنجائش۔
اَلْمُفَرْدَسُ - فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ (مُفَرْدَسٌ) کشادہ سینہ۔
كَرْمٌ مُفَرْدَسٌ: انگور کی بیل لگی ہوئی۔
فَرَزَ (ض) فَرْزًا وَاَفْرَزَ - الشَّيْءَ مِنْ غَيْرِهِ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا وَاَفْرَزَ الصَّائِدُ: شکار کا شکاری کو فریب سے مارنے کا موقعہ دینا۔
اَفْرَزَ فُلَانًا لِشَيْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا۔
فَرَّزَ تَفْرِيزَةً - عَلَى بَرَايَا: قطعی حکم لگانا۔
فَارَزَ - شریکہ: الگ کرنا۔
اِفْتَرَزَ - الْاَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ اَمْرَهُ دُونَ اَهْلِ بَيْتِهِ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھر والوں سے مشورہ کئے بغیر فیصلہ کر لیا۔
تَفَارَزَ - الشَّرِيكَانِ الشَّرِكَةَ: شرکت کو فسخ کرنا
اَلْفَرْزُ - مع دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
اَلْفَرِزَةُ - سخت زمین میں شگاف۔
اَلْفَرْزُ - ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کیلئے علیحدہ کیا ہوا حصہ - ج اَفْرَازٌ وَفُرُوزٌ۔
اَلْفَرِيزَةُ - جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔
اَلْفَرِزَةُ - باری - فرصت - ٹیلہ کا راستہ۔
اَلْفَارِزُ - فا۔ كَلَامٌ فَارِزٌ: صاف واضح کلام لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔
اَلْاِفْرِيزُ - مِنَ الْحَائِطِ: کارنس ج اَفَارِيزُ (دخیل)
اَلْفَرْزَدَقُ - روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی کے ٹکڑے - گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ واحد (فَرْزَدَقَةٌ) اور اس کی تصغیر فُرَيْزِقٌ یا فُرَيْزِدٌ ج فَرَازِقُ اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِدُ
اَلْفَرَزْدَقُ: لقب ایک مشہور شاعر کا۔
تَفَرْزَعَ - الْكَلَأُ: گھٹا گھٹا ہونا۔
اَلْفَرْزَعُ - بنولہ۔

الفُرْزَعَة۔ فُرْزِع کا واحد۔ گھاس کا گٹھا ج فرازیع۔
فَرْزَلَہ (ف) فَرْزَلَۃً۔ قید کرنا۔
الفِرْزِل۔ قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔
الفِرْزَل۔ موٹا آدمی۔
الفِرْزُوم۔ موچیوں کا فرمہ۔
فَرْزَن۔ الفَرْزَنُ: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَان۔ شطرنج کی ملکہ ج فرازین (دخیل)
فَرَسَ (ض) فَرْسًا و افْتَرَسَ۔ الأَسَدُ فَرِیسَۃً: گردن توڑ مونا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ الذَّبِیحَۃَ رگ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا ــــ الشَّیْءَ جدا جدا کرنا۔
فَرِسَ (ض) فَرَاسَۃً۔ بالعین: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ (ک) فَرَاسَۃً وفُرُوسَۃً وفُرُوسِیَّۃً شہسواری میں ماہر ہونا۔
فَرَّسَہٗ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنے کیلئے پیش کرنا۔
اِفْتَرَسَ۔ عَنْ بَقِیَّۃِ مَالِہٖ: مال لینا اور کچھ باقی چھوڑ دینا ــــ الرَّاعِی: گلے کی حفاظت سے غافل ہونا ــــ فُلَانٌ الأَسَدَ حِمَارَہٗ: اپنی نجات کیلئے گدھے کو پھاڑنے کیلئے شیر کے سامنے کر دینا
تَفَرَّسَ۔ فِیہِ: نظر جما کر دیکھنا فِیہِ الخَیْرَ: کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا ــــ الرَّجُلُ: تکلف شہسواری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ یَتَفَرَّسُ بِفَارِسٍ وَلَکِنَّہٗ یَتَفَرَّسُ فلاں شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔
الفُرْس وفَارِس۔ مملکت فارس کے باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان کی زبان کو (الفَارِسِیَّۃ) کہتے ہیں۔
الفَارِسِیّ۔ فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا واحد۔
الفِرْسِن۔ ایک قسم کی گھاس۔
الفَرَس۔ گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر و مؤنث

اور مؤنث کو حجر کہتے ہیں اور بسا اوقات مؤنث کے لئے (فرسۃ) بھی استعمال کرتے ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے اور اسی سے اَفْرَاس ہے تین گھوڑوں کیلئے ثَلَاثَۃُ اَفْرَاس اور تین گھوڑیوں کیلئے ثَلَاثُ اَفْرَاس کہیں گے اور جمع کثرت فُرُوسٌ آتی ہے۔ اور عرب کا قول "ھُمَا کَفَرَسَیْ رِھَانٍ" مثل ہے ان دو شخصوں کیلئے جو کسی ایک مقصد کی طرف مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر ہوں۔
فَرَسُ البَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں اور دم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو فَرَسُ النَّھْرِ اور جَامُوسُ البَحْرِ بھی کہتے ہیں۔
الفُرَیْسَۃ۔ تصغیر فَرَسٌ کی مؤنث کیلئے۔
الفُرَیْس۔ تصغیر فَرَسٌ کی مذکر کیلئے۔
الفَرِسَۃ۔ فَرَسٌ کا اسم مرۃ (ــ والفِرْسِنُ) چھوٹا جو گردن میں ہوتا ہے۔
الفَارِس۔ فا۔ گھوڑا سوار۔ گھوڑے والا ج فُرْسَان وفَوَارِس اور کہا جاتا ہے "ھُوَ فَارِسٌ بِالأَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔
الأَفْرَس۔ شہسواری کا ماہر۔ زیادہ گھڑ سوار
اَبُو فِرَاس والفِرَاس۔ شیر۔ الفِرَاس: ذکی۔
الفُرَیْس۔ بمعنی۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ فُرَیْسٌ وبَقَرَۃٌ فُرَیْسٌ" ج فُرَیٌّ۔ حلقہ جو ری کے سرے پر باندھا جاتا ہے۔
الفُرَیْسَۃ۔ فریس کا مؤنث جس کو شیر وغیرہ پھاڑ دیں۔
الفُرَانِس والفِرْنَاس۔ شیر۔ موٹی گردن والا۔ الفِرْنَاس: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا چودھری ج فَرَانِسَۃ۔
المِفْرَاس۔ گردن کے پھوڑنے والا۔
الفِرْوَس۔ شیر۔
فَرْسَخَ فَرْسَخَۃً۔ لِلشَّیْءِ: کشادہ ہونا۔

(ــ وتَفَرَّخَ وافْرَنْخَعَ) البَرْدُ: ادا الفر سردی یا بیماری کی تیزی کا کم ہونا۔ تَفَرُّخ اَلَمِ عَنْہُ: غم کا دور ہونا۔ زائل ہونا۔
الفَرْسَخ۔ راحت۔ سکون۔ مدت طو ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شرکان۔ فرسخ الفا تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز اور تقریباً آٹھ کیلومیٹر کے برابر ہوتا ہے۔ فرسخ کا فارسیہ (ج) فَرَاسِخ (مُفَرْسَخَۃ) کشادہ
الفِرْسِن۔ اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث ج فَرَاسِن۔
رَجُلٌ (مُفَرْسَنٌ) الوجہ: پرگوشت چہ والا مرد۔
فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا۔ الشَّیْءَ: بچھانا ــــ فُلَانًا أَمْرًا: کشادہ کرنا ــــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا ــــ الأَمْرَ: پھیلانا ــــ عَنْہُ: ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔
ــــ فَرْشًا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر پھیل
فَرَّشَ۔ فُلَانًا بِسَاطًا: کسی کیلئے کچھ بچھانا
ــــ فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر بچھانا ــــ الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا ــــ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
اِفْتَرَشَہٗ۔ بِسَاطًا: کسی کیلئے کچھ بچھانا
افْرَنْشَفَ السَّیْفُ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا
الشَّجَرُ: درخت کا بہت ٹہنی والا ہونا ــــ عَنْہُ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا ــــ الرَّجُلُ: غیبت کرنا اور بری بات کہنا ــــ المَکَانُ: زیادہ پر پھیلنے والا ہونا ــــ الشَّاۃَ لِلذَّبْحِ: زمین پر ذبح کرنے کیلئے لٹانا ــــ الرَّجُلُ: بچھونے والا ہونا۔
تَفَرَّشَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
اِفْتَرَشَ۔ ذِرَاعَیْہِ: بازو پھیلانا ــــ الشَّیْءَ: روندنا۔ ــــ الطَّرِیقَ: چلنا ــــ الرَّجُلَ: پچھاڑنا ــــ اِفْتِرَاشًا: بچھا کرنا ــــ عِرْضَہٗ: بے عزتی کرنا ــــ الشَّجَّۃُ الدِّمَاغَ: بغیر ڈنے کے پہنچنا ــــ المَکَانَ: غصب کرنا ــــ الشَّیْءَ: پھیلنا۔

الفَرْش ۔ مص ۔ بچھونا ۔ کشادہ زمین چھوٹے چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ کھیتی ۔ جبکہ اسکے تین پتے نکل آئیں ۔ وہ جگہ جہاں بکثرت نباتات ہوں ۔ جوانے بکری جو ذبح کے قابل نہ ہوں ۔

الفَرْشَة ۔ فرش کا اسم مرۃ ——— بِهٖ الفَاتِحَة : بچھونا ۔

الفِرْشَة ۔ بچھانے کی ہیئت ۔ کہا جاتا ہے حَسَنُ الفِرْشَة یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا ہوا ہے

الفَرَاش ۔ زمین پر خشک شدہ کیچڑ ——— مِنَ السَّيِّدِ : شراب کے بلبلے ۔ زبان کے نیچے دو رگیں ، دو لوہے جس سے لگام کو باندھتے ہیں الفَرَاشُ مِنَ الرِّجَالِ : بہت ہلکا پھلکا مرد ۔

الفُرَاش ۔ بچھونا ۔ گھونسلا مکھی کی جڑ میں زبان کی جگہ ج اَفْرِشَة و فُرُش ۔

الفَرَّاش ۔ بہت بچھانے والا ۔

الفَرَاشَة ۔ پتلی ہڈی یا پتلا لوہا ۔ تھوڑا پانی ——— مِنَ الْعَقْلِ : ہالے کا جھڑ ۔ گندموں کا اٹھا ہوا حصہ اور (فَرَاشُ الدِّمَاغِ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغِ ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپری تک پہنچتی ہیں ۔ الفَرَاشَة : پروانہ اچھی طبیعت کا مرد ۔ کہا جاتا ہے ۔ مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَة اور یہ حقارت اور سختی کے لئے مثل ہے ج فَرَاش ۔

الفَرِيش ۔ مِنَ النَّبَاتِ : زمین پر پھیلی ہوئی بیل ۔ کھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو ۔ ج فُرُش ۔

المِفْرَاش ۔ بچھونا ۔

المَفْرُشَة ۔ کپڑا وہ پڑ بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا ۔ ج مَفَارِش ۔

المُفَرَّش ۔ مضم کہا جاتا ہے جَمَلٌ مُفَرَّشٌ بچہ کو جان کا اونٹ ۔

فَرْشَحَ فَرْشَحَة و فَرْشَحِيَ ۔ (بائیں کشادہ کرنا ۔ ڈھیلے طریقہ سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا ۔ قریب قریب کودنا ۔

الفِرْشَاح ۔ بے بارش کا بادل ۔ بیڈول بلند عورت ۔ چوڑا کھر ۔ کشادہ زمین (الفَرْشَحِيُّ) عضو تناسل ۔

فَرَصَ (ن) فَرْصًا ۔ الشَّيْءَ : کاٹنا الجلد : چیرنا ۔ پھاڑنا ——— الفُرْصَة : فرصت پانا ۔

فَرَصَ (ض) فَرْصًا ۔ الرِّجْلَ : رگ گلو پر مارنا ۔ ثانہ کے گوشت پر مارنا ۔

فَرِصَ فَرَصًا و فَرِصَ ۔ ثانہ کے گوشت میں درد ہونا ۔

فَرَص ۔ النَّعْل : جوتے پر لوہے کی نوک سے نقش کرنا ۔

فَارَصَهُ مُفَارَصَةً ۔ فِي الشَّيْءِ : ——— نوبت بنوبت کرنا ۔

اَفْرَصَهُ الفُرْصَةَ ۔ فرصت دینا ۔

اَفْرَصَ و تَفَرَّصَ الفُرْصَةَ : مہلت پانا ۔

تَفَارَصَ ۔ القَوْمُ البِئْرَ : قوم کا کنوئیں پر باری باری آنا ۔

اِفْتَرَصَ ۔ الفُرْصَةَ : موقع پانا ۔ فرصت کو غنیمت جاننا ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا يُفْتَرَصُ اِحْسَانُهُ وَبِرُّهُ " یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے ۔

الفُرْصَة ۔ باری اور یہ اسم ہے ۔ تَفَارُص القَوْمِ البِئْرَ کا ۔ کہا جاتا ہے ۔ جَاءَتْ فُرْصَتُكَ مِنَ السَّقْيِ : یعنی تمہاری باری آئی ۔ وقت مناسب اِنْتَهَزَ الفُرْصَةَ : فرصت کو غنیمت جاننا ہے فُرْصَ الفُرْصَةَ و الفِرْصَةَ و القُرْصَةَ ۔ اون یا روئی کا ٹکڑا ۔

الفَرِيص ۔ پانی کا شریک کہتے ہیں " هُوَ فَرِيصِي " گلے کی رگیں ۔ واحد فَرِيصَة ہے ۔

الفَرِيصَة ۔ باری ۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اچھلنے لگتا ہے ۔ کہا جاتا ہے ارتعدت فَرِيصَتُهُ یعنی بہت گھبرایا " هُوَ ضَخْمُ الفَرِيصَةِ " یعنی وہ جری و بہادر ہے ۔ ج فَرَائِص و فَرَائِص ۔

المِفْرَص ۔ لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص ۔

المِفْرَاص ۔ لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِيص ۔

الفِرْصَاد ۔ سرخ رنگ ۔ توت یا توت کا درخت والفِرْصِد والفِرْصِيد ۔ انگور کا بیج

فَرَضَ (ض) فَرْضًا ۔ الخَشَبَةَ و فِيهَا : لکڑی کاٹنا ۔ چھیدنا ——— الأَمْرَ : فرض کرنا ۔ معین کرنا ۔ ——— لَهُ لَدَى الدِّيوَانِ : عطیہ دینا ۔ تنخواہ مقرر کرنا ——— لِفُلَانٍ كَذَا : فرض مقرر کرنا ——— لَهُ : وقت معین کرنا ——— اللّٰهُ الأَحْكَامَ عَلَى عِبَادِهِ : واجب ٹھہرانا ۔

فَرِضَت (ض) و فَرُضَت (ک) فُرُوضًا و فَرَاضَةً ۔ البَقَرَةُ : گائے کا عمر رسیدہ ہونا صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَةً ۔ علم فرائض کا جاننے والا ہونا ۔

فَرَّضَ ۔ الخَشَبَةَ : لکڑی میں سوراخ کرنا ۔ ——— الأَمْرَ : واجب کرنا ۔

اَفْرَضَ ۔ فُلَانًا شَيْئًا : دینا ——— لِفُلَانٍ كَذَا : قرض قرار دینا ۔ اَفْرَضَتِ المَاشِيَةُ : نصاب کو پہنچنا ۔ زکوٰۃ کے قابل ہونا ۔

اِفْتَرَضَ ۔ اللّٰهُ الأَحْكَامَ عَلَى عِبَادِهِ : واجب ٹھہرانا ——— القَوْمُ : قوم کا ختم ہو جانا ——— الجُنْدُ : فوج کا تنخواہ لینا ۔

الفَرْض مص ——— مِنَ القَوْسِ : چلہ کمان کی جگہ ۔ ج فِرَاض ۔ الفَرْض : اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون ۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز تملیکیہ : تنخواہ ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوض و فَرَائِض

الفَرْض ۔ کاٹ ۔

الفُرْضَة ۔ مِنَ النَّهْرِ : دریا کا دہانہ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو ——— مِنَ البَحْرِ : بندرگاہ ——— مِنَ القَوْسِ : کمان کا سرا جو تانت

لگائے کیلئے کاٹا جائے ــــ مِنَ الدَّوَاۃِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُرْضَۃُ الْجَبَلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرَضٌ و فِرَاضٌ۔

الْفِرَاضُ۔ کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔

الْفَارِضُ۔ ف۔ موٹا۔ پرانا ج فُرُضٌ مؤنث فَارِضَۃٌ ج فَارِضَاتٌ و فَوَارِضُ۔

ــــ وَالْفَرَضِیُّ وَالْفَرِیْضُ وَالْفَرَّاضُ علم فرائض کا جاننے والا۔

الْفَرِیْضَۃُ۔ فرض۔ زکوٰۃ۔ مقرر کردہ حصہ ج فرائض علم الفرائض: وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔ اَصْحَابُ الْفَرَائِضِ وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔

الْمِفْرَاضُ وَالْمِفْرَضُ۔ کاٹنے کا اوزار

الْمَفْرُوْضُ۔ مع اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ ود۔

الْفِرْضِخُ۔ پختہ۔

رَجُلٌ (فِرْضَاخٌ) بڑے ڈیل ڈول کا مرد مؤنث فِرْضَاخَۃٌ۔

الْفِرْضَاخَۃُ وَالْفِرْضَاخِیَّۃُ بڑے پستان کی عورت۔

الْمُفْرَضِخُ۔ سست و ناتواں۔

الْفِرْضِیْمُ۔ بوڑھی بکری۔

فَرَطَ (ن) فُرُوْطًا۔ آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا ــــ فُرُوْطًا فِی الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا۔ فَرَطَ مِنَ الْقَوْلِ بغیر سمجھے بوجھے کہنا ــــ مِنْ شَیْءٍ: جاتا رہنا ــــ عَلَیْہِ فِی الْقَوْلِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا فَرَطَ عَلٰی فُلَانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ: غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَیْہِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا ــــ وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔

فَرِطَ (ض ع) فَرَطًا وَفَرَاطَۃً۔ الْقَوْمَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا صفت (فَارِطٌ) ج فَارِطُوْنَ وَفُرَّاطٌ۔

فَرَّطَ۔ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا ــــ فِی الشَّیْءِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدغم یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا ــــ عَنْہُ: مہلت دینا۔ ــــ اِلَیْہِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا ــــ اَللّٰہُ عَنْہُ مَا یَکْرَہُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

اَفْرَطَ۔ جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا جلدی کرنا ــــ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا ــــ الْاَمْرَ: بھولنا اور چھوڑنا ــــ الْاِنَاءَ: برتن کو سیراب بھرنا ــــ یَدَہٗ اِلَی السَّیْفِ لِیَسُلَّہٗ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا ــــ عَلَی الرَّجُلِ: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا ــــ فُلَانٌ وَلَدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا ــــ الشَّیْءَ: بھولنا چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَفْرَطَ مِنْکُمْ اَحَدًا یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔

فَارَطَ فِرَاطًا وَمُفَارَطَۃً۔ سبقت لے جانا۔ پالینا۔

تَفَرَّطَ۔ الشَّیْءُ: وقت گذر جانا ــــ الْفَرَسُ الْخَیْلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَفَارَطَ۔ آگے بڑھنا ــــ الْقَوْمُ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ــــ الشَّیْءُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے تَفَارَطَتِ الصَّلَاۃُ عَنْ وَقْتِہَا یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہو گئی تَفَارَطَتْہُ الْہُمُوْمُ: غموں کا لاحق ہونا۔

اِفْتَرَطَ۔ کھلنا۔

اِفْتِرَاطٌ۔ ولدا: چھوٹے بچے کا مرنا

اَلْیَہٗ فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یَفْتَرِطُ اِحْسَانًا یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا

الْفَرَطُ۔ مع۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑ کی چوٹی۔ راستہ کا نشان ج اَفْرُطٌ وَاَفْرَاطٌ

الْفَرَطُ: وقت اور کہا جاتا ہے اَتَیْتُہٗ فَرَطًا: میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا اَتَیْتُکَ فَرَطَ یَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا وَلَا اَلْقَاہُ اِلَّا فِی الْفَرَطِ یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔

الْفِرَاطُ۔ دامن کوہ۔

اَفْرَاطٌ۔ الصَّبَاحِ: صبح کی پہلی شعاع

الْفَرَطُ۔ پانی کی طرف قوم سے آگے آنے والا۔ اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ فَرَطٌ قَوْمٌ فَرَطٌ۔ اور اسی سے ہے فَرَطَکُمْ عَلَی الْحَوْضِ "الفرط: پہلا پہنچنے والا اور جلد بازی۔ وہ کام جس میں کوتاہی کی جائے۔ نابالغ بچہ۔ کہا جاتا ہے سَبَقَہٗ فَرَطٌ یَرْتَجِعُ بِہٖ نابالغ بچے مرے اور مردہ بچے کے جنازہ کی دعا میں کہتے ہیں۔ اَللّٰہُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا یعنی اے اللہ اسکو ہمارے لئے اجر بنا دے جو ہم سے پہلے پہنچ جائے

الْفُرُطُ۔ چھوڑا ہوا کام۔ حد سے گزرا ہوا۔ حد سے تجاوز۔ ظلم و زیادتی۔ تیز گھوڑا جو سارے گھوڑوں سے بڑھ جائے۔

الْفَرَطَۃُ وَالْفُرْطَۃُ۔ نکلنا اور آگے بڑھنا کہا جاتا ہے ہُوَ ذُوْ فَرَطَۃٍ فِی الْبِلَادِ یعنی بہت سفروں والا ہے۔

الْفَرَاطَۃُ وَالْمَاءُ الْفُرَاطُ۔ پانی جو دو قبیلوں کے درمیان مشترک ہو اور جو پہلے پہنچ جائے اسی کا ہو جائے۔ بِئْرٌ فُرَاطَۃٌ: بھی کہا جاتا ہے یعنی مشترک کنواں تَکَلَّمَ فُرَاطًا: بے سمجھے بوجھے بولا۔

مَفَارِطُ۔ البلاد: اطراف بلاد۔

فَرْطَحَ فَرْطَحَۃً۔ الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔

رَأْسٌ (فَرْطَاحٌ وَمُفَرْطَحٌ) چوڑا سر

فَرْطَسَ۔ الْخِنْزِیْرُ: ناک لمبی کرنا۔

فَرْطُوْسَۃٌ وَفَرْطِیْسَۃٌ۔ سور کی ناک۔

الْفِرْطِیْسَۃُ: ناک کا بانسہ۔ ج فَرَاطِیْسُ۔

الْفِرْطَاسُ۔ چوڑا۔

الْفِرْطُوْمُ۔ موزہ کا سرا۔ صحیح قات ہے فرطوم کا

فَرَعَ (ف) فُرُوْعًا۔ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ــــ الْوَادِیَ: وادی میں اترنا ــــ الْاَرْضَ: زمین میں چکر لگانا ــــ الْقَوْمَ: قوم سے شرافت اور جمال میں فائق ہونا ــــ الْفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا

رَأسَہٗ بالعَصَا: سر پر لاٹھی مارنا ——
بین القوم: روک بن جانا یا اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا اوّل صَیدٍ فَرَّعَہٗ" پہلا شکار ہے جس کا خون گرایا گیا ہے۔
فَرَّعَ (س) فَرْعًا۔ کثرت سے بالوں والا ہونا صفت (اَفْرَعُ) مؤنث فَرْعَاءُ جمع فُرْعٌ۔
فَرَّعَ۔ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
بین الجبل: پہاڑ سے اترنا —— بینھم: تفریق کرنا —— المسائل من ھٰذا الاصل: فروع کا استنباط کرنا —— فی الارض: زمین میں چکر لگانا —— اَفْرَعَ۔ من الجبل: پہاڑ سے اترنا —— بالقوم: قوم کے پاس نازل ہونا —— الشیٔ: طویل و بلند ہونا —— الامر: شروع کرنا —— الجامح الفرس: لگام کا گھوڑے کو لہولہان کرنا —— اَفْرَعَتِ الضبع الغنم او فی الغنم: بجو کا بکریوں میں تباہی ڈالنا اور خون آلود کرنا۔ اَفْرَعَتِ الابل: اونٹنی کا پہلا بچہ جننا —— القوم من سفرھم: وقت سے پہلے سفر سے واپس آنا۔ —— الارض: زمین میں چکر لگانا —— الفرعۃ: پہلا بچہ ذبح کرنا —— اہلہ: کفیل ہونا عمامتہ او مغرفۃ: شروع کرنا (اَفْرَعَ بفلان) پکڑا جانا اور قتل کیا جانا۔
فَارَعَہٗ۔ کفایت کرنا اور انگیز کرنا۔
اَفْرَعَ۔ البکر: بکارت زائل کرنا۔
تَفَرَّعَ۔ القوم: گالی دینا۔ فائق ہونا۔ اگی: بلند ہونا۔ تفرعت الاغصان: ٹہنیوں کا بہت ہونا —— المسائل: اصول سے متفرع ہونا —— الشیٔ علی الشیٔ: مترتب ہونا یعنی ہونا اِستَفرَعَ۔ الشیٔ: شروع کرنا —— الرجل: پہلے بچہ کو ذبح کرنا۔
الفَرْعُ۔ من کل شیٔ: اوپر کا حصہ جو اصل سے نکلا ہو جیسے فرع الشجرۃ: منفعت بقدر المال۔ الفرع فی المسائل العلمیۃ: مسائل منبطہ جو کسی اصل سے نکلے ہوں۔ فرع المرأۃ: لمبے بال۔ فرع القوم: سردار۔ رئیس۔ فرع

الاُذُن: کان کا اوپر کا حصہ جمع فُرُوع۔ الفَرْع: جوئیں واحد (فَرْعَۃٌ) اور کہا جاتا ہے "ھُوَ بِہٖ عَلٰی فَرْعِ اُلَیْتِہٖ: چوتڑ کے اس حصے پر جو بیٹھنے میں زمین پر لگتا ہے۔ الفَرْعُ: گھاٹی کی طرف پانی بہنے کی جگہ جمع فِراع۔
الفَرَع۔ اونٹ یا بکری کا پہلا بچہ۔ جوئیں واحد (فَرَعَۃٌ) تقسیم۔ کہا جاتا ہے "تَرَاضَوْا بِالْفَرَعِ" یعنی تقسیم پر راضی ہو گئے۔
الفُرْعَۃ۔ راستہ کی بلندی۔ پہاڑ کی چوٹی جمع فُرَاع۔
الفَارِع۔ فا۔ خوبصورت۔ بلند۔ پست
الفَارِعَۃ۔ مؤنث فارع۔ فَارِعَۃُ الجبل: پہاڑ کا بلند حصہ جمع فَوَارِع (فَارِعَۃُ الطَّرِیْقِ و فرعاوۃ) راستہ کی بلندی۔
المِفْرَع۔ لوگوں کے درمیان صلح کرانیوالا جمع مَفَارِع۔
المُفْرَع۔ ہر چیز کا طویل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُفْرَعُ الکتف" یعنی فلاں چوڑے اور بلند مونڈھے کا ہے۔
الفُرْعُل۔ بچو کا بچہ۔ مؤنث فرعلۃ جمع فَرَاعِل و فَرَاعِلَۃ۔
الفُرْعُلَان۔ نر بجو۔
فَرْعَنَ فَرْعَنَۃً۔ الرجل: تکبر کرنا۔ چالاک ہونا۔
تَفَرْعَنَ۔ النبات: لمبی اور قوی ہونا فلانٌ علینا: سرکشی اور ظلم کرنا۔ فراعنہ کے اخلاق کو اختیار کرنا۔
فِرْعَوْن و فَرْعَوْن و فِرْعَوْن۔ مصر کے بادشاہ کا لقب۔ شریر۔ سرکش۔ جمع فَرَاعِنَہ۔
فَرَغَ (ن ن) و فَرِغَ (س) فَرَاغًا و فُرُوغًا۔ من العمل: کام سے خالی ہونا لہ و الیہ: قصد کرنا —— الرجل فُرُوغًا: مرنا۔ فَرَغَ دَمُہٗ: رائگاں جانا مطالبہ نہ کیا جانا —— من الشیٔ: پورا کرنا۔ تمام کرنا —— الظرف: برتن کا خالی ہونا (—— فَرْغًا) علیہ الماء: گرانا

فَرُغَ (ک) فَرَاغَۃً۔ وسیع ہونا۔ گہرا ہونا۔ فَرُغَتِ الطعنۃ: وسیع ہونا صفت (فَرِیْغَۃ)
فَرَّغَ (س) فَرَاغًا۔ الماء: پانی کا گرانا۔
اَفْرَغَ و فَرَّغَ۔ الماء: پانی گرانا ——
الاناء: برتن خالی کرنا —— الدماء: خون بہانا کہا جاتا ہے "فَرَّغَ اللّٰہُ عَلَیْہِ الصَّبْرَ" یعنی اللہ اسکو صبر دے۔ افرغ الذہب ونحوہ: سانچہ میں ڈھالنا۔
تَفَرَّغَ۔ کام سے خالی ہونا۔ الامر: کوشش کرنا۔
اِفْتَرَغَ۔ الماء: اپنے اوپر پانی گرانا۔
اِسْتَفْرَغَ۔ قے کرنا —— مجہودہ لکذا: طاقت صرف کرنا۔
الفَرْغ۔ برتن کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے کہا جاتا ہے "نَزَعَہٗ طَعْنَۃً ذَاتَ فَرْغٍ" یہ نیزے کا زخم چوڑا ہے۔ خط زدہ زمین۔ جمع فُرُوغ۔
الفَرِیْغ۔ فراغت۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ فَرَاغًا و فَرْغًا" یعنی اس کا خون رائگاں گیا۔
الفَرَغ۔ فارغ۔
الفِرَاغ۔ ڈول کا کنارہ جس سے پانی گرایا جائے برتن بڑا پیالہ۔ جانور کے ایک طرف کا بوجھ۔ چوڑا نیزہ۔ کشادہ رفتار کا جانور جمع اَفْرِغَۃ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِرَاعٌ" یعنی تیز رفتار وسیع القدم مرد۔
الفَرِیْغ۔ چوڑا۔ ہموار زمین۔ کشادہ رفتار جانور جمع فِرَاع۔ رَجُلٌ فَرِیْغ: تیز زبان مرد۔ طَرِیْقٌ فَرِیْغ کشادہ راستہ۔ ضَرْبَۃٌ فَرِیْغَۃٌ: تلوار کا کشادہ زخم جس سے خون بہے۔
الفَرِیْغَۃ۔ مؤنث فریغ۔ زیادہ پانی کا پھاگل
الاَفْرَغ۔ فارغ۔ مؤنث فرغاء طعنۃ فرغاء کشادہ زخم۔
الفَرْغَان۔ کشادہ برتن۔
درہم (مُفْرَغ و مُفَرَّغ) سانچہ میں ڈھلا ہوا جس پر ٹھپہ نہ ہو۔
فرس (مُسْتَفْرِغ) بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الفَرَقُ - نرم و چکنی زمین۔
الفَرِقُ - لمبے پر والا۔ گیہوں کا پھٹکن۔
الفَرانِصُ والفَرائِصَةُ - مضغۂ شیر
فَرْفَرَ فَرْفَرَةً - تیز چلنا اور قدم قریب قریب رکھنا ـــ البَعِیرُ: بدن کو جھاڑنا ـــ الرَّجُلُ فِی کَلامِہٖ: غلط ملط کرنا اور بڑھانا ـــ الشَّیْءَ: جھاڑنا اور حرکت دینا۔ توڑنا ـــ الذِّئْبُ الشَّاۃَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ الرَّجُلَ: قیمت کرنا بے عزت کرنا ـــ فُلَانًا: فریاد کرنا۔ فَرْفَرَ الفَرَسُ اللِّجَامَ: سر سے علیحدہ کرنے کے لئے حرکت دینا۔
الفِرْفِرُ والفِرْفِرُّ - چڑیا۔
الفِرْفِرُ والفِرْفِرُّ والفِرْفِرانُ والفِرْفُورُ شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے۔ بھیڑیا یا بکری یا جنگلی گائے کا بچہ۔ جوان لڑکا۔ الفِرْفِرُ: بیوقوف۔ بہت بجواس کرنے والا۔
الفِرْفِرُ: گھوڑا اپنے منہ میں لگام کو حرکت دینے والا
الفِرْفارُ - ایک درخت ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں اور جو آگ سے کم جلتا ہے۔
ـــ الفِرْفارُ: شیر جو اپنے مقابل کو پھاڑ دے
فَرَقَ (ن ض) فَرْقًا وفُرُوقًا۔ بَیْنَہُمَا: جدا کرنا ـــ البَحْرُ: سمندر کو پھاڑنا ـــ فَرْقًا الشَّعْرَ: بال میں مانگ نکالنا ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا۔ لَہُ الطَّرِیقُ: راستہ کا واضح ہونا ـــ الأَمْرُ لِفُلَانٍ: روشن ہونا
فَرِقَتِ الشَّاۃُ: اونٹنی کا دردزہ والی ہونا لَہُ عَنِ الشَّیْءِ: ظاہر کرنا۔
فَرِقَ (س) فَرَقًا۔ مِنْہُ: گھبرانا۔ کہا جاتا ہے فَرَقٌ خَیْرٌ مِنْ حُبٍّ خوف محبت سے بہتر ہے یعنی تم سے لوگوں کا خائف رہنا تمہارے ساتھ محبت کرنے سے بہتر ہے۔ فَرِقَ الرَّجُلُ: موج میں داخل ہونا۔
أَفْرَقَ - الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا
الطَّائِرُ: پرندہ سے بیٹ کرانا ـــ المَرِیضُ مِنْ مَرَضِہٖ: مریض کا صحتیاب ہونا
فَرَّقَ: بکریوں کو ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔
فَرَّقَ تَفْرِیقًا وتَفْرِقَةً۔ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا ـــ الرَّجُلَ۔ خوف دلانا ـــ شَعْرَہٗ بِالمُشْطِ: کنگھے سے مانگ نکالنا۔
فَارَقَ فِرَاقًا ومُفَارَقَةً۔ جدا ہونا۔
تَفَرَّقَ تَفَرُّقًا وتَفَرُّقًا وافْتَرَقَ وتَفَارَقَ۔ ضد ہے۔ تَجَمَّعَ اور اِجْتَمَعَ وتَجَامَعَ کی کہا جاتا ہے تَفَرَّقُوا بِہِمُ الطُّرُقُ " یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہو لیا۔
اِنْفَرَقَ عَنْہُمْ: جدا ہونا ـــ لَہُ الطَّرِیقُ راستہ کا واضح ہونا۔
الفَرْقُ - مص۔ مانگ۔ کتان۔
الفِرَقُ - لڑکوں کا گروہ۔ قسم۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ بکری وغیرہ کا گلہ۔
الفَرَقُ - مص گھبراہٹ۔ مانگ۔ صبح یا ابتداء صبح ہو اَفْرَاقٌ وأَفْرُقٌ۔ الفَرَقُ: دو دانتوں کا فاصلہ فِی الخَیْلِ: گھوڑے کی ایک سرین سے دوسرے کی بلندی اور یہ غیر محبوب ہے۔
الفُرْقانُ - مص۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل کے درمیان فرق ہو۔ دلیل۔ مدد صبح یَوْمُ الفُرْقانِ: جنگ بدر کا دن۔
والفُرْقُ - توراۃ۔ قرآن۔ الفُرْقُ: ناپنے کا ایک برتن۔
الفُرْقَةُ - لوگوں کی ایک جماعت ہر فرقہ۔
الفُرْقَةُ والفِرَاقُ - جدائی۔
الفَرُوقُ والفَرِقُ والفَارُوقُ والفَرُوقُ والفَرُّوقُ - بہت گھبرانے والا۔ مؤنث۔ فَرُوقَةٌ وفَرُوقٌ۔ نَبْتٌ فَرُوقٌ: متفرق نباتات یا چھوٹے چھوٹے جو زمین کو ڈھکیں۔
الفَرُوقَةُ والفَرُّوقَةُ والفَارُوقَةُ۔ (مذکر و مؤنث) بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔
الفَرِیقُ - رہوڑ۔ فرقہ سے بڑی جماعت
فَرِیقُ الخَیْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا ہر اَفْرَقاء وأَفْرَقَةٍ۔

الأَفْرَقُ - بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔
الأَفْرَقُ - مانگ والا جس کے والد کی بال یا پیشانی کے بال میں مانگ ہو جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِیکٌ أَفْرَقُ: مرغ جس کی کلغی شاخ شاخ ہو۔ تَیْسٌ أَفْرَقُ: مینڈھا جس کے سینگوں میں دوری ہو۔ مؤنث فَرْقاءُ۔
الفَارِقُ - فا۔ مؤنث۔ فَارِقَةٌ ہر فارق وفارقات۔ ابر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہو درندہ میں جبلتاً دشمنی ہو فَوَارِقُ وفُرَّقٌ و فُرَّقٌ وفُرَّاقٌ۔
الفَارِقُ - ہر وہ چیز جو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے والی ہو۔
الفَارُوقُ - وہ شخص جو امور میں فیصلہ کرے۔ لقب خلیفۂ دوم کا۔ کہا جاتا ہے ضُمَّ (تَفَارِیقَ) مَتَاعِہٖ: یعنی اس نے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ وأَخَذَ حَقَّہٗ بِالتَّفَارِیقِ یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔
المُفْرِقُ والمُفْرِقُ - مِنَ الطَّرِیقِ: راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔
ـــ مِنَ الشَّعْرِ: مانگ ہر مَفَارِقُ۔ کہا جاتا ہے وَقَفَہٗ عَلَی مَفَارِقِ الحَدِیثِ یعنی اس نے بات کی وجوہ واضحہ سے واقف کیا۔
الفَرْقَدُ - قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارہ کا نام اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں فَرْقَدَانِ کہلاتے ہیں ـــ مِنَ الأَرْضِ: سخت ہموار میدان۔
الفَرْقَدُ: نیل گائے کا بچہ ہر فَرَاقِدَ۔
فَرْقَعَ فَرْقَعَةً وفَرْقَاعًا۔ تیز دوڑنا۔ گوز کرنا۔ صفت (فَرْقَاعٌ) ـــ الأَصَابِعَ: انگلیاں چٹخانا ـــ فُلَانًا: گردن مروڑنا۔
تَفَرْقَعَ - انگلیوں کا چٹخنا۔
اِفْرَنْقَعَ - انگلیوں کا چٹخنا ـــ عُنُقَہٗ:

دور ہونا۔ یکسو ہونا۔
الفُرْفَعَة۔ دبر۔
فَرَكَ (ن) فَرْكًا۔ الثوب: کپڑے کو ملنا
الشَّعْرَ عن الثوب: کھرچنا ——— الجُرْح وغیرہ:
زخم وغیرہ کو مل دل کر چھلکا اتارنا۔
فَرِكَ (س) فَرَكًا وفُرُوكًا وفُرُوكَةً
وفِرْكَانًا۔ بغض رکھنا۔ اور کہا گیا ہے کہ
زوجین کے ساتھ مخصوص ہے۔
فَرِكَتْ (س) فَرَكًا۔ الأُذُن: کان کی
جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت (فَرِكَةٌ و فَرْكَاءُ)
فَرَكَة۔ لینے میں مبالغہ کرنا۔
فَارَكَهُ مُفَارَكَةً۔ چھوڑنا۔
افْتَرَكَ۔ السَّبْعُ: ملنے کے قابل ہونا۔
تَفَرَّكَ۔ چال یا گفتگو میں اٹکنا۔
(۔ والفَرَكُ) ملا جانا۔ کہا جاتا ہے اَلْفَرَكُ
تَكُبُّ فُلَانٍ یعنی فلاں کا مونڈھا اکھڑ گیا۔
اِسْتَفْرَكَ۔ الحَبُّ فِي السُّنْبُلَةِ: دانہ کا
خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔
الفِرْك۔ بغض۔ بغض زوجین۔
الفَرِك۔ چھلکا اتارا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔
اَرُزٌّ فَرِكٌ۔
الفَارِك۔ فا۔ اِمْرَأَةٌ فَارِكٌ: شوہر سے
بغض رکھنے والی ہو فوارک۔
الفَرُوك۔ بغض رکھنے والا۔ شوہر سے
بغض رکھنے والی عورت۔
الفَرِيك۔ ملا ہوا دانہ۔ غلہ جو ملا جائے
اور ملا کر پکایا جائے۔
المَفْرُوك۔ مفرد من الابل: وہ اونٹ
جس کے مونڈھے کی ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ
گئی ہو اور مونڈھا چھد گیا ہو ——— من
الثياب: بہت گہرا رنگا ہوا کپڑا۔
المُفْتَرَك۔ مفعو۔ چھوڑا ہوا۔ متروک۔
فَرَّكَ۔ الإِنَاءَ۔ برتن کو بھرنا۔
الأَفْرَك۔ گرے ہوئے دانت والا۔
الفِرْمَان۔ پروانہ شاہی ہو فرامین۔

الفِرْن۔ تنور۔ ہو افران۔
الفَرَّان۔ تنور کا مالک۔ روٹی پکانیوالا۔
الفَارِنَة۔ روٹی پکانے والی۔
الفُرْنِيّ۔ گول موٹی روٹی واحد (فُرْنِيَّةٌ)
سخت بدن کا آدمی۔
الفِرْنِب۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔
الفِرِنْد۔ انار دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔
تلوار کا نقش و نگار۔ کہا جاتا ہے سَيْفٌ فِرِنْدٌ،
بے شق تلوار ہو فِرَنْدٌ۔ الفِرِنْد: ایک قسم کا کپڑا۔
الإِفْرِنْد۔ جوہر تلوار۔ نقش و نگار تلوار ج
أَفْرِنْدَات۔
فَرِهَ (س) فَرَهًا۔ خوش ہونا۔ اکڑنا۔
صفت۔ (فَرِه)
فَرُهَ (ک) فَرَاهَةً وفُرُوهَةً وفَرَاهِيَةً۔
ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا
صفت (فَارِهٌ)
أَفْرَهَ۔ الرَّجُلُ: چست و چالاک غلام لینا۔
اِسْتَفْرَهَ۔ الدَّوَابَّ: عمدہ جانور چھانٹنا
الفَارِه۔ چالاک۔ خوب کھانے والا۔ کہا
جاتا ہے رَجُلٌ فَارِهٌ وجَارِيَةٌ فَارِهَةٌ ہو فُرَّهٌ و
فُرَّهَةٌ و فُرَهَةٌ و فُرَهَةٌ و فُرَّهٌ۔
الفَارِهَة مؤنث فارہ۔ خوبصورت جوان
لڑکی ہو فوارہ و فرہ۔
الأَفْرَه۔ چالاک۔
فَرْهَدَ۔ پھولنا۔ فربہ نفسہ۔ تنگ ہونا
تَفَرْهَدَ۔ الغُلَامُ: لڑکے کا موٹا ہونا۔
الفَرْهَد والفَرْهَد والفَرْهُود
موٹا تازہ لڑکا۔
الفَرْهُود۔ بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ
ہو فراہید۔
فَرَى تَفْرِيَةً۔ الجُبَّةَ: جبہ پر پوستین لگانا
اِفْتَرَى۔ الفَرْوَ: پوستین پہننا۔
الفَرْوَة۔ مع بالوں کے سر کی کھال۔
عورت کا سر بند۔ تاج۔ توانگری۔ مالداری۔
کہا جاتا ہے ضَرَبَهُ عَلَى أُمِّ فَرْوَتِهِ اس کی چندیا
پر مارا۔ سائل کا تھیلہ۔ اونٹ کے بالوں کا کمبل
الفَرْو۔ پوستین جو بعض حیوانات کی کھال
سے تیار کیا جاتا ہے ہو فِرَاءٌ۔
الفَرَّاء۔ پوستین کا بنانے والا۔
فَرَزَ فَرْزًا۔ مرنا۔
فَرَى يَفْرِي فَرْيًا۔ عَلَيْهِ الكَذِبَ: کسی پر
جھوٹ باندھنا ——— الأَرْضَ: زمین میں چلنا
المَزَادَةَ: توشہ دان بنانا ——— البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
فَرَى وفَرَّى۔ الشَّيْءَ: کاٹنا اور پھاڑنا۔
فَرِيَ يَفْرَى فَرًى۔ مدہوش ہونا۔ متحیر ہونا
اَفْرَى۔ الشَّيْءَ: کاٹنا اور پھاڑنا۔ درست
کرنا ——— فُلَانًا: ملامت کرنا۔
تَفَرَّى تَفَرِّيًا وانْفَرَى انْفِرَاءً
پھٹنا۔ کہا جاتا ہے تَفَرَّتِ الأَرْضُ بِالعُيُونِ"
زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔
اِفْتَرَى اِفْتِرَاءً۔ عَلَيْهِ الكَذِبَ: کسی پر
تہمت لگانا جھوٹ باندھنا۔
الفَرِيَّة۔ فَرَى کا اسم مرۃ۔ شور۔
الفِرْيَة۔ جھوٹ۔ تہمت ہو فِرًى۔
الفَرِيّ۔ پھٹا ہوا۔ گھڑی ہوئی بات
عجیب۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَفْرِي الفَرِيَّ"
فلاں تعجب انگیز کام کرتا ہے۔ اور اسی سے
قرآن میں ہے لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا فَرِيًّا یعنی تم نے
ایسا کام کیا جس سے حیرت و تعجب ہے۔
مؤنث فَرِيَّةٌ اور کہتے ہیں "اَلْفَرِيَّةَ الفَرِيَّةَ"
یعنی جلدی جلدی۔
الفَرِيُّ والفَرِيَّة۔ کشادہ ڈول۔
الفَرَا۔ تعجب۔ نزول۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا
(أَفْرَى) الفِرِيِّ" یعنی جھوٹوں کا جھوٹ۔
فَزِرَ (ن) فَزَرًا۔ اکیلا ہونا ——— عَنْهُ: جدا
ہونا ——— الظَّبْيُ: ہرن کا گھبرانا ———
ہ: دھوکا دینا اور غائب آنا۔ ہوش اڑا دینا
——— ہ عَنْ مَكَانِهِ: گھبرا دینا اور جگہ سے ہٹا دینا
فَزَرَ (ض) فَزْرًا۔ الجُرْحُ: زخم سے خون پیپ
وغیرہ جاری ہونا

فَزَارَةً وفُزُورَةً - مضطرب ہونا اور بھڑک اٹھنا۔
أَفْزَرَهُ - گھبرا دینا۔
اِفْتَزَّ - عَلَيْهِ: غالب ہونا۔
تَفَازَّ - الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَفَزَّهُ - ہلکا جاننا - ذلیل سمجھنا مضطرب کر دینا - گھر سے نکال دینا - قتل کرنا
—— مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔
الفَزّ - مع - ہلکا پھلکا آدمی - نیل گائے کا بچہ ج أَفْزَاز۔
الفَزَّة - خوف و دہشت کی چھلانگ - کہا جاتا ہے - قَعَدَ (مُسْتَفِزًّا) یعنی غیر مطمئن بیٹھنا
فَزَرَهُ (ن) فَزْرًا - پھاڑنا - فتح کرنا - توڑنا —— هُ بِالعَصَا: لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا
—— الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: ایک چیز کو ایک چیز سے جدا کرنا۔
فَزَرَ (ن) فَزْرًا - پھٹنا۔
فَزِرَ (س) فَزَرًا - پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا - صفت (أَفْزَر)
فَزَّرَ وأَفْزَرَ الشَّيْءَ: ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَزَّرَ وانْفَزَرَ - پھٹنا —— الثَّوْبُ: کپڑے کا پوسیدہ ہونا۔
الفِزْر - بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ - اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان
قتب۔ (ن) قتبا۔ بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اقتب۔ البعیر: اونٹ پر پالان باندھنا۔ ــــ ہ یمینا: سخت قسم دینا ــــ ہ الدین: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القتب۔ آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے ارد گرد ہو۔ پالان۔ ج اقتاب۔

القتبۃ۔ آنتیں۔ ج اقتاب۔

القتب۔ کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اقتاب۔ کہا جاتا ہے ہو قتب یقض بالغارب یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

القتب۔ تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔

القتوبۃ۔ وہ اونٹ جس پر پالان ہو۔ رجل (مقتب) الکاہل: بیٹھے رہنے والا مرد۔

قتد۔ القتاد: قتاد کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا۔

قتد۔ القتاد: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

القتاد۔ ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کے مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے من دون ہذا الامر خرط القتاد یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کاٹنا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اسکے

پھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دُور کرنا ہے۔
القَتَد والقَتاد۔ کباڈہ کی لکڑی۔ ج اَقتاد و اَقتُد و قُتُود۔
قَتَرَ (ن ض) قَتْراً و قُتُوراً۔ علیٰ عیالہٖ: بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ صفت (قاتِر و قَتُور و اَقتَر) ــــ الشیٔ: بعض کو بعض سے ملانا ــــ الدِّرعَ: زرہ میں میخوں کے سر جوڑنا ــــ الاَمرُ: لازم ہونا ــــ قَتْراً و قَتَراً و قُتُوراً مابین الامرین: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
قَتِرَ الرجلُ: روزی کا تنگ ہونا۔
قَتَرَ (ن ض) قَتْراً و قُتُوراً و قَتَرَ (س) قَتَراً۔ الجُرحُ او اللحمُ: بودار ہونا ــــ النارَ: دھوئیں دار ہونا۔
قَتَّرَ۔ علیٰ عیالہٖ: نان نفقہ میں تنگی کرنا
اللحمَ: گوشت کا بودار ہونا ــــ الصیّادُ للاَسَدِ: شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا
ــــ ہ: خاک پر پھاڑنا ــــ الشیٔ: ایک دوسرے کے قریب کرنا ــــ الرجُلُ: پکی ہوئی چیز کی بو تیز کرنا ــــ الوَحشُ: اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تاکہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ــــ مابین الامرین: اندازہ کرنا۔
اَقتَرَ۔ مال کم ہونا ــــ علیٰ عیالہٖ: نان نفقہ میں تنگی کرنا ــــ الشیٔ: لازم ہونا ــــ اللہ رزقہ: روزی تنگ کرنا ــــ النارَ: دھوئیں دار کرنا۔
اَقتَرَتِ المرأۃُ: عود کی دھونی دینا۔
تَقَتَّرَ۔ غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا۔
ــــ للصید: شکار کے لئے قترہ میں چھپنا۔ (دیکھئے قترہ) ــــ فلاناً: فریب دینے کا ارادہ کرنا ــــ عنہ: جدا ہونا ــــ الاَمرُ: آمادہ ہونا ــــ للاَمرِ کذا: نرمی برتنا۔
تَقاتَرَ۔ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا
اِقتَرَ۔ الصائدُ: شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قترہ)
القَتْر۔ مع۔ زندگی گذر بسر کرنے کا قابل۔ اندازہ۔
القِتر۔ تیر کا پھل۔ چھوٹا تیر۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے۔
القَتَر۔ گرد و غبار۔ اندازہ۔
القُتر والقُتر۔ گوشہ و جانب ج اَقتار۔ قُطر میں ایک لغت ہے۔
القَتِر۔ متکبر۔ مغرور۔
القَتَرۃ۔ قتر کا اسم مرۃ۔ گرد و غبار۔
القِتْرۃ۔ قتر کا اسم نوع۔ القتر کا واحد۔ ابو قترۃ: ابلیس کی کنیت۔ ابن قترۃ: ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں۔ ج بنات قترۃ۔ قترۃ ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے۔
القُترۃ۔ شکاری کا بچاؤ۔ زرہ کا حلقہ تنگی عیش۔ روشن دان۔ قترۃ البستان: باغ کی نالی۔ قترۃ الباب: دروازہ میں بند کرنے کی جگہ جو قتر۔
القُتار۔ پختہ چیز کی بھاپ۔ بھونا ہوا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بو۔
القَتِیر۔ زرہ کی میخوں کے سرے۔ زرہ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء۔
القاتِر والقَتُور والاَقتَر۔ بخیل۔ جو بال بچوں پر نان نفقہ میں تنگی کرے۔ کہا جاتا ہے سَرجٌ (قاتِرٌ و مُقتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے۔ لَحمٌ قاتِر یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بو ہو۔
الاَقتَر۔ خاکستری رنگ والا۔
التَّقتِیر مع۔ موت لایموت۔
قَتَعَ (ف) قَتْعاً۔ ذلیل ہونا۔
قَاتَعَہٗ مُقَاتَعَۃً۔ مقاتلہ کرنا۔
القِتْع۔ شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو۔
القَتَع۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ واحد۔ (قَتَعَۃ) اور کہا گیا ہے کہ قتع یعنی دیمک
القَتَعَۃ۔ ذلیل۔ کہا جاتا ہے۔ ہُوَ اَقتَعُ مِنہُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے۔ مؤنث

قتاد۔ ہو قتع۔
قَتَلَہٗ (ن) قَتْلاً و قَتَالاً۔ مار ڈالنا۔ صفت (قاتِل) ج قَاتِلُون و قَتَلَۃ و قُتَّال۔ کہا جاتا ہے قَتَلَہٗ بِاَخِیہِ یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا۔ قَتَلَ الخَمرَۃ: شراب میں پانی ملانا۔ القُحُوعُ او البَرد: بھوک یا سردی کی تیزی کو قاتل کہا جاتا ہے قَتَلَہُ اللہُ یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح و ثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے قَتَلَ الشیٔ خُبْراً یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کر لیا و قَتَلَ عَلَیہِ یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہو گئی۔
قَتَّلَ۔ القومَ: بہت لوگوں کو قتل کرنا۔
قَاتَلَہٗ قِتَالاً و قِتَالاً و مُقَاتَلَۃً۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ــــ ہُ اللہُ: لعنت کرنا۔ اور موقعہ استحسان پر کہا جاتا ہے قَاتَلَہُ اللہُ مَا اَشعَرَہٗ" مراد اس سے مدح ہوتا ہے کہ قتل کی بددعا۔
اَقتَلَہٗ۔ قتل کے لئے پیش کرنا۔
تَقَتَّلَ۔ چلنے میں لچکنا ــــ للاَمرِ: بہت دینا ــــ لِفُلَانٍ: جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ (تقتل و تقاتل) القومُ: باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔
اِستَقتَلَ۔ قتل ہونے کیلئے سر جھکانا۔ (جیسا اِستَمَاتَ) قتل کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔
فِی الاَمرِ: کوشش کرنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
القَتْل۔ مع۔ القتلُ العَمد: قتل جو مقصود ہو۔ القتلُ الخطأ: قتل جو غیر مقصود ہو۔
القِتْل۔ دشمن۔ دوست۔ ہمسر۔ نظیر۔ ہم پلہ بہادر ج اَقتَال۔ اور کہا جاتا ہے اِنَّہٗ لَقِتْلُ شَرٍّ وہ شر کا جاننے والا ہے۔
القِتلَۃ۔ قتل کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے قَتَلَہٗ قِتلَۃَ سَوءٍ" اس نے اس کو بُرے طریقے سے قتل کیا۔
القَتَال۔ نفس۔ قوت۔ کہا جاتا ہے نَاقَۃٌ ذَاتُ قَتَالٍ" مضبوط اونٹنی۔

القَتُول: بہت قتل کرنیوالا (مذکر و مؤنث) ج قُتُل و قتل۔
القَتِیل۔ مقتول۔ (مذکر و مؤنث) ج قَتْلٰی و قَتَالٰی۔
المَقْتَل۔ جسم کا وہ عضو مثلاً کنپٹی کہ جس پر ضرب پہنچنے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔
قتل ج مقاتل۔
المُقَاتِلَة۔ لڑنے والی جماعت۔ تانیث کیلئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد (مُقَاتِل)
المُقْتَتَل۔ میدانِ جنگ۔
المُقَتَّل۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جسکو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔
قَتَمَ (ن) قُتُومًا و قَتَمَ (س) قَتَمًا۔ الغُبَارُ: غبار کا مٹیلہ ہونا۔
قَتِمَ (ض) قَتَامَةً و قُتُومًا۔ سیاہی مائل ہونا۔ — قُتُومًا) وَجْهُهُ: چہرے کا متغیر ہونا۔
اَقْتَمَ۔ الیَوْمُ: بہت غبار والا دن ہونا۔
اِقْتَمَّ اِقْتِمَامًا۔ الشَّيْءُ: کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔
القَتَم۔ مع۔ غبار۔
القَتَام والقَتَمَة۔ کالا غبار۔ لڑائی کا غبار تاریکی۔ سیاہی۔
القَاتِم۔ فا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ قَاتِمٌ" بہت کالا۔ ج قَوَاتِم۔
الاَقْتَم۔ سیاہی مائل۔ بھورا۔
حَيَاضٌ قُتَيْم۔ موت کا گڑھا۔
قَتَنَ (ن) قُتُونًا۔ السَّمَكُ: مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔
قَتُنَ (ک) قَتَانَةً و اَقْتَنَ۔ کم خوراک ہونا۔ دبلا ہونا۔
القَتَان والقُتَان۔ گرد و غبار۔
القَاتِن۔ فا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ قَاتِنٌ" بہت سیاہ۔
القَتِين۔ کم خوراک (مذکر و مؤنث) خوار و ذلیل۔ دبلا پتلا۔ باریک نیزہ۔ چھچھڑی۔

القَتِين۔ ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔
قَتَا یَقْتُو قَتْوًا و قَتَا و قَتَى و قَتِيَ (المَلِكُ): اس کی خدمت کرنا۔ صفت (قَاتٍ)
اِقْتَوَى۔ الرَّجُلُ: خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ افتعال لازم ہے)
القَتْوَة۔ قتا کا اسم مرۃ۔ چغلی۔
المُقْتِي۔ جو خوراک پر خدمت کرے۔ اور اکثر بادشاہ کے خدام کیلئے استعمال کیا جاتا ہے جو مَقْتُوُون و مَقَاتَوَة و مُقَاتَرَة۔
المُقْتَوِي۔ بمعنی مُقْتِي۔
قَثَّ (ن) قَثًّا۔ الشَّيْءَ: کھینچنا — الإبِلَ: اونٹ کو بالی پلانا (— و اِقْتَثَّ) الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
قَثَّ (ن) قَثًّا و قَثِيثَى۔ المَالَ: بکثرت جمع کرنا۔
القُثَاث۔ سامان۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ بِقُثَاثِهِم و قُثَاثِهِم" قوم مع اپنے سازو سامان کے آگئی۔
القَثَّاث۔ چغل خور۔
القَثَاثَة والقَثِيثَة والمَقَثَّة۔ لوگوں کی جماعت۔
اَقْثَأَ۔ المَكَانُ او القَوْمُ: بہت ککڑی والی ہونا۔
القُثَّاء والقِثَّاء۔ ککڑی۔ واحد (قِثَّاءَة قِثَّاء الحِمَار: کریلا۔
المَقْثَأَة والمَقْثُوءَة۔ ککڑی کی جگہ۔ جو مقاثی کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَقْثَاة و مَقْثُوءَة" ککڑی والی سرزمین۔
قَثَدَ (ن) قَثْدًا۔ ککڑی یا کھیرا کھانا۔
اِقْتَثَدَ۔ کھیرا یا ککڑی کاٹنا۔
القَثْد۔ کھیرا یا ککڑی۔
اِقْتَثَرَ۔ الشَّيْءَ: گھر کے لئے سامان بنانا۔
تَقَثَّرَ۔ بدل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔
القَثْرَة۔ گھر کا سامان۔
القُثْرُد والقِثْرِد والقَثْرَد۔ گھر کا سامان

القَثْرَد والقُثْرُد والقُثَارَد۔ گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔
القِثْرِد۔ انگور کی جڑ میں خشک کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت۔
القَثَارِد۔ قمیص کے دامن۔
قَثْقَثَ قَثْقَثَةً۔ الوَتَدَ: کھونٹی کو اکھیڑنے کے لئے حرکت دینا — الكِتَابَ: کتاب پھاڑ کر نا
قَثَمَ (ض) قَثْمًا۔ الشَّيْءَ: شیر کے پنجہ سے نوچنا۔ — و اِقْتَثَمَ) المَالَ: بہت لینا۔ اِقْتَثَمَ الرَّجُلُ: ذلیل کرنا — الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
قَثَمَ (ن) قَثْمًا۔ لَزِمَ المَالَ: یک بارگی دینا — فِي مَشْيِهِ: سست چلنا۔
قَثِمَ (س) و قَثِمَ (ک) قَثَمَةً و قَثْمًا۔ شیر کے پنجہ سے نوچنا۔
قَثُمَ (ک) قَثَامَةً و قَثَامًا۔ گرد آلود ہونا۔
القُثَم والقُثُوم۔ خیر یا شر کا جمع کرنے والا
القُثَم: بہت دینے والا (قَاثِم سے معدول ہے)
القَاثِم۔ فا۔ دینے والا۔
القُثَم۔ سخی لوگ۔
القُثَمَة۔ خاکستری رنگ۔
قَثَامِ۔ مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال نیست
قَثَا یَقْثُو قَثْوًا و قَثَى یَقْثِي قَثْيًا و اِقْتَثَى المَالَ: جمع کرنا۔
القَثَا۔ ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔
قَحَّ (ن) قُحُوحَةً و قَحَاحَةً۔ خالص ہونا۔
القَحِّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمٌ قَحٌّ و اَعْرَابِيٌّ قَحٌّ" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے
القُحَاح۔ القَحّ: سخت اور بد خو۔ مؤنث قُحَّة۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَابِيَّةٌ قُحَّةٌ"
القُحَاح۔ خالص۔
قَحَبَ (ن) قَحْبًا و قُحَابًا و قَحَبَ۔ کھانسنا۔ قَحَبَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بدکار ہونا۔
القَحْب۔ سن رسیدہ کھانسی والا۔
القَحْبَة۔ قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔

بڑھیا۔ ہر قحاب۔
سُعَالٌ قَاحِبٌ۔ سخت کھانسی۔
قَحَتَ (ن) قَحْتًا۔ الشَّیْءَ: کل لے لینا۔
قَحَلَ (ن) قَحْلًا وَاقْحَلَ۔ البَعِیْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَلَتِ۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَةٌ قَحْلَةٌ وَمِقْحَالٌ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی۔ ہر مَقَاحِیْد۔
القَحْلَة۔ کوہان یا کوہان کی جڑ۔ ہر قِحَالٌ وَاَقْحُل۔
القَحَاد۔ وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَلَة۔ کوہان کی جڑ۔
تَحَزَّرَ (ن) تَحَزُّرًا۔ کودنا۔ رنجیدہ ہونا مضطرب ہونا۔ (تَحَزُّزًا) مردہ کی طرح گرنا۔ تَحَزَّزَ وَتَحَزَّزَ (تَحَزُّزًا وَتَحَزُّزًا) ہر: پھاڑ دینا۔ تَحَزَّزَهُ تَحَزُّزًا وَتَحَزُّزًا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا (تَحَزُّزًا وَتَحَزُّزًا وَتَحَزُّزًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔
تَحَزَّرَ وَتَقَحَّزَ۔ فِی الکَلَامِ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات۔ سختیاں۔
القُحَازَة۔ پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِیْز۔ مع۔ دھمکی۔ وعید۔ برائی۔
جُوْعٌ مُقْحِزٌ۔ سخت بھوک۔
قَحْزَلَ تَقْحِزَلَةً۔ ڈالنا۔ مارنا۔
القَحْزَلَة۔ لاٹھی۔
قَحْزَمَ تَقْحِزَمَةً۔ لوٹانا۔
تَقَحْزَمَ۔ فِی اَمْرِہٖ: مشغول ہونا۔
قَحْزَنَ تَقْحِزَنَةً۔ پھاڑنا۔
القَحْزَنَة۔ لاٹھی۔ ہر قَحَازِن وَقَحْزَنَات
قَحَصَ (ن) قَحْصًا بِرِجْلِہٖ: لات مارنا
قَحَصَ: تیز دوڑنا۔ جھاڑ دینا۔
اَقْحَصَ۔ دور کرنا۔
قَحَّصَ۔ دور کرنا۔
قَحَطَ (ن) قَحْطًا۔ سخت مارنا۔
قَحَطَ (ن) قَحْطًا وَقُحُوْطًا (س) قَحْطًا

المَطَرُ: بارش رکنا۔
قَحَطَ (ن) وَقَحِطَ (س) قَحْطًا وَقَحَطًا وَقُحُوْطًا وَقَحِطَ وَاَقْحَطَ القَوْمُ: بارش رکنا۔ اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ہر قَوَاحِط وَاَقْحَطَ اللّٰهُ الاَرْضَ: قحط ڈالنا۔ اَقْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔ قَحِطَ وَقَحَطَ وَاَقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔ خشک سالی والا ہونا۔
قَحْطٌ۔ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحْطٌ وَقَحِیْطٌ وَمَقْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِیْطٌ۔ خشک سال۔
المِقْحَط۔ نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَ (ن) قَحْفًا۔ کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔
۔۔۔ الشَّیْءَ: بہالے جانا۔۔۔ نَافِی الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا۔۔۔ الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔
۔۔۔ الرُّمَّانَةَ: انار چھیلنا: چھلکا اتارنا۔۔۔ تَحَافًا: کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ۔ نَافِی الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا۔۔۔ السَّیْلُ کُلَّ شَیْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْف۔ کھوپڑی۔ کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ ہر اَقْحَاف و قُحُوْف وَقُحَفَة۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِاَقْحَافِ رَاْسِہٖ" اس نے اسپر بڑے بڑے کام ڈالدیئے اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔ "فُلَانٌ مَالَہٗ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القَحَاف۔ ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف۔ بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة۔ ہر وہ چیز جس کو لیکر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف۔ فا۔ ہر قُحُفٌ۔
قُحَافَةٌ قُحَافَاءُ۔ آندھی جو سب چیز کو اڑا لیجائے
المِقْحَفَة۔ وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ ہر مَقَاحِف۔
تَحَفَّزَ تَحَفُّزًا۔ فِی الکَلَامِ: سخت کلامی کرنا

۔۔۔ فِی الشَّیْءِ: تیز دوڑنا۔۔۔ الحَفِیْرَةَ: اچھی طرح سے بھرنا۔
فَحْفَحَ الصَّوْتَ: حلق میں پھرانا۔۔۔ القِرْدُ: بندر کا ہنسنا۔
قَحَلَ (ن) قُحُوْلًا وَقَحِلَ (س) قُحُوْلًا وَقَحَلًا وَقَحِلَ۔ الشَّیْءُ: خشک ہونا۔ صفت قَاحِلٌ وَقَحِلٌ وَقَحِیْلٌ وَالقُحَّلُ اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّیْخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی بہت بوڑھا ہو گیا "کَیْفَ تَرَوْنَ حُکْمَ وَقَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی
اَقْحَلَ الشَّیْءُ: خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْحَلَ الصَّوْمُ: روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَ مُقَاحَلَةً۔ لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ۔ الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فِی ثَوْبِہٖ وَحَالِہٖ: بڑے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل۔ فا۔۔۔ مِنَ الجُلُوْدِ: خشک کھال
القُحَال۔ بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُوْلَة۔ خشکی۔
المُتَقَحِّل۔ مِنَ الرِّجَالِ: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قَحَمَ (ن) قَحْمًا وَقُحُوْمًا فِی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا۔۔۔ الیہ: قریب ہونا
قَحَّمَ (ن) قَحْمًا۔ المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا
قَحَّمَہٗ وَاَقْحَمَہٗ۔ فِی الاَمْرِ: معاملہ میں اچھے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَّمَ الفَرَسُ رَاکِبَہٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَہُ النَّہْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا۔۔۔ النَّکِرَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رَجُل کا لفظ اَبِیْہِ اور مَنْ کے درمیان اس قول میں۔ "قَطَعَ اللّٰہُ یَدَ وَرِجْلِ مَنْ قَالَہَا۔ اس لئے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔ قَطَعَ اللّٰہُ یَدَ مَنْ قَالَہَا وَرِجْلَ۔

اَلْقَحَةُ۔ القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا
اَقْحَمَ۔ الفَرَسُ المُهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا ــــ الفَرَسُ رَاكِبَهُ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا الأَمْرُ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔
اِقْتَحَمَ الأَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا ــــ فُلَانًا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَحَمَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھوں نے اسکو ذلیل سمجھا۔ اقتحم المنزل: ہجوم کرنا ــــ النَّجْمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ــــ والقَوْمُ بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔
اَلْقَحْمُ۔ مع۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ دُہلا ہوا۔ ج قُحُوْم۔
اَلْقَحْمَةُ۔ دشوار کام۔ ہلاکت۔ قحط۔ ج قَحَمٌ ــــ القَحَمَةُ: بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ قَحَمُ الطَّرِيْقِ: راستہ کی دشواریاں۔ اَلقَحَمُ مِنَ الخُصُوْمَاتِ: وہ جھگڑے کہ دہاتیں پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے لِلْخُصُوْمَةِ قَحَمٌ ــــ القَحَمُ مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کی آخری تین راتیں
اَلقَحَامَةُ والقُحُوْمَةُ۔ بہت بڑھاپا۔
اَلقَحُوْمُ۔ بہت بوڑھا۔
اَلمِقْحَامُ۔ قاحِم کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں جا پڑے۔ ج مَقَاحِمُ۔
اَلمَقَاحِمُ۔ ہلاکتیں۔ اور مفرد مُقْحِمَةٌ یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے مَلَامِحُ جمع لُحْمَةٌ کی۔
اَلمُقْحِمُ۔ مقم۔ کمزور وہ اعرابی جس کی پرورش نخل میں ہوئی ہو۔
فَاكِهَةٌ قَحْوَاءُ۔ الدَّوَاءُ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا ــــ (القَحْيُ) المَالَ: کل مال لے لینا
اَلقَحِيَّةُ۔ الارض: گل بابونہ والی ہونا۔
اَلمِقْحَاةُ۔ پھاوڑا۔
اَلقَحْوَانُ والأُقْحُوَانُ۔ گل بابونہ۔ واحد قُحْوَانَةٌ والقُحْوَانَةُ۔ یہ آقاحی وآقاح اور اس کی تصغیر اُقَيْحِيَان ہے اور اسکا واحد اُقَيْحِيَانَةٌ

اَلقُحْوَانَةُ سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ اَلقَارِحُ الأَمْرُ: کام کے اوائل۔
قَدَّ۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔
(۱) بمعنے حَسْبَ جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ اور کبھی عرب کہتا ہے جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِیْ دِرْهَمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِیْ دِرْهَمٌ۔
(۲) اسم فعل بمعنی کفی یا بمعنی حَسْبِیْ جیسے قَدْنِیْ دِرْهَمٌ بمعنی حَسْبِیْنِیْ دِرْهَمٌ۔ ان سب صورتوں میں قد آمر ہوتا ہے
(۳) مضارع کیساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ يَقْدَمُ الغَائِبُ اليَوْمَ۔ توقع ہو کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ يَصْدُقُ الكَذُوْبُ۔ جھوٹا آدمی بھی سچ بولتا ہے۔
اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ أَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ: جو اللہ سے ڈرا اس نے یقینا فلاح پائی۔ قرآن میں ہے۔ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا۔ قَدْ أَفْلَحَ المُؤْمِنُوْنَ۔
اور حال کو قریب کرنے کیلئے جیسے قد قام فلانٌ۔ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو۔ اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ أَشْهَدُ الغَارَةَ الشَّعْوَاءَ كَمَلِيْ۔ مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔
قَدَّ (ن) قَدًّا وقَدَّدَ۔ الشَّيْءَ: چمڑے کاٹنا لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو۔ قَدَدْتُ الشَّيْءَ تَضْعِيْفًا اور کبھی مفعول ثمانی پر باکی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّيْءَ تَصْعِيْفًا۔
قَدَّ المُسَافِرُ الفَلَاةَ: بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الكَلَامَ: بات کاٹنا۔ قَدَّدَ اللَّحْمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا
قُدَّ۔ دردِ شکم والا ہونا۔
تَقَدَّدَ۔ پھٹنا ــــ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا ــــ الشَّيْءُ: خشک ہونا ــــ الثَّوْبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا ــــ القَوْمُ: مختلف الرائے فرقے ہونا ــــ الثَّوْبُ عَلَيْهِ: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔
اِنْقَدَّ۔ الشَّيْءُ: بمعنے قَدَّ ــــ الشَّيْءُ: پھٹنا ــــ الأُمُوْرُ: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔
اِسْتَقَدَّ۔ الأَمْرُ: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔
اَلقَدُّ۔ مع۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے هٰذَا عَلَى قَدِّ ذَاكَ یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت
اَلقَدُّ۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ ج أَقُدٌّ وقُدُوْدٌ وقِدَادٌ وأَقِدَّةٌ۔
اَلقِدُّ۔ چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک۔ کہا جاتا ہے مَا لَهُ قِدٌّ وَلَا قُتٌّ "اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ گھوڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔"
اَلقُدُّ۔ ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔
اَلقِدَّةُ۔ تسمہ۔ چیر کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قِدَدٌ وأَقِدَّةٌ۔ قرآن مجید میں ہے كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا "یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔
اَلقَدَادُ۔ جنگلی چوہا۔ سیہی۔
اَلقُدَادُ۔ پیٹ کا درد۔
اَلقَدِيْدُ۔ کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت پرانا کپڑا۔
اَلقُدَيْدُ۔ چھوٹا ٹاٹ۔
اَلقَدِيْدُوْنُ۔ فوج کے توابع۔ جیسے درزی نائی وغیرہ۔
اَلمَقَدُّ۔ راستہ۔ ہموار جگہ۔
اَلمِقَدُّ والمِقَدَّةُ والمِقَدُّ۔ کاٹنے کی چھری
اَلقَيْدُوْدُ۔ لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ ج قَيَادِيْدُ۔
قَدَحَ (ف) قَدْحًا۔ فِي عِرْضِهِ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے قَدَحَ فِي سَاقِ أُخْتِهِ "اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا" قَدَحَ الشَّيْءُ فِي صَدْرِيْ۔ اس چیز نے میرے دل میں اثر کیا۔ "قَدَحَ خَاتَمُ الخَاتِمِيَّةِ" شکے کی مہر کو توڑ دیا ــــ الدُّوْدُ فِي الأَسْنَانِ او الشَّجَرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قَدَحَتِ العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا ــــ الشَّيْءَ: چلو لینا ــــ الطَّبِيْبُ العَيْنَ: ــــ آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا

فِی الْقِدْحِ: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔
قَدَحَ ہ وَاقْتَدَحَ ہ۔ بالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال میں سے ہے: اَصْلِ لِیْ اَقْدَحْ لَکَ یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ وَاقْتَدَحَ الْمَرَقَ: شوربا نکالنا — الْقِدْرَ: چمچہ سے نکالنا — وَاقْتَدَحَ الْاَمْرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔
قَدَّ ہ۔ الْفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔
قَدَّتِ الْعَیْنُ: آنکھ کا دھنسنا۔
قَادَحَہٗ وَتَقَادَحَا۔ ایک دوسرے پر طعن تشنیع کرنا۔
اِسْتَقْدَحَ ہ۔ زِنَادَہٗ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔
اَلْقَدُّ ہ۔ مع دانت یا لکڑی کا کیڑا۔
اَلْقِدُّ ہ۔ تیر بغیر پر اور نصل کے۔ جوئے کا تیر۔ ج قِدَاح وَاَقْدُح وَاَقْدَاح وَقِدْحَان و ج اَقَادِیْح۔ کہا جاتا ہے: ضَمَّ قِدْحَہٗ وَنَمَّ قِدْحَہٗ یعنی ان سے بیع کہا۔
اَلْقَدَحُ ہ۔ پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: لَا تَجْعَلُوْنِیْ کَقَدَحِ الرَّاکِبِ یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔ اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے۔ اور اَلْقَدَحُ الْفَرْدُ کنایہ ہے بے مالک سے۔ ج اَقْدَاح۔ اَلْقَدَحُ اسم ہے۔ اِقْتِدَاحُ الْاَنَارِ سے۔
اَلْقَدْحَۃ۔ قدح کا اسم نوع۔
اَلْقَدْحَۃ۔ مرۃ من المرق: چمچہ بھر۔
اَلْقِدَاحَۃ۔ پیالہ بنانے کا پیشہ۔
اَلْقَادِح ہ۔ فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔
اَلْقَادِحَۃ۔ قادح کا مؤنث۔ درخت یا دانت کا کیڑا ج قَوَادِح۔ کہا جاتا ہے: حُمِّیَ قَادِحَۃٌ بہت تیز بخار۔

اَلْقَدُّ اسم۔ کاسرگر۔ تر و تازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (— وَالْقَدَّاحَۃ) چقماق کا لوہا۔
اَلْقَدِیْحُ۔ شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے
اَلْاَقْدَحُ ہ وَالْقَدُوْحُ ہ۔ کھنی۔ بڑی قَدُوْح وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔
اَلْمِقْدَحُ ہ وَالْمِقْدَاحُ ہ۔ چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔
اَلْمِقْدَحُ ہ وَالْمِقْدَحَۃ۔ چمچہ۔
اِقْدَحَرَّ اِقْدِحْرَارًا۔ الرجل: بدی یا کالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار ہونا۔
اَلْقَیْدَحُوْد۔ مرد بدخو۔
اَلْقُدَاحِس۔ مرد دلاور۔ دبدبو۔ بیباک۔ شیر۔
قَدَرَ (ن ض) وَقَدِرَ (س) قَدْرًا وَقُدْرَۃً وَمَقْدِرَۃً وَمَقْدُرَۃً وَمَقْدُرًا وَمِقْدَارًا وَقَدَارًا وَقُدُوْرَۃً وَقُدُوْرًا وَقَدْرَانًا وَقَدَارًا وَقِدَارًا عَلَی الشَّیْءِ: توانا ہونا قوی ہونا۔
قَدَرَ (ض) قَدْرًا: الْاَمْرَ: تدبیر کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا — قَدَارَۃً) الشَّیْءَ: تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا: لامرکذا: غور و فکر کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا وَقَدَّرَ: اللہ: تعظیم کرنا (— وَقَدَّرَ) اللہُ عَلَیْہِ الْاَمْرَ وَقَدَّرَ لَہُ الْاَمْرَ: فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَّرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔
قَدَّرَ وَقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِہٖ: اہل و عیال پر زمان نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَّرَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا اور جمع کرنا۔ وَقَدَّرَ الرَّجُلُ: معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔ وَقَدَّرَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔
قَدِرَ (س) قَدَرًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔
— عَلَی الشَّیْءِ: قدرت رکھنا۔
قَدَّرَ وَاقْتَدَرَ اللہُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: قادر بنانا
وَاقْتَدَرَ الْاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَہٗ مُقَادَرَۃً۔ توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔
بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے: فُلَانٌ یُقَادِرُنِیْ یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ۔ الثَّوْبُ عَلَیْہِ: کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا — لِکَذَا: آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اَلتَّقْدِیْرُ۔ اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے: قَدَّرْتُ الثَّوْبَ فَتَقَدَّرَ یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔
اِقْتَدَرَ۔ عَلَیْہِ: قوی ہونا۔ قدرت پانا — الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ۔ اللہَ خَیْرًا: خدا سے نیکی کا حصول
اَلْقَدْر۔ مع۔ چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے: ہٰذَا قَدْرُ ذَاکَ یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ توانگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَار۔
لَیْلَۃُ الْقَدْرِ: رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
اَلْقِدْر (س) ہانڈی۔ (مؤنث) ج قُدُوْر اور اس کی تصغیر قُدَیْرَۃ و قُدَیْر۔
اَلْقَدَر۔ مع۔ چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔ تقدیر الٰہی ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ انکے اوقات میں۔ ج اَقْدَار۔
اَلْقَادِر۔ فا۔ ہانڈی میں پکانیوالا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے: بَیْنَنَا لَیْلَۃٌ قَادِرَۃٌ ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔
اَلْقَدَرِیَّۃ۔ ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اسکے خلاف ہے۔
اَلْقُدْرَۃ۔ فعل یا ترک فعل کی طاقت۔

القَدَارَة: چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ۔
القَدَار والقِدَار: قدرت۔
القُدَار: میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا
بادرچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔
القَدَار: پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگا یا جائے
القَدَارَة والقُدُورَة: مصادر۔ اقتدار
نت۔ توانگری۔
القَدِير: مہ ـــ عند النحاة: کلمہ کو حذف
کرنا اور نیت میں باقی رکھنا ـــ عند المتکلمین
مرحوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔
قدیر الٰہی۔ بہ تقادیر۔
القَدِير: قدرت والا۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے
اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہانڈی میں پکا ہوا
گوشت۔
الأَقْدَر: اسم تفضیل۔ پستہ قد۔ اور کہا
گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا۔
القَدْرَاء: اقدر کا مؤنث۔ کان نہ بڑا
نہ چھوٹا۔ بہ قَدْرَاء: اغنیاء۔
المِقْدَار: توانائی۔ اندازہ۔ پیمانہ۔ بہ مَقَادِير
المِقْتَدِر: فا۔ ہانڈی کا پکانے والا۔ کام
کا ماہی۔ ہر چیز کا وسط۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
مُقَدَّرُ الطُّوْل" مرد میانہ قامت۔
المُقَادَرَة: تنگ مکان۔
المَقْدُور: مفعو فیصل شدہ معاملہ۔ کہا
جاتا ہے "أَمْرٌ مَقْدُورٌ عَلَيْهِ" یعنی ایسا امر جس کے
کرنے پر انسان قادر ہو۔
المَقْدَرَة والمَقْدُرَة والمَقْدِرَة۔
ات۔ توانگری ـــ المَقْدَرَة: قضا و قدر۔
قدرت الٰہی۔
قَدَسَ (ن) قُدْسًا وقُدُسًا۔ پاک
ہونا۔ بابرکت ہونا۔
قَدَّسَ۔ اللہُ فلانًا: پاک کرنا۔ بابرکت
کرنا ـــ الرَّجُلُ اللہَ: تنزیہ کرنا۔ قدوس ہونے کی
صفت بیان کرنا ـــ الکاہنُ عِنْدَ النَّصَارٰی
عشاء ربانی ادا کرنا ـــ الرَّجُلُ: بیت المقدس
میں آنا۔ قَدَّسَ لِلہِ: پاکی بیان کرنا۔ اسی سے
ہے۔ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ"
تَقَدَّسَ۔ پاک ہونا۔ القَدَاسَة: پاکی
القُدُس والقُدُس۔ مصادر والقُدُس:
بیت المقدس۔ وروحُ القُدُس۔ حضرت
جبرئیل علیہ السلام۔ وحظیرۃُ القُدُس: جنت
القُدُس۔ وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم
کرنیکے لئے کنوئیں میں ڈالا جائے۔
القُدُس والقُدُس۔ چھوٹا پیالہ۔
القَادِس: بڑی کشتی۔ پتھر جو اونٹ کے
پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے۔ بہ
قوادس۔ بیت حرام۔ اندلس کا ایک جزیرہ۔
القَادُوس: چمڑے میں دانے ڈالنے کا برتن
عوام اسے کور کہتے ہیں۔ نہر سے پانی نکالنے کا
برتن۔ بہ قوادیس۔
القُدَاس۔ اونٹوں کے حوض کے پانی
کا اندازہ کرنے کا پتھر۔ چاندی کا بنا ہوا موتی
بڑی شرافت۔
القِدِّيس۔ موتی۔
القَدُوس۔ سخت اقدام کرنے والا۔
سخت حملہ کرنے والا۔
القُدُّوس والقُدُّوس باری تعالیٰ
کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔
القِدِّيس۔ باصطلاح نصاریٰ۔ مقبول
عند اللہ۔ مؤنث قِدِّيسَة۔
المَقْدِس۔ مکان مقدس۔ پاک جگہ۔
بَيْتُ المَقْدِس والبَيْتُ المُقَدَّس: یروشلم
نسبت کیلئے مَقْدِسِيّ ومُقَدَّسِيّ۔ أَرْضٌ مُقَدَّسَة
مبارک زمین۔ الأَرْضُ المُقَدَّسَة: فلسطین۔
المُقَدِّس۔ فا۔ یہودی عالم۔ راہب۔
قَدَعَ (ن) قَدْعًا الفَرَسَ: گھوڑے کا دوڑنا
ـــ الأَمْرَ: کر گذرنا ـــ فَرَسَهُ باللِّجَام: گھوڑے کو لگام سے روکنا ـــ السَّفِينَةَ: کشتی
کھینا ـــ الخَمْسِينَ مِنْ عُمُرِهِ: تجاوز کرنا ـــ مِنَ
الشَّرَاب: گھونٹ گھونٹ پینا ـــ الذُّبَابَ عَنْهُ
بِكَذَا: کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا۔ قَدَعَهُ وَاقْتَدَعَ
عَنْ كَذَا: روکنا۔ اقْتَدَعَ الرَّجُلُ: گالی دینا۔
قَدِعَ (س) قَدَعًا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ قَدِعَتْ
عَيْنُهُ: زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے
قَدِعَتْ إِلَى خَمْسِينَ" میں تقریباً پچاس کی عمر کو
پہنچ گیا۔
قَادَعَهُ: تجیرہ: کھیلیں کرنا۔
تَقَدَّعَ لَهُ بِالشَّرِّ: آمادہ بدی ہونا۔
تَقَادَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا
اور کھینچنا ـــ بالرِّمَاح: ایک دوسرے کو نیزہ
مارنا۔ تَقَادَعَ عَلَى الشَّيْءِ وفيه: جوق جوق گرنا۔
کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِي الْمَرَقِ" شوربے
میں مکھیاں پے بہ پے گریں ـــ القَوْمُ:
پے بہ پے مرنا۔
اِنْقَدَعَ۔ رکنا ـــ عَنِ الشَّيْءِ: شرم کرنا۔
القَدِع۔ بہت رونے والا۔ مَاءٌ قَدِعٌ: پانی
جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے۔
اِمْرَأَةٌ قَدِعَةٌ وقَدُوعٌ: شرمیلی کم بولنے
والی عورت۔
القَدَع۔ بزدلی۔ کثرت گریہ سے نگاہ کی کمزوری
القِدْعَة: چھوٹا سینہ بند۔ انگیا۔
القَدُوع۔ کسی چیز پر گرنے والا۔ ذلیل۔
المِقْدَع۔ جھری دار۔
المِقْدَعَة: مورچھل مکھی ہانکنے کی چوری
لاٹھی جس سے ہانکا جائے۔
قَدَفَ (ن) قَدْفًا۔ الماءَ: چلو لینا۔ گرانا۔
القُدَاف: مٹی کا گھڑا۔ بڑا پیالہ۔
القَنْدَفِيل والقَنْدَوِيل۔ بڑے سر والا
قَدَمَ (ن) قَدْمًا وقُدُومًا۔ القَوْمَ: قوم
سے سابق ہونا۔
قَدِمَ (س) قُدُومًا ومَقْدَمًا وقَدَمَانًا
المَدِينَةَ: شہر میں آنا ـــ مِنْ سَفَرِهِ: سفر سے
واپس ہونا ـــ إِلَى الأَمْرِ: قصد کرنا۔
قَدَّمَ (ن) وقَدِّمَ (س) قَدْمًا وقُدُومًا

قُدُوْمًا وَاَقْدَمَ عَلَى قِرْنِهٖ: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ وَاَقْدَمَ عَلَى الْاَمْرِ: بہادری کرنا۔ قَدِمَ وَاَقْدَمَ عَلَى الْعَيْبِ: عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ يَمِيْنًا: قسم کھانا۔ اَقْدَمَ فُلَانًا: آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَهُ الْبَلَدُ: شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔

قَدُمَ (ک) قِدَمًا وَقَدَامَةً: پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِيْم وَقُدَام۔

قَدَّمَ الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَهُ: آگے کرنا۔ قَدَّمَ يَمِيْنًا: قسم کھانا —— بَيْنَ يَدَيْهِ: آگے بڑھنا —— اِلَيْهِ بِكَذَا: حکم دینا —— قَدَّمَ اِلَى الْحَارِسِ: قریب کرنا۔

تَقَادَمَ: بمعنے قَدُمَ: پرانا ہونا۔

تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا —— الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا —— اِلَيْهِ بِكَذَا: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے: فُلَانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْهِ: فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔

اِقْتَدَمَ: بمعنے تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا۔

اِسْتَقْدَمَ: بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا —— الرَّجُلَ: آنے کو کہنا —— الْقَوْمَ: آگے کو بڑھ جانا۔

اَلْقَدَمُ: خاندانی شرافت۔ سُرخ کپڑا۔

اَلْقِدَمُ: پرانا زمانہ۔ کہا جاتا ہے: كَانَ كَذَا قِدَمًا: یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔

اَلْقِدَمُ: حدوث کا ضد۔ اولیت۔ کہا جاتا ہے: لَهُ قِدَمٌ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ: اس کو اس معاملہ میں اولیت ہے۔

اَلْقَدَمُ: پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہوا ہے) اقدام اور تصغیر قُدَيْمَة

اَلْقَدْمُ: آگے بڑھنا۔ اولیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں۔ کہا جاتا ہے: لِفُلَانٍ فِيْ كَذَا قَدْمُ صِدْقٍ اَوْ قَدَمُ سُوْءٍ: یعنی فلاں کیلئے اس معاملہ میں اچھی اولیت یا بری اولیت ہے۔ لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ: یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ وَضَعَ قَدَمَهُ فِي الْعَمَلِ: یعنی شروع کر دیا۔ اَجْعَلُ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمَيَّ: ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا۔ وَاجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ: اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو یعنی معاف کر دو۔ وَالْقَدَمُ فِي الْقِيَاسِ: پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔ اَلْقَدَمُ: بہادر (مذکر و مؤنث مفرد و جمع) کہا جاتا ہے: رَجُلٌ قَدَمٌ امْرَاَةٌ قَدَمٌ وَرِجَالٌ قَدَمٌ وَنِسَاءٌ قَدَمٌ، اور کہا جاتا ہے: "ہُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔

اَلْقَدِمُ: بہت اقدام کرنے والا، سخت سنگستان۔

اَلْقُدُمُ وَالْقُدُمُ: دلیر۔ اَلْقُدُمُ: آگے گذرنے والا، کہا جاتا ہے: "مَضٰى قُدُمًا" وہ سیدھا گیا ادھر اُدھر نہیں مڑا مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔

اَلْقُدْمَةُ: دلیری۔ معاملہ میں اولیت۔

اَلْقُدْمِيَّةُ: مغرورانہ چال۔

اَلْقَدُوْمُ: دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُمٌ اَلْقَدُوْمُ: کلہاڑا (مؤنث ہے، ج قُدُمٌ وَقَدَائِمُ (اور قَدُوْمٌ ضعیف لغت ہے)

اَلتَّقْدِمَةُ: مص۔ قَدَّمَ کا: ہدیہ۔ ج تَقَادِمُ۔

اَلْقَادِمُ: فاعل ج قُدُوْمٌ وَقُدَّامٌ وَقَادِمُوْنَ، قَادِمُ الْاِنْسَانِ: انسان کا سر۔ ج قَوَادِمُ اَقَادِمُ الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ اَلْعَامُ الْقَادِمُ: آئندہ سال اَلْقَادِمُ مِنَ الْاَظْبَاءِ وَالنَّعَامِ: اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی باکھ۔

اَلْقَادِمَةُ: مؤنث قادم۔ لشکر۔ اَلْقَادِمَةُ: بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں، ج قَوَادِمُ و قُدَامٰى اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے پیچھے ہوتے ہیں، وَقَادِمَةُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِمُ، وَقَادِمَةُ الْعَسْكَرِ: فوج کا اگلا دستہ،

اَلْقَدِيْمُ وَالْقُدَامُ: پرانا ج قُدَمَاءُ وَقُدَامٰى و قَدَائِمُ مؤنث قَدِيْمَةٌ ج قَدِيْمَاتٌ وَقَدَائِمُ۔ اَلْقُدَامٰى: فوج کا اگلا دستہ۔

قُدَّامَ: آگے۔ مؤنث ہے، اور اس کی تصغیر قُدَيْدِمَةٌ اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَيْدِيْمٌ آتی ہے۔ کہا جاتا ہے: لَقِيْتُهُ قُدَّامَ ذَاكَ اَوْ قُدَيْدِمَةَ ذَاكَ: یعنی میں نے اس سے اس کے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔

اَلْقُدَّامُ وَالْقَدَّامُ وَالْقَدِيْمُ: سردار قوم کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار بادشاہ اَلْقُدَّامُ: قصبائی۔

اَلْقَدَمَةُ: مِنَ الْغَنَمِ: چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔

اَلْقَيْدُوْمُ وَالْقَيْدَامُ: اگلا حصہ۔

قَيْدُوْمُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔

اَلْاَقْدَمُ: اسم تفضیل۔ شیر۔

اَلْمَقْدَمُ: آنے کا وقت۔

اَلْمُقْدَمُ وَالْمُقَدَّمُ: مِنَ الْعَيْنِ: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ —— مِنَ الْوَجْهِ: چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو —— مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ ج مَقَادِيْمُ۔

اَلْمُقَدِّمَةُ وَالْمُقَدَّمَةُ: مِنَ الْجَيْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراول —— مِنَ الْكِتَابِ: دیباچہ وَالْمُقَدَّمَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔

اَلْمِقْدَامُ وَالْمِقْدَامَةُ: بہت پیش قدمی کرنے والا۔ مبالغہ کیلئے ہے ج مَقَادِيْمُ۔ کہا جاتا ہے: هُوَ مِقْدَامٌ اِلَى الْقِتَالِ (اَلْقُدُمِيَّةُ وَالْيَقْدُمِيَّةُ وَالتَّقَدُّمِيَّةُ) جبکہ میدانِ جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم و فضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیر یوں ہے کہ مَشَى الْمِشْيَةَ الْمَنْسُوْبَةَ اِلٰى قَوْلِ النَّاسِ يَتَقَدَّمُ وَتَقَدَّمَ۔

اَلْقُدَامِسُ وَالْقَدْعَسُ: پرانا۔ کہا جاتا ہے: عِزٌّ اَوْ حَسَبٌ قُدَامِسٌ وَقَدْعَسٌ: خاندانی عزت۔

اَلْقُدَامِسُ وَالْقُدَامُوْسَةُ: بڑی چٹان اَلْقُدَامُوْسُ وَالْقُدَامِسُ: سخت۔ اَلْقُدَامُوْسُ: ہراول۔ لشکر کا اگلا حصہ ج قَدَامِيْسُ جیش قدوس بڑا۔ اَلْقُدَامُوْسَةُ: بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

اَلْقَدْنُ: کافی۔ کہا جاتا ہے: قَدْنُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ زید کیلئے ایک درہم کافی ہے۔

قَدَا يَقْدُوْ وَقَدَّا: قریب ہونا۔ سفر سے واپس ہونا —— بِهٖ فَرَسُهُ: گھوڑے کا اس کو واپس

قَدَا يَقْدُو وَقَدَوْا وَقَدِيَ يَقْدَى قَدًى وَقَدَاةً وَقَدَالَةً - الطَّعَامُ: کھانیکا مزیدار و خوشبودار ہونا۔ صفت قَدٍ وَقَدِیٌّ۔ تم کہتے ہو۔ مَا أَطْيَبَ قَدَاةَ الْقِدْرِ "ہانڈی کی خوشبو کو میں نے سونگھا۔

أَقْدَى إِقْدَاءً - خیر اور امور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا۔ بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا — مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس آنا۔ المِسْكَ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔

تَقَدَّى تَقَدِّيًا - عَلَى دَابَّتِهِ: چوپایہ پر سوار ہوکر وسط راستہ میں چلنا — تَقَدَّتِ الدَّابَّةُ بِرَاكِبِهَا: چوپایہ کا سوار کو وسط راستہ پر لیجانا۔

اِقْتَدَى إِقْتِدَاءً بِفُلَانٍ فِي كَذَا: پیروی کرنا۔

القَدَا - مع: خوشبو۔

القِدْو - جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔

القُدْوَى - استقامت - پائداری۔

القُدَاةُ والقَدْوَةُ والقِدْوَةُ والقُدْوَةُ والقُدْيَةُ - پیشوا۔ اسوہ۔ جیسے إِنَّ لَكَ قُدْوَةً: میرے لئے تمہارے اندر اسوہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَا أَقْدَى طَعَامَ فُلَانٍ: یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار و خوشبودار ہے۔

قَدِيَ يَقْدَى قَدًى الطَّعَامُ: بمعنی قَدَا يَقْدُو مزیدار و خوشبودار ہونا۔ اور کہا جاتا ہے قَدَتْ قَادِيَةٌ: لحظہ وہ قوم کا دیہات سے آنا — قَدَايَا: الخَيْلُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَادَى مُقَادَاةً - الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔

تَقَدَّى - ناز سے چلنا۔

القَدَاةُ - ایک قسم کا سانپ ہے قِدَاتٌ۔

القُدْوَةُ: پیشوا۔

القَدْيُ والقِدَى - مقدار۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا قِدَى رُمْحٍ: ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

القَدَارِيَّةُ - قدی کا اسم نوع - روش۔ طریقہ ہے۔ کہا جاتا ہے خُذْ فِي قَدَارِيَّتِكَ وَقَدِيَّتِكَ: اپنی روش و طریقہ پر لو۔

القَادِرِيَّةُ - دیہات سے آنے والی لحظہ قوم ہے قَوَادِرُ۔

المُتَقَدِّي - فاشیر۔

القِدْيَةُ - ہدیہ۔

قَدَّ (ن) قَدًّا - الرَّئِيسُ: تیر کے پر کے اطراف کاٹنا اور ہموار کرنا — الرَّجُلَ: گدی پر مارنا — الحَجَرُ وكُلُّ غَلِيظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا (— وقَدَّدَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا۔ قَدَّوْا أَقَدَّا السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔

تَقَدَّدَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔

القُدَّةُ - تیر کا پر۔ القُدَّةُ: گھوڑے اور انسان کا کان۔ ج قُدَدٌ وقِدَادٌ۔ پستہ۔ ج قِدَّانٌ وقُدَدٌ۔

القُدَاذَةُ - پر کا تراشہ۔ سونے وغیرہ کا ریزہ ہے قُدَاذَاتٌ۔ کہا جاتا ہے إِنَّ بِهَا قُدَاذَاتِ وجُدَاذَاتِ قُدَاذَاتٌ سونے کے ٹکڑے۔ اور جُدَاذَاتٌ چاندی کے۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا يَدَعُ شَاذَّةً وَلَا قَاذَّةً: یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔

سَهْمٌ أَقَدُّ - پردار تیر۔ بے پر کا تیر ہے قُدٌّ ج قِدَادٌ۔ کہا جاتا ہے مَا لَهُ أَقَدُّ وَلَا رِيشٌ: یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

القُدَّانُ - بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی۔ پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی۔

المِقَدُّ - گدی۔ سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف۔ سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف۔

المِقَدُّ والمِقَدَّةُ - پر تراشنے کا آلہ۔

المُقَدَّذُ والمُقَدَّذُ - بال تراش کر ہموار کیا ہوا۔ ہر چیز ہموار اور لطیف۔ راستہ و پیراستہ

المُقَدَّذَةُ والمُقَدَّذَةُ - گول کان۔

تَقَدْقَدَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا — فِي الرَّكِيَّةِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا — الرَّجُلُ: خود رائے ہونا۔

قَاذَعَهُ مُقَاذَعَةً - گالی گلوچ کرنا۔

تَقَدَّعَ فُلَانٌ بِالشَّرِّ: شرارت کرنا۔

قَدَرَ (ن) وقَدُرَ (ک) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقَدَارَةً - گندا ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت قَذِرٌ وقَذُرٌ وقَدِرٌ۔

قَدَّرَ (ن) قَدْرًا وقَدَّرَ (س) قَدَّارًا وقَدَّرَ الشَّيْءَ: گندا کرنا۔ وقَدَّرَ الشَّيْءَ: مکروہ جاننا پرہیز کرنا۔ گندا سمجھنا۔

أَقْدَرَهُ - گندا پانا — أَقْدَرَ فُلَانًا: تنگدل کرنا۔ بہت بولنا۔

تَقَدَّرَ الشَّيْءُ مِنْهُ: میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا۔

القَدَرُ: مع میل کچیل، اور کبھی پاخانہ کے لئے بولا جاتا ہے۔ ج أَقْذَارٌ اور مَقَاذِيرُ خلاف قیاس۔

القَاذُورَةُ - بدی۔ فاحشہ ہے قَاذُورَاتٌ القَاذُورَةُ والقَذُورُ والقَاذُورُ والقَذُوذُ والقَاذُورَةُ - جو بہ خلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے والقَذُورُ مِنَ النِّسَاءِ: مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی۔ شک و شبہ سے دور۔

رَجُلٌ قَذُورَةٌ - ملامت سے دور مرد۔

رَجُلٌ مُقَذَّرٌ - مرد جس سے لوگ پرہیز کریں۔

المَقَاذِرُ - گندگیاں۔

المُقَذِّرُ - فواحش کا ارتکاب کرنے والا۔ ج مُقَذِّرُونَ۔

القُذُرُوفُ - عیب ہے قَذَارِيفُ۔

قَذَعَهُ (ف) قَذْعًا - گالی دینا۔ بیہودہ بکنا

أَقْذَعَ - فُلَانًا: گالی دینا — لِفُلَانٍ: سخت سست کہنا — القَوْلَ: برا کہنا

الرَّجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔

قَاذَعَ - گالی گلوچ کرنا۔

قَلَعَ - ثوبَهُ: کپڑے کو گندا کرنا میلا کچیلا کرنا۔

تَقَذَّعَ - لِلأَمْرِ: تیاری کرنا — الرَّجُلُ: ناپسند کرنا۔

القَذَعُ - گندا بے حیائی و فحش۔

القَذِعُ - گندگی والا۔ بے حیا۔ فحش کا ارتکاب کرنیوالا۔ کہا جاتا ہے بَلَغَهُ بِالمُقْذِعَاتِ والمُقَذِّعَاتِ: اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔

القُذَعِل - بے قدر - ذلیل -
القُذَعِل - موٹا اونٹ - القُذَعِیل: بہت بوڑھا -
القُذَعِلَة - پست قامت خسیس عورت اور کہا جاتا ہے مَا عِنْدَهُ قُذَعِلَة اس کے پاس کچھ نہیں وَمَا فِی السَّمَاءِ قُذَعِلَة آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں -
قَذَفَ (ض) قَذْفًا - قے کرنا — المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا - قَذَفَ بِقَوْلٍ: بغیر سمجھے بوجھے بک دینا — الحَجَرَ وبِالحَجَرِ: پتھر پھینکنا - قَذَفَهُ بِکَذَا تہمت لگانا - کہا جاتا ہے ہُمْ بَیْنَ قَاذِفٍ وَقَاذِفٍ وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (— وانْقَذَفَ) فُلَانًا بِالحَجَرِ: پتھر مارنا — الرَّجُلَ: تہمت لگانا -
قَاذَفَهُ - ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا -
تَقَاذَفَ المَاءُ: پانی کا تیز بہنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا — القَوْمُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا - تَقَاذَفُوا بِالحِجَارَةِ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا - تَقَاذَفَتْ بِهِ الأَمْوَاجُ: تھپیڑے مارنا - اور کہا جاتا ہے تَقَاذَفَتْ بِهِ الأَبْوَابُ دروازوں نے دھکا دیا یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لئے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا -
اِنْقَذَفَ - پھینکا جانا -
القُذْف والقَذَف والقُذَف - جانب - گوشہ -
القُذْف والقَذَف - پھسلن کی جگہ -
القُذُف والقَذَف والقُذُوف والقَذِیف - دور - کہا جاتا ہے فَلَاةٌ أَوْ بِئْرٌ قَذَفٌ وقُذُفٌ دور کا بیابان یا دور کا کنواں بَلْدَةٌ قَذُوفٌ دور دراز کا شہر قَوْسٌ قَذُوفٌ تیر کو دور پھینکنے والی کمان -
نَارٌ قَاذِفٌ وقِذْافٌ وقُذُوفٌ و قَذُوفٌ - تیز دوڑنے والی اونٹنی -
القُذْفَة - جانب - گوشہ - کنگرہ - پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِذَافٌ وقُذَفٌ وقُذُفٌ و قُذْفَانٌ -
أَقْذَافُ القَصْرِ: محل کے کنگرے -
القَذِیفَة والقِذَاف - ہر وہ چیز جو پھینکی جائے - ج قَذَائِف اور اسی سے ہے قَذَائِفُ المَدَافِعِ: توپ کے گولے - القِذَاف: تیز روی -
القُذَاف - تھوڑا پانی -
القَذَّاف - اسم مبالغہ - سواری - ترازو - گوپھن - منجنیق - ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دور تک پھینکا جائے -
المِقْذَف - لغت کیا ہوا پرگشت کہا جاتا ہے فَارِسٌ مُقَذَّفٌ جنگ آزمودہ شہ سوار -
المِقْذَاف - چپو - ج مَقَاذِف - المَقَاذِف: ہلاکتیں -
المِقْذَاف - چپو - ج مَقَاذِیف -
فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ - تیز رفتار گھوڑا - سَیْرٌ مُتَقَاذِفٌ: تیز چال -
القِذِّیفَى - سنگ اندازی - دشنام دہی -
قَذَلَ (ن) قَذْلًا - گدی پر مارنا - عیب لگانا - پیچھا کرنا - قَذَلَ فُلَانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا — فِی الأَمْرِ: کوشش کرنا -
القَذَل - عیب -
القَذَال - گدی - سر کا پچھلا حصہ - ج قُذُلٌ وأَقْذِلَةٌ -
قَذَمَ (ن) قَذْمًا - لَهُ مِنَ المَالِ: مال بخشش دینا -
قَذَمَ (س) قَذْمًا المَاءَ: پانی کا گھونٹ لینا -
اِنْقَذَمَ - تیز دوڑنا -
القُذْمَة - پانی کا گھونٹ -
القُذَّام والقِذَّام - بہت پینے والا سردار -
القَذَّام والقُذَّام مِنَ الآبَارِ: بہت پانی والا کنواں - ج قُذُمٌ -
القِذِمَّة - مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے - ج قَذَائِمُ -
القُذُمُّور - چاندی کا دسترخوان -
القُذَامِیل - چوڑا - کشادہ -
أَقْذَنَ - الرَّجُلُ: بہت عیب دار ہونا -
قَذِیَ یَقْذَى قَذًى وقَذْیًا وقَذَیَانًا - آنکھ میں تنکا پڑنا - آنکھ کی صفت قَذِیَةٌ وقَذِیَّةٌ ومَقْذِیَّةٌ — الشَّرَابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا -
قَذَى یَقْذِی قَذًى وقَذْیًا وقَذَیَانًا وقُذْیَانًا - آنکھ کا کچرا نکالنا - کہا جاتا ہے قَذَتْ قَاذِیَةٌ لوگوں کی جماعت آئی -
أَقْذَى عَیْنَهُ: آنکھ میں خس وخاشاک ڈالنا -
قَذَى عَیْنَهُ: آنکھ سے خس وخاشاک نکالنا -
قَاذَى مُقَاذَاةً الرَّجُلَ: جلا دینا -
اِقْتَذَى - الطَّائِرُ: سر گھماتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا -
القَذَى - تنکا خس وخاشاک - مجاورہ - مُلَانٌ یُقْضِی عَلَى القَذَى یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا - صار الأمر قذی فی عینہ یعنی معاملہ نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی - اور امثال عرب میں سے ہے یُبْصِرُ أَحَدُکُمُ القَذَى فِی عَیْنِ أَخِیهِ وَیَعْمَى عَنِ الجِذْعِ فِی عَیْنِهِ: دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا - یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے -
القَذَاة - تنکا - خس وخاشاک -
القَوَاذِی - جمع ہے قَاذِیَةٌ کی - قَاذِیَةٌ لوگوں کی جماعت جو اول تمہارے پاس آئے -
القَذَى - باریک خاک - ج قُذِیٌّ وأَقْذَاءٌ - کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَذِیُّ العَیْنِ: وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو -
الأَقْذَاء - معمولی درجہ کے لوگ -
قَرَّ (س ن ض) قَرًّا - الیَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (قَرَرْنَ (ض) قَرًّا) القِدْرُ: ہانڈی میں ٹھنڈا

پانی ڈالنا — عَلَیْہِ الْمَاءَ: ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے قَرَّ الْکَلَامُ فِی اُذُنِہٖ کان سے منہ لگا کر بات کی۔

قَرَّتْ (ن) قَرِیْرًا۔ الْحَیَّۃُ: سانپ کا پھنکارنا — قَرًّا وَقَرِیْرًا) الدَّجَاجَۃُ: مرغی کی کڑکڑاہٹ کا بند ہونا۔

قَرَّتْ (س ض) قُرَّۃً وَقَرَّۃً وَقُرُوْرَۃً عَیْنُہٗ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ شخص کی صفت قَرِیْرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِیْرَۃٌ۔

قَرَّ (س ض) قَرَارًا وَقُرُوْرًا وَقَرًّا وَتَقْرَارًا وَتَقِرَّۃً۔ فِی الْمَکَانِ اَوْ عَلَی الْاَمْرِ: قرار پکڑنا۔ ثابت رہنا۔ ٹھیرنا۔

قَرِرَ اَوْ قَرَّ۔ سردی زدہ ہونا۔

قَرَّرَ۔ بِالْاَمْرِ: اقرار کرانا — ہٗ عَلَی الْحَقِّ: حق منوانا — ہٗ فِی الْمَکَانِ اَوْ عَلَی الْعَمَلِ: ٹھیرانا۔ باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے قَرَّرْتُ عِنْدَہُ الْخَبَرَ یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔

قَارَّ مُقَارَّۃً الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔ قَارَّ فِی الصَّلَاۃِ: سکون اختیار کرنا۔ حرکت وغیرہ نہ کرنا۔

اَقَرَّ اِقْرَارًا۔ فُلَانًا فِی الْمَکَانِ: ٹھیرانا — الْعَامِلَ عَلَی الْعَمَلِ: کام پر باقی رکھنا — بِالْحَقِّ: مان لینا۔ اقرار کرنا — الْکَلَامَ لَہٗ: بیان کرنا — الطَّائِرُ عُشَّہٗ: پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا — اللّٰہُ عَیْنَہٗ وَلِعَیْنِہٖ: آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا — الرَّجُلُ: ٹھیرنا۔ تابعدار ہونا۔ ٹھنڈک میں داخل ہونا — اللّٰہُ الرَّجُلَ: سردی پہنچانا۔ سردی زدہ کو خلاف قیاس مَقْرُوْر کہتے ہیں اور مُقَرّ نہیں کہا جاتا — الْقِدْرَ: ہانڈی سے چپٹی ہوئی چیز کو نکالنا۔ اَقَرَّتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا حمل ٹھیرنا۔ صفت مُقِرّ۔

تَقَرَّرَ۔ ثابت ہونا۔ تَقَرَّرَ الْقُرَّۃَ: ہانڈی کی چپٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔

تَقَارَّ۔ فِی الْمَکَانِ: ٹھیرنا اور ثابت رہنا۔

اِقْتَرَّ۔ فُلَانًا فِی الْعَمَلِ وَعَلَیْہِ: باقی رکھنا الرَّجُلُ: ہانڈی کی چپٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔

اِقْتَرَّتْ وَتَقَرَّرَتِ الْاِبِلُ: آسودہ ہونا بہت موٹا ہونا۔

اِسْتَقَرَّ۔ بِالْمَکَانِ: ٹھیرنا۔ ثابت رہنا۔

اَلْقَرّ۔ مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں۔ قَرُّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ۔ یَوْمُ الْقَرِّ: ماہ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منیٰ میں ٹھیرتے ہیں۔ یَوْمُ قَرٍّ: ٹھنڈا دن لَیْلَۃُ قَرٍّ وَقَرَّۃٍ: ٹھنڈی رات۔ اَلْقَرَّانِ: صبح شام

اَلْقَرّ۔ ٹھنڈک۔ کسی جگہ میں قرار۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ اور اسی سے ہے وَقَعَتْ بِقَرِّکَ یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پالیا۔ مثلاً طالب قصاص سے جبکہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے۔

اَلْقُرُّ: ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرْ قُرْ کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔

اَلْقَرَّادِیُّ۔ درزی۔ قصائی۔ شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور۔

اَلْقَرَارُ وَالْقَرَارَۃُ۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے صَارَ الْاَمْرُ اِلٰی قَرَارِہٖ یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔ اَلْقَرَارُ: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھیرے۔ اَہْلُ الْقَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔ بخلاف اہل بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ الْقَرَارِ: دارِ آخرۃ۔ اَلْقَرَارَۃُ: پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

اَلْقَرَّۃُ۔ قُرَّۃٌ کا اسم نوع۔ ٹھنڈک۔ عرب کے امثال میں سے ہے جَرَّۃٌ عَلَی قَرَّۃٍ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

اَلْقُرَّۃُ۔ اَوْ قُرَّۃُ الْعَیْنِ: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور یہ جو جیر کے علاوہ ہے اس لئے کہ جو جیر کردی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے ہُوَ قُرَّۃُ عَیْنِیْ وہ میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک ہے۔ اَبُوْ قُرَّۃَ: گرگٹ کی کنیت۔ اس لئے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔

اَلْقَرَّۃُ وَالْقُرَّۃُ وَالْقُرَّۃُ۔ مینڈک۔

اَلْقُرَّۃُ وَالْقَرَّۃُ وَالْقُرَّۃُ وَالْقَرَّارَۃُ ہانڈی کی تلی میں جو لگ جائے۔ ہانڈی کی کھرچن

اَلْقُرَّۃُ۔ سختی جو پختہ کرنے کے باوجود رہ جائے۔

اَلْقَرَّۃُ وَالْقِرَارَۃُ وَالْقُرَّارَۃُ وَالْقُرَّارَۃُ وَالْقُرُوْرَۃُ۔ پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔

اَلْقَرُوْرُ۔ ٹھنڈا پانی۔

اَلْقَارُوْرَۃُ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ تریاق۔ مشک۔ کھجوروں کا برتن۔ شراب کا برتن ج قَوَارِیْرُ۔

اَلتَّقْرَارُ وَالتَّقِرَّۃُ۔ ثبوت۔ سکون۔

اَلْقَارُّ۔ فا — یَوْمٌ قَارٌّ: ٹھنڈا دن۔

اَلْقَارَّۃُ۔ مؤنث قَارٌّ۔ عَیْنٌ قَارَّۃٌ: ٹھنڈی آنکھ۔ کنایہ ہے سرور ہونے سے۔

اَلْاَقَرُّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے اَیُّ الْاَیَّامِ اَقَرُّ کون سا دن ٹھنڈا ہے۔

اَلْمَقَرُّ۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ مَقَرُّ الْبِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے

اَلْمَقَرَّۃُ۔ پانی کا حوض۔ گڑھا۔

اَلْمَقْرُوْرُ۔ ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔

قَرَأَ (ن) قَرْاً وَقِرَاءَۃً وَقُرْاٰنًا وَاقْتَرَأَ الْکِتَابَ: پڑھنا۔ قَرَأَ (ف۔ ن) قِرَاءَۃُ عَلَیْہِ السَّلَامَ: سلام پہنچانا۔ اور امر کی صورت میں اِقْرَأْ عَلَیْہِ السَّلَامَ کہا جاتا ہے۔ اور اس کا تعدیہ بنفسہٖ غلط ہے اسلئے اَقْرَأَہُ السَّلَامَ نہیں کہا جاتا ہے کہ — قَرْاً وَقُرْاٰنًا) الشَّیْءَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا — النَّاقَۃُ اونٹنی کا حاملہ ہونا — الْجَابِیُ: حاملہ کا جننا۔

قَارَأَہُ قِرَاءَۃً وَمُقَارَأَۃً: شریک درس ہونا

اَقْرَأَہُ اِقْرَاءً۔ الرَّجُلَ: پڑھانا — ہٗ السَّلَامَ سلام پہنچانا۔ اَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس ہونا — الْاَمْرُ: قریب ہونا — فُلَانًا: بھرنا۔

— النجم: ستارہ کا غروب ہونا — الرجل: عبادت کرنا — الحاجۃ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔
اَقْرَاتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا — زیادہ پیچھے ہٹنا — الحاجۃ: حاجت کا مؤخر ہونا
تَقَرَّأَ۔ عبادت کرنا، فقیہ ہونا۔ عالم ہونا۔
اِسْتَقْرَأَ الْاُسْتَاذَ شَیْئًا۔ فُلَانًا: پڑھنے کے لئے کہنا — الْاُمُوْرَ: معرفت احوال کے لئے تتبع و تلاش کرنا۔
اَلْقِرَاءَۃُ۔ مص۔ پڑھنے کی کیفیت ہر قراءات
اَلْقَرْءُ۔ وقت۔ قافیہ۔ ہر اَقْرَاءٌ وَقُرُوْءٌ وَاَقْرُؤٌ
اَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔
اَلْقِرْأَۃُ۔ وبا۔
اَلْقُرْآنُ۔ کلام اللہ
اَلْقَارِئُ۔ فا۔ عبادت گذار ہر قُرَّاءٌ وَقَارِئُوْنَ وَقُرَّاءٌ۔
اَلْاَقْرَأُ۔ عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔
اَلْقَرَّاءُ۔ اچھا پڑھنے والا۔ ہر قُرَّاءُوْنَ۔
اَلْقُرَّاءُ۔ عبادت گذار ہر قُرَّاءُوْنَ وَقُرَّائِیٌّ
اَلْمَقْرُوْءُ وَالْمُقْرِیُّ وَالْمَقْرُوْءُ۔ جو چیز پڑھی جائے۔
اَلْمِقْرَأُ۔ پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔
اَلْمُتَقَرِّیْ۔ عبادت گذار۔
اَلْقَرْءُ وَالْقُرْءُ۔ حیض۔ طہر۔ وقت حیض۔ وقت طہر۔ ہر اَقْرَاءٌ وَقُرُوْءٌ وَاَقْرُؤٌ یا قَرْءٌ بمعنے طہر کی جمع قُرُوْءٌ اور قَرْءٌ بمعنی حیض کی جمع اَقْرَاءٌ۔
قَرُبَ (س) وَقَرُبَ (ک) قُرْبًا وَقُرْبَانًا وَقِرْبَانًا۔ قریب ہونا قُرْبَۃً وَقَرُبَ مِنْہُ وَاِلَیْہِ: قریب ہونا۔
قَرِبَ (س) قَرَبًا۔ کوکھ کے درد والا ہونا
قَرِبَ (ض) قَرْبًا۔ السَّیْفَ: تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قَارِب اور صفت مفعولی مَقْرُوْب۔
اَقْرَبَ الْاِنَاءَ: برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔
اَقْرَبَتِ الْحَامِلُ: حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔
— قِرَابًا: میان بنانا — الرَّاعِی الْاِبِلَ گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات کو لے کے چلنا۔
رَاعِی کو قَارِبٌ کہتے ہیں۔ مُقْرِبٌ نہیں۔ اور اونٹوں کو قوارب کہتے ہیں مُقْرِبَۃ نہیں۔
قَرَابَۃٌ۔ قریب کرنا — ہ الْاَمِیْرُ: خاص لوگوں میں سے بنا لینا۔ قَرَّبَ الْقُرْبَانَ لِلّٰہِ: قربانی کرنا۔ قَرَّبَ فُلَانًا: حَیَّاکَ اللّٰہُ وَقَرَّبَ دَارَکَ کہنا — — الْفَرَسُ: دلکی چلنا — الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قَارَبَہٗ مُقَارَبَۃً۔ قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔ قَارَبَ فِی الْاَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا وَتَقَرَّبَانًا اِلَی اللّٰہِ الْقُرْبَانَ: قربت ڈھونڈنا — الرَّجُلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔ اور کہا جاتا ہے تَقَرَّبْ یَا رَجُلُ یعنی جلدی کر۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے
تَقَارَبَا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
تَقَارَبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔
تَقَارُبٌ۔ قریب ہونا۔
اِقْتَرَبَ الْوَعْدُ: قریب ہونا —
الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
اِسْتَقْرَبَ الشَّیْءَ: قریب سمجھنا۔
اَلْقُرْبُ وَالْقُرَابُ۔ نزدیکی۔
اَلْقَرْبُ وَالْقُرْبُ۔ کوکھ۔ ہر اَقْرَابٌ۔
اَلْقَرْبُ۔ کنواں جس کا پانی قریب ہو ہر اَقْرَابٌ (— وَالْقِرَابَۃُ) گھاٹ پر پہنچنے کیلئے رات میں چلنا۔
اَلْقُرْبَۃُ وَالْقُرْبَۃُ۔ نیک افعال جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ہر قُرَبٌ وَقُرُبَاتٌ
اَلْقَرَابَۃُ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔
اَلْقِرْبَۃُ۔ مشک ہر قِرَبٌ وَقِرْبَاتٌ و قِرْبَاتٌ وَقُرُبَاتٌ اور مثل ہے لَقِیَتْ مِنْہُ عَرَقَ الْقِرْبَۃِ یعنی مجھے اس سے بہت تکلیف ہوئی۔
اَلْقِرَابُ۔ میان ہر قُرُبٌ وَاَقْرِبَۃٌ۔
قِرَابُ الشَّیْءِ وَقَرَابُہٗ۔ اندازے میں برابر
اَلْقُرَابُ وَالْقَرَابَۃُ: قریب، کہا جاتا ہے بَیْنَہُمَا قُرَابَۃٌ وَلَا قَرَابَۃٌ بِشَیْءٍ یعنی بالکل نہ تو وہ قریب ہے اور نہ ہم سے قریب ہے۔
اَلْقُرْبِیُّ وَالْقَرَابَۃُ۔ مص۔ قریب ہونا اور کہا جاتا ہے فِی الْاِنَاءِ قُرْبَۃٌ جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔
اَلْقُرْبَانُ۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور
بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ہر قَرَابِیْنُ۔
اَلْقُرْبَانُ مِنَ الْاٰنِیَۃِ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قُرْبَانِیٌّ ہر قُرَابِیُّ
اَلْقَارِبُ۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ہر قَوَارِبُ
اَلْقَارِبُ: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔
اَلْقَرِیْبُ۔ نزدیک۔ رشتہ دار ہر اَقْرِبَاءُ وَقَرَابِیُّ۔ مؤنث قَرِیْبَۃٌ ہر قَرَائِبُ۔ اَلْقَرِیْبُ: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عمیوں کے استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا قَرَائِبَ وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔
اَلْاَقْرَبُ۔ اسم تفضیل۔
اَقْرِبَاءُ الرَّجُلِ وَاَقَارِبُہٗ وَاَقْرِبُوْہُ۔ قریبی رشتہ دار۔
اَلْقُرَنْبَیٰ۔ لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔
اَلتَّقْرِیْبُ۔ مص۔ ایک قسم کی دوڑ۔
اَلْمُقْرَبُ۔ مغم مِنَ الْخَیْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤنث مُقْرَبَۃٌ۔
اَلْمَقْرَبُ وَالْمَقْرُبَۃُ۔ مختصر راستہ۔ اَلْمَقْرَبُ: رات میں چلنا۔
اَلْمُقْرِبُ۔ فا — مِنَ الْخَوَابِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ہر مَقَارِبُ وَمَقَارِبِیْنُ۔
اَلْمُقْرِبَۃُ وَالْمُقْرِبَۃُ۔ رشتہ داری
اَلْمُقَارِبُ۔ فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔

المقارب۔ مغم۔ من المتاع: ستا سامان
المتقارب۔ فا۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔ پستہ قد مرد۔
القربوت والقربوس۔ زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ ہر قرابیس۔
القربج والقربق۔ شراب فروش کی دکان
القربز: سبزی فروش کی دکان۔
القربز۔ حیلہ ساز۔
القربشوش۔ گھر کا سامان۔
القربصة۔ پست قد عورت۔
قرت (ن ض) قرتا وقروتا وقرتا (س) قرتا الدم: تہ بتہ خون خشک ہونا۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا۔ مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔ قرت الشعر: خون کا تاخن میں بگڑ جانا — (الرجل) غیظ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔
قرت (ن) قروتا الرجل: خاموش ہونا۔
القارت والمقرت۔ جو چیز ملے اس کو کھانے والا۔ دم قارت: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔
القارت والقرات۔ عمدہ مشک۔
القرت۔ مغ۔ برف۔
قرث (س) قرثا الرجل: محنت کرنا اور کمانا
قرث (ض) قرثا الامر: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ سخت ہونا۔
القرثیث۔ مچھلی کی ایک قسم۔
القرث۔ چھوٹا لوزہ۔
القرثع۔ بے حیا عورت۔ بیوقوف عورت۔
القرشر۔ شیر۔ ایک درندہ جانور کا نام ہے جسکے بدن پر خلاف ہوتا ہے۔ نالائق مرد۔
قرشت جس نے ایک آنکھ میں سرمہ لگایا ہو۔
القرشل۔ پستہ قد۔ مؤنث قرشلة۔ چھوٹی پنڈلیوں والا۔
قرصان (ن) قرصا وقرصة۔ زخمی کرنا۔
قرص وقرص البئر: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا
قرص الشحم: حق سے پیش آنا۔ قرص النبات: کونپل نکلنا — الارض: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔
قرح (ن) قروحا وقراحا وقرحا (س)
قرحا الفرس: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔
قرحت (ف) قروحا وقراحا۔ الناقة: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔ صفت قارح۔
قرح (س) قرحا۔ پھوڑوں والا ہونا۔ کہا جاتا ہے قرح قلبه من الحزن اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا قرحت سن الصبی لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔
قارحه مقارحة۔ رو در رو ہونا۔
اقرح الفرس: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔
اقرحه الدر: آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔
تقرح للامر: تیاری کرنا — الجندب: پھوڑے والا ہونا۔
إقترح الخطبة: فی البدیہ خطبہ دینا۔
لحت۔ مم۔ خالص۔
لحاۃ۔ آتاری ہوئی چھال۔
لحف (ف) لحفا مارنا —— ہ بقبیحہ:
برا بھلا کہنا۔ لحف الیہ: پناہ لینا۔
لحم (س) لحما السیف ونحوہ: تلوار کا میان
میں پھنس کر رہ جانا —— بالمکان: لازم پکڑنا۔
—— الشیء: تنگ ہونا —— الحمی: کچ ہونا
علت الحمی۔ لحت عینہ: کیچڑ والی آنکھ ہونا
لحم علیہ الخبر: غلط خبر دینا۔
لحمہا الیہ: مجبور کرنا۔
تلحم الیہ: مائل ہونا —— الیہ: مائل
ہونا۔ مجبور کرنا۔
تلحم الامر علی فلان: ضمیر کیخلاف ظاہر کرنا۔
استلحم الباب: دروازہ کا بند ہونا۔
لحوم۔ مم۔ آنکھ کا گڑھا۔
الحوم آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ کھاوہ۔
الحوم کا بھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ وکنارہ۔
الحاح۔ رکان لحج۔ تنگ مکان۔
الحج آنکھ کی کیچڑ۔
الملجم والملتجم۔ جائے پناہ۔ کہا
الحج الناس الملجا: لوگوں میں جائز
ہے فعل کچ: بند تالا۔
الملاحج۔ تنگیاں۔

الملاحیج۔ پہاڑ کے تنگ راستے۔
لحوجہ علیہ الامر: ضمیر کیخلاف ظاہر کرنا۔
لحد (ف) لحدا۔ المیت: میت کو
دفن کرنا —— اللحد: کھودنا —— للمیت: بغلی
قبر کھودنا —— السہم عن الہدف: نشانہ سے
خطا کرنا —— الی فلان: مائل ہونا —— فی
الدین: بے دینی اختیار کرنا —— علی فی
شہادتہ: گنہگار ہونا۔
الحد الحادا۔ المیت: مردہ کو دفن
کرنا —— اللحد: کھودنا —— للمیت: بغلی قبر
کھودنا —— عن الدین: دین سے ہٹنا۔
دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکام خداوندی
کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے
بارے میں شک کرنا —— فی الحرم: محارم کو
حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا —— السہم الہدف
نشانہ کے ایک جانب میں لگنا —— بہ: عیب
لگانا اور باطل بات کرنا۔
لاحد ملاحدۃ ہ: ہر ایک کا
ایک دوسرے سے بھی برتنا۔
التحد عن الدین: دین سے پھرنا ——
الی کذا: مائل ہونا —— الی فلان: پناہ لینا۔
اللحد واللحد۔ بغلی قبر۔ قبر۔ ہم الحاد
ولحود۔
الالحاد۔ الحد کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی
اللحود۔ مائل ہونے والا۔
اللاحد۔ فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے۔
قبر لاحد ولحود: بغلی قبر۔
الملحد۔ فا۔ کافر۔ بے دین۔ ہم ملاحدۃ
ومجمدون الملاحدۃ: کافروں کی ایک جماعت
جس کو دہریہ کہتے ہیں۔
الملحد والملحود۔ بغلی قبر۔ قبر۔
الملحادۃ۔ دین میں بہت طعن کرنیوالا۔
الملتحد۔ جائے پناہ۔
لحز (س) الحزا: بخیل ہونا۔ صفت لحز ولحز
لحزہ (ف) لحزا۔ اصرار کرنا۔

تلحز: بخیل ہونا۔ کھٹی چیزوں کے کھانے کے
لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لئے
کمر کسنا —— عنہ: پیچھے ہٹنا۔
تلاحز القوم: کلام میں مقابلہ کرنا ——
العیسیان: اشعار کا نقل کرنا۔
الملحز۔ تنگ جگہ۔ ہم تلاحز۔ کہا جاتا ہے
وقعوا فی الملاحز: لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں
پڑ گئے۔
الملاحز من الشجر: گنجان ایک میں ایک
گھسا ہوا۔
اللحیز۔ ذخیرہ۔ خزانہ۔
لحس (ن) لحسا الدود الصوف: کیڑے
کا اون کو چاٹنا —— الجراد الخضر: ٹڈیوں کا
سبزیوں کو چٹ کر جانا۔
لحس (س) لحسا ولحسۃ ولحسۃ
ولحسا القصعۃ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے
چاٹنا۔ اور اسی سے مثل ہے آنس رغ من لحس
الکلب الفہ کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز
لحسہ الشیء: چاٹنا۔
الحس الماشیۃ: تھوڑا سا چرنا۔ الحست
الارض: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔
التحس منہ حقہ: حق لینا۔
اللحس۔ مم۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔
سنۃ لاحسۃ۔ سخت سال۔ کہا جاتا ہے
افقدہم لوا حس: یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں
واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔
کہا جاتا ہے مالک عندی لحسۃ۔ تمہارے لئے
میرے پاس کوئی چیز نہیں۔
اللحوس۔ مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی
اللاحوس: بدبخت۔ منحوس (د ——
اللحوس واللکس والملحس) لالچی جو ہر چیز کو
لے لے الملحس: بہادر۔
اللحاس۔ بہت چاٹنے والا۔
اللحاسۃ۔ لحاس کا مؤنث۔ شیرنی۔
الملحسم۔ وادی کی تنگ نالی۔ ہم لحاسم

لَحِصَ (ف) لَحَصًا فِی الْاَمْرِ: مشغول ہونا
خَبَرَ فُلَانٍ: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔
لَحَّصَ خَبَرَہٗ: پھیکے کھٹے کا ذائقہ ختم کرنا۔ تنگی کرنا ــــ ہٗ عَنْ کَذَا: روکنا سست کرنا ــــ الْکِتَابَ: پختہ کرنا۔
اِلْتَحَصَ الْاَمْرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔
اِلْتَحَصَتِ الْاِبْرَۃُ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔
اِلْتَحَصَہُ الشَّیْءُ: مشغول ہونا ــــ ہٗ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا ــــ الْبَیْضَۃَ وَنَحْوَہَا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا ــــ ہٗ عَنْ کَذَا: روکنا سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَیْنُہٗ: کچڑے آنکھ کا پک جانا۔
لَحَاصٌ: بمعنی برکسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔
اَللَّحَصُ: اوپر کے چھوٹے کی شکن۔
اَللَّحَصَانُ: دوڑ۔ تیزی۔
اَللَّحِیْصُ: تنگ۔ سکڑا۔
اَلْمَلْحَصُ: جائے پناہ۔
لَحَظَہٗ (ن) لَحْظًا: پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔
اِلْتَحَظَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
لَحَظَ (ف) لَحْظًا وَلَحَظَانًا فُلَانًا وَاِلٰی فُلَانٍ بِالْعَیْنِ: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا
لَحْظًا وَلَحَظَ لَحِیْظًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔
لَاحَظَہٗ لِحَاظًا وَمُلَاحَظَۃً: انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
تَلَحَّظَ الشَّیْءُ: تنگ ہونا۔
تَلَاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَخَوَانِ مُتَشَاکِلَانِ مُتَلَاحِظَانِ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں
اَللَّحْظُ: مع آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لُحُوْظٌ وَاَلْحَاظٌ۔
اَللِّحَاظُ وَاللَّحَاظُ: کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظٌ۔ اَللِّحَاظُ: گھر کا صحن۔ وَلِحَاظُ السَّہْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔
لَحَاظُ الرِّیْشَۃِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔
اَللَّحَّاظُ: بہت سخت دیکھنے والا۔
اَلتَّلَحُّظُ: مع آنکھ کے نیچے کا داغ۔
اَللَّاحِظَۃُ: لاحظ کا مؤنث۔ آنکھ یا آنکھ کا حصہ۔
اَللُّحَاظَۃُ: لاحظ کا اسم مرۃ۔ ج لُحَاظَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ وُنْدَۃَ لُحَاظَۃَ" میں اس کے پاس ایک لمحہ بیٹھا۔
اَللُّحُوْظُ: تنگ۔
اَللَّحِیْظُ: شبیہ و نظیر۔
اَلْمُلَاحَظُ: دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ۔ ج مَلَاحِظُ
لَحَفَہٗ (ف) لَحْفًا: لحاف اوڑھانا ــــ ہُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا ــــ ہُ بِکَفِّہٖ: مکا مارنا ــــ ہُ سَہْمًا: تیر مارنا ــــ النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْءَ: چاٹنا ــــ عَنْہُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لَحَفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لَحَفَ لَحْفَۃً: الرَّجُلُ فِی مَالِہٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِی فَضْلَ لِحَافِہٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔
لَحَفَ اِزَارَہٗ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا
ہُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کیلئے لحاف بنانا ــــ الرَّجُلَ: دوسرے کیلئے لحاف خریدنا ــــ ضَیْفَہٗ: سرما میں مہمان کیلئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا ــــ شَارِبَہٗ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا ــــ بِہٖ: نقصان پہنچانا ــــ الظُّفْرُ: جڑ سے ناخن کاٹنا ــــ الرَّجُلُ: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا
لَاحَفَہٗ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کیلئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ وَیُلَاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔
تَلَحَّفَ وَالْتَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا
بِاللِّحَافِ وَغَیْرِہٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا
اَللِّحْفُ: دامن کوہ۔
اَللِّحْفَۃُ: لحف کا اسم نوع۔ لحاف اڈھنے والے کی حالت۔
اَللِّحَافُ: رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُفٌ
اَلْمِلْحَفُ وَالْمُلْحَفَۃُ: چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلَاحِفُ۔
لَحِقَ (س) لَحَقًا وَلُحَاقًا فُلَانًا وَبِفُلَانٍ: پالینا۔ آملنا۔ آپہنچنا ــــ اِلٰی قَوْمِ کَذَا: چڑھنا۔
لَحِقَ (س) لَحَقًا: الْفَرَسُ: گھوڑی کا دوبلا ہونا ــــ الثَّمَنُ فُلَانًا: قیمت لازم ہونا۔
لَاحِقَۃٌ: پیچھے ہونا۔
اَلْحَقَہٗ: پالینا۔ آملنا ــــ ہٗ بِفُلَانٍ: دوڑا کر لاحق کر دینا۔
تَلَاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
تَلَاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض کو ملنا
اَلتَّلَحُّقُ ج: ملنا یا چمٹنا۔
اِسْتَلْحَقَہٗ: اپنے خاندان میں ملانا یا شمار کرنا
اَلرَّجُلُ: وادی کی نکلی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔
اَللَّاحِقُ: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاقٌ۔ اَللَّحِقُ: قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اس کے گذر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحِقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (ــــ وَاللَّحِقُ) شی زائد تتمہ کتاب۔
اَلْاَلْحَاقُ: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحِقُ ہے۔
اَللِّحَاقُ: کمان کا غلاف۔
اَللَّاحِقُ: فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔
اَبُوْ لَاحِقٍ: باز۔
اَللَّاحِقَۃُ: لاحق کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِقُ۔
اَللُّوْنُ لَاحِقٌ: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ جس کی پیٹھ مٹیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
اَلْمِلْحَاقُ: تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔
اَلْمُلْحَقُ: خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَکَ (ف) لَحْکًا وَلِحَاکًا وَتَلْحَاکًا

الشيء بالشيء: چپکنا۔ تلاحک الشيء: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تلاحک البنیان: عمارت کا مضبوط ہونا۔ ولحک الصبي: بچے کے منہ میں دوا چپکانا۔

لُحِكَتْ نقارُ ظهرِه: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

لحك (س) لحكا العسل: شہد چاٹنا

اللحكة واللحكاء: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا جو ریت میں رہتا ہے۔

اللحك۔ وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

الملاحك۔ تنگیاں۔

لحح ولحلح۔ القوم: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

اللحلاح۔ تنگ جگہ۔

المُلحلح۔ قوم کا بڑا۔ سردار۔

لححه (ن) لحما الامر: مضبوط کرنا۔

القصاب العظم: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا۔ ہ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا

اللحاح الفضة: سنار کا چاندی کو درست کرنا

لحمه (ف) گوشت کھلانا۔

لحم (س) لحما بالمكان: لازم ہو کے رہنا

اللحم ولحوه: گوشت کا خواہشمند ہونا۔

لحم (س) لحما ولحم (ک) لحامة: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لحم لحما۔ قتل کیا جانا۔ صفت لحیم۔

لاحم الحبل: رسی مضبوط بٹنا۔ الشيء بالشيء ملانا۔ لاحم بين الشيئين: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

اللحم۔ الثوب: کپڑا بننا۔ الشعر: اشعار کہنا۔ الزرع: کھیتی میں دانہ بیٹھنا۔

لحم الحكم شرا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا

لحظه بالشيء: ملانا۔ ہ بصره: تیز نظر سے دیکھنا گھورنا۔ الحم الرجل: غمگین کرنا۔ فلانا الارض: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہ غرض فلان: گانی دینے کا موقع دینا۔ الحمت الدابة: ٹھیر جانا آگے نہ بڑھنا۔ الحم بالمكان: اقامت کرنا۔

الرجل: گھر میں بہت گوشت والا ہونا۔

القوم: گوشت کھلانا۔ الشيء: درست کرنا۔

الحمه القتال: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ الحم الرجل: مرنا۔

تلاحم القوم: باہم مقاتلہ کرنا۔ تلاحمت الشجة: زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا۔

والتحم الشيء: جڑ جانا اور درست ہونا۔

التحمت الحرب بينهم: گھمسان کی جنگ ہونا۔

التحم الجرح للبرء: زخم بھر جانا اور درست ہو جانا

استلحم الطريق: راستہ کا کشادہ ہونا۔

الطريق او الطريقة: پیچھے پڑنا۔ الخطب فلانا: مشغول کر دینا۔ الزرع: گنجان ہونا

استلحم الرجل: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا

اللحم واللحم من جسم الحيوان: گوشت۔ جمع لحام ولحوم ولحمان ولحمان ولحم۔ لحم كل شيء: مغز

لحم البحر: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے: الحق لحمي ورتع لحمي "یعنی میری غیبت کی۔

اللحمة۔ گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لحمة الثوب کپڑے کا بانا۔

اللحمة۔ قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ بہ لحم۔

اللحام۔ جس سے پھٹن کو درست کیا جائے

اللحام۔ گوشت بیچنے والا۔

اللاحم۔ گوشت کھلانے والا جس کے پاس گوشت ہو۔ باز لاحم: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللحم۔ جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ باز لحم: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللحم: شیر۔

اللحيم۔ جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول سا در کہا جاتا ہے: لذا لحيم ذاك یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

المُلحم مقم۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کیساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلحِم۔ فا۔ گوشت کھلانے والا۔ یا جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

الملحمة۔ گھمسان کی جنگ کا موقع بہ کلام

المُلاحِم من الحبال: مضبوط بٹی ہوئی رسی کہا جاتا ہے شجة مُتلاحمة: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُستلحِم۔ فا۔ شیر۔

لحن (ن) لحنا ولحونا ولحانة ولحانية فی کلامه او فی القراءة: اعرابی غلطی کرنا صفت لاحن ولحان ولحانة۔ لحنا الغلام: کسی سے اشارہ و کنایہ میں بات کرنا تا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحن۔ اور لحان نہیں کہا جاتا

لحنه: قصد کرنا۔ مائل ہونا۔ قولَه: سمجھنا۔

لحن (س) لحنا الرجل: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا۔ الكلام: سمجھنا۔

لحنه۔ غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لحن فی القراءة: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لاحن القوم: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

الحن فلانا القول فلحنه: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللحن۔ مع۔ من الاصوات: موزوں آواز سُر۔ ج الحان ولحون۔ صناعة الالحان۔ فن موسیقی

لحن الكلام: مضمون کلام۔ اللحن فی الكلام: اعراب و بنا کی غلطی۔

اللحن۔ لغت۔ سمجھ۔

اللحن۔ زیرک۔ سمجھ دار۔

اللاحن۔ فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللحنة۔ وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں

اللحنة۔ بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

الألحن۔ بہت زیادہ سمجھ دار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا یَلْحُوْ لَحْوًا وَلَحْیًا الْعَصَا: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاہُ: گالی دینا۔
المِلْحَی۔ لکڑی چھیلنے کا اوزار۔
لَحْوَجَہٗ لَحْوَجَۃً عَلَیْہِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور خبر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَی یَلْحَی لَحْیًا الشَّجَرَۃَ: درخت کو چھیلنا
فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔
صفت فاعل لَاحٍ۔ صفت مفعول مَلْحِیٌّ۔ کہا جاتا ہے
لَحَا اللّٰہُ فُلَانًا: اللہ فلاں پر لعنت کرے۔
لَاحَی لِحَاءً وَمُلَاحَاۃً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاکَ فَقَدْ عَادَاکَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی
—— فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلْحَی الْحَاءُ۔ قابل ملامت کام کرنا
اَلْعُوْدُ: پھیلے جانے کے قابل ہونا۔
لَحَّی تَلْحِیَۃً: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔
تَلَاحَی تَلَاحِیًا الْقَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔
اِلْتَحَی الْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی لگانا
—— اَلْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔
اللَّحْی۔ جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْیَانِ: دونوں جبڑے۔ لَحْیَا الْبَعِیْرِ: تالو کے دونوں کنارے۔ ہر اُبھار لَحِیٌّ۔
اللِّحَاءُ۔ مع لکڑی یا درخت کی چھال۔ اور امثال عرب سے ہے لَا تَدْخُلْ بَیْنَ الْعَصَا وَلِحَائِہَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل نہ ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔
اَللِّحْیَانُ۔ لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لِحْیَانَۃٌ۔
اَللِّحْیَۃُ۔ داڑھی۔ ہر لحی دار اور نسبت کیلئے لِحْیِیٌّ۔ لِحْیَۃُ الْحِمَارِ: پرسیاوشاں (نام ایک دواکا) لِحْیَۃُ الثَّیْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے کنڈ نا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔
اَللِّحْیَانُ۔ تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْیَانَۃٌ۔
اَلْأَلْحَی وَاللِّحْیَانِیُّ۔ لمبی باڑھی داڑھی والا
لَحَّہٗ (ن) لَحًّا طمانچہ مارنا۔ لَحَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا —— فِی الْکَلَامِ: شتابہ اور سرسری بات کہنا —— بِالطِّیْبِ: خوشبو لگانا —— فِی الْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپا کرنا —— فِی الْحُفْرَۃِ: گھوڑے کو گھڑے میں بھگنا
لَحَّتْ لَحًّا وَلَحِیْفًا وَلَحَّتْ رِسُ لَحًّا عَیْنُہٗ: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والی ہونا۔
صفت لَحَّۃٌ۔
اَلْتَحَّ الْأَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے اِلْتَحَّ عَلَیْہِ الْأَمْرُ: معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا
اَلْتَحَّ: گھنا و گنجان ہونا۔
تَلَاحَّ الْوَادِی: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔
وَادٍ لَاحٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی
اَللَّحَّۃُ۔ ناک۔ اِمْرَأَۃٌ لَحَّۃٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَحُوْحٌ۔ عیب دار اصل۔
سَکْرَانُ مُلْتَحٌّ۔ بدمست۔ ہوش وحواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَحٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔
لَحَبَہٗ (ف ن) لَحْبًا وَلَاحَبَہٗ مُلَاحَبَۃً طمانچہ مارنا —— الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
اَللَّحَبُ۔ گوگل کا درخت۔ واحد لَحَبَۃٌ۔
اَلْمُلْتَحِبُ طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔
اَللَّحَجُ۔ آنکھ کی بری کیچڑ۔
اَللَّحَزُ۔ تیز چھری۔
لَحِصَ (س) لَحَصًا۔ اوپر کے موٹے پپوٹے والا ہونا۔ لَحِصَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ شخص کی صفت، اَلْحَص: آنکھ کی صفت۔ تَلَحُّص۔ ہ لَحَص۔
لَخَّصَ الْکَلَامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے لَخَّصَ فِی الْخَبَرِ کَ مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو
اَلشَّیْءَ: خالص لینا۔
اَللَّخَصُ۔ مع قلۃ: آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی
اَلْلَخَصَۃُ۔ آنکھ کے اندر کا گوشت جو نہ ہو
اَلْأَلْخَصُ۔ خالص۔ مختصر۔
عَرْعٌ لَخِصٌ۔ زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد۔ اور کہا جاتا ہے لَخِصَ لَخَصًا: موٹا ہونا۔
اَلْمُلَخَّصُ مفعول کہا جاتا ہے لَخَّصَ فُلَانًا: یہ لوگوں کے قول کا خلاصہ ہے۔
لَخَفَہٗ (ف) لَخْفًا۔ زور سے مارنا۔
اَللَّخْفُ۔ مع پتلے جھاگ۔
اَللَّخْفَۃُ۔ سفید باریک پتھر ہر نمکان۔
لَخَمَہٗ (ن) لَخْمًا طمانچہ مارنا۔ قوائے شکم کا ڈھیلا ہونا
لَخِمَ (ف) اَلرَّجُلُ: پُر گوشت چہرے والا ہونا۔
لَاخَمَہٗ لِحَافًا وَمُلَاخَمَۃً۔ باہم طمانچہ بازی کرنا۔
اَللَّخْمَۃُ۔ سستی۔ افسردہ دلی۔
رَجُلٌ لَخِمَۃٌ وَلَخِمَۃٌ۔ افسردہ دل مرد۔ لئیم۔
اَللَّخْمَۃُ۔ سخت زمین میں دشوار گذار جگہ۔
اَللَّخَامُ۔ ہڈیاں۔
لَخِنَ (س) لَخَنًا۔ بدبودار ہونا ——
اَلرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ مُنْ ران وغیرہ میں بدبو ہونا۔ صفت اَلْخَن۔ مؤنث لَخْنَاء۔ ہ لَخِن۔
لَخِنَۃٌ۔ یا ابن اللخناء کہنا۔
اَللَّخْنُ۔ مع غیر منون بچے کے قلفہ کی سپیدی۔
لَخَاہُ یَلْخُوْہُ لَخْوًا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔
لَخَاہُ یَلْخِیْہِ۔ لَخْیًا وَلَخَاءً۔ مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا اٹکانا۔
لَخِیَ یَلْخَی لَخًی۔ ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا
لَاخَی لِخَاءً وَمُلَاخَاۃً۔ اَلرَّجُلُ: دوستی کرنا مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا —— فُلَانًا عَلَی عَرَبِیَّۃٍ اکسانا۔ بھڑکانا —— بہ: چغل خوری کرنا۔

اللَّحَى إِلْتِحَاءً ۱۔ البَصَلَ: ترکردہ روٹی کھانا
اسم تفضیل ہے۔
اللِّحَاءُ واللَّحَى واللِّحَاءُ والمِلْحَى: جس کو
ناک میں دوا چڑھائی جائے۔
الأَلْحَى۔ ہرزہ سرا۔ بکواس کرنیوالا ـــ
واللَّحِيُّ مِنَ الجِمَالِ: جس کا ایک گھٹنا دوسرے
سے بڑا ہو۔
اللَّحْيَاءُ۔ الأَلْحَى کا مؤنث۔ عقاب کہ اس کی
چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔
لَدَّ (ن) لَدًّا ولِدَادًا ولَدَادَةً
واللَّدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔
لَدَّهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ لَادَّهُ: مدافعت کرنا۔
لَدَّ (ن) لَدًّا ولَدَّدَ واللَّدَّ الرَّجُلَ:
منہ کے کنارے سے دوا پلانا۔ لَدُّ اللَّدُودِ: منہ
کے کنارے سے پلائی جانیوالی دوا تیار کرنا۔
اللَّدَدُ: سخت جھگڑا لو پانا۔ اللَّدِيدُ: ٹالنا۔ کہا
جاتا ہے اللَّدَدْتُ بِهِ: میں نے اس سے جھگڑا
کرنے میں سختی کی۔
لَدَّ (س) لَدًّا۔ بہت جھگڑالو ہونا۔
صفت اللد۔ کہا جاتا ہے هُوَ أَلَدُّ بَيِّنُ اللَّدَدِ یعنی
وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔
لَدَّدَهُ۔ حیران کرنا۔ لَدَّدَ بِهِ: بدنام کرنا
تَلَدَّدَ۔ متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا
فِي المَكَانِ: ٹھیرنا۔
اللَّدَدُ۔ منہ کے کنارے سے دوا پینا
عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔
اللَّدُّ۔ مم۔ بورا۔
اللَّدُودُ۔ مم۔ سخت جھگڑالو۔
اللَّدُّ واللَّادُّ واللَّدُودُ واللَّدِيدُ۔
ہ اللِّدَّةُ واللَّادَّةُ۔ مؤنث لَدُودٌ۔ جو لَدَدًا و لَدَّةً
اللَّنْدَدُ واللَّيْلَنْدَدُ۔ سخت جھگڑالو۔ اللَّدِيدُ و
اللَّدُودُ: دوا جو منہ کے کنارہ سے پکائی جائے۔
اللَّدِيدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں
طرف کے کنارے ہر چیز کے دونوں جانب۔
کہا جاتا ہے مَا لَهُ عَنْهُ مُحَيَّدٌ وَلَا مُتَلَدَّدٌ یعنی اس کیلئے کوئی
چارہ نہیں۔
المُتَلَدِّدُ۔ گردن۔
لَدْحَدَ (ن) لَدْحًا۔ پیٹھ پر آہستہ
آہستہ تھپکی دینا۔
لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا۔
ہ بِيَدِهِ: مارنا ـــ ہ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
لَدَسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا
لَدَسَتِ الأَرْضُ: کھوں نباتات اگانا۔
اللَّدْسُ۔ سست و نرم۔
اللَّدِيسُ۔ موٹا۔ ہر لَدَّاسٍ۔
المِلْدَسُ۔ کھل توڑنیکا پتھر۔ ہر مَلَادِسَ۔
لَدَغَ (ن) لَدْغًا وتَلْدَاغًا۔ ڈسنا۔
کہا جاتا ہے لَدَغَهُ بِلِسَانِهِ یعنی اس نے اسے
طعن و تشنیع کیا۔
اللَّدْغُ۔ العَقْرَبُ فُلَانًا: ڈسنے کے لئے کچھ
چھوڑنا: بچھو سے ڈسوانا۔
اللَّادِغُ۔ فا۔ مؤنث لَادِغَةٌ ہ لُدَغٌ۔
اللَّدْغَةُ۔ لدغ کا اسم مرۃ۔
اللُّدَاغُ۔ کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔
اللُّدَاغَةُ مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنیوالا
اللَّدِيغُ۔ ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ہ
لُدَغٌ ولُدَغَاءُ۔ اور کہا جاتا ہے۔ هُمْ قَوْمٌ لُدَغٌ ولُدَغَاءُ
وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں
المِلْدَغُ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو
لَدِكَ (س) لَدَكًا ولَدَكَانًا ہ: چپکنا۔
لَدَقَهُ (ض) لَدْقًا۔ طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری
چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے
اللَّدِيقُ مِنَ المِلَّةِ: روٹی کو بھوبھل کر نکالنا ـــ
ولَدَمَ الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اللَّدِمَةُ عَلَيْهِ الحُمَّى: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ۔ بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانیکے قابل
ہونا ـــ الثَّوْبُ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اللَّدَمُ۔ پریشان و مضطرب ہونا۔ اللَّدَمُ
النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔ اللَّدْمُ:
مارنا اور پٹانا۔
اللَّدْمُ۔ ہم۔ پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔
اللُّدْمُ۔ عزت۔ قرابت۔
اللَّادِمُ۔ فا۔ ہ لَدَمَ (ک) لُحَادِمُ ولَحْدَمُ)
اللِّدَامُ۔ پیوند۔
اللَّدَّامُ۔ پیوند لگانے والا۔
اللَّدِيمُ مِنَ الثِّيَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
المِلْدَمُ۔ بے وقوف۔ سست۔
لُدْمَةُ اللَّحْمِ: بھنا گوشت۔ لَدَمَ (ف) ـــ والمِلْدَمُ: کھل
توڑنے کا پتھر۔
لَدُنَ (ک) لَدَانَةً ولُدُونَةً۔ نرم ہونا
صفت لَدِنٌ۔ مؤنث لَدِنَةٌ ہ لُدُنٌ ولُدَانٌ۔
لَدُنَتْ أَخْلَاقُهُ: نرم اخلاق ہونا۔
لَدَنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا ـــ ہ فِي الأَمْرِ:
ٹھیرانا۔ لَدَنَ ثَوْبَهُ: تر کرنا۔
تَلَدَّنَ۔ ٹھیرنا ـــ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا
ـــ عَلَيْهِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے تَلَدَّنَتْ عَلَيَّ
رَاحِلَتِي جبکہ وہ نہ چلے۔
اللُّدُنُّ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جسکی
روٹی اچھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے هُوَ لُدُنُّ الخَلِيقَةِ
وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔
لَدُنَ ولَدَنَ ولُدُنَ ولَدُنَ و
لُدْنَ ولَدْنَ۔ عند کے معنی میں ظرف زمان و
مکان ہے۔ مگر عند سے زیادہ قرب پر دلالت
کرتا ہے اور اس سے اخص ہے۔ اور مبنی ہے۔
کہا جاتا ہے لِي إِلَيْهِ لُدُنَّةٌ مجھے اس کے پاس
حاجت ہے۔
اللَّدَى إِلْدَاءً۔ زیادہ ہم عمر والا ہونا۔
لَدَى۔ ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور
معنی میں لَدُنَ کے ہے۔
اللِّدَةُ۔ ہمعمر۔ یا جس کی ایک ساتھ پرورش
ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے هُوَ لِدَتِي "وہ میرا ہمعمر ہے"۔
ہ لِدَاتٌ ولِدُونَ۔ اللِّدَةُ: وقت ولادت۔
(کلمہ بادہ ولد سے ہے۔ جیسے عِدَةٌ وعد سے۔
لَذَّ (س ض) لَذَاذًا ولَذَاذَةً۔ الشَّيْءُ:
خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت

لَذٌّ ولَذِيذٌ۔
لَذَّ (س) لَذًّا وتَلَذَّذَ وَالْتَذَّ الشَّيْءُ وبِہٖ واسْتَلَذَہُ الشَّيْءُ: لذیذ پانا۔
لَذَّذَہٗ۔ لذیذ بنانا۔
تَلَاذًّا۔ ایک دوسرے سے لذت اٹھانا
اللَّذِّ۔ مع لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَذٌّ میٹھی گفتگو کرنے والا۔
الْأَلَذُّ۔ زیادہ لذیذ۔
اللَّذَّۃُ۔ خوشی۔ مزہ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات۔ شراب۔
اللَّذِيذُ۔ مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذٌ ولِذَاذٌ۔
الْمَلَذُّ۔ لذت کی جگہ۔ ج مَلَاذُّ۔
الْمَلَذَّۃُ۔ خواہش۔ ج مَلَذَّات۔
لَذَّبَ (ن) لَذْبًا ولَاذَبَ مُلَاذَبَۃً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
لَذَجَہٗ (ن) لَذْجًا۔ سوال میں اصرار کرنا
لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔
لَذَعَ (ف) لَذْعًا۔ خُلَاعًا بلیسانہ: زبان کو تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النَّارُ الشَّيْءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے لَذَعَ الْحُبُّ قَلْبَہٗ محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔
لَذَعَ الْبَعِيرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا ــــ الرَّجُلُ بُنْدُقَہٗ: جلدی پھینکنا
الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔
تَلَذَّعَ۔ دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا تیز ذہن ہونا۔ تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔
التَّلَذُّعُ۔ درد میں سوزش ہونا۔
اللَّاذِعَۃُ۔ لاذع کا مؤنث۔ ج لَوَاذِعُ
لَوَاذِعُ الْكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ لَوَاذِعِہِمْ ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔
اللَّذَّاعُ۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَذَّاعٌ لَذَّاعٌ۔ یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اسلئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کرکے تکلیف پہنچاتا ہے۔
اللَّوْذَعُ واللَّوْذَعِيُّ۔ تیز ذہن۔ تیز خاطر فصیح۔
اللَّاذِقِيَّۃُ۔ شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کیلئے لَاذِقَانِيٌّ ولَاذِقِيٌّ۔
لَذْلَذَ۔ چست وپھرتیلا ہونا۔
اللَّذْلَاذُ۔ چست وپھرتیلا۔ بھیڑیا۔
لَذِمَ (س) لَذَمًا الشَّيْءَ: تہہ میں ڈالنا۔ برسہ دینا۔
لَذِمَ (س) لَذَمًا بِالْمَكَانِ: چمٹے رہنا
ــــ بِالشَّيْءِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔
أَلْذَمَہُ الشَّيْءَ وبِہٖ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا
ــــ ہٗ: بِطُلَانٍ: لازم کرنا۔ أَلْذَمَ بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا۔ اور کہا جاتا ہے أَلْذَمَ بِفُلَانٍ كَرَاتِكٍ یعنی ہمیشہ کردے۔
أُلْذِمَ بِفُلَانٍ: فریفتہ کیا جانا۔
اللُّذَمَۃُ۔ گھر سے جدا نہ ہونیوالا۔ کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا۔
رَجُلٌ لَذِمٌ ولَذُومٌ ومِلْذَمٌ بِالشَّيْءِ: چیز کا شوقین۔ المِلْذَم: بہادر۔
اللاذَن واللاذَنَۃ۔ گوند کی ایک قسم۔
لَذِيَ يَلْذَى لَذًى بِالْأَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔
الَّذِي۔ اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ الَّذِ والَّذْ والَّذِيْ والَّذِيْ ولَذِيْ مؤنث الَّتِي (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذَا واللَّذَانِ ج الَّذِينَ واللَّاءُ واللَّاؤُ۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ الَّذُونَ حالت رفعی میں اور الَّذِينَ حالت نصبی وجری میں۔ اور الَّذِي کی تصغیر اللُّذَيَّا اور تثنیہ کی اللُّذَيَّانِ اور جمع کی اللُّذَيُّونَ۔
لَزَّ (ن) لَزًّا ولَزَزًا ولَزَازًا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا ــــ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: ملنا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَزَّہُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا
ــــ ہٗ: إِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔
لَزَّزَ اللّٰہُ فُلَانًا: مضبوط جسم والا بنا۔
لَازِلَزَازٌ ولَازَلَازٌ۔ چمٹنا اور جھگڑنے میں تنگ کرنا۔
أَلَزَّ الشَّيْءَ: باندھنا اور چپٹانا۔
أَلَزَّ بِہٖ: چمٹنا۔ ملنا۔
اللَّزُّ مع۔ دروازہ کا حلقہ۔
اللَّزَزُ واللِّزَازُ۔ مع۔ دروازے کی بیل۔ سخت جھگڑا۔
اللَّزُّ۔ چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَزُّ شَرٍّ ولَزِيزُ شَرٍّ فلاں شر کے ساتھ چپٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔
عَيْشٌ لَزٌّ۔ تنگ زندگی۔
اللَّزِيزَۃُ۔ لزیز کا مؤنث ج لَزَائِزُ۔ اللَّزَائِزُ سینہ کی ہڈیاں۔
الْمِلَزُّ۔ سخت جھگڑالو۔ (مذکر ومؤنث)
لَزَأَ (ف) لَزْأً ولَزَأً ولُزُوءًا: الْإِنَاءُ: برتن بھرا
ــــ الْمَائِدَۃَ: جانور کو سیر کرنا۔ لَزَأَ فُلَانًا: دینا۔ کہا جاتا ہے لَزَأَتْہُ أُمُّہٗ اس کی ماں اسکو جنا۔
تَلَزَّأَ الْإِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
لَزَبَ (ن) لُزُوبًا: مضبوطی سے قائم رہنا۔
ــــ بِہٖ: چمٹنا۔ لَزِبَتِ السَّنَۃُ: خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔
لَزِبَتْ (ض) لَزَبًا۔ الْعَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ (س) لَزَبًا ولُزُوبًا (ک) لَزَبًا ولُزُوبًا الطِّينُ: چپکنے والی اور سخت ہونا۔ لَزِبَ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تَلَازَبَ الشَّيْءُ: تربتہ ہونا۔
اللِّزَبُ۔ تنگ راستہ۔
اللَّازِبُ۔ فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے قَضَاءٌ لَازِبٌ یعنی لازم وثابت ہوگیا۔ طِينٌ لَازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔
اللِّزِبُّ۔ کم بھوکا۔ ہر لزاب۔ کہا جاتا ہے ہُوَ عَرَبٌ لِزِبٌّ۔ اس کے نہ جو روہے نہ جاتا۔

اللزبۃ۔ سختی۔ قحط۔ ہر لزب ولزبات
سنۃ لزبۃ: سخت سال۔
اللزاب۔ بڑا کنجوس۔ ہر ملازیب۔
لزج (س) لزوجا ولزوجا۔ لیسدار ہونا۔
چپکنے والا ہونا۔ صفت لزج۔ لزج العسل
بالصبع: شہد کا انگلی میں چپکنا۔
تلزج۔ چپکنے والا ہونا ــــ التثقل:
نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا
ــــ الدابۃ البقول: سبزی کے لئے جانا۔
اللزوجۃ۔ چپک۔ چسپیدگی۔
رجل لزجۃ ولزیجۃ ولزیزجۃ۔ گھر ہی پر
رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔
لزق (س) لزوقا والتزق بہ: چپکنا
(ــ لزقا) الریۃ بالجنب: پیاس کی وجہ
سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔
لازقہ لزاقا وملازقۃ۔ چپکانا۔
الزقہ: چپکانا۔
لزق الشیء: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا
اللزق۔ قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے ہو لزقی
اور لزقی "وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزاق۔ مع۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے
لیسی گوند وغیرہ۔ لزاق الذہب ولزاق الحجر
ولزاق الرخام: دواؤں کے نام۔ اللزاق:
جماع۔
اذن لزقاء۔ کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔
اللزوق واللازوق۔ زخم کا مرہم جو
اچھے ہونے تک چپکا رہے۔
اللزیق۔ قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے
ہو لزیقی "وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللزیق۔ سمندری گھونگا۔
اللزق واللزیقاء واللزیقی۔ خود رو گھاس
جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔
الملزق۔ خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لزا (س) لزکا الجرح: بغیر اچھا ہوئے
گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا۔ اور یا صواب
لذک ذال مہملہ سے ہے۔
لزم (س) لزوما ولزاما ولزاما
ولزامۃ ولزومۃ ولزوما الشیء: لازم رہنا ــــ
بیتہ: گھر سے جدا نہ ہونا ــــ ہ المال: واجب
ہونا ــــ الغریم وبہ: قرض دار کو چمٹے رہنا
ــــ الامر: حکم واجب ہونا ــــ کذا من کذا
لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا ــــ لزما الشیء: جدا کرنا
ممیز کرنا۔
لازمہ لزاما وملازمۃ۔ چمٹے رہنا اور
جدا نہ ہونا۔
الزم الزاما الشیء: لازم کرنا ــــ ہ المال
والعمل او بالمال وبالعمل: واجب کرنا۔ اور
کہا جاتا ہے الزمت قضمی یعنی میں اپنے خصم
پر حجت میں غالب رہا۔
الزمۃ۔ بمعنے لازمۃ ــــ فلانا: گردن
پکڑنا ــــ العمل او المال: اپنے اوپر واجب
کر لینا ــــ القریۃ او العشر او غیرہما: مال گذاری
یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)
استلزم الشیء: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔
اللزام۔ مع۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے
والا فیصلہ (ــــ واللزم) فیصلہ کرنے والا۔
لزام۔ بالبناء علی الکسر: لگاتار۔ پیوستہ
کہا جاتا ہے ضربۃ لزام یعنی لگاتار مار۔
اللزمۃ۔ جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔
اللزومیۃ۔ اسم ہے لزم سے۔
اللازم۔ فا۔ مؤنث لازمۃ۔ جمع لوازم۔
کہا جاتا ہے صار الامر ضربۃ لازم جیسا کہا جاتا
ہے ضربۃ لازب۔
الملزم والملزمۃ۔ لوہے یا لکڑی کا
شکنجہ ہر ملازم۔
الملزوم۔ مفہ لازم کیا ہوا۔
لزن (ن) لزنا ولزن (س) لزونا وتلازن
القوم: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
اللزن۔ مع۔ سختی۔ عیش۔ لزن: تنگ مزگی
ماء لزن: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مکان
لزن ولزن ولزون۔ بھیڑ والی جگہ۔
اللزنۃ واللزنۃ۔ سختی۔ کیلۃ لزنۃ:
بھوک، سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت
کی رات۔ ہر لزن۔
زمان الزن۔ سخت زمانہ۔
لسن (ن) لسنا القصعۃ: پیالہ چاٹنا۔
لسنت الدابۃ الکلأ: چوپایہ کا زبان کے اطراف
سے چرنا ــــ الطعام: کھانا۔
الس المکان: ابتداءً نباتات کا نکالنا۔
اللساس واللساس۔ ایک سخت اور
کھردری گھاس۔ اللساس: ہر بادل جسکو جانور
چر نہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرنے۔
اللسس۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے
لسبۃ (ض) لسبا الحیۃ: سانپ کا
ڈسنا۔ لسبہ بالسوط: کوڑے سے مارنا ــــ ہ
بلسانہ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔
لسب (س) لسبا: چپکنا ــــ
العسل: شہد چاٹنا۔
السب الحیۃ فلانا: سانپ سے ڈسوانا
رجل لسابۃ للناس: لوگوں کو برا بھلا کہنے
والا مرد۔ کہا جاتا ہے ما ترک لسوبا ولسوبا ــــ
یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔
لسد (ض) لسدا ولسدا (س) لسدا
الاناء: برتن چاٹنا ــــ العسل: شہد چاٹنا۔
ــــ امہ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
فصیل ولسد بہت چاٹنے والا اور اونٹنی
کا بچہ۔
لسع (ف) لسعا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ
لسع ڈنک مارنے کو اور لدغ منہ سے ڈسنے
کو کہتے ہیں۔ بچھو کیلئے لسع اور سانپ کیلئے
لدغ کا استعمال ہے۔ لسعہ بلسانہ: عیب
لگانا گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لسع فی الارض
جانا۔ سفر کرنا۔
الس فلانا عقربا: بچھو سے ڈسوانا ــــ
بین القوم: دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔

لَسِعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔
اللَّسَّاعُ واللُّسَعَةُ۔ لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔
اللَّسِيعُ۔ ڈسا ہوا۔ ج لُسْعٌ ولُسَعاءُ
اللُّسُوعُ۔ بہت سے شگاف۔
المِلْسَعُ۔ ماہر رہبر۔
المَلْسَعَةُ۔ خانہ نشین جو گھر سے جدا نہو
المَلْسَعَةُ۔ مقیم جماعتیں۔
لَسِقَ (س) لُسُوقًا والتَسَقَ۔ چپکنا۔
اَلْسَقَ۔ چپکانا۔
کہا جاتا ہے هُوَ لَسِيقِي وَلَسِيقِي۔ وہ میرے پہلو میں ہے
اللُّسُوقُ۔ دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے
المُلْسَقُ۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَسِمَ (ن) لَسْمًا۔ چکھنا۔ کہا جاتا ہے مَا ذَاقَ لَسْمًا یعنی کچھ نہیں چکھا۔
لَسِمَ (س) لَسَمًا۔ حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔
لَسِمَ لُسُومًا۔ لازم ہونا۔
اَلْسَمَهُ كَلَامًا: سمجھانا۔ کلام سکھانا
اَلْسَمَهُ الطَّرِيقَ: راستہ اختیار کرانا۔ اَلْسَمَ واِسْتَلْسَمَ الشَّيْءَ: ڈھونڈھنا۔
لَسِنَ (س) لَسَنًا۔ فصیح و بلیغ ہونا۔
لَسَنَ (ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔
لَسَنَهُ العَقْرَبُ: ڈسنا — ولَسَّنَ) الشَّيْءَ: کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔
لَاسَنَ فُلَانًا الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔
اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا او رِسَالَةً: پہنچانا۔ کہا جاتا ہے اَلْسِنِّي فُلَانًا وَاَلْسِنْ لِي فُلَانًا كَذَا وَكَذَا یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچا دو۔
تَلَسَّنَ عَلَى فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا
— الجمر: چنگاری کی زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا
اللِّسْنُ۔ زبان۔ لغت۔ گفتگو۔
اللَّسَنُ۔ فصاحت۔
اللِّسَانُ۔ زبان (مذکر و مؤنث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَةٌ واَلْسُنٌ ولُسُنٌ ولِسَانًا لغت۔ پیغام۔ لِسَانُ العَرَبِ: عرب کی زبان لِسَانُ القَوْمِ: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الحَالِ: زبان حال۔ یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔
لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ المِيزَانِ ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ میں پکڑا جاتا ہے
لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الحَمَلِ — الثَّوْرِ — الكَلْبِ و — السَّبُعِ و — العَصَافِيرِ: مختلف نباتات کے نام۔ والحُرُوفُ اللِّسَانِيَّةُ: د۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُو لِسَانَيْنِ یعنی فریبی۔ دغاباز۔ منافق۔ غیبت کرنیوالا۔ وَاَلْسِنَةُ النَّاسِ تَكْبِيرُ حَسَنٌ لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔
اللَّسِينُ۔ جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو
(— والأَلْسَنُ) فصیح بلیغ۔ مؤنث لَسْنَاءُ ج لُسْنٌ
المُلْسِنُ۔ فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔
المِلْسَنُ۔ پتھر جسکو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کاٹ کر رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کر دیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔
المُلَسَّنُ۔ مضم۔ زبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔
المُلْتِسُ۔ فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔
المَلْسُونُ۔ جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زبان بریدہ۔
لَسِيَ يَلْسُو لَسْوًا۔ تھوڑا کھانا۔
لَشَّهُ (ن) لَشًّا۔ دھکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا
اللَّشُّ۔ مع۔ معاش۔
لَشْلَشَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔
اللَّشْلَاشُ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے جگر کا کانپنے والا۔
لَشَا يَلْشُو لَشْوًا۔ رفعت کے بعد خسیس ہونا
لَاشَى فُلَانًا الشَّيْءَ: لاشی کر دینا معدوم کر دینا۔ (یہ لاشی سے بنایا گیا ہے)
تَلَاشَى تَلَاشِيًا الشَّيْءُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔
التَّلَاشِي۔ مع۔ اضمحلال۔
لَصَّ (س) لَصْصًا ولَصَاصًا ولُصُوصِيَّةً ولَصُوصِيَّةً۔ چور ہونا۔
لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا — الشَّيْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔
لَصَّصَ البُنْيَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ میں
تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔
اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ: چور۔ ج لُصُوصٌ وأَلْصَاصٌ ولِصَصَةٌ ولُصَصَةٌ۔ ج لِصَاتٌ ولُصَائِصُ۔
اللَّصَصُ۔ مع۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔
الأَلْصُّ۔ قریب قریب مونڈھوں والا۔ قریب قریب داڑھوں والا۔
اللَّصَّاءُ۔ الَّصُّ کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کی ایک سینگ آگے اور دوسری پیچھے ہو۔ ج لُصٌّ۔
المَلْصَّةُ۔ بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنے لُصُوصٌ۔
لَصِبَ (س) لَصَبًا۔ اَلْجِلْدُ باللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا
الخَاتَمُ فِي الإِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا
السَّيْفُ فِي الغِمْدِ: تلوار کا میان میں پھٹ کے رہ جانا۔
التَّصَبَ الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔
اللِّصَبُ۔ وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی

چوں گھائی۔ ج لُصُوب ولِصاب۔
اللَّصِب۔ بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔
اللَّوَاصِب۔ گہرے تنگ کنوئیں۔
سیف مُلْصَاب۔ میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔
طریق مُلْتَصِب۔ تنگ راستہ۔
اللِّصْت واللَّصَت واللُّصْت۔ چور۔ ج لُصُوت
لَصَغَ (ن) لَصْوَغًا الجلدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔
لَصِفَ (س) لَصَفًا الجلدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔
لَصَفَ (ن) لَصْفًا الجارِيَةَ: ترتیب سے جوڑنا۔ لَصْفًا ولَصِيفًا ولُصُوفًا) لونُہٗ: رنگ کا چمکنا۔
لَصِقَ (س) لَصَقًا ولُصُوقًا والتَصَقَ بالشيءِ: چپکنا۔
اَلْصَقَ الشيءَ بالشيءِ: چپکانا ——— جُرُوحَ البعيرِ: زخمی کرنا۔
لَاصِقَةٌ فلَاصِقَةٌ۔ چپکانا۔
اللَّصِق واللَّصِيق۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے ہُوَ لَصِيقِي ولَصِيقِي ولَصِيقِي: وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللُّصُوق۔ زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔
المُلْصَق۔ مفعد خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَةٌ۔
لَصْلَصَ الوَتَدَ ونحوَہٗ: کھیڑنے کیلئے ہلانا۔
لَصَا يَلْصُو لَصْوًا۔ المرأةَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاءٌ ولَصَايَةٌ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔
لَصِيَ يَلْصَى لَصْيًا ولَصِيَ يَلْصَى لَصًى لِصَيَةٌ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاءٌ ولَصَايَةٌ: عیب لگانا۔ لَصِيَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔
اللَّصَاءُ۔ عیب۔

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔
اللَّضْلَاضُ۔ ماہر رہبر۔
لَضَمَ (ن) لَضْمًا۔ مخفی کرنا۔ اصرار کرنا۔
لَضَا يَلْضُو لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔
لَطَّ (ض) لَطَّ البابَ: دروازہ بند کرنا ——— الشيءَ: چھپانا ——— الستْرَ: پردہ لٹکانا الرَّجُلُ حقَّہٗ وعَنْ حقِّہٖ: حق کا انکار کر دینا ——— عَنْہُ وعَلَيْہِ الخبرَ: پوشیدہ رکھنا ——— بالأمرِ: لازم ہونا ——— الشيءَ بكذا: چپٹانا۔ لَطَّتِ الناقةُ بذَنَبِہَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دُم کو رانوں میں دبا لینا۔
لَطَطَ (ن) لَطًا بالعصا: لاٹھی مارنا۔
اَلَطَّ عليہِ الأمرَ: چھپانا ——— الرَّجُلُ: جھگڑو یا معاملے میں سختی کرنا ——— الغريمُ: حق روکنا فلانًا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بالحجاب: پردہ لٹکانا ——— (۔ وتَلَطَّطَ) حَقَّ فلانٍ: انکار کرنا۔ اور من طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تلطی حقہ بھی کہا جاتا ہے
اَلْتَطَّ۔ چھپنا ——— الشيءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بالمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔
اللَّطُّ۔ مم اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط۔ اللُّطُّ: خصم۔
اللَّطَةُ واللَّطِيطَةُ۔ سونیاں۔
اللَّطَطُ۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا گھس جانا۔ چیز کا چھپانا۔
اللِّطَاطُ والمِلْطَاطُ۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔
اللِّطَاطُ۔ وادی کا کنارہ۔
اللَّاطُ فار ——— والمُلَطُّ) خبیث۔ وہ شخص جسکے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔
الأَلَطُّ۔ جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھا لیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔
المِلْطَاطُ۔ سمندر کا کنارہ۔ کشادہ ریگذر۔ گھر کا صحن۔ پلاستر کرنیوالوں کی کرنی۔ بیلن۔

پکی یا ہتھ پکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔
المَلْطُوطُ۔ مقم تُرْسٌ مَلْطُوطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔
لَطَأَ (ن) لَطْوًا ولَطِئَ لَطَأً بالأرضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَأَہٗ بالعصا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔
اللَّاطِئَةُ۔ اچھا نہ ہونیوالا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی لوٹنی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔
اللَّطَأُ۔ بھڑیا۔ شکاری۔
المِلْطَأُ والمِلْطَأَةُ سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔
لَطَحَہٗ (ن) لَطْحًا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا ——— ہ بحجر: پتھر مارنا۔ لَطَحَ الشيءَ: جمع کرنا ——— الشيءَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا ——— ہ الأمرُ: دشوار ہونا۔
تَلَاطَحَ الموجُ: موجوں کا ٹکرانا ——— القومُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔
المَلَاطِح۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔
لَطَخَہٗ (ن) لَطْخًا۔ باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لطخ بہ: زمین پر پٹک دینا۔
لَطَخَ (ف) لَطْخًا ولَطَّخَ الشيءَ بالبَلَدِ ونحوِہٖ: آلودہ کرنا ——— ہ بالشرِّ: شر کی نسبت کرنا۔
تَلَطَّخَ۔ آلودہ ہونا ——— بأمرٍ قبيحٍ: ملوث ہونا ——— بالشرِّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔
اللَّطْخُ۔ مم۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا من خبرٍ میں نے تھوڑی سی خبر سنی وفي السماءِ لَطْخٌ من سحابٍ آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔
اللَّطِخ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔
اللَّطُوخ۔ جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔
اللُّطَخَة۔ بیوقوف۔ ج لُطَخَات۔

اللَّطِيخ - بے وقوف۔
لَطَسَهٗ (ن) لَطْسًا۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّیْءَ: سخت کوٹنا ــــ ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا ــــ الشَّیْءَ: سخت روندنا ــــ الحَجَرَ بِالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔
لَاطَسَهٗ مُلَاطَسَةً۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا
تَلَاطَسَ الوَحْلُ: موجوں کا تھپیڑی مارنا۔
المِلْطَس، بہ مُلَاطِس۔ المِلْطَاس۔ بہ مَلَاطِیس: کھیل اتارنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا لکڑی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔
لَطَعَ (ف) ولَطِعَ (س) لَطَعًا۔ الشَّیْءَ بِلِسَانِہٖ: زبان سے چاٹنا ــــ فُلَانًا: پیچھے سے لات مارنا۔ لَطَعَ الغَرَضَ: نشانہ لگانا ــــ فُلَانًا بِالعَصَا لاٹھی مارنا ــــ عَیْنَہٗ: آنکھ پر طمانچہ مارنا ــــ الکَلْبُ اوالذِّئْبُ المَاءَ: پینا ــــ اسْمَہٗ: نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔ لَطَعَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے لَطَعَ اِصْبَعَہٗ یعنی مر گیا۔
لَطِعَ (س) لَطَعًا۔ دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَع۔
تَلَطَّعَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔
اِلْتَطَعَ۔ برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا
الشَّیْءَ: چاٹنا۔
اللَّطْع۔ مم تالو۔ بہ اَلْطَاع۔
اللَّطْعَاء۔ الأَلْطَع کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ بہ لُطْع۔
اللَّطَع، مم۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔
رَجُلٌ لُطَعٌ۔ کمینہ آدمی۔
اللَّطَّاع۔ کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔
لَطَفَ (ن) لُطْفًا بِفُلَانٍ ولِفُلَانٍ: مہربانی کرنا ــــ اللّٰہُ بِالعَبْدِ وَلَہٗ: توفیق دینا۔ بچانا ــــ الشَّیْءُ: قریب ہونا۔
لَطُفَ (ک) لَطَافَۃً ولَطَافَۃً باریک ہونا چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِیف۔ کلام: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے لَطُفَ عَنِّیْ: چھوٹا ہونا ولُطِفَ بِہٖ: اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔
لَطَّفَ الشَّیْءَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔
لَاطَفَہٗ مُلَاطَفَۃً۔ بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔
اَلْطَفَ السُّؤَالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا ــــ ہٗ بِکَذَا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ الشَّیْءَ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
تَلَطَّفَ۔ خاکساری کرنا ــــ بہ: حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا ــــ الآمِرُ فِی الأَمْرِ: نرمی برتنا۔
تَلَاطَفَ القَوْمُ: باہم میل ملاپ کرنا۔
تَلَاطَفُوا فِی الأَمْرِ: باہم نرمی برتنا۔
اِسْتَلْطَفَ۔ لطیف پانا یا اِسْتَلْطَفَ الشَّیْءَ بِجَنْبِہٖ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔
اللَّطْف، بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ بہ اَلْطَاف۔ کہا جاتا ہے نُزُولًا اَلْطَافُ فُلَانٍ "یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔
اللُّطْفَۃ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔
اللُّطْف، مم مِنْ قِبَلِ اللّٰہِ: توفیق و عصمتِ خداوندی۔ بہ اَلْطَاف۔
اللَّطِیف۔ باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان بہ لِطَاف ولُطَفَاء۔ اللَّطِیف: اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے یعنی بندوں کیساتھ بھلائی اور احسان کرنیوالا نیز باریک امور کا جاننے والا۔ اللَّطِیف مِنَ الکَلَامِ: کلام نامنقش جسکے معنی پوشیدہ ہوں ــــ مِنَ الأَجْرَامِ: نازک جسم
اللَّطَّاف۔ بہت نرمی برتنے والا۔
اللَّطِیفَۃ۔ لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ بہ لَطَائِف۔
اللَّوَاطِف۔ مِنَ الأَضْلَاعِ: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔
اللَّطْفَان۔ مہربان۔ نرمی کرنے والا۔
التَّلْطِیف، مم ــــ عِنْدَ القُرَّاءِ: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔

لَطَمَهٗ (ض) لَطْمًا۔ تھپڑ مارنا ــــ ہٗ بِکَفِّہٖ: چپکانا۔ لَطَمَتِ العُرَّۃُ الفَرَسَ: ایک جانب پیشانی پر سفید داغ ہونا۔
لُطِمَ الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِیم (نذر کردہ اونٹ جو بتوں پر ذبح کیا جاتا)۔
لَطَّمَہٗ۔ زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الکِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔
لَاطَمَہٗ لِطَافًا ومُلَاطَمَۃً۔ تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
تَلَطَّمَ وَجْہُہٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔
تَلَاطَمَتْ والْتَطَمَتِ الأَنْوَاجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا ــــ القَوْمُ: باہم طمانچہ مارنا۔
اللَّطْمَۃ۔ لَطَمَ کا اسم مرۃ۔ بہ لَطَمَات۔
اللَّطِیم۔ طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔
اللَّطِیمَۃ۔ مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ بہ لَطَائِم۔
المِلْطَم۔ رخسارہ۔
المِلْطَم۔ بچھانے کا چمڑا۔
المَلْطِم۔ وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔
المُلَطَّم۔ مفلم۔ لئیم و ناکس۔
لَطَهٗ (ن ض) لَطْهًا۔ تھپڑ مارنا۔
لَطَا یَلْطُو لَطْوًا۔ بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔
لَطِیَ یَلْطَی لَطَیًا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔
لَطِیَ یَلْطَی لَطًی الرَّجُلُ: بوجھل کرنا
فُلَانًا بِذَلِکَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔
تَلَطَّی تَلَطِّیًا مِنَ العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔
اللَّطَاۃ۔ زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا

درمیانی حصہ۔ لَظَاۃُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے اَلْقَی لَظَاتَہٗ اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔
اللَّظَاۃ: چور جو قتم سے قریب ہوں۔
اللَّظَی واللَّظَاۃ: سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔
لَظَا (ن) لَظًا ولَظِیظًا: لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بالشَّیْءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّ لَظًّا: دھتکارنا۔
لَاظَہٗ لِظَاظًا ومُلَاظَۃً فِی الْحَرْبِ: اصرار کرنا۔
اَلَظَّ: اصرار کرنا ــــ المَطَرُ: لگاتار برسنا ــــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ بِالشَّیْءِ: چمٹے رہنا۔ اور جدا نہ ہونا۔
تَلَاظَّ الْقَوْمُ فِی الْحَرْبِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَلَظَّظَتْ تَلَظُّظًا الْحَیَّۃُ: سخت غصہ سے سر ہلانا۔
اللَّظِظ۔ مع سخت عادت کا مرد۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَظِظٌ لَظَظٌ کَظٌّ تابع مہمل ہے۔
اللَّظَاظَۃ۔ پیغام۔
اللِّظ واللِّظاظ۔ سخت اصرار کرنیوالا
اللَّظَا۔ تھوڑی چیز۔
لَظْلَظَتِ الْحَیَّۃُ لَظْلَظَۃً: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔
تَلَظْلَظَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔
اللَّظْلَاظ مِنَ الرِّجَالِ: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ یَوْمٌ لَظْلَاظٌ: گرم دن۔
لَظِیَتْ تَلْظَی لَظًی النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔
لَظَّی تَلْظِیَۃً النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَلَظَّتْ وانْتَظَتْ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا
لَظِیَ والِدُ فُلَانٍ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
لَظِیَتِ الْفَارَۃُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا ــــ الْحَیَّۃُ مِنَ السُّمِّ: پھنپھنانا۔
اللَّظَی مع: آگ یا آگ کی بھڑک۔

لَظَی مَعْرِفَۃً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اَلَعَّ الْمَکَانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔
تَلَعَّی (اللُّعَاعُ): ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تلعّع ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے)
اللُّعَاعُ۔ ابتدائی روئیدگی واحد لُعَاعَۃٌ ہے اور اسی سے ہے اِنَّمَا الدُّنْیَا لُعَاعَۃٌ یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کے مانند ہے جس کے لئے بقا نہیں۔
اللُّعَاعَۃ۔ کاسنی۔ ارزانی سال۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعَاعَۃُ الْاِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے تَابَقِیَ اِلَّا لُعَاعَۃٌ یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ہو لُعَاع۔
اللَّعَّاعَۃ۔ بتکلف سُر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے مُنْظِرٌ لَعَّاعَۃً
اللَّعْعَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت پاکدامن عورت۔
عَسَلٌ مُتَلَعٍّ۔ شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔
لَعَبَ ولَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِیُّ: رال ٹپکانا
لَعِبَ (س) لَعْبًا ولَعَبًا ولَعِبًا وتَلْعَابًا کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت وتفریح کے لئے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو ــــ کَذَا: کھیل کی چیز بنانا ــــ فِی الْاَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّیَاحُ بِالدِّیَارِ: گھروں پر ہواؤں نے قابض ہو گئیں یعنی مکانات ویران وبرباد ہو گئے۔
لَعَّبَ بمعنے لَعِبَ۔
اَلْعَبَ بمعنے لَعِبَ ــــ ہٗ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا ــــ الصَّبِیُّ: رال ٹپکانا۔
لَاعَبَہٗ مُلَاعَبَۃً۔ باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ میل کود کرنا۔
تَلَاعَبَ وتَلَعَّبَ بمعنے لَعِبَ، کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِہِمُ الْہُمُوْمُ وتَلَعَّبَتْ بِہِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے،
اِسْتَلْعَبَتِ النَّاقَۃُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔

اللَّعْبَۃ۔ لَعِبَ کا اسم مرۃ۔
اللُّعْبَۃ۔ لَعِبَ کا اسم نوع۔
اللُّعَبَۃ۔ کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے اَقْعُدُ حَتّٰی اَفْرُغَ مِنْ ہٰذِہِ اللُّعَبَۃِ جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گویا وہ فعلہ بروقت جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے رَکِبَ لُعَبَہٗ یعنی ایسا امر جس سے کھیل وتفریح کیا جائے، ہو لُعَبٌ
اللُّعُوبَۃ۔ کھیل۔
اللُّعَاب۔ منہ کی رال۔ لُعَابُ النَّحْلِ: شہد لُعَابُ الْحَیَّۃِ ونَحْوُہٗ: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعَابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں کڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخَاطُ الشَّیْطَانِ بھی کہتے ہیں۔
لُعَابُ السَّفَرْجَلِ ونَحْوُہٗ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔
اللُّعَابِیّ۔ لُعَاب کی جانب منسوب۔
اللُّعَابِیَّۃ۔ پھلوں کا رس۔
اللَّعِب۔ مع کھیلنے والا۔
اللَّعُوب۔ ناز وانداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے جَارِیَۃٌ لَعُوبٌ ہو لَوَاعِبُ ولَعَائِبُ۔
اللُّعْبَۃ واللَّعَّابَۃ اللُّعَّابَۃ التَّلْعَابَۃ التَّلْعَابَۃ التَّلْعَابَۃ والتِّلْعَابَۃ والتِّلْعَابَۃ والتِّلْعَابَۃ والتِّلْعِیبَۃ والتِّلْعِیبَۃ واللُّعْبَان۔ بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنیوالا۔ اللَّعَّاب: بازی گر
الْمَلْعَب۔ کھیل کی جگہ۔ ہو مَلَاعِبُ۔ مَلَاعِبُ الرِّیَاحِ: ہواؤں کی آمد ورفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے تَرَکْتُہٗ فِی مَلَاعِبِ الْجِنِّ میں نے اس کو گم نام جگہ میں چھوڑ دیا۔
الْمَلْعَبَۃ والْمُلَعَّبَۃ۔ بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔
الْمَلَاعِب۔ فا مَلْعَبٌ ظلہ: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔

ثَغْرٌ لَعُوْبٌ۔ بال بہانے والے دانت
لَعِثَ (س) لَعَثًا ست ہونا۔ صفت
اَلْعَثُ مؤنث لَعْثَاءُ۔ ہر لُعث۔
لَعْثَمَ وتَلَعْثَمَ فِی الْاَمْرِ: توقف کرنا ٹھیرنا
غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے سَاَلْتُہٗ
عَنْ شَیْءٍ فَلَمْ یَتَلَعْثَمْ یعنی میں نے اس سے فلاں چیز
کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں
تاخیر نہیں کی وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَیْءٍ نہ تو وہ پیچھے ہٹا
اور نہ تاخیر کی۔
لَعَجَ (ف) لَعْجًا الْقَرْبُ فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
اور کھال میں سوزش ہونا ــــ الشَّیْءُ فِی صَدْرِہٖ:
کھٹکنا ــــ الْحُبُّ اَوِ الْحُزْنُ فِی قَلْبِہٖ: گرمی پھونکنا۔
لَا عَجَۃَ وَلَا عَجَۃَ الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار
ہونا۔
اَلْعَجُ النَّارَ فِی الْحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔
اِلْتَعَجَ۔ غم سے جلنا۔
اللَّاعِجُ۔ فا۔ دل سوز محبت۔ ہر لَوَاعِجُ۔
اللَّعُجُ۔ ہر جلانیوالی چیز۔ مار کی تکلیف جلن
لَعْذَمَ فِی الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل
کرنا۔
تَلَعْذَمَ عَنِ الْکَلَامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا
جاتا ہے قَرَأَ فَمَا تَلَعْذَمَ اس نے پڑھا تو نہ ٹھیرا
اور نہ متردد ہوا وَمَا تَلَعْذَمَ مِنْ شَیْءٍ تم نے
کچھ نہیں کھایا۔
اللَّعْذَمِیُّ۔ لالچی۔
لَعَزَ (ف) لَعْزًا۔ ہٹانا اور مکا مارنا۔ لَعَزَتِ
النَّاقَۃُ فَصِیْلَہَا: بچے کو زبان سے چاٹنا ــــ
الْمَرْأَۃُ: جماع کرنا۔
لَعَسَہٗ (ف) لَعْسًا۔ دانت سے کاٹنا۔
لَعِسَ (س) لَعَسًا۔ سیاہی مائل سُرخ
ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا
صفت اَلْعَسُ مؤنث لَعْسَاءُ ہر لُعس۔ وَلَعِسَتِ
الشَّفَۃُ سیاہی مائل سُرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔
اللُّعْسَۃُ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا
ہے مَا ذُقْتُ لُعْسَتَہٗ میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللَّعُوْسُ۔ کم خوراک حریص۔ بھیڑیا۔ ہر لَعَاوِسُ
اَلْاَلْعَسُ مِنَ النَّبَاتِ: گنجان پودہ۔
اَلْمُتَلَعِّسُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ۔
لَحْمٌ مُلَعْوَسٌ۔ کچا سرخ گوشت۔
تَلَعْسَمَ فِی اَمْرِہٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
لَعِصَ (س) لَعَصًا الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اَلرَّجُلُ فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ: بہت حرص سے
کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِصٌ۔
تَلَعَّصَ عَلَیْنَا: سختی کرنا ــــ الرَّجُلُ:
کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔
لَعَضَہٗ (ف) لَعْضًا بِلِسَانِہٖ: زبان سے لینا
اللَّعُوْضُ۔ گیدڑ۔
لَعَطَ (ف) لَعْطًا۔ دوڑنا۔ لَعَطَتِ الْاِبِلُ:
گھروں کے ارد گرد چرنا ــــ ہٗ: گردن کے
عرض میں داغ لگانا ــــ ہٗ بِاَبْیَاتٍ: اشعار
میں ہجو کرنا ــــ ہٗ بِسَہْمٍ اَوْ بِعَیْنٍ: تیر مارنا یا نظر بد
لگانا ــــ ہٗ بِحَقٍّ: ٹال مٹول کرنا ــــ الدَّابَّۃُ
النَّبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔
اَلْعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔
تَلَعَّطَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا
اور گھروں کے ارد گرد ہی چرنا۔
اللَّعَطُ۔ مع واحد الْاَلْعَاطُ۔ سیاہ یا زرد
خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔
اللُّعَطُ۔ دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعَطُ الرَّمْلِ:
ریت کا گوشہ۔ لُعَطُ الْجَبَلِ: دامن کوہ۔
اللُّعَطَۃُ۔ اسم ہے لُعَط کا سیاہی یا زردی
کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری
کے گردن کی سیاہی مشکرے کے چہرے کی تیرگی
اللُّعْطَاءُ۔ گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔
اَلْمَلْعَطُ۔ گھروں کے ارد گرد کی چراگاہ۔
ہر مَلَاعِطُ۔
اَلْمُلَعَّطَۃُ۔ فربہ دراز لڑکی۔
اَلْعَفُّ وَتَلَعَّفَ الْاَسَدُ وَالْبَعِیْرُ: شیر یا
اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک
ہونا اور حملہ کے لئے تیار ہونا۔

لَعِقَ (س) لَعْقًا وَلُعْقَۃً وَلَعْقَۃً اَصْل
وتحفہ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت
لَاعِقٌ ہر لَعِقَۃٌ۔ کہا جاتا ہے لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَہٗ
یعنی مر گیا۔
اَلْعَقُ وَلَعِقَ۔ چاٹنا۔ اَلْعَقُ اَنْسَبُ الشُّرْبِ
ملکے کتا کی دھاگے سے بننا۔
اَلْتَعَقَ ــــ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔
اللَّعْقَۃُ۔ مع۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے فِی الْاَرْضِ
لَعْقَۃٌ مِنْ رَبِیْعٍ زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔
اللُّعْقَۃُ۔ مع۔ چمچہ یا انگلی میں جتنا آ کر چاٹنے
کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔
کہا جاتا ہے رَجُلٌ وَعِیٌّ لَعِقٌ یعنی لالچی مرد۔
اللُّعَاقُ۔ چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو نہیں
باقی رہ جائے۔
اللَّعُوْقُ۔ ہر وہ چیز جو چاٹی جا سکے جیسے شہد
دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے
مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوْقٌ ہمارے ساتھ صرف تھوڑی
سی چیز ہے۔
اَلْمِلْعَقَۃُ۔ چمچہ۔ ہر مَلَاعِقُ۔
اَللَّعِقُ۔ بدزبان عورت۔
لَعَلَّ۔ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم
کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ
دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الْحَبِیْبَ قَادِمٌ اور خوف کے
موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے لَعَلَّ الشِّدَّۃَ نَازِلَۃٌ
اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جسکے حصول
کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی
میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب
باری تعالیٰ عَزَّ شَانُہٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے
معنی ہوتے ہیں۔ اور قرآن پاک کے بہت سے
مواقع میں لَعَلَّ کی تفسیر گی سے کی گئی ہے)
اس کے لام اول کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے
اور اس پر ما کا فہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّ اضافت
لَکَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یا منکم متصل ہو
تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے لَعَلِّی اور
لَعَلِّنِی بھی۔

اللَّعْل۔ ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔
لَعْلَعَ العظمَ ونحوَہٗ: ہڈی توڑنا ـــ الرعدُ: بادل کا گرجنا ـــ السرابُ: سراب کا چمکنا ـــ من الشیٔ: تنگ دل ہونا، زچ ہونا ـــ من الجوع: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا ـــ بالعائر: پھیلنے والے تے یا لقلع یا لغا کہنا
تَلَعْلَعَ۔ ٹوٹنا ـــ من الجوع: بلبلانا اور نڈھال ہونا ـــ الرجلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا ـــ السرابُ: سراب کا چمکنا
اللَّغْب: کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا
اللَّغْلَغ۔ سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت
اللُّغْلُغ۔ بزدل۔
نَسْلٌ مُتَلَغْلِغٌ۔ شہد جس میں لسبا تار نکلے۔
تَلَغْلَمَ فی أمرِہٖ: دیر لگانا۔
اللَّغَم۔ لعاب دہن۔
لَغْمَظَ لَغْمَظَۃً ولِغْماظًا اللحمَ: ہڈی سے گوشت چوسنا۔
اللَّغْمَظ واللُّغْمُوظ واللُّغْمُوظَۃ: بہت حریص وخواہش مند۔ ج لَغَامِظ۔ ولَغَامِیظ۔
اللُّغْمُوظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنیوالا۔
رَجُلٌ لَغْمَظَۃٌ۔ بہت حریص۔
اللِّغْماظ۔ مع ڈنگ مارنے والا۔
لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گال دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔ لَعَنَ نفسہٗ: علیَّ لَعْنَۃُ اللہِ کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا
لَعَّنَہٗ تلعینًا۔ عذاب دینا۔
لَاعَنَہٗ لِعانًا ومُلَاعَنَۃً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا ـــ الحاکمُ بینہما: فیصلہ کرنا۔
التَّلَعُّن۔ اپنے اوپر لعنت کرنا ـــ و تلاعُن: بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔
اللَّعْن۔ مع وآیت اللَّعْنُ زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کیلئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے بازرہ جو مستحق لعنت ہو۔
اللَّعْنَۃ۔ لعن کا اسم مرۃ۔ لعنت۔ عذاب ج لِعان ولَعَنات۔

اللَّعَّان واللَّعَّابَۃ۔ اسم ہیں لعنت سے۔
اللَّاعِن فا۔ آمر لآعِنٌ: باعث لعنت۔
اللَّعَّان۔ بہت لعنت کرنے والا۔
اللُّعَنَۃ۔ جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔
اللُّعَنَۃ۔ جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ بہ لُعن۔
اللَّعِین۔ لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان (آچکا۔ (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
اللَّعِینَۃ۔ بھٹے ملون جیسے رَعِینَۃٌ بھٹے مَرْعُونٌ۔
المَلْعَنَۃ۔ پائخانہ۔ ج کلاعن (ـــ و اللَّاعِنَۃ) وسط راستہ۔
المَلْعُون۔ مفع۔ ج کلاعین۔
تَلَعَّى العسلُ: شہد کا گاڑھا ہونا ـــ اللُّعَاعُ ای أوّلُ النباتِ: ہریاول نکلنا شروع ہونا۔
أَلْعَتِ الأرضُ: ہریاول والی زمین ہونا۔
اللَّعُو۔ بدخلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لعاء۔
اللَّعُوَۃ۔ اللَّعُو کا مؤنث۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔ لَعُوَۃُ الجوع: بھوک کی تیزی (ـــ واللَّعَاۃ) کتیا۔ کلبۃ او ذئبۃ لَعُوَۃٌ۔ لالچی کتیا۔ یا مادہ بھیڑیا: ج لِعاء ولُعَوات۔
لُعْوَۃ۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی
اللَّاعِی جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔
اللَّاعِیَۃ۔ اللاعی کا مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔
اللَّعَا۔ بہت حریص اور پھیلنے والے کیلئے کہا جاتا ہے لَعَالَکَ یعنی خدا تمہیں اٹھائے اور لَا لَعَالَکَ "بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہ اٹھائے
الأَلْعَاء۔ انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔
لَعُوقٌ۔ کام میں جلدی کرنا۔

اللَّعُوق۔ کم عقل۔ بے۔ قوف۔
لَغَبَ (ن) ولَغُبَ (ک) لَغَبًا ولُغُوبًا ولُغُوبًا ولَغِبَ (س) لَغَبًا۔ بہت تھکنا۔
لَغَّبَ (ف) لَغَبًا القومَ: جھوٹی بات کہنا۔
ـــ علیہم: فساد ڈالنا ـــ الکلبُ فی الإناءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔
لَغَّبَ والَغَبَ وتَلَغَّبَ السیرُ فلانًا: بہت تھکا دینا۔ لَغَّبَ دابتہ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے، تھکا ہوا پانا ـــ الَغَبَ فلانًا: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الإنسانَ والحیوانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا، کہا جاتا ہے تَلَغَّبَتہم الأسفارُ وتَلَغَّبَتہم القفارُ یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا، میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے۔ تَلَغَّبَ سیرًا القومَ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا۔ وتَلَغَّبَتِ الدابۃ: تھکا ہوا پانا۔
اللَّاغِب۔ فا۔ کمزور۔ ج لُغَّب۔ کہا جاتا ہے أتانا سَاغِبًا لَاغِبًا "ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔
اللَّاغِبَۃ۔ اللَّاغِب کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے رِیَاحٌ لَوَاغِبُ یعنی نرم ہوائیں۔
اللَّغِب اللَّغُوب۔ کمزور۔ بیوقوف۔ اللَّغَبُ اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے "اُکْفُفْ عَنَّا لَغَبَکَ" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو۔ سَہْمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔
اللَّغْب اللَّغَب اللَّغِب اللَّغِیب۔ خراب پر۔ اللَّغَب: گردن کے بال۔ کہا جاتا ہے أَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِہٖ "یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔
اللُّغَاب۔ خراب تراشا ہوا تیر۔
اللَّغَابَۃ واللُّغُوبَۃ۔ بیوقوفی۔ کمزوری۔
اللَّغِیث۔ زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں۔ جو ملا ہوا کھیوں (گوبر) کی)
اللُّغْثُون۔ ناک کا تھنا۔ ج لَغَاثِین۔
لَغَدَ (ن) لَغْدًا الإبلَ القَوَائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا ـــ عن کذا: روکنا ـــ

فلاناً: کنارہ گردن کے گوشت پر مارنا۔
اللُّغْد بہ اَلْغاد۔ واللُّغْدُود واللِّغْدِید۔ بہ لَغادِید: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "مُنِعَ مِنَ الْاَوْغادِ ضَمُّ الْاَلْغاد"
المُتَلَغِّد۔ سخت غضبناک۔
اللَّغْدَمِی والمُتَلَغْدِم۔ بہت کھاؤ۔
لَغَزَ (ن) لَغْزًا الشَّیْءَ: چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا ــــ فِی یَمِینِہٖ: قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا ــــ وَالْغَزَ: ایرَ بُوحُ مُجَحَّرَۃ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچدار کھودنا۔
(لَغَزَ وَالْغَزَ فِی الْکَلَامِ وَالْغَزَ الْکَلَامَ: کلام سربستہ کہنا۔ پیچدار بات کہنا۔
لَاغِزَۃٌ فُلَانٌ لَاغِزَۃٌ۔ پہیلی جیسی گفتگو کرنا
اللُّغْز واللَّغْز واللَّغَز۔ چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔
اللُّغْز واللَّغْز واللُّغَز بہ اَلْغاز۔ واللُّغَیْزَیٰ واللُّغُوزَۃ مِنَ الْکَلَامِ: چیستان۔ معمہ پہیلی۔ الْاَلْغاز: پیچدار اور مشکل راستے۔
اللَّغَّاز۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
المُلْغِز مِنَ الْکَلَامِ: پیچیدہ و دشوار کلام۔
اللَّغْوَس۔ بھیڑیا۔ کھانے میں تیز مرد۔ بہت فربہ جور۔ نرمی و نازکی کی وجہ سے کبلہانے والی گھاس۔
اللَّغُوسَۃ۔ غیر متحقق خبر۔
المُلَغْوِس۔ کچی چربی۔
لَغَطَ (ن) لَغْطًا وَلَغَاطًا وَالْغَطَ وَلَغَّطَ الْقَوْمُ: شور کرنا۔
لَغَطَ (ن) لَغْطًا وَلَغِیطًا الْحَمَامُ اَوِ الْقَطَا: کبوتر یا قطا کا غرغوں کرنا۔
اللَّغَط مع۔ دروازے کے آگے کا صحن
(ــــ واللَّغْط) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ بہ اَلْغاط۔
لَغِفَ (س) لَغَفًا۔ الْاِنَاءَ: برتن چاٹنا۔
ــــ الْاِدَامَ: ساکن کو لقمہ بنانا۔

لَغَفَ (ن) لَغْفًا الرَّجُلُ اَوِ الْاَسَدُ: مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔
لَاغَفَہٗ فُلَانٌ لَاغَفَۃً۔ بوسہ دینا۔ دوستی کرنا
اَلْغَف۔ تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا ــــ فُلَانًا الْاَدْوَام: سالن کا لقمہ بنکوانا
ہٗ: برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَف عَلَیْہِ: سخت سست باتیں کہنا۔
اللُّغْفَۃ۔ لقمہ۔
اللَّغِیف۔ مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ بہ لُغَفاء۔
اللَّغِیفَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جسکو قصیدہ بھی کہتے ہیں۔
المُلْغَفَۃ۔ چوروں کا گروہ۔
اللُّغْلُغَۃ۔ کلام میں لکنت۔
لَغَمَ (ن) لَغْمًا الْبَعِیرُ: جھاگ پھینکنا ــــ ہٗ: منہ چومنا ــــ الرَّجُلَ: غیر متیقن خبر دینا۔
(ــــ وَلَغَّمَ) فُلَانًا بِالطِّیبِ: منہ پر خوشبو لگانا۔
لَغِمَ (س) لَغَمًا وَلَغْمًا۔ غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔
اَلْغِمْ الذَّہَبُ وَمَا شَابَہَہٗ مِنْ کُلِّ جَوْہَرٍ مُذَابٍ: سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلَغِّم
اَلتَّلَغُّم الذَّہَبُ: سونے کا پارہ سے ملنا۔
تَلَغَّمَ بِالطِّیبِ: ناک اور منہ پر خوشبو لگانا
ــــ الْقَوْمُ بِالْکَلَامِ: گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا ــــ اَلْغَمَ بِالْعُشْبِ وَبِالشُّرْبِ: تر ہونٹوں والی ہونا۔
اللَّغَم۔ تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔
اللُّغَام۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ لعاب
اللُّغَامَاء۔ سفید منہ والی بکری۔
اللَّغِیم۔ بھیڑ۔
المِلْغَم۔ ناک اور منہ اور ان دونوں کا اردگرد۔ بہ مَلَاغِم۔

اِلْغَانُّ النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور دراز ہونا
ــــ الْاَرْضُ: بہت گھاس والی زمین ہونا۔
اللَّغَن۔ جوانی کا جوش۔
لَغَا یَلْغُو لَغْوًا بِکَذَا: بولنا ــــ الشَّیْءُ: باطل ہونا ــــ الرَّجُلُ: محروم ہونا ــــ عَنِ الْاَمْرِ: ہٹ جانا۔
لَغَا یَلْغُو لَغْوًا وَلَغَایَلْغَی وَلَغِیَ یَلْغَی لَغًی لَغَایَۃً وَلَاغِیَۃً وَلُغَاغَۃً فِی قَوْلِہٖ: غلط کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔
لَغِیَ یَلْغَی لَغًی بِالْاَمْرِ: مشتاق ہونا ــــ بِالْمَاءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا ــــ بِالشَّیْءِ: چپٹے رہنا اور جدا نہ ہونا ــــ الْکَلْبُ: بِاَصْوَاتِہٖ: پرندوں کا شکار کرنا۔ اور کہا جاتا ہے لَا یَلْغَوْنَ فِی الْحِسَابِ: وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں
لَاغَی لُغَاغَۃً الرَّجُلَ: ہنسی مذاق کرنا۔
اَلْغَی الشَّیْءَ: باطل کرنا ــــ فُلَانًا: محروم کرنا۔
اِسْتَلْغَی فُلَانًا: گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔
اللَّغَام مع۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ
اللُّغَۃ۔ ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ جو اُنْثٰی وَلُغَات وَلُغُون اور نسبت کیلئے لُغَوِی۔ عِلْمُ اللُّغَۃِ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ: فن لغت کی کتابیں۔ اَہْلُ اللُّغَۃِ: فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَۃِ کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔
اللَّغْو۔ مع۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کنکر کی آواز کہا جاتا ہے تَکَلَّمَ بِاللَّغْوِ وَاشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ "وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا" قسم کھانے میں گناہ۔
اللَّاغِیَۃ۔ مع۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ بکرۃ لَاغِیَۃٌ: قبیح کلمہ۔
اللَّغَاۃ۔ آواز۔
اللَّغَوِی۔ قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاہُمْ وَلَا تَخَفْ لُغَاتِہِمْ" ان کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے

وفیات کرونا
لَفَّ (ن) لَفًّا الشَّیْءَ: پیسٹنا۔ ملانا: جمع کرنا۔
لَفَّتِ الْمَیِّتَ فِی الْکَفَنِ: میت کو کفن میں لپیٹنا
لَفَّ الْجَیْشَیْنِ: دو لشکروں کو ملانا — فی الْکَلَامِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بُری طرح کھانا اور اسی سے ہے اِنَّ اٰکِلَ لَفٍّ وَاِنْ تَسْتَلِفَّ: اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چیز کو چیز سے ملانا جوڑنا — ہٗ عَنْ حَقِّہٖ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ الْاَشْجَارُ: گنجان ہونا۔
لَفَّ (س) لَفًّا وَلَفَفًا: پُر گوشت رانوں والا ہونا۔ صفت اَلَفُّ مؤنث لَفَّاءُ جمع لُفٌّ۔
لَفَّفَ بمعنے لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے
لَفَّ الْقَفْرُ الصَّیْدَ: شکرے کا شکار پر جھپٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے۔ اَلْفَفْنَا الْقَوْمَ یعنی ہم قوم سے مل گئے۔
اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاْسَہٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپا لینا — الرَّجُلُ رَاْسَہٗ: آدمی کا سر کو چھپا لینا
اَلَفَّ وَتَلَفَّفَ فِی ثَوْبِہٖ: کپڑے میں لپٹنا
لَفَّ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا — لَہٗ عَلَی تَحَقُّقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا — الشَّیْءُ: گنجان ہونا۔
تَلَافَّ۔ الْقَوْمُ: باہم ملنا۔
اللَّفُّ۔ مصدر۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا بِلَفِّہِمْ وَدِفِّہِمْ یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔
اللَّفُّ۔ پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو ادھر ادھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ جو اَلْفَافٌ جمع۔ کہا جاتا ہے جَاءُوا الْقَوْمَ وَمَنْ لَفَّ لَفَّہُمْ وَلُفَّتِہِمْ وَلُفَّتِہِمْ قوم آئی اور ان کیساتھ ان کے ملنے والے بھی آئے۔ وَجَاءُوْا اَلْفَافًا مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی۔ رَوْضَۃٌ لَفٌّ وَلِفٌّ وَلُفَّۃٌ وَلُفَافٌ وَلَفَّاءُ گنجان باغ۔
اللِّفَافَۃُ۔ جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے۔ دل کی جھلی۔ چربی۔ سگرٹ (مولدۃ) جمع لَفَائِف

اللَّفَفُ۔ کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام سے بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔
اللَّفِیْفُ۔ جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف رذیل فرمان بردار نافرمان۔ قوی کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے طَعَامٌ لَفِیْفٌ مخلوط کھانا وَہُوَ لَفِیْفُ فُلَانٍ وہ فلاں کا دوست ہے وَجَمْعٌ لَفِیْفٌ ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔
اللَّفِیْفَۃُ۔ مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت سگرٹ۔ جمع لَفَائِف۔
الْاَلَفُّ۔ بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز دست۔ مڑے ہوئے اپردوں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ مؤنث لَفَّاءُ جمع لُفٌّ۔ فَخِذٌ لَفَّاءُ: موٹی ران۔
اَلتَّلَافِیْفُ۔ گنجان گھاس — مِنَ الْاَمْعَاءِ وَالدِّمَاغِ فِی اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔
اَلْمِلَفُّ وَالْمِلْفَافُ۔ چادر۔ لحاف
وَالْمِلَفُّ فِی اِصْطِلَاحِ عُلَمَاءِ الْکِہْرَبَائِیَّۃِ: چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔
اَلْمَلْفُوْفُ۔ مضم۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَۃٌ۔
لَفَّ (ف) لَفًّا وَلَفَفًا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا
اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا — الرِّیْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْہِ الْاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا
فُلَانًا عَنْ مُرَادِہٖ: رد کرنا۔ ہٹانا — ہٗ: غیبت کرنا — ہٗ حَقَّہٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا — ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَفِیَ (س) لَفًا الشَّیْءُ: باقی رہنا۔
اَلْفَا اَلْفَاءَ الشَّیْءَ: باقی رکھنا۔
اِلْتَفَّ الْعُوْدُ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا
اللَّفَاءُ: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔
اللَّفِیْفَۃُ۔ بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔
جمع لَفَائِفُ وَلُفَفٌ۔
لَفَتَ (ض) لَفْتًا الشَّیْءَ: دائیں یا بائیں موڑنا — رِدَائَہٗ عَلَی عُنُقِہٖ: چادر کو گردن پر موڑنا
فُلَانًا عَنْ رَاْیِہٖ: رائے سے پھیرنا — الرِّیْشَ عَلَی السَّہْمِ: پر کو تیر پر کھڑا چپکا دینا — الرَّاعِیَ الْمَاشِیَۃَ: مارنا اور اس کی پروا نہ کرنا کہ کس کو لگے — الْبَعِیْرُ عَنِ الشَّجَرَۃِ: درخت سے چھال اتارنا — الْکَلَامَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے لَفَتَہٗ کَذَا یعنی اس نے اس کو دیا۔
لَفَتَ الشَّیْءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ وَتَلَفَّتَ اِلَیْہِ: چہرہ پھیرنا۔
اِلْتَفَتَ بِوَجْہِہٖ کُلِّہٖ اَوْ بِکُسْرَۃٍ: جھکنا۔
اللِّفْتُ۔ شلغم۔
اللِّفْتُ۔ چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔
اللَّفَتُ فِی الْاِنْسَانِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا — فِی الْاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔
اللَّفَاتُ۔ بے وقوف۔ سخت خو۔
اللَّفْتَۃُ۔ جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا
اَلْاَلْفَتُ۔ ایک پچھلا سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا۔ بیوقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاءُ۔ جمع لُفْتٌ۔
اللَّفُوْتُ۔ سخت خو۔ چغلخور عورت۔ اونٹنی جو دو مہینے کے وقت بیقرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھیرے۔
اللَّفِیْتَۃُ۔ ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
اَلْمُلْتَفَتُ۔ کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ
اِسْتَلْفَتَ۔ باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔
اَلْاَلْفَتُ۔ بے وقوف۔
اَلْفَجُّ۔ مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چمٹے رہنا
فُلَانٌ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔

اللَّفْجُ - ذلت۔
المُلْفَجُ والمُسْتَلْفَجُ - مفلس - لاغری کی وجہ سے زمین سے چمٹنے والا - المُسْتَلْفِجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔
لَفَحَ (ف) فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا
لَفَمَتْ (ف) لَفْمًا وَلَفْمًا - النَّارُ والسَّمُومُ بَحَرَّهَا فُلَانًا: جھلس دینا۔
نَارٌ لَفُوحٌ وَلَافِحٌ - جلانیوالی آگ - ہر تواجع کہا جاتا ہے اَصَابَهُ مِنَ الحَرِّ لَفْحٌ (مِنَ البَرْدِ نَفْحٌ)
اللَّفَاحُ - ایک قسم کا پودہ - واحد لَفَاحَةٌ۔
لَفَخَهُ (ف) لَفْخًا بِرِجْلِهِ او عَلَى رَأْسِهِ: مارنا۔
اللَّفْخُ مع سارے سر پر مارنا۔
لَفَظَ (ض) ولَفِظَ (س) لَفْظًا الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ مِنْ فِيهِ: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔ صفت مفعول لَفِيظٌ وَمَلْفُوظٌ — البَحْرُ دَابَّةً: دریا کا کنارے پر پھینک دینا — فُلَانٌ نَفْسَهُ او عَضْبَهُ: مرنا (عضب سے مراد تھوک ہے جو منہ کو چمٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے لَفَظَتْ إِلَيْنَا البِلَادُ اَهْلَهَا یعنی ہماری جانب نکال دیا وَجَاءَ وَقَدْ لَفَظَ لُجَامَهُ یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا۔
د — وَتَلَفَّظَ) بِالكَلَامِ: بولنا۔
اللَّفْظُ - مع - کلمات جو بولے جائیں۔
کلام - ہر الفاظ۔
اللَّفْظَةُ - لَفْظ کا اسم مرۃ - کلمہ ہر لَفَظَاتٌ
اللَّافِظَةُ - لافظ کا مؤنث - سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (مبالغہ کیلئے ہے) چکی - دنیا۔
لَافِظَةٌ - سمندر - اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اللُّفَاظُ - جو پھینکا جائے۔
اللِّفَاظُ - نقاری۔
اللُّفَاظَةُ - جو منہ سے پھینکا جائے - جو دسترخوان سے جھاڑا جائے - کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ - ہر لُفَاظٌ وَلُفَاظَاتٌ - کلام۔

اللَّفِيظُ - پھینکی ہوئی چیز۔
اللَّفْظِيُّ - جس کا لفظ سے تعلق ہو۔
لَفَعَ (ف) لَفْعًا - الشَّيْبُ رَأْسَهُ: سارے سر کا سفید ہونا - لَفَعَتِ النَّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔
لَفَعَ یعنی لَفَعَ — الغُلَامَ: اپنی جانب کھینچکر بغل گیر ہونا — فُلَانٌ وہ بہت کھاتا ہے اور کہا جاتا ہے لَفَعَ رَأْسَهُ جگہ ڈھانپ لے۔
تَلَفَّعَ - بڑھاپا آنا - تَلَفَّعَتِ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا — الحَرْبُ بِالشَّرِّ: کسی کو گھیر لینا — المَالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا — القَوْمَ عَلَى جَيْشِ العَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا (— وَالشَّيْءَ الرَّجُلُ بِالثَّوْبِ وَالشَّعْرِ بِالوَرَقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا) وَانْتَفَعَتِ الأَرْضُ: سبزی سے ڈھک جانا
اللَّفَعُ لَوْنٌ: رنگ متغیر ہونا۔
اللِّفَاعُ - چادر یا کمبل - اونٹنی کے تھنوں میں سے اگلے تھن۔
اللِّفَاعَةُ واللِّفِيعَةُ - قمیص کا پیوند۔
المِلْفَعَةُ - چادر یا کمبل وغیرہ۔
لَفَقَ (ض) لَفْقًا الثَّوْبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا — الأَمْرَ: طلب کرنا اور نہ پانا
القَفْرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔
لَفَقَ الحَدِيثَ: باطل سے مزین کرنا —
الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا — الشِّقَّتَيْنِ: دونوں سرے ملا کر سینا۔ اور کہا جاتا ہے لَفَقَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔
تَلَفَّقَ بِهِ: لاحق ہونا — تَلَاؤُمُهُمْ: درست ہونا
تَلَافُقُ القَوْمِ: معاملات درست ہونا۔
اللِّفْقُ - چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ - اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں - ان کے متعلق کہا جاتا ہے هُمَا لِفْقَانِ۔
اللَّفَّاقُ - مطلوب کو نہ پانے والا۔
اللِّفَاقُ - دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لِفَاقٌ کہتے ہیں۔

اللَّفِيكُ والأَلْفَكُ - بوقوف - اللَّفِيكُ بایں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
لَفْلَفَ - گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا - جو اچھی طرح سے کھانا — فِي ثَوْبِهِ: کپڑے میں لپٹنا
تَلَفْلَفَ - ثَوْبِهِ: کپڑے میں لپٹنا۔
اللَّفْلَفُ - واللَّفْلَافُ - کمزور — و المُتَلَفْلِفُ) کلام میں عاجز و درماندہ۔
لَقَمَتْ (ض) لَقْمًا وَتَلَقَّمَتْ وَالتَّقَمَتْ المَرْأَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا - ناک پر نقاب باندھنا
تَلَقُّمٌ بِعِمَامَتِهِ: ڈھاٹا باندھنا - لَقَمَتِ المَرْأَةُ فَاهَا: منہ پر نقاب ڈالنا - لَقَمٌ: مضبوط باندھنا۔
اللِّقَامُ - ناک کے اوپر کا نقاب۔
لَقَايَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا حَقَّهُ: حق کم کرنا —
اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
أَلْفَاهُ إِلْفَاءً: پانا۔
تَلَافَى الأَمْرَ: تدارک کرنا۔
اللَّقِيَّةُ - گوشت کا ٹکڑا - ہر لَقَايَا۔
اللَّقَاءُ - مٹی جیسی - حقیر - اور کہا جاتا ہے - رَضِيَ فُلَانٌ مِنْ اَلْوَفَاءِ بِاللَّقَاءِ: فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔
التَّلَافِي - مع خون کا بدلہ حاصل کرنا۔
لَقَّ (ن) لَقًّا عَيْنَهُ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔
صفت لَاقٍّ - ہر لَقَقَةٌ۔
اللَّقُّ - مع زمین میں شگاف - بلند زمین - بہت برسنے والا - ہر تنگ اور لمبی زمین۔
اللَّقَقَةُ - لَاقٍّ کی جمع - تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَقَاقٌ بَقَاقٌ - بہت باتونی مرد۔
لَقَّبَ فُلَانًا بِكَذَا: لقب دینا۔
لَاقَبَهُ - بُرے القاب سے گالی دینا۔
تَلَقَّبَ بِكَذَا: لقب پانا۔
تَلَاقَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو بُرے لقب سے گالی دینا۔
اللَّقَبُ - اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کا

طرف شعر ہو۔ جمع اَلْقَاب۔
لَقَحَ (ف) لَقْحًا النَّخْلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
لَقِحَتْ (س) لَقَحًا وَلِقَاحًا النَّاقَةُ وَنَحْوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لَاقِح وَلَقُوح۔
(لَقِيَ) الْحَرْبُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا
الْمَرْأَةُ او النَّخْلَةُ: حاملہ ہونا۔
اَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا
اَلْقَحَ النَّاقَةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مُلْقِحَة۔ جمع مَلَاقِح۔ اَلْقَحَ بَيْنَهُمْ شَرًّا: فساد پیدا کرادینا۔ اَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ او السَّحَابَ: بارداربرکرنا۔
لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
تَلَقَّحَتِ النَّاقَةُ: حاملہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی۔
تَلَاقَحَا يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں کا اشارہ کرنا
اِلْتَقَحَتِ الْأُنْثَى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔
اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔
اَللِّقَاحُ۔ مم۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔
اَللِّقَاحُ۔ لَقُوح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔
اَللَّقَحُ۔ مم۔ حاملہ ہونا۔
اَللَّقْحَةُ۔ دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ جو لَقَح ولَقَاح۔ اَللَّقْحَةُ: نفس۔ جو لِقَاح۔
اَللَّقْحَةُ وَاللَّقْحَةُ۔ جو لَقَح ولِقَاح واللَّقُوح جو لِقَاح ولَقَاح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی
اَللَّاقِح۔ فا۔ رِيحٌ لَاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت بارداربرہوجائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ جو لَوَاقِح۔
اَللَّقُوح: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ جو لَقَح۔
اَللَّوَاقِح وَالْمَلَاقِح۔ حاملہ عورتیں۔ اَللَّوَاقِح: درختوں کو بارداربرکرنیوالی ہوائیں بارش لانے والی ہوائیں۔ اَللَّوَاقِح: کوڑے۔
اَلْمَلَاقِح۔ حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح۔ حاملہ عورتیں۔ واحد مُلْقِحَة۔
اَلْمُلَقَّح۔ مفعو۔ آزمودہ کار۔
اَلْمَلَاقِيح۔ مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة۔ جنین مادہ منویہ۔
لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا۔ مُکا مارنا۔
لَقَسَهُ (ن ض) لَقْسًا۔ عیب لگانا۔ صفت لَاقِس۔
لَقِسَتْ (س) لَقَسًا نَفْسُ فُلَانٍ الشَّيْءَ دل کھنچنا۔ کل ہونا۔ نَفْسٌ مِنَ الشَّيْءِ دِمِّيَ تملا۔ صفت لَقِسَة۔ لَقِسَ بِأَمْرِهِ بھجنا۔ صفت لَقِس
لَاقَسَ لِقَاسًا وَمُلَاقَسَةً۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔
تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: تنگ ہونا۔
تَلَاقَسَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا
اَللَّقَس واللَّاقِس۔ فارش۔
اَللَّقِس۔ لوگوں کا مذاق اڑانیوالا اور برے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔
اَلْمُلَاقِس۔ صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِش۔ پرانی مشک۔
لَقَصَ (ض) لَقْصًا الشَّيْءَ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔
لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔
لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِلْتَقَصَ الشَّيْءَ: لینا۔
اَللَّقِص۔ تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنیوالا۔ بہت باتونی۔
لَقَطَ (ن) لَقْطًا۔ الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا ـــ الْعِلْمَ مِنَ الْكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا ـــ الثَّوْبَ: پیوند لگانا ـــ الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لَاقِط و لَقَّاط۔
لَاقَطَ لِقَاطًا وَمُلَاقَطَةً: مقابل ہونا۔
لَاقَطَ الْفَرَسُ: چاروں ٹانگیں پڑنا۔
اِلْتَقَطَ الشَّيْءَ: بغیر قصد وطلب کو پالینا ـــ الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا ـــ اللُّقَاطَ: جمع کرنا ـــ وَتَلَقَّطَ) الشَّيْءَ: ادھر ادھر کو جمع کرنا۔
اَللَّقَط۔ اٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا بچا ہوا۔ واحد لَقَطَة۔ لَقَطُ الْمَعْدَنِ: سونے چاندی کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے۔ فِي الْمَكَانِ لَقَطٌ لَنَا بِتَشْدِيدِ الْقَافِ یعنی مکان میں جانور کے لئے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اَللَّقَطَة۔ ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ جو لَقَط۔
اَللُّقَطَة وَاللُّقَطَة۔ وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھالو۔ یا وہ شے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
اَللُّقَاط واللَّقَاط۔ خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطاً چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اَللِّقَاط۔ گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِيٍّ اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ وَلَقِيتُهُ لِقَاطًا میں اس سے رُو در رُو ملا۔
اَللُّقَاطَة۔ گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ جو اَلْقَاط۔
اَللَّاقِط۔ فا کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اَللَّاقِطَة۔ لاقط کا مؤنث۔ اور اسی سے مثل ہے لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کیلئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللَّاقِطَة: رذیل مرد یا عورت۔ لَاقِطَةُ الْحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔
اَللَّقَاط واللُّقَاطَة۔ بہت اٹھانیوالا۔
اَللَّقِيط۔ اٹھایا ہوا۔ نومولود بچہ جو پھینکدیا جائے۔

اللَّقِيطَةُ۔ لقیط کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت جو لقائط۔ کہا جاتا ہے: رُجَالٌ لُقَطٌ لُقَيْطَى۔ چغلی کھانیکے لئے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔

الأَلْقَاط۔ آوارہ و اوباش لوگ۔ تھوڑی متفرق لوگ۔

المَلْقَط۔ مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے: يَا مُقَطَانُ: یعنی اے بیوقوف۔ مؤنث مُلَقْطَانَةٌ۔

المِلْقَط۔ جس کو اٹھایا جائے جیسے دستناہ موچنا۔ جو ملاقط۔

المِلْقَاط۔ قلم نقش کرنے کا آلہ۔ کروی۔ جو مَلَاقِيط۔

المَلْقُوط۔ مفعم نومولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اٹھایا جائے۔ جو مَلَاقِيط۔

لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّيْءَ: پھینکنا ــــ فُلَانًا بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقْعَةٌ وَالِحَيَّةٌ: سانپ کاڑسنا۔ لَقَعَ فُلَانًا: عیب لگانا ــــ لَقَعَ بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

لَقِعَ (ت) لَقَعًا۔ تیز گذرنا (ــــ لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لَاقَعَ فُلَانًا بِالكَلَامِ: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّعَ بِالكَلَامِ: بکواس کرنا۔

اللَّقَع لَوْنٌ: رنگ متغیر ہونا۔

اللَّقَاعُ وَاللُّقَاعُ۔ سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَاعَةٌ۔ لُقَاعَةٌ۔

اللَّقَعَةُ اللُّقَاعَةُ وَاللُّقَاعُ وَالتِّلْقَاعُ وَالتِّلْقَاعَةُ۔ بیوقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی کہا جاتا ہے: اِمْرَأَةٌ لُقَاعٌ وَلُقَعَةٌ۔ بیہودہ گو عورت

لَقِفَ (س) لَقْفًا وَلَقَفَانًا وَالتَّقَفَ الشَّيْءَ: جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوْضُ: نیچے کر گر کو وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ ــــ الحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَفَهُ الشَّيْءَ: اچکنے کیلئے پھینکنا ــــ ہ الطَّعَامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعَامَ: نگلنا ــــ الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے رونمدنا۔

تَلَقَّفَ الشَّيْءَ: جلدی سے لینا ــــ الطَّعَامَ نگلنا ــــ الحَائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا سہم ہونا۔ گرنا۔ اور کہا جاتا ہے تَلَقَّفْ مِنْ فِيهِ كَذَا" جبکہ کسی سے سُن کر یاد کرے۔

اللَّقَفُ مع۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ جو لُقَافٌ۔ اللَّقَفُ: بکھنے اِلْتِقَافٌ وَتَلَقُّفٌ یعنی جلدی سے لینا۔

اللَّقَافَةُ۔ حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَّقَفُ وَاللَّقِفُ اللَّقِيفُ مِنَ الرِّجَالِ: پست و زبرک۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَقَفٌ لَقَفٌ وَلَقِفٌ لَقِفٌ وَلَقِيفٌ لَقِيفٌ۔

لَقْلَقَ۔ اللَّقْلَاقُ: سارس کا آواز کرنا۔ لَقْلَقَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔ لَقْلَقَ الشَّيْءَ: حرکت دینا۔

تَلَقْلَقَ۔ الشَّيْءُ: ہلنا۔

اللَّقْلَقُ جو لَقَالِق وَاللَّقْلَاقُ۔ سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطنت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت اَبُو مُهَدِّجٍ ہے اللَّقْلَقُ: زبان۔

اللَّقْلَاقُ۔ آواز۔ شور۔

اللَّقْلَقَةُ۔ سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت و اضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے فِي لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ جو لَقَالِق۔

حُرُوفُ اللَّقْلَقَةِ: ب، ج، د، ط، ق۔

أَرْضٌ مُلَقْلَقَةٌ۔ تیز نگاہ جو ایک جگہ میں ٹھیرے

لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِيقَ وَغَيْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِمَ (س) لَقَمًا الطَّعَامَ: جلدی کھانا ہڑپ کرنا۔

لُقْمٌ وَالْقَمٌ: الطَّعَامُ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے اَلْقَمَهُ الحَجَرَ یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا

تَلَقَّمَ الشَّيْءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔

ـــ المَاءُ فِي بَطْنِهِ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَمَ الطَّعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے اِلْتَقَمَ أُذُنَهُ: یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَّقْمُ وَاللُّقْمُ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَّقْمَةُ۔ لقم کا اسم مرۃ۔

اللُّقْمَةُ۔ ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ یہ لقم۔

اللَّقِيمُ۔ لقم۔

اللِّقَامُ وَاللِّقَامَةُ وَاللِّقَامُ وَاللِّقَامَةُ بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَكِيَّةٌ مُتَلَقِّمَةٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) لَقَانَةً۔ تیز فہم و ذکی ہونا۔

لَقِنَ (س) لَقَنًا وَلَقَنَةً وَلَقَانَةً وَلَقَانًا وَتَلَقَّنَ الكَلَامَ مِنْ فُلَانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَهُ الكَلَامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

أَلْقَنَ الكَلَامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللِّقْنُ۔ ستون۔ کنارہ۔

اللَّقَانَةُ وَاللَّقَانِيَةُ مع۔ زود فہمی۔

اللَّقِنُ۔ زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے جو لَقِفٌ لَقِنٌ یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَّقَنُ۔ لگن (دخیل)

اللَّوَاقِنُ: پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقَايَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا: مبتلائے لقوہ کرنا۔

لَقِيَ لَقْوًا۔ مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَّقْوَةُ۔ ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (ــــ واللَّقْوَةُ) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ جو لَقَارٍ وَلُقَاءٍ۔

المَلْقُوُّ۔ لقوہ زدہ۔

لَقِيَ يَلْقَى لِقَاءً وَلِقَاءَةً وَلُقَايَةً وَلُقَاءَةً وَلُقْيَانًا وَلِقْيَانًا وَلِقْيَانَةً وَلُقْيًا وَلِقْيًا وَلُقْيَةً وَلِقْيَةً وَلَقِيَ فُلَانًا: استقبال کرنا پانا۔ ملنا ملاقات کرنا۔

لَقِیَ یَلْقِیَہٗ فُلَانًا الشَّیْءَ: پھینکنا۔
لَاقَی لِقَاءً وَمُلَاقَاۃً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ یہی جاتا ہے لَاقَی بَیْنَ طَرَفَیِ الْقَضِیْبِ شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے لَاقَتِ الْبَیْضَۃُ بَیْضَۃً انڈے نے انڈے کو ملا دیا۔
اَلْقَی الشَّیْءَ اِلَی الْاَرْضِ: ڈال دینا ــــ اِلَیْہِ الْقَوْلَ وَبِالْقَوْلِ: پہنچانا ــــ عَلَیْہِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا ــــ رَفْضَہُ الشَّیْءَ: رکھنا ــــ عَنْہُ الشَّیْءَ: ڈال دینا ــــ اِلَیْہِ السَّمْعَ: کان لگانا ــــ اِلَیْہِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا ــــ اِلَیْہِ بَالًا: پروا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے اَلْقَیْتُ اِلَیْہِ الْمَوَدَّۃَ وَبِالْمَوَدَّۃِ میں نے اس سے محبت کی۔
تَلَقَّی الشَّیْءَ: ملنا۔ استقبال کرنا ــــ الشَّیْءَ: سیکھنا ــــ تَلَقَّتِ الْمَرْاَۃُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔
اِلْتَقَی الشَّیْءُ: ملنا ــــ وَتَلَاقَی الْقَوْمُ: باہم ملنا۔ وَتَلَاقَوْا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِسْتَلْقَی عَلٰی قَفَاہُ: چت سونا۔
اللَّقَی۔ پھینکی ہوئی چیز۔ جمع اَلْقَاءٌ۔
اللُّقْیَۃُ وَالْلُّقَیَۃُ مع۔ اَللُّقَیَّۃُ: لَقِیَ کا اسم مرۃ ہو لَقِیَ۔ کہا جاتا ہے لُقَیَّۃُ لَقِیَ کَثِیْرَۃَ میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔ اَللَّقِیُّ: پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔
اَللُّقْیَا۔ لِقَاءٌ کا اسم ہے۔
اَلتِّلْقَاءُ۔ لِقَاءٌ کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے جَلَسَ تِلْقَاءَہٗ یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا وَفَعَلَ الْاَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِہٖ یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔
اَللَّقَاۃُ۔ راستہ کا درمیان۔
اَللَّقِیُّ۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر کیلئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِیَّۃٌ
اَللَّقِیُّ: آنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے ہُمَا لَقِیَّانِ وَلَقِیَّانِ وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ وَہُوَ شَقِیُّ لَقِیٍّ کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔
اَللَّقَّاءُ۔ خیر یا شر کیلئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
اَلْاَلْقِیَۃُ۔ چیستان۔ پہیلی۔ جمع اَلَاقِیُّ۔
اَلْاَلَاقِیُّ: سختیاں۔
اَلْمَلْقَی وَالْمُلْتَقَی۔ ملنے کی جگہ۔
اَلْمَلَاقِی۔ مَلْقًی کی جمع۔ مَلَاقِی الْاَجْفَانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔
اَلتَّلَاقِی۔ مع یَوْمُ التَّلَاقِی: قیامت کا دن
اَلْمُتَلَاقِی۔ فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن
اَلْمُلْقِی۔ چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے ہٰذَا مُلْقَی الْکُنَاسَاتِ یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ وَمَقَامُ فُلَانٍ مُلْقَی الرِّحَالِ فلاں کا صحن دار کجاوؤں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔
اَلْمُلْقِیُ وَالْمُلْقِیُ وَالْمُلْتَقِیُ۔ خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنیوالا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ مُلْقِیُ فُلَانٍ مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ وَالشُّجَاعُ مُلْقِیُ وَالْجَبَانُ مُلْقًی کہا جاتا ہے ہو جا رِیْ فُلَانٍ وہ میرا مقابل پڑ دی ہے
لَکَّہٗ (ن) لَکًّا۔ گدی پر مُکا مارنا۔ پھینچنا۔
لَکَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ــــ الشَّیْءَ ملانا ــــ الْجِلْدَ: لک سے کھال رنگنا۔
اِلْتَکَّ الْوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا ــــ الْعَسْکَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا۔ ــــ فِیْ کَلَامِہٖ: غلطی کرنا ــــ فِیْ مُحَجَّتِہٖ: دیر لگانا۔
اَللِّکَاکُ۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ سخت گوشت والی اونٹنی جو لُکّ و لِکاک۔
اَللَّاکُ۔ مع۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں ــــ عِنْدَ حُسَّابِ الْمُوَلِّدِیْنَ: لاکھ جو اَلْکَاکُ وَلُکُوْک۔
اَللَّاکُ وَاللَّاکُ۔ نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی پھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چمڑا۔ سخت و پُر گوشت۔
اَللَّکَّۃُ۔ شدت۔
اَللَّکَّاءُ مِنَ الْجُلُوْدِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔
رَجُلٌ لَکِیٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔
اَللَّکِیْکُ۔ کُنجان لشکر۔ سخت گوشت سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کزور درخت جو لِکاک۔
اَلْمَلْکَکُ۔ سخت مرلے گوشت والا۔
سَکْرَانُ فُلْتَکٌ۔ مست جو سستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔
لَکَأَتْ (ف) لَکْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔
ــــ فُلَانًا: پچھاڑنا ــــ بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ــــ الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔
لَکِئَ (س) لَکَأً بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَکَّأَ تَلَکُّؤًا عَلَیْہِ: ضرر کرنا۔ بہانہ کرنا۔ ــــ عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ پچھانا۔
لَکَّثَہٗ (ن) لَکْثًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا
لَکَّثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
لَکِثَ (س) لَکَثًا الْبَعِیْرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا ــــ الْوَسْخُ عَلَیْہِ وَبِہٖ: میل جمنا۔
اَللَّکَثُ۔ مع۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ ناقَۃٌ لَکِثَۃٌ۔ موٹی اونٹنی۔
اَللُّکَاثُ۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔
اَللُّکَاثِیُّ۔ بہت سفید۔
اَلْمُلَکِّثُ۔ چونہ بنانے والا۔
لَکَحَہٗ (ف) لَکْحًا۔ مکا مارنا۔
لَکَدَہٗ (ن) لَکْدًا۔ ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔
لَکَدَ (س) لَکَدًا الْوَسْخُ عَلٰی فُلَانٍ وَبِہٖ: میل جمنا۔ چمٹنا۔ لَکِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا
لَا یَکْدَنُ الْخَلْقُ: طوق سے لگے رہنا ــــ قَیْدُہٗ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا
فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَکَّنَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔
اَلشَّیْءُ: چمٹنا ــــ بِہٖ وَعَلَیْہِ الْوَسْخُ: میل کا جم جانا
ــــ فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا وَفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔
اللَّكِد۔ بدخلق۔ بخیل۔
الأَلْكَد۔ کمینہ قوم سے ملا ہوا۔
المِلْكَد۔ کوٹنے کا دستہ
لَكَزَهُ (ن) لَكْزًا۔ مکا مارنا۔
لَاكَزَهُ۔ مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
تَلَاكَزَا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اللِّكَاز۔ چھتھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔
اللَّكِز۔ بخیل۔
المُلَكَّز۔ ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لَكِسٌ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ شَكِسٌ لَكِسٌ یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَكَشَهُ (ض) لَكْشًا۔ مکا مارنا۔
لَكَضَهُ (ن) لَكْضًا۔ مکا مارنا۔
لَكَعَتْهُ (ف) لَكْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَكَعَ الرَّجُلُ: سخت سست سنانا ــــ الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے تَرَكَتْهُ يَتَلَكَّعُ میں نے اسکو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَكِعَ (س) لَكَعًا وَلَكَاعَةً۔ لئیم ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ لَكَعًا (کعنیہ) الوَسْخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ لَكَاعٌ۔ مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رَجُلٌ لَكَاعٌ۔ لئیم و کمینہ مرد۔
اللَّكَاعَة۔ ایک قسم کا کانٹے دار پودہ۔
ہر لُكَاعٌ۔
اللَّكَع۔ پستہ قد۔
اللُّكَع۔ کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے ندا کی صورت میں یا لُكَعُ اور ندا و تثنیہ کی صورت میں یا ذَوَی لُكَعٍ۔ اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لئے کہ کلمہ آلُكَعُ سے معدول ہے۔ اللُّكَع: غلام بے وقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
اللُّكَعَة۔ کمینی۔ گھوڑی۔
الأَلْكَع۔ مؤنث لَكْعَاءُ ہر لَكِعٌ وَاللُّكُوعُ وَاللُّكَّعُ: کمینہ۔ الأَلْكَع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔
المِلْكَعَان۔ کمینہ۔ مؤنث مِلْكَعَانَة۔
اللُّكَاك۔ پستہ قد (ـــ واللُّكَاكِيُّ) موٹا اونٹ۔
اللَّكَّان۔ خوگیر۔
لَكَمَهُ (ن) لَكْمًا۔ مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے لَكَمَ السَّيْلُ عُرْضَ الجَبَلِ سیلاب نے دامن کوہ میں نشان چھوڑا۔
لَاكَمَهُ۔ فُلَانًا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا
اللَّكْمَة۔ بعض کو بعض کو طمانچہ مارنا۔
تَلَاكَمَا۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا
اللَّكْمَة۔ گھونسا۔ مکا۔
رَجُلٌ هِلْكَمٌ۔ بہت گھونسے مارنے والا۔
المَلْكُوم۔ مفعم مغلوم۔
خُفٌّ لَكَّامٌ وَهِلْكَمٌ وَهُلْكُمٌ۔ سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔
المِلْكَم۔ پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔
لَكِنَ (س) لَكَنًا وَلُكْنَةً وَلُكُونَةً وَلَكَانَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا صفت اَلْكَنُ مؤنث لَكْنَاءُ ہر لُكْنٌ۔
تَلَاكَنَ فِي كَلَامِهِ: ہنسانے کیلئے ہکلا کے بولنا۔
اللُّكْنَة۔ ہم۔ ہکلاہٹ۔ تتلاہٹ۔
لَكِنْ۔ اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔
(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخففہ ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور صرف ابتدا ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ وَلَكِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ۔
(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واو لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واو نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے مَا قَامَ زَيْدٌ لَكِنْ عَمْرٌو وَلَا تَضْرِبْ زَيْدًا لَكِنْ عَمْرًا۔
اللَّكْنُ۔ لگن۔ ہو آلكان۔ (دخیل)
لَكِنَّ۔ اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کیلئے آتا ہے۔ جیسے قَامَ القَوْمُ لَكِنَّ زَيْدًا جَالِسٌ اور کبھی تاکید کیلئے جیسے مَا زَارَنِي زَيْدٌ لَكِنَّهُ لَمْ يَجِئْ لَوْ جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہو گئی۔
لَكِيَ بِلَكَى لَكًى بِهِ: مشتاق ہونا۔ چمٹنا صفت لَكِيٌّ۔ لَكِيَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
اللَّكَى۔ عیب جو (لأک کا مقلوب ہے)
لَمْ۔ حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ يَأْكُلْ اس نے نہیں کھایا۔
اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے أَلَمْ أَقُلْ لَكَ کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واو اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے أَفَلَمْ أَقُلْ لَكَ اور أَوَلَمْ أَقُلْ لَكَ۔
لَمَّا۔ تین صورتوں سے مستعمل ہے۔
(۱) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔
(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جائیگا۔ اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے
(ب) لَمَّا کے منفی میں استغراق ہے اور لم کے منفی میں انقطاع جیسے لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُورًا۔ اور اسی وجہ سے لَمْ يَكُنْ ثُمَّ كَانَ کہنا جائز ہے اور لَمَّا يَكُنْ ثُمَّ كَانَ نہیں کہہ سکتے۔
(ج) لَمَّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف

منفی لم کے۔

(د) لما کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لم کے (ہ) لما کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے قمت فجئت فلما زیدا ولما یعنی لما اکن زیدا قبل ذلک اور وصلت الی بغداد ولم یعنی لم ادخلھا کہنا جائز نہیں۔

(۲) لما ماضی کیساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے جیسے لما جاءنی اکرمتہ اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کیلئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لما حرف استثناء ہے الا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے ان کل نفس لما علیھا حافظ "ان لوگوں کی قرارت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اشدکم لما فعلت یعنی ما انا لک الا فعلک۔

لَمَّ (ن) لما الشیٔ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے لم اللہ شعث فلان "یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لم بفلان کی کے پاس آکر نازل ہونا۔

لَمَّ فلان: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت لَمَّام

اَلَمَّ: چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا

اَلْمَامُ: بلوغ کے قریب پہنچا۔ صفت لِمْتٌ

اَلْمَّةُ: پختگی کے قریب ہونا ــــ بہ مرض: مرض لاحق ہونا ــــ بالقوم وعلی القوم: اکرا تر پڑنا۔ ــــ بالمکان: سمجھ لینا ــــ بالذنب: گناہ کرنا۔ ــــ الشیٔ: قریب ہونا ــــ بالامر: غور نہ کرنا۔ ــــ بالطعام: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی گاؤ کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے الم یفعل کذا بمعنے کاد یفعل کذا۔

اَلَمَّ فلانا: زیارت کرنا ــــ بالقوم: اکرا تر نا

اَلْاَلَمَّةُ۔ نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے اُعِیْذُہٗ مِنْ کُلِّ ھَامَّۃٍ وَلَامَّۃٍ۔ کہا جاتا ہے ھُوَ یَرُوْزُنَا لَمًّا۔ وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اَللَّمُّ۔ مم بے شمار جماعت۔

اَللَّمَمُ۔ تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اَللِّمَّا۔ ایک قسم کی گھیل۔

اَللِّمَّۃُ۔ لم کا اسم مرۃ۔ سخت: جمع شدہ چیز کہا جاتا ہے اَصَابَتْہُ لِمَّۃٌ مِنَ الْجِنِّ "یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللِّمَّۃُ: زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّیْطَانِ لِمَّۃٌ" یعنی شیطان کے لئے قربت ہے۔

اَللِّمَّۃُ۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے لَاتُسَافِرُوْا حَتّٰی تَصِیْبُوْا لِمَّۃً "مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد وجمع)

اَللِّمَّۃُ۔ بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ جو لمم ولمام۔

اَلْمَلْمَمُ۔ ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَلْمَمٌ اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنیوالا۔ وَرَجُلٌ مَلْمَمٌ لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموما انکے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

اَلْمَلِمَّۃُ۔ دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

اَلْمَلْمُوْمُ۔ جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

کَتِیْبَۃٌ مَلْمُوْمَۃٌ۔ گنجان فوج۔ صَخْرَۃٌ مَلْمُوْمَۃٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَأَہٗ ولَمَأَ عَلَیْہِ (ف) لَمْأً۔ ہاتھ ڈالنا ــــ الشیٔ: سب لے لینا۔ دیکھنا ــــ بہ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے مَا لَمَأَ ذٰلِکَ بِکَلِمَۃٍ "یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَأَ۔ اَلْمَأَ عَلَی الشیٔ وبالشیٔ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لیجانا ــــ علی حقہ: حق کا انکار کرنا۔

اَلْمَأَتِ الدوابُّ المکانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے کَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًی فَمَأَتْ الدوابُّ فَمَأَتْہُ زمین میں چراگاہ تھی چوپائے چل پڑے ــــ علی الشیٔ: مشتمل ہونا ــــ بما فی الجفنۃ: اپنے لئے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے مَا مَأَنِیْ اَیْنَ اَتَانِیْ مِنْ بَلَاءِ اللّٰہِ مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّأَتْ تَلْمَأُ الْاَرْضُ بہ وعلیہ: ٹھہر لینا۔

تَمَأْمَأَ بِمَا فِی الْجَفْنَۃِ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اَلْمَعُ لَوْنُ الرِّجْلِ: رنگ متغیر ہونا۔

اَلْمُلْمُوْعَۃُ۔ جگہ جول جائے۔ یا جہاں کوئی چیز پالی جائے۔ جال۔

لَمَجَہٗ (ن) لَمْجًا الشیٔ: منہ کے اطراف سے کھانا ــــ المرأۃ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا لَمَجُوْا ضَیْفَہُمْ بِشَیْءٍ انھوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے رَأَیْتُہٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اَللَّمَاجُ واللُّمَاجُ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَہٗ لُمَاجًا "یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

اَللَّمَّاجُ واللُّمَّاجُ بہت کھانے والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لَمَّجٌ وَرَجُلٌ لَمَّجٌ وَرَجُلٌ لُمَّجٌ "یعنی بہت برا

اَللَّمْجَۃُ۔ غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ جو لمج

اَلْمَلَامِجُ۔ منہ کے ارد گرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ۔ نرم وچکنا نیزہ۔

لَمَحَہٗ (ف) لَمْحًا البصرُ: نگاہ اٹھانا ــــ الرجلُ الشیٔ وَاِلَی الشیٔ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَۃُ ہے ــــ الشیٔ بالبصر: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا ولُمُوْحًا ولَمَحَانًا وتَلْمَاحًا البرقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لامح ولموح ولمّاح

لَاحَۃٌ۔ دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَحَ تَلْمِیْحًا اِلَی الشیٔ: اشارہ کرنا ــــ

اَلْمَحَ اِلَی فلانٍ: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا ــــ الشیٔ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا ــــ الرجلُ: دکھانا۔

اِلْتَمَحَہٗ۔ نظر خفیف سے دیکھنا۔

اَلْتَمَحَ بصرہٗ: نگاہ بپا تار ہنا۔
اَلْمَحُ۔ مم۔ کہا جاتا ہے "لَأُرِیَنَّکَ لَمْحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف اور روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اسکا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔
اَلْلَّمْحَۃ۔ جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ لامع کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُہٗ لَمْحَۃَ الْبَرْقِ" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔
اَللَّامِحُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لَامِحٌ عَظْفَیْہِ" یعنی وہ خود پسند ہے۔ اَبْیَضُ لَمَّاحٌ۔ بہت زیادہ سفید
اَلْمَلَامِحُ۔ مشابہ۔ چہرے کے خط و خال۔ لحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلَانٍ لَمْحَۃٌ مِنْ اَبِیْہِ اَوْ لَامِحٌ مِنْ اَبِیْہِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔
لَمَخَہٗ (ف) لَمْخًا۔ طمانچہ مارنا۔
لَامَخَہٗ لَمْلَامَخَۃً وَلِمَاخًا۔ ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
تَلَمَّخَ بِکَلَامٍ قَبِیْحٍ: بُری گفتگو کرنا۔
لَمَدَہٗ (ن) لَمْدًا۔ فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا
اَلْاَلْمَدُ وَالْاَلْمَدَانُ۔ عاجز۔ ذلیل۔
لَمَدَ (ن) لَمْدًا: منہ کے اطراف سے کھانا۔ (لمج میں ایک لغت ہے)
لِمَاذَا۔ کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے۔
لَمَزَہٗ (ن ض) لَمْزًا۔ عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَہُ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔
لَامِزَۃٌ۔ اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔
تَلْمِزَۃٌ۔ ڈھونڈھنا۔ تَلْمَزَنِی الْاَسِیْرُ: دوڑنا۔
اَلْمَّازُ وَاللُّمَزَۃُ۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اَلْمَّازُ: چغلخور۔
اَلْمَّازُ۔ سامنے غیبت کرنے والے۔
لَمَسَہٗ (ن ض) لَمْسًا: چھونا۔ لَمَسَ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔ الشَّیْءُ: چھونے کے قابل ہونا۔ اَلْمَرْأَۃَ: جماع کرنا۔ زَیْدًا امْرَأَۃً: نکاح کرا دینا کہا جاتا ہے "اَلْمَسُ الشَّجَاعِ یَدٌ وَلَمْسُ الْبَعُوْضِ اَلَمٌ" شجاع کا چھونا ہاتھ ہے جو نگاہ کو چکا چوندھ کر دے۔
لَامَسَہٗ۔ ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔
اَلْمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔
زَیْدًا امْرَأَۃً: نکاح کرا دینا۔
تَلَمَّسَ الشَّیْءَ: بار بار طلب کرنا۔
اِلْتَمَسَ الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: مانگنا۔ طلب کرنا
اَلْمَاسَّۃُ وَالْمُمَاسَّۃُ۔ قریبی حاجت۔
اَلْمَسُّ۔ مم حواس شمہ ظاہر ہیں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔
اَلْمَمْسُ۔ نازک بدن عورت۔
اَلْمَمْسُوْسُ۔ منہ بولا بیٹا۔ یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے "شَاھِدُ زُوْرٍ اَوْ شَاۃٌ مَمْسُوْسَۃٌ" یعنی مرغن کی جگہ میں داغ لگا۔
اَلْمَلَاسَۃُ۔ مم ۔۔۔ فِی الثَّوْبِ: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔
اَلْمَلْمَسُ۔ چھونا۔ چھونے کی جگہ۔
اَلْمَلْمُوْسُ۔ مغفو۔ کہا جاتا ہے "اَکَلَ فُلَانٌ الْاَخْضَرَ وَالْمَلْمُوْسَ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو۔
اَلْمَلْمُوْسَاتُ۔ قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔
اَلْمَلْمُوْسَۃُ۔ راستہ۔
صَحِیْفَۃُ الْمُتَلَمِّسِ۔ بدبختی کیلئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو۔
لَمَصَہٗ (ن) لَمْصًا: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا۔۔۔ فُلَانًا چٹکی لینا: نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔
اَلْمَصَّ: پیاب کر دینا۔
اَلْمَصُّ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔
اَلْمَصُّ الْکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔
اَلْمَصُّ۔ مم۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔
اَلْلَّامِصُ۔ انگور کی بیل کا محافظ۔
اَلْمَلُوْصُ۔ جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔
لَمَظَہٗ (ن) لَمْظًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ لَمَظَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔
اَلْقَطَ: حق مار لینا۔
لَمَظَ (ن) لَمْظًا۔ کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زبان کو دانتوں کے درمیان کا نکالنا۔۔۔ فُلَانًا مِنْ حَقِّہٖ: حق میں سے کچھ دینا۔۔۔ اَلْمَاءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا۔
لَمَظَہٗ مِنْ حَقِّہٖ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَظَ فُلَانًا لُمَاظَۃً" تھوڑا سا چکھانا۔
اَلْمَظَہٗ۔ ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَہٗ عَلَی فُلَانٍ فقہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا۔۔۔ اَلْبَعِیْرُ بِذَنَبِہٖ: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دم کو دبانا۔۔۔ اَلرَّجُلُ الْقَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا
تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زبان نکالکر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو منہ میں پھرانا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِکْرِہٖ" یعنی عیب لگایا۔ تَلَمَّظَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
اِلْتَمَظَ الشَّیْءَ: جلدی سے منہ میں ڈالنا۔
اَلْطَّعَامَ: کھانا۔۔۔ بِکَفِّہٖ: حق مار لینا۔۔۔ بِالشَّیْءِ: لپٹنا۔۔۔ بِشَفَتَیْہِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔
اَلْمَظَ الْفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔
اَلْلَّمَاظُ۔ تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ لَمَاظٌ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جسکو چکھے۔ "وَمَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔ "وَشَرِبَہٗ لَمَاظًا وَلِیَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا۔
اَلْلَّمَاظَۃُ۔ فصاحت۔ زبان کی روانی۔
اَلْلُّمَاظَۃُ۔ منہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَلْدُنْیَا اِلَّا لُمَاظَۃُ اَیَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔
اَلْلَّمَظُ۔ گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی

اللَّمْظَة - گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی - دل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا بھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں -
الْأَلْمَظ مِنَ الْخَيْلِ: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا -
اَلتَّلَامُظ - جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے -
مَوْت تِلَامُظ - اَلتِّلَامُظَة: بیہودہ بکواس کرنے والی عورت -
مَلَامِظ - الْإِنْسَان: منہ اور ہونٹ کا گرداگرد
اَلْمُتَلَمَّظ - جسم کرنے کی جگہ -
لَمَعَ (لَمْعًا وَلَمَعَانًا وَلُمُوعًا وَلَمِيعًا وَتَلْمَاعًا
اَلْبَرْق وَغَيْرُه: بجلی وغیرہ کا چمکنا - روشن ہونا
غَرْع اَلنَّاقَة: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا — فُلَان بِالشَّيْء: لے جانا — بِيَدِهِ أَوْ ثَوْبِهِ أَوْ سَيْفِهِ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا —
اَلطَّائِر جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا —
فُلَان اَلْبَاب: دروازے سے نکلنا -
اَلْمَعَتِ الشَّاة بِذَنَبِهَا: بکری کا دُم اٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی - صفت مِلْمَعَة و مِمْعَ — اَلْأُنْثَى: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا —
فُلَان بِالشَّيْء وَعَلَيْهِ: اچک لینا - چرانا - لیجانا -
اَلْمَعَت اَلْبِلَاد: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا - اَلْمَعَ إِلَى فُلَان بِثَوْبِهِ: کپڑے سے اشارہ کرنا — اَلْفَرَس وَنَحْوُهَا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا — اَلطَّائِر جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا
مَمْعَ اَلشَّيْء: مختلف رنگوں کا ہونا -
لَمْلَمَ اَلشَّيْء وَالشَّمْل: اچک لینا — اَلْبَرْق وَغَيْرُه: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا - اَلْمَعَ اَلْقَوْم: لیجانا
اَلْمَعْمَع وَالْكَمْعَمَة لَوْنُه: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا -
اَللَّامِع - فا - بہ لَمْع - کہا جاتا ہے مَا بِالدَّارِ لَامِع: یعنی گھر میں کوئی نہیں -
اَللَّامِعَة - لامع کا مؤنث - بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے - جو لوامع -

اَللُّمْعَة - گھاس کا خشک شدہ حصہ - لوگوں کی جماعت - تھوڑا سا گذارہ زندگی - کہا جاتا ہے مَعَهُ لُمْعَة مِنَ اَلْعَيْش: اس کے ساتھ تھوڑا سا گذارہ زندگی ہے جو اس کے لئے کفایت کر سکے —
مِنَ اَلْجَسَد: جسم کے رنگ کی چمک - اور بقول بعض لُمْعَة خاص کر بدن کا سیاہ حصہ - اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے
جو لُمَع وَلِمَاع -
اَللَّمَّاع - لامع کا اسم مبالغہ -
اَللَّمَّاعَة - عقاب - میدان جس میں سراب چمکے - بچے کی چندیا جب تک نرم رہے -
اَللَّمُوع - چمکنے والا - تیز چھپٹنے والا عقاب -
اَلْأَلْمَع وَالْأَلْمَعِيّ - تیز ذہن - تیز فہم -
اَلْأَلْمَعِيَّة - ذکاوت -
کہا جاتا ہے - ذَهَبَتْ نَفْسُهُ لِمَاعًا - اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی -
اَلتَّلْمِيع فِي اَلْخَيْلِ وَغَيْرِهَا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ - جو تَلَامِيع - کہا جاتا ہے رَمَادِيَّة تَلْمِيع وَتَلَامِيع: جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں -
فِلْمِعَا اَلطَّائِر: پرندہ کے دونوں بازو -
اَلْمُلَمَّع مِنَ اَلْخَيْلِ وَغَيْرِهِ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا -
أَرْض مُلْمِعَة وَمُلَمَّعَة وَمُلَمْلَمَة: زمین جس میں سراب چمکے -
خَدّ مُلَمَّع - چمک دار رخسارہ -
اَلْيَلَمْع - بے بارش کی بجلی - سراب - کہا جاتا ہے فُلَان أَكْذَبُ مِنْ يَلَمْع: فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے - اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے إِنَّمَا هُوَ يَلَمْع: یعنی وہ جھوٹا ہے - جو يَلَامِع - وَاَلْيَلَمْع مِنَ اَلسِّلَاح: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ - جو يَلَامِع -
اَلْيَلَمْعِيّ - ذہین - تیز فہم - جھوٹ سچ ملانیوالا -
لَمَقَهُ (لَمْقًا وَلَمْوًا) لکھنا - مٹانا - لَمَقَ عَيْنَهُ: آنکھ ملنا - کافی کرنا - لَمَقَ إِلَيْهِ: دیکھنا —
إِلَيْهِ بِبَصَرِهِ: دیر تک دیکھنا -
تَلَمَّقَ - چکھنا -
اَللَّمَاق - چکھنے کی تھوڑی سی چیز - کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لَمَاقًا مِنْ نَبِيذٍ: میں نے کچھ نہیں چکھا - وَمَا بِالْأَرْضِ لَمَاقٌ: زمین میں چراگاہ نہیں -
لَمَقَ اَلطَّرِيق: راستہ کا درمیان - کہا جاتا ہے أَخَذَ فِي لَمَقِ اَلطَّرِيق: یعنی راستہ کے وسط میں چلا -
اَلْيَلْمَق - روئی دار قبا - (دخیل)
لَمَكَ (لَمْكًا) اَلْعَجِين: نرم گوندھنا -
تَلَمَّكَ اَلْبَعِير: اونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا -
اَللَّمَاك - چکھنے کی چیز - صرف نفی ہی میں مستعمل ہو کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ لَمَاكًا: میں نے کچھ نہیں چکھا -
اَللَّمَاك وَاللِّمَاك وَاللِّمَاك - سرمہ -
اَلْمَلْمُوك - سرمہ لگایا ہوا -
اَلْيَلَمْلَك - قوی جوان - مردوں ہی کے لئے خاص ہے - اور حرف یا زائد ہے -
تَلَمَّلَ بِفَمِهِ: کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا -
اَللَّمَال وَاللُّمَال - سرمہ -
لَمْلَمَ اَلْحَجَر: پتھر کو گول گھڑنا — اَلشَّيْء: جمع کرنا
تَلَمْلَمَ - گول ہونا - جمع ہونا -
اَللَّمْلَم - بہت جمع شدہ فوج -
اَللُّمْلُوم - جماعت
رَجُل مُلَمْلَم وَجَمَل مُلَمْلَم: گٹھے بدن کا مرد اور اونٹ - شعر مُتَلَمْلِم: تیل لگے ہوئے بال -
اَلْمُلَمْلِمَة - مُلَمْلِم کا مؤنث - ہاتھی کی سونڈ -
لَمَا يَلْمُو لَمْوًا: اَلشَّيْء: سب لے لینا -
اَللُّمَّة - جماعت - تین سے لیکر دس تک کے ساتھی - ہم عمر - ہم شکل - پیروی کے لئے نمونہ -
جو لُمَات -
لَمِيَ يَلْمَى لَمًى وَيَلْمِي لَمِيًا وَلَمِيَ اَلْغُلَام: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا - صفت مذکر أَلْمَى - صفت مؤنث لَمْيَا -
أَلْمَى اَلْمَاءَ - اَللَّصّ بِكَذَا: دیوار کا چھپکے سے لیجانا

اُڑا لیجانا۔
تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِہٖ وَعَلَیْہِ: حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔
اَلْتَمٰی اِلْتِمَاءً۔ لَوْنُہٗ: رنگ متغیر ہونا ــــ بِہٖ: اپنے لئے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللَّمٰی۔ بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَلْاَلْمٰی۔ گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔
رُمْحٌ اَلْمٰی: مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمٰی: گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمٰی: گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلْمٰی: سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْیَاءُ۔ بِہٖ لَمًی۔ رِشَۃٌ لَمْیَاءُ: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَنْ۔ مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَنْ اَفْعَلَ الْمُنْکَرَ بَقِیْتُ جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے لَنْ تَزَالُوْا اَلْمٰی اَلْفَقِیْرِ ہمیشہ فقیر کے محبوب رہو۔
لَہَبَ (ن) لَہَبًا الشَّعْرُ: نازک و مستحسن شعر کہنا
لَہِبَ (س) لَہَبًا وَلَہْبًا وَلَہِیْبًا وَلُہَابًا وَلَہَابًا۔ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا۔
لَہِبَ (س) لَہَبًا وَلَہَبَانًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا صفت لَہْبَان۔
لَہَّبَ النَّارَ فَتَلَہَّبَتْ وَاَلْہَبَہَا فَالْتَہَبَتْ آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اٹھنا
اِلْتَہَبَ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَتَلَہَّبُ وَیَلْتَہِبُ جُوْعًا فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلْہَبَ النَّارَ: آگ بھڑکانا ــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا ــــ الْبَرْقُ: بجلی کا پیاپے کوندنا۔ اَلْہَبَ فِی الْکَلَامِ: جلدی سے کہہ گذرنا۔ کہا جاتا ہے اَلْہَبَہٗ لِلْاَمْرِ اس نے اس کو کام کے لئے اکسایا۔
اَللُّہَاب۔ مع پیاس۔
اَلْلُّہَابَۃ۔ ایک قسم کی حملی جس میں پتھر رکھکر موج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اَللَّہْب۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ یا پہاڑ کی دراڑ۔ ہو اَلْبَاب وَلُبُوْب وَلِبَاب وَلِبَابَۃ
اَللَّہَب مع۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار
اَللَّہَبَان مع گرمی کی شدت۔ گرم دن پیاس
اَللُّہْبَۃ۔ پیاس۔ خالص سفیدی۔
اَللَّہِیْب۔ مع آگ کی گرمی۔ اَلْمَہْوُب۔ حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
اَلْاَلْہُوْب۔ گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
اَلْمِلْہَب۔ نہایت خوبصورت۔
اَلْمُلْہِب۔ تیز دوڑنے والا غبار اڑانیوالا گھوڑا۔
اَلْمُلْہَب مِنَ الشَّبَابِ: کم سن والا کپڑا۔
اَللَّاہُوْت۔ خداوندی۔ اور اس کی اصل لَاہٌ بمعنے الٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کیلئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ عِلْمُ اللَّاہُوْتِ: عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ اَللَّاہُوْتِیُّ عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا عالم۔
لَہِجَ وَلَہِثَ لَہْثًا وَلُہَاثًا الْکَلْبُ وغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
لَہِثَ (س) لَہْثًا وَلَہَثَانًا وَلُہَاثًا الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَہْثَان۔ صفت مؤنث لَہْثَی۔
اِلْتَہَثَ الْکَلْبُ: کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا
اَللُّہَاث۔ مع پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو ہُوَ یُقَاسِیْ لُہَاثَ الْمَوْتِ وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اَللُّہْثَۃ۔ تھکن۔ پیاس۔
لَہِجَ (س) لَہَجًا بِالشَّیْءِ: شیفتہ ہونا صفت لَہِج ولَاہِج ــــ اَلْفَصِیْلُ اُمَّہٗ: چوسنا ــــ اَلْفَصِیْلُ بِاَبِیْہِ: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاہِج
لَہَجَ الطَّعَامَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا شئے کھلانا۔
اَلْمِلْہَج الرَّجُلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا ــــ فُلَانًا بِالشَّیْءِ: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔
اَلْفَصِیْلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لئے ہے)
اَلْہَجَ بِالشَّیْءِ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اَلْہَاجَ اِلْہِیْجَاجًا الشَّیْءُ: گڈمڈ ہونا۔ اَلْہَجَۃ قَیْئٌ: اونگھ آنا۔ اَلْہَاجُ اللَّبَنِ: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اَللَّہْجَۃ۔ زبان یا لوک زبان۔ مادری زبان کہا جاتا ہے فُلَانٌ فَصِیْحُ اللَّہْجَۃِ وَصَادِقُ اللَّہْجَۃِ
اَلْلُّہْجَۃ۔ کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
اَلْمُلْہِج مع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔
لَہْوَجَہ الشَّیْءَ: ملانا ــــ الْاَمْرَ: ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا ــــ الشِّوَاءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَہْوَجٌ۔ اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِیْثٌ مُلَہْوَجٌ وَرَاْیٌ مُلَہْوَجٌ غیر محکم بات و رائے۔
تَلَہْوَجَہ الشَّیْءَ: جلدی کرنا ــــ اللَّحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔
تَلَہْجَمَ بِالشَّیْءِ: شیفتہ ہونا ــــ الطَّرِیْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔
اَلْلَّہْجَم۔ کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔
لَہَدَہٗ لَہْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعول مَلْہُوْدٌ وَلَہِیْدٌ۔ لَہِیْدَۃ: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا ــــ الشَّیْءَ: کھانا یا چاٹنا ــــ فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چبھونا۔
لَہَدَ فُلَانًا: بمعنے لَہَدَہٗ اور تشدید تکثیر کیلئے ہے
اَلْہَدَہٗ: ظلم کرنا۔ اَلْہَدَہٗ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْہَدَ اِلَی الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا ــــ فُلَانَیْنِ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
اَللُّہَاد۔ ہچکی۔
اَللُّہَد مع۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اونٹ کے سینہ میں ٹرگیا فتگی۔ سستی و ناکارگی

اللَّهِيد - عاجز - تھکا ہوا۔
اللَّهِيدَة - ایک نرم قسم کا حلوا۔
اللَّهْذَم مفعم رَجُلٌ لَهْذَمٌ مکمل ورد ذلیل۔
دوستوں سے دھکا دیا ہوا۔
اللَّهْذَب - ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز
لَهْذَقَة - کاٹنا۔
لَهْذَمَة - کاٹنا - تَهَذَّمَ الشَّيْءَ: کھانا۔
اللَّهْذَم - تیز کاٹنے والا تلوار - بھالا - دانت وغیرہ جو لہاذم ولہاذمۃ۔
اللَّهَاذِمَة - چوروں کی جماعت۔
لَهَزَ (ن) الشَّيْءَ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا ـــ القَوْمَ: قوم میں مل جانا۔ لہزۃ شیب: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعول تلہوز۔
النَّاذِرُ۔ فا۔ فُلَانٌ نَاذِرٌ اِلَيَّ يَعِيْبُنِيْ وَمُنْذِرٌ فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔

النَّذِيْرُ۔ مم۔ اسم جمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بوڑھا پا۔ اس لئے کہ قربِ موت سے ڈراتا ہے۔ ج نُذُر۔

النَّذِيْرَةُ۔ نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان ڈرانا۔ ج نَذَائِرُ۔

الْمُنْذِرُ۔ فا۔ ڈرانے والا۔ اَبُو الْمُنْذِرِ: مرغ کی کنیت۔ اِبْنُ الْمُنْذِرِ: حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔

الْمُنَاذَرَةُ۔ شاہانِ حیرہ۔

الْمُتَنَاذِرُ۔ فا۔ شیر۔

نَذَعَ (ف) نَذْعًا الْمَاءُ وَالْعَرَقُ: پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔

النِّذْعَةُ۔ پانی وغیرہ کا قطرہ۔

نَذَلَ (ک) نَذَالَةً وَنُذُوْلَةً: خسیس حقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا صفت نَذُلٌ ہر اَنْذَالٌ وَنُذُوْلٌ۔ وَنَذِيْلٌ۔ ہر نُذَلَاءُ وَنِذَالٌ۔

النَّرْجِسُ وَالنَّرْجِسُ۔ نرگس۔ واحد نَرْجِسَةٌ (دخیل)

النَّارَجِيْلُ وَالنَّارَجِيْلُ۔ ناریل واحد نَارَجِيْلَةٌ اور اسی سے ہے النَّارَجِيْلَةُ بمعنی نرگوی حقہ۔ عوام اَرْگِيْلَہ کہتے ہیں۔

النَّرْدُ۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہِ ایران نے ایجاد کیا تھا۔

النَّرْدِيْنُ وَالنَّارَدِيْنُ۔ ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔

النَّرْجُ وَالنَّارَجُ۔ لیموں۔

نَزَّ (ض) نَزًّا وَنَزِيْزًا وَاَنَزَّ الْمَكَانُ: بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ وَنَزَّ تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلَانٌ عَنِّيْ: دور ہونا اور اکیلا ہونا (— نَزْزًا) الظَّبْيُ: ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ اَنَزَّ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

نَزَّرَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پاک کرنا۔ دور کرنا۔
نَزَّرَتِ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا: پرورش کرنا۔

نَازَرَہٗ مُنَازَرَةً: خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔

النَّزُّ وَالنَّزُّ۔ زمین سے رِس کر رہنے والا پانی سوتا۔ ج نُزُوْز۔ النَّزُّ وَالنَّزُّ: خوش طبع تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ مَكَانٌ نَزٌّ رِس کر پانی بہنے کی جگہ وَرَجُلٌ نَزٌّ شَرٌّ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔

النَّزَّةُ۔ اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔ اَرْضٌ نَزَّةٌ رِس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَةٌ نَزَّةٌ سبک اونٹنی۔

النِّزَازُ۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چپٹنا۔ اور کہا جاتا ہے ہُوَ نِزَازُ شَرٍّ وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے

النَّزَّازُ۔ اسم مبالغہ۔

النَّزِيْزُ۔ مم۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع خواہش مند۔ کہا جاتا ہے ہُوَ نَزِيْزُ شَرٍّ وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّازُّ۔ بہت حرکت کرنے والا۔ گھوڑا۔ کہا جاتا ہے اَلصَّبِيُّ فِي النَّتْرِ بچہ گہوارے میں ہے

نَزْءًا (ف) وَنُزُوْءًا بَيْنَ الْقَوْمِ: برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا — نَزْءًا عَلٰى فُلَانٍ: حملہ کرنا — فُلَانًا عَلَيْهِ: اکسانا برانگیختہ کرنا — ہٗ عَنْ كَذَا: روکنا۔ ہٹا دینا۔

نُزِّيَ بِكَذَا: شیفتہ ہونا۔ صفت مفعول مَنْزُوْءٌ بِہٖ۔

رَطْلٌ نَزَّاءٌ۔ بہت شیفتہ و فریفتہ۔

النَّزِيُّ۔ چھوٹی مشک۔

نَزَبَ (ض) نَزْبًا وَنَزَابًا وَنَزِيْبًا۔ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز نکالنا۔

تَنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو بُرا لقب دینا۔

النَّزْبُ۔ لقب۔ ج اَنْزَابٌ۔

النَّيْزَبُ۔ زبرجن۔ بیل۔

نَزِحَ (ن) نَزْحًا الْغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔

نَزَحَ (ف) نَزْحًا وَنُزُوْحًا۔ دور ہونا۔

نَزَحَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَازِحٌ وَنَزُوْحٌ وَنُزُحٌ۔ کہا جاتا ہے مَاءٌ لَا يَنْزَحُ پانی جو ختم نہ ہو (— وَاَنْزَحَ) الْبِئْرَ پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے

الْقَوْمُ: کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔

نَزَحَ بِفُلَانٍ: اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔

اِنْتَزَحَ عَنْ دِيَارِہٖ: اپنے وطن سے دور ہونا

تَنَازَحَ۔ دور ہونا۔

النَّازِحُ۔ گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا کل پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاحٌ۔

النَّازِحُ وَالنَّزِيْحُ وَالنَّزُوْحُ۔ دور۔

الْمُنْتَزَحُ۔ دوری۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مِنْتَزَحُ مِنْ كَذَا وہ اس سے دوری پر ہے۔

قَوْمٌ مَنَازِيْحُ۔ اپنے وطن سے دور لوگ۔

الْمِنْزَحَةُ۔ ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِحُ۔

نَزَرَہٗ (ن) نَزْرًا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

جدی کرنا۔ نَزَرَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا — فُلَانًا: حکم دینا۔ تھوڑا سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کرکے وصول کرنا — الشَّرَابَ فُلَانًا: مست کر دینا۔

نَزْرٌ (س) نَزْرًا وَنُزْرَةً وَنَزَارًا وَنَزَارَةً وَنُزُورَةً: کم ہونا — نَزَارَةٌ: الرَّجُلُ: بے برکت ہونا — النَّاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ وَأَنْزَرَ: العَطَاءَ: کم دینا۔

تَنَزَّرَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔ تَنَزَّرَ مِنَ الشَّیْءِ: کم لینا

النَّزْرُ وَالنَّزِیرُ: بہت کم۔ نَزِیرٌ کی جمع نُزَّرٌ۔ رَجُلٌ نَزْرٌ: بے برکت مرد۔ النَّزْرُ: اونٹنی کے تھن کا ورم۔ اور کہا جاتا ہے مَا جِئْتُ إِلَّا نَزْرًا تم بہت تھوڑے آئے۔

النَّزِیرَةُ وَالنَّزُورُ: مِنَ النِّسَاءِ: کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَّزُورُ: کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ جمع نُزُرٌ۔

المَنْزُورُ: بہت کم۔ اور کہا جاتا ہے أَعْطَاهُ عَطَاءً مَنْزُورًا اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا و عَطَاءً غَیْرَ مَنْزُورٍ اور ایسا عطیہ جس میں اصرار کرنا نہ پڑے۔

نَزَعَ (ض) نَزْعًا الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِهِ: اکھیڑنا۔ الأَمِیرُ الطَّائِفَ: معزول کرنا — بِالسَّهْمِ: تیر پھینکنا — فِي القَوْسِ: کمان کھینچنا — عَنِ القَوْسِ: کمان سے پھینکنا — الدَّلْوَ بِالدَّلْوِ: کھینچنا۔ ڈول نکالنا — یَدَهُ: گریبان سے نکالنا — الشَّمْسُ: آفتاب کا مغرب کی طرف جانا — المَرِیضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔

نَزَعَ (ض) نُزُوعًا عَنْ کَذَا: رکنا۔ باز رہنا — الوَلَدُ أَبَاهُ وَإِلَى أَبِیهِ: مشابہ ہونا۔

نَزَعَ (ف) نَزْعًا مَعْنًى جَیِّدًا: عمدہ معنی نکالنا

نَزَعَ (ف) نِزَاعًا وَنُزُوعًا إِلَى الشَّیْءِ: مشتاق ہونا — نِزَاعًا إِلَى الشَّیْءِ: جانا۔ کہا جاتا ہے نَزَعَ إِلَى کَذَا: اسکو فلاں چیز کی طرف میلان ہو

نَزَعَ إِلَى کَذَا: بلانا: دعوت دینا۔

نَزَعَ (س) نَزْعًا: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا

صفت أَنْزَعُ۔ مؤنث نَزْعَاءُ مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ أَنْزَعُ کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)

نَازَعَ مُنَازَعَةً المَرِیضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَازَعَهُ نِزَاعًا وَمُنَازَعَةً: جھگڑا کرنا۔ نَازَعَهُ الثَّوْبَ: کپڑے سے کھینچنا۔ اور اسی سے ہے۔ أَرْضِي تُنَازِعُ أَرْضَكُمْ یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَازَعَ إِلَى الأَمْرِ: مشتاق ہونا — فُلَانًا: مصافحہ کرنا — الكَأْسَ: پیالہ دینا۔

تَنَزَّعَ الشَّیْءُ مِنْ مَکَانِهِ: اکھیڑنا۔

انْتَزَعَ الرَّجُلُ: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔

تَنَزَّعَ إِلَیْهِ: دوڑ کر جانا۔

تَنَازَعَ القَوْمُ: اختلاف کرنا۔ تَنَازَعُوا الشَّیْءَ: باہم کھینچنا — الكَأْسَ: پیالہ دینا — فِي الشَّیْءِ: جھگڑا کرنا۔

إِنْتَزَعَ الشَّیْءُ: اکھڑنا — الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ إِنْتَزَعَ بِالشِّعْرِ أَوِ الآیَةِ: شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے قَدِ انْتَزَعَ مَعْنًى جَیِّدًا۔

إِسْتَنْزَعَهُ عَنِ الشَّیْءِ: رک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے رَآهُ يَجْنِي عَلَى الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَهُ اس نے اس کو برائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔

النَّزْعُ وَالنِّزَاعُ وَالمُنَازَعَةُ وَتَنَزُّعُ الحَیَوَةِ: قرب موت کی حالت۔

النِّزَاعُ وَالنِّزَاعَةُ وَالمُنَازَعَةُ جھگڑا خصومت۔

النَّزَعَةُ۔ نَازِعٌ کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے عَادَ السَّهْمُ إِلَى النَّزَعَةِ یعنی حق حق دار کو مل گیا۔ النَّزَعَةُ: کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ جمع نَزَعَاتٌ۔ النَّزَعَةُ: پہاڑی راستہ

النَّازِعُ۔ قاسر۔ جمع نَزَعَةٌ وَنُزَّاعٌ وَنَزَعٌ مؤنث نَازِعَةٌ۔ جمع نَوَازِعُ وَنَازِعَاتٌ۔ کہا جاتا ہے شَاةٌ نَازِعٌ یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔

النَّزِیعُ۔ مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ نَزِیعٌ دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف۔ اور ایسا ہی فَرَسٌ نَزِیعٌ اصیل گھوڑا۔ جمع نُزَّاعٌ۔ نُزَّاعُ القَبَائِلِ: اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔

النَّزِیعُ: اکھڑا ہوا۔ ثَمَرٌ نَزِیعٌ: توڑا ہوا پھل۔ مؤنث نَزِیعَةٌ جمع نَزَائِعُ۔

النَّزِیعَةُ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے وطن کی مشتاق ہو — مِنَ النَّجَائِبِ: وہ (اونٹنیاں) جو دوسرے ملک میں لیجائی گئی ہوں۔ جمع نَزَائِعُ۔ النَّزَائِعُ: چوپائی ہوا — مِنَ الإِبِلِ وَالخَیْلِ: مسافروں سے چھینے ہوئے اونٹ یا گھوڑے۔

النَّزُوعُ۔ وطن کا مشتاق۔ جمع نُزُوعٌ: کم گہرا کنواں۔ فَلَاةٌ نَزُوعٌ: دور کا بیابان۔ جمع نُزُعٌ وَنِزَاعٌ۔

النُّزَاعَةُ۔ ہاتھ سے اکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الأَنْزَعُ: کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنث نَزْعَاءُ۔

المَنْزَعُ: کھینچنے کی جگہ۔ جمع مَنَازِعُ۔

المِنْزَعُ۔ سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر

المِنْزَعَةُ۔ جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔

المَنْزَعَةُ وَالمِنْزَعَةُ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَعِیدُ النَّزْعَةِ فلاں بڑی ہمت والا ہے انجام کار و تدبیر کر جس کی طرف آدمی رجوع کرے اور کہا جاتا ہے شَرَابٌ طَیِّبُ النَّزْعَةِ لذیذ شراب

نَزْعَةٌ (ف) نَزْعًا: انکی چھونا یا نیزہ مارنا تھوڑی سی حرکت دینا۔ عیب لگانا۔ نسبت کرنا۔ — فِي بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔

نَزَغَ (ف ض) نَزْغًا بَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا اور کہا جاتا ہے نَزَغَ الشَّیْطَانُ بَیْنَهُمْ شیطان نے بعض پر بعض کو ورغلا دیا و نَزَغَهُ الشَّیْطَانُ إِلَى المَعَاصِي شیطان نے اس کو گناہوں پر اکسا دیا۔

النَّزْغُ مصدر اکسانے والا کلام۔ نَزَغَاتُ الشَّیْطَانِ شیطانی وسوسے۔ وہ چیزیں جن سے انسان

گناہوں میں آلودہ ہو جائے۔
النَّزْعَة۔ نَزْغ کا اسم مرۃ، طعن و تشنیع۔ ج نَزَعات۔
النَّزَّاغ والمُنْزِغ والمُنْزِغَة۔ قوم کے درمیان فساد ڈالنے والا۔
النَّازِغَة۔ نَازِغ کا مؤنث۔ ج نَوَازِغ
النَّوَازِغ: فساد ڈالنے والیاں۔
النَّزِيغَة۔ بُرا کلمہ۔
نَزَفَ (ض) نَزْفًا۔ نَاوَالبِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا ــــ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی نکالا جانا ــــ دَمُ فُلَانٍ: پچھنا یا فصد سے خون نکالنا۔ ــــ عَبْرَتَهُ: آنسو ختم کرنا ــــ الدَّمُ فُلَانًا: بہت خون نکل جانا۔
نُزِفَ نَاوَالبِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکالا جانا۔ ــــ الرَّجُلُ: بے عقل ہونا یا بدمست ہونا ــــ فِي الخُصُومَةِ: حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا ــــ وَنُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا: بکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔
نَزِفَتْ (س) نَزَفًا عَبْرَتُهُ: آنسو خشک ہونا۔
أَنْزَفَ البِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا العَبَرَاتُ: آنسو ختم کر دینا۔ أَنْزَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ أَنْزَفَ الرَّجُلُ: نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔
اِسْتَنْزَفَ الدَّمْعُ او المَاءُ: سب نکال لینا۔
النَّزْف۔ مص۔ نَزَفَ الدَّمُ: خون کا بہنا۔
النُّزُف۔ کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔
النَّازِف۔ فَاعِل نَزَفَ: رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف۔
النَّزْف۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزُف۔
النَّزُوف۔ کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔
نَزَافِ۔ اسم فعل بمعنے امر کہا جاتا ہے نَزَافِ بِالبِئْرِ: یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔
النَّزِيف والمَنْزُوف۔ کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان والا۔ النَّزِيف: بدمست۔ بخار زدہ۔ بِئْرٌ نَزِيفٌ: کم پانی والا کنواں۔ المَنْزُوف: بے عقل
المِنْزَفَة: جس سے پانی نکالا جائے وہ مشکی
نَزِقَ (س) نَزَقًا ونُزُوقًا الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا صفت نَزِق۔ مؤنث نَزِقَة ــــ نَزَقًا الإِنَاءُ: برتن کا لبالب ہونا۔
نَزَّقَ (س) وأَنْزَقَ (مض) أَنْزَقًا ونَزَّاقًا الفَرَسُ: گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔
نَزَّقَ (ض) نَزْقًا الإِنَاءُ: برتن کو لبالب کرنا۔
نَزَّقَ وأَنْزَقَ الفَرَسُ: گھوڑے کو کودانا۔
أَنْزَقَ الرَّجُلُ فِي الضَّحِكِ: بہت زیادہ ہنسنا۔
فُلَانٌ: عقل کے بعد خفیف العقل ہونا۔
النَّعِيمُ فُلَانًا: سکی پر برا انگیختہ کرنا۔
نَازَقَهُ نِزَاقًا ومُنَازَقَةً۔ قریب ہونا گالی دینا۔
تَنَازَقَا۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔
النَّزَق۔ مص۔ ہنسی۔ جہالت و حماقت کی وجہ سے جلد بازی۔ مَكَانٌ نَزَقٌ: قریب جگہ۔
النَّزْقَة۔ اسم مرۃ۔ دوڑ کی ابتدا میں اچھل کود۔
النَّيْزَق۔ تیرک میں لغت ہے بمعنے چھوٹا نیزہ ج نَيَازِق۔
النِّزَاق والنَّزِقَة۔ مِنَ النُّوقِ: سرکش اونٹنی۔ النِّزَاق: تیز رفتار اونٹنی۔
المُنَازِق۔ بہت باتیں کرنے والا۔
نَزَكَ (ن) نَزْكًا۔ نیزہ مارنا۔ عیب لگانا۔ بُرا کہنا۔ ناحق جھوٹ باندھنا۔
النَّزَّاك والنَّزُوك۔ بہت عیب لگانے والا۔
النَّزِيكَات۔ شریر لوگ۔
النَّيْزَك۔ چھوٹا نیزہ۔ ج نَيَازِك۔ النَّيَازِك ٹوٹے ہوئے ستارے۔
نَزَلَ (ض) نُزُولًا مِنْ عُلُوٍّ إِلَى أَسْفَلَ: اترنا ــــ بِهِ: اتارنا ــــ بِهِ الأَمْرُ: واقع ہونا ــــ فُلَانٌ عَنِ الحَقِّ: چھوڑ دینا ــــ نِزَالًا: مسافرت کرنا۔ کہا جاتا ہے نَازِلْتُ أَنْزِلُ میں ہمیشہ سفر کرتا رہا ــــ نُزُولًا ومَنْزِلًا ومَنْزِلَانًا القَوْمَ وفِي القَوْمِ وعَلَى القَوْمِ: قوم کے پاس اترنا۔
نَزَلَ (س) نَزْلَةً الرَّجُلُ: زکام میں مبتلا ہونا ــــ نَزْلًا) الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا ــــ المَكَانُ: کھیتی کی وجہ سے تھوڑی بارش میں بھی بہنے والی جگہ ہونا۔
نَزَّلَهُ۔ اتارنا۔ نَزَّلَ الشَّيْءَ: مرتب کرنا ــــ الشَّيْءَ مَكَانَ الشَّيْءِ: قائم مقام کرنا ــــ اللهُ كَلَامَهُ عَلَى أَنْبِيَائِهِ: تدریجاً وحی نازل کرنا ــــ القَوْمَ: منازل میں اتارنا ــــ الحَاسِبُ الرَّقْمَ: رقم لکھنا۔
أَنْزَلَ إِنْزَالًا ومُنْزَلًا الشَّيْءَ: اتارنا۔ أَنْزَلَ الضَّيْفَ: مہمان اتارنا ــــ اللهُ الكَلَامَ: یکبارگی وحی نازل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے أَنْزَلَ حَاجَتَهُ عَلَى كَرِيمٍ: اس نے اپنی حاجت کریم کے سامنے پیش کی۔ یعنی پوری کرنے کی درخواست کی۔
نَازَلَهُ نِزَالًا ومُنَازَلَةً فِي الحَرْبِ: مقابلہ میں اترنا اور جنگ کرنا اور کہا جاتا ہے۔ نَازَلُوا بِالنِّزَالِ: دونوں فریق نے اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کی۔
تَنَازَلَ القَوْمُ: اونٹوں سے اتر کر گھوڑوں پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔ میدانِ جنگ میں اتر کر جنگ کرنا ــــ القَوْمُ فِي السَّفَرِ: کبھی اس کے پاس کبھی اس کے پاس کھانا۔ اور مولدین کے استعمال میں تَنَازَلَ الرَّجُلُ کے معنی درجے سے اترنے کے ہیں۔
تَنَزَّلَ۔ آہستہ آہستہ اترنا ــــ عَنِ الحَقِّ: حق چھوڑ دینا۔ تَنَزَّلَ فُلَانًا: اتارنا۔
اِسْتَنْزَلَهُ۔ اتارنا۔ اِسْتَنْزَلَ عَنْ رَأْيِهِ او حَقِّهِ: رائے سے یا حق سے نیچے اترنے کے لئے کہنا
اُسْتُنْزِلَ فُلَانٌ: مرتبہ سے اتارا جانا۔
النُّزُل والنُّزْل۔ کھانا جو مہمان کے سامنے پیش کیا جائے۔ ج أَنْزَال۔ النُّزُل: بابرکت کھانا۔ المَنْزِل: اترنے والے لوگ۔
النُّزُل والنُّزْل والنُّزَال۔ کھیتی کی بالیدگی اور سرسبزی۔ داد و دہش۔ فضل۔ النُّزُل: مارش رَجُلٌ ذُو نُزُلٍ: بہت داد و دہش والا۔ بابرکت۔

ج انزال۔ اَنْزَالُ الْقَوْمِ: قوم کی روزیاں۔
النُّزُل۔ جمع شدہ۔ ج نُزُول۔
المَنْزِل۔ جگہ جہاں بہت اتریں۔ سخت جگہ جہاں سیلاب جلدی آئے۔ کہا جاتا ہے۔ مَكَانٌ نَزِلٌ۔
النَّزْلَة۔ نَزَل کا اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے لَقِيَهُ نَزْلَةً اُخْرٰى اس نے اس کو یقیناً دوسری مرتبہ دیکھا۔ مَكَانٌ نَزِلٌ۔ اَرْضٌ نَزِلَةٌ: عمدہ کھیتی والی زمین۔ اور کہا جاتا ہے تَرَكْتُهُمْ عَلٰى نَزَلَاتِهِمْ وَنَزَلَاتِهِمْ میں نے ان کو درست حالت میں چھوڑا۔
النَّزَالَة۔ سخت زمین ہونے کی وجہ سے تھوڑی سی بارش میں بہہ پڑنا۔
النِّزَالَة۔ سفر۔ مہمانی۔ کہا جاتا ہے كَانَتْ نِزَالُ فُلَانٍ: ہم فلاں کی مہمانی میں تھے وَفُلَانٌ مِنْ نِزَالَةِ سُوْءٍ: فلاں لئیم باپ سے ہے۔
النَّازِلَة۔ النَّوَازِل کا مؤنث۔ سخت مصیبت ج نَازِلَات وَنَوَازِل۔
النَّزَّال۔ بہت اترنے والا۔ بہت مقابلہ کرنے والا۔
النُّزُل۔ مہمان۔ بابرکت۔ کھانا۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ نَزِيْلٌ کامل کپڑا وَفُلَانٌ نَزِيْلِي فلاں میرے ہاں گھر میں اترنے والا ہے۔ ج نُزَلَاء۔
التَّنْزِيل۔ مع۔ ترتیب۔ اوپر سے نیچے اترنا
المَنْزِل۔ اترنے کی جگہ۔ مکان چشمہ۔ ج مَنَازِل۔
المَنْزِلَة۔ اترنے کی جگہ۔ گھر۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے لَهُ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے وَهُوَ رَفِيْعُ الْمَنْزِلَةِ وہ بلند مرتبہ والا ہے
نُزِفَ الرَّجُلُ: سر ہلانا ـــ اَلْاُمُّ صَبِيَّهَا: ماں بچے کو دودھ پلانا۔ نچانا۔
نَزَّهَ اِنْزَاهَ الْاِبِلَ: اونٹ کو پانی سے دور رکھنا۔
نَزُهَ (س، ونَزَهَ (ک) نَزَاهَةً ونَزَاهِيَةً: برائی سے دور ہونا۔ پاک دامن ہونا ـــ الْمَكَانُ: سخت اور ہونا۔
نَزَّهَهُ۔ بری بات سے دور کرنا۔ نَزَّهَ نَفْسَهُ عَنِ الْقَبِيْحِ: اپنے آپ کو گناہ سے پاک رکھنا۔ نَزَّهَ اللّٰهَ عَنِ السُّوْءِ: اللہ تعالیٰ کی تقدیس بیان کرنا۔
تَنَزَّهَ عَنْ كَذَا: دور ہونا۔ محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے يَتَنَزَّهُ عَنِ الْمَطَامِعِ وَعَنْ مَلَائِمِ الْاَخْلَاقِ وہ لالچ اور برے اخلاق سے برتر ہے
فُلَانٌ: سیر کو نکلنا۔
اِسْتَنْزَهَ عَنْ كَذَا: دور ہونا ـــ فُلَانٌ: سیر و تفریح کو جانا۔
النَّزَه والنَّزَهَة والنَّزِيْه۔ پاک دامن۔ برائیوں سے دور۔ ج نُزَهَاء وَاَنْزَاه وَنُزَهَاء مَكَانٌ نَزَهٌ وَنَزِهَةٌ وَنَزِيْهَةٌ: لوگوں سے دور جگہ صحت افزا مقام۔
النُّزْهَة۔ اسم ہے تَنَزُّهٌ سے بمعنی سیر و تفریح ج نُزَهٌ۔ اور کہا جاتا ہے هُوَ بَعِيْدٌ بَيِّنُ النَّزَاهَةِ مِنَ الْمَاءِ اَوْ عَنِ الْمَاءِ: وہ پانی سے دور ہے۔
النَّزَهُ والنَّزَاهَة۔ برائی سے دوری۔
النَّازِه۔ فا۔ کہا جاتا ہے هُوَ نَازِهُ النَّفْسِ: وہ پاک دامن ہے۔
المُتَنَزَّه۔ سیر و تفریح کی جگہ۔
نَزَا يَنْزُو ونَزْوًا ونُزُوًّا ونَزَوَانًا۔ کودنا۔ غَلَيْهِ: کسی پر گرنا اور روندنا ـــ اَلذَّكَرُ عَلَى الْاُنْثٰى: جفتی کرنا۔ اور اسم النِّزَاء والنُّزَاء اور اسکا استعمال چوپایوں کے لئے ہے۔ نَزَا بِهِ قَلْبُهُ اِلٰى كَذَا: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔ نَزَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا اچھلنا کودنا۔ نَزَا الطَّعَامُ: غلہ کا گراں ہونا نَزَوَانًا: بچ کر نکل بھاگنا۔
نُزِّيَ نَزْوًا الرَّجُلُ: سارا خون نکل جانا۔ کہا جاتا ہے اَصَابَهُ جُرْحٌ فَنُزِّيَ مِنْهُ فَمَاتَ اس کو زخم لگا جس کی وجہ سے سارا خون نکل گیا اور وہ مر گیا۔
نَزَّاهُ تَنْزِيَةً وتَنْزِيًا وَاَنْزَاهُ اِنْزَاءً: کودانا۔ جفتی کرانا۔
تَنَزَّى تَنَزِّيًا اِلَى الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔
اِنْتَزَى اِنْتِزَاءً۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے اِنْتَزَى عَلٰى اَرْضِ كَذَا فَاَخَذَهَا اس نے فلاں زمین کی طرف سبقت کی اور اسے لے لیا
النَّزْوَة۔ کودنا۔ ہر چھوٹی چیز۔
النَّازِيَة۔ النَّازِی کا مؤنث۔ تیزی تیزروی کم گہرا پیالہ۔ اَكَمَةٌ نَازِيَةٌ۔ اردگرد سے بلند ٹیلہ۔
النَّزِيّ والنَّزَّاء والمِنْزِيّ۔ بہت اچھل کود والا۔
النَّزِيَّة۔ النَّزِیّ کا مؤنث۔ بادل۔ کم گہرا پیالہ
النَّزِيَّة: اچانک شوق۔ اچانک مصیبت۔ کھاڑی کی دھار۔
النَّزَوَان۔ تیزی و جوش۔
نَشَّ (ض ن) نَشًّا ونَشِيْشًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا اور دانتا۔ کہا جاتا ہے كَانَ يَنُشُّ اَصْحَابَهُ: یعنی اپنے ساتھیوں کے پیچھے چل رہا تھا ـــ نَشًّا ونُشُوشًا) الْقَوْمُ: پانی پر پہنچنا ـــ (نَشِيْشًا ونُشُوشًا) الْخُبْزُ اَوِ اللَّحْمُ: روٹی یا گوشت کا خشک ہونا ـــ فُلَانٌ: جلدی سے ہر کام پر گذر نے والا ہونا۔
نَشَّ (ض) نُشُوشًا الْحَطَبُ: لکڑی سے جلنے میں دوسری جانب پانی نکلنا ـــ الْفُلَانِ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
نَشَّشَ النَّاقَةَ: جانور کو چلانا ـــ الصَّبِيَّ: بچے کو پیشاب یا پاخانہ کرانے کے لئے اس اس کہنا۔
اَنَشَّ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو پیاسا کرنا۔
تَنَشَّشَ مِنَ الْاَخْبَارِ: سن سن کر لینا خبردار ہونے کی کوشش کرنا۔
النَّاشّ۔ فا۔ خُبْزٌ نَاشٌّ: خشک روٹی۔
النَّشِيْش۔ مع۔ ہانکا ہوا۔ سخت بھوک۔ پوری کوشش۔ لکڑی کے جھاگ جو جلنے کی حالت میں دوسرے سرے پر نکلے۔ ج نُشُش (د النَّشِيْشَة: طبیعت۔ النَّشِيْش: جسم میں بقیہ روح کہا جاتا ہے نَفَخَ مِنْهُ نَشِيْشَهُ وَنَشِيْشَتَهُ: یعنی مرنے لگا
النَّشِيْشَة: چغل خوری۔ تری جو جلتی لکڑی کے پچھلے سرے پر ظاہر ہو۔ ج نَشَائِش۔

النُّسُس - رذی جڑیں۔
التَّنَسَّاس - مم - تیز چال۔
المِنْسَة والمِنْسَاس - لاٹھی۔
نَسَأَ رف، نَسْأَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو ڈانٹنا اور ہانکنا۔ حوض سے ہٹانا — اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا — ہٗ: پانی ملانا۔ نَسَأَتِ الْمَاشِيَةُ: مویشی ظاہر ہونا (— نَسْأً ونَسَأً) الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے نَسَأَ اللّٰهُ أَجَلَهٗ وفِي أَجَلِهٖ مہلت دینا۔ عمر دراز کرنا — فُلَانًا: نگہبانی کرنا حفاظت کرنا — ہٗ الْبَيْعَ وفِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائگی قیمت کی مہلت دینا — نَسَاءً) عَنْ فُلَانٍ دَيْنَهٗ: ادائگی قرض کے لئے مہلت دینا۔
أَنْسَأَ إِنْسَاءً الشَّيْءَ: مؤخر کرنا۔ کہا جاتا ہے أَنْسَأَ اللّٰهُ أَجَلَهٗ وفِي أَجَلِهٖ عمر دراز کرنا — ہٗ الْبَيْعَ وفِي الْبَيْعِ: بیچنا اور ادائگی قیمت کی مہلت دینا — عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ دور ہونا۔
نَسَّأَ تَنْسِئَةً: ڈانٹ کر ہانکنا۔
اِنْتَسَأَ عَنْهُ: پیچھے ہونا۔ اِنْتَسَأَتِ الْإِبِلُ فِي الْمَرْعٰى: اونٹوں کا چراگاہ میں دور ہونا۔
اِسْتَنْسَأَ غَرِيمَهٗ: قرض خواہ سے ادائگی قرض کی مہلت مانگنا۔
النَّاسِي - فا - موٹا (حیوان یا انسان) ہ نَسَأَة۔
النَّسَأ - درازی عمر۔
النَّسْءُ - مم - لسی - بہت پانی والا دودھ عقل زائل کرنے والی شراب - موٹاپا یا موٹاپے کی ابتدا۔
النَّسِيءُ - گھل مل کر رہنے والا آدمی۔
النَّسَأَة والنَّسِيئَة - تاخیر - کہا جاتا ہے بَاعَهٗ بِنَسِيئَةٍ اس نے ادھار بیچا۔
النَّسِيءُ - تاخیر - بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
المَنْسَأَة والمِنْسَأَة والمِنْسَاة چرواہے کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے إِنَّ لِي قِنْكَ مَنْسَأً میرے لئے تمہاری طرف سے گنجائش ہے۔
نَسَبَ (ن ض) نَسْبًا ونِسْبَةً الرَّجُلَ: نسب بیان کرنا۔ نسب دریافت کرنا۔ نَسَبَ إِلَى فُلَانٍ: نسبت کرنا (— نَسْبًا ونِسْبًا ونِسْبَةً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْأَةِ: تشبیب کہنا۔ غزل میں عورتوں کے اوصاف بیان کرنا۔
نَاسَبَهٗ مُنَاسَبَةً: مشابہ ہونا۔ مناسب ہونا۔ نسب میں شریک ہونا۔
تَنَسَّبَ الرَّجُلُ إِلَيْكَ: ہم نسب ہونے کا دعوی کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے اَلْقَرِيبُ مَنْ قَرَّبَتْهُ لَا مَنْ تَنَسَّبَ قریب وہ ہے جو دوستی سے قربت کرے نہ وہ جو محض دعوی ہم نسبی کرے۔
تَنَاسَبَا - باہم مشابہ ہونا۔ تَنَاسَبَ الْقَوْمُ إِلَى آبَائِهِمْ: منسوب ہونا۔
اِنْتَسَبَ الرَّجُلُ: نسب ظاہر کرنا نسب ذکر کرنا — إِلَى أَبِيهِ: منسوب ہونا۔
اِسْتَنْسَبَ - نسب بیان کرنا — الرَّجُلَ: نسب بیان کرنے کو کہنا۔
النَّسَب - مم - قرابت - رشتہ داری - ہ أَنْسَاب۔
النِّسْبَة والنُّسْبَة - قرابت - دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق - اعداد کے درمیان نسبت مثلاً کہا جائے کہ چار کو آٹھ کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پانچ کو دس کے ساتھ - اور کہا جاتا ہے بِالنِّسْبَةِ إِلَى كَذَا یعنی فلاں چیز کے لحاظ سے
النَّسِيب - مم - مناسب - رشتہ دار - صاحب نسب - لطیف شعر عورتوں کے متعلق اور مبالغہ کے لئے نَسِيبٌ نَاسِبٌ کہا جاتا ہے۔ جیسا شِعْرٌ شَاعِرٌ (اور فاعل اس موقعہ پر مفعول کے معنی میں ہے) ہ أَنْسِبَاء ونُسَبَاء (جیسے شریف وشُرَفَاء)
النَّسَابَة - رشتہ داری۔
النَّسَّاب - ہ نَسَّابُون والنَّسَّابَة - ہ نَسَّابَات - نسب کا علم رکھنے والا۔
الْأَنْسَب - اسم تفضیل - اور کہا جاتا ہے هٰذَا الشِّعْرُ أَنْسَبُ مِنْ ذَاكَ یہ شعر اس سے زیادہ لطیف ہے۔
المُنَاسِب - فا - رشتہ دار - مشابہ۔
المَنْسُوب - مفع - شعر منسوب: عشقیہ شعر خَطٌّ مَنْسُوبٌ: مطابق قاعدہ - ہ مَنَاسِيب۔
تَنَسَّبَ بَيْنَهُمَا: چغلخوری کیلئے دوڑ دھوپ کرنا۔
النَّيْسَب - چیونٹیوں کی قطار - چیونٹیوں کا یا سانپ کا راستہ (— والنَّيْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔
النَّاسُوت - طبیعت انسانی - ناس میں واؤ تا کی زیادتی ہوئی ہے جیسے ملکوت میں۔
نَسَجَ (ن ض) الثَّوْبَ: کپڑا بننا — الْكَلَامَ: خلاصہ کرنا - آراستہ کرنا — الشَّاعِرُ الشِّعْرَ: نظم کرنا۔
النَّسْج النَّبَات: پارش کا نباتات کو بڑھا کر گنجان کرنا۔ نَسَجَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا نے مٹی پیدا کرنا۔ نَسَجَتِ النَّاقَةُ فِي سَيْرِهَا: اونٹنی کا جلدی جلدی قدم اٹھانا۔
اِنْتَسَجَ - بُنا جانا۔
النَّسْج - مم - کہا جاتا ہے ثَوْبُ نَسْجِ الْيَمَنِ: کپڑا یمن کا بنا ہوا۔
النِّسَاجَة - بننے کا پیشہ۔
النَّسَّاج - بننے والا - کلام کو آراستہ کرنیوالا جھوٹا۔
النَّسِيج - بنا ہوا - ہ نُسُج - کہا جاتا ہے ثَوْبٌ نَسِيجُ وَحْدِهٖ وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے۔ النُّسُج: جائے نمازیں۔
النَّسِيجَة - نسج کا مؤنث - ہ نَسَائِج۔
المَنْسَج والمَنْسِج - بننے کا کارگر۔ المَنْسِج والمَنْسَج مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی گردن کی جڑ سے پونڈھوں تک اٹھی ہوئی جگہ۔
المِنْسَج والمِنْسَاج - کرگہ۔
نَسَحَ (س) نَسْحًا - لاغر کرنا۔
نَسَحَ (ف) نَسْحًا التُّرَابَ: مٹی کا بکھیرنا۔
النَّسْح والنُّسَاح - کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
المِنْسَاح - غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا الشَّيْءَ: زائل کرنا - بدل کر

ٹانا — الکتاب: نقل کرنا۔
تَنَاسُخُ مُتَنَاسَخَۃ: ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا: ایک دوسرے کو محو کرنا۔ تَنَاسَخُوا الشَّیْءَ: ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔
تَنَاسَخَتِ الْأَزْمِنَۃُ: پے در پے آنا۔ تَنَاسُخُ الْوَرَثَۃِ: تقسیم میراث سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔
اِنْتَسَخَ الشَّیْءُ: زائل کرنا — الکتاب: نقل کرنا — الشَّیْءُ الشَّیْءَ: کسی چیز کا کسی چیز کے قائم مقام ہونا۔
اِسْتَنْسَخَ الشَّیْءَ: بمعنی نسخہ۔ لکھنے کو کہنا۔
بَلْدَۃٌ نَسِیْخَۃٌ وَنَسْخِیَّۃٌ: دور کا شہر
النُّسْخَۃُ: کتاب نقل کی ہوئی۔ کتاب جس سے نقل کی جائے۔ ج نسخ۔ کہا جاتا ہے کَتَبَ الْقَاضِی لِشَخْصَیْنِ بِحُکْمَیْنِ قاضی نے اپنے فیصلے کی دو کاپیاں کیں۔
النَّاسِخُ۔ فا۔ کتابوں کا نقل کرنے والا۔
النَّسَّاخُ۔ مص۔ آواگون۔ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل ہونا اور اس کو تقمص بھی کہا جاتا ہے۔ اور جو لوگ اس کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ تناسخیہ کہلاتے ہیں۔ تَنَاسُخُ الْأَزْمِنَۃِ وَالْقُرُوْنِ: زمانہ کا یکے بعد دیگرے آنا۔
نَسَرَہٗ۔ (ن) نَسْرًا۔ عَنْہُ: آمارنا۔ ادھیڑنا۔ الْجُرْحَ اللَّحْمَ: شگاف کر دینا — الرَّجُلَ: تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
نَسْرَۃٌ (ض ن) نَسْرًا۔ الْبَازِیْ: باز کا چونچ سے نوچنا۔
نَسَرَ الْحَبْلَ: رسی کا بل کھول دینا۔ توڑ دینا۔
تَنَسَّرَ۔ گدھوں کا شکار کرنا — الْحَبْلُ: رسی کا ٹوٹنا — الْجُرْحُ: زخم کا ٹوٹ جانا اور پیپ وغیرہ بہ جانا — الثَّوْبُ وَنَحْوُہٗ: کپڑے کا گھس گھس کے پھٹنا۔ تَنَسَّرَتِ النِّعْمَۃُ عَنْ فُلَانٍ: متفرق ہونا۔
اِنْتَسَرَ قُوَّۃُ الْحَبْلِ: رسی کے کنارے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِسْتَنْسَرَ الطَّائِرُ: قوت میں گدھ جیسا ہونا اور اسی سے مثل ہے اِنَّ الْبُغَاثَ بِأَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ بغاث (ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام) ہماری زمین میں گدھ ہو جاتا ہے یعنی کمزور قوی ہو جاتا ہے
النَّسْرُ۔ بتثلیث النون والفتح اشہر وافصح گدھ۔ اس کی کنیت اَبُو الْاَبْرَدِ وَاَبُو الْاَضْبَعِ وَاَبُو مَالِکٍ وَاَبُو الْمِنْہَالِ وَاَبُو یَحْیٰی ہے۔ اور مادہ گدھ کی کنیت اُمُّ قَشْعَمٍ ہے نُسُوْرٌ وَاَنْسُرٌ وَنُسُرٌ۔
النَّسْرُ۔ گھوڑے کے سم کے اندرونی حصہ میں تہ در تہ نسور۔ النَّسْرَانِ: دو ستارے جن میں سے ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہیں۔
النَّاسُوْرُ۔ ناسور۔ زخم جس سے ہمیشہ مواد بہتا رہے۔ ج نَوَاسِیْرُ۔
النَّسَّارُ۔ عقاب۔
اَلْمِنْسَرُ وَالْمِنْسَرُ۔ شکاری پرندہ کی چونچ
اَلْمِنْسَرُ وَالْمِنْسَرُ: لشکر کا ایک حصہ جو بڑے لشکر کے آگے آگے چلے۔ تیس سے چالیس تک یا چالیس سے پچاس یا ساٹھ تک یا سو سے دو سو تک گھوڑوں کا گروہ۔ ج مَنَاسِرُ۔
اَلنَّسْرِیْنُ۔ گل بیوتی۔ واحد نسرینۃ۔
نَسَطَ (ن) نَسْطًا الثَّوْبَ: کپڑے کو تر کر کے نچوڑنا۔
اَلنَّسْطُ۔ وہ لوگ جو پیدائش کے دشوار ہونے کے وقت بچے کو باہر نکال لیں۔
نَسَعَتْ (ن) نَسْعًا وَنُسُوْعًا وَنَسَعَتِ الْاَسْنَانُ: ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَعَ فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ: جانا — نُسُوْعًا) الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔
اَنْسَعَ الرَّجُلُ: پڑوسیوں کیلئے ایذا رساں ہونا۔ بادشمالی میں داخل ہونا۔
اِنْتَسَعَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا۔
النَّاسِعُ۔ فا۔ لمبی گردن۔
النِّسْعُ۔ ہاتھ کا جوڑ۔ کجاوہ کسنے کی چوڑی رسی یا تسمہ۔ اس کے ایک ٹکڑے کو النِّسْعَۃ کہتے ہیں۔ ج نُسُعٌ وَنِسَعٌ وَنُسُوْعٌ وَاَنْسَاعٌ۔ و اَنْسَاعُ الطَّرِیْقِ: راستے کے وہ گڑھے جو چوپایوں کی ٹانگوں سے پڑ جائیں۔
اَلنِّسْعُ وَالرِّبْعُ النِّسْعِیَّۃُ وَالْمِنْسَعُ۔ بادشمالی۔
اَلنُّسُوْعُ۔ مص۔ لمبائی۔
اَلْمِنْسَعَۃُ۔ زمین جس کی پیداوار لمبی ہو۔
نَسَغَ (ن) نَسْغًا اللَّبَنَ بِالْمَاءِ: دودھ میں پانی ملانا۔ نَسَغَہٗ بِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
فُلَانًا بِتُہْمَۃٍ: تہمت لگانا — وَبِالْحَجَرِ: لعن طعن کرنا۔
— الْحُجَّۃَ: روئی پر لوہے یا کسی اور چیز سے گودنا۔ نَسَغَتِ الْوَاشِمَۃُ بِالْاِبْرَۃِ: گودنے والی عورت کا سوئی چبھونا — فِی الْاَرْضِ: جانا۔ نَسَغَتْ وَنَسَغَتِ الْاَسْنَانُ: دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں کی جڑوں کا ڈھیلا ہو جانا۔ نَسَغَتِ الشَّجَرَۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اگنا۔ وَنَسَغَہٗ: نیزہ مارنا۔
اَلنَّسِیْغَۃُ الشَّجَرَۃُ: درخت کا کاٹنے کے بعد پھر اگنا — النَّسِیْغَۃُ: درخت کے پودے کا نرم حصہ کو نکالنا — وَبِالسَّوْطِ: نیزہ مارنا — وَبِالسَّوْطِ: چابک مارنا۔
اِنْتَسَغَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں متفرق ہونا — الرَّجُلَ: سوچ بچار کرنا۔
النَّاسِغُ۔ فا۔ رَجُلٌ نَاسِغٌ: نیزہ بازی میں ماہر ہونا۔
النَّسْغُ۔ درخت کٹنے کے بعد جو نئی نکلے۔
النَّسِیْغُ۔ پسینہ۔
اَلْمِنْسَغَۃُ۔ سوئیوں کا مجموعہ جس سے گودنے والی عورت گودتی ہے۔ یا پرندہ کے پروں کا یا لوہے کی تیلیوں کا مجموعہ جس سے نانبائی روٹی پر نشان کرتا ہے۔
نَسَفَ (ض) نَسْفًا الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا — الْجِبَالَ: پہاڑوں کو گرا دینا — الشَّیْءَ: چھانا — الْحَبَّ بِالْمِنْسَفِ: غلہ کو چھاج سے پھٹکنا — وَانْتَسَفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا اور اڑانا۔
نَسَفَہٗ (ن) نَسْفًا وَنُسُوْفًا۔ دانت سے کاٹنا۔ نَسَفَ الْاِنَاءَ: بھر کر بہ پڑنا۔

إِنْتَسَفَ الْبِنَاءَ: عمارت کو بنیاد سے ڈھانا ـــــ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ إِنْتَسَفُوا الْكَلَامَ بَيْنَهُمْ: کم کرنا اور پوشیدہ کرنا ـــــ الْكَلَامَ: خوف کی وجہ سے ناتمام کہنا اور چپکے چپکے کہنا ـــــ الرِّيحُ الشَّيْءَ: ہوا کا کسی چیز کو اکھیڑنا اور اڑانا۔

إِنْتَسَفَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔ ـــــ

تَنَسَّفَ فِي الصِّرَاعِ: کشتی میں پچھاڑ دینا۔

تَنَاسَفَا الْكَلَامَ: باہم باتیں چپکے چپکے کہنا۔

النَّسِيفَة: تثلیث النون والنَّسَفَة: پاؤں رگڑنے کا بھانواں۔ ہو نَسِيف ونُسُف ونِسَاف۔

النَّسِيفَة: پاؤں رگڑنے کا بھانواں۔

النُّسَافَة: غلہ کا پچھوڑن۔ دودھ کے جھاگ۔ زمین سے جو غبار اٹھے۔

النَّسِيف: بھید۔ گدھے کے دانت کاٹنے کا نشان۔ كَلَامٌ نَسِيفٌ: پوشیدہ گفتگو۔ شَيْءٌ نَسِيفٌ: چھانی ہوئی چیز۔

النَّسُوف: اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے۔ ہو مَنَاسِيف: عَقَبَةٌ نُسُوفٌ: لمبی دشوار گذار گھاٹی۔

النَّسَاف والنُّسَاف: ایک پرندہ ہے جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے اور اس کے اوپر سنگ کے مانند اٹھا ہوا ہوتا ہے۔ ہو نَسَاسِيف۔

النَّسْفَان مِنَ الْآبِنَةِ: لباب چھلکتا ہوا برتن۔

المِنْسَفُ المِنْسَف: گدھے کی تھوتھنی۔ ہو مَنَاسِف۔ المِنْسَف: پھاج۔ سوپ۔

المِنْسَفَة: چھلنی۔ عمارت کے ڈھانے کا ایک آلہ۔

نَسَقَ (ن) نَسْقًا الدُّرَّ وَنَحْوَهُ: موتی پرونا ـــــ الْكَلَامَ: کلام کو ترتیب دینا۔

نَسَقَ الشَّيْءَ: ترتیب وار رکھنا۔

نَاسَقَ بَيْنَهُمَا: دونوں کو ترتیب سے کرنا۔

النَّسَقُ الرَّجُلُ: بیچ کہنا۔

إِنْتَسَقَتْ وَتَنَاسَقَتْ وَتَنَسَّقَتْ الْأَشْيَاءُ: منظم ہونا۔ باترتیب ہونا۔ کہا جاتا ہے تَنَاسَقَ كَلَامُهُ اس کا کلام باترتیب ہے۔ صفت مُتَنَاسِق۔

النَّسَق۔ باترتیب۔ کہا جاتا ہے جَاءَ الْقَوْمُ وَجَاءَتِ الْخَيْلُ نَسَقًا تُوكَ باترتیب آئے گھوڑے ترتیب کے ساتھ آئے۔ وَغَرَسْتُ النَّخْلَ نَسَقًا میں نے کھجور کے درختوں کو ہموار ایک قطار میں لگایا۔ وَهٰذَا دُرٌّ نَسَقٌ وَكَلَامٌ نَسَقٌ وَغَرْسٌ نَسَقٌ عَرَبِيَّةٌ النَّسَق والنَّسَق: حروف عطف کہا جاتا ہے هٰذَا نَسَقٌ عَلَى هٰذَا یعنی یہ اس کے اوپر معطوف ہے۔

النَّسِيق۔ باترتیب۔ منظم۔

نَسَكَ (ن) نَسْكًا وَنُسُكًا وَنَسَكًا وَنُسُكًا وَنُسْكًا وَنَسَّكَ تَنْسِيكًا وَتَنَسَّكَ الرَّجُلُ: زاہد وعابد ہونا ـــــ لِلَّهِ: نفل عبادت کرنا۔ خدا کے نام پر ذبح کرنا ـــــ نَسَكَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھو کر پاک کرنا۔ ـــــ الْبَيْتَ: گھر میں آنا ـــــ إِلَى الطَّرِيقَةِ الْحَمِيدَةِ: مداومت کرنا۔

نُسُك (ک) نَسَاكَةً: زاہد وعابد ہونا۔

تَنَسَّكَ۔ زاہد وعابد بننا۔

النُّسُك بتثلیث النون والنُّسُك: عبادت۔ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک حق۔ النُّسُك: مانوس جگہ۔

النُّسُك والنَّسِيكَة: نذر جو اللہ کیلئے پیش کی جائے۔ ذبیحہ۔ والنَّسِيك: چاندی ہونے کا ٹکڑا۔ جرمانے کا ذبیحہ۔ کہا جاتا ہے مِنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا فَعَلَيْهِ نَسِيكٌ جس شخص نے ایسا اور ایسا کیا اس پر ایک ذبیحہ ہے۔

النَّسِيك۔ سونا۔ چاندی۔

النَّسِيكَة۔ ذبیحہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا ٹکڑا۔ ہو نَسَائِك۔

النَّاسِك۔ فا۔ عابد زاہد۔ ہو نُسَّاك۔ عُشْبٌ نَاسِكٌ: بہت سبز گھاس۔ أَرْضٌ نَاسِكَةٌ: تازہ بارش والی سرسبز زمین۔

المَنْسَك۔ مانوس جگہ ـــــ والمَنْسِك، قربانی کی رسم۔ قربانی کی جگہ۔ قربانی ہو مَنَاسِك ومَنَاسِك الحج: اعمال وارکان حج۔

المَنْسُوك۔ مقم۔ ثوب مَنْسُوك: پانی سے دھو کر پاک کیا ہوا کپڑا۔ فَرَسٌ مَنْسُوكٌ: چھوٹے چھوٹے نرم بالوں والا گھوڑا۔ أَرْضٌ مَنْسُوكَةٌ: کھاد ڈالی ہوئی زمین۔

نَسَلَ (ن) نَسْلًا الشَّعْرَ او الرِّيشَ: بھاڑنا اور گرانا ـــــ الْوَلَدَ وَالْوَلَدَ: جننا ـــــ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

نَسَلَ (ن) نُسُولًا الرِّيشُ اور الصُّوفُ: پر یا اون کا جھڑنا اور گرنا۔

نَسَلَ (ض ن) نَسْلًا ونَسَلًا ونَسَلَانًا فِي مَشْيِهِ: تیز چلنا۔

أَنْسَلَ الصُّوفُ او الرِّيشُ: اون یا پر گرانا۔ الصُّوفُ: اون گرنا ـــــ الوَالِدُ الوَلَدَ: پیدا کرنا ـــــ فِي عَدْوِهِ: تیز دوڑنا ـــــ الْقَوْمُ: آگے بڑھ جانا ـــــ الدَّابَّةُ: جانور کے بال گرنے کا زمانہ قریب ہونا۔

تَنَاسَلَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے پیدا ہونا ـــــ بَنُو فُلَانٍ: بہت اولاد والے ہونا۔

النَّسْل۔ مم۔ خلق۔ اولاد۔ ذریت۔ ہو أَنْسَال۔

النَّسَل۔ مم۔ دودھ جو تھن سے خود نکلے۔ بغیر دوہے کا دودھ۔

النُّسَال۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون۔ واحد نُسَالَةٌ۔

النَّسِيل۔ گرے ہوئے پر یا بال یا اون موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسِيلَة۔ نَسِيل کا واحد۔ اولاد۔ بچی۔ موم سے جدا شدہ شہد۔

النَّسُولَة مِنَ الْمَوَاشِي: مویشی جو نسل بڑھانے کے لئے محفوظ کیا جائے۔ بہت نسل والا۔

النَّاسِل۔ فا۔ تیز رفتار۔ ہو نُسَّل۔

النَّسُول والنَّسَّال۔ تیز دوڑنے والا۔

نَسَمَ (ض) نَسْمًا البَعِيرُ الأَرْضَ بِكَفِّهِ: اونٹ کا ٹھوکر مار کر زمین میں نشان ڈالنا۔

نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا ونَسِيمًا ونَسْمَانًا الرِّيحُ

ہوا کا آہستہ چلنا ۔ نَسَمًا و نُسُمًا (س، ن) نَسَمًا، الشَّیْءُ: نظر ہونا۔ نَسِمَ البَعِیْرُ: سوراخ دار کھُر والا ہونا۔

نَسَمَ (ک) نَسَامَۃَ المَکَانُ: ہوا کا چلنا

نَسَمَ فِی الأَمْرِ: شروع کرنا ۔ النَّسَمَۃُ: زندہ

نَسَمَ آزاد کرنا ۔ الأَسِیْرَ: قیدی کو رہا کرنا۔

نَاسَمَہٗ مُنَاسَمَۃً وَنِسَامًا۔ چپکے چپکے بات کرنا۔

تَنَسَّمَ الرَّجُلُ: سانس لینا۔ تَنَسَّمَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا آہستہ چلنا ۔ الجَمْرُ: چنگاری کا بھڑکنا۔

تَنَسَّمَ المَکَانُ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے مہک اٹھنا۔

تَنَسَّمَ الخَبَرَ او العِلْمَ: آہستہ آہستہ دریافت کرنا۔ کہا جاتا ہے تَنَسَّمْتُ مِنْہُ عِلْمًا: میں نے اس سے علم حاصل کیا ۔ الرِّیْحَ: بو سونگھنا: بو محسوس کرنا ۔ الوَلَدَ: جنین کے جسم کا تیار ہونا اور روح پڑ جانا۔

النَّاسِم ۔ فا ۔ قَرِیْبُ المَوْتِ مریض۔

النَّسَم ۔ مع ۔ زندگی کا سانس ۔ آہستہ چلنے والی ہوا ۔ ہر انسان ۔ النَّسَم: ناک ۔ نسمہ بمعنے روح کی جمع ۔ مثا ہوا راستہ ۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔

النَّسَمَۃ ۔ حمام وغیرہ کے راستے۔

النَّسَمَۃ ۔ زندگی کا سانس ۔ ہر جان دار انسان ہو یا حیوان ۔ لونڈی ۔ غلام ۔ ہر نسمہ و نسمات

النَّسْمَۃ: سانس کا چڑھنا ۔ کہا جاتا ہے اُخِذَتْ نَسْمَتُہٗ یعنی اس کا سانس چڑھ گیا۔

النَّسِیْم ۔ مع ۔ روح ۔ پسینہ ۔ نرم ہوا ۔ ہر نظام اور بھاری بھرکم آدمی کے لئے کہا جاتا ہے ہُوَ ثَقِیْلُ الظِّلِّ بَارِدُ النَّسِیْمِ۔

النَّسِیْم ۔ نرم ہوا ۔ مٹا ہوا راستہ۔

(نَسَائِیم ۔ لوگ (یہ نَسِیم کی جمع ہے) کہا جاتا ہے مَا فِی الأَنَاسِیْمِ مِثْلُہٗ یعنی لوگوں میں اس کے مانند کوئی نہیں۔

المِنْسَم ۔ اونٹ ۔ اونٹ کے کھُر کا کنارہ۔

المَنْسَم ۔ النَّسَم: علامت ۔ راستہ ۔ مذہب (طریقہ) کہا جاتا ہے اِنَّ اَیْنَ مَنْسَمُکَ تمہاری آرزو کس طرف ہے۔

نَسْنَسَ الطَّائِرُ: پرندہ کا تیز اڑنا نَسْنَسَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا نَسْنَسَ البَعِیْرُ: اونٹ کو ڈانٹنا اور ہانکنا ۔ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

النَّسْنَاس ۔ شکل انسانی پر ایک خیالی جانور ۔ عند العامۃ: ہندوؤں کی ایک قسم، لنگور ۔ نَسْنَاسُ الإِنْسَانِ وَغَیْرِہٖ: مشقت اور صبر

النَّسْنَاس ۔ سخت بھوک۔

نَسَا یَنْسُوْ نَسْوَۃَ الرَّجُلُ: کام چھوڑ دینا۔

أَنْسَاہُ إِنْسَاءً الشَّیْءَ: چھوڑنے کا حکم دینا

النَّسَا ۔ ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک ہوتی ہے ۔ مثنی نَسَوَانِ وَنَسَیَانِ بہ النَّسَا۔

النَّسْوَۃ ۔ مع ۔ دودھ کا ایک گھونٹ۔

النَّسْوَۃ وَالنُّسْوَۃ وَالنِّسَاء وَالنِّسْوَان وَالنِّسْوَن وَالنِّسْنِیْن ۔ عورتیں ۔ یہ سب الفاظ مؤنث کی جمع ہیں ۔ اور نَسْوَۃ اور نُسْوَۃ کی طرح نسبت کے لئے نَسَوِی وَنُسُوِی اور تصغیر نُسَیَّۃ اور نُسَیَّات بھی کہا جاتا ہے۔

المَنْسُوْء ۔ عرق النساء کی بیماری میں مبتلا۔

نَسِیَ یَنْسَی نَسًی ۔ مبتلائے عرق النسا ہونا صفت مذکر نَسْیَا وَانْثی ۔ صفت مؤنث نَسْیَۃ و نَسْیَاء۔

نَسِیَ یَنْسِی نَسْیًا الرَّجُلَ: نسا نامی رگ پر مارنا۔

نَسِیَ یَنْسَی نَسْیًا وَنِسْیَانًا وَنِسْیَانَۃً وَنَسْوَۃً الشَّیْءَ: بھولنا۔

نَسَّی وَأَنْسَی الرَّجُلَ الشَّیْءَ: فراموش کرانا۔

تَنَاسَی ۔ اپنے آپ کو بھولا ہوا ظاہر کرنا۔

النَّسْیُ وَالنِّسْیُ ۔ بھولی ہوئی چیز معمولی چیزیں جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والے چھوڑ جائیں۔

النَّسْیَان وَالنَّسَّاء ۔ بہت بھولنے والا۔

النَّسِیّ ۔ بہت بھولنے والا ۔ اپنی قوم میں شمار نہ ہونے والا۔

الأَنْسِیّ ۔ پنڈلی کے نچلے حصہ کی ایک رگ۔

المَنْسِیّ ۔ مقم بھولی ہوئی چیز ۔ مثلاً حق النساء

المَنْسَاۃ ۔ لاٹھی (اس کی اصل مَنْسَأَۃ ہمزہ کے ساتھ ہے)

نَشَّ (ن) نَشَّ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو ہانکنا ۔ المِسْکَ وَنَحْوَہٗ: مشک باریک کرنا ۔ کوٹنا ۔ الشَّیْءَ: ملانا۔

نَشَّ (ض) نَشًّا وَنَشِیْشًا المَاءُ فِی الکُوْزِ الجَدِیْدِ: سکورے میں پانی کا آواز کرنا ۔ الحَمْءُ: ہانڈی میں پانی پر آواز نکلنا ۔ الغَدِیْرُ: تالاب کا پانی اترنے لگنا ۔ البَیْذُ: جوش مارنا ۔ الرُّطَبُ: خشک ہونا۔ نَشَّتِ اللَّحْمُ: گوشت کے ٹکڑے سے پانی ٹپکنا۔

النَّشّ ۔ مع ۔ ہر چیز کا نصف۔

النَّشَّاش ۔ اسم مبالغہ ۔ وَأَرْضٌ نَشَّاشَۃٌ: نمناک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

النَّشِیْش ۔ مع پانی کے جوش کی آواز۔

أَرْضٌ نَشِیْشَۃٌ: شور زمین جس میں کچھ نہ اگے۔

المِنْشَۃ ۔ موتھلی ۔ پچوڑی۔

نَشَأَ (ف) وَنَشُؤَ (ک) النَّشْءُ او نَشْأَۃً وَنُشُوْءًا وَنَشَاءَۃً وَنَشَاءَۃَ الشَّیْءُ: نو پیدا ہونا۔ زندہ ہونا ۔ الطِّفْلُ: جوانی کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَشَأَتْ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ: میری پرورش بنی فلاں میں ہوئی اور میں جوانی کو پہنچا۔ اور اسم النَّشْءُ۔ نَشَأَتِ السَّحَابَۃُ: گھٹا اٹھنا۔

أَنْشَأَہٗ إِنْشَاءً: پرورش کرنا۔ أَنْشَأَ اللّٰہُ السَّحَابَۃَ: گھٹا اٹھانا ۔ الشَّیْءَ: نو پیدا کرنا ۔ اللّٰہُ الشَّیْءَ: پیدا کرنا ۔ أَنْشَأَ الخَلْقَ: شروع کرنا أَنْشَأَ الحَدِیْثَ او الکَلَامَ: وضع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ اور اسی سے ہے عِلْمُ الإِنْشَاءِ ۔ زَیْدٌ: عمدہ شعر بنانا یا بہترین خطبہ دینا ۔ فُلَانٌ دَارًا: تعمیر شروع کرنا۔ أَنْشَأَ فُلَانٌ یَضْرِبُ: مارنے لگنا (اس صورت میں یہ افعال مقاربہ میں سے ہے)

مِنَ المَکَانِ ہٹنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ أَیْنَ أَنْشَأْتَ یعنی تم کہاں سے چلے۔

نَشَّأَہٗ تَنْشِئَۃً: پرورش کرنا۔ نَشَّأَ اللّٰہُ

السحابۃ: گھٹا چڑھانا۔
تَنَشَّأَ تَنَشُّؤًا۔ إِلٰی حَاجَتِہٖ: اپنی حاجت کے لئے جانا۔
إِسْتِنْشَاءٌ اَلْاِسْتِنْشَاءُ الْأَخْبَارُ: خبروں کی تحقیقت دریافت کرنا ــــ اَلْعَلَمُ فِی الْمَفَازَۃِ بلند کرنا ــــ فُلَانًا قَصِیْدَۃً اَوْ خُطْبَۃً: قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا۔
اَلنَّشْءُ۔ مع۔ نسل۔ کہا جاتا ہے ہُوَ نَشْءُ سُوْءٍ اور مِنْ نَشْءِ سُوْءٍ وہ بری نسل سے ہے۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ۔ نَاشِئٌ اسم فاعل کی جمع۔ چڑھا ہوا بادل۔ یا بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔ ہو نَشَأَ۔
اَلنَّشِیْءُ۔ بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو۔
اَلنَّشَاۃُ وَالنَّشِیْئَۃُ۔ نباتات کی نازک کونپلیں۔ اَلنَّشِیْئَۃُ: بمعنے اَلنَّاشِئَۃُ۔
اَلنَّاشِیْ۔ فا۔ جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا یا لڑکی۔ ہو نَشَأَ وَنَشَا وَنَاشَئَ (خلاف قیاس) ہر وہ چیز جو رات کو ظاہر ہو۔ ہو نواشی۔
اَلنَّاشِئَۃُ۔ نَاشِیْ کا مؤنث۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ رات کے ابتدائی اوقات۔ سونے کے بعد اٹھنا۔ نوجوان لڑکی۔ ہو نواشی۔
اَلْمَنْشَأُ۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تُوُلِّدَ وَمُنْشَأُہٗ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ"
اَلْمَنْشَأُ وَالْمُسْتَنْشَأُ۔ بلند جھنڈا۔ بلند نشان راہ۔
نَشَبَ (س) نَشْبًا وَنُشُوْبًا وَنُشْبَۃً اَلشَّیْءُ فِی الشَّیْءِ: پھنسنا ــــ اَلْعَظْمُ فِی الْحَلْقِ: حلق میں ہڈی پھنسنا۔ کہا جاتا ہے نَشِبَ فُلَانٌ نَشَبَ سُوْءٍ فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے رہائی ممکن نہیں "وَمَا نَشِبَتْ اَفْعَلُ كَذَا: یعنی میں ہمیشہ ایسا کرتا رہا "وَلَمْ یَنْشَبْ اَنْ مَاتَ" یعنی وہ فوراً ہی مر گیا (ــــ نُشُوْبًا) اَلْحَرْبُ بَیْنَ الْقَوْمِ: گھمسان کی جنگ ہونا ــــ اَلْاَمْرُ فُلَانًا: لازم ہونا ــــ غیرہ: خریدنا۔
نَشَّبَہٗ وَاَنْشَبَہٗ فِی كَذَا: پھنسانا چپکانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْشَبَ الْبَازِیْ مَخَالِیْبَہٗ فِی الْاَخِیْذَۃِ" باز نے چنگل شکار میں گھسا دیا "اَنْشَبَ الصَّائِدُ: شکاری نے شکار کو جال میں پھنسا لیا
اَلرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور کنکری وغیرہ اڑانا۔
نَاشَبَہٗ مُنَاشَبَۃً اَلْحَرْبَ: گھلم کھلا جنگ کرنا۔
تَنَشَّبَ فِیْہِ: چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَشَّبَ فِیْ قَلْبِہٖ حُبُّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت پیوست ہو گئی۔
اِنْتَشَبَ فِیْہِ: چمٹنا ــــ اَلْحَطَبَ: لکڑی جمع کرنا۔
تَنَاشَبُوْا۔ بعض کا بعض کیساتھ چمٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاشَبُوْا حَوْلَ الرَّسُوْلِ" لوگوں نے رسول کے ارد گرد بھیڑ لگائی۔
اَلنَّشَبُ۔ مع (ــــ وَالنَّشِبَۃُ) جائداد غیر منقولہ۔ مال و مویشی۔ اَلنَّشَبُ: ایک درخت کا نام جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
اَلنَّشِبَۃُ۔ مع (ــــ وَالنَّشَبَۃُ) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا مرد۔
نُشْبَۃُ۔ بھیڑیا کا علم جنس۔
اَلنُّشَّابُ۔ تیر۔ واحد۔ نُشَّابَۃٌ۔ ہو نَشَاشِیْب
اَلنَّاشِبُ۔ فا۔ تیروں والا۔ تیر انداز
اَلنَّاشِبَۃُ۔ نَاشِبٌ کا مؤنث۔ تیر انداز لوگ۔
اَلنَّشِبُ۔ چمٹنے والا۔
اَلنَّشَّابُ۔ بہت چمٹنے والا۔ تیر ساز و تیر انداز۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نُشَّابٌ" تیر انداز مرد۔
قَوْمٌ نُشَّابَۃٌ: تیر انداز لوگ۔
اَلْمَنْشَبُ۔ چمٹنے کی جگہ۔
اَلْمَنْشَبَۃُ۔ مال مویشی۔ کہا جاتا ہے "بُرْدٌ مَنْشَبٌ" تیر کی مانند نقش و نگار والی چادر۔
نَشَجَ (ض) نَشْجًا وَنَشِیْجًا اَلْبَاکِیْ: روتے روتے ہچکی لگنا۔ نَشَجَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا کھدکھدانا
نَشِیْجُ الضِّفْدَعِ: مینڈک کا ٹراتے وقت آواز دہرانا ــــ اَلْمُطْرِبُ: گویئے کا دو طرز کے سُروں کے درمیان فصل کرنا اور کھینچنا۔
اَلنَّشَجُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ہو اَنْشَاجٌ۔
اَلنَّشِیْجُ۔ مع۔ آواز۔
غَیْرَۃٌ نَشُجَۃٌ۔ آنسو جس کیساتھ آواز بھی ہو۔
نَشَجَ (ن) نَشْجًا وَنُشُوْجًا اَلرَّجُلُ: سیرابی سے کم پینا۔ سیر ہو کر پینا۔
اَلنُّشُوْحُ۔ تھوڑا پانی۔
اَلنَّشْجُ۔ مست لوگ۔ واحد نَشُوْجٌ۔
اَلنَّشَّاجُ مِنَ الْآنِیَۃِ: بھر کر چھلکنے والا برتن۔
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا وَنُشْدَانًا وَنِشْدَانًا وَنِشْدَۃً اَلضَّالَّۃَ: گم شدہ کو ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا ــــ فُلَانًا: پہچاننا ــــ ہُ اللّٰہَ وَبِاللّٰہِ: قسم دینا ــــ نَشْدًا) اَلرَّجُلُ: کسی سے اَنْشُدُکَ اللّٰہَ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے نَشَدْتُکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ" اس سے مقصد یہ ہے کہ میں نے تم سے کوئی چیز طلب نہیں کی سوائے اس کے کہ تم یہ کرو "وَنَشَدَہٗ عَہْدَہٗ اَوْ وَعْدَہٗ اس نے اس کو وعدہ یاد دلایا۔
اَنْشُدِ الضَّالَّۃَ: گم شدہ کے متعلق پوچھ گچھ کرنا۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا۔ اَلنَّشِیْدُ الشِّعْرُ: شعر پڑھنا۔ اَلنَّشِیْدُ بِالْقَوْمِ: ہجو کرنا ــــ زَیْدًا وَلِزَیْدٍ: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے نَشَدْتُہٗ فَانْشَدَنِیْ اَوِ انْشَدَنِیْ" میں نے اس سے پوچھا اس نے جواب دیا۔
نَاشَدَہٗ مُنَاشَدَۃً وَنِشَادًا۔ قسم کھلانا۔ نَاشَدَہُ الْاَمْرَ وَفِی الْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
تَنْشِیْدٌ۔ اَلْاَخْبَارُ: اطلاع دینا۔
تَنَاشَدُوْا۔ اَلْاَشْعَارَ: ایک دوسرے کے سامنے شعر پڑھنا۔
اِسْتَنْشَدَہٗ۔ اَلشِّعْرَ: شعر پڑھنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے۔ نَشَدْتُکَ وَنَشَدْتُکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ یعنی میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں۔ اور اللہ کی قسم دیکر تم سے کہتا ہوں کہ تم یہ کرو۔
اَلنَّاشِدُ۔ فا۔ طلب کرنے والا۔ تشہیر کرنے والا۔ اَلنَّاشِدُ دُوْنَ: گم شدہ کو تلاش کر کے مالک تک پہنچانے والے۔

النِّشْدَة - مع۔ آواز۔
النَّشِيد: آواز کی بلندی (ـــ والنَّشِيدة) ج نَشَائِد والأُنْشُودَة - ج أَنَاشِيد: شعر جس کو ایک دوسرے کے سامنے پڑھیں۔ تَنْشِيدُ الأَنْشَادِ بائبل کی ایک کتاب۔
النَّشَّاد - گمشدہ کو تلاش کرنے والا۔
النُّشَادِر والنُّوشَادِر - نوسادر (دخیل)
نَشَرَ (ض) نَشْرًا الثَّوْبَ: پھیلانا ـــ الخَبَرَ: افشا کرنا ـــ الشَّيْءَ: بکھیرنا ـــ الخَشَبَ: چیرنا ـــ عَنِ المَجْنُونِ او المَرِيضِ: منتر پھونکنا۔
نَشَرَتِ الرِّيحُ: بادل والے دن میں ہوا کا چلنا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا - الشَّجَرَ: پتے نکالنا۔
نَشَرَتْ أَوْرَاقُ الشَّجَرَةِ: پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا ـــ الأَرْضُ: ابر بہاری کے بعد سرسبز ہونا۔
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُورًا اللهُ المَوْتَى: زندہ کرنا۔ نَشْر و نُشُور المَوْتَى: زندہ ہونا۔ صفت نَاشِرُون۔
نَشَرَ (س) نَشْرًا المَوَاشِي: رات میں چرنے کیلئے پھیلنا۔ خارش والے ہونا۔
نَشَرَ الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑا پھیلانا ـــ عَنِ المَرِيضِ او المَجْنُونِ: بیمار یا دیوانہ پر منتر پھونکنا۔
أَنْشَرَ اللهُ المَيِّتَ: مردہ کو زندہ کرنا ـــ الأَرْضَ: زمین کو پانی ڈال کر قابلِ زراعت بنانا ـــ الرَّجُلُ: مذی نکالنا۔
تَنَشَّرَ الشَّيْءُ: پھیلنا۔
إِنْتَشَرَ الشَّيْءُ: پھیلنا ـــ النَّهَارُ: دن چڑھنا ـــ الخَبَرُ: خبر کا فاش ہونا ـــ الإِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا ـــ الرَّجُلُ: سفر شروع کرنا
تَنَاشَرُوا - الثِّيَابَ: کپڑوں کو باہم مل کے پھیلانا۔
إِسْتَنْشَرَ الخَبَرَ: خبر پھیلانے کو کہنا۔
النَّشْر: مع۔ عمدہ خوشبو یا بُو۔ کہا جاتا ہے لَهُ نَشْرٌ طَيِّبٌ اس کی اچھی خوشبو ہے۔ اُگنے کی ابتدا۔ خارش۔
النَّشْر والنَّشْرَى - بغیر سردار کے منتشر لوگ کہا جاتا ہے جَاءُوا نَشْرًا او نَشْرَاوَيْنِ لوگ متفرق ہو کر آئے۔ النَّشْر: پھیلا ہوا۔ کہا جاتا ہے اللَّهُمَّ أَحْيِ نَشْرِي اے اللہ میرے متفرق امور کو جمع کر دے
النَّشْر النُّشُور: مع۔ يَوْمُ النَّشْرِ ويَوْمُ النُّشُورِ قیامت کا دن۔
النَّشْرَة - نشرہ اسم مرۃ - باد نسیم اشتہار۔ (مولدۃ) ج نَشَرَات۔
النَّشْرَة - افسوں - منتر۔
النُّشَارَة - لکڑی کا برادہ جو آرہ کرتے وقت گرے۔
النَّاشِرَة - الناشرہ کا مؤنث - ناشر کا واحد ناشر ہاتھ کے رگ پٹھے کو کہتے ہیں۔
النُّشُور: بن الرِّيَاح: بادل اٹھانے والی ہوائیں - ج نُشُر۔
النَّشِير - ازار - تہ بند - کاٹ کر جمع کی ہوئی کھیتی۔
النَّوَاشِير: پٹھوں کے سرشتی رگ ہے اس کا واحد نہیں)
المِنْشَار: آرہ ج مَنَاشِير - المِنْشَار: پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں - ایک سمندری مچھلی جسکو أَبُو مِنْشَار بھی کہتے ہیں۔
المَنْشُور: مع۔ کھلا ہوا شاہی فرمان۔
المَنْشَر: مصدر میمی - کپڑا وغیرہ پھیلانے کی جگہ۔
المَنْشُورَة - المنشور کا مؤنث - سخی و شریف عورت۔
النِّشْوَار - جانوروں کا اصطبل۔
نَشَزَ (ض ن) نَشْزًا فِي او عَنْ مَكَانِهِ: بلند ہونا ـــ الرَّجُلُ: بیٹھے ہوئے سے اٹھنا - اونچی جگہ میں بھاگنا ـــ القَوْمُ فِي مَجْلِسِهِمْ: ساتھیوں کے لئے سمٹنا - اٹھ کھڑا ہونا - نَشَزَتْ نَفْسُهُ: گھبراہٹ سے دل دھڑکنا۔
نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوزًا المَرْأَةُ بِزَوْجِهَا و مِنْهُ و عَلَيْهِ: بیوی کا نافرمان ہونا - نفرت کرنا۔ بغض رکھنا۔ صفت نَاشِز و نَاشِزَة ج نَوَاشِز
نَشَزَ فَعَلَيْهَا و مِنْهَا: شوہر کا ظلم کرنا۔ سختی کرنا۔ تکلیف دینا ـــ بِالقَوْمِ فِي القُعُودِ: قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کیلئے اٹھ کھڑا ہونا۔
نَشَزَ (ض) نَشْزًا بِقَرْيَةٍ: سینگ سے اٹھا کر پھینک دینا۔
أَنْشَزَ الشَّيْءَ: جگہ سے نمایاں کر دینا۔ بلند کرنا
اللهُ عِظَامَ المَيِّتِ: مُردہ کی ہڈیوں کو اٹھا کر ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
النَّشْز: مع ـــ ج نُشُوز والنَّشُوز ج نِشَاز وأَنْشَاز: بلند جگہ ـــ من الرِّجَال: قوی مضبوط بڑے ڈیل ڈول کا موٹا۔
النَّشَاز: بلند جگہ۔
النَّاشِز - نا - جگہ سے اُبھرا ہوا - نمایاں۔
عِرْق نَاشِز: مرض وغیرہ کی وجہ سے اُبھری ہوئی اور دھڑکنے والی رگ۔
النَّشِيزَة والنَّشْزَة: مِنَ الدَّوَابِّ: سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار ٹھیر نہ سکے۔
نَشَصَ (ض ن) نُشُوصًا السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا ـــ النَّفْسُ: دھڑکنا ـــ القُرُوحُ او الشَّعْرُ: اُون یا بال کا نکلنا اور کھال سے چمٹا ہوا ہونا۔ نَشَصَتِ السِّنُّ: لمبا ہونا۔ نَشَصَ الشَّيْءَ: نکالنا ـــ فُلَانًا: نیزہ مارنا ـــ عَنْ بَلَدِهِ: شہر و مسکن سے علیحدہ ہونا۔ نَشَصَتِ المَرْأَةُ عَنْ زَوْجِهَا: عورت کا نافرمان ہونا، بغض رکھنا۔ صفت نَاشِص۔
أَنْشَصَهُ عَنْ بَلَدِهِ أَوْ بَيْتِهِ: شہر سے یا گھر سے نکال دینا۔
نَشَّصَهُ - بلند کرنا۔
تَنَشَّصَ لِلْأَمْرِ: اٹھنا اور تیاری کرنا۔
إِنْتَشَصَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
إِسْتَنْشَصَتِ الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اٹھانا۔
النَّشَاصِ والنَّشَاص - بلند تر بستہ بادل لشکر - ج نُشُص و نَشَائِص۔

النَّشُوص والنَّشِيص۔ کھڑا کیا ہوا نیزہ بلند کوہان والی اونٹنی۔

نَشِطَ (س) نَشَاطًا: شاش بشاش ہونا — فِی عَمَلِہٖ وَاِلٰی عَمَلِہٖ: پھرتیلا و چست ہونا۔ صفت نَاشِط ونَشِیط۔ نَشِطَتِ الدَّابَّۃُ: موٹا ہونا۔

نَشَطَ (ض) نَشْطًا مِنَ المَکَانِ: نکلنا۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ: عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے: نَشَطَ بِہِمُ الطَّرِیْقُ: راستہ ان لوگوں کو دائیں بائیں لے گیا۔

نَشَّطَ (ن) نَشْطًا الحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — العُقْدَۃَ: گرہ کو مضبوط کرنا — الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ: بغیر چرخی کے ڈول نکالنا — رَمْیًا: نیزہ مارنا۔ نَشَّطَتْہُ الحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔

نَشَّطَ الحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — اِلَی اَوْنِی العَمَلِ: چست بنانا۔ جرأت دلانا۔

اَنْشَطَہٗ: چست بنانا۔ اَنْشَطَ الرَّجُلُ: چست لوگوں یا جانوروں والا ہونا۔ اَنْشَطَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔ اَنْشَطَ الحَبْلَ: رسی میں گرہ دینا — العُقْدَۃَ او العِقَالَ: گرہ کھولنا — البَعِیْرَ مِنْ عِقَالِہٖ: اونٹ کو رہا کرنا۔ چھوڑنا — الکَلَأَ الدَّابَّۃَ: موٹا کرنا۔

تَنَشَّطَ: ہشاش بشاش ہونا — لِلْعَمَلِ: تیار ہونا اور چست ہو کر متوجہ ہونا۔ تَنَشَّطَتِ النَّاقَۃُ فِی سَیْرِہَا: تیز دوڑنا۔ تَنَشَّطَ المَفَازَۃَ: بیابان کو عبور کرنا۔

اِنْتَشَطَ الحَبْلَ: رسی کو کھلنے کیلئے کھینچنا — الحَبْلُ: رسی کا کھلنا — التَّشْیِیْطَۃُ: بلا قصد ارادہ کے ہاتھ لگے ہوئے اونٹوں کو ہانکنا — السَّمَکَۃُ: مچھلی کے پھنسنے آنا — الشَّیْءَ: چھیننا مضبوط کرنا — فُلَانًا اِلَی کَذَا: کھینچنا یا بلند کرنا اِنْتَشَطَتِ الحَیَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔

اِسْتَنْشَطَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔ بھری دار ہونا۔

النَّشْط: ہم۔ جلدی اور تیزی کے ساتھ ڈنک مارنا۔

النَّاشِط: فا۔ چست۔ پھرتیلا جنگلی بیل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرے۔ طَرِیْقٌ نَاشِطٌ: بڑی سڑک سے دائیں بائیں نکلا ہوا راستہ۔

النَّاشِطَۃ۔ النَّاشِط کا مؤنث۔ نَاشِطَاتٌ ونَوَاشِط۔ والنَّوَاشِط مِنَ المَسَائِل: بڑے مسئلے سے نکلے ہوئے مسائل واحد اس کا ناشطہ ہے۔

النَّشِیط۔ چست پھرتیلا چست اونٹوں والا یا چست جانوروں والا۔ ہ: نَشَاط وَنَشَاطَۃ۔

النَّشُوط ایک قسم کی مچھلی۔ بِئْرٌ نَشُوطٌ: گہرا کنواں۔

بِئْرُ نَشَاط ونَشَاط۔ گہرا کنواں جس سے ڈول ایک ہی دفعہ کے کھینچنے میں نکل آئے۔

النَّشِیطَۃ۔ النَّشِیط کا مؤنث۔ مال غنیمت جو غازیوں کو راستہ میں ہاتھ لگ جائے۔ اونٹ جو بلا قصد و ارادہ کے ہاتھ لگ جائیں اور ہانکے جائیں۔

الاُنْشُوطَۃ۔ گرہ جس کا کھولنا آسان ہو۔ کہا جاتا ہے: مَا عِقَالُکَ بِاُنْشُوطَۃٍ یعنی تمہاری دوستی کمزور نہیں ہے۔ ہ: اَنَاشِیط۔

المُنْشَط۔ بہت چست۔

المَنْشَط۔ خوش دلی۔ کہا جاتا ہے: اِفْعَلُوا ذٰلِکَ عَلَی المَنْشَطِ والمَکْرَہِ: اس کو خوش دلی اور ناراضی کے باوجود کرو۔

نَشَطَ (ن) نُشُوطًا النَّبَاتُ: نباتات کا نمودار ہونا۔

نَشَعَ (ن) نَشْعًا الرَّجُلُ: سکی لینا۔ الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا — الطِّیْبَ: خوشبو سونگھنا — فُلَانًا الدَّوَاءَ: دوا منہ میں ٹپکانا — ہٗ الکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

نَشِعَ نَشَعًا بِکَذَا: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا صفت مَنْشُوع بہ۔

اَنْشَعَہُ الدَّوَاءُ: منہ میں دوا ٹپکانا — ہٗ الکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سوجھانا۔

اِنْتَشَعَ: ناک میں دوا ٹپکانا — الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا۔

النُّشُوع۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ دوا جو مریض کے منہ میں ٹپکائی جائے۔ ہر وہ چیز جو سانس کو پھلا دے۔

النَّاشِع۔ ابھرا ہوا۔

النَّشْع۔ خراب مزے کا پانی۔

النُّشَاعَۃ۔ ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز۔

المِنْشَع والمِنْشَعَۃ۔ منہ یا ناک میں ٹپکنے کی دوا کا برتن۔

نَشَغَ (ن) نَشْغًا المَاءَ: پانی پینا — ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا — ہٗ الکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا — الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا — المَاءَ: اوک سے پانی پینا — الرَّجُلَ: سکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے۔

نُشِغَ الصَّبِیُّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکایا جانا — بِالشَّیْءِ: مشتاق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ صفت مَنْشُوغٌ بِہٖ۔

اَنْشَغَ عَنْہُ: علیحدہ ہونا — ہٗ الکَلَامَ: تلقین کرنا۔ سمجھانا۔

تَنَشَّغَ۔ سکی لینا یہاں تک کہ بیہوشی طاری ہو جائے (— وَنَاشَغَ وَانْتَشَغَ) الکَلَامَ: سیکھنا اور حاصل کرنا۔

النَّاشِغ۔ فا۔ ہ: النَّاشِغَۃ مؤنث نَاشِغَۃ۔ ج نَوَاشِغ ونَاشِغَات۔ النَّوَاشِغ: وادی میں بہنے کی نالیاں۔

النَّشْعَۃ۔ لمبی لمبی سانسوں میں سے ایک سانس۔ موت کے وقت کی بہت ہچکی۔ ج نَشَعَات۔

النُّشُوغ۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔ بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

المِنْشَغ والمِنْشَغَۃ۔ منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن۔

نَشِفَ (س) ونَشَفَ (ن) نَشْفًا الثَّوْبَ

العَرَقَ او الحَوضُ المَاءَ: کپڑے کا پسینہ کو یا حوض کا پانی کو جذب کر لینا — الماءُ فی الارض: جذب ہونا۔ نَشَفَتِ البِئرُ: کنویں کا پانی ختم ہونا۔ نَشَفَ (ض)، نَشْفًا المَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔

نَشَّفَ المَاءَ: پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے خشک کر دینا۔ نَشَّفَتِ النَّاقَةُ: زمانہ ولادت کے قرب کی وجہ سے کبھی تھن کا بھرا ہونا اور کبھی خشک ہونا۔ صفت مُنَشِّف۔ بھاگ والے دودھ والی ہونا۔

اَنْشَفَ: بھاگ والا دودھ پلانا۔

تَنَشَّفَ الثَّوبَ العَرَقَ: کپڑے کا پسینہ کو جذب کرنا — الرَّجُلُ: چیتھڑے وغیرہ سے جسم پونچھنا۔

اِنْتَشَفَ: بھاگ والا دودھ پینا — رِیحَ وِنْخُوَةً: میل وغیرہ صاف کرنا۔

النَّشْف: پانی کا جذب ہونا۔

النِّشْفَة والنُّشْفَة: تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشْفَة: وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے اور کھائی جائے۔

النَّشْفَة: بتثلیث النون والنَّشْفَة بھاڑوں۔ بہ نَشْفٌ ونُشْفٌ ونِشْفٌ ونُشُفٌ ونِشَافٌ۔

النَّشْفَة والنَّشَافَة: پانی پونچھنے کا کپڑا، بھاڑن۔

النُّشْفَة والنُّشَافَة: دودھ دوہتے وقت کے بھاگ۔ النُّشَافَة: جذب شدہ پانی۔ وہ چیز جو گرم گرم ہانڈی سے نکالی جائے۔

اَرضٌ نَشِفَة: پانی جذب کرنے والی زمین

المُنَشَّفَة: رومال۔ تولیہ (مولدۃ) بہ مَنَاشِف۔

النَّشَّاف: وہ شخص جو روٹی کو دیگ کے بھبکے سے تر کر کے تنہا کھائے۔

نَشَّ (س)، نَشًّا ونَشَفًا الرِّیحَ: بو سونگھنا — لِلجَارِیَة: پھندے میں پھنسانا۔

اَنْشَفَهُ المِسْكَ ونَحْوَهُ: مشک وغیرہ سونگھانا — الظَّبْیَ فی الحِبَالَةِ: ہرن کو جال میں پھنسانا۔ اور کہا جاتا ہے: اَنْشَقَتْهُ الحِبَالَةُ: اسکو جال نے پھنسا لیا — هُ النُّشُوقَ: نسوار سونگھانا۔

تَنَشَّقَ وانْتَشَقَ واسْتَنْشَقَ المَاءَ فی اَنْفِهِ: ناک میں پانی ڈالنا۔ تَنَشَّقَ واسْتَنْشَقَ الرِّیحَ او النُّشُوقَ: بو یا نسوار سونگھنا۔

النُّشْقَة: بکری وغیرہ کی گردن کا پٹھہ۔ بہ نُشَقٌ۔

النَّشِق: وہ شخص جو کسی کام میں پھنس جائے اور رہائی نہ پا سکے۔

النَّشْق والنَّشِق: سونگھنا۔ کہا جاتا ہے: رَائِحَةٌ کَرِیهَةُ النَّشْقِ

النُّشُوق: نسوار۔ ناک میں ڈالنے کی دوا ہر دوا جو سونگھی جائے۔

المَنْشَق: ناک۔ بہ مَنَاشِق۔

المَنْشَقَة: وہ ڈبیہ وغیرہ جس میں نسوار رکھیں۔

نَشَلَ (ن) نَشْلًا الرَّجُلَ: دبلا ہونا۔ نَشَلَتِ الفَخِذُ: کم گوشت والی ہونا۔ صفت نَاشِلَة۔

نَشَلَ (ض ن) نَشْلًا الشَّیْءَ: جلدی سے اچک لینا۔ چھین لینا — الخَاتَمَ: انگوٹھی اتارنا نَشَلَتِ الحَیَّةُ الرَّجُلَ: سانپ کا ڈسنا — اللَّحْمَ: گوشت بغیر مسالہ کے پکانا۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالنا۔

اَنْشَلَ وانْتَشَلَ اللَّحْمَ مِنَ القِدْرِ: گوشت کو ہانڈی سے نکالنا — مَا عَلَی العَظْمِ بِفِیهِ: دانت سے چھڑا کر کھانا۔

النَّشْل: مع بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

النَّشَّال: اکثر بغیر مسالہ کے گوشت پکانے والا۔ روٹی کو دیگ کے سرے سے تر کر کے تنہا کھانے والا۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

النَّشِیل: کنویں کا پہلا پانی۔ تازہ دودھ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت بغیر مسالہ کے پکا ہوا گوشت۔

المَنْشَلَة: انگلی کا وہ حصہ جو انگوٹھی کے نیچے رہے۔

المِنْشَل والمِنْشَال: گنڈی والا سیخ جس سے گوشت نکالیں۔ بہ مَنَاشِل۔

نَشَمَ (س)، نَشْمًا الثَّوْرُ: بیل کا سیاہ و سفید داغوں والا ہونا۔ صفت نَشْمٌ۔

نَشِمَ اللَّحْمُ: گوشت کا بگڑ جانا۔ بودار ہو جانا۔ — الاَرضُ: زمین سے پانی کا رسنا — فی فُلَانٍ: بدگوئی کرنا — فی الشَّرِّ: برائی میں مشغول ہونا — اللّٰهُ ذِکرَ فُلَانٍ: بلند کرنا۔ شہرت دینا — وتَنَشَّمَ فی الاَمرِ: شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ مِنهُ عِلمًا: حاصل کرنا۔ استفادہ کرنا۔

النَّشَم: مع۔ ایک درخت کا نام جس سے کمان بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے: یَدِی نَشَمَةٌ مِنَ الحُسْنِ وَجْهُهُ: یعنی میرا ہاتھ بودار ہے۔

المَنْشَم والمِنْشَم: ایک قسم کی خوشبو جس کا کوٹنا دشوار ہے۔ مُنَشِّم: ایک عطر فروش عورت کا نام کہ جب اس سے عطر لے کر لگاتے تھے تو لڑائی بہت زیادہ تیز ہو جایا کرتی تھی۔ اسی وجہ سے یہ مثل مشہور ہے: اَشَامُ مِن عِطرِ مُنَشِّم: المِنْشَم: حَبٌّ بِلِسَان۔

نَشْنَشَ نَشْنَشَةً الجِلْدَ: کھال اتارنا الشَّیْءَ: زور سے ہٹانا — الثَّوْرُ: بیل کو اکسانا دھتکارنا — الثَّوْبَ: کپڑے اتارنا — الوِعَاءَ: برتن کو جھاڑنا۔ بکھیرنا — السِّقَاءَ: لینا نَشْنَشَتِ القِدْرُ: ہانڈی کے ابال میں آواز کا نکلنا۔ نَشْنَشَ الرَّجُلُ: کام میں جلدی کرنا — اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی کھانا — الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

تَنَشْنَشَ مطاوع نَشْنَشَ — الشَّجَرُ: درخت سے چھال اتارنا۔

النَّشْنَشَة: مع۔ زردہ۔ کاغذ۔ نئے کپڑے وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔

النَّشْنَاش والنَّشْنَش والنَّشْنَشِی: عمل یا حرکات میں ہلکا پھلکا۔ اَرضٌ نَشْنَاشَةٌ: زمین شور۔

نَشِيَ يَنْشَى نَشْوَةً ونَشْوَةً ونُشْوَةً و تَنَشَّى وانْتَشَى واسْتَنْشَى الرِّيحَ: سونگھنا
نَشِيَ بِالشَّيْءِ: بار بار کرنا۔
نَشِيَ يَنْشَى نَشْوًا ونَشْوَةً ونَشْوَةً ونُشْوَةً و نَشًى وتَنَشَّى وانْتَشَى۔ مست ہونا۔ نشہ والا ہونا۔ کہا جاتا ہے نَشِيَ مِنَ الشَّرَابِ: وہ شراب سے مست ہوا۔
نَشِيَ واسْتَنْشَى الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
النَّشَا۔ عمدہ خوشبو۔ بو۔ ہر النَّشَّاء۔ والنَّشَّاءة۔ نشاستہ
النَّشَاة۔ خشک درخت۔ ہر نَشًا۔
النَّشْوَة۔ اسم مرۃ۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو
النِّشْوَة۔ تازہ خبر۔
النِّشْيَة۔ بو۔ ہر نَشًا یا۔
النَّشْوَان۔ مست۔ مؤنث نَشْوَى۔ ہر نَشَاوَى۔
النَّشْيَان۔ پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ نَشْيَانٌ لِلْأَخْبَارِ وَبَالُ الْأَخْبَارِ
نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا — الحَدِيثَ: حدیث کی سند بیان کرنا — الرَّجُلَ: پوری طرح سے دریافت کرنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو تیز دوڑانا — المَتَاعَ: سامان بہ رکھنا — العَرُوسَ: دلہن کو جلۂ عروسی میں بٹھانا — فُلَانٌ عُنُقَهُ: گردن اٹھانا — الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشَّوَاءُ عَلَى النَّارِ: بھونے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ وَنَاصَّ مُنَاصَّةً غَرِيمَهُ: قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَصَّصَ المَتَاعَ: سامان تہ بہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
انْتَصَّ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔
اِنْتَصَّ الرَّجُلُ: کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ العَرُوسُ: دلہن کا جلۂ عروسی میں بیٹھنا۔
تَنَاصَّ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔
النَّصّ۔ مصدر کلام۔ ہر نُصُوص۔
والنَّصُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: انجام۔ انتہا۔ النَّصُّ مِنَ الكَلَامِ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو
النَّصَّة۔ اسم مرۃ۔ مادہ چڑیا۔
النُّصَّة۔ ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَصٌ ونِصَاصٌ۔
النَّصِيص۔ مصد۔ نَصِيصُ القَوْمِ: لوگوں کی تعداد۔
المِنَصَّة۔ جلۂ عروسی۔ دلہن کیلئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
المِنَصَّة۔ دلہن کے بٹھانے کی کرسی پر بند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ہر رِنَاص اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى المِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص۔ ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الأَلِفِ"۔
المَنْصُوص۔ مصم تصریح شدہ۔ معین
نَصَأَهُ (ف) نَصْأً۔ پیشانی کے بال پکڑنا
الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصِبَ (ض ن) نَصْبًا المَرَضُ او الهَمُّ: تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّيْءَ: بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا — الشَّجَرَةَ: پودہ لگانا — لِلْحَرْبِ: کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا — لَهُ الشَّرَّ برائی ظاہر کرنا — لَهُ رَأْيًا: رائے دینا — لِفُلَانٍ دشمنی کرنا — الكَلِمَةَ: کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا — الأَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا تھکنا — فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّيْءَ: رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے نَصَّبَتِ الخَيْلُ آذَانَهَا گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کئے — الأَمِيرُ فُلَانًا: کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
أَنْصَبَهُ۔ تھکانا۔ حصہ مقرر کرنا — هُ المَرَضُ: تکلیف دینا۔ أَنْصَبَ الحَدِيثَ: سند بیان کرنا — السِّكِّينَ: چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً۔ دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا — هُ الحَرْبَ او العَدَاوَةَ: لڑائی کا اعلان کرنا دشمنی ظاہر کرنا۔
اِنْتَصَبَ۔ کھڑا ہونا۔ بلند ہونا — الحَرْفُ حرف پر زبر ہونا — الطَّاهِي: پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا۔
تَنَصَّبَ۔ کھڑا ہونا — الجُدَارُ وَنَحْوُهُ: بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوا الشَّيْءَ: باہم تقسیم کرنا۔
النَّصْب۔ مصد۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ تعب — عَنَ النَّاقَةِ: ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ العَرَبِ: ایک قسم کا راگ جو ہندی کے مشابہ ہے۔
النِّصْب۔ حصہ (نصیب میں ایک لغت)
النُّصُب و النَّصَب۔ کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے هَذَا نُصْبُ عَيْنِي یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ بُت۔ ہر أَنْصَاب۔ مرض۔ بلا و مصیبت
النَّصَب: حصہ۔ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے نِصَاب کی جمع۔
الأَنْصَاب: پتھر جو کعبہ کے ارد گرد کھڑے کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصْب۔ مصد۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ہر أَنْصَاب۔
النَّصِب۔ بیمار۔ مبتلا درد۔
النَّصَبَة۔ نَصَبَ کا اسم مرۃ۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔
النِّصْبَة۔ گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَة۔ ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ہر نُصَب۔
النِّصَاب۔ اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتدا۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ہر نُصُب۔
النَّصِيب۔ حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پھندا ہر أَنْصِبَة و أَنْصِبَاد۔ ونُصُب۔

النَّصِيبَة: حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب۔

النَّاصِب: فا۔ تیز رفتار۔ ہم نَاصِبٌ: تھکا دینے والا اُمم — عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب۔

النَّصَّاب: ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الأَنَاصِيب وَالنَّاصِيب: راستہ پر گڑے کئے ہوئے نشانات۔

الأَنْصَب: سیدھے سینگوں والا مؤنث نَصْبَاء۔ وَنَاقَةٌ نَصْبَاءُ: اُبھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب: اصل۔ مرجع حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب بمعنے عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کیلئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب: دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب

المَنْصَبَة: رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُو مَنْصَبَةٍ" رنج و کلفت والی زندگی۔

المَنْصَب: مغم۔ اَسْنَانٌ مَنْصَبَةٌ: خوبصورت ترتیب وار دانت۔

المَنْصُوب: مغم۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو

المَنْصُوبَة: المَنْصُوب کا مؤنث۔ حیلہ کہا جاتا ہے "سَوَّى لَهُ مَنْصُوبَةً" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا وَأَنْصَتَ وَ انْتَصَتَ لَهُ: بات سننے کے لئے خاموش ہونا

أَنْصَتَهُ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ۔ خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ۔ خاموش کھڑا ہونا — ؛ خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُّصْتَة۔ خاموشی۔

نَصَحَ (ن) نُصْحًا وَنُصُوحًا وَنَصَاحَةً وَ نَصَاحِيَّةً۔ فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ وَنُصَحٌ۔ کہا جاتا ہے "لَا أُرِيدُ بِكَ نُصْحًا وَلَا انْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور مجھے ناصح سمجھو۔

نَصُحَ (ن) نَصَاحَةً وَنُصُوحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا — تَوْبَتُهُ: پختہ توبہ کرنا — العَسَلُ: خالص طریقہ سے کرنا — العَسَلَ: شہد صاف کرنا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا — الغَيْثُ البَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً۔ ایک دوسرے کو نصیحت کرنا — نَفْسَهُ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔

أَنْصَحَ الرَّاعِي الإِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ۔ بہت نصیحت کرنا یا نصیحت کرنے والوں کے شابہ ہونا — الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ۔ نصیحت قبول کرنا — فُلَانًا خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَ۔ خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاح۔ دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ و نِصَاحَةٌ۔

النِّصَاحَات: چمڑے اسلئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَةٌ

النَّاصِح: خالص شہد وغیرہ۔ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَاصِحُ الجَيْبِ یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِح وَالنَّصَّاح وَالنَّاصِحِيّ: بوزی

النَّصِيح: خیر خواہ۔ نصیحت کرنیوالا ج نُصَحَاء

النَّصُوح: نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث) تَوْبَةٌ نَصُوحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيحَة: اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِح۔

غَيْثٌ نَوَاصِحُ: لگاتار بارشیں۔

المِنْصَح وَالمِنْصَحَة: سوئی۔

المِنْصَح: مغم۔ ثَوْبٌ مُنْصَحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا۔ اور کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي ثَوْبِهِ مُنْصَحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهُ (ن) نَصْرًا۔ مدد کرنا — ؛ مدد دینا۔ عَدُوَّهُ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الغَيْثُ الأَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الأَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَهُ۔ نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهُ مُنَاصَرَةً۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ۔ نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَهُ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے تَنَاصَرَتِ الأَخْبَارُ یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ۔ مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا — مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن سے بدلہ لینا — عَلَى خَصْمِهِ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهُ۔ مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهِ فریاد کرنا — فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر بھم۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَصْرٌ وَ قَوْمٌ نَصْرٌ یعنے رَجُلٌ نَاصِرٌ وَقَوْمٌ نَاصِرُونَ: جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر: بارش۔

النَّصْرَة۔ نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَة۔ مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيّ۔ شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں۔ ہم نَصَارَى مؤنث نَصْرَانِيَّة۔

النَّصْرَانِيَّة۔ نصاریٰ کا دین۔

النَّصْرَان۔ نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَة۔

النَّاصِر۔ فا۔ ہم نَاصِرُونَ وَنُصَّارٌ وَنَصْرٌ وَنُصَّاءُ وَالأَنْصَارُ عَلَى الإِطْلَاقِ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مددگار جو باشندگان مدینہ طیبہ تھے۔ اور نسبت کے لئے اَنْصَارِيّ کہا جاتا ہے۔ النَّاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی۔ ج نَوَاصِر۔ کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الأَوْدِيَةُ النَّوَاصِرَ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا۔

النَّاصِرَة الناصرہ مؤنث۔ وناصرہ ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کیلئے ناصری۔

النَّصُور و النُّصُر۔ مددگار۔

النَّصِير۔ مددگار۔ ج نُصَرَاء و اَنْصَار۔

النَّصِيرَة۔ النَّصِير کا مؤنث۔ عطیہ۔ ج نَصَائِر۔

النُّصَيْرِيَّة۔ غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيّ۔

النَّاصُور۔ ناسور۔ ج نَوَاصِير۔

النَّصَّار۔ بہت مدد کرنے والا۔

الأَنْصَر۔ غیر مختون۔

المَنْصُور۔ مفعم۔ اَرْض مَنْصُورَة: بارش شدہ زمین۔

نَصَعَ (ن) نُصُوعًا وَنَصَاعَةً الشَّيْءُ: خالص ہونا — (نُصُوعًا) الأَمْرُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے نَصَعَ الحَقُّ یعنی حق ظاہر ہوگیا۔ — اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا — الشَّارِبُ پیاسے کا پیاس بجھانا — الأَمْرَ بِهِ: جتنا کہا جاتا ہے فَتَحَ اللّٰهُ أَنَّا نَصَعَتْ بِهِ اللّٰهُ اُس ماں کا بُرا کرے جس نے اس کو جنا ہے — وَ اَنْصَعَ (بِالحَقِّ): حق کا اقرار کرکے ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْع والنِّصْع والنُّصْع۔ بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔

النِّصْع۔ چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِع والنَّصِيع۔ خالص۔ صاف۔ کہا جاتا ہے اَلْكَذِبُ نَاصِعٌ اَبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ: خالص حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب۔ کہا جاتا ہے اَحْمَرُ نَضَاعٍ یعنی خالص سرخ۔ حُمْرَة نَضَاعَة: خالص سرخی۔

المَنَاصِع۔ قضاء حاجت کے مقامات۔ واحد مَنْصَع۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا۔ آدھے تک پہنچنا۔ کہا جاتا ہے نَصَفَتْ قُرْبِي میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا۔ وَنَصَفْتُ الكِتَابَ میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وغیرہ: دن کا آدھے تک پہنچنا۔ (ن) نَصْفًا وَنِصَافًا وَنَصَافَةً وَنِصَافَةً) الرَّجُلُ: خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا وَنَصَافًا وَنِصَافًا الشَّيْءَ: آدھا لینا — القَوْمَ: آدھا وصول کرنا — الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا۔ — القِدْحَ: پیالے کو آدھا چاڑنا (نَصْف (ن) نُصُوفًا) النَّخْلَ: کھجور کے کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

نَصَّفَ الشَّيْءَ: آدھا آدھا کرنا۔ آدھا لینا۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا — رَأْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا — الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا — الجَارِيَةَ: اوڑھنی اوڑھانا — النَّخْلَ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا۔

اِنْتَصَفَ الشَّيْءُ: آدھے تک پہنچنا — الشَّيْءَ: آدھا لینا — الرَّجُلُ: انصاف دار ہونا — المُسَافِرَ: آدھے دن چلنا — الخَصْمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا — مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا — فُلَانًا: خدمت کرنا — المَاءُ الإِنَاءَ: آدھے تک بھرنا۔ اور کہا جاتا ہے اُنْتُصِفَ المَاءُ الإِنَاءَ: آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً: آدھا آدھا بانٹنا۔ نَاصَفَهُ المَالَ: آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ الأَمِيرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا — الرَّجُلَ: خدمت کرنا — فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا۔ بھلائی طلب کرنا۔ طمع ہونا — الشَّيْءَ: آدھا لینا۔ اور کہا جاتا ہے تَنَصَّفْنَاكَ سَنَتَنَا یعنی ہم نے تمکو اپنے درمیان کرلیا۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وغیرہ: دن کا آدھے تک پہنچنا — سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا — الشَّيْءَ: آدھا لینا۔

تَنَصَّفَ وَانْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ بدلہ لینا۔ تَنَصَّفَتِ وَانْتَصَفَتِ الجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔

تَنَاصَفَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ۔ انصاف کرنا — مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا۔

النِّصْف۔ تثلیث النون: کسی چیز کا آدھا ج اَنْصَاف۔

النَّصَف۔ درمیانی عمر والا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَصَفٌ بَيِّنُ النَّصَفِ وَالنَّصَافِ وَامْرَأَةٌ نَصَفٌ بَيِّنَةُ نَصَفٍ وَنَصَافٍ۔ اور کہا جاتا ہے اِنَّ فُلَانَةَ لَعَلَى نَصَفِهَا یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے — وَالنَّصَفَة: انصاف و عدل۔

النَّصَف وقد تُثَلَّث النون: انصاف رَجُلٌ نَصَفٌ: درمیانی عمر والا قد والا۔ اور اسی طرح کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ نَصَفٌ وَرِجَالٌ وَنِسَاءٌ أَنْصَفُ واحد ہی کا لفظ مذکر مؤنث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النَّصِيف۔ آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ — مِنَ البُرُودِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِف۔ خادم ج نَصَفٌ وَنُصَفَةٌ وَنُصَّافٌ۔

النَّاصِفَة: النَّاصِف کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ المَالِ: مال۔ ج نَوَاصِف۔

النَّصْفَان مِنَ الآبِرَةِ وَنَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفَى۔

الأَنْصَف۔ بہت انصاف کرنے والا۔ اور یہ اَنْصَف اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔

المُنْتَصَف وَالمُنْتَصِف مِنَ الطَّرِيقِ: راستے کا آدھا۔

المُنْصَف وَالمُنْتَصَف۔ خادم۔ مؤنث مُنْصَفَةٌ ج مَنَاصِف۔

المُنَصَّف۔ مفعم۔ شراب جس کو پکا کر آدھا

کردیا گیا ہو۔
مُنْتَصَفُ الشَّیْءِ وَمَنْصَفُہٗ: ہر چیز کا درمیان۔
اَلْمُتَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَکَانٌ مُتَاصِفٌ: برابر برابر اجزا والی جگہ۔
نَصَلَ (ن) نَصْلًا السَّہْمُ: تیر میں پیکان لگانا — السَّہْمُ: پیکان لگنا۔
نَصَلَ (ن) نَصْلًا وَنُصُوْلًا مِنْ کَذَا: نکلنا۔ کہا جاتا ہے نَصَلَ السَّہْمُ مِنْ نَصْلِہٖ تیر پیکان سے نکل گیا۔ وَنَصَلَتِ الْخَیْلُ مِنَ الْغُبَارِ گھوڑے غبار سے نکل گئے وَنَصَلَ الطَّرِیْقُ مِنْ مَوْضِعِ کَذَا راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ اللِّحْیَۃُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا — اَلْحَیَّۃُ اَوِ الْحُمَّۃُ: ڈنک کا اثر اتر جانا۔ وَنَصَلَ بَعْضُہٗ ظَاہِرًا: نکلنا — مِنْ بَیْنِ الْجِبَالِ: ظاہر ہونا — النَّاقَۃُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔
نَصَّلَ وَانْتَصَلَ السَّہْمَ: تیر میں پیکان لگانا وَانْتَصَلَ السَّہْمَ: پیکان جدا کرنا۔ اَلنَّصْلُ الشَّیْءَ: نکالنا۔
تَنَصَّلَ الشَّیْءَ: نکالنا۔ پسند کرنا — الرَّجُلُ کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ اِلٰی فُلَانٍ مِنَ الْخِیَانَۃِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا — مِنْ کَذَا: نکلنا — اللِّحْیَۃُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا — کَمَدُ فُلَانٍ: رنج و غم زائل ہونا۔
اِنْتَصَلَ السَّہْمُ: پیکان نکلنا۔
تَنَاصَلَ: نکلنا۔
اِسْتَنْصَلَہٗ: نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّیْحُ الْیَبِیْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
اَلنَّصْلُ: مع پیکان۔ چاقو کا پھل۔ اور لمبا دراز تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ جمع نِصَال وَنُصُوْل وَنُصْلَان۔ اَلنَّصْلُ الرَّاْسُ: سر کا بالائی حصہ اور کہا جاتا ہے مَنْزِلٌ نَصْلٌ کُدال جس کا دستہ لگا ہوا ہو۔ اَلنَّصْلَانِ: پیکان اور بھالا۔
اَلنَّضْلَۃُ: ایک پیکان۔
اَلنَّصِیْلُ: کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھڈی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِیْلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُل۔ اَلنَّصِیْلُ وَالْمُنَصَّلُ وَالْمِنْصَالُ: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔
اَلْمُنَصَّلُ وَالْمُنْصُلُ: تلوار۔ ج مَنَاصِل۔ مُنْصُلُ الْاَسِنَّۃِ وَمُنْصُلُ الْاٰلِ: نام ماہ رجب کا۔
اَلنَّصَمَۃُ: تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔
نَصْنَصَ الْبَعِیْرُ: اگلے گھٹنوں کے بل اونٹ کا زمین میں لگانا — الشَّیْءُ: لانا — فِی مَشْیِہٖ: چلنے میں جھومنا۔
حَیَّۃٌ نَصْنَاصٌ: بہت حرکت کرنے والا سانپ
نَصَا یَنْصُو نَصْوًا وَاَنْصَی الرَّجُلُ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَۃُ الْمَرْاَۃَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ اتارنا۔ دور کرنا۔
نَاصَی نِصَاءً وَمُنَاصَاۃً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَی الشَّیْءُ الشَّیْءَ: متصل ہونا۔
تَنَصَّی الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْاَۃُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّی الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ: متصل ہونا۔
تَنَاصَی الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا — الْاَغْصَانُ وَنَحْوُہَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے الجھنا۔
اَلنَّصُوْمِیَّۃُ: پیٹ کا درد۔
اَلنَّاصِیَۃُ: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ وَنَاصِیَات۔ اور کہا جاتا ہے اَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِیَۃَ فُلَانٍ یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِی النَّاسِ: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد۔
اَلْمُنْتَصَی۔ دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔
اَنْتَصَی اِنْتِصَاءً الْمَکَانُ: (بالائی): بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نصی)
اِنْتَصَی اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا — اَلْجَبَلُ اَوِ الْاَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا۔ — الشَّیْءُ: پھیلنا۔
اَلنَّصِیُّ۔ ایک عمدہ قسم کا پارہ۔ واحد نَصِیَّۃٌ ج اَنْصِبَاء۔ اَلنَّصِیُّ: گردن کی ہڈی ج اَنْصِیَۃٌ۔
اَلنَّصِیَّۃُ: بمعنے نَصِیٌّ — مِنَ الْقَوْمِ اور الابل وغیرہا: برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے نَعَمٌ نَصِیَّتِیٌّ: میرا عمدہ مال ہے۔ اَلنَّصِیَّۃُ: بقیہ۔ ج نَصِیٌّ وَنَصِیَّۃٌ اَنْصَاءٌ وَاَنَاصِیُّ۔
نَضَّ (ض) نَضًّا وَنَضِیْضًا الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُہٗ: سامان کے بعد نقدی ہونا — الشَّیْءَ: ظاہر کرنا — اَلْعَظْمَ مِنْ حَیَّۃٍ: زندہ کا بازوؤں کو ہلانا — اَلْعُوْدَ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا — اَلْقِرْبَۃَ مِنْ شِدَّۃِ الْمَلَاءِ: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔
نَضَّ (ض) نُضُوْضًا الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے نَاضَ بِیَدِیْ مِنْہُ شَیْءٌ یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ وَخُذْ مَا نَضَّ لَکَ مِنْ دَیْنٍ اَوْ ثَمَنٍ: قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔
نَضَضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا — الشَّیْءَ: ہلانا۔
اَنْضَ وَتَنَضَّضَ الْحَاجَۃَ: پورا کرنا۔ تَنَضَّضَ وَاسْتَنَضَّ نَضْرَ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کرکے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلَانًا: برا بھلا کہنا۔ اکسانا۔ اِسْتَنَضَّ الْعُرُوْقَ اَوِ الْحَجَرَ: تھوڑا تھوڑا کرکے فائدہ حاصل کرنا۔
اَلنَّضُّ۔ مع۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے۔ اِسْتَنَضَّ مِنْہُ قَضَاہُ اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ امر مکروہ کہا جاتا ہے اَتَی بِاَمْرٍ نُضٍّ اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نُضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔

النَّاضِب۔ فا۔ فَدْرِ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَکَانٌ نَاضِبٌ: دور کی جگہ۔ ہ نُضُب۔

النَّضْنَضَبُ۔ ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تری کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ہ نَاضِب۔

نَضَحَ (س) نَضْحًا الشَّرَابُ الْلَّحْمَ: پھل گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِح و نَضِیح (ــ نَضَحَتِ) النَّاقَۃُ وَلَدَہَا: اونٹنی کا رقت ولادت گذار دینا اور بچہ نہ دینا۔

اَنْضَجَہُ الشَّرَابُ اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔ اِسْتَنْضَجَہُ الْکُرَاعُ اَیِ الشَّاۃِ: بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْرُ و النَّضِجُ: پختگی۔ کہا جاتا ہے ہُوَ نَضِیجُ الرَّأْیِ یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے وَاَمْرٌ مُنْضَجٌ مضبوط معاملہ

المِنْضَاجُ۔ گوشت بھوننے کی سیخ۔

نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا الْبَیْتَ بِالْمَاءِ: پانی چھڑکنا ــــ عَلَیْہِ الْمَاءَ: چھڑکنا ــــ الْجِلْدَ: کھال تر کرنا ــــ عَطَشَہُ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا ــــ الْبَعِیرُ الْمَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لئے نہر یا کنوئیں سے لانا ــــ فُلَانًا بِالنَّبْلِ تیر اندازی کرنا۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِہِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا ــــ الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لئے پھٹنا ــــ النَّخْلَ: پانی لگانے والی اونٹنی سے پانی لاکر سیراب کرنا۔

نَضَحَ (ن) نَضْحًا وَتَنْضَاحًا الْاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا ــــ الْفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔ نَضَحَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا ــــ السَّمَاءُ الْقَوْمَ: برسانا۔

اَنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ: بمعنے نَضَحَ ــــ غَرَضَ فُلَانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔

نَاضَحَ مُنَاضَحَۃً۔ عَنْ کَذَا: مدافعت کرنا

اِنْتَضَحَ الْمَاءُ عَلَیْہِ: پانی چھڑکا جانا ــــ و اِسْتَنْضَحَ الْمُتَوَضِّیءُ: وضو کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔

تَنَضَّحَتِ وَانْتَضَحَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔ اِنْتَضَحَ مِنْ کَذَا: بیزار ہونا۔

النَّضْحُ ہ م۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضْحُ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ہ نُضُوح و اَنْضَاح۔

النَّضْح۔ حوض۔ ہ نُضُوح و اَنْضَاح۔

النَّضِیحَۃ۔ حوض۔ پسینہ۔ ہ نُضْح۔

النَّاضِح۔ فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کیلئے لایا جائے۔ مؤنث نَاضِحَۃ۔ ہ نَوَاضِح بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

النَّضَّاح۔ اسم مبالغہ۔ کھجوروں کو سیراب کرنیوالا۔ سیراب کرنیوالے اونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَۃٌ قَوْسٌ نَضَّاحَۃٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّضُوحَۃ۔ ایک قسم کی خوشبو۔ قَارُورَۃٌ نَضُوحٌ مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوحٌ و نَضِیحَۃٌ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

التَّنَضَّاح۔ پسینہ۔

المِنْضَحَۃ و المَنْضَحَۃ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ نہرا رہ۔

نَضَخَہُ (ن) نَضْخًا۔ چھڑکنا تر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے نَضَخَ النَّبْلَ وَبِالنَّبْلِ فِی الْعَدُوِّ: اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھار کر دی۔

نَضَحَ (ن) نَضْحًا وَنُضُوحًا وَنَضْخَانًا الْمَاءُ: پانی کا چشمہ سے اُبلنا۔

نَاضَحَہُ مُنَاضَحَۃً وَنِضَاحًا۔ ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَحْ وَاِنْضَاخٌ عَلَیْہِ الْمَاءُ: پانی کا گرنا۔

اِنْتَضَحَ الْمَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخَۃ ہ م۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضْخَۃ۔ بوچھار۔

النَّضَّاخ۔ موسلا دھار بارش۔ عَیْنٌ نَضَّاخَۃٌ: اُبلنے والا چشمہ۔

المِنْضَحَة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ ہو مَناضِح عوام اسے مَرشَّة یا رَشَّاشَة کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا و نَضَّدَ۔ اشیاء سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعول مَنضُود و نَضِید و مُنَضَّد اور کہا جاتا ہے زائی مُنَضَّد یعنی مضبوط طرائے۔

تَنَضَّدَتِ الأَسنَانُ ونحوُہا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنتَضَدَ القَومُ بمکانِ کذا: جمع ہونا۔ اور ٹھیرنا۔

النَّضَد۔ ترتیب سے رکھا ہوا یا ڈھیر لگایا ہوا سامان خانہ۔ تحت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے لِبَنِی فُلانٍ نَضَدٌ فلاں کے بیٹوں کے لئے شرافت ہے۔ شریف ہو اَنضَاد۔ اَنضَادُ القَومِ: لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ اَنضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ اَنضَادُ الجَبَلِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (ج ــــ والنُّضُود) موٹی اونٹنی۔ ہو اَنضَاد و نُضُد۔

النَّضِیدَة۔ بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ہو نَضائِد۔

المِنضَدَة۔ گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹیبل۔

نَضَرَ (ن) ونَضِرَ (س) ونَضُرَ (ک) نَضْرًا ونَضَارَةً ونَضَرًا ونُضُورًا ونَضَارَةً الوَجهُ او اللَّونُ او الشَّجَرُ وغیرُہا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ و نَضِیرٌ و نَضِیرَةٌ۔

نَضَّرَہُ (ن) نَضْرًا و نَضَّرَہُ اللہُ: ــــ تر و تازہ بنانا۔

اَنضَرَ۔ تر و تازہ ہونا ــــ الشَّجَرُ: درخت کا سبز ہونا۔ اَنضَرَہُ اللہُ: تر و تازہ بنانا۔

اِستَنضَرَ الشَّیءَ: تر و تازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر۔ ہو اَنضَار و النَّضْرُ و النُّضَار و النَّضِیر و الأَنضَر۔ چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لئے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضَار و النِّضَار: بھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا بھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لئے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے قَدَحٌ نُضَارٌ یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النَّاضِر۔ خوبصورت۔ نرم و نازک۔ سبز۔ النَّاضِرَةُ من کُلِّ لَونٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے۔ اَخضَرُ ناضِرٌ و اَخضَرُ نَاضِرٌ۔

النَّضْرَة۔ نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولتمندی۔ نکھارا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے تَعَرَّفُ فِی وُجُوہِہِم نَضْرَةَ النَّعِیمِ یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا و نَضَّفَ (ض) نَضْفًا و اِنتَضَفَ الفَصِیلُ: بچی ضرع امہ: اونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی لینا۔

نَضَفَہُ (ن) نَضْفًا۔ خدمت کرنا یَنضَفُ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

اَنضَفَ الجَمَلُ: اونٹ کا دلکی چلنا ــــ الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا ــــ الجَمَلَ: اونٹ کو دلکی چلانا۔

النَّضَف۔ مع۔ جنگلی پودینہ۔

النَّضَفَان۔ دلکی چال۔

النَّضِف و النَّضِیف۔ ناپاک۔

النَّاضِف۔ فار ــــ والنُّضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ہو نَوَاضِف۔

نَضَلَہُ (ن) نَضْلًا۔ تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِیرُ: اونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

نَاضَلَہُ نِضَالًا و مُنَاضَلَةً: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنہُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

اَنضَلَہُ: لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَہُ: نکالنا۔

اِنتَضَلَہُ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے اِنتَضَلَ سَہمًا مِن کِنَانَتِہِ اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَومِ او سَہمًا مِنَ الکِنَانَةِ: انتخاب کرنا چننا۔ اِنتَضَلَتِ الإِبِلُ فِی السَّیرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنتَضَلَ وتَنَاضَلَ القَومُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

النَّاضِل۔ تیر اندازی میں غالب۔ ہو نُضَّال۔

النِّضْنِض۔ مصیبت۔ بلا و سختی۔

نَضْنَضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا ــــ بِشَاتِہِ: حرکت دینا ــــ ہ: متلاشی ہونا۔

النَّضْنَاض والنَّضْنَاضَة۔ مِنَ الحَیَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنیوالا سانپ۔

نَضَا یَنضُو نَضْوًا۔ السَّیفَ مِن غِمدِہِ: تلوار کو میان سے سونتنا ــــ الثَّوبَ عَنہُ: کپڑا اتارنا ــــ الرَّجُلُ مِن ثَوبِہِ: ننگا کرنا ــــ الإِبِلَ: لے جانا۔ نَضَا الجُرحُ: زخم کی سوجن اترنا ــــ المَاءُ پانی کا جذب ہونا ــــ السَّیفُ: تلوار کا پار ہونا ــــ نَضَوا و نُضُوًّا الفَرَسُ الخَیلَ: آگے بڑھ جانا ــــ نَضَوا و نُضُوًّا (ن) الخِضَابُ: رنگ اترجانا۔

أَنضَی اِنضَاءً البَعِیرَ: اونٹ کو دبلا کرنا الثَّوبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا ــــ فُلانًا: دبلا جانور دینا۔

نَضَّی تَنضِیَةً۔ ثَوبَہُ عَنہُ: کسی کا کپڑا اتارنا۔

تَنَضَّی البَعِیرُ: اونٹ کو دبلا کرنا۔

اِنتَضَی اِنتِضَاءً السَّیفَ: تلوار کو میان سے سونتنا ــــ الثَّوبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النِّضْو۔ دبلا جانور مؤنث۔ نِضْوَةٌ۔ بوسیدہ

کپڑا۔ کثرت تیر اندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنْضاء۔

النُّضَاوَة۔ مِنَ الخِضَاب: چھڑایا ہوا خضاب کیا جاتا ہے "اَعْطِنِی نُضَاوَةَ خِضَابِکَ" عضوے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔

النَّضِیّ۔ دُبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر۔ مِنَ السِّہَام: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنْضِیَة۔

نَضَی یَنْضِی نَضْیًا السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔ **الثَّوْبَ**: کپڑا اتارنا۔ **وَانْتَضَی وَاسْتَنْضَی**) الثَّوْبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا

نَطَرَ (ن) نَطْرًا الشَّیْءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔

نَطَّ (ض) نَطًّا۔ بکواس کرنا۔ **فِی الْاَرْضِ** جانا (**نَطِیطًا**) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔

النَّطَّاط۔ بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنیوالا۔ کودنے والا۔ لغو دعویٰ کرنیوالا۔

النَّطِیط۔ مع۔ مکان **نَطِیطٌ**: دور کی جگہ **اَرْضٌ نَطِیطَةٌ**: دور والی زمین۔

عَقَبَةٌ نَطَاءٌ۔ دور کی گھاٹی۔

الْاَنَطُّ۔ دور کا سفر۔ ج **نُطُط**۔

نَطَبَهُ (ن) نَطْبًا وَانْتَطَبَهُ۔ انگلی سے کان پر مارنا۔

نَاطَبَهُ مُنَاطَبَةً۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا جھگڑا کرنا۔

اَنْطَبُ اُذُنَهُ: انگلی سے کان پر مارنا۔

النَّاطِبَة۔ چھنے کا سوراخ ج **نَوَاطِب**

النِّطَاب۔ سر۔ گردن کی رگ۔

المِنْطَب والمِنْطَبَة۔ چھننا۔

المِنْطَبَة۔ بے وقوف۔

نَطَحَ (ن ض) نَطْحًا الثَّوْرُ ونحوُہ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ **نَطَحَ فُلَانًا**: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَاطَحَهُ نِطَاحًا ومُنَاطَحَةً۔ سینگوں سے مارنا۔

اِنْتَطَحَ وتَنَاطَحَ الکَبْشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ **تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ**: امواج السیول: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔

النَّاطِح۔ فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ تخییر کے خلاف ہو۔ کہا جاتا ہے "لَا نَاطِحٌ وَلَا غَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ ناطح سے مراد بھیڑ بکری بیل اور غابط سے اونٹ

النَّاطِح: منازلِ قمر میں سے دو ستاروں کا نام

النَّطْح۔ مع۔ منازلِ قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔

النَّوَاطِح۔ سختیاں۔

النَّطْحَة۔ نطح کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔

النَّطِیح۔ سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ تھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث **نَطِیحَةٌ**۔ ج **نُطُحٌ وَنَطَائِحُ**۔

النَّطَّاح۔ بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔

نَطَرَ (ن) نَطْرًا ونِطَارَةً۔ انگور اور زرع انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔

النِّطَارَة۔ مص۔ باغبانی کا پیشہ۔

النَّاطِر/النَّاطُور۔ باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج **نُطَّار ونَطَرَة ونَوَاطِيرُ ونُطَرَاء**۔

النُّطَار۔ اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کیلئے کھڑا کیا جاتا ہے)

نَطْرُدُن۔ بورۂ ارمنی۔

نَطِسَ (س) نَطَسًا۔ عالم ہونا۔ ماہر ہونا

تَنَطَّسَ۔ گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور وفکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ وَعَنِ الْاَخْبَارِ" یعنے اس نے تحقیقات کی۔

النَّطْس والنِّطِس والنَّطِس۔ عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔

النِّطِیس والنِّطَاسِی والنَّطَاسِی۔ عالم۔ ماہر طبیب۔

النُّطُس۔ ماہر اطباء۔

النُّطَسَة۔ بہت احتیاط کرنے والا۔

النَّاطِس۔ جاسوس۔

نَطِعَ نَطَعًا وانْتَطِعَ واسْتَنْطِعَ وَجْهُہ: رنگ متغیر ہونا۔

تَنَطَّعَ فِی الْکَلَامِ: غلو کرنا۔ تالو سے بولنا۔ — **فِی شَہْوَاتِہ**: مبالغہ کرنا — **فِی عَمَلِہ**: ماہر ہونا — **الرَّجُلُ**: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَّطْع والنِّطْع والنَّطِع والنِّطَع۔ چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنیکے لئے بچھایا جاتا ہے ج **اَنْطَاع ونُطُوع**۔

النِّطْع والنِّطَع: تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن بیسا ہوتا ہے۔ ج **نُطُوع**۔ اور اسی سے حروف **نطعیۃ** ت د ط ہیں۔

النُّطُع۔ گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والے۔

النَّاطِع۔ خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے۔ بیاض **نَاطِعٌ**۔

نِطَاعُ القَوْمِ: قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِی فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو روندا۔

النَّطَّاع۔ کلام میں بہت غلو کرنیوالا۔ جلد ساز

ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا ج **نَطَّاعُون**۔

النُّطَاعَة۔ لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا ونَطَفَانًا ونِطَافَةً۔ الماء: تھوڑا تھوڑا پانی بہنا — **القِرْبَةُ**: مشک کا ٹپکنا — **الماءَ**: پانی بہانا۔

نَطَفَ ونَطَّفَ واَنْطَفَ۔ بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ **نَطَفَ المَرْأَةَ**: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) ونُطِفَ نَطَفًا ونَطَافَةً ونُطُوفَةً۔ عیب دار ہونا۔ عیب بدکاری کا الزام لگایا جانا۔ **نَطِفَ الشَّیْءُ**: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ **نَطِفَ الرَّجُلُ**: بدچلنی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ۔ **الرَّجُلُ**: عیب دار ہونا — مِنْ کَذَا

پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَف: میم۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔

النُّطْفَة: صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف و نُطَف (و) النُّطَافَة: تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُّطَافَة: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُّطْفَتَان: دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النُّطْفَة والنَّطْفَة: بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف۔

النَّطِف: پلید۔ شکی آدمی۔

النَّطُوف: بارش والی۔ کہا جاتا ہے۔ لَيْلَةٌ نَطُوفٌ: صبح تک بارش والی رات۔

النَّاطِف: ریوڑی۔ گڑ۔

النَّاطِفِيّ: ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ (ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوقًا: بولا — الْكِتَابُ: واضح بیان کرنا۔

نَطَّقَهُ: گفتگو کرانا۔ کسی کو پٹکا باندھنا۔ کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا۔ نَطَّقَ الْمَاءُ الْأَكَمَةَ وغیرہا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔

نَاطَقَهُ: گفتگو کرانا۔

أَنْطَقَهُ: گفتگو کرانا۔

تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔

تَنَطَّقَ وانْتَطَقَ وتَمَنْطَقَ: کمر میں پٹکا باندھنا — الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر پر پٹکا باندھنا — الْأَرْضُ بِالْجَبَلِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا

اسْتَنْطَقَ بِقَوْمِهِ: طاقت ور و قوی ہونا۔

الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا — فَرَسَهُ: بغیر سوار ہوئے گھوڑے کھینچنا۔

اسْتَنْطَقَهُ: گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔

النُّطْق: ہم۔ اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔

النُّطْقَة: نطق کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔ نَطَقَ نُطْقَةً وَاحِدَةً: وہ ایک ہی بول بولا۔

النَّطِق: بولنے والا۔

النِّطَاق: کمربند۔ پٹی۔ کہا جاتا ہے فُقْدَ فُلَانٌ ثَكِلَتِ النِّطَاقُ: یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کیلئے مستعد ہوا۔ النِّطَاق: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ کچھ حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ ج نُطُق۔

نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ: جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام و التیام کے لئے مضرب المثل ہیں۔

النِّطَاقَة: پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔

النَّاطِق: خاص عرب کا قول الْإِنْسَانُ حَيَوَانٌ نَاطِقٌ: یعنی انسان عاقل ہے۔ كِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔

النَّاطِقَة: النَّاطِق کا مؤنث۔ کہا النَّفْسُ النَّاطِقَة: نفس انسانی۔

المَنْطِق: میم۔ گفتگو۔ اور کبھی انسان کے علاوہ کیلئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّيْرِ: علم المنطق: ایک علم عقلی کا نام جسکو میزان بھی کہتے ہیں۔ اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔

المَنْطِقِيّ: علم منطق جاننے والا۔

المِنْطَق والمِنْطَقَة: پٹکا جو کمر پر باندھا جائے ج مَنَاطِق۔ اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: یعنی پٹکا باندھا جیسے دِرْعَةٌ سے تَدَرَّعَ اور مِنْدِيلٌ سے تَمَنْدَلَ۔

تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا۔ اور اسی سے بعض کا قول ہے: مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہوگیا۔ مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام۔ اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔

المِنْطَقِيّ والنِّطَقِيّ: لمبے۔

المِنْطَق: ہم۔ پٹکا باندھنے کی جگہ المِنْطَقَة من المَعْز: مکری میں سفیدی والی مکری۔

المُنْتَطِق: عالی مرتبہ۔ گرامی قدر۔ اور کہا جاتا ہے جَاءَ مُنْتَطِقًا حِصَانًا: یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کودتا بناکر لایا۔

المَنْطُوق عِنْدَ الْأُصُولِيِّين: مفہوم مخالف کا مقابل

نَطَلَ (ن) نَطْلًا: الْمَرْءَ: کوڑنا — (نَطَّلَ) (تَفْعِيل) بِالنُّطُول: تیز کرنا۔ آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔

انْتَطَلَ مِنَ الزِّقِّ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔

النَّطْل: ہم۔ انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔ (ر) — والنِّطْل: بھگوئے ہوئے خشک انگور سے خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو پچ رہتا ہے۔

النِّطْل: شراب کا بقیہ۔

النُّطْلَة والنَّاطِل: شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔ النَّاطِل: فضلہ جو پیمانہ میں باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے مَا ظَفِرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔

النَّاطِل والنَّاطَل والنَّيْطَل والنَّاطِل: شراب دودھ وغیرہ پانے کا کوزہ۔ النَّيْطَل والنَّطَلَة: مصیبت۔ والنَّيْطَل: ہلاکت موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِل۔

الأَنْطَلَة: مصیبتیں۔

النَّطُول: پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو اؤف کو اس سے دھاریں۔

المَنَاطِل: شراب کشی کے آلات۔

نَطَنَطَ الشَّيْءَ: کھینچنا — الرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا — وتَنَطْنَطَ: دور ہونا۔

النَّطَنْطَ والنُّطَنْطَ والنَّطَنْطَاط: لمبے قد والا۔ ج نَطَانِطُ ونَطَانِيطُ۔

نَطَا يَنْطُو نَطْوًا: الْبِئْرَ: رسی کھینچنا — الْغَزْلَ: کاتتے ہوئے سوت کا باریک کرنا — النَّزْلُ: دور ہونا — عَنْ فُلَانٍ: چپ ہو جانا۔

نَاطَى مُنَاطَاةَ الرَّجُلِ: باہم نزاع کرنا۔

النَّطْي: دینا۔

تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تَنَاطَوُا الْكَلَامَ: آپس میں گفتگو کرنا۔

النَّطْو۔ دُوری۔

النَّطِيّ۔ دور۔ کہا جاتا ہے طَرِيْقٌ نَطِيٌّ دور کا راستہ ـــ وَالنَّطْوُ: مِنَ الْغَزْلِ: کاتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔

النَّطَاة۔ کچی کھجور کا خلاف یا دخل ہے اَلْطَاء

نَظَرَ (ن) وَنَظِرَ (س) نَظْرًا وَمَنْظَرًا وَمَنْظَرَةً وَتَنَظَارًا وَنَظَرَانًا۔ ہ: والیہ: دیکھنا غور سے دیکھنا۔ (نَظَرَ (ن) نَظَرًا فِي الْأَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا ـــ الشَّيْءَ: انتظار کرنا ـــ بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا ـــ لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا ـــ فُلَانًا: متوجہ ہونا۔ دیر کرنا ـــ فُلَانًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ (النظر میں ایک لغت ہے) ـــ الشَّيْءَ: مہلت سے بیچنا ـــ فُلَانٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے اُنْظُرْنِي فُلَانًا میرے لئے فلاں کو طلب کرو۔ وَدَارِي تُنَاظِرُ دَارَهُ میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے وَنَظَرَ الدَّهْرُ إِلَى بَنِي فُلَانٍ زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔

نَاظَرَهُ مُنَاظَرَةً۔ مشابہ ہونا۔ بحث کرنا

تَنَاظَرَ الْجَيْشُ الْأَلْفَيْنِ: قریب پہنچنا ـــ فُلَانًا بِفُلَانٍ أَوِ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے وَدَارِي تُنَاظِرُ دَارَهُ میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے

أَنْظَرَهُ الدَّيْنَ: ادائی قرض کیلئے مہلت دینا۔ أَنْظَرَ فُلَانًا بِفُلَانٍ: مشابہ بنانا ـــ الرَّجُلَ: سوچنے کا موقعہ دینا۔ مہلت سے بچنا۔

تَنَظَّرَهُ۔ آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلَانٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔

تَنَاظَرَا فِي الْأَمْرِ: باہم کام میں مشقت اٹھانا بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا

اِنْتَظَرَهُ۔ انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا دیر لگانا۔

اِسْتَنْظَرَهُ۔ انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا

النَّظَرُ: ہم۔ نگاہ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ وَالِاسْتِدْلَالِ: علم کلام۔ اور کہا جاتا ہے فِي هٰذَا الْأَمْرِ نَظَرٌ عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے۔ وَبَيْنَنَا نَظَرٌ ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے وَنَظَرَانِي كَذَا وَبِالنَّظَرِ إِلَيَّ كَذَا یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَرُ: ہمسائے۔

النَّظَرُ۔ مشابہ۔ مانند۔

النَّظْرَةُ۔ نظر کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بُری ہیئت وعیب۔ رحمت۔ مہربانی کہا جاتا ہے نَظَرَهُ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ اس نے اسکو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔

النَّظِرَةُ۔ مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔

النَّظَرِيُّ۔ نظر کی جانب منسوب۔

استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔

النَّظَرِيَّاتُ فِي الْهَنْدَسَةِ: وہ قضیہ جو صحت ثبوت کیلئے دلیل کا محتاج ہو۔ یہ نظریات۔

النِّظَارَةُ وَالنِّظَارَةُ۔ فراست۔ دانائی

النَّاظِرُ۔ فا۔ آنکھ۔ آنکھ کی پتلی۔ وَالنَّاظِرُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِينَ: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے نَاظِرُ خَارِجِيَّةٍ وَنَاظِرُ مَالِيَّةٍ۔ ہ نُظَّار۔ النَّاظِرُ: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لئے بھیجے۔ اور کہا جاتا ہے بُومٌ شَدِيدُ النَّاظِرِ یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لئے کہ آنکھ ملا کر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی دو رگیں۔

نَظَّارٌ۔ اسم فعل۔ بروزن نَزَّالٍ وَتَرَّاكٍ۔ بمعنے اِنْتَظِرْ۔

النَّاظِرُ وَالنَّاظُورُ۔ انگور یا کھجی کا محافظ

النَّاظُورُ: سردار قوم۔

النَّاظِرَةُ۔ النَّاظِر کا مؤنث۔ آنکھ ہ نَوَاظِر

النَّوَاظِرُ: بھرکی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّارُ: تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَظَّارٌ چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النِّظَارَةُ۔ ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النِّظَارَةُ عِنْدَ الْمُوَلَّدِينَ: دوربین۔

النَّظُورُ وَالنَّظُورَةُ وَالنَّظِيرَةُ وَالنَّاظُورَةُ قوم کا سردار (مذکر ومؤنث واحد جمع) النَّظُورُ: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَّظِيرُ۔ مثل ومانند۔ اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ نَظِيرُ فُلَانٍ یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ہ نُظَرَاءُ ومؤنث نَظِيرَةٌ ہ نَظَائِرُ۔ نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا واماثل۔

نَظِيرَةٌ۔ القوم اور الجیش ونَظِيرَتُهُمْ: دیدبان

المَنْظَرُ۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ فِي مَنْظَرِي وَمَنْتَمَى فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ وَكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ہ مَنَاظِرُ

المَنَاظِرُ: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِرِ: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب وبعد کے پہچان سکیں۔

المَنْظَرَةُ۔ مصدر دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی بلند جگہ۔ المَنْظَرَةُ: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

المَنْظَرِيُّ وَالمَنْظَرَانِيُّ۔ خوش نما۔

المُنَاظِرُ۔ فا۔ مثل۔

المِنْظَارُ۔ آئینہ۔ ہ مَنَاظِيرُ۔

المَنْظُورُ مفعم۔ وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بدلگا ہوا۔

المَنْظُورَةُ۔ المَنْظُور کا مؤنث۔ مصیبت اِمْرَأَةٌ مَنْظُورَةٌ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق وحسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيفٌ صفت مؤنث نَظِيفَةٌ ہ نُظَفَاءُ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ نَظِيفُ السَّرَاوِيلِ فلاں پاک دامن ہے وَنَظِيفُ الْأَخْلَاقِ: مہذب۔

نَظَّفَ الشَّیْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔
تَنَظَّفَ الشَّیْءُ: صاف ستھرا ہونا۔
الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔
اِنْتَظَفَ الْفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
اِسْتَنْظَفَ صاف ستھرا طلب کرنا ــــ (اَلْمَالَ الْخَرَاجَ: پورا وصول کرلینا ــــ فُلَانٌ الشَّیْءَ: سب لے لینا ــــ الْفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔
نَظَمَ (ض) نَظْمًا وَنِظَامًا اللُّؤْلُؤَ وَنَحْوَہٗ: موتی پرونا؛ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا ــــ الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا ــــ الْاَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔
نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ وَالشِّعْرَ: بمعنے نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)
نَظَمَتْ وَاَنْظَمَتِ السَّمَکَۃُ اَوِ الدَّجَاجَۃُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔
تَنَظَّمَ وَاِنْتَظَمَ وَتَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ وَنَحْوُہٗ: موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ وَاِنْتَظَمَ الْاَمْرُ: درست ہونا و اِنْتَظَمَ الصَّیْدَ: شکار کو چھید کر پکڑ دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔
النِّظْمُ: مع۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ: بعض ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِظَاقُ الْجَوْزَاءِ والدبران۔
النِّظَامُ: مع۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ہر نظم و انتظام۔ وَاَنَاظِیْمُ۔ النِّظَامُ: طریقہ و عادت کیا جاتا ہے۔ مَازَالَ عَلٰی نِظَامٍ وَّاحِدٍ: وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْاَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ
النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔
النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ وَالنَّحْلِ وَنَحْوِہَا: ایک قطار ٹڈیوں کی یا درخت خرما کی۔

النِّظَامَانِ وَالْاِنْظَامَانِ وَالْاَنْظُوْمَانِ مِنَ السَّمَکِ اَوِ الْفِضَّۃِ: دم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ہر اَنَاظِیْم۔
الْاَنْظَام۔ مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار لڑی کا دھاگا ــــ مِنَ الرَّمْلِ: ریت جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔
النَّظَّام۔ بہت پرونے والا۔
النَّظِیْم۔ موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔
المَنْظُوْم۔ بمعنے شعر۔ اور یہ منثور کے خلاف ہے۔
المَنْظِم۔ ترتیب دینے کی جگہ۔ ہر مَنَاظِم
النَّعَّ۔ کمزور مرد۔
النُّعَاعُ۔ ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَۃٌ۔
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا وَنُعَابًا وَنَعِیْبًا وَنَعْبَانًا وَتَنْعَابًا الْغُرَابُ: کوے کا کائیں کائیں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا ــــ الْمُؤَذِّنُ: گردن لمبی کرکے اذان دینا۔
نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا الْاِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
النَّعْب۔ مع۔ رِیْحٌ نَعْبٌ: تیز ہوا۔ نَاقَۃٌ۔ نَاعِبَۃٌ۔ ہر نَوَاعِب وَنُعُوْب۔ ہر نُعُب وَنَعَابَۃ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
النَّعَّاب۔ اسم مبالغہ۔ کوے کا بچہ۔
المِنْعَب وَالْمُنْعِب۔ تیز رفتار اونٹنی تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا۔ بے وقوف۔
نَعَتَہٗ (ف) نَعْتًا۔ تعریف کرنا۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعَتَ الْکَلِمَۃَ: کلمہ کیلئے صفت لانا
نَعِتَ (س) نَعَتًا۔ بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نُعِتَ (ک) نَعَاتَۃً الرَّجُلُ: خلقۃً عمدہ صفات والا ہونا ــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنْتَعَتَہٗ۔ تعریف کرنا۔ اِنْتَعَتَتِ الْمَرْاَۃُ ــــ بِالْجَمَالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّیْءَ: تعریف کرنا۔ بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَتَہُ الشَّیْءَ: بیان کرنے کو کہنا۔
اَلنَّعْت۔ مع۔ تعریف ہر نُعُوْت۔
النَّعْت وَالنَّعَتَۃ وَالنَّعِیْتَۃ وَالْمُنْتَعَت مِنَ الْخَیْلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے نَعْتٌ نَعَتٌ عمدہ چیز۔ کہا جاتا ہے۔ ہُوَ نُعْتَۃٌ یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن و جمال میں انتہا پر ہے۔
نَعَثَ (ف) نَعْثًا وَاِنْتَعَثَ الشَّیْءَ: لینا
اَنْعَثَ فِی مَالِہٖ: فضول خرچی کرنا ــــ الرَّجُلُ: سفر کے لئے سامان لینا ــــ الْقَوْمَ: کام میں جد و جہد کرنا۔
نَعْثَلَ الشَّیْءَ: جمع کرنا ــــ الْفَرَسُ فِی جَرْیِہٖ: تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔
النَّعْثَل۔ بیوقوف بڈھا۔ نر بجو۔
النَّعْثَلَۃ۔ بے وقوفی۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) وَنَعُجَ (ن) نَعَجًا وَنُعُوْجًا الظَّبْیُ: خالص سفید رنگ ہونا۔ نَعَجَتِ النَّاقَۃُ فِی سَیْرِہَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ نَعِجَ (س) نَعَجًا) الْبَعِیْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا ــــ الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ۔
اَنْعَجَ الْقَوْمُ: موٹے اونٹوں والا ہونا۔
النَّعْجَۃ۔ بھیڑ۔ ہر نَعَاجٌ وَنَعَجَاتٌ۔ وَنِعَاجٌ الرَّمْلِ: گائے۔
النَّاعِجَۃُ مِنَ النِّسَاءِ اَوِ النُّوْقِ: سفید عورت یا اونٹنی۔ نَاقَۃٌ نَاعِجَۃٌ: تیز رفتار اونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں۔ اَرْضٌ نَاعِجَۃٌ: ہموار نرم زمین۔ ہر نَوَاعِج۔
النَّعْجَۃ۔ مع۔ خالص سپیدی۔

نَعَرَ (ف) مِن (نَعِيرًا ونَعارًا) الرَّجُلُ: خراٹے لینا ـــ العِرْقُ بالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے نَعَرَ فُلَانٌ فِي قَفَا الإِفْلَاسِ یعنی مستغنی ہوا۔

نَعَرَ (ف) نَعْرًا إِلَى البِلَادِ: جانا ـــ القَوْمُ: جوش خروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا ـــ إِلَى فُلَانٍ: آنا۔ کہا جاتا ہے مِنْ أَيْنَ نَعَرْتَ إِلَيْنَا۔ تم کہاں سے ہمارے پاس آئے۔ نَعَرَ فِي الأَمْرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا ـــ الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔

نَعِرَ (س) نَعَرًا الحِمَارُ والفَرَسُ: ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا صفت نَعِرٌ۔

نَعَّرَ السَّهْمَ: سیدھا معلوم کرنے کیلئے ناخن پر گھمانا۔

أَنْعَرُ الأَرَاكِ: درخت پیلو کا پھل دار ہونا

النَّعْرَةُ۔ نعرہ کا اسم مرۃ۔ خراٹا۔ بہ نَعَرَاتٌ۔

نَعْرَةُ النَّجْمِ: ہوا کا تھونکا۔ اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔

النَّعْرَةُ والنُّعْرَةُ: تکبر غرور مہتم بالشان کام

النُّعْرَةُ والنُّعَرَةُ۔ ناک کا اندرونی بالائی حصہ۔ النُّعْرَةُ: ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے بہ نَعْرٌ ونُعُرَاتٌ۔

النَّاعِرُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے كُلُّ نَاعِرٍ نَاعِرٌ إِتْبَعُوهُ: جب کبھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہڑبونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔

النَّعِرُ۔ وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ۔

النَّعِيرُ۔ مہاراتی وغیرہ کی بیخ پکار۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ نَعِيرُ النَّعَمِ فلاں بلند ہمت ہے۔

النَّعَّارُ۔ نافرمان۔ فتنہ انگیز۔ چیخنے والا۔ شور مچانیوالا۔ مؤنث نَعَّارَةٌ۔ إِمْرَأَةٌ نَعَّارَةٌ: شور مچانے والی بدزبان عورت۔ النَّعَّارُ: ایک قسم کا پرندہ۔

النَّعَارُ والنُّعُورُ والنَّاعُورُ۔ رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے۔ النَّاعُورُ: چکی کا پہلو۔ النُّعُورُ مِنَ الرِّيَاحِ: گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا۔ بہ نَعُورٌ: دور کی نیت۔

النَّعَارَةُ عِنْدَ المُوَلِّدِينَ: دستے والا مٹی کا آبخورہ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔

النَّاعُورُ والنَّاعُورَةُ۔ رہٹ۔ بہ نَوَاعِيرَ۔

نَعَسَ (ف ن) نُعَاسًا الرَّجُلُ: اونگھنا صفت مذکر نَاعِسٌ بہ نُعَّسٌ۔ صفت مؤنث نَاعِسَةٌ بہ نَاعِسَاتٌ ونَوَاعِسُ۔ نَعَسَ جِسْمُهُ أَوْ رَأْيُهُ: جسم یا رائے کا زم و کمزور ہونا۔ نَعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔

أَنْعَسَهُ۔ سلانا ـــ فُلَانٌ: سست بیٹوں والا ہونا۔

تَنَاعَسَ۔ بتکلف سونا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا ـــ البَرْقُ: بجلی کا سست پڑنا۔ تَنَاعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔

النُّعَاسُ۔ حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔

النَّعْسَانُ۔ اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَى۔ (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)

إِمْرَأَةٌ نَعَّاسَةٌ ونَعُوسٌ۔ اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوسٌ: دودھار اونٹنی۔

نَعَّشَهُ (ف) نَعْشًا اللهُ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا ـــ الرَّبِيعُ النَّاسَ: خوش حال کرنا ـــ المَيِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا ـــ طَرْفَهُ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا ـــ الشَّجَرَةُ: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔

نَعْشٌ۔ تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوشٌ ـــ فُلَانٌ: پھیلنے کے بعد اٹھایا جانا

نَعَّشَهُ وأَنْعَشَهُ اللهُ: بلند کرنا اور اٹھانا

نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا: نَعْشَكَ اللهُ مِنْ عَثْرَتِكَ۔ کہنا۔

إِنْتَعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا ـــ مِنْ سَقْطَتِهِ: گرنے کے بعد اٹھنا۔

إِسْتَنْعَشَ۔ سستی کے بعد چست ہونا۔

النَّعْشُ۔ مع۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے تابوت۔ مُردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الكُبْرَى: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انھیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جنکو بَنَاتُ نَعْشٍ الصُّغْرَى کہتے ہیں۔

نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءُ: حرکت دینا ـــ الجِرَاءُ الأَرْضَ: چٹ کر جانا۔

نَعِصَ (س) نَعَصًا۔ جھکنا۔

إِنْتَعَصَ بِهِ ـــ الرَّجُلُ: گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔

النَّاعِصَةُ۔ مددگار۔ اعوان وانصار۔

أَنْعَطَ الآكِلُ: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈالدینا۔

النُّعْطُ۔ کھانے اور داد وستد میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔

نَاعِفَةُ مُنَاعَفَةً۔ باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو ـــ الطَّرِيقَ: راستہ میں مقابلہ کرنا۔

أَنْعَفَ۔ بلند جگہ پر بیٹھنا۔

إِنْتَعَفَ۔ بلند جگہ پر چڑھنا ـــ لِفُلَانٍ: درپے ہونا ـــ الشَّيْءَ: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔ الرَّاكِبُ: ظاہر ہونا۔

النَّعْفُ۔ پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ ـــ مِنَ الرَّمْلَةِ: ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ بہ نِعَافٌ۔

النَّعْفَةُ۔ پشت پاؤں پر جوتے کا حصہ۔

النَّعْفَةُ۔ گیسو۔ ٹمہ۔ گوشت میں فاسد گوہ کیلئے جو ادھر اُدھر حرکت کریں۔

أُذُنٌ نَاعِفَةٌ ونُعُوفٌ ومُنْتَعِفَةٌ۔ لٹکتا ہوا کان۔

المَنَاعِفُ مِنَ الجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں

المُنْعَف: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی جگہ۔

نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا ونَعِيقًا ونُعَاقًا و نُعَقَانًا الغُرَابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔

النَّعَّاق: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔

النَّاعِقَان: جولاہے کے دو ستارے۔

نَعَلَ (ف) نَعْلًا القَوْمَ: جوتے دینا۔ (نَعَلَ ونَعَّلَ وأَنْعَلَ) الدَّابَّةَ: نعل لگانا۔

نَعِلَ (س) نَعَلًا: جوتہ پہننا۔

تَنَعَّلَ وانْتَعَلَ: جوتہ پہننا ــــ الثَّوْبَ: روندنا۔ اور کہا جاتا ہے اِنْتَعَلَ الأَرْضَ: اس نے پیدل سفر کیا۔

النَّعْل: مع۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَة۔ نَعْلُ الدَّابَّة: گھوڑے کا نعل۔ بہ نعال وأنعل۔ النَّعْل: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ بہ نعال۔ کہا جاتا ہے اِخْضَرَّتْ نِعَالُ القَوْمِ یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔

النَّعْلَة: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نعل سے خاص ہے۔

النَّاعِل فا: بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہننا ہوا مرد۔ حَافٍ نَاعِلٌ: سخت کھُر۔

النَّعَّال: نعلبند۔

المَنْعَل والمَنْعَلَة: سخت زمین۔ کہا جاتا ہے مَكَانٌ مَنْعَلٌ وأَرْضٌ مَنْعَلَةٌ۔

المُنَعَّل: جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنَعَّلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ بِالمُنَعَّلَاتِ اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔

نَعِمَ (ف ن) ونَعِمَ (س) نَعْمَةً ونَعْمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا ــــ عَيْشُهُ: آسودہ وکشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے نَعِمَ مَنْزِلًا نَعِمَهُمْ یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے وَنَعِمَتْ بِهَذَا عَيْنًا یعنی میں اس سے خوش ہوا وَنَعَّمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا و نَعَّمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہارے محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے

نَعَمَ (س) نَعَمًا الوَدْيُ: لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔

نَعُمَ (ک) نُعُومَةً: نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا۔ صفت نَاعِم۔

نِعْمَ۔ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ ونِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ اور مثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا الرَّجُلَانِ ونِعْمَ الرِّجَالُ۔ اور کبھی اس کے آخر میں ملا ملا تی ہوتا ہے اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے ذُقْتُهُ فَنِعْمَا (کسر عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) معنی میں نِعْمَ مَا ذُقْتُهُ کے اور عرب کا قول اِنْ فَعَلْتَ فَنِعِمَّا وَنَعِمْتَ تا ساکنہ سے جس کی تقدیر نَعِمْتَ الفَعْلَةُ ہے۔

نَعَّمَ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا ــــ الرَّجُلَ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا ــــ القَوْمَ لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

أَنْعَمَ۔ الشَّيْءَ: نرم و نازک بنانا ــــ فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے أَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَكَ یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے۔ اور یہ امر کے موقع پر کہا جاتا ہے أَنْعِمْ صَبَاحًا اور کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے نِعْمَ صَبَاحًا دُمْتَ مَسَاءً نَعَّمَ اللّٰهُ بِغَيْرِهِ عَلَيْكَ وأَنْعَمَ بِالنِّعْمَةِ: نعمت پہنچانا۔ أَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا أَنْعَمَ الوَطْءَ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا ــــ القَوْمَ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ بہ أَنْعَمَ صَدِيقَهُ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ أَنْعَمَ فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا ــــ بِنَعْمِ النَّظَرِ فِي المَسْأَلَةِ: غور کرنا۔ أَنْعَمَ لَهُ: کسی سے نعم کہنا اور کہا جاتا ہے هَذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُ: یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا ــــ الرَّجُلَ: آسودہ حال بنانا ــــ الحَبْلَ وغَيْرَهُ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: نازونعمت کی زندگی بسر کرنا ــــ نَنَعُّمًا: ننگے پاؤں چلنا ــــ فُلَانًا: مشغول کرنا ــــ فُلَانًا بِالمَكَانِ: ڈھونڈھنا ــــ الدَّابَّةَ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے تَنَعَّمْتُ أَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِي یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ۔ خوش عیش ہونا۔

نَعْمٌ کلمہ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعَمْ ونِعِمْ ونَعَامْ ونَعَمْ اور یہ چاروں حالی میں آتا ہے۔

النِّیْط: ہم۔ جنازہ۔ موت۔ مدت کہا جاتا ہے اَتَاہُ نِیْطُہٗ یعنی اس کی مدت آگئی وَرَمَاہُ اللّٰہُ بِالنِّیْطِ اللہ نے اسے موت دی۔ وَطَعَنَ فُلَانٌ فِیْ نِیْطِہٖ فلاں نے اس کے جنازہ میں نیزہ مارا یعنی وہ مرگیا۔

نَاعَ یَنِیْعُ نَیْعًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا صفت نَائِع

النَّوَائِع: جھکی ہوئی شاخیں۔

نَالَ یَنِیْلُ وَیَنَالُ نَیْلًا وَنَالًا وَنَالَۃً الْمَطْلُوْبَ: پانا۔ حاصل کرنا۔ صفت فاعلی نَائِل وَصفت مفعولی مَنِیْل اور امر حاضر کا صیغہ نِلْ وَنَلْ ہوگا۔ نَالَ مِنْ فُلَانٍ گالی دینا، عیب لگانا، اور کہا جاتا ہے نَالَ مِنَ الْمَطْلُوْبِ اس نے اپنے دشمن سے اپنا مطلوب حاصل کرلیا۔ اور کبھی دو مفعول کی طرف تعدی ہوتا ہے جیسے نَالَہٗ مَطْلُوْبَہٗ اس نے اس کا مطلوب حاصل کرادیا۔ کہا جاتا ہے نَالَنِیْ مِنْ فُلَانٍ مَعْرُوْفٌ فلاں سے مجھے بھلائی پہنچی۔ وَنَالَ مِنْ عِرْضِ فُلَانٍ یعنی اس نے اس کی بے عزتی کی۔ وَنَالَ الرَّجُلُ: کوچ کا وقت قریب ہوا وَمَا نَالَ لَھُمْ اَنْ یَفْعَلُوْھَا کیا ان کے لئے سمجھ کا وقت نہیں آیا۔

اَنَالَ اِنَالَۃً فُلَانًا الشَّیْءَ وَلِفُلَانٍ الشَّیْءَ: حاصل کرانا۔

النَّائِل: فا۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے اَصَبْتُ مِنْہُ نَائِلًا۔

النَّیْل: مص۔ جو حاصل کیا جائے۔ کہا جاتا ہے اَصَبْتُ مِنْہُ نَیْلًا۔

النِّیْل: مصر کے ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کی گھاس جس سے نیلا رنگتے ہیں۔ ایک اور قسم کی گھاس جس کے پتے چھوٹے چھوٹے اور تہ سخت ہوتا ہے۔ النِّیْل: بادل۔

النَّائِلَۃ: مص۔ گھر کا صحن۔

النَّوْلَۃ وَالنَّیْلَۃ: جو حاصل کیا جائے۔

النِّیْلَج وَالنِّیْلَنْج: چربی کا کاہل جس کو گوندنے میں استعمال کیا جائے۔ اور یہ معرب ہے اور عربی اس کی نَوْرَج ہے۔

النِّیْلَج: نیل کا رنگ۔

النِّیْلُوْفَر وَالنِّیْلُوْفَرُ: گل نیلوفر (جدید)

النِّیْمِرْشْت: اودھنا۔ کہا جاتا ہے بعض نمرشت اور عوام کہتے ہیں بیض برشت۔

نَاهَ یَنِیْهُ نَیْهًا الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ پسند آنا۔

النَّاہِیَۃ: بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے نَفْسٌ نَاہِیَۃٌ: رکنے والا نفس۔

النِّیْم: ن و م میں ذکر کیا گیا۔

النَّای: بانسری۔ ج نَایَات (فارسی)

و

الواو: چند معانی کے لئے مستعمل ہے۔
(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو۔
(۲) واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے جَاءَ زَيْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ۔ جملہ فعلیہ پر جیسے جَاءَ زَيْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ۔
(۳) واو استناف جیسے لَا تَأْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ۔
(۴) واو معیۃ جیسے سِرْتُ وَالْجَبَلَ۔
(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ۔
(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِيمِ۔
(۷) واو رب جیسے وَلَيْلٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ أَرْخَى سُدُولَهُ۔
(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوا۔
(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے يُؤْمِنُونَ قَوْمِي۔
(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو كَاوٍ حالت رفعی و جری میں تاکہ عمرو سے فرق ہو جائے۔
(۱۱) واو زائدہ بعد الا جیسے مَا مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ طَمَعٌ أَوْ حَسَدٌ۔

وا۔ ندبہ کیلئے مخصوص ہے جیسے وَازَيْدَاهُ یا وَاغَمْرَاهُ اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے

الْوَاحَ وَالْوَاحَةَ۔ ریگستانی علاقہ میں سبزہ نادر زمین۔ بہ وَاحَاتٌ۔

وَأَبَ يَئِبُ وَأْبًا وَإِبَابَةً مِنْ فُلَانٍ: نفور کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ يَأْبُ وَأْبَةً: گھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وَئِبَ يَؤْأَبُ وَأْبًا۔ غضبناک ہونا۔

أَوَّبَهُ وَأَثَّبَهُ۔ غضبناک کرنا کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کیساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

إِتْأَبَ إِتْئَابًا مِنْهُ: شرم کرنا۔

الْإِبَةُ وَالنُّوبَةُ وَالْمُوبَةُ وَالْمُوبَةُ: رسوائی۔ عار۔ شرم۔

الْوَأْبُ مِنَ الْقِدَاحِ: بڑا پیالہ ـــ مِنَ الْحَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا عضو خاص چوڑا۔ بڑا اونٹ۔ بہ أَوْآبٌ۔

الْوَأْبَةُ۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (ـــ وَالْوَبْيَةُ) بہت گہرا کنواں۔ قَدْرُ وَأْبَةٍ کشادہ ہانڈی۔

الْمُوبِئَاتُ۔ رسوا کرنے والی باتیں۔

الْوَأْبَرُ۔ سخت بھوک۔

وَأَدَ يَئِدُ وَأْدًا۔ الْبِنْتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِيدٌ وَوَائِدَةٌ وَمَوْؤُودَةٌ ـــ فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

تَوَأَّدَ إِتْئَادًا فِي الْأَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وَتَوَأَّدَتْ عَلَيْهِ الْأَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا ـــ الْمَرْأَةُ فِي قِيَامِهَا بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

الْوَأْدُ۔ مم سخت آواز۔ دھماکہ۔ اونٹ کی بلبلاہٹ۔

الْوَئِيدُ۔ سخت۔ اونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے۔ اور کہا جاتا ہے مَشَى مَشْيًا وَئِيدًا وَهُوَ متانت و سنجیدگی سے چلا ـــ وَالتُّؤَدَةُ وَالتُّؤَادُ) سنجیدگی۔ متانت۔

الْمَوَائِدُ: مصیبتیں (اس کی اصل المَآوِدُ ہے)

وَأَزَيْرَ وَأْرًا وَأْزَةَ الرَّجُلُ: گھبراہٹ میں ڈالنا ـــ النَّارَ وَلِلنَّارِ: آگ روشن کرنے کے لئے گڑھا بنانا ـــ وَوَأَرَ تَوْئِيرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

أَوَّأَرَهُ إِيئَارًا۔ نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

إِسْتَوْأَرَتِ الْإِبِلُ: اونٹوں کا رک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الْوَائِرُ۔ فاخوفزدہ۔

الْإِئَرَةُ۔ بہ إِرَاتٌ وَإِرُونَ وَالْوُؤْرَةُ بہ وُؤَارٌ وَأُوَرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ الْإِئَرَةُ: آگ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی

الْوِئَارُ۔ پسینے کی مٹی بھگونے کے گڑھے۔

أَرْضٌ وَئِيرَةٌ۔ بہت گری والی زمین۔

وَأَصَ يَئِيصُ وَأْصًا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاصَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا۔

الْوَئِيصَةُ: جماعت، مخلوق، کہا جاتا ہے مَا أَدْرِي أَيُّ الْوَئِيصَةِ هُوَ میں نہیں جانتا کہ وہ کون ہے۔

وَأَطَ يَئِيطُ وَأْطًا الْقَوْمَ: زیارت کرنا

الشَّيْءُ: جوش میں آنا۔

الْوَأْطَةُ۔ مِنَ الْأَرْضِ: بلند زمین ـــ مِنَ الْمَاءِ: پانی کی بڑی جگہ۔

وَأَلَ يَئِلُ وَأْلًا وَوَئِيلًا وَوُؤُولًا وَوَائِلَ وِئَالًا وَمُوَالَةً: مِنْ كَذَا: نجات ڈھونڈھنا۔ إِلَيْهِ: پناہ لینا ـــ إِلَى الْمَكَانِ: سبقت کرنا۔ وَأَّلَ فُلَانًا: جائے پناہ بنانا ـــ إِلَى اللّٰهِ رجوع کرنا۔ توبہ کرنا (ـــ وَأَوَّلَ) الْمَكَانَ: تربتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا۔ وَأَوَّلَ الْمَكَانَ: تربتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی بنانا۔ أَوَّلَتِ الْمَاشِيَةُ فِي الْمَكَانِ أَوِ الْكَلَأِ: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔

الْوَأْلُ وَالْمَوْئِلُ وَالْمَوْأَلَةُ: جائے پناہ

إِسْتَوْأَلَتْ إِسْتِئْوَالًا الْإِبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا ہونا۔

الْوَأْلَةُ: اونٹ یا بکریوں کی تربتہ مینگنیاں

وَأَمَهُ وُءُومًا وَوَأْمًا وَمُوَاءَمَةً: بدشکل کر دینا۔

وَاءَمَهُ وِئَامًا وَمُوَاءَمَةً: موافقت کرنا

تَوَاءَمَ: موافق ہونا۔ مناسب ہونا۔

أَتْأَمَتْ إِتْآمًا الْمَرْأَةُ: جوڑواں بچہ جنا

مُتَمِّم: اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی ہے۔
الوَأْم۔ گرم کمرہ۔
الوَأْفَة۔ دوسرے کی صنعت کا نقال۔
المُوْأَم۔ بدشکل۔ بڑے سر والا۔
المُتَوَائِم۔ فا۔ غَنَمٌ مُتَوَائِمٌ: متناسب۔
وَأْوَأَ وَأْوَأَةَ الكَلْبُ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے
مَا سَمِعْتُ إِلَّا وَغْوَغَةَ الذِّئَابِ وَوَأْوَأَةَ الكِلَابِ
میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے
کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔
وَأَى يَئِي وَأْيًا وعدہ کرنا — الشَّيْءَ: —
ذمہ دار ہونا۔
تَوَاءَى تَوَائِيًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
إِتَّأَى إِتْئَاءً۔ وعدہ قبول کرنا۔
إِسْتَوْأَى إِسْتِيْئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔
الوَأْي بم۔ وعدہ۔ وہم وگمان۔ لوگوں کی
تعداد۔
الوَأْي مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار۔ مؤنث
وَأَةٌ (جیسے کرفاۃ)
الوَئِيَّة۔ بڑے پورے۔ بڑے پیٹ والی
اونٹنی (— والوَأْيَة) بڑا پیالہ۔ بڑی ہانڈی
الوَئِيَّة: موتی۔ اپنے گھر کی محافظ عورت۔
وَبَّ يَوُبُّ وَبًّا۔ لڑائی میں حملہ کے لئے
تیار ہونا۔
وَبَأَ يَوْبَأُ وَبْأً وَوَبَأً الشَّاعَ: ترتیب سے
رکھنا۔
وَبَأَ وَأَوْبَأَ إِلَيْهِ: اشارہ کرنا۔
وَبِئَ يَوْبَأُ وَيَبِيءُ وَبْأً وَوُبُوْءًا وَوِبَاءً وَوِبَاءَةً وَإِبَاءً وَإِبَاءَةً وَوُبِئَ يُوْبَأُ وَبَأً وَأَوْبَأَ
المَكَانُ: بہت وبا زدہ ہونا۔ اہم البلدۃ جدۃ کی
مانند۔
تَوَبَّأَ البَلَدَ: شہر کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
إِسْتَوْبَأَ إِسْتِيْبَاءً المَدِيْنَةَ: وبا زدہ پانا
الوَبَأ جـ أَوْبَاء والوَبَاء جـ أَوْبِئَة۔ عام
بیماری۔
الوَبِيُّ والوَبِيُّ والمَوْبُوْء۔ بہت وبا زدہ جگہ
اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔
المَوْبِئَة۔ تھوڑا پانی۔
وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا
وَبَخَهُ۔ جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ مار ولانا۔
دھمکانا۔
الوَبْخَة۔ سرزنش۔ تکلیف دہ ملامت۔
وَبَرَ يَوْبَرُ وَبَرًا: بدحال اور کم مال ہونا۔ صفت وَبِرٌ — الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ
ہونا — النَّهَارُ: دن سخت گرم ہونا —
عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔
أَوْبَرَهُ إِيْبَارًا۔ جدا کرنا۔
تَوَبَّرَ الرَّجُلُ: نظر لگانے کے لئے معین کرنا۔
الوَبَر۔ پہاڑ کا گڑھا
الوَبَر بم۔ بدحالی وتنگی زندگانی۔ کہا جاتا
ہے فُلَانٌ فِي وَبَرٍ فلاں بدحالی میں ہے۔ اور
کبھی اس مصدر کو بطور وصف کے بھی استعمال
کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں رَجُلٌ وَبَرٌ یعنی بدحال مرد
واحد اور جمع دونوں کے لئے اور کبھی أَوْبَار جمع
لاتے ہیں۔ الوَبَر: گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا
الوَبِر۔ بھوکا (— والمُتَوَبِّر) سخت نظر
لگانے والا۔
قَوْمٌ أَوْبَارٌ۔ مفلس لوگ۔
المُسْتَوْبِر۔ قلت مال اور کثرت عیال
سے بدحال مرد۔
وَبِرَ يَوْبَرُ وَبَرًا وَأَوْبَرَ إِيْبَارًا۔ بہت پشم
والا ہونا۔ صفت وَبِرٌ و أَوْبَرُ۔ مؤنث وَبِرَةٌ و
وَبْرَاءُ۔
وَبَرَ يَبِرُ وَبْرًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَبَرٌ۔ چھوٹے چھوٹے بال نکلنا —
الثَّعْلَبُ: لومڑی کا نشان چھپانے کیلئے سخت
زمین پر چلنا — الرَّجُلُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا
— فُلَانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا
زندگی بسر کرنا — عَلَيْهِ الأَمْرَ: پوشیدہ رکھنا۔
وَبَّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
الوَبْر۔ سخت سردی کے سات دنوں میں
سے ایک دن۔ بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی
دم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ بہ
دُبُور و وَبَارٌ و وَبَارَة۔ مؤنث الوَبْرَة۔
الوَبَر بم۔ اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال
ہو أَوْبَار۔ أَهْلُ الوَبَر: دیہاتی لوگ۔ کہا جاتا ہے
أَخَذَ الشَّيْءَ بِوَبَرِهِ: یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الوَبْرَة۔ وَبَرَة: واحد۔
الوَابِر۔ فا۔ کہا جاتا ہے مَا بِالدَّارِ وَابِرٌ گھر
میں کوئی نہیں۔
بَنَاتُ الأَوْبَرِ وبَنَاتُ أَوْبَرَ: چھوٹی اور
ردی قسم کی سانپ کی چھپکلی۔ اور کہا جاتا ہے
لَقِيْتُ مِنْهُ بَنَاتِ أَوْبَرَ مجھے اس سے مصیبت
حاصل ہوئی۔
وَبَشَ يَوْبَشُ وَبْشًا الظُّفْرُ: ناخن پر سفید
داغ ہونا — جِلْدُ البَعِيْرِ: خارش کی وجہ سے
اونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت
وَبِشٌ۔
وَبَشَ يَوْبَشُ وَبْشًا الجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے
سے سلگنا — القَوْمُ فِي أَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ
سے مشغول ہونا — الحَرْبُ: مختلف قبائل سے
جنگ کیلئے اکٹھا ہونا۔ وَبْشَةُ الأَظْفَارِ: ناخنوں
میں سفید داغ ہونا۔
أَوْبَشَ۔ تیز چلنا۔ أَوْبَشَتِ الأَرْضُ: مخلوط
پودوں والی ہونا۔
الوَبَش والوَبْش۔ کھجلی کے داغ۔ ناخن
کے سفید داغ۔ أَوْبَاش کا واحد بمعنی سفلہ و
کمینے لوگ وَبْشُ الكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے
مَا بِهٰذِهِ الأَرْضِ إِلَّا أَوْبَاشٌ مِنْ شَجَرٍ وَنَبَاتٍ یعنی اس
زمین میں صرف تھوڑے سے بے کار درخت
یا نباتات ہیں۔
وَبِصَ يَبِصُ وَبَصًا وَبِيْصًا وَبِيْصَةً
چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِص — الجُرْحُ: پکے کا
آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الأَرْضُ: بہت نباتات
والی ہونا۔
وَبِصَ يَوْبَصُ وَبَصًا چست ہونا۔ صفت

رَبِضِ۔
وَبَضَ الجَرْوُ: پے کا آنکھیں کھولنا ــــ (ف) تھوڑا دینا۔
وَبَصَ: تھوڑا دینا۔
وَبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔
وَبَصَتِ الأَرْضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔
اَبْیَضُ وَابِصٌ۔ چمکدار سفید۔
الوَابِصَة والوَبِیصَة۔ آگ۔ الوَابِصَة۔ دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے مَا فِی النَّارِ وَابِصَةٌ۔ آگ میں چنگاری نہیں اِنَّهُ لَوَابِصَةٌ جَمْعٌ یعنی ہر سی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔
الوَبَاص۔ چاند۔ چمکیلا۔ عَارِضٌ وَبَّاصٌ۔ بہت چمکنے والا بادل۔
وَبَصَان ووُبَصَان۔ زمانہ جاہلیت میں ربیع الآخر کا نام۔
وَبَطَ یَبِطُ وَبْطًا الجُرْحَ: زخم کھولنا۔
الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا ــــ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: روکدینا۔ باز رکھنا ــــ ووَبِطَ یَوْبَطُ وَوَبَطَ یَوْبِطُ وَبْطًا وَوُبُوطًا وَوَبَاطَةً) کمزور ہونا خسیس یا بزدل ہونا۔
اَوْبَطَهُ: اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل غارت کرنا۔
الوَابِط: خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔
الوَبَاط۔ کمزوری۔
وَبِقَ یَبِقُ وَوَبِقَ یَبِقُ وَبَقًا وَوَبِقَ یَوْبَقُ وَبَقًا وَوُبُوقًا وَمَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ۔ ہلاک ہونا صفت وَبِقٌ۔
اَوْبَقَهُ اِیْبَاقًا: ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔
المَوْبِق۔ ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَرْکَبُ المَوْبِقَاتِ فلاں خطرات میں پڑتا ہے وَیَفْعَلُ المُوبِقَاتِ فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔
وَبَلَ یَبِلُ وَبْلًا فُلَانًا بِالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ الصَّیْدَ: شکار کو تیر مارنا۔
وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا
وَبَلَ یَوْبَلُ وَبَلًا وَوَبَالًا وَوُبُولًا وَوَبَالَةً المَکَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا ــــ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔
وَابَلَهُ: مُوَابَلَةً: ہمیشگی کرنا۔
اِسْتَوْبَلَ اِسْتِیْبَالًا المَکَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الاِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔
الوَبْل والوَابِل۔ تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔
الوَابِلَة۔ وابل کا مؤنث۔ بادو باران کے سرے کا کنارہ۔
الوَبَال۔ سم۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔
الوَبِیلَة والاَبِلَة۔ گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے اَتْخَمَتْهُ وَبِلَةُ الطَّعَامِ او اَبِلَةُ الطَّعَامِ اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔
الوَبِیل۔ سخت۔ مَرْعًی وَبِیلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِیلٌ: مضر صحت کھانا۔ الوَبِیل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری۔ اور کہا جاتا ہے اَبِیلٌ عَلَی وَبِیلِهٖ یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڑھاپا ــــ والوَبِیلَة والوَبِیل ــــ والمِبْیَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔
المِبْیَل والمِبْیَلَة۔ کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لیے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ہر حَوْلٍ وَبُونٌ۔ کہا جاتا ہے مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ گھر میں کوئی نہیں۔
الوَبِنَة۔ تکلیف۔ بھوک۔
وَبَهَ وَوَبِهَ یَوْبَهُ وَبْهًا وَوَبَهًا وَوُبُوهًا
اَوْبَهَهُ اِیْبَاهًا فُلَانًا وَبِهَ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یُوْبَهُ بِهٖ اَوْ لَهٗ فلاں کی پروا نہیں کی جاتی۔
وَتَأَ یَتَأُ وَتَأَنِیًا مِشْیَتَهٗ: سست رفتار چلنا
وَاتَاهُ مُوَاتَاةً وَوِتَاءً: عَلَی الاَمْرِ موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّة۔ تمری کی آواز۔
وَتَخَ یَتِخُ وَتَاخَةً وَوَتْخَةً وَوُتُوخَةً العَطَاءُ: داد دہش کم ہونا۔
وَتَخَ یَتِخُ وَتْخًا وَتَخَةً العَطَاءَ: داد دہش کم کرنا۔
اَوْتَخَ اِیْتَاخًا وَوَتَّخَ تَوْتِیخًا العَطَاءَ: کم کرنا۔ اَوْتَخَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا ــــ فُلَانًا: رنج و مشقت میں ڈالنا ــــ لَهُ الشَّیْءَ: کم کرنا۔
تَوَتَّخَ تَوَتُّخًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا
الوَتِخ والوَتِخ والوَتِیخ۔ تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِخٌ: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتِخٌ: بے برکت کھانا۔ کہا جاتا ہے مَا اَغْنَی فُلَانٌ وَتْخَةً اس نے اسکو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَتَخَ یَتِخُ وَتْخًا الرَّجُلَ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَوْتَخَ اِیْتَاخًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچنا۔
الوَتِخَة۔ کیچڑ۔ کہا جاتا ہے مَا اَغْنَی فُلَانٌ وَتْخَةً اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
المِیْتَخَة۔ چھڑی۔
وَتَلَ یَتِلُ وَتْلًا وَتِلَةً وَوَتَلَ الوَتَدُ میخ گڑ جانا ــــ الوَتَدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِی الصَّیْفِ اقامت کرنا۔ وَتَدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے وَتَدَ رِجْلَهٗ فِی الاَرْضِ اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔
اَوْتَدَ اِیْتَادًا الوَتَدَ: میخ گاڑنا۔
الوَتَد الوَتِین والوَتِد۔ میخ کھونٹی۔ کان کے سامنے کا مٹہ کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ جو اَوْتَادٌ۔ اَوْتَادُ الاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ البِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ القَوْمِ: ذات والوتید عِنْدَ اَهْلِ العَرُوْضِ: تین حرف ہیں کہ دوسرا یا تیسرا ساکن ہو تو وتید مفروق کہلاتا ہے۔ جیسے قَوْلٌ۔ تیسرا ساکن ہو تو وتید مجموع جیسے لَمْ۔

المِيتَد والمِيتَدَة۔ مینگ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔

الوَاتِد۔ فا۔ ثابت۔ قَرْنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ وَتِدٌ وَاتِدٌ مبالغہ کیلئے ہے جیسے شَمْلٌ شَامِلٌ۔

وَتَّرَ یُوَتِّرُ وِتْرًا وَتِرَةً فُلَانًا: گھیر ادینا۔ ستانا تکلیف پہنچانا ــــ فُلَانًا نَالَہٗ: دھکا دینا۔ القَوْمَ: جفت کو طاق کر دینا ــــ القَوْسَ: تانت لگانا۔

اَوْتَرَ اِیْتَارًا القَوْسَ: کمان کے لئے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا ــــ الشَّیْءَ: طاق بنانا ــــ بَیْنَ الأَشْیَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔

وَاتَرَ وَتَارًا و مُوَاتَرَةً الأَشْیَاءَ: وقفہ دے دیکر لگاتار کرنا ــــ الکُتُبَ: لگاتار بھیجنا ــــ القَوْمَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دیکر روزہ رکھنا۔

وَتَّرَ القَوْسَ: کمان میں تانت لگانا۔

تَوَتَّرَ العَصَبُ وَنَحْوُہٗ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی مانند سخت ہونا۔

تَوَاتَرَتِ الأَشْیَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔

الوِتْرُ والوَتْرُ۔ بے جوڑ۔ طاق۔ بدلہ۔ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ ج أَوْتَار۔

الوَتَر۔ وَتَرَةٌ کی جمع ہے بمعنے تانت۔ ج أَوْتَار و وِتَارٌ۔

الوَتَرَة۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ۔ کان سے تیر نکلنے کی جگہ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ و وَتَرَاتٌ۔

الوَتِیرَة۔ طریقہ۔ وقفہ۔ سستی۔ نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ۔ قبر۔ گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ قید۔ تاخیر نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ ہونٹ کا حلقہ۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ سفید زمین۔ گلاب کا شگوفہ۔ پھل والی گاما نام۔ یعنی جب وتر کا عدد پورا ہوتا ہے تو اسے وَتِیرَة کہتے ہیں۔

تَتْرِیَہ۔ اس کی اصل وَتْرِیَہ ہے اور اسکے معنے ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرْسَلَہَا رُسْلًا تَتْرِیًا۔

المَوْتُور۔ مفعو۔ وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔

الوَتْش۔ ہر چیز کا قلیل۔ کمینے۔

وَتِغَ یَوْتَغُ وَتَغًا۔ گنہگار ہونا۔ دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا۔ درد مند ہونا۔ جلق ہونا۔ ملامت زدہ ہونا۔ گفتگو میں ناسمجھ ہونا۔ برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا ــــ فِی خُطَّتِہٖ غلطی کرنا۔

اَوْتَغَہٗ اِیْتَاغًا۔ ہلاک کرنا۔ قید کرنا۔ اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا۔ دردناک کرنا۔

وَتِینَةُ الشَّیْطَانِ: مضر بات کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے اَوْتَغَ وَتِینَہٗ بِالإِثْمِ اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔

الوَتِیغَة۔ دلیل میں غلطی۔

المَوْتَغَة۔ ہلاکت۔

وَتَنَ یَتِنُ وُتُونًا وَتِنَةَ المَاءُ: پانی کا جمع رہنا اور ختم نہ ہونا ــــ بِالمَکَانِ: ٹھیرنا اور اقامت کرنا ← وَثَنَا وَ وَثِنَا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔

وُثِنَ: شہ رگ پر مارنا۔

وَاتَنَ مُوَاتَنَةً: چٹنا۔ دوسرے کے مانند کام کرنا۔ وَاتَنَ المَکَانُ: دیر تک ٹھیرنا۔

اِسْتَوْتَنَ المَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔

الوَاتِن۔ فا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ ہر وَتِن۔ ہمیشہ رہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔

الوَثْنَة۔ مقدرض کا بچھا۔ فا لفت۔

الوَتِین۔ مع۔ شرگ۔ دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ ہر وَتِنٍ وَاتِنٍ

وَثَأَ یَثَأُ وَثْأً الخ: مار کر اس کا سر کوٹنی کے سرے کو پاش پاش کر دینا (ــــ و أَوْثَأَ) یَدَہٗ: موچ ڈالنا۔

وَثِئَتْ یَثَأُ وَثْأً وَوَثَاءً وَوُثُوءًا وَوَثِئَتْ یَدُہٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت وَثِئَةٌ وَوَثْآءُ وَوَثِیءَةٌ۔

وَثُؤَ یَثْؤُ وَثَاءَةً۔ موچ لاحق ہونا۔

الوَثَاءَة والوَثْءُ۔ موچ۔

الوَثِیءُ۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔

المِیثَأَة۔ میخ گاڑنے کا آلہ۔

وَثَبَ یَثِبُ وَثْبًا وَوُثُوبًا وَوَثْبَانًا وَوَثِیبًا وَوَثْبَةً۔ اٹھنا۔ کودنا۔ عرب کا قول ہے وَثَبَ اِلَی الشَّرَفِ وَثَبَاتٍ عزت پر دفعۃً پہنچ گیا۔

وَثَبَہٗ تَوْثِیبًا۔ گدی پر بٹھانا ــــ ہٗ اِلَی اسْتِہٖ بٹھنے کیلئے بچھانا۔ وَثَبَہٗ وَثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا

اَوْثَبَ اِیْثَابًا۔ کودانا۔ اَوْثَبَہُ المَوْضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔

وَاثَبَہٗ مُوَاثَبَةً۔ سبقت کرنا۔ ٹوٹ پڑنا

تَوَثَّبَ عَلَیْہِ فِی أَرْضِہٖ: غلماً قبضہ کر لینا

تَوَاثَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الوَثَّاب۔ تخت۔ پھونا۔ بیٹھنے کی جگہ۔

الوَثَّابِی۔ بہت کودنے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ أَوْثَابَةٌ وَوَثَّابِیَةٌ بہت اچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

الوَثَّاب۔ بہت کودنے والا۔ فَرَسٌ وَثَّابَةٌ تیز رفتار گھوڑا۔

المِیثَب۔ کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔ بیٹھنے کی زمین۔ نرم زمین۔ چھوٹا چشمہ۔

المُوثِبَان۔ غزوہ نہ کرنے والا یا دشاد۔

وَثِجَ یَوْثَجُ وَثَجًا۔ گاڑھا ہونا۔ الفرس گھوڑے کا موٹا ہونا ــــ المَکَانُ: بہت گھاس والا ہونا۔ صفت وَثِیجٌ۔

أَوْثَجَهُ إِيثَاجًا۔ زیادہ کرنا۔
اِسْتَوْثَجَ الْمَالُ: زیادہ ہونا ــــ مِنَ: زیادہ لینا ــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا گٹھا ہونا ــــ الْمَنْبَتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
اَلْوَثِيجُ۔ گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِيجٌ۔ گف بنا ہوا کپڑا۔
اَلْوَثِيجَةُ۔ بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔
اَرْضٌ مُوثِجَةٌ وَمُثِيجَةٌ۔ بہت گھاس والی زمین۔
اَلْمُوثِجُ۔ مِنَ الثِّيَابِ۔ نرم بُنا ہوا کپڑا۔
اَلْوَثِيجَةُ۔ پانی کی تری۔
اَلْوَثِيجَةُ۔ گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تروتازہ اُگی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین
رَجُلٌ مُوثَجُ الْخَلْقِ وَمَوْثُوثُهُ۔ کمزور جسم کا مرد۔
وَثْوَثَ وَثْرُوثَارَةَ الْفِرَاشُ: بچھونے کا نرم وملائم ہونا۔ صفت وَثِيرٌ ــــ مُؤَنَّثٌ: بہت دست والا ہونا ــــ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔
وَثُرَ يَثُرُ وَثْرًا وَوَثُرَ الْفِرَاشُ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔
اِسْتَوْثَرَ الْفِرَاشُ: بچھونے کو نرم پانا۔
اِسْتَوْثَرَ الْمَالُ: بہت لینا۔
اَلْوَاثِرُ۔ فا۔ ثابت قدم۔
اَلْوَثْرُ۔ مع۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لگایا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔
اَلْوَشْيُ۔ ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم د ــــ وَالْمِشْرَةُ) زمین پکڑنے کا گدیلا۔ ہ مَوَاثِرُ وَمَيَاثِرُ۔
اَلْوَثِرُ وَالْوَثِيرُ۔ نرم وملائم۔ اَلْوَثِيرُ: بھونی ہوئی چربی۔
اَلْوَثِيرَةُ۔ وَثِيرٌ کا مؤنث۔ بہت گوشت والی ہ وَثَائِرُ وَوِثَارٌ۔
اَلْوِثَارُ۔ نرم بچھونا۔

اَلْوِثَارَةُ وَالْوِثَارَةُ۔ بچھونے کی نرمی۔
اَلْمَوَاثِرُ وَالْمَيَاثِرُ۔ درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔
وَثَغَ يَثِغُ وَثْغًا رَاسَهُ: توڑنا۔ کچلنا۔
اَلْوَثْغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
اَلْوَثِيغَةُ۔ موسم بہار کی اُگی ہوئی گھاس۔
اَلْوَثِيغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
وَثَفَ يَثِفُ وَثْفًا وَوَثَفَ وَأَوْثَفَ الْقِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔
وَثِقَ يَثِقُ ثِقَةً وَوُثُوقًا وَهُوَ ثِقَةٌ بِفُلَانٍ بھروسہ کرنا۔ صفت فاعلی وَاثِقٌ اور صفت مفعول مَوْثُوقٌ ہے۔
وَثُقَ وَثَاقَةً الشَّيْءُ: قوی ومضبوط ہونا۔ وَثُقَ الرَّجُلُ: مضبوط واستوار کرنا۔
وَثَّقَ الْأَمْرَ: مضبوط کرنا ــــ الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔
أَوْثَقَهُ إِيثَاقًا۔ رسی سے باندھنا۔
وَاثَقَهُ وِثَاقًا وَهُوَ الثِّقَةُ۔ معاہدہ کرنا۔
تَوَثَّقَ۔ مضبوط وقوی ہونا ــــ فِي الْأَمْرِ: وثیقہ لینا۔
تَوَاثَقَ الْقَوْمُ: باہم عہد وپیمان ہونا۔
اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ: وثیقہ لینا ــــ مِنَ الْأَمْوَالِ حفاظت میں مبالغہ کرنا۔
اَلثِّقَةُ۔ مع۔ قابل بھروسہ۔ لفظ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر ومؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ أَوْثَقُ يَعْنِي فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔
اَلْوِثَاقُ وَالْوَثَاقُ۔ باندھنے کی چیز جیسے رسی وغیرہ ہ وُثُقٌ۔
اَلْوَثِيقُ۔ مضبوط۔ ہ وُثَاقٌ۔
اَلْوَثِيقَةُ۔ وَثِيقٌ کا مؤنث۔ قابل اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ أَرْضٌ وَثِيقَةٌ: بہت گھاس والی زمین ہ وَثَائِقُ۔

اَلْأَوْثَقُ۔ اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقَى۔ اوپر اسی سے ہے اِسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا۔ اور کہا جاتا ہے خُذِ الْأَمْرَ بِالْأَوْثَقِ معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔
اَلْمَوْثِقُ وَالْمِيثَاقُ۔ عہد۔ ہ مَوَاثِقُ وَمَيَاثِقُ وَمَوَاثِيقُ وَمَيَاثِيقُ۔
وَثَلَ الْمَالَ: مال جمع کرنا ــــ الشَّيْءَ: مضبوط واستوار کرنا۔
اَلْوَثَلُ۔ درخت خرما کے چھال کی رسی۔ چمڑے کا میل کچیل۔
اَلْوَثِيلُ۔ درخت خرما کی چھال۔ درخت خرما کی چھال کی رسی۔ یا جوٹ کی رسی۔
وَثَمَ يَثِمُ وَثْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ الْمَطَرُ الْأَرْضَ: زور سے بارش ہونا ــــ الْفَرَسُ الْأَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔
وَثَمَتْ وَثْمًا وَوِثَامًا الْحِجَارَةُ وَنَحْوُهَا: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَامَةً الْمَكَانُ: کم گھاس والی ہونا
وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَامَةً: بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِيمٌ۔
وَاثِمٌ مُوَاثِمَةً فِي الْعَدُوِّ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔
اَلْوَثِيمَةُ۔ پتھر چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔
اَلْوَثْمُ۔ کمی۔
خُفٌّ مِيثَمٌ۔ بہت پامال کرنے والا گھر۔
وَثَنَ يَثِنُ وُثُونًا۔ عہد پر قائم رہنا۔
أَوْثَنَهُ إِيثَانًا۔ بہت عطیہ دینا ــــ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
اِسْتَوْثَنَ إِسْتِيثَانًا الشَّيْءُ: باقی رہنا مضبوط ہونا ــــ الْمَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا ــــ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔ اِسْتَوْثَنَتِ الْإِبِلُ اونٹوں کا بڑھنا۔
اَلْوَاثِنُ۔ فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ہ وُثَّنٌ۔

الوَثَنُ۔ بت۔ جمع اَوْثَانٌ وَوُثُنٌ وَوُثْنٌ وَاُثُنٌ
الوَثَنِيُّ۔ بت پرست۔
وُثِيَتْ ثُنِيًا وَمِثْيَادَةً: ہاتھ میں موچ ہونا صفت مَوْثِيَةٌ۔
اَوْثَى إِيثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا۔
الوَثْيُ۔ موچ۔
الوَثْيُ: تکلیف۔
المِيثَاءَةُ۔ موگری۔ ہتوڑا۔
وَجَرَ يَوْجُرُ وَجًا۔ تیز چلنا۔ دوڑنا۔
الوَجَرُ۔ سم تیزی۔ شتر مرغ۔ قطا۔ ہل کی لکڑی۔ ایک دوا کا نام۔
وَجَأَ يَوْجَأُ وَجْأً وَوَجَاءً فُلَانًا بِالسِّكِّينِ اَوْ بِيَدِهِ: کسی کو چھری یا ہاتھ سے مارنا صفت مفعول مَوْجُوءٌ وَوَجِيٌّ اور اسم الوِجَاءُ — التمر: کھجور کو کوٹنا۔
وَجَأَ وَجِئَ البِئْرُ: ختم شدہ پانی والا پانا۔
اَوْجَأَتِ البِئْرُ: کنویں کا پانی ختم ہونا۔ اَوْجَأَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا — فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا
اِيجَاءُ التَّمْرِ: کھجور کا گودے دار ہونا۔
الوَجْءُ وَالوَجَأُ وَالوَجَاءُ۔ بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں۔
الوَجِيئَةُ۔ گائے۔ کھجور یا ہڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا۔
وَجَبَ يَجِبُ وُجُوبًا وَجِبَةً الشَّيْءُ: ثابت ہونا۔ لازم ہونا۔ کہا جاتا ہے وَجَبَ البَيْعُ وَوَجَبَ لِي عَلَى فُلَانٍ كَذَا یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (— وَجِبَةُ الحَائِطِ وَنَحْوِهِ: دیوار کا زمین پر گرنا — الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (— وَجْبًا وَوُجُوبًا) الرَّجُلُ: مرتے ہوئے گرنا۔ کہا جاتا ہے ضَرَبَهُ فَوَجَبَ اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا فُلَانًا عَنْهُ: باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا — العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ وَجَبَ وَجْبًا وَجِيبًا وَوَجَبَانًا القَلْبُ: دل کا تڑپنا۔ دھڑکنا۔
وَجُبَ يَوْجُبُ وُجُوبَةً۔ بزدل ہونا
وَجَّبَ۔ دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا
هُ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهُ وَلِنَفْسِهِ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوہنا —— الأَمْرَ عَلَيْهِ: لازم کرنا — بِهِ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللَّبَنَ فِي ضَرْعِ النَّاقَةِ: پیوی کا تھن میں جم جانا
اَوْجَبَ۔ اونٹ کا بیٹھنا۔
اَوْجَبَ إِيجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهُ: رعایت کرنا کہا جاتا ہے قَدْ خَلَطْتُ وَلَكِنْ اِيجَابًا لِحَقِّهِ میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا —— الشَّيْءَ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ البَيْعَ: لازم کرنا — الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا — اللهُ قَلْبَهُ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔
وَاجَبَهُ وَجَابَاهُ مُوَاجَبَةً۔ لازم کرنا۔
تَوَجَّبَ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
تَوَاجَبُوا۔ باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)
اِسْتَوْجَبَ اِسْتِيجَابًا الشَّيْءَ: مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔
الوَجْبُ۔ سم۔ بڑی مشک۔ ہر وجاب (— والوَجَابُ والوَجَابَةُ) بزدل۔ قلب وَجَابٌ: بہت دھڑکنے والا دل۔
الوَجَبُ۔ گھوڑ دوڑ یا تیر اندازی کی شرط
الوَجْبَةُ: سم۔ دھماکے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ہر وَجَبَاتٍ۔
الوُجُوبُ۔ سم۔ ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں متحقق ہونا۔
الوَجِيبَةُ۔ وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔

پھر پہلے پہل لینا اور جب لیکن فاعل جاہل ہے قذا استوثیت وثیقت۔
الواجب۔ فا۔ لازم۔ اور جائز کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الواجب الوجود واجب الوجود جس کا وجود بذاتہ کسی کا محتاج نہ ہو۔ اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ
الموجب۔ فا۔ سبب۔ باعث
الموجب۔ مفعم — من الکلام: جس کی نفی میں استفہام ہو۔
الموجبۃ۔ بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو انسان جنت یا جہنم ہو۔
الموجب۔ موت۔ ہو تو واجب کر جانے والے خرج القوم الی الموجب قوم اپنی موت جگہوں میں گئی۔
وَجَحَ الشَّيْءُ: ظاہر ہونا۔
اَوْجَحَ۔ ظاہر ہونا — الحائط: گھر کے چھان تک پہنچنا — البيت: گھر پر پرنالا — هُ إِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔ اَوْجَحَتِ النَّارُ: کا چمکنا — غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَحَ الْبَوْلُ: پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔
الوَجَاحُ۔ چکنا پتھر (— الوجاح والوجاح پردہ۔
الوَجَحُ۔ غار کے مانند۔
المَوْجَحُ۔ مفعم۔ جائے پناہ۔ چلچلاتی دھوپ (والوَجِحُ) مضبوط وگف دنا ہوا کپڑا۔
الموجوح من الاثواب: بند کیا ہوا
وَجَدَ وَوَجِدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُودًا وَوِجْدَانًا وَاجِدًا المَطْلُوبَ: پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کا یاب ہونا کہا جاتا ہے وَجَدَتِ الضَّائِرُ میں نے گمشدہ وَجَدَ افعال قلوب میں سے بھی ہے اس صورت دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُودٌ ہے۔
وَجَدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوِجْدَانًا وَوُجْدًا

وِجْدَةُ المَالِ ونَحْوُهُ: مستغنی ہونا۔
وَجَدَ یَجِدُ وَجْدًا وِجْدَةً وَمَوْجِدَةً وَوِجْدَانًا عَلَیْہِ: غضبناک ہونا (ـــ وَجْدًا) بِفُلَانٍ: بہت محبت کرنا ـــ لَہٗ: غمگین ہونا۔
وَجِدَ یَوْجَدُ وَجْدًا بِہٖ: بہت محبت کرنا ـــ لَہٗ: غمگین ہونا۔
وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّیْءُ عَنْ عَدَمٍ: نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ۔
اَوْجَدَ اِیْجَادًا اللّٰہُ الشَّیْءَ: موجود کرنا۔ فُلَانًا: غنی کرنا۔ قوی کرنا ـــ مَطْلُوْبَہٗ: کامیاب کرانا۔ فتحمند کرانا۔ حاصل کرانا۔ اَوْجَدَہٗ عَلَی الْاَمْرِ مجبور کرنا۔ اَوْجَدَہٗ اِلَیْہِ: مضطر کرنا۔
تَوَجَّدَ بِہٖ: محبت کرنا ـــ لَہٗ: غمگین ہونا ـــ السَّہَرُ وَنَحْوُہٗ: بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔
الوَاجِدُ۔ محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا
الوَجْدُ م۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَادٌ (ـــ والوُجْدُ والوِجْدُ) محبت۔ خوشی۔ توانگری قدرت۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مِنْ وَجْدِیْ" یہ میری قدرت میں ہے۔
الجِدَۃُ۔ م۔ توانگری۔ قدرت۔
الوِجْدَانُ م۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنے نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔
الوِجْدَانِیُّ۔ ہر وہ چیز جسکو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِیَّاتٌ۔
الوَاجِدُ۔ فا۔ توانگر۔ محب اور کہا جاتا ہے "اَنَا وَاجِدٌ بِالشَّیْءِ": میں اس پر قادر ہوں۔
الوَجَّادُ۔ بہت غضبناک۔
الوَجِیْدُ۔ ہموار زمین۔ ج وُجْدَانٌ۔
الوُجُوْدُ م۔ ہست۔ عدم کا خلاف۔
الوُجُوْدِیُّ۔ عدمی کا خلاف۔
اَوْجَدَہٗ اِلَی کَذَا: مضطر کرنا ـــ عَلَیْہِ: مجبور کرنا۔

الوَجْدُ۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَادٌ وَوِجْدَانٌ
نَکَانٌ وَجِدٌ۔ بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔
وَجِرَ یَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ کَذَا: خوف کرنا صفت مذکر وَجِرٌ وَاَوْجَرُ صفت مؤنث وَجِرَۃٌ وَوَجْرَاءُ۔
وَجَرَہٗ یَجَرُہٗ وَجْرًا: منہ میں دوا ڈالنا۔
وَجَرَ فُلَانًا: ناپسندیدہ باتیں سنانا۔
اَوْجَرَہٗ اِیْجَارًا۔ الوَجُوْرُ: منہ میں دوا ڈالنا ـــ ہٗ الرُّمْحَ: منہ میں نیزہ مارنا۔
تَوَجَّرَ الدَّوَاءَ: دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔
اِنْجَرَّ۔ وجر سے ملاح کرنا اس کی اصل اِوْتَجَرَ ہے) دیکھئے وتجر۔
الوَجْرُ۔ م۔ پہاڑ میں غار کے مانند جو اَوْجَارٌ۔
الوَجْرَۃُ والوَجَرَۃُ۔ وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَارٌ۔
الوِجَارُ والوَجَارُ: بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جسکو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج اَوْجِرَۃٌ وَوُجُرٌ۔
الوُجُوْرُ والوَجُوْرُ۔ منہ میں پٹکانے کی دوا
المِیْجَرُ والمِیْجَرَۃُ۔ منہ میں دوا پٹکانیکا آلہ۔
المِیْجَارُ: چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔
وَجَزَ یَجُزُ وَجْزًا الکَلَامَ: کلام مختصر کرنا (وَوَجُزَ یَوْجُزُ وَجَزًا وَوَجَازَۃً وَوُجُوْزًا) الرَّجُلُ فِی مَنْطِقِہٖ: مختصر گو ہونا۔
وَجُزَ یَوْجُزُ وَجَازَۃً الکَلَامُ: کلام مختصر وبلیغ ہونا۔
اَوْجَزَ اِیْجَازًا الکَلَامَ: مختصر ہونا ـــ الکَلَامَ وَفِی الکَلَامِ: مختصر کرنا ـــ العَطِیَّۃَ: جلدی دینا۔
تَوَجَّزَ الشَّیْءَ: بات پوری کرنے کو کہنا۔
اِسْتَوْجَزَ اِسْتِیْجَازًا الکَلَامَ: زوائد کو حذف کر دینا۔
الوَجِزُ۔ رَجُلٌ وَجِزٌ: جلدی دینے والا یا پھرتیلا (ـــ والوَجِیْزُ والوَاجِزُ) ہلکا اور مختصر ـــ مِنَ الکَلَامِ: جلدی سے کچھ میں آنیوالا مختصر کلام۔
المِیْجَازُ۔ مختصر کلام بولنے کا عادی۔
وَجَسَ یَجِسُ وَجْسًا۔ پوشیدہ ہونا۔
وَجَسَتِ الْاُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا ـــ وَجْسًا وَوَجَسَانًا) سُنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔
اَوْجَسَ اِیْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَسَ القَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔ اَوْجَسَتِ الْاُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔
تَوَجَّسَ۔ آہٹ پر کان لگانا ـــ الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا ـــ فَزَعًا: گھبراہٹ محسوس کرنا ـــ الصَّوْتَ: خوف زدہ ہو کر سننا۔ تَوَجَّسَتِ الْاُذُنُ: آواز سننا۔
الوَجْسُ۔ م۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ
الوَاجِسُ فا۔ دل میں آنے والا خیال۔
الاَوْجَسُ۔ تھوڑی خورد و نوش۔ زمانہ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُہٗ بَجِیْسَ الاَوْجَسِ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
وَجِعَ یَوْجَعُ وَجَعًا مریض اور دردمند ہونا اس کے مضارع میں جَعُ اور یَاجَعُ واو کو ی یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں "وَجِعَ فُلَانٌ رَاْسُہٗ وَوَجَعَ فُلَانٌ رَاْسَہٗ" فلاں کے سر میں درد ہے۔
اَوْجَعَہٗ اِیْجَاعًا۔ دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا اَوْجَعَ فِی العَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔
تَوَجَّعَ۔ شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا ـــ لَہٗ: نرم دل ہونا۔
الوَجَعُ۔ مرض و تکلیف۔ ج وِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ
الوَجِعُ۔ دردوالا۔ ج وَجْعَی وَوُجْعَی وَوِجَاعٌ وَوِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَۃٌ ج وَجَائِعُ وَوَجِعَاتٌ
الجَعْجَعَۃُ۔ جَوکی بیٹھ۔
الاَوْجَعُ۔ بہت تکلیف پہنچانے والا۔

(یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ اَوْجع ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)

الوَجَعاء۔ دُبُر۔ ہ وجعادات۔

الوَجِیع۔ درد پہنچانیوالا۔ کہا جاتا ہے۔ ضَرْبٌ وَجِیعٌ دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے عَذَابٌ اَلِیمٌ۔

وَجَفَ یَجِفُ وَجْفًا وَوَجِیفًا وَوُجُوفًا الشَّیْءُ: مضطرب ہونا (— وَجِیفًا) القَلْبُ: دل کا دھڑکنا۔ صفت وَجَّافٌ وَوَاجِفٌ (— وَجْفًا وَوَجِیفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِفٌ۔

اَوْجَفَ الفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا الشَّیْءَ: حرکت دینا۔ مضطرب کرنا — البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

اِسْتَوْجَفَ الحُبُّ فُؤَادَہٗ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا۔

نَاقَۃٌ مِیجَافٌ۔ تیز دوڑنے والی اونٹنی۔

الوَجِیف۔ ہم۔ خوف سے گرنا۔

الوُجَاق والاُجَاق۔ آتش دان۔

الجَیْشَی: فوج کی ترتیب ہ وُجَاقات (دخیل)

وَجِلَ یَوْجَلُ وَجَلًا وَمَوْجَلًا۔ ڈرنا یا خوف محسوس کرنا۔ اور اس کا مضارع یَجِلُ اور یَاجَلُ واؤ کو یا یا الف سے بدلکر اور یَنْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

وَجَلَہٗ یَوْجَلُہٗ وَجَلًا۔ خوف میں مبتلا کرنا۔

وَجُلَ یَوْجُلُ وَجَالَۃً۔ بوڑھا ہونا۔

وَاجَلَہٗ مُوَاجَلَۃً وَجَلًا۔ خوف میں مقابلہ کرنا۔

اَوْجَلَہٗ۔ ڈرانا۔

الوَجَل۔ خوف۔ ہ اَوْجَال۔

الوَجِل۔ خوف کرنیوالا۔ ہ وَجِلُون و وِجَال۔ مؤنث وَجِلَۃٌ۔

الاَوْجَل۔ خوف کرنیوالا (مؤنث کیلئے وَجْلَا نہیں بلکہ وَجِلَۃٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے ہُوَ اَوْجَلُ مِنْکَ وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔

الوَجِیل والمُوجِل۔ گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ المُوجِل: خون کی جگہ۔

الوُجُول۔ بڑے۔

وَجَمَہٗ یَجِمُہٗ وَجْمًا۔ مکا مارنا (— وَجَامًا وَوُجُومًا نام شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے لَمْ اَجِمْ فُلَانًا میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدت غم کی وجہ سے ترشرو ہوکر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ وَوَاجِمٌ۔ وَجِمَ مِنَ الاَمْرِ ناپسند کرکے رک جانا — الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ وَجِمَ فُلَانٌ بن کذا: نرم دل اور غمگین ہونا۔

الوَجِم۔ مضمر جل وَجِمٌ: ناکارہ مرد۔ کہا جاتا ہے ہُوَ وَجِمٌ سُوءٍ وہ برا آدمی ہے۔

الوَجْم۔ بخیل۔ لئیم۔ بڑا پھوکا۔

الوَجْم والوَجْم۔ قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر۔ یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ہ وُجُوم واَوْجَام۔ بَیْتٌ وَجْمٌ وَوَجِیمٌ: بڑا گھر۔

الاَوْجَم۔ اسم تفضیل۔ اَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔

الوَجْمَۃ۔ ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوَجِمَۃ۔ ننگ وعار۔

الوَجِیم مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن۔

الوَجِیمَۃ۔ گیہوں یا چارہ۔ آفت رسیدہ

المِیجَمَۃ۔ دھوبی کی موگری۔

وَجَنَ یَجِنُ وَجْنًا بالشَّیْءِ: پھینکنا — الوَتَدَ: کھونٹی ٹھونکنا — بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹکنا — القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھاڑنا۔

وَجَنَ الجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کیلئے کوٹنا

وَجُنَ۔ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔

الوَجْنَۃ والوِجْنَۃ والوُجْنَۃ والوَجِنَۃ والاَجْنَۃ والاِجْنَۃ والاُجْنَۃ رخسارہ میں ابھری ہوئی جگہ ہ وَجَنَات۔

الوَجْن والوَجَن والوَاجِن۔ پتھریلی سخت زمین۔

الوَجِین۔ وادی کا کنارہ۔ سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ہ وُجُن۔

الاَوْجَن۔ سخت پہاڑ۔ بڑے رخساروں والا۔ مؤنث وَجْنَاءُ۔ ناقۃٌ وَجْنَاءُ: سخت اونٹنی

المُوجَن۔ بڑے رخساروں والا۔ بہت گوشت والا موٹا۔

المِیجَنَۃ۔ موگری۔ ہ مَیَاجِن ومَوَاجِن۔

المُوجُون۔ معم۔ شرمندہ۔

المُوجُوتَۃ۔ دلہن کا آراستہ کرہ۔

وَجَہَہٗ یَجِہُہٗ وَجْہًا فُلَانًا: منہ پر مارنا اور روکرنا۔ لوگوں کے نزدیک ثابت میں بڑھنا

وَجُہَ یَوْجُہُ وَجَاھَۃً۔ وجیہ ہونا۔ صاحب وجاہت ہونا۔

وَجَہَ اِلَی فُلَانٍ: کسی کے پاس جانا — اِلَی فُلَانٍ: کسی کے پاس بھیجنا — الاَجِیرَ باجرت بنانا۔ وَجَّہَ الشَّیْءَ: کسی طرف پھیر دینا القَوْمُ الطَّرِیقَ: راستہ پر چلنا اور نشان دائم کرنا لِعَبْدِہٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کیلئے کہنا — المَطَرُ الاَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا۔ سطح زمین کو صاف کردینا اور نشان ڈالدینا — الرِّیحُ الحَصَی: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا — البَیْتَ: بیت کو قبلہ رو کرنا۔

اَوْجَہَ اِیجَاھًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔ وجیہ پانا۔ رد کرنا۔

وَاجَہَہٗ مُوَاجَھَۃً وَوِجَاھًا رُودَرُو مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے لَقِیَہٗ مُوَاجَھَۃً وَوِجَاھًا اس نے اس سے رُودَرُو ملاقات کی۔

تَوَجَّہَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا — الجَیْشُ: شکست کھانا — الشَّیْخُ: بڈھا ہونا

تَوَاجَہَ الرَّجُلَانِ اَوِ الفَرِیقَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِتَّجَہَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا — اَوْرَایٌ: خیال سوجھنا۔

الوَجْہ۔ چہرہ۔ ہ اَوْجُہٌ وَوُجُوہٌ وَاَجْوُہٌ۔

وَجْہُ الثَّوْبِ وَوَجْہُہٗ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔ وَجْہُ الدَّہْرِ: زمانہ کا اوّل۔ کہا جاتا ہے کَانَ ذٰلِکَ عَلٰی وَجْہِ الدَّہْرِ یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجہ۔ مم۔ جانب۔ قصد و نیت جس طرف کسی شخص کی طرف انسان متوجہ ہو۔ عزت و مرتبہ۔ مدعا الکلام، مقصود کلام۔ رضامندی۔ کہا جاتا ہے فعل ذلک لوجہ اللہ اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کیلئے کیا۔ وضرب وجہ الامر وجیہۃ اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔ ومضی علی وجہہ وہ لاپروائی سے گذر گیا اور ابیض وجہہ یعنی اللہ وجہہ اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص محمود کرے اور اسی طرح اسود وجہہ و سود اللہ وجہہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے ـــ ج وُجُوہ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے رجل وجہ یعنی صاحب عزت و مرتبہ مرد۔ الوجہ: نوع کم جیسے الکلام فیہ علی وُجُوہ او علی اربعۃ وُجُوہ۔ لیس الا ذلک وجہ یعنی تمہارے کلام کیلئے صحت کی کوئی صورت نہیں والوجہ ان یکون کذا یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو ولہذا القول وجہ یعنی اس قول کیلئے تائید ہے وفلان احسن القوم وجہا فلاں قوم کے لوگوں سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً احسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے وصرف الشیء عن وجہہ اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا فرجع وذو وجہین جبکہ ضمیر کیخلاف ظاہر کرے۔

الوَجہ والوَجہۃ۔ تھوڑا پانی۔

الوَجہ والوُجہ۔ جانب۔ گوشہ۔

الوَجیہ والوَجُہ۔ صاحب عزت و مرتبہ۔

الجَہۃ والجِہۃ والجُہۃ ہر جہات و جہات وجُہات والوِجہۃ والوَجہۃ۔ جانب گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔ اور کہا جاتا ہے ولی وجہۃ امرہ وہ اپنے مقصد سے پھر گیا۔

الوجاھۃ مم۔ مرتبہ۔ عزت۔ حرمت کہا جاتا ہے لہ وجاہۃ عند الناس اس کی لوگوں کے نزدیک عزت و حرمت ہے۔

التوجیہ۔ مم ـــ فی علم العروض: روی قصیدے کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔ ذی حرکتین اور ناسیس کا درمیان۔ کہا جاتا ہے ہم وجہ واحد وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔ کہا جاتا ہے وُجاہہ و وِجاہہ و وَجاہہ و تِجاہہ و تُجاہہ و تَجاہہ۔ سامنے۔ مقابل اور کہا جاتا ہے قعدوا تجاہہ و وُجاہہ وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔

الوَجیہ۔ سردار قوم۔ آبرو والا مرتبہ والا ج وُجَہاء۔ مؤنث وجیہۃ ج وجیہات و وجائہ الوجیہۃ من الاکسیۃ: دوہری چادر۔ الوجیہ: پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ۔

الوجیہۃ۔ وجیہ کا مؤنث۔ ایک قسم کا دوہرا مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصول عزت کے لئے گردن میں لٹکاتے ہیں۔

الاوجہ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ہو اوجہ قومہ وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔ کہا جاتا ہے نظر الی باوجہۃ شوہ یعنی انھوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا۔ اُوَیجہ۔ اُوجہ جمع وجہۃ کی تصغیر ہے۔

المُوجہ۔ مرتبہ والا ـــ من الکتاب: دوہری چادر۔ شیٔ موجہۃ: ایک نقش پر بنی ہوئی چیز۔

المواجہۃ۔ مم۔ کسی کا کلام یا چہرہ سے استقبال کرنا۔

وَجِیَ یَجِی وَجْیًا الرجل: ناکارہ و نکما ہونا وَجِیَ یَوْجَی وَجًی وتوجی الماشی: پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔ صفت وَجٍ ووَجِیٌّ۔ مؤنث وَجِیَۃٌ ووَجْیَاءُ۔

اَوْجَی اِیجَاءً: الرجل: پاؤں گھسانا۔ دینا ـــ لہ: بخل کرنا ـــ عن کذا: اعراض کرنا ـــ الشیٔ: دور کرنا ـــ فلانًا: حاجت سے ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے اَوْجَاہُ عنہ اس نے اس کو اس سے ہٹا دیا واَوْجَیْتُ مِنکم ظُلْمَ فلان میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا۔ اَوْجَی الرجل: حاجت کیلئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے سَأَلَ حَاجَۃً فَاَوْجَی اس نے حاجت کا سوال کیا اور محروم رہا۔

الوِجَاءُ۔ چھوٹی بوری۔ ج اَوْجِیَۃٌ۔

الوَجِیُّ۔ ناکارہ۔

الوَجَاب۔ اونٹ کی ایک بیماری کا نام۔

وَجَبَ یَوْجَبُ وَجْبًا وَجَابًا: پناہ لینا۔

اَوْجَبَہٗ: پناہ دینا۔

الوَجَبُ۔ جائے پناہ۔

وَحَدَ یَحِدُ وَحْدًا ووَحَدًا ووَحْدَۃً ووُحُودًا ووَحُدَ یَحُدُ وَحَادَۃً ووُحُودَۃً اکیلا ہونا۔ صفت وَحِیدٌ۔

وَحْدَۃً وَوَحْدَانًا واَحَدَۃً۔ ایک بنانا وَحَّدَ اللہَ تعالیٰ: ایک خدا تعالیٰ پر ایمان لانا۔ یحا کہنا یا لا الٰہ الا اللہ کہنا۔

اَوْحَدَہٗ اِیحَادًا۔ اکیلا چھوڑ دینا۔ یحا جانا اَوْحَدَہٗ فلانٌ: چھوڑ دینا۔ اَوْحَدَتِ الشاۃُ بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت مُوحِد۔

تَوَحَّدَ۔ تنہا باقی رہنا ـــ برایہ: اپنی رائے میں اکیلا رہنا۔ توحد بالفضل: کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا۔

اِتَّحَدَ الشَّیئَانِ: ایک ہونا ـــ الشیٔ بالشیٔ: ایک چیز کا دوسری چیز سے مکمل مل جانا ـــ القوم: متفق ہونا۔

الوَحْل۔ مم۔ کہا جاتا ہے رَأَیتُہٗ وَحْدَہٗ او جاؤ وَحْدَہٗ میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا۔ مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ۔ جمع نہیں آتا۔ اور یہ حالیت کی وجہ سے تقدیراً منفرداً منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم ممکن ہے کہا جاتا ہے جلس وَحْدَہٗ وفعل وَحْدَہٗ وفعلا وَحْدَہُما و وَحْدَہُم او وَحْدَہُم اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف فلان لتبیع وَحْدَہٗ بصورت مرجع اور غیر وَحْدَہٗ یا نحیش وَحْدَہٗ بصورت ذم میں ہوتی ہے اور کبھی رَجُل وَحْدَہٗ بھی کہتے ہیں۔ رَجُل وَحْدٌ: تنہا مرد۔ اَجیر الوَحْد: اجیر خاص۔

الوَحْدَانِی۔ اکیلا۔

الوَحْدَانِیَۃ۔ اکیلا ہونے کی حالت۔

اِحْدَۃ۔ مم۔ کہا جاتا ہے فَعَلَ عَلَی حِدَتِہٖ وہ تنہا باقی رہا۔ وفعل علی ذات حدتہ ومن ذات حدتہ ومن ذی حدتہ اس نے اس کو خود کو دوسرے

کسی کے مدد و رائے کے کیا۔

الوَحْدَة ۔ مص۔ تنہائی۔

الوَحَد والوَحِد ۔ اکیلا۔ مؤنث وَحَدَة و وَحِدَة۔

الوَحَد ۔ اکیلا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ اَحَدٌ: اکیلا مرد۔ اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے۔ الاَحَد: لاثانی۔ بے نظیر۔ اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مرادف ہے۔ ایک باری تعالیٰ کی صفت میں کہا جاتا ہے ھُوَ الواحِدُ ھُوَ الاَحَد اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔

دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ و عشرون و واحِدٌ و عشرون۔ اور لفظ احد نذکر کیلئے آتا ہے کبھی مؤنث کیلئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے لَسْتُ کاَحَدٍ مِنَ النِّساءِ۔ اس وقت شئی کے معنے میں ہے۔ اور احد کی تانیث احدیٰ ہے۔ اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدَیٰ و عشرون و اِحْدَیٰ عَشْرَةَ و اِحْدَیٰ بَنَاتِ طَبَقٍ: مصیبت۔ سانپ اور کہا جاتا ہے ھُوَ ابْنُ اِحْدَاھا: وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع ہے۔ یَوْمُ الاَحَدِ اتوار کا دن۔ ہر آحاد۔

الواحِد ۔ ایک۔ مؤنث واحِدَةٌ۔ تثنیہ واحِدَانِ ہر واحِدُونَ۔ لاثانی۔ کہا جاتا ہے ھُوَ واحِدُ قَوْمِہٖ وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ہر وُحْدَان و اُحْدَان اور واحِد کا استعمال اَحَدٌ کے معنی میں ہے یعنی یکتا و لاثانی ہے۔ اسماء حسنیٰ میں اسی معنی کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلْفٌ واحِدٌ و عشرة واحِدَة۔

الوَحِیْد ۔ اکیلا۔

الاَوْحَد ۔ واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے اللّٰہُ الاَوْحَدُ یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے ھُوَ اَوْحَدُ اَھْلِ زَمَانِہٖ وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ہر اُحْدَان۔ وَلَسْتُ فِی ھٰذَا الاَمْرِ بِاَوْحَدٍ میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کیلئے وُحْدَانٌ کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَاد واُحَاد ومَوْحَد ۔ ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو جَاءُوْا وُحَادَ وَاُحَادَ وَمَوْحَدَ لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کیلئے بھی۔ اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔

التَّوْحِید ۔ مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

المُوَحِّد ۔ فا۔ اللہ کی وحدانیت کا معتقد

المُوَحَّد مِنَ الحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِحَاد ۔ اکیلا ٹیلہ۔ ہر تَوَاحِید۔

وَحِرَ یَحِرُ وَحَرًا وَحَرَةً ۔ چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا یا پینا اور زہر کا اثر کرنا ــــ الطَّعَامُ: دھرہ سے زہر آلود ہونا۔ صفت وَحِر۔

اَوْحَرَهٗ ۔ غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الوَحْرَةُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دیا کہ جس کے کھانے سے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الوَحْر ۔ کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔

الوَحَر مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں

الوَحَرَة ۔ چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اونٹ ہر وَحِر۔ اِمْرَاَةٌ وَحِرَةٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سُرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ یَحِشُ وَحْشًا ۔ ثوبہ اُوسلاحہ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا

اَوْحَشَ اِیْحَاشًا المَکَانُ: ویران ہونا۔

المکان: خالی پانا ــــ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا ــــ الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا

تَوَحَّشَ ۔ وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا ــــ المَکَانُ ویران ہونا۔

اِسْتَوْحَشَ ۔ وحشت محسوس کرنا ــــ من مانوس نہ ہونا ــــ المَکَانُ: ویران ہونا۔

الوَحْش مص۔ جنگلی جانور۔ ہر وُحُوْش و وُحْشَان واحد وَحْشِیٌّ۔ حمار وَحْشِیٌّ و ثَوْرٌ وَحْشِیٌّ: جنگلی گدھا۔ و بقر الوحش: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے مَکَانٌ وَحْشٌ ویران و خالی جگہ وَحْشِیٌّ فِی الاَرْضِ وَحْشًا وہ تنہا گیا وَبَاتَ وَحْشًا اس نے بھوکے رات گذاری۔ اور جمع کی صورت میں تم کہو گے ھُمْ اَوْحَاشٌ اور کہا جاتا ہے ھُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

الوَحْشَة ۔ تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا طبیعت کا منقبض ہونا۔ غم۔ بے تعلقی۔ دوستی محبت سے قلب کی دوری۔ ویران زمین۔

الوَحْشِیّ ۔ وَحْش کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا دایاں پہلو ــــ من القوس کمان کی پشت ــــ الوَحْشِیُّ مِنَ الیَتَیْنِ ونحوہ: جنگلی انجیر۔

الوَحْشِیَّة ۔ وَحْشِی کا مونث۔ تیر ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔

الوَحِیْش ۔ جنگلی جانور۔ الجانب الوحش دایاں پہلو۔

الوَحْشَان ۔ غمگین۔ ہر وَحْشَی۔

اَرْضٌ مَوْحُوْشَةٌ ۔ جنگلی جانوروں والی زمین

وَحَفَ یَحِفُ وَحْفًا البَعِیْرُ والرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا ــــ مِنْہُ: قریب ہونا ــــ اِلَیْہِ: توجہ کرنا ــــ اِلٰی کَذَا: تیز چلنا۔

وَحِفَ یَوْحَفُ وَحَفًا وَوَحَفَ یَوْحِفُ وَحَافَةً وَوُحُوْفَةً الشَّعْرُ والنَّبَاتُ: گنجان ہونا۔

وَحَفَ ۔ تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا ــــ فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔

اَوْحَفَ اِیْحَافًا ۔ تیز چلنا۔ جلدی جانا۔

وَحْف: بم۔ خوبصورت گنجان کالے بال (وحافی ا — والواحف) مِنَ الاَرْجُحِ: بہت بڑوں والا بازو۔

وَحْف: بم۔ خوب صورت گنجان بال۔

وَحْفَة۔ وحف کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر گول نہ کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحاف۔

وَحْفاء مِنَ الاَرَاضی: وہ زمین جو سنگستان نہو اس میں کالے کالے پتھر ہوں۔ سُرخ زمین۔ ج حُفاء۔

الوَحِف۔ اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج اَوْحاف

وَحّاف مِنَ النُّوق: ہمیشہ اپنے تھان پر رہنے والی اونٹنی۔ ج مَواحِیف۔

بَرْمَلٌ وَحِفٌ۔ دُبلا اونٹ۔

وَحَلَ یَوْحَلُ وَحَلاً وَمَوْحَلاً۔ کیچڑ میں پھنسنا۔

وَحَلَہٗ۔ کیچڑ میں ڈالنا — ہٗ شَرًّا: برائی پر پھنسا دینا۔

وَاحَلَہٗ مُواحَلَۃً۔ کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا جاتا ہے وَاحَلَہٗ فَوَحَلَہٗ اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

اَوْحَلَ اِیحالاً فِی یَمِیْنِہٖ: قسم کھانے میں اصرار کرنا۔

وَحِلَ۔ کیچڑ سے لت پت ہونا — (مَوْحَل) المَکانُ: کیچڑ والی ہونا۔

وَحَل۔ بالتحریک: وَحَل میں ایک ردی لغت

وَحَل۔ کیچڑ ج اَوْحال ووُحُول۔

الوَحِل۔ کیچڑ میں لت پت۔

المَوْحَل۔ کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وَحِل کا اسم ہے۔

وَحِمَت المَرْأۃُ تَحِمُ وَتَوْحَمُ وَحَماً وَتَوَحَّمَت: عورت کے حمل کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا اشتہا ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہونا بصفت وَحِمٰی ج وِحام ووَحامی۔ اور اسی سے کہا جاتا ہے۔ وَحِمَ وَلَدُہا اَجَلَہٗ اس لالچی کے متعلق جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔

وَحَمَ الشَّیْءَ: خواہش کرنا۔

وَحَمَتْہُ وَحَمَہٗ۔ ارادہ کرنا۔

وَحَمَ الحُبْلیٰ: حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا — لَہٗا: حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔

الوَحَم: بم۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی چھوٹی اور کہا جاتا ہے لَیْلَۃٌ وَحِمَۃٌ: بہت گرم رات۔

الوِحام والوَحام۔ حاملہ کی خواہش۔

الوَحِیم۔ بہت گرم دن۔

وَحَنَ یَحِنُ وَوَحِنَ وَوَحُنَ وَحَناً وَوَحَنَۃً: عَنْ فُلانٍ: کمزور رکھنا۔

وَحُنَ۔ ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

الوَحْنَۃ: اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔

وَحْوَحَہٗ۔ آواز کھوکر فقہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُحْ اُحْ یا تُوْحُوْ کہنا۔

وَحْوَحَہٗ۔ اَلظَّلِیْمُ فَوْقَ البَیْضِ: شترمرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔

الوَحْوَح والوَحْواح۔ قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ الوَحْوَح: جلد باز تیز آدمی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحاوِح۔ الوَحْواح: سردار اور رئیس ج وَحاوِیح۔

وَحَی یَحِی وَحْیاً اِلیٰ فُلانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغامبر بھیجنا — اِلَیْہِ اَوْحَی اِلَیْہِ کلاماً: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اَللّٰہُ اِلیٰ قَلْبِہٖ کَذَا: دل میں ڈالنا — الکِتَابَ: لکھنا — اَلدَّابَّۃَ: جلدی سے ذبح کرنا — وَحْیاً وَوَحًی وَوَحاً وَتَوْحِیَۃً) جلدی کرنا۔

اَوْحیٰ اِیْحاءً اِلیٰ فُلانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا — اللّٰہُ اِلَیْہِ بِکَذَا: وحی بھیجنا — الکِتَابَ: لکھنا — نَفْسُہٗ: خوفزدہ ہونا — الرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا — القَوْمُ: چلانا — العَمَلَ: جلدی کرنا — اَلدَّوَاءُ المَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا

وَحّٰی تَوْحِیَۃً۔ ذبح کرنا: جلدی ذبح کرنا۔

وَحّٰاہُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے وَحّی الدَّوَاءُ المَوْتَ: دوا نے فوراً موت واقع کی۔

تَوَاحٰی تَوَاحِیاً القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔

اِسْتَوْحَاہُ۔ پکارنا۔ جلدی کرنا — ہُ الشَّیْءَ: دریافت کرنا۔

الوَحْی۔ بم۔ لکھا ہوا۔ پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کیلئے تم پیش کرو۔ پھر خاص طور پر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو القاء ہوا اس پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (— والوَحَاۃ) آواز۔

الوَحِی بم۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ آگ ہر وُحِیَّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے اَلوَحِیَ الوَحِیَ وَالوَحَاکَ الوَحَاکَ یعنی سبقت کرو سبقت کرو۔

الوَاحِی۔ فا۔ ج داحون ووُحَاۃ۔

الوَحِیّ۔ بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے مَوْتٌ وَحِیٌّ جلدی کی موت۔ وُذِکَاۃٌ وَحِیَّۃٌ جلدی کا ذبح۔

الوَحْوَحِیّ۔ زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے اَلقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحیٰ تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔

وَخَدَ یَخِدُ وَخْداً وَوَخِیْداً وَوَخَدَاناً البَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شترمرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ وَوَخُوْدٌ وَوَخَّادٌ۔

الوَخْد۔ وَخَدَ کا اسم ج وُخُوْد۔

وَخَرَہٗ یَخِرُہٗ وَخْراً۔ چبھونا — ہُ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کچھڑی ہونا — فُلانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔

الوَخْر۔ بم۔ ہر چیز کا تھوڑا۔ اور کہا جاتا ہے جَاؤُوْا وَخْرًا وَخْرًا چار چار آئے۔

الوَخِیر۔ شہد کا ثرید۔

وَخُشَ وَخُشَ وُخُوْشَۃً وَوَخَاشَۃً وَوُخُوْشاً الشَّیْءُ: کما اور ردی ہونا — رَأْسُ الکَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔

وَخَّشَ الشَّیْءَ: کما اور ردی کرنا — العَطِیَّۃَ:

کم دینا۔
اَوْخَشَ لَہٗ بِالْعَطِیَّۃِ: کم دینا ــــ فِی عِرْضِہٖ بے عزتی کرنا ــــ الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔
الْوَخْش۔ ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے اور کبھی وِخَاش وَاَوْخَاش جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وُخُوْصًا۔ حرکت کرنا۔
اَوْخَصَ اِیْخَاصًا فُلَانٌ لِی بِعَطِیَّۃٍ: کم دینا۔
وَخَضَ یَخِضُ وَخْضًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا ــــ رَأْسُ الشَّیْبِ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔
الْوَخِیْض۔ نیزہ زدہ۔
وَخَطَ یَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَہٗ بِالسَّیْفِ: دور سے تلوار سے کوچنا۔ ــــ رَأْسُ الشَّیْبِ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔ وَخَطَ فِی الْبَیْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔
وَخِطَ۔ سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
الْوَخَّاط۔ تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ ظَعْنٌ اَوْ رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔
الْمِیْخَط۔ پار ہونے والا۔
وَخَفَ یَخِفُ وَخْفًا السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیسدار بنانا ــــ السَّوِیْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیسدار ہونا ــــ الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ برائی سے یاد کرنا۔
وَخَّفَ اَوْخَفَ السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیسدار بنانا۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے اِنَّہٗ لَمُوَخِّفٌ فِی الطِّیْنِ اس احمق کیلئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔
اِنْخَفَتَ رِجْلُہٗ: پاؤں کا پھسلنا۔
اَلْوَخْفَۃ۔ اسم مرۃ۔ غربال کے مانند چمڑے کا تھیلا۔
الْوَخِیْفَۃ۔ ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔
الْمُوْخِف۔ بے وقوف۔
الْمِنْخَف۔ ستو گوندھنے کا برتن۔
وَخَمَ یَخِمُ وَخَامَۃً وَوُخُوْمَۃً وَوُخُوْمًا الْمَکَانُ اَوِ الطَّعَامُ: مضر صحت یا ناقابل ہضم ہونا
وَخِمَ یَخِمُ وَخَمًا: زیادہ تبض والا ہونا
وَخِمَ یَوْخَمُ وَخَمًا وَاَوْخَمَ۔ مِن کذا وعنہ: بدہضمی ہونا۔
وَاخَمَ مُوَاخَمَۃً وَخَمًا (ض) وَخْمًا بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
اَوْخَمَ: اِتَّخَمَ الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَہٗ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَّمَ الشَّیْءَ: مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ وَاسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَکَانَ: کسی جگہ کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
الْوَخْم وَالْوَخِم مِنَ الرِّجَالِ: سست بد اندام۔ شَیْءٌ وَخِمٌ: دبازدہ۔
الْوَخَم۔ مصر بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراض وبائیہ پیدا ہوں ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔
الْوَخِیْم وَالْوَخُوْم مِنَ الرِّجَالِ: گندا سست بد اندام۔ وَخَامِیٌّ وَوَخِمٌ: ناموافق۔ شہر شَیْءٌ وَخِمٌ دبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِیْمُ الْعَاقِبَۃِ: مضر روی۔
اَرْضٌ وَخِمَۃٌ وَوَخِمَۃٌ وَوَخَامٌ وَوَخُوْمٌ وَوَخِیْمَۃٌ وَمُوخِمَۃٌ وَمُوخَمَۃٌ وَمُوخِمَۃٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔ دبازدہ زمین۔
